طاقت کا سَراب

جنوبی ایشیا میں ایٹم بم

دفاعی فوائد اور مضمر خطرات کے سائنسی تجزیات

تدوین: عبدالحمید نیّر

تعارف: آئی اے رحمٰن

مشعل بکس
آر-بی 5' سیکنڈ فلور' عوامی کمپلیکس
عثمان بلاک' نیو گارڈن ٹاؤن' لاہور-54600' پاکستان

MashalBooks.org

طاقت کا سراب

جنوبی ایشیا میں ایٹم بم
دفاعی فوائد اور مضر خطرات کے سائنسی تجزیات

تدوین: عبدالحمید نیر

ترجمہ: سجاد کریم انجم

اعانتِ ترجمہ: اعجاز احمد، یاسمین فرخ

کاپی رائٹ © 2013 مشعل بکس

ناشر: مشعل بکس

آر-بی-5، سیکنڈ فلور،
عوامی کمپلیکس، عثمان بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن،
لاہور-54600، پاکستان

فون و فیکس: 042-35866859
Email: mashbks@brain.net.pk
http://www.mashalbooks.org

پرنٹرز: بی بی ایچ پرنٹرز، لاہور

قیمت: -/800 روپے

MashalBooks.org

فہرست

- تعارف 3
آئی اے رحمان

- تمہید 13

- مصنفین کا تعارف 19

1۔ جنوبی ایشیا میں ایٹمی جنگ: تباہی کے چند اندازے 23
میتھیو مکنزی، ضیا میاں، عبدالحمید نیر، ایم وی رامنا

2۔ جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں سے لاحق خطرات 41
آر راجا رامن

3۔ ایٹمی حملے کی صورت میں شہری دفاع 69
آر راجا رامن، ضیا میاں، عبدالحمید نیر

4۔ جو بھگتنا پڑتا ہے: ایٹمی ٹیکنالوجی کے ماحول اور صحت پر مضر اثرات 105
ایم وی رامنا، سریندر گاڈیکر

5۔ میزائل حملوں سے بروقت تنبیہ: پیشگی خبردار کرنے کے نظام کی محدود افادیت 129
آر راجا رامن، ایم وی رامنا، ضیا میاں

6۔ ایٹمی ہتھیاروں پر کمانڈ اور کنٹرول 147
ضیا میاں

7۔ پاکستان کا ایٹمی سفر 183
پرویز امیر علی ہود بھائی

8۔ سائنسدان اور بھارت کا جوہری بم 223
ایم وی رامنا

9۔ پاکستان کی فوج میں دراڑ: کیا ایٹمی اسلحہ محفوظ ہے؟ 257
پرویز امیر علی ہود بھائی

10۔ میدان جنگ کے ایٹمی ہتھیار: ایٹمی ہتھیاروں کی محدود افادیت 285
عبدالحمید نیر، ضیا میاں

11۔ ایٹمی سیاست کی بازی گری: ایٹمی مواد کی پیداوار روکنے کا معاہدہ اور پاکستان 297
ضیا میاں، عبدالحمید نیر

12۔ ایٹمی ہتھیاروں سے لیس جنوبی ایشیا: مستقبل کے بارے میں چند قیاس آرائیاں 317
پرویز ہود بھائی، ضیا میاں

13۔ امریکہ، عالمی غلبہ اور بین الاقوامی ترک اسلحہ 329
پرویز ہود بھائی، ضیا میاں

14۔ ایٹمی توانائی اور بھارت میں بجلی کا مسئلہ 347
سورت راجو

15۔ ایٹمی توانائی اور پاکستان میں بجلی کا مسئلہ 363
پرویز ہود بھائی

MashalBooks.org

تعارف

پاکستان کے عوام اس اعتبار سے بڑے بدقسمت ہیں کہ انہوں نے ایٹمی اسلحہ کے حصول میں کامیابی کو ریاست کی سلامتی اور قوم کی بقا کی ضمانت تسلیم کر لیا ہے۔ ایٹمی دھماکے کرانے والے سیاسی قائدین اور ایٹمی اسلحہ کی تیاری میں مدد دینے والے سائنسدان اور سرکاری عمال اپنی خدمات کے عوض شہرت اور عزت کے ساتھ قوم کی قیادت کے لامحدود اختیارات بطور استحقاق طلب کرنے لگے ہیں۔ چونکہ ایٹمی اسلحہ سے متعلق معاملات کو قومی سلامتی کی بنیادی شرائط سے جوڑ دیا گیا ہے، اُن کے بارے میں آزادانہ بحث اور خیال آرائی کے دروازے تقریباً مسدود کر دیے گئے ہیں۔ پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہوتے اور مالی وسائل انتہائی محدود ہونے کے باوجود مہلک ہتھیار بنانے والے ممالک کی صف میں شامل تو ہو گیا ہے لیکن اُس نے ایٹمی اسلحہ سازی کے اثرات اور ایٹمی اسلحہ کے ذخیرے کے تحفظ کے اُن سنگین مسائل پر قرار واقعی غور نہیں کیا ہے جن کا حل ایٹمی طاقتوں کے سرخیل کے پاس بھی نہیں ہے۔ نہ ہی عوام کو یہ سوچنے سمجھنے کا موقع دیا گیا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کسی جنگ میں ایٹمی اسلحہ کے استعمال کے کیا نتائج ہوں گے۔ انہوں نے ممکن ہے یہ تو سن لیا ہو کہ ایٹمی جنگ کے بعد زندہ بچ رہنے والے اس جنگ میں ہلاک ہو جانے والوں پر رشک کریں گے۔ لیکن بنیادی نوعیت کی اس تنبیہ پر کسی پبلک فورم پر غور کرنے کی مہلت ہے نہ کھلی اجازت۔

عبدالحمید نیر صاحب نے زیرِ نظر کتاب مرتب کر کے پاکستان کے عوام پر ایک بہت بڑا

احسان کیا ہے۔ یہ ایسا ضروری کام ہے کہ برسوں پہلے ہو جانا چاہیے تھا۔ اس کتاب میں عالمی شہرت کے حامل ماہرین طبیعات کے انگریزی زبان میں لکھے گئے نہایت پرمغز مقالات کے اردو تراجم شامل کیے گئے ہیں۔ تمام مصنفین نہ صرف اپنے مضمون میں صاحبِ کمال تسلیم کیے گئے ہیں انہوں نے کئی اعتبار سے عالمی اور قومی سطحوں پر مقتدر طاقتوں کے نزدیک غیر مقبول مباحث کا آغاز کر کے اپنی فرض شناسی اور انسان دوستی کی اعلیٰ مثالیں قائم کی ہیں۔ یہ حقیقت کہ ان ذمہ دار سائنسدانوں میں پاکستان کے تین سائنسدان، پرویز ہود بھائی، ضیاء میاں اور عبدالحمید نیر شامل ہیں، اہالیانِ پاکستان کے لیے باعثِ فخر و انبساط ہے۔ پاکستان اور ہندوستان کے عوام کو ایٹمی جنگ اور ایٹمی اسلحہ کے ساتھ عشق کے نتائج سے خبردار کر کے ان مایہ ناز سائنسدانوں نے پاکستان کے اجتماعی ذہن کے حسنِ کارکردگی کی ایک روشن نظیر قائم کی ہے، جس کے لیے ہمارے عوام کو اُن کا اور اُن کے ہم خیال سائنسدانوں کا (خواہ ان کا تعلق کسی ملک سے ہو) ممنونِ احسان ہونا چاہیے۔

اس کتاب کی دو بڑی خوبیاں واضح ہیں۔ اوّل یہ کہ مصنفین نے اپنے نقطۂ نظر کی بنیاد علمی تحقیق کے اعلیٰ ترین معیار پر رکھی ہے۔ اُن کے دلائل ناقابلِ تردید ہیں۔ دوم یہ کہ عوام سے خطاب کے دوران انہوں نے جذبات کے مقابلے میں ٹھوس عقلیات کا سہارا لیا ہے۔

کتاب کے پہلے مضمون میں بتایا گیا ہے کہ ایٹمی جنگ کی تباہی سے بچنے کے لیے کوئی تحفظی انتظام امریکہ اور سوویت یونین جیسی سپر پاور بھی قائم نہیں کر سکیں۔ پاکستان اور ہندوستان تو اس میدان میں بالکل پیدل ہیں۔ ایک ملک سے دوسرے ملک کے اہداف تک ایٹمی اسلحہ کا سفر اتنا مختصر ہے کہ کوئی احتیاطی تدبیر ممکن نہیں۔ مضمون میں خاصی وضاحت سے بیان کر دیا گیا ہے کہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان ایٹمی جنگ سے کتنے بڑے پیمانے پر تباہی ہو گی۔ کتنے لوگ ایٹمی حملوں میں فوری طور پر ہلاک ہو جائیں گے اور کتنے بعد میں طویل عرصے تک مختلف بیماریوں کا شکار ہو کر سسک سسک کر جان دیتے رہیں گے۔

میں چاہوں گا کہ قارئین کرام اس مضمون کے آخری جملے پر کچھ دیر غور کریں۔ ''مختصر یہ کہ جنوبی ایشیا میں اگر کبھی ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا تو کوئی بھی چیز پھر کبھی پہلے جیسی نہیں ہو سکے گی۔'' یعنی ایٹمی جنگ میں عوام کی جان و مال ہی تلف نہیں ہوں گے، اُن کا تہذیبی اور تمدنی اثاثہ بھی بکھر کر نابود ہو جائے گا۔ اوّل تو یہ ماننا ہی مشکل ہے کہ آج کے جنگجوؤں کو اپنی ہستیوں کے

ساتھ عوام کی زندگی کو بھی داؤ پر لگانے کا حق حاصل ہے۔ لیکن تہذیبی اثاثہ تو امانت ہے جسے اگلی نسل کو بحفاظت منتقل کرنا ہر نسل کا فرض ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ دوسری جنگ عظیم کے دوران اتحادی اعلیٰ کمان کو ڈریسڈن کے شہریوں کی جان کی پروا نہیں تھی بلکہ یہ تھی کہ شہر کے میوزیموں میں جو مصوری کے شاہکار موجود تھے، اُن کو نقصان نہ پہنچے۔ تہذیبی اثاثے کی اہمیت کا اندازہ لگائیے۔

دوسرے مضمون میں ثابت کیا گیا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان ایٹمی جنگ کی تباہی کم کرنے یا حریف کو جوابی نقصان پہنچانے کے لیے کوئی موثر وارننگ سسٹم قائم کرنے کی صلاحیت سے محروم ہیں۔ آر۔ راجا رامن کا استدلال یہ ہے کہ ہندوستان امریکہ جیسا وارننگ سسٹم قائم کرنے کی عیاشی کر ہی نہیں سکتا۔'' اور اس کی وجہ صرف یہ نہیں ہے کہ ایسا انظام قائم کرنے پر بھاری اخراجات اٹھتے ہیں، بلکہ اس کا ایک سبب ہمارے ملک کا جغرافیائی محل وقوع بھی ہے۔ بھارت سے پاکستان یا پاکستان سے بھارت پہنچنے کے لیے میزائلوں کو محض پانچ منٹ لگتے ہیں۔ یہ اتنا کم وقت ہے کہ کوئی بامعنی وارننگ دی ہی نہیں جا سکتی۔ اس پر سوچ بچار کر کے فیصلہ کرنا تو بڑی دور کی بات ہے۔'' اس تلخ حقیقت کا اعتراف پاکستان ہندوستان سرحد کے دونوں طرف لازم ہے۔

اس مضمون میں جنگ کے علاوہ ایٹمی ہتھیاروں کے ذخیرے میں حادثات کے نتائج کا احاطہ بھی کیا گیا ہے اور ایٹمی ہتھیاروں کی بڑی تعداد میں ذخیرہ کرنے کے خطرات کی بھی نشاندہی کی گئی ہے، یعنی ایٹمی اسلحہ اپنے مالکان کو حالت امن میں بھی بھاری نقصان پہنچا سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ پاکستان اور ہندوستان کے پاس ایٹمی اسلحہ کے حادثات سے تحفظ کے وسائل امریکہ سے بہت کم ہیں اور خطرات امریکہ کے مقابلے میں کہیں زیادہ۔

'ایٹمی حملے کی صورت میں شہری دفاع' کے موضوع پر مضمون پاکستانی قارئین کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ متمول ممالک نے ایٹمی حملوں سے بچاؤ کے لیے شہری دفاع کے بڑے بڑے منصوبے بنائے اور پھر انھیں ترک کر دیا کیونکہ ''وہ یہ دریافت کرنے میں کامیاب ہو گئے کہ صرف چند اعلیٰ فوجی افسران، بیوروکریسی کے اعلیٰ ارکان اور اہم سیاسی راہنماؤں کو ہی ایٹمی حملے میں بچایا جا سکتا ہے۔'' حاصل کلام یہی رہا کہ جنوبی ایشیا میں ایٹمی جنگ کی صورت میں شہری دفاع کا موثر نظام تقریباً ناقابل عمل ہے۔

اگلا مضمون ہمیں بتاتا ہے کہ ایٹمی جنگ تو جب ہوگی تب اُس کا نقصان دیکھا جائے گا

لیکن بہت سے نقصانات جو عوام کو بھگتنا پڑتے ہیں وہ ایٹمی ٹیکنالوجی کے حصول اور اس میدان میں تجربات کے ساتھ ہی شروع ہو جاتے ہیں۔ مصنفین نے ثابت کیا ہے کہ ایٹم بم بننے سے بہت پہلے ایسے بموں کی تیاری کے دوران انسانی صحت پر خراب اثرات پڑنے شروع ہو جاتے ہیں۔'' اور ایٹم بم کے دیگر اثرات کی طرح ان کے اثرات بھی زیادہ تر غریب اور بے کس عوام پر پڑتے ہیں۔ پاکستان میں عوام کی خاصی بڑی تعداد کی صحت پر جو بُرے اثرات مرتب ہوئے ہیں اُن کا صحیح اندازہ نہیں کیا گیا۔ لیکن عوام کی مصیبت ایٹمی خام مال کی کانوں میں کھدائی سے شروع ہو جاتی ہے۔ ضروری ہو گیا ہے کہ ان نقصانات کو چھپانے کی کوشش ترک کر دی جائے۔

مضمون کے آخر میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ پاکستان کی صورت حال پر صادق آتا ہے:

''بدقسمتی سے عوامی صحت کا خیال رکھنا معاشرتی ترجیح نہیں ہے، کیونکہ جن کا بینک بیلنس پھولا ہوا ہے انھیں ترقی، قومی سلامتی، وقار وغیرہ کی خاطر ایسے لوگوں کی قربانی سے دریغ نہیں جن کا کوئی بینک بیلنس نہیں۔''

روزلی برٹل نے صحیح کہا: ''اگر ہم اپنی صحت کا خیال اسی طرح کرنا چاہتے ہیں جس طرح ہم اپنی کمائی کا خیال کرتے ہیں تو ایٹمی سرگرمیوں پر چاہے وہ پُرامن مقاصد کے لیے ہوں یا جنگ کے لیے، فوراً پابندی لگا دینی چاہیے۔'' میں سمجھتا ہوں کہ روزلی برٹل کا یہ قول پاکستان کے ہر تعلیمی ادارے میں کتبے کی صورت میں آویزاں کر دیا جانا مناسب ہوگا۔

میزائل حملوں سے بروقت تنبیہ کے عنوان کے تحت آر راجا رامن، ایم وی رمنا اور ضیاء میاں کا مقالہ پاکستانی عوام کے خصوصی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ وہ قومی میزائل پروگرام کی افادیت کے بارے میں خاصی خوش فہمی کا شکار ہیں۔ ہندوستان اور پاکستان میزائل حملوں کے اہداف کے درمیان فاصلہ اتنا مختصر ہے کہ کوئی موثر تنبیہی نظام ممکن ہی نہیں۔ یہاں وہ صورت نہیں جو امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان تھی، جہاں میزائل کو دوران پرواز تباہ کرنے یا اس کا رُخ موڑ دینے کے امکانات موجود تھے۔ اس موضوع پر سیر حاصل بحث کے بعد مصنفین جس نتیجے پر پہنچے وہ یہ ہے:

''تو چاہے میزائل داغے جانے کا پتہ کسی ریڈار سے چلے یا مصنوعی سیارے سے یا دونوں سے، پاکستان اور بھارت میں دارالحکومتوں پر ایک دوسرے کی جانب سے حملے کی اطلاع

کے درست یا غلط ہونے کا اندازہ لگانا، فیصلہ سازوں تک صحیح معلومات پہنچانے اور فیصلے پر عملدرآمد ان سب کے لیے دس منٹ سے زیادہ وقت دستیاب نہیں ہے۔ اتنا قلیل وقت ایٹمی ہتھیار کے استعمال کا صحیح فیصلہ کرنے کے درمیان بڑی رکاوٹ ہے۔ اگر دونوں میں سے کسی ایک دارالحکومت کی جانب چھوٹے فاصلے پر وار میزائل چلایا جائے تو اس صورت میں بمشکل اتنا وقت ہو گا کہ فیصلہ سازوں سے رابطہ کر کے آنے والے خطرے سے آگاہ کیا جائے، لیکن اس کے بعد صلاح و مشورے کے لیے کسی بھی طرح سے کوئی وقت نہیں بچے گا۔ علاوہ ازیں پیشگی خبردار کرنے والا کوئی نظام غلط سگنل بھی بھیج سکتا ہے اور درست الارم بھی دے سکتا ہے۔ کسی بحران کے دوران ایسے غلط الارم اور فیصلے کے لیے کم وقت دونوں مل کر ایسی فاش غلطیوں کو جنم دے سکتے ہیں جو ایک غیر ارادی ایٹمی جنگ کا باعث بن سکتے ہیں۔"

پاکستانی عوام کو ان خطرات سے آگاہ کرنا ہر صاحبِ الرائے شہری کا فرض ہے۔

ایٹمی ہتھیار کہاں اور کس طرح ذخیرہ کیے جا سکتے ہیں؟ ان کی حفاظت کا کیا انتظام ہونا چاہیے؟ ان کے استعمال کا اختیار کس کے پاس ہو گا؟ ہتھیاروں پر کمانڈ اور کنٹرول کے موضوع پر ضیا میاں کا مقالہ پاکستان کے حکمرانوں اور شہریوں دونوں کی توجہ طلب کرتا ہے۔ کمانڈ اور کنٹرول سے متعلق تمام امور پر بحث کے بعد نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ "ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کی کامیابی کا انحصار انسانی رویوں اور حالات کی عدم پیش گوئی پر ہوتا ہے، جہاں چھوٹی سے چھوٹی تفصیل بھی مرکزی اور بے حد اہمیت کی حامل ہو جاتی ہے، جہاں بعض اوقات بہترین اور نہایت تجربہ کار ماہرین بھی اپنے علم میں نامکمل پائے جاتے ہیں اور جہاں یہ محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی کو بھی اس سسٹم پر مکمل دسترس نہیں۔"

مندرجہ بالا مقالہ پرویز ہود بھائی کے مضمون 'کیا ایٹمی اسلحہ محفوظ ہے؟' سے جوڑ کر پڑھا جانا چاہیے۔ کیونکہ پرویز ہود بھائی نے پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو لاحق چاروں خطرات پر تفصیل سے بحث کی ہے، ان کا یہ فیصلہ کہ "ایسی کوئی صورت نہیں کہ امریکہ یا بھارت یا کوئی بھی بیرونی قوت مؤثر انداز میں پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے نمٹ سکیں" پاکستان کے عسکریت پسند حلقوں کے لیے اطمینان کا باعث ہو گا لیکن مصنف نے جو تنبیہ کی ہے وہ قابلِ غور ہے کہ

"جہاں ایٹمی ہتھیاروں کا محفوظ رہنا پاکستان کے اعتماد میں اضافہ کرتا ہے ــــ تو دوسری طرف یہ ایٹمی چھتری تلے مہم جوئی کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے۔" پرویز ہود بھائی نے اس ضمن میں کارگل کی مثال دی جو یقیناً ایک مکمل اشارہ ہے، لیکن تھوڑے سے غور سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ ایٹمی طاقت بن جانے کا احساس جلد گھمنڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے، کارگل جیسی مہم جوئی پر مبنی حرکات نہ بھی ہوں، ایٹمی ہتھیار پر اختیار حاصل ہوتے ہی حکمرانوں اور پالیسی ساز عناصر کی سائیکولوجی تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس میں مہم جوئی کا زہر سرایت کر جاتا ہے جس کے اثرات سارے انتظامی معاملات پر پڑتے رہتے ہیں۔

دو مضامین پاکستان اور ہندوستان میں ایٹمی اسلحہ کی تیاری کے لیے کیے گئے اقدامات کی تاریخ بیان کرتے ہیں۔ پاکستان کے ایٹمی سفر کو ایک لاحاصل پرواز قرار دیتے ہوئے پروفیسر ہود بھائی نے بڑی تفصیل اور مہارت کے ساتھ بتایا ہے کہ پاکستان میں ایٹمی صلاحیت کی وکالت کرنے والوں نے کیا کیا دلائل وضع کیے۔ سدِ جارحیت کی اصطلاح کو کس طرح قبولیت کا جامہ پہنایا گیا۔ لیکن وقت نے ان دلائل کا جو جواب دیا وہ مصنف کے الفاظ میں مؤثر اور فیصلہ کن ہے:

"گیارہ سال قبل چند پاکستانیوں اور ہندوستانیوں نے دلیل دی تھی کہ ایٹم بم ہمیں تحفظ اور امن نہیں دے گا۔ ساتھی شہریوں نے انہیں غدار اور گماشتے کہہ کر مذمت کا نشانہ بنایا۔ لیکن اب گزرتا ہوا ہر لمحہ ان امن پسندوں کو سچا ثابت کر رہا ہے۔"

ہندوستان کے ایٹمی سفر کی روداد ایم وی رمنا نے رقم کی ہے اور ایٹمی دھماکے کرنے والے سیاستدانوں کی مصلحت کوشی کے واقعات کے ساتھ عوام کی امنگوں کا جائزہ لیا ہے۔ انہوں نے بڑی خوبصورتی سے ہندوستان کی اشرافیہ کے مقاصد کو بے نقاب کرتے ہوئے وہاں کے سائنس دانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ جمہوریت اور انصاف کو فیصلہ سازی کی بنیاد بنانے والی تحریکوں کا ساتھ دیں۔ بہت دل چاہتا ہے کہ پاکستان میں بھی ایسی تحریکیں زور پکڑیں اور ہمارے سائنس دانوں کو بھی ان میں شمولیت کی دعوت دی جا سکے۔ (کہ ہندوستان اور پاکستان کے کچھ مشہور سائنس دان عوام کی نمائندگی کا فرض اس وقت بھی ادا کر رہے ہیں)۔

ایٹمی سائنس کے میدان میں تحقیق پر اٹھنے والے بھاری اخراجات کو جائز قرار دینے

کے لیے پاکستان اور ہندوستان دونوں ملکوں میں توانائی کے بحران کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا جاتا رہا ہے۔ ان دلائل کا جائزہ دو مضامین میں لیا گیا ہے۔ ہندوستان کی صورت حال پر سوورات راجو نے تبصرہ کیا ہے اور خاصی تفصیل سے ہندوستان کے امریکہ کے ساتھ معاہدے پر بحث کی ہے۔ پاکستان کے بارے میں مضمون پرویز ہود بھائی نے تحریر کیا ہے اور ان خطرات کی نشاندہی کی ہے جو ایٹمی بجلی کے نظام سے پیدا ہوتے ہیں۔ دونوں مضامین پُر اثر ہیں لیکن ان مضامین سے قطع نظر پاکستان کے عوام کو یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ ترقی یافتہ ممالک اب نئے ایٹمی بجلی گھر بنانے سے کیوں گریز کر رہے ہیں؟

عبدالحمید نیّر اور ضیاء میاں کا کسی قدر مختصر مضمون "میدان جنگ کے ایٹمی ہتھیار" اپنی اہمیت کے اعتبار سے قابل قدر کوشش ہے۔ اس مضمون سے مدّ جارحیت کے فلسفے کی عدم معقولیت واضح ہو جاتی ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں کی افادیت اس لیے محدود ہے کہ ایک مرتبہ جنگ شروع ہو جائے تو پھر ایٹمی ہتھیاروں کے 'دانستہ یا غیر دانستہ' استعمال کے امکان بڑھ جاتے ہیں اور جن ہتھیاروں کو تحفظ کا ذریعہ مانا جاتا ہے وہی تباہی کا سبب بن جاتے ہیں۔

ضیاء میاں، پرویز ہود بھائی اور عبدالحمید نیّر نے مل جل کر تین مضامین سپرد قلم کیے ہیں، جن میں ایٹمی اسلحے سے متعلق ملکی، علاقائی اور عالمی سطح پر کی جانے والی ان کوششوں کا ذکر کیا ہے جو ایٹمی پیداوار روکنے اور ایٹمی اسلحے کے پھیلاؤ کو محدود کرنے اور ترک اسلحہ کی تحریک کے ضمن میں کی جاتی رہی ہیں۔ ان مضامین کا مطالعہ اس لیے ضروری ہے کہ پاکستان کے ہوشمند شہری ان معاملات کے بارے میں اپنی حکومت کی پالیسیوں پر نہ صرف نظر رکھنے کے قابل ہو جائیں بلکہ ان پالیسیوں کی اصلاح اور انہیں قومی مفاد کے مطابق ڈھالنے میں وہ اپنا کردار ادا کر سکیں۔

اس کتاب کے مضامین سائنسدانوں نے لکھے ہیں اور قارئین کے جذبات کا احساس کرتے ہوئے ایٹمی ہتھیاروں کے دفاعی فوائد کی طرف بھی اشارہ کر دیا ہے، لیکن پیش لفظ لکھنے کا اعزاز ایک ایسے شخص کو دے دیا جس کی نظر میں ایٹمی ہتھیاروں کا فائدہ صفر ہے اور یہ سودا سراسر گھاٹے کا ہے۔

یہاں میں کتاب کے مولف اور اکابرین سائنس اور امن کے تنظیموں کی توجہ دو تین نکات

کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور امید رکھوں گا کہ ان امور پر بھی کبھی نہ کبھی غور کیا جائے گا۔

ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال نے جنگ کی ہیئت میں اتنی زبردست تبدیلی پیدا کر دی ہے کہ ایٹمی جنگ کا جواز پیش کرنا ممکن نہیں رہا۔ غنیم کی غیر فوجی آبادی کو مظالم کا شکار بنانے کی روایت زمانہ قدیم سے چلی آ رہی ہے۔ لڑائی میں فتحیاب ہونے والی فوج کو شکست کھا جانے والی طاقت کی غیر فوجی آبادی کے حقوق پامال کرنے کا گویا لائسنس مل جاتا تھا۔ فاتح مفتوح فریق کے مردوں کو ہلاک کر دے یا انہیں غلام بنا لے، اور عورتوں کو باندی، لونڈی بنا لے، یہ سب جائز تھا۔ غیر فوجی آبادی کو تکلیف دے کر فوجی کامیابی حاصل کرنے کی غرض سے بستیوں اور قلعوں کا محاصرہ کیا جاتا تھا۔ صدیوں تک فکر انسان نے جنگجو عناصر پر دباؤ ڈالا تب جا کر جنگ کے قوانین بنے جن کی رو سے دشمن کے زخمی سپاہیوں کی دیکھ بھال ہر فریق کے لیے لازم ٹھہری اور غیر فوجی یعنی سول non-combatant آبادی کے حقوق تسلیم کیے جانے لگے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران جنگ کے اخلاقی اُصول گہنا گئے۔ شہری آبادیوں پر دن رات بمباری کی گئی تا کہ یہ سول آبادیاں اپنے حکمرانوں کو ہار ماننے پر مجبور کریں۔ شہری آبادی کی بڑے پیمانے پر ہلاکت کے ذریعے فوجی اہداف حاصل کرنے کے اس جنون کا بدترین مظاہرہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرا کر کیا گیا حالانکہ اس امر پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ جاپان کی عسکری طاقت کو ایٹم بم استعمال کیے بغیر بھی شکست دی جا سکتی تھی۔ آج کے دور میں جب چہار دانگ عالم میں انسان کی ناقابل تحریف عظمت کے گن گائے جا رہے ہیں ایک ایسے ہتھیار کی تیاری اور استعمال، جو شہری آبادیوں کو نیست و نابود کر کے جنگ کا فیصلہ کرانے میں مدد دے انسانی ذہن کی انتہائی گراوٹ کی بدترین شکل ہی قرار دی جا سکتی ہے اور یہ مطالبہ برحق ہے کہ ایٹمی جنگ کو شرف انسانی کے خلاف قرار دے کر ہمیشہ کے لیے منسوخ اور متروک قرار دے دیا جائے۔

دوسری قابل غور بات یہ ہے کہ ایک وقت تھا جب ایٹمی ہتھیاروں کے جواز میں یہ کہا جاتا تھا کہ عظیم الشان بم حاصل کر لینے کے بعد کسی ملک کے لیے دفاع کے روایتی اخراجات کم کرنا ممکن ہو جائے گا، ہندوستان میں یہ دلیل پرزور طریقے سے پیش کی گئی، پاکستان میں بھی یہ دلیل سننے میں آئی لیکن کسی قدر کم۔ (کیونکہ یہاں فوجی معاملات پر بحث ویسے ہی ممنوع ہے)۔ لیکن

تجربے نے ثابت کر دیا کہ ایسی دور از کار توجیہات صرف عوام کی سوچ پر اثر ڈالنے کے لیے کی جاتی تھیں۔ ان کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں تھا۔ پتہ چلا کہ افواج کے روایتی ساز و سامان کے بل میں بھی اضافہ ہوتا رہے گا اور ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری، مزید ریسرچ اور ہتھیار سنبھال کر رکھنے پر جو اخراجات اٹھانے پڑیں گے ان کا پاکستان جیسا ملک متحمل ہو ہی نہیں سکتا۔

تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی غریب اور بیرونی مدد کا دست نگر ملک ایٹمی طاقت بنتا ہے تو اُس کے دشمنوں، خصوصاً دوست نما حریفوں کی قوت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ جیسے آج کل پاکستان کے مربیِ اعلیٰ کو دن رات فکر پڑی رہتی ہے کہ پاکستان کے جوہری ہتھیار "غیر ذمہ دار" ہاتھوں میں نہ چلے جائیں۔ جوہری ہتھیاروں پر کنٹرول امداد دینے کے لیے پہلی شرط بن جاتا ہے۔ خارجہ پالیسی کے باب میں پاکستان کو جس قسم کے دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وہ کسی سے چھپا ہوا نہیں ہے۔ اگر پاکستان جوہری ہتھیار بنانے کی غلطی نہ کرتا اُس کے بیرونی ممالک سے تعلقات پر ایٹمی ہتھیاروں کے بادل نہیں چھا سکتے تھے۔ اگر ہم نے یہ ایٹمی ہتھیار نہ بنائے ہوتے تو ہم پر دنیا کا دباؤ کم ہوتا۔

مختصراً میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں سلامتی کے معاملات پر بحث کے دروازے عوام پر بند کرنا غیر ضروری ہی نہیں قومی مفاد کے لیے مہلک ثابت ہو سکتا ہے۔ کسی قوم کا دفاع صرف ہتھیاروں کے ذریعہ ممکن نہیں، ایٹمی ہتھیاروں سے کتنا تحفظ حاصل ہو سکتا ہے؟ ایٹمی ہتھیاروں کی حفاظت کے مسائل کتنے سنگین ہیں؟ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایٹمی جنگ کیوں دونوں ملکوں کے عوام کی بربادی پر منتج ہوگی؟ ان سوالات کے جواب کے لیے حکمران طبقے کی محدود اور کرم خوردہ عقل کافی نہیں۔ تمام باشعور شہریوں کا حق ہے کہ وہ ان معاملات پر غور کریں اور اپنے حکمرانوں کو مجبور کریں کہ اُن کی پالیسیاں عوام کے مقرر کردہ خطوط سے ماورا نہ ہوں۔ اُمید ہے عبدالحمید نیر صاحب کی ادارت میں مرتب ہونے والی یہ کتاب عوام کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے قابل بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

آئی۔ اے۔ رحمٰن

لاہور مئی 2013

تمہید

پاکستان میں ایٹم بموں کی بڑی قدر کی جاتی ہے۔ انہیں اقوام عالم میں ملک کی ساکھ اور دشمنوں سے بچاؤ کا بیش قیمت ذریعہ مانا جاتا ہے۔ وہ سیاستدان جنہوں نے ایٹمی پروگرام کی حمایت وسرپرستی کی، اور وہ جنہوں نے ایٹمی ہتھیاروں کے تجربے کا فیصلہ کیا، اسے آج بھی اپنا بہترین کارنامہ قرار دیتے ہیں۔ وہ سائنسدان اور انجینئر جنہوں نے بم بنانے میں حصہ لیا، وہ قومی ستائش کے حقدار ٹھہرے۔ ان میں سے بعض اپنی کارگزاری کو اپنے منہ سراہتے نہیں تھکتے اور قوم کو خود کا احسان مند سمجھتے ہیں۔ کم و بیش یہی تمام باتیں بھارت اور اس کی ایٹمی حیثیت پر صادق آتی ہیں۔

یہ جائز بھی ہے۔ ایٹم بم آخر دنیا میں ہے ہی کتنے ممالک کے پاس؟ 200 کے قریب ممالک میں سے پہلے صرف پانچ کے پاس تھا اب نو ہو گئے ہیں۔ نو آبادیاتی تسلط سے آزادی حاصل کرنے والے ان میں دو ہی ہیں، بھارت اور پاکستان۔ گو کہ کم از کم 20 ممالک ایسے ہیں کہ وہ جس دم فیصلہ کریں گے کہ بم بنانا ہے تو چند ہی دنوں اور ہفتوں میں وہ بھی ایٹم بم سے لیس ہو سکتے ہیں۔ بلکہ کئی ممالک وہ ہیں جنہوں نے اس طرف قدم بڑھا کر یہ راہ ترک کر دی۔ چنانچہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ایٹم بموں سے ساکھ وابستہ ہے تو یہ ممالک جن کے پاس تمام تر تکنیکی صلاحیت موجود ہے، کیوں اس ساکھ کے لئے کوشاں نہیں ہیں؟ اس کی ایک واضح وجہ تو یہ ہے کہ اقوام عالم میں مقام پیدا کرنے کا صرف یہی ایک طریقہ نہیں ہے اور کئی بہت موثر طریقے بھی ہیں۔ دوسری یہ کہ ایٹمی ٹیکنالوجی کے بارے میں ان ممالک کے عوام کا شعور پچھلی دہائیوں میں بہت بڑھا ہے۔ وہاں تحریکیں چلیں جنہوں نے محض نعرے بازی پر بھروسہ کرنے کی بجائے، سائنسی علم اور ایٹمی اداروں اور ایٹم بموں کی کمان کرنے والوں کے تجربات کی بنیاد پر ٹھوس عقلی دلائل دیتے ہوئے

لوگوں کو ایٹم بموں اور ایٹمی ٹیکنالوجی کے مضمرات اور پوشیدہ خطرات سے آگاہ کیا۔ یہ دلائل ان تحریکوں کی وہ قوت بنے جن کے باعث کئی حکومتیں ایٹم بم بنانے سے باز رہیں، اور کئی نے ایٹمی بجلی گھر بند کر دئے۔ ہمارے ملک میں اس قسم کی تحریکوں کی کمی رہی۔ یہ کتاب اس کمی کو دور کرنے کی ایک کوشش ہے۔

یہ کتاب ہندوستان اور پاکستان کے ایٹمی معاملات کا ایک تکنیکی اور تنقیدی جائزہ پیش کرتی ہے۔ اس کے 15 ابواب وہ مضامین ہیں جن میں سے اکثر پہلے ہی مختلف قومی اور بین الاقوامی جرائد میں چھپ چکے ہیں، لیکن اب پہلی مرتبہ ان کے ترجمے اردو زبان میں پیش کئے جا رہے ہیں۔ ان مضامین کے تمام مصنفین ماہرین طبیعیات ہیں جن میں سے چند فزکس میں اپنی علمی حیثیت میں عالمگیر شہرت کے حامل ہیں۔ طبیعیات دان ہونے کے ناتے مصنفین نے زیر بحث ایٹمی معاملات پر تکنیکی نظر ڈالی ہے، اور منطقی استدلال کو کسوٹی جانا ہے۔ انگریزی زبان کے قارئین کی نظر سے یہ اور ایسے مضامین پہلے ہی مغربی ممالک میں شائع شدہ لٹریچر میں گذر چکے ہوں گے، لیکن اردو زبان کے قارئین کے لئے یہ پہلا مجموعہ ہے۔ ان قارئین میں سے اکثر کو یہ معلوم ہی نہیں ہوگا کہ ایٹم بم بنا کر ہم جس ایٹمی جنگ کی تیاری کر رہے ہیں، اس کی نوعیت کیا ہے، اس میں انسانی جانوں پہ کیا گذرتی ہے، اس میں ہلاکتوں کی کیا کیا وجوہات ہوتی ہیں، ایٹمی تابکاری انسانی جسم پہ کیا اثر ڈالتی ہے، اگر شہر ان بموں کا نشانہ بنیں تو شہریوں کے بچاؤ کی صورت ہے بھی یا نہیں۔ انہوں نے ذرا دیر کے لئے یہ سوچا بھی نہیں ہوگا کہ جنوبی ایشیا دنیا کے گنجان ترین علاقوں میں سے ہے، جب یہاں ایٹم بم گریں گے تو ہلاکتوں کی سطح کیا ہوگی۔

پھر، ہم میں سے بہت بڑی اکثریت کو اندازہ ہی نہیں کہ ایٹم بم کے معاملات کو سنبھالنا کتنا دشوار ہے، اور کیوں اتنا دشوار ہے؛ اور یہ کہ اس انتظام میں ذرا سی بھی کوتاہی کس قسم کے نتائج پیدا کر سکتی ہے۔ جس قوم کے پاس ایٹم بم ہوں گے اسے ان خطرات کے سائے ہی تلے رہنا ہوگا۔ یہ درست ہے کہ ہر ملک میں ایٹم بم کا انتظام سنبھالنے والے ان خطرات سے واقف ہوتے ہیں، اور اپنے انتظامات میں ان کے بارے میں احتیاطی تدابیر بھی شامل کر لیتے ہیں۔ لیکن یہ تو درست بات نہیں کہ ان خطرات کا عوام کو علم نہ ہو۔ ایٹمی فوج کا کمانڈ اور کنٹرول کا انتظام کتنا پیچیدہ ہوتا ہے، اور اس کی گہری ذمہ داری کس طرح اس کے منتظمین پر عائد ہوتی ہے، اس کا اندازہ عوام کو ہونا

چاہیئے۔ اس سے انہیں اندازہ ہوگا کہ ان منتظمین کی نادانستہ غلطیاں اور کوتاہیاں کس طرح ان کی زندگیوں کو خطرات سے دوچار کر سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ عوام کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ خود ایٹمی ٹیکنالوجی سے ان کی زندگی کو کیا خطرات لاحق ہیں۔

ایٹم بم بنانے کے بعد ہمارے ملکوں نے انہیں ایک دوسرے پر پھینکنے کے لئے نت نئے میزائل بھی بنالئے ہیں اور آئے دن ان کے تجربے کر کے عوام کو خوش خبری سناتے رہتے ہیں۔ میزائل بنا چکنے کے بعد اب وہ ایک دوسرے کے میزائلوں سے بچنے کی جستجو میں ہیں، یہ جانے بغیر کہ ان دونوں ملکوں کی جغرافیائی قربت کے سامنے ایسی ساری جستجو بے معنی ہے۔ اس کتاب کا ایک مضمون اس کی وضاحت کرتا ہے۔

ہندوستان اور پاکستان دونوں ممالک کی اپنی اپنی نیوکلئر اشرافیہ ہے جو ایٹمی معاملات پر خود تو ماہرانہ نظر رکھتی ہے، لیکن اس علم میں عوام کو شریک نہیں کرتی۔ عوام تو ایک طرف، بعض صورتوں میں اس نے عوام کے منتخب حکمرانوں تک کو بنیادی معلومات سے دور رکھا۔ یہ بات خاص طور پر پاکستان کی اشرافیہ پر صادق آتی ہے۔ دفاعی معاملات پر پارلیمان تک کے اندر بحث نہیں ہو سکتی۔ حد سے حد یہ ہو سکتا ہے کہ پارلیمان کی دفاع کمیٹی کو بند دروازے کے پیچھے بریفنگ دے دی جائے۔ لاعلم رکھ کر یا اشرافیہ دفاعی معاملات پر اپنی پسند کی پالیسیاں تشکیل دیتی ہے جن میں سرد جنگ کی ذہنی روش نمایاں ترین ہوتی ہے۔ سرد جنگ کی روش میں جنگی چالیں اور داؤ پیچ انسانی جانوں کے ضیاع کے مقابلے میں زیادہ اہم ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایسی اشرافیہ کی زبانی ہمیں یہ سننے کو ملتا ہے کہ "ایٹمی جنگ سے کون سی قیامت ٹوٹ پڑے گی؛ چند لاکھ شہری ہی تو ہلاک ہو جائیں گے؛ لوگ تو ویسے ہی سڑکوں پر حادثات میں ہلاک ہوتے ہی رہتے ہیں!" وغیرہ۔ اسی سرد جنگ کے داؤ پیچ کے طور پر ہندوستانی اشرافیہ اپنے ہتھیاروں کو زمین اور فضاؤں کے علاوہ سمندروں میں بھی پھیلانا چاہتی ہے، اور پاکستان سے ایٹمی معاملات سے اس لئے انکار کر دیتی ہے کہ اسے چین کا بھی سامنا ہے، لیکن خاص پاکستان کے لئے کولڈ سٹارٹ کے نظریے پر بھی عمل پیرا ہے۔ پاکستانی اشرافیہ اس کے مقابلے پر میدان جنگ میں استعمال ہونے والے ایٹم بم بنا لیتی ہے اور انہیں برسانے کے لئے نئے میزائل بنا لیتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی، پاکستانی نیوکلئر اشرافیہ تمام اندرونی خطرات سے آنکھیں بند کر کے ایٹمی مواد کے ڈھیر لگانے کے جنون میں مبتلا نظر آتی

ہے۔ دونوں ممالک کی نیوکلئر اشرافیہ کے منہ کو سرد جنگ کے داؤ پیچ اس قدر بھا گئے ہیں کہ وہ ذرا ٹھہر کر اپنے جنون کا ٹھنڈے مزاج سے جائزہ لینے کو تیار نہیں۔

زیر نظر کتاب کے مضامین نیوکلئر اشرافیہ کے بیان کا سحر توڑنے میں مدد دیتے ہیں۔ تمام مضامین اپنے موقف استدلال سے پیش کرتے ہیں اور جو قارئین ان دلائل کی گہرائی میں جانا چاہیں ان کے لئے تفصیلاً متعلقہ حوالے بھی دے گئے ہیں۔ تاہم اس خیال سے کہ حوالہ جات ناحق اصل مضمون سے نہ الجھیں، انہیں اکٹھا کتاب کے آخر میں مضامین کی ترتیب سے دیا گیا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ایٹمی ہتھیار جنگ لڑنے کے لئے نہیں ہوتے، بلکہ دشمن کی جانب سے ممکنہ جارحیت کو روکنے کے لئے ہوتے ہیں۔ یقیناً بھارت و پاکستان کے درمیان تعلقات کی تاریخ میں کئی مثالیں گنائی جا سکتی ہیں جہاں ان بموں نے سد جارحیت کا کردار ادا کیا۔ لیکن اس سد جارحیت پر کتنا انحصار کیا جا سکتا ہے؟ اس کا جواب ایک مثال سے مل سکتا ہے۔ جب ہمارے ذی حیثیت حضرات اپنی جان کو خطرے کے پیش نظر بندوق بردار محافظ ساتھ رکھتے ہیں تو ان کا مقصد بھی سد جارحیت ہی ہوتا ہے۔ لیکن آئے دن ایسے واقعات پیش آتے ہیں جن میں ان محافظوں کی موجودگی کے باوجود ایسے حضرات دشمن کے حملے کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سد جارحیت ناکام بھی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ سد جارحیت پر انحصار کرنا دانشمندی نہیں ہو سکتی۔ خاص طور پر ایٹمی سد جارحیت پر، کیونکہ اس کے ناکام ہونے کا مطلب عظیم تباہی و بربادی ہے۔

نیوکلئر ٹیکنالوجی کی نوعیت ایسی ہے کہ پرامن مقاصد کے لئے استعمال اور جنگی مقاصد کے لئے استعمال کے درمیان حد فاصل نہیں کھینچی جا سکتی۔ پاکستان اور بھارت میں نیوکلئر ٹیکنالوجی کے شروع کے ادوار میں دنیا کی نظروں سے بچنے کی خاطر پرامن مقاصد کی آڑ میں جنگی مقاصد پورے کئے گئے۔ لہٰذا ایٹمی بجلی کو نہایت ضروری قرار دے دیا گیا اور اس میں بھاری سرمایہ کاری کی گئی۔ تاہم جنگی مقاصد سے تعلق کی بنا پر اس کے معاملات کو گہرے پردۂ راز میں رکھا گیا، اور ابھی تک رکھا جاتا ہے۔ جس بات کا ہمارے عوام کو علم نہیں کہ اس ٹیکنالوجی کے ثمرات اس میں سرمایہ کاری سے کتنے غیر مطابق ہیں، اور یہ بھی صحت و ماحول پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے۔ اس کتاب کے دو آخری مضامین دلائل دیتے ہیں کہ ایٹمی بجلی دونوں ملکوں کی بجلی کے مسائل کا حل کیوں نہیں ہے۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے، اس کتاب کے تقریباً تمام مضامین پہلے مختلف قومی اور بین

الاقوامی جریدوں میں چھپ چکے ہیں۔ مدیر اور پبلشران تمام جریدوں کے شکر گزار ہیں جنھوں نے ان کو اردو میں شائع کرنے کی اجازت دی۔ ہر مضمون کے ساتھ سن اشاعت درج کر دی گئی ہے۔

آخر میں میں ہنرچ بول فاؤنڈیشن اور اقبال احمد فاؤنڈیشن کا شکر گزار ہوں جن کا مالی تعاون اس کتاب کی تدوین کے لئے ناگزیر ثابت ہوا۔

عبید حمید

اسلام آباد

مصنفین کا تعارف

آر راجا رامن جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں فزکس کے ایمریٹس پروفیسر ہیں۔ انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی کے نائب صدر ہیں اور انٹرنیشنل پینل آن فسائل میٹیریلز کے ہم صدر ہیں۔ 1963 میں کارنل یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی حاصل کرنے کے بعد اسی یونیورسٹی میں استاد مقرر ہوئے۔ اس کے بعد یونیورسٹی آف سدرن کیلیفورنیا اور پھر انسٹیٹیوٹ آف ایڈوانسڈ سٹڈی پرنسٹن میں تعلیم و تحقیق سے وابستہ رہے۔ بھارت میں واپس آ کر انہوں نے بالترتیب دہلی یونیورسٹی، انڈین انسٹیٹیوٹ آف سائنس بنگلور اور جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں تدریس کی۔ اس دوران مختصر وقفوں کے لئے ایم آئی ٹی، سٹینفورڈ، ہارورڈ اور CERN میں کام کیا۔ فزکس میں ان کا کام کنڈینسڈ میٹر تھیوری، پارٹیکل فزکس، کوانٹم فیلڈ تھیوری وغیرہ پر رہا ہے۔

ایم وی رامنا نے بوسٹن یونیورسٹی سے 1994 میں تھیوریٹیکل فزکس میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی، جس کے بعد انہوں نے ٹورنٹو یونیورسٹی، ایم آئی ٹی اور پرنسٹن یونیورسٹی میں پوسٹ ڈاکٹورل ریسرچ کی۔ آج کل امریکہ کی پرنسٹن یونیورسٹی میں مدرس ہیں۔ اس سے پہلے یہ بھارت کے شہر بنگلور میں CISED میں پانچ سال تک سینئر فیلو رہے۔ ان کی تازہ ترین کتاب Power of Promise بھارت میں ایٹمی توانائی کا تنقیدی جائزہ پیش کرتی ہے۔

پرویز امیر علی ہودبھائی نے قائد اعظم یونیورسٹی میں 1973 سے 2010 تک پڑھایا اور ریٹائرمنٹ کے بعد لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز میں دو سال وزیٹنگ پروفیسر کے طور پر پڑھایا۔ آج کل یہ ایف سی کالج یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں۔ ان کی اعلیٰ تعلیم ایم آئی ٹی میں ہوئی جہاں سے انہوں نے الیکٹریکل انجینئرنگ، فزکس اور ریاضی میں بی ایس اور فزکس میں ایم

ایس اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ انہوں نے ایم آئی ٹی، یونیورسٹی آف واشنگٹن، یونیورسٹی آف پٹسبرگ، کارنیگی میلن یونیورسٹی، CERN اور یونیورسٹی آف میری لینڈ میں مختصر میعادی عہدوں پر ریسرچ کی۔ انہیں متعدد اعزازات مل چکے ہیں جن میں یونیسکو کا کالنگا انعام اور امریکن فزیکل سوسائٹی کا جوزف برٹن ایوارڈ شامل ہیں۔ انہوں نے متعدد کتابیں تحریر کیں، تحقیقی کام اور مضامین لکھے، ٹیلیویژن پروگرام کئے اور ڈاکومینٹری فلمیں بنائیں جن کا مقصد معاشرے میں شعور و آگہی پھیلانا تھا۔ یہ امن و ترک اسلحہ کی متعدد بین الاقوامی تنظیموں کے بورڈ ممبر ہیں اور انٹرنیشنل پینل آن فسائل میٹیریلز کے رکن ہیں۔

سریندرا گاڈیکر ایک ماہر طبیعیات ہیں۔ انہوں نے 1979 میں آئی آئی ٹی کانپور سے تھیوریٹیکل فزکس میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد دو سال آئیووا سٹیٹ یونیورسٹی میں پوسٹ ڈاکٹورل فیلوشپ کی اور دو سال انڈین انسٹیٹیوٹ آف سائنس بنگلور میں ریسرچ ایسوسی ایٹ رہے جہاں سے انہوں نے 1988 میں مستعفی ہو کر ایٹمی توانائی اور ایٹم بم کے خلاف عوامی تحریک چلانے کا بیڑہ اٹھایا۔ وہ انومکتی نامی رسالے کی ادارت کرتے ہیں جو عوام کو ایٹمی توانائی اور تابکاری کے بارے میں آگہی فراہم کرتا ہے۔

سوورات راجو ایک ماہر طبیعیات ہیں۔ انہوں نے 2008 میں ہارورڈ سے تھیوریٹیکل فزکس میں پی ایچ ڈی حاصل کی اور ٹاٹا انسٹیٹیوٹ آف فنڈامنٹل ریسرچ (TIFR) کے انٹرنیشنل سینٹر فار تھیوریٹیکل سائنسز میں فیکلٹی ممبر ہیں۔ سوورات نے بھارت اور امریکہ کی امن کی تنظیموں میں کام کیا ہے۔ وہ کولیشن فار نیوکلیئر ڈس آرمامنٹ اینڈ پیس کے رکن ہیں۔ وہ وینزویلا، کیوبا اور نیپال کے ساتھ یکجہتی کی تنظیموں کے ساتھ بھی وابستہ رہے ہیں۔

ضیاء میاں آج کل پرنسٹن یونیورسٹی میں پڑھاتے ہیں اور اس کے سائنس اینڈ گلوبل سیکیورٹی پروگرام میں جنوبی ایشیا کا پروجیکٹ چلاتے ہیں۔ ان کی تحقیقات خاص طور پر جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں، ایٹمی توانائی اور عالمی ترک اسلحہ اور امن کے موضوعات پر ہیں۔ اس سے قبل یہ ییل یونیورسٹی اور قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں تدریس کے فرائض انجام دے چکے ہیں۔ اور اسلام آباد کے ادارے SDPI میں ریسرچ فیلو رہ چکے ہیں۔ یہ ایک بین الاقوامی جریدے سائنس اینڈ گلوبل سیکیورٹی کے مدیر ہیں۔ انہوں نے کئی کتابیں تدوین کی ہیں اور جنوبی ایشیا میں امن اصلاحی

کے موضوع پر ڈاکومینٹری فلمیں بھی بنا چکے ہیں۔ ڈاکٹر ضیا میاں نے نیوکاسل یونیورسٹی سے فزکس میں پی ایچ ڈی حاصل کی۔

عبدالحمید نیّر نے امپیریل کالج لندن سے فزکس میں پی ایچ ڈی حاصل کی۔ انہوں نے 1973 سے 2005 تک قائداعظم یونیورسٹی میں پڑھایا اور لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز میں دو سال وزٹنگ پروفیسر رہے۔ درمیان میں ان کا تعلق SDPI، ڈیولپمنٹ سائنسز کی اور لاہور کے علی انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن سے بھی رہا۔ ان کا تعلق پرنسٹن یونیورسٹی کے پروگرام آن سائنس اینڈ گلوبل سیکیورٹی کے ساتھ بھی ہے، جہاں وہ گرمیوں میں مہمان سائنسدان ہوتے ہیں۔ پاکستان کی امن تحریک سے ان کا گہرا تعلق رہا ہے۔ انہیں امریکن فزیکل سوسائٹی کا جوزف برٹن ایوارڈ مل چکا ہے۔

میتھیو میکنزی امریکہ کی تنظیم نیچرل ریسورسز ڈیفنس کونسل (NRDC) میں سینیئر سائنسداں ہیں۔ انہوں نے یونیورسٹی آف پینسلوینیا سے نیوکلیئر فزکس میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ وہ اس تنظیم میں عالمی تبدیلی کے لیے کام کرتے ہیں۔ جنگلی حیات کی بقا اور پائیدار توانائی کے موضوعات پر کام کرتے ہیں۔

1

جنوبی ایشیاء میں ایٹمی جنگ٭

تباہی کے چند اندازے

میتھیو میکنزی، ضیاء میاں، اے ایچ نیر، ایم وی رمنا

1998ء میں جب بھارت اور پاکستان نے ایٹمی تجربات کئے تو انہوں نے اپنے عوام کو گمبیر خطرات سے دوچار کر دیا۔ جوہری ہتھیاروں اور بیلسٹک میزائلوں کے تجربات کرنے کے بعد دونوں ملکوں نے اعلان کیا کہ آج کے بعد جوہری ہتھیار استعمال کرنے کی دھمکی ان کی سلامتی پالیسی کا کلیدی حصہ ہوگی۔ یوں انہوں نے اس معاملے میں امریکہ، سابق سوویت یونین اور دیگر ایٹمی ریاستوں کی پیروی کی۔ صاف نظر آتا ہے کہ کسی طرح ان کے درمیان سرد جنگ والا ایٹمی مسابقہ ہوگا، گو کہ شاید اس کا مطلب یہاں مختلف رہے۔ اگر تاریخ، جغرافیہ اور ٹیکنالوجی کو مدنظر رکھ کر صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو پاک بھارت تنازعہ اور امریکہ سوویت سرد جنگ میں بڑا فرق محسوس ہوگا۔ سرد جنگ کا خاتمہ قدرے پرامن طریقے سے ہو گیا تھا جبکہ ضروری نہیں کہ جنوبی ایشیاء میں بھی ویسا ہی ہو۔ اس صورتحال میں یہ سوال اہمیت اختیار کر جاتا ہے کہ جنوبی ایشیاء میں جوہری ہتھیاروں کی موجودگی میں ایٹمی جنگ کے کیا نتائج برآمد ہو سکتے ہیں اور اس سے کتنی تباہی پھیل سکتی ہے۔

جنوبی ایشیاء میں جنگوں کی اپنی تاریخ ہے۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان 1948، 1965، 1971، 1999 میں چار جنگیں لڑی جا چکی ہیں۔ ثبوت موجود ہیں کہ شروع میں ان چاروں میں سے کسی جنگ سے توقع نہیں تھی کہ بعد میں یہ اس درجے تک بڑھ جائیں گی۔ کچھ معمولی جھڑپ سے شروع ہوئیں اور کچھ میں سیاسی اور فوجی حکمت عملی کی فاش غلطیاں جنگ شروع کرنے کا باعث بنیں۔ ایٹمی ہتھیار آ جانے کے بعد کوئی وجہ نہیں کہ ایسی غلطیاں پھر نہ دہرائی جائیں۔ بلکہ اس بات کے بھی واقعاتی شواہد موجود ہیں کہ ایٹمی ہتھیار جنگ کے امکانات کو بڑھانے کا سبب ہے۔ 1999ء کی کارگل جنگ کے وقت پاکستان کی فوجی قیادت نے سوچا کہ ایٹمی ہتھیاروں کی ڈھال کے پیچھے وہ کشمیر کے تنازعے کو ہوا دے سکتے ہیں اور بھارت کی جوابی کارروائی سے بھی بچ سکتے ہیں۔ اس جنگ کے دوران دونوں طرف کے رہنما ایک دوسرے کو کھلے عام ایٹمی دھمکیاں دیتے رہے۔ چنانچہ اس تشویشناک صورت میں عالمی برادری نے مداخلت کی اور جنوبی ایشیا کو ایک تباہ کن جنگ سے بچایا۔

پاکستانی رہنماؤں نے واضح کر دیا ہے کہ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں وہ جوہری ہتھیاروں کے استعمال میں پہل کرنے کو تیار ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اس دھمکی سے وہ جنگ کو روک سکتے ہیں۔ کیونکہ جنگ کی صورت میں پاکستان کو خطرہ ہے کہ بھارت کی روایتی فوجی برتری اس پر غالب آ جائے گی۔ اگرچہ بھارت نے پاکستان کو ایٹمی ہتھیاروں کا پہلے استعمال نہ کرنے کے معاہدے کی پیشکش کر رکھی ہے لیکن محسوس یہ ہوتا ہے کہ اس کی مسلح افواج پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کو اس کے استعمال سے پہلے ہی ختم کر دینے کیلئے تیار ہیں۔ علاوہ ازیں وہ یہ صلاحیت حاصل کرنے کی کوشش میں بھی ہیں کہ دشمن کے میزائلوں کو حملے کیلئے تیار ہوتا دیکھ کر خود ان پر حملہ کر دیں۔ اس کے ردعمل میں پاکستان کی کوشش ہوگی کہ وہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو کھو دینے کے اندیشے میں کسی حملے سے پہلے ہی انہیں استعمال کرے۔

جہاں تک ایٹمی ہتھیاروں کے اہداف کا تعلق ہے تو یہ دو ہی ہو سکتے ہیں۔ پہلا امکان یہ کہ دشمن کے شہروں کو بلاتفریق نشانہ بنایا جائے تاکہ وہ جنگ بند کرنے پر مجبور ہو جائے، یا غیر مشروط ہتھیار ڈال دے۔ دوسرا امکان یہ ہے کہ فوجی کمانڈ کے مراکز اور فوجی ٹھکانوں اور ساز و سامان کو نشانہ بنایا جائے۔ پاکستان ایک طویل جنگ لڑنے کا متحمل نہیں ہو سکتا ہے اس لئے اس کے

لیڈروں نے یہ واضح کر دیا ہے کہ وہ پہلا امکان چن سکتے ہیں۔ لیکن اگر بھارت دوسرا امکان چنے یعنی پاکستان کے صرف فوجی اہداف کو نشانہ بنائے تو اس کا نتیجہ بھی پہلے امکان یعنی شہروں پر حملے سے مختلف نہیں ہوگا کیونکہ پاکستان کے تمام بڑے فوجی مراکز شہروں کے اندر یا ان کے قریب واقع ہیں۔ مثال کے طور پر کراچی، حیدر آباد، ملتان، بہاولپور، لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، پشاور اور کوئٹہ جیسے شہروں میں فوجی کور ہیڈ کوارٹرز ہیں۔ جبکہ اسلام آباد میں بحری اور فضائی ہیڈ کوارٹرز ہیں۔ لہٰذا بھارت کیلئے یہی بڑے اہداف ہو سکتے ہیں۔ صحیح ہے کہ جوہری ہتھیار اتنے وسیع پیمانے پر تباہی پھیلاتے ہیں کہ اگر صرف فوجی اہداف کو نشانہ بنایا جائے تب بھی ممکن نہیں ہے کہ شہروں میں تباہی نہ پھیلے۔

11۔ پیشگی خبردار کرنے والا نظام

کسی ملک کے پاس جوہری ہتھیار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہر وقت کسی اچانک حملے کے خوف میں مبتلا رہتا ہے۔ خوف کے یہ سائے جدید ترین میزائلوں کی ایجاد اور تنصیب کے بعد اور بھی زیادہ گہرے ہو گئے ہیں کیونکہ ان میزائلوں کی مدد سے ایٹمی حملے کیلئے درکار وقت مزید کم ہو گیا ہے۔ سرد جنگ کے دور میں دونوں عالمی طاقتوں نے خطرے سے بروقت خبردار کرنے والے پیچیدہ نظام وضع کر کے اپنے اس خوف کا کسی حد تک بندوبست کر لیا تھا۔ ان نظاموں کے ذریعے انہیں بروقت پتہ چل جاتا تھا کہ ان پر حملہ کیا جانے والا ہے اور اس طرح انہیں اپنی تباہی سے پہلے ہی جوابی حملہ کرنے یا بچاؤ کرنے کا موقع مل جاتا تھا۔ اس نظام کو ان ممالک نے حادثاتی طور پر جنگ چھڑ جانے کے خدشے کو کم کرنے کیلئے استعمال کیا کیونکہ اس سے انہیں اتنا وقت مل گیا کہ ان کے پالیسی ساز اور فوجی منصوبہ ساز کوئی فوری ردعمل ظاہر کرنے کی بجائے حقیقی معلومات کو سامنے رکھتے ہوئے زیادہ مناسب فیصلہ کر سکتے تھے۔

امریکہ اور سوویت یونین (اب روس) معلومات کے حصول کیلئے مصنوعی سیاروں اور ریڈاروں کے نظام پر انحصار کرتے تھے جو میزائل داغے جانے کے ڈیڑھ منٹ کے اندر اس کے بارے میں آگاہ کر دیتے تھے۔ اس طرح معلومات حاصل کرنے والا دو تین منٹ میں نتیجہ اخذ کر سکتا تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ فوری طور پر مشیروں کو طلب کیا جاتا تھا اور اس کے چند ہی منٹ بعد

اصل خطرے کا پتہ چلا لیا جاتا تھا۔ دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ اس دورانیے میں چھ سے سات منٹوں میں یہ یقین کر لینا ممکن تھا کہ کوئی ایٹمی حملہ شروع ہوا ہے یا نہیں۔ چونکہ میزائلوں کو امریکہ سے سوویت یونین تک یا سوویت یونین سے امریکہ تک پہنچنے میں 26 منٹ کا وقت درکار ہوتا تھا اس لئے یہ تصدیق کرنے کیلئے کافی وقت مل جاتا تھا کہ حقیقتاً کوئی حملہ ہوا بھی ہے یا نہیں حتیٰ کہ یہ اندازہ لگانے کا وقت بھی مل جاتا تھا کہ میزائل داغے گئے ہیں یا حادثاتی طور پر چل گئے ہیں۔ اس طرح یہ فیصلہ کرنے میں آسانی ہوتی تھی کہ کیا کیا جانا چاہئے۔

12۔ تنبیہی نظام کی ناکامیاں

امریکہ نے اپنا تنبیہی نظام قائم کرنے کیلئے کافی مالی اور تکنیکی وسائل استعمال کئے تاکہ اس نظام کو خامیوں اور نقائص سے مکمل طور پر پاک کیا جائے۔ لیکن وہ بھی اس کوشش میں ناکام رہا۔ اس نظام کی ناکامی کی کوئی صحیح تاریخ مرتب نہیں کی گئی ہے البتہ اس حقیقت سے بھی آگاہ ہیں کہ 1977ء سے 1984ء کے درمیانی عرصے میں یعنی سات آٹھ برسوں میں امریکہ پر میزائل حملے کے بیس ہزار (20000) سے زائد غلط الارم بجے۔ ان غلط الارموں میں سے ایک ہزار سے زیادہ تو اتنے پریشان کن تھے کہ ان کی بنا پر بمبار طیاروں اور میزائلوں کو چوکس کرنا پڑا۔

غلط تنبیہ کے نتیجے میں ہونے والے چند واقعات سے یہ انتہائی تشویشناک نتیجہ نکلا کہ بہت احتیاط سے تیار کئے گئے اور تکنیکی اعتبار سے بہت ترقی یافتہ یہ نظام خراب بھی ہو سکتے ہیں۔ اس حوالے سے دو مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ اول یہ کہ نومبر 1979ء میں امریکہ کے تنبیہی نظام نے دعویٰ کیا کہ امریکہ پر ایک بڑا حملہ شروع ہو گیا ہے۔ جس پر نیوکلیئر الرٹ کا اعلان کر دیا گیا۔ لیکن بعد میں پتہ چلا کہ ایسا کوئی حملہ نہیں ہوا تھا اور میزائل نہیں چلائے گئے تھے۔ وارننگ اس کمپیوٹر سے دی گئی تھی جو تنبیہی نظام کی جانچ کیلئے استعمال کیا جاتا تھا تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ اگر کوئی حملہ ہو تو یہ کیا ردعمل دکھائے گا۔ ہوا یہ کہ جانچ کے بعد متعلقہ آدمی کمپیوٹر بند کرنا بھول گیا تھا۔

دوسری مثال اس سے بھی زیادہ دلچسپ ہے۔ جون 1980ء میں تنبیہی نظام نے وارننگ جاری کی کہ دو میزائل امریکہ کی جانب داغے گئے ہیں۔ اس کے بعد یہ اشارے ملے کہ مزید میزائل بھی چلائے گئے ہیں۔ یہ صورتحال اس قدر سنگین تھی کہ صدر کا خصوصی طیارہ بھی پرواز کیلئے

تیار کر دیا گیا تاکہ انہیں کسی محفوظ جگہ پہنچایا جا سکے۔ لیکن اس بار بھی سرے سے کوئی حملہ ہوا تھا اور نہ ہی کوئی میزائل چلایا گیا تھا۔ تفتیش کرنے پر پتہ چلا اور اس کے غلط اشارے کی وجہ یہ نکلی کہ کمپیوٹر کی ایک چپ خراب ہو گئی تھی۔

امریکہ میں جب تنبیہی نظام بار بار ناکام ہونے لگے تو اس کی وجہ معلوم کرنے کیلئے سرکاری سطح پر تفتیش کرائی گئی جس سے پتہ چلا کہ اس کی وجہ ایئر فورس، جائنٹ چیفس آف سٹاف اور ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کی بد انتظامی تھی۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہر ادارہ جو اس نظام کو ٹھیک طریقے سے چلانے کا ذمہ دار تھا، اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہا۔

تنبیہی نظام محض امریکہ میں ہی ناکام نہیں ہوئے بلکہ سوویت یونین کی صورتحال بھی اس سے مختلف نہیں تھی۔ اگرچہ سوویت یونین کے نظاموں کے بارے میں دستیاب معلومات کافی محدود ہیں پھر بھی حالیہ برسوں سے کم از کم ایک مثال ایسی پیش کی جا سکتی ہے جس سے یہ ثابت ہو گا کہ سوویت یونین کے تنبیہی نظام بھی امریکہ کے نظاموں سے بہتر کام نہیں کرتے ہوں گے۔ 25 جنوری 1995ء کو ناروے نے بعض سائنسی معلومات اکٹھی کرنے کیلئے ایک راکٹ چلایا۔ اگرچہ ناروے کی حکومت نے روسی حکومت کو اس تجربے کے بارے میں قبل از وقت آگاہ کر دیا تھا اس کے باوجود جب روسی ریڈار نے اس راکٹ کے مختلف حصوں کو دیکھا تو اسے ایک میزائل حملہ تصور کیا اور روسی دفاع کے ہیڈ کوارٹر، روسی فوجی ہیڈ کوارٹر اور میزائلوں کے روسی کمانڈروں کو یہ اطلاع دی گئی کہ روس پر میزائل حملہ ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک پیغام روسی صدر بورس یلسن کو بھی بھیجا گیا جس پر انہوں نے میزائلوں کے کمانڈروں سے نیوکلیئر بٹن پر ایک ہنگامی کانفرنس کی۔ بعد ازاں بورس یلسن نے اس کانفرنس کے منعقد ہونے کی تصدیق بھی کر دی تھی۔

13۔ جنوبی ایشیا

اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ جنوبی ایشیا میں ایٹمی حملے کے بارے میں پیشگی خبردار کرنے والے نظام بڑی محدود صلاحیت رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر امریکہ نے 1998ء میں بحیرہ عرب میں موجود اپنے بحری بیڑے سے افغانستان پر کروز میزائلوں کا ایک بڑا حملہ کیا تھا۔ اپنے ہدف تک پہنچنے سے پہلے متعدد میزائل پاکستان کی فضائی حدود میں سے گزرے جنہوں نے

پورے پاکستان کے اوپر ایک طویل فاصلہ طے کیا۔ جس پر امریکی انتظامیہ فکر مند ہوئی کہ اگر پاکستان نے ان میزائلوں کا پتہ چلا لیا تو یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے کہ یہ بھارت سے آ رہے ہیں۔ اس طرح حالات خراب ہو سکتے ہیں۔ اس ممکنہ غلط فہمی کو دور کرنے کیلئے امریکہ نے اپنا ایک سینئر جرنیل حملے سے پہلے پاکستان بھیجا تاکہ وہ یہاں کے حکام کو صحیح صورتحال سے آگاہ کر سکے اور پیغام دے کہ پاکستان ان میزائلوں کا ہدف نہیں ہے۔ دلچسپ بات یہ ہوئی کہ پاکستان کو ان میزائلوں کا پتہ ہی نہیں چلا۔

پاکستان اور بھارت کے پاس اگر پیشگی خبردار کرنے والی ٹیکنالوجی موجود ہو اور وہ ٹھیک طور پر کام کر رہی ہو تب بھی جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے دونوں ملک اس کا مناسب استعمال نہیں کر سکتے کیونکہ امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان تنبیہ کا وقت تیس منٹ تھا اس کے برعکس بھارت کے پرتھوی میزائل کو پاکستان کے تقریباً سبھی شہروں تک پہنچنے کیلئے محض تین سے پانچ منٹ کا وقت درکار ہوگا۔ اسی طرح پاکستان کے غوری میزائل کو دہلی تک پہنچنے کیلئے صرف پانچ منٹ درکار ہوں گے۔ پیشگی تنبیہ کرنے والا نظام اگر فعال ہو اور وہ فوری سگنل دے بھی دے تو اتنا وقت ہی نہیں ملے گا کہ مشیروں کو صلاح مشورے کیلئے طلب کیا جا سکے ورنہ ہی یہ فیصلہ کرنے کی مہلت ملے گی کہ آیا تنبیہ حقیقی ہے یا نظام کی کسی غلطی کا نتیجہ ہے۔ چنانچہ تنبیہی اطلاع پر جوابی کارروائی، بشمول ایٹمی ردعمل، کا فیصلہ ہر صورت میں کرنا پڑے گا۔

14۔ جوہری ہتھیاروں کے اثرات

55 برس قبل جب دوسری جنگ عظیم جاری تھی، امریکہ نے تین دن کے وقفے سے تقریباً پانچ ہزار کلو میٹر مشرق کی جانب جاپان میں دو ایٹمی ہتھیار چلائے تھے۔ جس سے ایک لاکھ سے زائد افراد زندہ اور متعدد جل بھن گئے تھے۔ ان دھماکوں کے ایک ماہ بعد تک تکلیف دہ موت کا سلسلہ جاری رہا۔ جاپان کے تابکاری زدہ رہنے کے باعث برسوں بعد تک لوگ اذیت ناک موت مرتے رہے۔ ان ایٹم بموں کے اثرات جاپان اور پوری دنیا پر شدید رہے اور اب تک ہیں۔ چنانچہ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا پاکستان یا بھارت کے شہروں پر ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال سے پیدا ہونے والے اثرات کے بارے میں کوئی اندازہ لگایا جا سکتا ہے؟ کئی لحاظ سے اس کا جواب ہاں میں

بچاؤ کے لحاظ سے نہیں ہیں۔

ایٹمی ہتھیاروں کے دھماکوں کے اثرات اس قدر شدید اور روایتی ہتھیاروں کی نسبت اتنے مختلف ہوتے ہیں کہ ان کا اندازہ لگانے کیلئے مثال کے طور پر ایک معروف شہر کو ہدف کے طور پر لیتے ہیں۔ امریکہ نے ہیروشیما پر حملے کیلئے جو ایٹم بم استعمال کیا تھا اس کے دھماکے کی شدت پندرہ ہزار ٹن ٹی این ٹی کے دھماکے کے برابر تھی اور وہ زمین کی سطح سے 580 میٹر بلندی پر پھٹا تھا۔ پاکستان اور بھارت نے مئی 1998 میں جن ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کئے تھے ان کی طاقت ہیروشیما پر پھٹنے والے بم جتنی ہی تھی۔ چنانچہ ہم کیس سٹڈی کے طور پر بھارت کے شہر ممبئی کے اوپر چھ سو فٹ کی بلندی پر ہیروشیما سائز کا ایک ایٹم بم پھٹنے کے اثرات کا جائزہ لیں گے اور یہ اندازہ لگائیں گے کہ اس سے کتنی تباہی پھیلے گی۔ یہی اثرات جنوبی ایشیا کے کسی بھی گنجان آباد شہر پر اس قسم کے دھماکے سے ہوں گے۔

واضح رہے کہ ایٹم بم کے اثرات تین اقسام میں ظاہر ہوتے ہیں، فوری اثرات، محدود مدت کے اثرات جو دھماکہ ہونے کے بعد چند منٹوں اور چند ہفتوں میں ظاہر ہوتے ہیں، اور طویل مدت کے اثرات جن کا تعلق بنیادی طور پر تابکاری کے پھیلنے سے ہوتا ہے۔ تابکاری چونکہ کئی سالوں بلکہ کئی دہائیوں تک موجود رہتی ہے اس لئے اس کے اثرات بھی تادیر قائم رہتے ہیں۔

15۔ فوری اثرات

دھماکے والی جگہ پر موجود ہر فرد کا پہلا سامنا شدید ترین روشنی اور آگ کے تیز ترین شعلوں سے ہوگا، یوں جیسے ہزاروں سورجوں کا سامنا ہو۔ روشنی اتنی تیز کہ اس کی طرف دیکھنے سے بینائی ضائع ہو جائے۔ دھماکے کے مقام کے اردگرد 16 سے 23 کلومیٹر کے دائرے میں ہر وہ چیز جل کر خاکستر ہو جائے گی جس کو آگ لگ سکتی ہو جیسے لکڑی، کاغذ، کپڑا، سبزہ وغیرہ۔

دھماکے کا دوسرا اثر تابکاری شعاعوں سے ہوتا ہے۔ بم کے عملیاتی تعامل سے بیک وقت نیوٹران اور گیما تابکاری خارج ہوتی ہے اور ان کا سامنا کرنے والے افراد میں چند ہی روز میں کئی طرح کی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں جیسے الٹیاں، خون کی پیچش اور جسم سے خون کا بہنا۔ تابکاری کی دیگر علامات کئی سال بعد بھی ظاہر ہو سکتی ہیں، جو خون، تھائیرائیڈ، چھاتی اور پھیپھڑوں کے

سرطان جیسے مہلک امراض کی شکل میں ہو سکتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کچھ غیر مہلک بیماریاں بھی لاحق ہو سکتی ہیں جیسے نوزائیدہ بچوں میں پیدائشی نقائص، چھوٹے بچوں کا ذہنی طور پر معذور ہونا، آنکھوں میں موتیا اترنا، کھال پر ناسوری ابھار اور دیگر بیماریاں۔

تیسرا اثر دھماکے کی وجہ سے ہوا میں آواز کی ایک نہایت شدت والی لہر کی شکل میں پیدا ہوگا جو اپنے رستے میں آنے والے ہر فرد و چیز کو شدید دھچکا پہنچائے گی۔ (اس لہر کو انگریزی زبان میں shock wave کہتے ہیں۔ ہم اس کا ترجمہ یہاں دھچکائی لہر کریں گے)۔ مرکز سے ڈھائی کلومیٹر تک اس تیز لہر کے ساتھ آنے والی ہواؤں کی رفتار 110 کلومیٹر فی گھنٹہ یا اس سے بھی زیادہ ہوگی۔ یہ دھچکائی لہر 1.1 کلومیٹر کے فاصلے تک سب کچھ تباہ کر دے گی۔

دھماکے کے مقام سے 17 کلومیٹر کے فاصلے تک وہ بھی گھر مکمل طور پر تباہ ہو جائیں گے جو کنکریٹ سے نہیں بنے ہوں گے۔ ممبئی میں بہت سی عمارتیں خاص طور پر جو پرانی ہیں، خستہ حال ہیں یا پھر ناقص میٹریل سے بنی ہیں جیسے ملاوٹ شدہ سیمنٹ یا کچی اینٹیں۔ اسی وجہ سے ممبئی میں ہر سال کئی سو عمارتیں از خود گر جاتی ہیں، خاص طور پر برسات میں۔ اس صورت میں تیز رفتار دھچکائی لہر اور اس کے ساتھ چلنے والی طوفانی ہواؤں کے سبب ممبئی میں زیادہ فاصلے تک عمارتیں منہدم ہو سکتی ہیں۔

16۔ قدرے تاخیر سے ظاہر ہونے والے اثرات

دھماکے کے چند منٹ بعد تاخیر سے ظاہر ہونے والے اثرات سامنے آئیں گے۔ ان میں سب سے پہلا اثر آگ کا ایک طوفان ہوگا۔ جو ایٹمی دھماکے سے نکلنے والی تیز روشنی اور حرارت سے لگنے والی الگ الگ آتش زدگیوں کا مجموعہ ہوگا۔ اگر ممبئی پر ہیروشیما کے سائز کا ایٹم بم چلایا جاتا ہے تو آگ کے ایسے طوفان کا دائرہ 1.7 سے 2 کلومیٹر تک ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ یہ آتش زدگی کی وجہ سے آگ والا علاقہ ایک پمپ کی طرح گرم ہوا کو اوپر پھینکے گا جبکہ زور کردہ ہوا کو اپنی طرف کھینچے گا۔ اس کے نتیجے میں 50 سے 80 کلومیٹر فی گھنٹہ تک رفتار والی طوفانی ہوائیں چلیں گی۔ آگ والے علاقے میں درجہ حرارت کئی سو ڈگری تک پہنچ جائے گا اور یقینی طور پر اس علاقے میں کوئی ذی روح زندہ نہیں بچے گا۔ علاوہ ازیں اس آگ کو بجھانا ناممکن ہوگا کیونکہ اس وقت طوفانی

رفتار سے ہوائیں چل رہی ہوں گی گاڑھا دھواں ہر طرف پھیلا ہوگا۔ دھماکے کی لہروں کی وجہ سے پانی کی پائپ لائنیں اور بجلیاں منہدم ہو چکی ہوں گی اور دھماکے کی وجہ سے ہر طرف ملبہ بکھرا پڑا ہو گا۔

کچھ دیگر وجوہات کی بنا پر آگ والے علاقوں میں مزید دھماکوں کا امکان رہے گا۔ جس کے سبب ان علاقوں کے لوگوں کے زخمی اور آگ سے جھلس جانے کے امکان بڑھ جائیں گے۔ مثال کے طور پر ممبئی میں بہت سے لوگوں نے اپنے گھروں میں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کیلئے گیس کے سلنڈر رکھے ہوئے ہیں (جن میں عام طور پر مائع پٹرولیم گیس ہوتی ہے)۔ سبھی جانتے ہیں کہ جب ایسے سلنڈر آگ کی زد میں آجائیں تو پھٹ جاتے ہیں۔ واضح رہے کہ دوسری جنگ عظیم کے زمانے کے جاپان یا جرمنی کی نسبت ممبئی اور اس خطے کے دیگر جدید شہروں میں موٹر گاڑیوں یعنی بسوں، کاروں اور سکوٹروں وغیرہ کی تعداد کافی زیادہ ہے۔ بلکہ کئی سو گنا زیادہ ہے۔ ان میں پٹرول اور ڈیزل استعمال ہوتے ہیں۔ ایسے دھماکہ خیز اور آتش گیر ایندھنوں کے ذخیرے اور سپلائی فراہم کرنے والی تنصیبات ہلاکتوں میں اضافے کا باعث بنیں گی کیونکہ جب ان میں آگ لگے گی تو وہ پھٹیں گی اور آگ کی شدت کو بڑھائیں گی۔

دوسرا تاخیری اثر یہ ظاہر ہوگا کہ تابکاری کی بارش ہوگی۔ جب کوئی ایٹم بم کم اونچائی پر پھٹتا ہے تو سطح زمین کا بہت سا مادہ بخارات میں تبدیل ہو جاتا ہے اور اس کا چھتری نما دھویں کے بادل کی بلندیوں میں اٹھ جاتا ہے۔ جہاں یہ مادہ آگ کے گولے کے تابکار مادوں کے ساتھ مل کر شدید تابکاری والی گرد کا بادل بن جاتا ہے۔ یہ مادہ دھماکے سے پیدا ہونے والی زبردست ہواؤں کے زور پر کافی لمبے فاصلے طے کرنے اور فضا میں بکھرنے کے بعد جب زمین پر گرتا ہے تو ایک وسیع رقبے پر شدید تابکاری پھیلاتا ہے۔ یہ فرض کرنے کی بجائے کہ دھماکہ فضا میں چھ سو میٹر کی بلندی پر ہوا ہے یہ فرض کرتے ہیں کہ دھماکہ سطح زمین کے قریب ہوا ہے، اور اس وقت ہوا کی رفتار 25 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی۔ ان حالات میں جتنے رقبے پر تابکاری کے جان لیوا اثرات پہنچنے کا امکان ہے وہ 25 سے 100 مربع کلومیٹر ہوگا۔ جب تابکاری والے ذرات ملنا شروع ہوں گے تو اس وقت ہوا کی سمت سے اس بات کا تعین ہوگا کہ کن علاقوں میں تابکاری پھیلے گی۔ وہ علاقے جہاں جہاں تابکاری کی بارش زیادہ ہوگی وہاں اموات اور تابکاری سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی

شرح زیادہ ہوگی۔ علاوہ ازیں چونکہ ممبئی سمندر کے قریب واقع ہے اس لئے اس کی فضا میں آبی بخارات زیادہ ہوتے ہیں۔ تابکار ذرات آبی بخارات کو پانی کے قطروں میں جمع کرنے میں مدد دیتے ہیں اور یہ قطرے تابکار بارش کی صورت میں نیچے برستے ہیں۔ ہیروشیما اور ناگاساکی میں بھی کچھ ایسا ہوا تھا۔ ایٹم بم پھٹنے کی صورت میں ممبئی میں بھی ایسا ہونے کا امکان ہے

جو علاقے تابکاری سے کم متاثر ہوتے ہیں وہاں بھی تابکاری سے بیماریاں پھیلنے کا کافی اندیشہ ہوتا ہے البتہ اگر لوگ وہاں سے نقل مکانی کر جائیں تو پھر کچھ بچت ہو سکتی ہے۔ ممبئی کی وسیع آبادی کو مدنظر رکھیں تو یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ایٹمی حملے کے بعد وہاں جو بھگدڑ مچے گی اور ساتھ ہی چونکہ نقل و حرکت کے تمام ذرائع جیسے ریلوے سٹیشن، ریل کی پٹڑیاں، سڑکیں، پٹرول سٹیشن، بندرگاہیں اور ائیرپورٹ کو شدید نقصان پہنچ چکا ہوگا، حملے سے زندہ بچ جانے والوں کا شہر سے انخلا ناممکن ہو جائے گا۔

17۔ زخمی و ہلاک ہونے والوں کی تعداد کے تخمینے

بھارت کی آبادی کے بارے میں جو آخری اعداد و شمار دستیاب ہیں وہ 1991ء کی مردم شماری کے ہیں۔ اس مردم شماری کے مطابق ممبئی کی آبادی 9.910 000 ہے اور اگر قریبی قصبے تھانے کی آبادی بھی اس میں شامل کر دی جائے تو کل آبادی 12 572 000 ہو جائے گی۔ چونکہ ممبئی کی آبادی میں اضافے کی شرح 1991ء کے بعد کے عرصے میں بھی گزشتہ دس برسوں کے دوران میں 20.21% رہی ہے اس لئے اس شہر کی موجودہ آبادی اس سے کہیں زیادہ ہوگی۔ پھر اس بات کے شواہد بھی موجود ہیں کہ 1991ء کی مردم شماری میں تعداد اصل آبادی سے کم شمار کی گئی تھی یعنی یہ اعداد و شمار 1991 کے لحاظ سے بھی سو فیصد درست نہیں ہیں۔ ممبئی کافی گنجان آباد ہے۔ اس میں آبادی اوسطاً 23,000 افراد فی مربع کلومیٹر ہے تاہم اس شہر میں ایسے علاقے بھی موجود ہیں جہاں یہ شرح 100 000 افراد فی کلومیٹر سے بھی بڑھ جاتی ہے۔

چونکہ ایٹمی دھماکے اور اس کے اثرات ایک ایسا پیچیدہ مظہر ہیں جس کے ساتھ ایک ہی وقت میں مختلف قسم کے اثرات یکجا ہوتے ہیں اس لئے یہ ممکن نہیں ہے کہ اس سے ہلاک اور زخمی ہونے والوں کی ٹھیک ٹھیک تعداد کا اندازہ لگایا جا سکے۔ ایٹمی دھماکے کے فوری اثرات کے نتیجے میں زخمی و

ہلاک ہونے والوں کی تعداد کا اندازہ لگانے کے تین طریقے ہیں۔ ان تینوں طریقوں میں ہیروشیما پر امریکی حملے کے نتیجے میں ہونے والی تباہی سے حاصل شدہ اعداد و شمار کو بنیاد بنایا گیا ہے جن میں ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد کو دھماکے سے فاصلے، ہوا کے دباؤ اور حرارت کی حدت کے لحاظ سے دیکھا گیا ہے۔ ان تینوں طریقوں کو استعمال کریں اور ممبئی کی رہائشی آبادی کے گنجان پن کو مد نظر رکھیں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ صرف ایک ہیروشیما سائز کے ایٹم بم سے ہونے والے دھماکے اور حرارت کے اثرات سے چند ہفتوں کے اندر اندر ممبئی میں ڈیڑھ لاکھ سے آٹھ لاکھ کے درمیان ہلاکتیں ہو جائیں گی۔ اس میں تابکار بارش سے ہونے والے اثرات کو شمار نہیں کیا گیا ہے جس کے باعث یہ اندازے بہت کم کہلائے جا سکتے ہیں۔

مقابلے کے طور پر یہ بیان کیا جا رہا ہے کہ اگر ایٹمی دھماکہ زمین کی سطح پر ہو تو اس دھماکے کے نتیجے میں اور اس سے لگنے والی آگ سے ہونے والی ہلاکتیں قدرے کم ہوں گی لیکن تابکار مادے کی برسات سے ہلاکتیں اور بیماریاں زیادہ ہوں گی۔ فرض کریں کہ یہ تابکار مادے ایسے رہائشی علاقے میں جمع ہو جاتے ہیں جو گنجان آباد ہے، یعنی 23.000 افراد فی کلومیٹر والا علاقہ۔ تو 15 کلوٹن والے ایٹمی ہتھیار کے چلنے سے ہونے والی ہلاکتیں ساڑھے تین لاکھ سے چار لاکھ کے درمیان ہوں گی۔ اس سے کہیں زیادہ افراد کم درجے کی تابکاری سے متاثر ہوں گے اور ان میں سے جو لوگ پہلے ہی بیمار ہوں، ضعیف العمر ہوں، کم عمر بچے ہوں تو طبی سہولت کی عدم دستیابی کی وجہ سے تھوڑی تابکاری بھی ان کیلئے مہلک ثابت ہو سکتی ہے۔

مندرجہ بالا اعداد و شمار صرف فوری طور پر ہلاک ہونے والوں کے ہیں، یعنی وہ جو دھماکے کے بعد فوراً یا چند ہفتوں کے اندر ہلاک ہوں گے۔ جب کہ طویل مدتی اثرات کی وجہ سے اس سے کہیں زیادہ ہلاکتیں ہوں گی، خاص طور پر تابکاری کے باعث۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر ہونے والے ایٹمی حملوں کے بعد زندہ بچ جانے والوں کے مشاہدے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان میں ایسے لوگوں کی نسبت بیماریوں سے، خاص طور پر خون کے اور دیگر سرطانوں سے، مرنے کی شرح زیادہ تھی جنہوں نے کبھی تابکاری کا سامنا نہیں کیا۔ ممبئی پر کسی ایٹمی حملے کے بعد زندہ بچ جانے والوں میں کینسر کی شرح اگر ہیروشیما اور ناگاساکی پر ہونے والے حملوں سے زندہ بچ جانے والوں کی نسبت زیادہ نہیں تو ان کے برابر ضرور ہوگی

کئی وجوہات ہیں جن کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ کسی ایٹمی حملے کے نتیجے میں ممبئی جیسے شہر میں زخمی یا ہلاک ہونے والوں کی تعداد کا جو اندازہ اوپر لگایا گیا ہے وہ کافی کم ہے۔ سب سے پہلے تو اس لئے کہ ممبئی شہر اس سے کہیں زیادہ گنجان آباد ہے جتنا فرض کیا گیا ہے یا جتنا مردم شماری میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد دور دراز سے کام کی غرض سے روزانہ ممبئی آتی ہے۔ ان میں پونا کے لوگ بھی شامل ہیں جہاں سے ٹرین کے ذریعے ممبئی آنے میں چار گھنٹے لگتے ہیں۔ مردم شماری میں آبادی میں اس طرح کے اضافے کو شمار نہیں کیا جاتا حالانکہ اس سے کسی شہر کی آبادی میں بہت خاصا فرق پڑتا ہے۔ چونکہ ایٹمی حملہ دن کے وقت ہونے کا امکان زیادہ ہے تاکہ نشانہ ٹھیک بیٹھے اس لئے کام کی غرض سے ممبئی کے اس شہر کو آنے والوں کی کافی تعداد اس حملے کا شکار ہوگی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ مندرجہ بالا تخمینوں میں تابکاری کی بارش کی وجہ سے ہونے والی ہلاکتیں شامل نہیں کی گئی ہیں۔ تابکار مادے چاہے وہ محدود مقدار میں ہی کیوں نہ ہوں وسیع علاقوں میں پھیل سکتے ہیں اور اس طرح وہاں مقامی ہاٹ سپاٹ بنا سکتے ہیں یعنی ہلاکتوں یا بیماریوں کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس طرح کی ہلاکتوں کو نظر انداز کرنا غلطی ہوگی۔ یہاں دھماکے سے ہونے والے نقصان اور آگ سے متاثر ہونے والے علاقوں کا محتاط انتخاب کیا گیا ہے تاکہ ایک معتدل تصویر سامنے آ سکے۔ اصل متاثر ہونے والے علاقے ممکنہ طور پر زیادہ ہو سکتے ہیں، جس سے اصل ہلاکتیں زیادہ ہو سکتی ہیں۔

یہاں پیش کئے گئے تخمینوں میں ایک اور چیز کا خیال نہیں رکھا گیا جسے اگر شامل کیا جائے تو ہلاکتوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ وہ یہ کہ ممبئی اور اس کے مضافات میں کافی صنعتی یونٹ قائم ہو چکے ہیں۔ بھارت کی تقریباً دو ہزار کیمیائی صنعتیں تھانے کے علاقے میں ہیں جو ممبئی کے تقریباً ساتھ ہی واقع ہے۔ ممبئی کے وسطی علاقے میں بھی کئی ملیں قائم ہیں جو کسی ایٹمی حملے کی صورت میں اضافی دھماکوں اور آتش زدگی کا باعث بن سکتی ہیں اور جو مہلک مواد پھیلانے کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے بھوپال میں رونما ہونے والا یونین کاربائیڈ کا سانحہ ایک مثال ہے کہ زہریلی اور مہلک کیمیکل پھیلنے سے انسانی آبادی پر کس طرح کے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ کیمیکل صنعتوں کے علاوہ بھارت کی سب سے بڑی جوہری لیبارٹری بھابھا اٹامک ریسرچ سنٹر ٹرومبے میں واقع ہے جو کہ ممبئی کے اندر ہی ہے۔ اس سنٹر میں دو عدد نیوکلیئر ری ایکٹر (سائرس اور دھروا) CIRUS اور

(Dhruva) اور ایک ری پروسیسنگ پلانٹ موجود ہیں۔ کراچی عمران کے نزدیک یہ فاضل تابکار مواد یا استعمال شدہ ایندھن ذخیرہ کرنے کی جگہوں کے آس پاس ہو تو بھاری مقدار میں تابکار مواد کے اخراج کا باعث بنے گا اور یہ تابکاری اس مواد کے علاوہ ہوگی جو ایٹمی دھماکے سے پھیلے گی۔ اس سے یقینی طور پر تابکار ذرات کی بارش میں اضافہ ہو جائے گا اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ہلاک، زخمی ہونے والوں اور تابکاری سے بیمار ہونے والوں کی تعداد تخمینہ شدہ تعداد سے کہیں زیادہ بڑھ جائے گی۔

ممبئی جیسے گنجان آباد شہروں میں ہسپتالوں اور صحت کی سہولیات کے مراکز محدود ہیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ متاثرہ علاقوں میں وہ بھی ایٹمی حملے کے دوران تباہ ہو چکی ہوں گی یا ان کو کافی نقصان پہنچ چکا ہوگا۔ اس طرح زخمیوں کو علاج کی سہولت دستیاب نہیں ہو سکے گی۔

8۔ جوہری جنگ کے اثرات

ہم نے تفصیل کے ساتھ ان اثرات کا جائزہ لیا جو جنوبی ایشیا کے کسی بڑے شہر پر گرائے گئے اور صرف ایک ایٹمی ہتھیار کے استعمال سے ظاہر ہو سکتے ہیں۔ یہ تصور محال ہے کہ کسی ایٹمی حملے کی صورت میں دوسری جانب سے اس کا رد عمل ظاہر نہیں کیا جائے گا۔ بھارت اور پاکستان دونوں کے پاس ایک دوسرے کے کئی یا شاید بہت سے شہروں کو تباہ کرنے کیلئے وافر ایٹمی ہتھیار اور ذرائع موجود ہیں۔

جنوبی ایشیا میں بڑے پیمانے کی جوہری جنگ کے خوفناک نتائج کو واضح کرنے کیلئے ہم نے یہ اندازہ لگایا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے دس بڑے شہروں میں ممکنہ طور پر ہلاک اور زخمی ہونے والوں کی تعداد کیا ہوگی۔ ان کئی شہروں کے بارے میں ان تخمینوں تک پہنچنے کیلئے ہم نے ایک سادہ طریقہ اختیار کیا ہے جو اس سے پہلے ممبئی کی تفصیل سے جانچ کیلئے استعمال کیا تھا۔ ہم نے ہر شہر پر 6 اگست 1945ء کو ہیروشیما پر ہونے والے ایٹمی حملے اور اس کے نتائج کا اطلاق کیا ہے۔ یعنی وسیع پیمانے پر پھیلنے والی آگ، اس سے جسم کا جھلسنا، تابکاری سے بیماری، عمارتوں کے گرنے سے اموات، طوفانی ہواؤں میں اڑتی ہوئی اشیاء سے جانی نقصان اور بم کی چکا چوند سے بینائی ضائع ہونا۔

مندرجہ ذیل گراف میں ہیروشیما میں ایٹم بم کے دھماکے کے مقام سے فاصلے کے لحاظ سے مرنے اور زخمی ہونے والوں کی تعداد کا تخمینہ دیا گیا ہے

شکل نمبر 1



Figure 1 Total population and casualty data for the August 6, 1945 attack on Hiroshima in 500 meter rings around ground zero. Reference: Hiroshima Shiyakusho [Hiroshima City Office], Hiroshima Genbaku Sensaishi [Record of the Hiroshima A-bomb War Disaster], Hiroshima, 1971, vol.

شکل نمبر 1: 6 اگست 1945ء کو ہیروشیما پر ہونے والے ایٹمی حملے کے نتیجے میں کل آبادی اور زخمی یا ہلاک ہونے والوں کے اعداد و شمار دکھائے گئے ہیں جو دھماکے کی جگہ سے پانچ پانچ سو میٹر کے فاصلے سے 5000 میٹر کے فاصلے کے اندر موجود تھے۔ حوالہ: ہیروشیما شائیوشو (ہیروشیما سٹی آفس)، ہیروشیما گنباکو سینسائیشی (ہیروشیما ایٹم بم سے ہونے والی تباہی کا ریکارڈ)، ہیروشیما 1971ء جلد نمبر 1۔

ہیروشیما سے حاصل کردہ یہ اعداد و شمار جو دھماکے کے مقام سے ہر 500 میٹر کے بعد 5

کلومیٹر کے دائرے میں موجود آبادی کے ہلاک اور زخمی ہونے والے حصے پر مبنی ہیں۔ کا اطلاق ان عدادوشمار پر کیا گیا ہے جو جنوبی ایشیاء کے دس بڑے شہروں میں سے ہر ایک کی آبادی کی شماریات سے متعلق ہیں۔ درج ذیل حساب کیلئے عالمی آبادی کا "لینڈ سکین" ڈیٹا بیس استعمال کیا گیا ہے۔ یہ ادارہ مردم شماری کے حوالے سے دستیاب بہترین معلومات منتخب کرتا ہے اور پھر مکانی تقسیم کی بنیاد پر اس کو ایک ایک مربع کلومیٹر کے حصوں میں بانٹتا ہے۔ یہ طے کرتا ہے کہ کس علاقے میں فی کلومیٹر کتنے لوگ آباد ہیں۔ اس امکانی تقسیم کی بنیاد کچھ اور معاملات کو بھی بنایا جاتا ہے جیسے ان علاقوں کی سڑکوں سے دوری، اس علاقے کی ماحولیاتی خصوصیات جیسے آب وہوا، جغرافیائی ڈھلوان اور کسی مصنوعی سیارے سے کسی علاقے میں رات کے وقت نظر آنے والی روشنیوں کی تعداد وغیرہ۔

ذیل میں دیا گیا جدول جنوبی ایشیاء کے دس بڑے شہروں میں سے ہر ایک پر ایٹمی حملے کے بعد مرنے والوں، شدید زخمی افراد اور معمولی زخمی افراد کی تعداد ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان اور بھارت کے ان شہروں کیلئے مرنے والوں کی کل تعداد 2.9 ملین یعنی 29 لاکھ تک ہے جبکہ پندرہ لاکھ شدید زخمی افراد اس کے علاوہ ہوں گے۔

شہر کا نام	گراؤنڈ زیرو سے 5 کلومیٹر کے اندر آبادی	اموات	شدید زخمی	ہلکے زخمی
بھارت				
بنگلور	3.077 937	314 978	175.136	411 336
ممبئی	3,143.284	477 713	228, 648	476 633
کلکتہ	3.520 344	357 202	198 218	476 336
چنئی	3,252 628	364 291	196 226	448 948
نئی دہلی	1,638 744	176,518	94.231	217,853
پاکستان				
فیصل آباد	2,376.478	336,239	174,351	373,967
اسلام آباد	798 583	154,067	66.744	129,935
کراچی	1 962 458	239,643	126,810	283,260
لاہور	2 682 092	258.139	149,649	354.065
راولپنڈی	1 589 828	163.791	86,846	220,585

جدول ۱ جنوبی ایشیا کے دس بڑے شہروں پر ایٹمی حملے کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں، شدید زخمی اور ہلکے زخمی افراد کی تعداد کا تخمینہ۔ ان دس شہروں میں 28 لاکھ اموات اور 15 لاکھ افراد کے زخمی ہونے کا امکان ہے۔

ہیروشیما کے تاریخی ریکارڈ کو بنیاد بنا کر پاکستان اور بھارت کے بڑے شہروں پر فرضی

جوہری ہتھیاروں کے حملے سے ہونے والے جانی نقصان کے بارے میں جو اندازے قائم کیے گئے ہیں اس سے اس حقیقت کی صرف ایک پرت کھلتی ہے کہ اگر جنوبی ایشیاء کے اس خطے میں جوہری ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا تو اس کے کتنے مہلک نتائج برآمد ہوں گے۔ واضح رہے کہ اس کے نتیجے میں وہ سماجی اور مادی نیٹ ورک بھی ختم ہو جائیں گے جو روزمرہ زندگی کو ممکن بناتے اور چلاتے ہیں۔ ہمارے خاندان اور ہمارے پڑوسی سب برباد ہو جائیں گے۔ فیکٹریاں، دکانیں، بجلی اور پانی کے نظام برباد ہو جائیں گے۔ ہسپتال، سکول اور دیگر سرکاری رفاہی ادارے نیست و نابود ہو جائیں گے۔ پناہ گزینوں کا سیلاب جسمانی یا مادی اثرات کو شہروں کی حدود سے کافی آگے لے جائے گا۔ یعنی تابکاری کے اثرات ان پناہ گزینوں کی شکل میں دور دور تک پھیل جائیں گے۔ دونوں معاشروں پر اس کے حتمی اثرات ایسے انداز میں جوہری ہتھیاروں کا نشانہ بننے والے علاقوں سے کافی آگے تک جائیں گے جن کے بارے میں کوئی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی۔ اس حقیقت سے کیسے انکار کیا جا سکتا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے شہریوں کے علاوہ پوری دنیا سے جوہری حملوں کے خلاف شدید ردعمل سامنے آئے گا۔ مختصر یہ کہ جنوبی ایشیاء میں اگر کبھی ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا تو کوئی بھی چیز پھر کبھی پہلے جیسی نہیں ہو سکے گی۔

* Adapted from *The Risks and Consequences of Nuclear War in South Asia*, Matthew McKinzie, Zia Mian, A. H. Nayyar and M.V. Ramana. In *Out of The Nuclear Shadow*, Smitu Kothari and Zia Mian (eds.), Zed Books, Rainbow Press & Lokayan, 200

2

جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں سے لاحق خطرات*

آر راجا رامن

اب جبکہ بھارت اور پاکستان کی حکومتوں نے ایٹمی راستہ اختیار کر لیا ہے تو دونوں ملکوں کے عوام کو ان خطرات سے پوری طرح آگاہ ہونا چاہیے جو ایٹمی ہتھیار رکھنے کی وجہ سے لاحق ہو سکتے ہیں۔ جاپان کے شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر امریکہ کے ایٹمی حملوں کی گزشتہ چھ دہائیوں کے دوران عالمی سطح پر جتنی مذمت اور امریکی انتظامیہ کی جتنی سرزنش کی گئی ہے، اس سے لوگوں میں یہ آگہی بڑھی اور شعور پیدا ہوا ہے کہ جب شہری آبادی پر ایٹم بم گرائے جاتے ہیں تو ان سے کس قدر تباہی مچتی ہے۔ لیکن ایٹمی ہتھیاروں سے ہونے والی تباہیاں اور ہلاکتیں محض ایسی صورتوں تک محدود نہیں رہتیں جو انھیں کسی سوچے سمجھے فیصلے کے تحت چلائے جانے کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ بھی کئی بڑے بڑے خطرات ہیں جو ایٹمی ہتھیار رکھنے کی وجہ سے لاحق ہو سکتے ہیں۔

برصغیر میں ان خطرات کا اندازہ لگانے کے لیے ہمیں یہ جاننا ہوگا کہ اگلے چند برسوں کے دوران بھارت اور پاکستان کتنے اور کس قسم کے ایٹمی ہتھیار تیار کرنے کی کوشش کریں گے۔ چونکہ یہ دونوں ملکوں کی قومی سلامتی کا معاملہ ہے اس لیے اس بارے میں کوئی بھی ہمیں ٹھیک ٹھیک نہیں بتائے گا تاہم بھارت کے ایٹمی منصوبے کے مسودے میں بیان کیے گئے اہداف کو مدنظر رکھا جائے تو بھارت کے ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں کچھ تخمینہ لگایا جا سکتا ہے۔ پاکستان کی جانب سے تاحال ایسی کوئی دستاویز سامنے نہیں آئی ہے۔ پھر بھی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں

کے معاملے میں بھارت کے ساتھ برابری قائم رکھنے کے لیے پاکستان بھی ویسے ہی ہتھیار تیار کرنے کی کوشش کر سکتا ہے جیسے بھارت کے پروگرام میں شامل ہیں۔ البتہ پاکستان کو بھی اسی نوعیت کے خطرات کا سامنا ہو سکتا ہے جن کا سامنا بھارت کو ہے۔

بھارتی ایٹمی منصوبہ ایک ایسی صلاحیت کا تقاضا کرتا ہے جس میں دشمن کی جانب سے شدید حملے کے جواب میں اسے ناقابل برداشت نقصان پہنچایا جا سکے اور ایسا کرنا اس صورت میں بھی ممکن ہو جب دشمن کے تباہ کن حملے کے باعث پہلے ہی بھارتی ہتھیاروں کو نقصان پہنچ چکا ہو۔ بھارتی منصوبے کے مطابق بھارت کے پاس ایک بڑی اور وسیع ایٹمی صلاحیت ہونی چاہیے جس کا انحصار ایک سہ شاخی پروگرام پر ہو جس میں ہوائی جہازوں کے ذریعے، زمین کی سطح سے چلائے جانے والے میزائل اور سمندری جہازوں اور آبدوزوں سے حملے کرنے کی صلاحیت موجود ہو۔ بھارتی منصوبے کے مطابق اس کے ساتھ ساتھ اسلحے اور فوج کو بچائے رکھنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا بھی ناگزیر ہے جو کئی گنا زیادہ اسلحہ و فوج رکھ کر، فریب اور ایٹمی ہتھیاروں کو کئی مقامات پر پوشیدہ اور متحرک رکھ کر عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ کسی شدید حملے کو روکنے اور فوری جوابی حملے کے لیے ہتھیاروں کو ایسی حالت میں رکھا جانا چاہیے کہ ان کو مختصر ترین وقت میں ریڈی اس کی حالت سے مکمل طور پر تیار اور چلائے جانے کی حالت میں لایا جا سکے۔

اس ساری صورتحال اور اس سارے منصوبے کو یکجا کر کے جائزہ لینے سے یہ تصویر ذہن میں ابھرتی ہے کہ اس پروگرام کو عملی شکل دینے کے لیے کم از کم ایک سو سے زیادہ ایٹم بم ہونے چاہئیں جو بھارت کے طول و عرض اور سمندری حدود میں پھیلا دیے جائیں اور اس کے ساتھ ہی میزائلوں کو اور بمبار جیٹ طیاروں کے بیڑے کو بھی ہر وقت تیار حالت میں ہونا چاہیے تاکہ حملے کی صورت میں فوری اور شدید ردعمل ظاہر کیا جا سکے۔ عین ممکن ہے کہ چند برسوں کے بعد برصغیر میں ایسی نازک صورتحال پیدا ہو جائے جس میں دونوں ملکوں کے پاس ایٹمی ہتھیاروں سے مسلح میزائلوں کی ایک پوری کھیپ ایسی تیار حالت میں موجود ہو کہ ان کا لانچ پیڈ تک جانا اور ہدف تک پہنچنا چند منٹوں کا معاملہ بن جائے۔ بھارت نے اعلان کر رکھا ہے کہ وہ ایٹمی ہتھیاروں کا پہلے استعمال نہیں کرے گا اور اس کے ایٹمی ہتھیار صرف دفاع کے طور پر استعمال ہوں گے۔ پھر بھی کسی دفاعی پالیسی جس میں اتنے وسیع پیمانے پر اور واضح طور پر بڑے بڑے ہتھیار استعمال ہوں، سے

ساتھ بہت سے دیگر خطرات بھی رکھتی ہے۔ ہم اس مضمون میں پہلے ان خطرات کا جائزہ لیں گے کہ ان کی نوعیت اور شدت کیا ہے اور پھر کچھ تجاویز پیش کریں گے جن پر عمل کر کے ان خطرات کو کم یا ختم کیا جا سکتا ہو۔

2.1۔ خطرات

ایٹمی ہتھیار رکھنے کی وجہ سے جو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں ان کو تین بڑے اہم حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

دشمن کے حملے کے بارے میں کوئی غلط اطلاع یا صورتحال کے غلط اندازوں کی بنیاد پر جلد بازی میں یا گھبراہٹ میں ایٹمی ہتھیار چلا دینے کا فیصلہ ہو سکتا ہے۔ یہ خطرہ بھی موجود ہے کہ کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کی ناکامی اور ہتھیاروں کے طریق کار کی ناکامی بغیر کسی منصوبے کے ہتھیاروں کے چلا دیئے جانے کا باعث بن جائے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ دہشت گرد کوئی حملہ کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔

2 ایٹمی ہتھیاروں کے ذخیرے میں حادثات ہو سکتے ہیں۔ چوری ہو سکتی ہے یا دشمن کے کسی ذخیرے میں دھماکہ ہو سکتا ہے۔ ایٹمی ہتھیار قدرتی طور پر بھی بڑے خطرناک ہوتے ہیں کیونکہ ان میں صرف کئی کلوگرام پلوٹونیم یا ہتھیاروں میں استعمال ہونے والا یورینیم ہوتا ہے بلکہ بھاری مقدار میں طاقتور دھماکہ خیز کیمیائی مواد بھی موجود ہوتا ہے۔

3 دشمن کی جانب سے ایٹمی حملے کی خبر ملتے ہی گنجان آباد شہری علاقوں میں بھگدڑ مچ سکتی ہے اور یہ صورتحال اپنے طور پر بڑی تعداد میں جانی و مالی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ خاص طور پر کسی جنگی بحران کے دوران نقصان زیادہ ہو سکتا ہے۔ حالانکہ اس وقت تک کوئی ایک ایٹم بم بھی نہیں چلایا گیا ہوگا۔

آئیے اب ان خطرات پر تفصیلی طور پر غور کرتے ہیں اور پھر یہ تجزیہ کیا جائے گا کہ ان درپیش خطرات کو کس طرح کم کیا جا سکتا ہے۔

2.2۔ غلطی سے یا غلط اندازوں کی وجہ سے ہتھیاروں کا چل جانا

شہری آبادیوں پر ایٹم بم گرانا، چاہے انہیں قصداً اور حالتاً جنگی مقاصد کے لیے چلایا گیا

ہو، خوفناک انسانی بربادی کا باعث بنتا ہے۔ یہ صورتحال اس وقت اور زیادہ خطرناک ہو جاتی ہے جب یہ ہتھیار دشمن کے ممکنہ اقدامات یا ارادوں کے بارے میں خدشات اور غلط اندازوں کی بنیاد پر گھبراہٹ یا جلد بازی میں چلا دیئے جائیں۔ اس سے بھی زیادہ خطرناک وہ صورت ہو گی کہ پیغام رسانی کی غلطی، کمپیوٹر کی خرابی یا دہشت گردوں کی کارروائی کے باعث بغیر اجازت یہ ہتھیار چل جائیں۔

غلط فہمی اور غلط اندازہ لگانے سے لاحق خطرات یقیناً حقیقی ہیں۔ امریکہ اور سوویت یونین کے مابین ایک عرصہ تک جاری رہنے والی سرد جنگ کی تاریخ اس طرح کی لاتعداد مثالوں سے بھری پڑی ہے۔ مثال کے طور پر امریکہ نے پہلا ایک پیشگی خبردار کر دینے والا نظام قائم کر رکھا تھا جو متعلقہ امریکی حکام کو کسی میزائل حملے سے بروقت آگاہ کر دیتا تھا۔ حساب کر کے یہ اندازہ لگایا گیا تھا کہ کسی میزائل کو سوویت یونین سے امریکہ تک پہنچنے میں 25 منٹ کا وقت لگتا ہے۔ چنانچہ اس نظام کے پیچھے سوچ یہ تھی کہ اس دورانیہ کے دوران میزائل حملے کی تنبیہ جاری ہو جائے، اس کی تصدیق ہو جائے کہ یہ واقعی دشمن کا حملہ ہے اور اس پر ردعمل کا کوئی فیصلہ کیا جائے جو مناسب ذرائع سے صدر تک پہنچایا جائے تاکہ ان کی اجازت سے اپنے ہتھیاروں کو تباہ ہونے سے پہلے دشمن پر داغ دیا جائے[2]۔ جدید ترین آلات اور مشینری پر مبنی یہ نظام مصنوعی سیاروں اور ریڈاروں کے ایک وسیع نیٹ ورک پر مشتمل تھا، جس میں غلط اطلاعات کے خدشات کو ختم کرنے کے لئے چھان پھٹک کے انتظام بھی تھے۔ اس کے باوجود 1977ء سے 1984ء تک کے سات برسوں کے دوران اس نظام سے 20,000 مرتبہ خطرے کی غلط گھنٹیاں بجیں کہ میزائل حملہ ہونے جا رہا ہے[3]۔ ان میں سے اوسطاً کم از کم ایک ہزار مرتبہ خطرے کے اشارے اتنے واضح اور سنجیدہ نوعیت کے تھے کہ ان کے موصول ہونے پر بمبار طیاروں اور میزائلوں کو چلائے جانے کے لیے مکمل طور پر تیار کر لیا گیا تھا۔ یہ تیاری اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ صرف صدر کے حتمی حکم نامے کا انتظار کیا جا رہا تھا کہ وہ جوابی حملے کا اشارہ کر دیں تو ان کو چلا دیا جائے۔ سوویت یونین کو اس سے کہیں زیادہ مشکل صورتحال کا سامنا تھا۔ شمالی اٹلانٹک اور بحر الکاہل میں امریکہ کی آبدوزیں موجود تھیں اور ان آبدوزوں سے میزائل صرف دس منٹ میں روس تک پہنچ کر اپنے اہداف کو نشانہ بنا سکتے تھے[4]۔ اگرچہ روسی تجزیے کے بارے میں تفصیلی معلومات بہت کم دستیاب ہیں لیکن یہ بات کافی وثوق

کے ساتھ کی جا سکتی ہے کہ وہاں جو بھی نظام تھا، وہ بھی غلط الارم بجاتا رہا۔ مثال کے طور پر 1995ء میں ناروے نے ایک راکٹ خلا میں بھیجا جو مکمل طور پر سائنسی مقاصد کے لیے تھا لیکن سوویت یونین کے ابتدائی وارننگ نظام نے اسے دشمن کی طرف سے ممکنہ حملہ تصور کیا اور خطرے کی گھنٹیاں بج اٹھیں، اور معاملہ فوجی کمانڈ کے پورے سلسلے سے ہوتے ہوئے آخری فیصلے کے لئے روسی صدر بورس یلسن تک پہنچ گیا۔

خوش قسمتی یہ رہی کہ ان تمام واقعات میں غلطی کو بروقت پکڑ لیا گیا اور کسی حتمی حملے سے پہلے ہی حالات کو سنبھال لیا گیا۔ پھر بھی پریشانی کا پہلو یہ تھا کہ کئی مواقع پر، یہ غلطی سے ہونے والے ایٹمی حملے کے ہاتھوں عالمگیر بربادی سے محض چند منٹ دور رہ گئی۔

جس بات پر ہم یہاں زور دے رہے ہیں وہ یہ نہیں کہ بھارت میں بھی اس قسم کا بروقت خبردار کر دینے والا نظام ایسے ہی غلط سگنل دے گا۔ بلکہ یہ کہ درحقیقت ہم ایسا کوئی نظام رکھنے کی عیاشی کر ہی نہیں سکتے ہیں اور اس کی وجہ صرف یہ نہیں ہے کہ یہ نظام قائم کرنے پر بھاری اخراجات اٹھتے ہیں بلکہ اس کا ایک سبب ہمارے ملک کا جغرافیائی محل وقوع بھی ہے۔ بھارت سے پاکستان یا پاکستان سے بھارت پہنچنے کے لیے میزائلوں کو محض پانچ منٹ لگتے ہیں۔ یہ اتنا کم وقت ہے کہ کوئی بامعنی وارننگ دی ہی نہیں جا سکتی۔ اس پر سوچ بچار کر کے فیصلے کرنا تو بڑی دور کی بات ہے۔

بمبار طیاروں کے ذریعے ایٹمی حملہ ہونے کی صورت میں وارننگ کا وقت تو زیادہ مل جاتا ہے، لیکن اس میں مشکل یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیار بردار طیارے کی اس علاقے میں اڑنے والے دیگر ہوائی جہازوں سے تفریق آسانی سے نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ ایک ہی طریقہ رہ جاتا ہے کہ بالواسطہ اشاروں والے ایسے نظام پر اکتفا کیا جائے جس سے تھوڑا زیادہ وقت مل جائے۔ جیسے دشمن کے میزائل داغنے کی جگہوں، ہوائی اڈوں اور ایٹمی اسلحے کے ذخیرہ پر غیر معمولی سرگرمی کا پتہ چلنا، سیاسی عزائم اور ان کے فوجی منصوبوں کے بارے میں انٹیلی جنس رپورٹیں وغیرہ۔ ایسی اطلاعات سے کسی ممکنہ حملے کے بارے میں زیادہ سے زیادہ ثانوی شواہد ہی مل سکتے ہیں جو بہت زیادہ ٹھوس نہیں ہوتے اور ان کا غلط اندازہ لگا کر کوئی غلط اقدام کر بیٹھنے کا احتمال رہتا ہے۔ ایک بہت معقول صورت وہ ہو سکتی ہے جس میں کسی جنگی بحران کے دوران ایسے بالواسطہ شواہد جا بجا شدت اختیار کرنا شروع ہو جاتے ہیں اور اشارہ دیتے ہیں کہ ایٹمی حملہ ہونے والا ہے۔ ایسے شواہد

معتبر ہو تو ہو سکتے ہیں لیکن ضروری نہیں کہ سو فیصد درست ہوں۔ ایسی صورتحال میں ملک کی قیادت کس قدر غیر معمولی تذبذب سے دوچار ہوتی ہوگی اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس پر اس کے اپنے اداروں کے عقابی (جنگ کے حامی) عناصر کی جانب سے بے تحاشا دباؤ بڑھ جاتا ہے کہ انسدادی کارروائی کے طور پر حملہ کر دیا جائے، چاہے یہ منٹوں کے اندر ہو، گھنٹوں میں ہی سہی۔ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال میں پہل نہ کرنے کے دعوؤں کے باوجود اور اس بات سے قطع نظر کہ ملکی قیادت اپنی قومی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے کسی غلط فیصلے کے نتائج کی سنگینی کے بارے میں کس قدر فکرمند رہتی ہے یہ تصور کرنا محال ہے کہ وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی رہے گی اور کسی جوابی حملے کے بغیر دشمن کے میزائلوں کو اپنی سرزمین پر برسنے دے گی۔ ایسے میں وہ خطرناک صورتحال جنم لیتی ہے جو محض اندیشے کی بنیاد پر گھبراہٹ میں فوری ایٹمی حملے کے لیے دباؤ کا باعث بنتی ہے، چاہے وہ اندیشے بعد میں غلط ثابت ہو جائیں۔

جس پر اچانک حملے کے لیے دباؤ اس صورت میں زیادہ شدید ہوتا ہے اگر ایٹمی ہتھیاروں سے مسلح بمبار طیارے پہلے ہی پوری طرح تیار کھڑے ہوں اور اشارہ ملتے ہی منٹوں میں حملہ آور ہونے کی پوزیشن میں ہوں۔ جب بم اور میزائل کئی دن تک ایسی تیار حالت میں رکھے جائیں کہ انہیں کسی بھی لمحے چلایا جا سکے تو پھر یہ بے چینی پیدا ہونے لگتی ہے کہ ان کو چلا دیا جانا چاہیے۔ ایک صلاحیت کا وجود فیصلہ سازی کے عمل میں از خود ایک تحرک (momentum) پیدا کر دیتا ہے۔ اب اس بارے میں کوئی شبہ نہیں رہا کہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر بم گرانے کے فیصلے کے پس منظر میں جزوی طور پر یہ حقیقت کارفرما تھی کہ سائنس دانوں اور فوجیوں کی کوششوں سے جو ایٹم بم تیار ہوئے تھے، وہ اب وہاں موجود تھے اور منتظر تھے کہ انہیں کسی حقیقی ہدف پر گرا دیا جائے۔

دراصل یہ حقیقت کہ مدمقابل کے پاس بھی ویسے ہی ایٹمی اسلحہ موجود ہے اور اسے بھی ایسے ہی اندیشوں کا سامنا ہے صورتحال کی خطرناکی کو کئی گنا بڑھا دیتی ہے۔ چاہے ایک فریق اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو محض دفاعی نوعیت کا تصور کرتا ہو، لیکن اگر وہ انہیں بالکل تیار حالت میں رکھے تو فریق ثانی یقیناً یہی سوچے گا کہ وہ عجلت میں حملے کے لیے ہیں۔ ایک دوسرے سے لاحق خطرے کا اندازہ لگاتے ہوئے دونوں فریقوں کو صرف کسی قصداً حملے کے امکانات کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے بلکہ ان امکانات کا خیال بھی رکھنا ہوتا ہے کہ غیر ارادی طور پر یا محض حادثے کے باعث کوئی

گھبراہٹ کا شکار ہو کر بھی حملہ ہو سکتا ہے۔ ایک دوسرے کی طرف سے بڑھتے ہوئے خدشے دونوں ملکوں کی تزویراتی (سٹریٹیجک) جنگ تدابیر میں شامل ہوتے رہتے ہیں، اور مزید بڑھتے جاتے ہیں۔

ملکی قیادت کی جانب سے ایٹمی حملے کے بارے میں اندازہ لگانے میں انسانی غلطیاں سرزد ہونے کے خطرے کے علاوہ ایک اور خطرہ ٹیکنالوجی کی ناکامی کی وجہ سے نادانستہ طور پر کسی ایٹمی ہتھیار کے چل جانے کا بھی ہے۔ ذخیرہ کی گئی حالت میں اور لانچ کیے جانے کی پوزیشن دونوں حالتوں میں ایٹمی ہتھیاروں اور میزائلوں کے لیے اعلیٰ ٹیکنالوجی سے لیس حساس آلات بروئے استعمال کیے جاتے ہیں۔ مصنوعی سیاروں کی بنیاد پر قائم جاسوسی نظاموں اور کمانڈ اینڈ کنٹرول کے پورے سلسلے میں بھی ایسے ہی حساس آلات استعمال ہوتے ہیں۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کو ایک مواصلاتی نظام رابطہ کی بھی ضرورت ہوتی ہے تاکہ اعلیٰ سطح پر فیصلہ سازوں کے ساتھ رابطے قائم رکھے جا سکیں۔ اعلیٰ ترین فیصلہ سازی کی نگہداشت پر ہوتی ہے جس کے ذریعے اس فوجی کمانڈ کو اجازت دی جاتی ہے جس کی ذمہ داری ہتھیار چلانا ہوتی ہے، جو فیلڈ کمانڈر، اور جاسوسی کے ذرائع ہوتے ہیں۔ ایٹمی بحران کے دوران ان میں سے ہر نظام کو اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کام کرنا پڑتا ہے۔ اس صلاحیت میں کمی یا ناکامی سے کسی سگنل کا غلط تجزیہ کیا جا سکتا ہے اور غلط جنگ تدابیر ہو سکتی ہیں جس کے نتیجے میں غیر ارادی طور پر کوئی ایٹمی ہتھیار چل سکتا ہے۔ نظام کے ناکام ہونے کے خدشات بہرحال موجود ہوتے ہیں۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ امریکہ کے پیشگی خبردار کرنے والے نظام نے کئی بار غلط سگنل دیے جو اس نظام کے ناکام ہونے کی واضح مثالیں ہیں۔ ایک واقعے میں کوئی فرد کمپیوٹر کے اس پروگرام کو بند کرنا بھول گیا تھا جو کہ حملوں کی نقل تیار کرتا تھا۔ ایک اور موقع پر کمپیوٹر کی ایک چھوٹی سی چپ ناکارہ ہو گئی تھی۔ یہاں بھارت میں ہو سکتا ہے کہ ہم بروقت خبردار کرنے والا کوئی نظام نہ بنا سکیں لیکن امریکی تجربہ ہمیں بتاتا اور سکھاتا ہے کہ ایسے نظام بھی ناکام ہو سکتے ہیں جن میں نفیس ترین اور جدید ترین ٹیکنالوجی استعمال کی گئی ہو جو بہترین پرزوں اور آلات سے بنائے گئے ہوں اور جن پر بہترین تربیت یافتہ افراد کام کر رہے ہوں۔ امریکہ کا یہ نظام بار بار ناکام ہوتا رہا ہے جس کی وجہ وہ عوامل تھے جو اسی طرح عام ہیں جس طرح انسانی غلطیاں اور کمپیوٹر کی کسی چپ کا مناسب طور پر کام نہ کرنا۔

واپس بھارت کی طرف آتے ہیں۔ یہاں کوئی بھی جو ہمارے ملک میں بنیادی ڈھانچے (انفراسٹرکچر) کی سہولتوں کی کارکردگی سے واقف ہے، وہ اتنے وسیع اور پیچیدہ مواصلاتی نظام کو بغیر کسی غلطی کے طویل عرصے تک روزمرہ کی بنیاد پر قائم رکھنے اور چلائے رکھنے کے بارے میں پریشان ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ درست ہے کہ حکومت کے اعلیٰ ٹیکنالوجی والے شعبے ہمارے سرکاری بجلی کے اداروں کی نسبت کہیں زیادہ موثر انداز میں کام کر رہے ہیں۔ ہم نے کئی پیچیدہ تخلیقی مشن بڑی کامیابی کے ساتھ مکمل کیے ہیں جن میں مصنوعی سیارے خلا میں بھیجنا اور پوکھران کے ایٹمی تجربات بھی شامل ہیں۔ اس کے باوجود مصنوعی سیارہ خلا میں بھیجنے اور ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول کے لیے مواصلاتی نظام کی دیکھ بھال ایک دوسرے سے مختلف معاملات ہیں۔ مصنوعی سیارہ چھوڑنے کے نظام میں کسی حصے یا پرزے کی کمی کی وجہ سے جس سے کاؤنٹ ڈاؤن کا عمل دوبارہ شروع کرنا پڑے، زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ مصنوعی سیارہ اور اس کو خلا میں لے جانے والا راکٹ دونوں تباہ ہو جائیں گے۔ ایسا ہونا یقیناً ایک بڑا نقصان اور ایک بڑا سنجیدہ معاملہ ہوگا لیکن یہ نقصان اس نقصان کے مقابلے میں کچھ حیثیت نہیں رکھتا جو کسی ایٹمی بحران کے دوران اہم ترین رابطوں میں پیدا ہونے والی گڑبڑ کے نتیجے میں ہو سکتا ہے یا ہتھیاروں کی حفاظت کے لیے بنائے گئے نظام میں کسی خرابی کی وجہ سے اٹھانا پڑ سکتا ہے۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ ایٹمی حملوں سے نمٹتے ہوئے ہمارے پاس دوسرا موقع نہیں ہوتا۔

ایک اور فرق یہ ہے کہ کسی مصنوعی سیارے کو چھوڑنا یا ایسی ہی کسی کا تجربہ ایک خاص وقت اور موقع پر عروج کو پہنچنے والا ایک الگ اور وقتی پروجیکٹ ہوتا ہے۔ ہماری ٹیکنالوجی سے وابستہ ماہرین نے ایسے منصوبوں کے دوران "سب چلتا ہے" والی سوچ اور رویے کو تبدیل کر کے ایسے سخت اصول و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنا کر دکھایا ہے۔ تاہم ایٹمی ہتھیاروں سے وابستہ مواصلاتی اور استعمال کے نظام اپنی نوعیت کے اعتبار سے مختلف معاملات ہیں۔ وہ پہلے سے مقرر کی گئی کسی معینہ تاریخ کو نہیں چلائے جاتے، نہ ہی مقررہ وقفوں سے بار بار ان کو چلانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ زیادہ توقع یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیار کئی برسوں تک بغیر چلائے اسی طرح پڑے رہیں گے۔ تاہم کسی ایٹمی بحران کی صورت میں اس نظام کو چند منٹوں کے اندر اندر اپنی ایک ایک صلاحیت کو روبہ کار لاتے ہوئے استعمال کے لیے تیار پایا جانا ہوگا۔ چنانچہ ضروری ہے کہ روزمرہ بنیاد پر ان

انتظام کو مکمل طور پر چوکس حالت میں رکھا جائے۔ ایسی چوکس حالت میں جس میں غلطی کا کوئی اندیشہ نہ ہوتا کہ اچانک پیدا ہونے والے کسی بحران کی صورت میں اس کو فوری طور پر استعمال میں لایا جا سکے۔ اس انتظام کے انفرادی حصوں کی وقتاً فوقتاً چیکنگ اور مشقیں حقیقی صورتحال کا اظہار نہیں ہو سکتیں کیونکہ کسی بڑے اور اصل خطرے کی صورت میں پورے انتظام کو ایٹمی حملے کا مقابلہ کرنے کے لیے ہنگامی اور غیر یقینی کی صورتحال میں کام کرنا ہوتا ہے۔ ہم لیکن جو پیچیدہ نظاموں کی طویل المیعاد دیکھ بھال کے حوالے سے ہمارا ماضی کا ریکارڈ اچھا نہیں ہے۔ یہاں یک رویہ در رجحان ہے کہ کام کا آغاز تو بہت سرگرمی کے ساتھ اور چست و ہوشیار رہ کر کیا جاتا ہے اور کارکردگی بھی دکھائی جاتی ہے لیکن جب کچھ عرصے کے لیے کوئی واقعہ پیش نہیں آتا تو یہ ساری سرگرمی ختم ہو جاتی ہے۔ عوامی عمارات میں فائر الارم نظاموں کی ناکامی سے لے کر یونین کاربائیڈ فیکٹری بھوپال میں ہونے والے حادثے جس میں وسیع پیمانے پر ہلاکتیں ہوئی تھیں، تک اس حوالے سے کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ ایک اور مثال انڈین [illegible] کے علاوہ [illegible] کا ہے جس کو تیزی کے ساتھ [illegible] کر دیا گیا حالانکہ ماہرین کی چابکدست ٹیم کی تیاری پر قوم کا بھاری سرمایہ خرچ ہوا تھا۔

3.2 ۔ ایٹمی ہتھیاروں کے قریب آتشزدگی اور دھماکے

یہ تو سب جانتے ہیں کہ جب ایٹمی ہتھیار چلتے ہیں تو بے تحاشا تباہی پھیلتی ہے۔ تاہم بہت کم لوگ یہ جانتے ہوں گے کہ ایٹمی ہتھیار اس وقت بھی کافی خطرناک ہوتے ہیں جب یہ ظاہری طور پر ایک جگہ پڑے ہوتے ہیں۔ ایٹمی ہتھیار سٹور میں پڑے ہوں، ٹرکوں پر ایک سے دوسری جگہ لے جائے جا رہے ہوں، طیاروں میں لوڈ کیے گئے ہوں یا میزائلوں پر نصب کیے گئے ہوں، ہر حالت میں خطرناک ہوتے ہیں کیونکہ ان میں ایک ایسا شیل ہوتا ہے جس میں بے حد طاقتور بارودی مواد بھرا ہوتا ہے اور جو پلوٹونیم یا افزودہ یورینیم سے بنے ایک مرکزی حصے کو گھیرے ہوئے ہوتا ہے۔ (تھرمو نیوکلیئر ہتھیاروں میں ایک دوسرا مرحلہ بھی ہوتا ہے جو اپنی باری آنے پر انشقاقی ہتھیاروں کی مدد سے چلنا شروع ہوتا ہے)۔ بے حد دھماکہ خیز مواد کا یہاں کردار یہ ہے کہ جب یہ پھٹتا ہے تو انشقاقی مواد کو دباتا ہے اور ایٹمی زنجیری عمل کے اس سلسلے کا آغاز کرتا

ہے جس کا نتیجہ ایٹمی دھماکے کی صورت میں نکلتا ہے۔

یہ بے حد طاقتور بارودی مواد خود ایک بڑا خطرہ ہوتا ہے۔ گرچہ یہ بم کی بیرونی دھاتی خول کے اندر رکھا ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود یہ بہت جلد آگ پکڑ سکتا ہے اور قریب کہیں بیرونی آتشزدگی یا دھماکوں کی وجہ سے بھی اس میں آگ لگ سکتی ہے۔ اس دھماکہ خیز مواد کو اگر ایک بار آگ لگ جائے تو پھر اس کے سنگین نتائج اور اثرات برآمد ہوتے ہیں۔

ایٹمی ہتھیاروں کے قرب و جوار میں آتشزدگیوں اور حادثات کے خدشات بالکل حقیقی ہیں۔ خاص طور پر اس وقت خطرے کی شدت بڑھ جاتی ہے جب ان ہتھیاروں کو ہائی الرٹ کی حالت میں رکھا ہو، جو میزائلوں میں فٹ کر دیا گیا ہو یا بمبار طیاروں پر نصب کر دیا گیا ہو جن میں تیزی سے جلنے والا ایندھن بھی بھرا ہوتا ہے۔ اس کی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ 1981ء میں امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ڈیفنس نے سرکاری سطح پر ایک سمری جاری کی جس میں 1950ء سے 1980ء کے درمیانی عرصے میں امریکہ کے ایٹمی ہتھیاروں میں ہونے والے 32 حادثات کا ذکر تھا[6]۔ یہ حادثات عمومی طور پر ان ہتھیاروں کی ہوائی جہاز یا میزائل کے ذریعے ترسیل کے دوران رونما ہوئے۔ میزائل کے حادثات میں اہم واقعہ 1960ء میں امریکی BOMARC میزائل کا ہے جو نیو جرسی میں واقع میک گوائر ایئر فورس بیس پر پیش آیا۔ اس حادثہ میں میزائل کے ایندھن کی ٹنکی میں دھماکے سے آگ لگ گئی تھی[6]۔ ہوائی جہازوں کے ساتھ بھی ایسے حادثات پیش آ چکے ہیں۔ ان میں سپین میں پالومارز اور گرین لینڈ میں تھولے کے حادثات نمایاں ہیں۔ دونوں واقعات میں ایٹمی ہتھیار لے جانے والے ہوائی جہاز زمین پر گر کر تباہ ہو گئے تھے جس سے ایٹمی ہتھیاروں کے مرکزی حصے کو گھیرے ہوئے بارودی مواد میں آگ بھڑک اٹھی تھی[7]۔

اسی عرصے کے دوران (یعنی 1950ء تا 1980ء) سوویت یونین میں ایسے کتنے حادثات پیش آئے ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا مشکل کام ہے۔ تاہم کئی رپورٹیں ملی ہیں کہ وہاں ایٹمی ہتھیاروں کے کم از کم 25 سنگین نوعیت کے حادثات پیش آ چکے ہیں[8]۔ اس حوالے سے 1977ء میں پیش آنے والا ایک حادثہ قابل ذکر ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ایٹمی میزائل سے اس کا ایندھن رس کر [illegible] کے گودام میں بہہ نکلا اور بعد میں دھماکے سے پھٹ پڑا۔ اس حوالے سے ایک تازہ مثال بھی موجود ہے۔ 16 جون 2000ء کو ولادی ووسٹک کے قریب

ایک بیلسٹک میزائل کو ٹرانسپورٹ جہاز سے نیچے اتارا جا رہا تھا کہ وہ گودی کی ریلنگ میں پھنس گیا[9]۔ اس حادثے کے نتیجے میں تقریباً تین ٹن ٹھوس ایندھن الگ ہو گیا اور بعد ازاں پھٹ گیا۔ اس حادثے میں کافی لوگ زخمی ہوئے اور قریبی گاؤں خالی کرنے پڑے۔ خوش قسمتی یہ رہی کہ اس حادثے کے وقت میزائل میں کوئی ایٹمی ہتھیار موجود نہیں تھا۔

جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں کے حادثات کی تا حال کوئی رپورٹ سامنے نہیں آئی ہے لیکن اسلحے کے ذخیروں میں آتشزدگی کے کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ ایک تازہ مثال تقریباً دو سال پہلے بھارت پور کے قریب ہتھیاروں کے ایک ذخیرے میں لگنے والی آگ تھی۔ ایک رپورٹ کے مطابق اس حادثے میں کئی سو ٹن فوجی مواد و سامان تباہ ہو گیا جبکہ کئی راکٹ اور میزائل اڑ گئے اور پھٹ گئے[10]۔ ایسی ہی آتشزدگیاں بیکانیر اور دھوان بیڈ کے مقامات پر بھی ہوئیں۔ اگر ایسی کسی آتشزدگی کے موقع پر دو چار ایٹمی ہتھیار بھی ہوائی جہاز یا میزائل پر لدے ہوتے تو اس طرح کے حادثات پیش آ سکتے تھے جن کا ذکر ذیل میں کیا جا رہا ہے۔ جنوبی ایشیا میں خاص طور پر تشویش کا باعث وہ میزائل ہیں جن میں مائع ایندھن استعمال کیا جاتا ہے۔ بھارت کے پرتھوی اور پاکستان کے غوری ایسے ہی میزائل ہیں۔ انہیں چھوڑنے کے عمل کے دوران حادثات پیش آنے کا کافی خطرہ ہوتا ہے۔ رپورٹوں کے مطابق بھارت کے پرتھوی میزائلوں میں جو مائع ایندھن استعمال کیا جاتا ہے وہ IRFNA اور زائلیڈین اور ٹرائی ایتھائل امین کے 50 50 آمیزے پر مشتمل ہوتا ہے[11,12] جو خود بخود آگ پکڑ لیتا ہے۔ اس لئے اسے میزائل اڑنے سے تھوڑی ہی دیر پہلے بھرا جاتا ہے۔

کسی بیرونی حادثے یا آتشزدگی کے باعث جب کسی ایٹمی ہتھیار کے اندر موجود آتش گیر مواد کو آگ لگ جائے تو اس سے تین طرح کے نتائج پیدا ہو سکتے ہیں، جن کی بڑھتی شدت کے حساب سے ترتیب یہ ہے۔

(i) آتش گیر مواد جل جائے لیکن پھٹے نہیں۔ اس سے ہتھیار پگھل جائے گا اور ماحول میں پلوٹونیم کی محدود مقدار بھی خارج ہو سکتی ہے۔ تاہم یہ خارج ہونے والا پلوٹونیم حادثے کی جگہ کے ارد گرد تک محدود رہے گا اور ماحول اور عوام کی صحت پر اس کے اثرات کی شدت محدود رہے گی۔ چونکہ ایسے حادثے کے اثرات محدود رہتے ہیں اس لیے ہم اس کی مزید

تفصیل پر نہیں جائیں گے۔

(ii) آتش گیر مادے کے زوردار دھماکے سے پھٹنے سے پلوٹونیم بھاپ بن کر اڑ جائے اور ماحول میں پھیل جائے۔

(iii) آتش گیر مادے کے زوردار دھماکے سے پھٹنے کے نتیجے میں ایٹمی مواد کے اندر انشقاقی عمل شروع ہو جائے جو قابو سے باہر ہو کر ایٹمی دھماکے کی شکل اختیار کر لے۔

تیسرے نمبر پر جو خدشہ ظاہر کیا گیا ہے وہ سب سے زیادہ تباہ کن ہوگا۔ ایسا ہونے کے امکانات بہت کم ہیں لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ایسا کبھی نہیں ہوگا۔ یہ درست ہے کہ تا حال کسی ایٹمی ہتھیار کے از خود چل جانے کا کوئی سانحہ رونما نہیں ہوا ہے لیکن اس کی جزوی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ بڑی ایٹمی طاقتوں نے ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن میں حفاظتی تدبیر کا خیال رکھا ہے۔ مثال کے طور پر امریکی ذخیرے میں موجود جدید ایٹمی ہتھیار "ون پوائنٹ سیف" ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایٹمی (انشقاقی) مواد کو گھیرے ہوئے کیمیائی دھماکہ خیز حصوں میں سے صرف کسی ایک میں ہونے والے حادثاتی دھماکے سے ایٹمی دھماکہ نہیں ہوگا۔ (اس معاملے کو مختصراً اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے کہ ایک ون پوائنٹ سیف ایٹمی ہتھیار میں دھماکہ خیز نظام کے کسی ایک حصے میں دھماکہ ہونے کی صورت میں چار پاؤنڈ (دو کلوگرام) ٹی این ٹی کے برابر ایٹمی دھماکہ پیدا ہونے کا امکان دس لاکھ میں ایک سے بھی کم ہے[13]۔ [ایک کلوٹن کے ایٹمی ہتھیار میں دھماکہ پیدا کرنے کی صلاحیت ہے جتنی 1000 ٹن (یعنی دس لاکھ کلوگرام) ٹی این ٹی میں ہوتی ہے]۔

تاہم یہ ضروری ہے کہ حفاظتی تدابیر کو ہتھیار کے ڈیزائن کا حصہ بنانے سے پہلے ان کی کڑی آزمائش کر لی جائے۔ ایٹمی ہتھیاروں کی سلامتی کے بارے میں یہ بڑھتی ہوئی فکرمندی ہی تھی جس نے امریکہ کو مجبور کیا کہ حفاظتی آلات کی جانچ کی خاطر یہ ایٹمی ہتھیاروں کے 130 ٹیسٹ کرے۔ اسی طرح کہا جاتا ہے کہ سوویت یونین نے 1949ء سے 1990ء تک کے درمیانی عرصے میں بموں میں حفاظتی آلات کی جانچ کے لئے 42 ہتھیاروں کے تقریباً 25 ٹیسٹ کئے[14,15]۔ یہ واضح نہیں ہے کہ بھارت اور پاکستان نے، جن کے ایٹمی پروگرام ابتدائی مراحل میں ہیں، اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن میں ایسے حفاظتی ٹیسٹ کئے ہیں یا نہیں۔

اگر حادثاتی طور پر کہیں کوئی ایٹمی دھماکہ ہو جائے تو لامحالہ اس کے نتائج بھی ویسے ہی ہوں گے

جو جنگ کے دوران قصداً ایٹمی ہتھیار چلانے سے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر 15 کلوٹن (ہیروشیما پر گرائے گئے بم کے برابر) طاقت والا ایٹم بم حادثاتی طور پر پھٹ جائے تو اس کے دھماکے اور آگ سے پانچ مربع کلومیٹر کے علاقے میں ہر چیز کا صفایا ہو جائے گا۔ 25 مربع کلومیٹر کا علاقہ تابکاری کی زد میں آ جائے گا اور اس کی آدھی آبادی تابکاری سے پیدا ہونے والے بخار اور دیگر بیماریوں سے مر جائے گی۔ اگر کسی ایٹمی ہتھیار کے پھٹنے کا کوئی حادثاتی واقعہ جنوبی ایشیا کے کسی بڑے شہر کے اندر یا اس کے آس پاس پیش آ گیا تو کئی لاکھ افراد اس سے ہلاک ہو جائیں گے[16]۔

ایسے حادثے کے نتیجے میں جو بھگدڑ اور افراتفری پھیلے گی اس میں یہ پتہ کرنے میں کافی وقت لگ جائے گا کہ حادثے کی وجہ کیا تھی۔ چنانچہ ایسے حادثاتی ایٹمی دھماکے سے یہ خطرہ بھی پیدا ہو سکتا ہے کہ اسے دشمن کا ایٹمی حملہ سمجھ لیا جائے۔ لہذا اس کے ردعمل میں جوابی حملے ہو سکتے ہیں اور ایک پوری شدت کی جنگ چھڑ سکتی ہے۔ جنگ چھڑنے کا احتمال اس وقت اور زیادہ ہو گا جب دونوں ممالک ایٹمی ہتھیار چلائے جانے کے لیے بالکل تیار حالت میں ہوں۔

درج بالا تمام پوائنٹس میں سے آئیے اب دوسرے ممکنہ منظر کا جائزہ لیتے ہیں۔ اگر دھماکہ خیز مواد پھٹنے کے باوجود اس سے پوری شدت کا ایٹمی دھماکہ نہ بھی ہو تو بھی اس سے ایٹمی مواد باریک باریک ذرات میں تقسیم ہو جائے گا۔ اگرچہ اس طرح جو نقصان ہو گا وہ ایٹمی دھماکے سے کم تباہ کن ہو گا لیکن پھر بھی اس سے کافی زیادہ نقصان ہو گا۔ آئیے اس امکان کا قدرے تفصیل سے جائزہ لیتے ہیں[17, 18]۔ (ہم توجہ پلوٹونیم سے ہونے والے حادثات پر مرکوز رکھیں گے۔ بھارت اپنے ایٹمی ہتھیاروں میں پلوٹونیم استعمال کرتا ہے جبکہ پاکستان کا انحصار یورینیم پر ہے لیکن خوشاب ری ایکٹرز سے پلوٹونیم حاصل ہونے لگے گا تو پاکستان بھی ممکن ہے کہ بھارت کی طرح اپنے ہتھیاروں میں پلوٹونیم ہی استعمال کرنے لگے۔)

دھماکہ خیز مادہ کے پھٹنے سے (انشقاق نہ ہونے کی صورت میں) تمام پلوٹونیم باریک ذرات کی ایک پھوار کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ دھماکے سے نکلنے والی گرم گیسوں میں یہ پھوار اوپر اٹھے گی اور ہوا کے ساتھ دور تک پھیل جائے گی۔ اگر جائے وقوعہ پر ہوا تیز ہو تو وہ پھوار کو کچھ فاصلے تک اڑا لے جائے گی۔ عام طور پر یہ فاصلہ دس کلومیٹر تک ہو سکتا ہے۔ اس علاقے میں موجود

انسان اور حیوان اس آلودہ ہوا میں سانس لیں گے اور پلوٹونیم سے آلودہ ہوا اپنے جسم میں لے جائیں گے۔ پلوٹونیم کے جسم پر پڑنے یا جسم کے اندر داخل ہونے کی وجہ سے جسم کو جو نقصان پہنچتا ہے وہ ایک پیچیدہ معاملہ ہے، تاہم اس پر کافی تحقیق ہو چکی ہے۔ پلوٹونیم کی آلودگی دو طرح سے جسم میں داخل ہوتی ہے۔ ہوا کے ذریعے سانس کے ساتھ یا آلودہ خوراک کے ذریعے۔ پلوٹونیم اگر خوراک کے ساتھ معدے میں چلا جائے تو یہ خطرناک تو ہے لیکن بہت بڑا خطرہ نہیں کیونکہ چند ہی روز میں سارا پلوٹونیم باہر خارج ہو جائے گا۔ زیادہ خطرہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب پلوٹونیم کے باریک ذرات سانس کے ذریعے جسم کے اندر داخل ہو جائیں۔ یہ ذرات پھیپھڑوں کی اندرونی تہوں میں گھس جاتے ہیں اور کئی سال تک وہاں پڑے رہتے ہیں۔

پلوٹونیم سانس کے ذریعے جسم میں داخل ہو جائے تو اس کا پہلا اثر یہ ہوتا ہے کہ تابکاری کے باعث پھیپھڑوں، جگر اور ہڈیوں کا سرطان ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اس سے سرطان کا خطرہ کتنا زیادہ ہوتا ہے اس کا اندازہ امریکی نیشنل اکیڈمی آف سائنسز کی جانب سے کی گئی ایک تفصیلی تحقیق میں لگایا گیا ہے۔ بعض دیگر تحقیقاتی اداروں نے بھی اس سلسلے میں کام کیا ہے اور وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ تابکاری کی کوئی ایسی کم سے کم سطح نہیں جس سے نیچے یہ کہا جا سکے کہ اب سرطان کا خطرہ بالکل ختم ہو گیا ہے[19]۔ جسم میں داخل ہونے والی تابکاری کی مقدار چاہے جتنی بھی کم ہو، اس سے سرطان کا خطرہ رہے گا۔ اس سے یہ تشویشناک نتیجہ نکلتا ہے کہ جب یہ تابکار بادل زیادہ سے زیادہ علاقے میں پھیل جائے تو گو کہ اس کی تابکاری کی شدت کم ہو جاتی ہے لیکن یہ جتنی بھی کم ہو جائے جہاں تک یہ بادل پہنچے گا وہاں کے رہنے والوں پر کچھ نہ کچھ اثر ضرور ڈالے گا۔ چنانچہ یہ ان علاقوں میں بھی سرطان کا باعث بن جاتا ہے جو حادثے کی جگہ سے کافی دور واقع ہوتے ہیں۔

آئیے برصغیر میں اس حوالے سے ایک مثال پر غور کرتے ہیں۔ فرض کیجیے کہ ایٹمی ہتھیار کا کوئی حادثہ برصغیر کے کسی بڑے شہر کے ایک سرے پر واقع ایئر فورس کے کسی اڈے پر ایٹم بموں کے گودام پر رونما ہو جاتا ہے۔ اگر دھماکے کے وقت ہوا کا رخ شہر کی جانب ہے تو اندازہ لگایا جاتا ہے کہ 5.000 سے 20,000 افراد پلوٹونیم سے آلودہ ہوا میں سانس لینے کی وجہ سے سرطان میں مبتلا ہو کر بالآخر ہلاک ہو جائیں گے[20]۔ اگرچہ یہ پوری شدت کے ایٹمی دھماکے کی

سست اور تباہ کن ہے۔ پھر یہ بہت بڑا انسانی المیہ ہوگا۔ ان ہلاکتوں کی کم از کم تعداد بھی 2001ء میں ہونے والے ورلڈ ٹریڈ سینٹر اور پینٹاگون پر ان حملوں میں ہلاک ہونے والوں سے زیادہ ہے جنہوں نے پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ سانس کے ذریعے جسم کے اندر داخل ہونے والے پلوٹونیم سے فوری طور پر کسی قسم کی علامات ظاہر نہیں ہو جاتیں۔ اس عمل میں کئی سال لگ سکتے ہیں۔ اس طرح یہ حادثہ ورلڈ ٹریڈ سینٹر کے حملوں کی طرح ڈرامائی انداز میں رونما نہیں ہوگا بلکہ اس سے ہونے والی ہلاکتیں سست رفتار اور تکلیف دہ ہوں گی اور ہلاکتوں کی تعداد بھی زیادہ ہوگی۔ ایسے کسی حادثے کا رونما ہو جانا بعید از قیاس نہیں ہے۔ جہاں برصغیر میں بڑے شہروں کے کناروں پر فوجی اڈے اور چھاؤنیاں بنی ہوئی ہیں اور معلوم نہیں کہ ان میں ایٹمی ہتھیار رکھے ہوئے ہیں یا نہیں۔ اگر ایسا کوئی حادثہ شہر کے مرکز پر رونما نہیں ہوتا بلکہ 50 کلو میٹر دور کسی دوسرے بڑے قصبے میں وقوع پذیر ہوتا ہے جہاں سے ہوا کا رخ شہر کی طرف ہے تو بھی اس سے ہونے والی ہلاکتیں کافی زیادہ ہوں گی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ایسے قصبے اور اس کے ارد گرد کے علاقے میں 200 سے 900 تک ہلاکتیں ہو سکتی ہیں۔ ان سارے معاملات میں جانی و مالی نقصان تو ہوگا ہی، مہلک اور غیر مہلک سرطان کے شکار افراد کے علاج پر جو اخراجات اٹھیں گے، وہ اس کے علاوہ ہوں گے۔ علاوہ ازیں پلوٹونیم کی آلودگی سے پاک کرنے کے لیے بھی بھاری رقوم خرچ کرنا پڑیں گی۔ امریکہ میں ایسے اخراجات کے بارے میں تفصیلی تخمینے لگائے گئے ہیں۔ بھارت میں اس سے کم خرچ آئیں گے لیکن پھر بھی حادثے کی جگہ کے قریب و جوار میں تابکاری سے بھرے مواد کو صاف کرنے پر اربوں روپے خرچ ہو جائیں گے۔

یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس نوعیت کے ایسے حادثات کا ذکر کیا گیا ہے ان کے رونما ہونے کا کیا احتمال ہے؟ اس بارے میں کوئی حتمی اندازہ لگانا مشکل ہے۔ احتمال بہت زیادہ نہیں ہے تو یقیناً صفر بھی نہیں ہے۔ یاد رہے کہ بھارت اور پاکستان نے جو اپنے ہاں جن ایٹمی تجربات کیے ان میں کوئی دعویٰ نہیں تھا کہ دونوں میں سے کسی نے بارودی مواد کے یا ایٹمی مواد کے حادثاتی طور پر پھٹ جانے کے خلاف کسی قسم کے حفاظتی اقدامات کو ان تجربات میں شامل کیا ہو

4.2۔ افواہیں اور خوف و ہراس

ایٹمی سائے میں زندگی بسر کرنے کا ایک پہلو جس کی طرف عام طور پر زیادہ دھیان نہیں دیا جاتا، وہ ہے خوف و ہراس کی وجہ سے جنم لینے والی یہ توقع کہ ایٹمی حملہ ہونے والا ہے۔ اس پہلو کو نظر انداز کیے جانے کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ یہ ایک ٹیکنیکل نہیں شہری معاملہ ہے، جس سے نبرد آزما ہونے کے لیے دفاع اور اسٹریٹیجک ماہرین کی نہیں بلکہ شہری بحرانوں سے نمٹنے اور عوامی نفسیات کے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جانی چاہیے کہ کسی صورت میں افواہیں سنگین مسائل کو جنم دے سکتی ہیں۔ خاص طور پر برصغیر کے گنجان آباد شہروں میں افواہیں خوف و ہراس اور افراتفری پھیلانے کا باعث بن سکتی ہیں۔

ایک لمحے کے لیے مستقبل کے کسی کارگل کے بارے میں یا اس سے بھی بڑے کسی تنازع کے بارے میں سوچیے جس میں ایک ملک نے حال ہی میں ایک بڑی شکست کا سامنا کیا ہو اور جنگ میں ہزاروں جانیں گنوائی ہوں۔ ایسی صورتحال میں دہلی، ممبئی یا لاہور کے کتنے شہری قصداً اور اچانک پھیلائی گئی اس افواہ پر یقین نہیں کریں گے کہ دوسری جانب سے شکست سے دوچار انتہا پسندوں نے کسی کمانڈ سنٹر پر قبضہ کر لیا ہے اور ایٹمی ہتھیار چلا رہا ہے تاکہ اس شکست کا بدلہ لیا جا سکے؟ اس سے ایسی بھگدڑ مچ سکتی ہے کہ لوگ اپنی گاڑیوں اور چھکڑوں پر ایک دوسرے کو روندتے ہوئے آگے بڑھتے اور شہر سے نکلنے کی کوشش کریں گے۔ اس طرح وہاں بغیر کوئی بم گرے لاکھوں افراد کچلے جائیں گے یا زخمی ہو جائیں گے۔

درحقیقت ایسی کسی بھگدڑ اور اس کے نتیجے میں ہلاکتوں کی باتیں مبالغہ آمیز لگتی ہیں۔ خطرے کی زد میں آئے ہوئے علاقوں کے شہری تک ایٹمی تباہ کاریوں کو، جن کا احتمال بھی کم ہو اور جنہیں عام زندگی میں تصور کرنا بھی دشوار ہو، اپنی سوچ میں زیادہ جگہ دینا پسند نہیں کرتے۔ تاہم ایٹمی حملہ اس وقت غیر حقیقی نظر آنا بند ہو جاتا ہے جب کوئی فوجی بحران سر اٹھاتا ہے۔ وہ لوگ جو صدر کینیڈی کے دور میں امریکہ میں تھے، خوف اور بے چینی کی اس کیفیت کو یاد کرتے ہوں گے جو کیوبا کے میزائل بحران کے وقت پیدا ہو گئی تھی۔ اگر ہمارے ہاں بھی دونوں طرف سینکڑوں ایٹمی ہتھیار چلائے جانے کے لیے بالکل تیار کھڑے ہوں تو مستقبل میں یہاں اس قسم کے بحران

پیدا ہونے سے خوف و ہراس کی شدید لہر جنم لے سکتی ہے۔ اس سے ایک اور طرح کی دہشت گردی کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں جسے ڈس انفارمیشن (disinformation) دہشت گردی کا نام دیا جا سکتا ہے۔

2.5۔ خطرات کم کرنے کے کچھ اقدامات

یہ بات پورے وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کی وجہ سے لاحق انواع و اقسام کے سبھی خطرات کو بالکل ختم کرنے کا ایک ہی یقینی طریقہ ہے کہ ان ہتھیاروں کو ختم کر دیا جائے۔ عقل مند، ہوش مند اور امن سے پیار کرنے والے لوگوں کے لیے یہی حتمی ہدف رہنا چاہیے۔

لیکن اس وقت تو یہ ہتھیار یہاں موجود ہیں۔ گرچہ ہم سب ان کے مکمل خاتمے کے شدید خواہش مند ہیں۔ پھر بھی جب تک ایسا نہیں ہوتا اور یہ ہتھیار موجود ہیں تو ہمیں متعلقہ ملک سے یہ تقاضا کرنا چاہیے کہ ایسے اقدامات عمل میں لائے جائیں کہ ان کی وجہ سے لاحق خطرات کو کم کیا جا سکے۔ برصغیر میں ایسا تقاضا زیادہ درست اور مناسب ہو سکتا ہے کیونکہ یہاں ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری کا عمل ابھی اپنے آغاز میں ہے اور ایٹمی پالیسیوں نے بھی ٹھوس شکل اختیار نہیں کی ہے۔ ابھی وقت ہے کہ پالیسی سازوں کو خطرات میں کمی لانے والے درج ذیل اقدامات کرنے پر رضامند کیا جائے۔

2.5.1۔ غیر چوکس حالت میں رکھنا

اصطلاح "De-alert" کا مطلب ہے کہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو چوکس حالت میں نہ رکھ کر اور ان کے استعمال میں قصداً رکاوٹیں ڈال کر ایٹمی جنگ کے دہانے سے خود کو پیچھے ہٹا لینا۔ یہ کوئی نئی یا انوکھی تجویز نہیں ہے۔ عسکری حلقوں کے تجزیہ نگاروں نے امریکہ اور روس کے ایٹمی ہتھیاروں کو چوکسی کی حالت سے ہٹانے کے بارے میں کئی تجاویز پیش کی ہیں۔[23] امریکہ نے 1991ء میں اس سلسلے میں کچھ اقدامات اس وقت کیے تھے جب منٹ مین (Minuteman) میزائلوں کو چوکس حالت سے پیچھے ہٹانے کا حکم جاری کیا گیا۔ ان میزائلوں کو بعد ازاں سٹارٹ ون (START 1) معاہدے کے تحت تلف کیا جانا تھا۔ کئی طرح کے ایسے اقدامات کیے جا سکتے ہیں جو چوکس حالت سے دور لے جائیں۔ بنیادی ترین قدم ایٹمی ہتھیاروں کو ترسیلی نظام (ہوائی جہاز، میزائل) سے الگ کرنا ہے۔ ہتھیاروں کو لانے میں مزید تاخیر کر کے، انہیں گہرے تہہ

خانوں میں ذخیرہ کر کے اور جام کر کے بھی انہیں فوری استعمال کے ناقابل بنایا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں کچھ اور تجاویز بھی دی گئیں کہ میزائلوں سے گائیڈنس سسٹم ہٹا دیا جائے۔ انہیں الگ رکھا جائے اور امریکہ کی ایٹمی آبدوز کو کوئی ہدایت یہ جاری کی جائیں کہ وہ روس سے کہیں جنوب میں گہرے سمندر میں گشت جاری رکھے اور اتنی دور چلی جائے کہ روسی اہداف اس کی پہنچ میں نہ رہیں۔ ایک اور حفاظتی قدم امریکہ میں کافی دیر سے استعمال میں لایا جاتا رہا ہے تاکہ ایٹمی ہتھیاروں کو حادثاتی اور غیر متعلقہ افراد کے ہاتھوں چلائے جانے سے بچایا جا سکے۔ اسے پرمیسو ایکشن لنک (Permissive Action Link, PAL) کا نام دیا گیا ہے، یعنی عمل کے لیے اجازت نامے کا سلسلہ۔[22] یہ ایک برقی میکانکی آلہ ہوتا ہے جو ایٹمی ہتھیاروں پر نصب کیا جاتا ہے اور جو ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کو مقفل کر دیتا ہے۔ جس ایٹمی ہتھیار پر یہ آلہ نصب ہوتا ہے، وہ اس وقت تک نہیں چھوٹ سکتا جب تک PAL کا قفل نہ کھولا جائے۔ یہ قفل خفیہ اشاروں کے ایک سلسلے پر مشتمل ہوتا ہے۔ 1970ء کی دہائی کے آخر تک امریکہ میں زمین اور ہوا سے چلائے جانے والے تقریباً سبھی ایٹمی ہتھیاروں میں PAL نظام نصب کر دیا گیا تھا۔ ایسا ہی ایک دوہرا قفلی نظام بم کے ترسیلی ذریعے میں نصب کیا جا سکتا ہے جو جہازوں اور میزائلوں سے بم گرانے میں رکاوٹ بن جاتا ہے۔ یہ نظام میزائل داغنے کے لیے ہونے والی گنتی کو مکمل ہونے سے بھی روک دیتا ہے۔ ان آلات کے قفل کھولنے کے لیے بنائے گئے خفیہ اشارے اعلیٰ حکام کی جانب سے اس وقت تک ہتھیاروں کے کمانڈروں کو تقسیم نہیں کیے جانے چاہئیں جب تک کہ ہتھیار چلانے کے بارے میں کوئی واضح فیصلہ نہ ہو جائے۔ روسی ایٹمی فوج کے پاس بھی یہ رمزی (coded) قفل موجود تھے۔ ان روسی نظاموں میں کچھ اضافی خصوصیات تھیں جن میں ایک یہ تھی کہ انتہائی چوکسی کی حالت میں اگر یہ کسی طرح کھل بھی جاتے تو مقررہ دورانیے میں ہتھیار نہ داغے جانے کی صورت میں یہ خود بخود پھر مقفل ہو جاتے تھے۔

جہاں تک بھارت کا تعلق ہے تو یہاں چوکسی کی حالت کم کرنے کے لیے یہ کیا جا سکتا ہے: ایٹمی ہتھیار اور ان کے ترسیلی ذرائع کو ایک دوسرے کے قریب رکھنے کی بجائے کافی فاصلے پر رکھا جائے۔ اس سے از خود چند گھنٹے سے لے کر ایک دن تک کا تاخیری وقفہ پیدا ہو جائے گا اور ایٹمی ہتھیار داغنے کا حکم ملنے کے بعد اس پر عملدرآمد میں کافی وقت لگ جائے گا۔ اور یوں ان خطرات کو

کافی حد تک کم کیا جا سکے گا جن کا ذکر اوپر تفصیل سے کیا گیا ہے۔ ہتھیار فوری طور پر داغے جانے کے عمل کو روک کر جلد بازی میں جوابی حملے کے ذریعہ حادثاتی طور پر ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے خدشات کم کیے جا سکتے ہیں۔ اس طرح فیصلے کرنے والوں کو ایٹمی ہتھیار چلانے کا حکم نامہ جاری کرنے کے بعد بھی کافی موقع مل جائے گا کہ وہ اگر اپنے حکم پر عملدرآمد روکنا چاہیں تو روک سکیں۔ حکم نامے کو واپس لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے اگر بعد ازاں یہ پتہ چل جائے کہ وہ کسی معلومات اور خفیہ جاسوسی رپورٹوں کی بنیاد پر جاری کیا گیا تھا جو غلط ثابت ہوئیں یا یہ احساس ہو جائے کہ فیصلہ جنگی بحران کے وقت پیدا ہونے والے جوش و دباؤ کے باعث کیا گیا تھا۔ ایٹمی ہتھیاروں کو میزائلوں سے الگ اور فاصلے پر رکھ کر صرف حادثاتی لانچ سے خدشات کو کم کیا جا سکتا ہے، بلکہ ان ہتھیاروں اور ترسیلی نظام کو دہشت گردوں اور انتہا پسندوں کے ہتھے چڑھنے سے بھی بچایا جا سکتا ہے۔

عام خیال یہی ہے کہ بھارت میں ایٹمی ہتھیاروں کو ان کے ترسیلی نظاموں سے جوڑ کر نہیں رکھا گیا ہے اور وہ ایک دوسرے سے دور ذخیرہ کیے گئے ہیں۔ کچھ اطلاعات بھی ہیں کہ ہتھیاروں کے اجزاء کو بھی ایک دوسرے سے الگ رکھے گئے ہیں اور ناکارہ کور کو بھی ان کے خفیہ حصوں سے دور رکھا گیا ہے۔[23] ان سارے اقدامات سے یقیناً تحفظ میں اضافہ ہوا ہے۔ لیکن اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ نہ صرف ابتدائی مراحل میں ہی ان اقدامات کو ضروری سمجھا جائے بلکہ اس وقت بھی بطور پالیسی جاری رکھا جائے جب تحریک بڑھے اور اس کا کمانڈ اور کنٹرول نظام مکمل طور پر تیار کر لیا جائے۔

2.5.2۔ ایٹمی ہتھیاروں کے حادثات کی روک تھام کیلئے حفاظتی اقدامات

ہتھیاروں کو میزائلوں اور بمبار طیاروں سے الگ اور فاصلے پر ذخیرہ کرنے کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے حادثات کے رونما ہونے کے خدشات بے حد کم ہو جاتے ہیں۔ یہ حادثات کس نوعیت کے ہوتے ہیں اس کے بارے میں ہم اوپر پڑھ چکے ہیں۔ ہتھیاروں کے قریب آگ لگنے کا سب سے بڑا خطرہ راکٹوں اور ہوائی جہازوں میں استعمال ہونے والے اور فوری آگ پکڑنے والے ایندھن ہیں۔ ان کے درمیان فاصلہ چند سو میٹر بھی کر دیا جائے تو

خطرے کو کم کیا جا سکتا ہے۔ خطرے کو مزید کم کرنے کے لئے ہتھیاروں کے اندر جدید ترین حفاظتی اجزاء استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک غیر حساس بارودی مواد ہے جس کی خوبی یہ ہے کہ اسے بہت آسانی سے اڑایا نہیں جا سکتا۔ ایک اور تدبیر بم کے مرکزی حصے میں آگ سے مزاحمت والے مواد کا استعمال ہے۔ لیکن ان سے ہتھیاروں کا وزن بڑھ جاتا ہے۔ چونکہ بھارت اور پاکستان دونوں ہی چھوٹے اور کم وزن والے ایٹمی ہتھیار تیار کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں جن کو بیلسٹک میزائلوں پر آسانی کے ساتھ نصب کیا جا سکے چنانچہ یہ ممکن ہے کہ ان حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد نہ کیا جاتا ہو۔ اگر یہ درست ہے تو پھر تشویش کی بات ہے۔ کچھ اور قدم بھی اٹھائے جا سکتے ہیں جیسے ان ہتھیاروں کے پرزوں کو الگ الگ کرنا یا ان کو زمین کی گہرائی میں دفن کرنا۔ اسی طرح نہ صرف ان ہتھیاروں کے حادثاتی طور پر چل جانے کا خطرہ ختم ہو جائے گا بلکہ اگر ان ہتھیاروں کو چلانا پڑے تو انہیں تیار کرنے میں بھی کافی دیر لگ جائے گی۔

2.5.3۔ ڈی الرٹ بمقابلہ دشمن کو حملے سے باز رکھنا

ہتھیاروں کو غیر چوکس کرنے سے کئی طرح کے سیاسی، فوجی اور تکنیکی مسائل تو پیدا ہوں گے لیکن یہ مسائل ایسے نہیں کہ ان کا حل ہی تلاش نہ کیا جا سکے۔ ایٹمی ہتھیاروں سے لاحق خطرات کو کم کرنے کی وسیع اہمیت کو مدنظر رکھا جائے تو اس حوالے سے درپیش مسائل پر قابو پانا کافی معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ مسائل کس نوعیت کے ہیں، یہ جاننے کے لیے پہلے تصور کیجیے کہ بھارت یکطرفہ طور پر اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو غیر چوکس کرنے کا اعلان کر دیتا ہے اور وہ پڑوسی ممالک سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ وہ بھی ایسا ہی کریں اور ان سے اپنے اقدام کی تصدیق کروائے۔ اس قسم کا یکطرفہ اعلان نسبتاً کم پیچیدہ ثابت ہوگا کیونکہ اس میں دو طرفہ معاہدوں کی ضرورت نہ پڑے گی۔ اس سے اپنی نیک نیتی کو دوسرے ملکوں پر ظاہر کرنا ہوگا۔ اس یکطرفہ اقدام کی راہ میں واحد اور بڑی رکاوٹ پاکستانی فوجی اور سٹریٹجک سوچ ہو گی۔ ایٹمی ہتھیاروں کو غیر چوکس کرنے کی جب بھی کوئی تجویز پیش کی جائے گی تو یہ کہہ کر اسے فوری طور پر مسترد کر دیا جائے گا کہ اس کے تحت ڈیٹرنٹ سے ملک کی دفاعی صلاحیت کمزور پڑ جائے گی۔ حالانکہ بھارت نے ایٹمی ہتھیار پہلے استعمال نہ کرنے کی پالیسی کا اعلان کر رکھا ہے، لیکن جیسا کہ اس نے اپنے جوہری منصوبے میں بیان کیا ہوا ہے: ایٹمی

محفوظ رکھنے کی وہ صلاحیت دوسرے ملکوں کو بھارت پر ایٹمی حملے سے باز رکھتی ہے۔ چنانچہ بھارتی حکومت سے یہ توقع کرنا عبث ہوگا کہ ایٹمی اسلحہ حاصل کرنے کے بعد وہ اس کی تسدیدی حیثیت کو نقصان پہنچائے گا اور ہائی الرٹ پالیسی اختیار کرے گا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ اس تشویش کو کم کیا جائے۔ ہمیں یہ تسلیم ہے کہ یہاں ایٹمی ہتھیاروں کو غیر چوکس حالت میں رکھنے کے سلسلے میں ہم نے جتنی بھی تجاویز دی ہیں۔ ان سے جوابی حملے کی صلاحیت کسی نہ کسی حد تک ضرور متاثر ہوتی ہے لیکن یہ کوئی وجہ نہیں کہ اس کو بنیاد بنا کر ہتھیاروں کو غیر چوکس کرنے کے منصوبے پر غور کرنا ہی ترک کر دیا جائے۔ اس کے برعکس ہتھیاروں کے اندر تاخیری آلات نصب کرنے سے ان ہتھیاروں کی تسدیدی قدر میں جو کمی واقع ہوتی ہے اس کو تفصیل سے پرکھنا چاہیے۔ یعنی یہ دیکھنا چاہیے کہ ان ہتھیاروں کے حادثاتی طور پر چل جانے سے یا جلد بازی میں کیے گئے کسی فیصلے کے نتیجے میں ایٹمی حملے سے ہونے والا نقصان زیادہ ہوگا یا تسدیدی قدر میں کچھ کمی لانا زیادہ نقصان دہ ہوگا

جہاں تک جوابی حملے میں تاخیر کا تعلق ہے تو یہ اگر ایک دن طویل بھی ہو جائے تو حقیقت میں اس سے تسدیدی قدر میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی اور یہ صورتحال اس وقت بھی برقرار رہے گی جب ہتھیاروں کو غیر چوکس حالت میں رکھنا ایک عام پالیسی ہو اور دوسرے ملک بھی اس صورتحال سے پوری طرح واقف ہوں۔ مثال کے طور پر اگر شہروں پر جوابی ایٹمی حملے کرنے ہوں تو اس سے ایک دن کی تاخیر سے کیا فرق پڑ جائے گا۔ اس ایک دن میں دشمن اپنے بچاؤ کے لئے مزید کیا کر سکے گا۔ ایٹمی حملے کی صورت میں ساری دنیا کے ذریعے شہری آبادیوں کو بچانے کی جو باتیں کی جاتی ہیں، ان کا حقیقت سے تعلق نہیں ہوتا۔ سرد جنگ کے آغاز کے زمانے میں جب امریکہ میں اس امر کو لازمی قرار دیا گیا کہ ایٹمی حملے سے بچنے کے لیے بڑی تعداد میں محفوظ پناہ گاہیں بنائی جائیں اور ان میں خوراک اور ادویات کا بندوبست کر کے رکھا جائے تو لوگ کافی جوش و جذبے سے اس میں حصہ لیتے تھے۔ تاہم یہ جوش اس وقت ختم ہو گیا جب یہ واضح ہوا کہ مکمل ایٹمی جنگ کی صورت میں اور میزائلی ہتھیاروں کے استعمال کے بعد ایسی پناہ گاہیں ریت کے گھروندے ثابت ہوں گی اور وہاں بھی ان میں کل آبادی کا محض ایک چھوٹا سا حصہ بچ پائے گا باقی آبادی کو ایٹمی تباہ کاریوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جنوبی ایشیا میں ایسی پناہ گاہوں کی تعمیر کے بارے میں تو سوچا بھی نہیں جا

سکتا۔ یہاں تو لاکھوں لوگوں کے پاس رہنے کو گھر تک موجود نہیں ہیں۔ نہ ہی کوئی ملک کسی ایک شہر پر جوابی حملے کے اندیشے میں اپنے تمام بڑے شہروں کو چوبیس گھنٹوں میں مکمل طور پر خالی کر سکتا ہے۔ آتے ہوئے بم سے بچ نکلنا محال بلکہ ناممکن ہے۔ چنانچہ اگر جوابی ایٹمی حملہ آنا ہے تو چاہے ایک دن دیر سے آئے اتنا ہی تباہ کن اور ہلاکت خیز ہوگا۔

تسدیدی صلاحیت کے اعتبار سے اصل اندیشہ جوابی کارروائی میں تاخیر کا نہیں بلکہ تاخیر کے باعث جوابی کارروائی کی صلاحیت کھو بیٹھنا ہے۔ دو وجوہ کی بنا پر ایسا ہو سکتا ہے۔

(1) تاخیر کے لئے لگائے گئے اندرونی آلات کے سبب اسلحے کو تیار کرنے اور رکھنے میں جو وقت لگے اس دوران دشمن اسلحے کو ہی تباہ کر دے۔

(2) عالمی برادری کو اتنا وقت مل جائے کہ وہ بیچ میں آ کر جوابی حملہ نہ کرنے کے لئے دباؤ ڈالے۔

جہاں تک دشمن کے حملے سے پہلے ایٹمی صلاحیت کے باقی بچنے کا تعلق ہے تو یہ بات غور طلب ہے کہ ضروری نہیں کہ سینکڑوں یا درجنوں میزائل اور بم باقی بچیں تو ہی جوابی حملے میں دشمن کو سبق سکھایا جا سکتا ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ آپ کے پاس 20 کلوٹن کے ایک دو بم موجود ہوں جن سے آپ دشمن کے چند شہروں کو نشانہ بنا سکیں۔ آج کل کے گنجان آباد شہروں کے لیے یہ تباہی کافی ہوگا۔ اس سے لاکھوں لوگ پلک جھپکنے میں ہلاک ہو جائیں گے اور زخمیوں اور تابکاری کا شکار ہونے والوں کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہوگی۔ یقینی طور پر فریق مخالف کی کوئی بھی باشعور قومی قیادت کسی بھی نوعیت کی فوجی یا سیاسی کامیابی کے لیے اتنی زیادہ قیمت ادا کرنے کو تیار نہیں ہوگی۔ اور اگر وہ اس قیمت کو قابل قبول تصور کرتی ہے تو اسے ایک ذہنی مریض تصور کیا جانا چاہیے جسے سینکڑوں ایٹم بموں کی بوچھاڑ کا ڈر بھی باز نہیں رکھ سکے گا۔ یہی وہ ذہنی روش پر معقول رد عمل کے عام تسدیدی اصول لاگو نہیں کیے جا سکتے۔ چنانچہ جتنی کم ترین صلاحیت حملہ آور ملک کے محض چند شہروں کو نشانہ بنانے کے لیے درکار ہے اس سے زیادہ ایٹمی طاقت کو بچا کر رکھنے پر اصرار کرنا کوئی ہوش مندانہ سوچ نہیں ہے۔ جوابی کارروائی کو یقینی بنانے کے لئے شاید چند اور بم درکار ہوں گے۔ اور اگر دشمن ایک کی بجائے دو ایٹمی طاقتیں ہوں تو اسی مناسبت سے ایٹمی طاقت مطلوب ہوگی۔ لیکن موثر جوابی کارروائی کے لئے ہرگز بھی ہزاروں ایٹمی ہتھیاروں کی ضرورت

نہیں، جیسا کہ امریکہ اور روس نے اکٹھے کر رکھے ہیں، یا سینکڑوں ہتھیاروں کی، جیسا کہ چھوٹی طاقتوں کے پاس ہیں۔ بھارتی حملے کا مناسب جواب دینے کے لئے بچ جانے والے نصف درجن کے قریب ایٹمی ہتھیار اور ان کے ترسیلی نظام کافی ہیں۔ ہماری غیر جوہری حکمت عملی اسی کے مطابق ہونی چاہیے۔ ایٹمی ہتھیاروں کو سینکڑوں گنا بڑھا کر ہم جو سمجھتے ہیں کہ اپنی تسدیدی صلاحیت میں اضافہ کر رہے ہیں، یہ گرہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ اس سے ہم ایک بڑے ایٹمی ذخیرے کو سنبھالنے سے وابستہ خطرات بھی مول لے رہے ہوتے ہیں۔ (یہاں اس امر کی وضاحت کر دینا مناسب ہے کہ جب ہم یہ بات کرتے ہیں کہ ایٹمی ہتھیار زیادہ نہیں ہونے چاہئیں اور یہ کہ نصف درجن ہی کافی ہوتے ہیں تو اس کا مطلب یہ اخذ نہیں کیا جانا چاہیے کہ ہم ایٹمی ہتھیار رکھنے کی حمایت کر رہے ہیں بشرطیکہ وہ کم ہوں۔ نہیں۔ بلکہ یہ صرف ایک دلیل ہے ایٹمی تسدیدی خاطر ہتھیاروں کے ذخیرے کرنے کے خلاف بھارت کے لئے جہاں سنتے ہیں کہ سو (100) کے قریب ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ اس دلیل سے مراد یہ ہے کہ ان کی تعداد میں کمی لائی جانی چاہیے۔)

یہ ماننے والی بات ہے کہ نصف درجن ہتھیاروں اور ان کے لانچروں کو، جو غیر چوکس حالت میں ہوں، دشمن کے پہلے حملے کے دوران اور اگلے چوبیس گھنٹوں میں جوابی حملے میں داغے جانے سے پہلے محفوظ رکھنا بھی مشکل اور پیچیدہ کام ہے۔ اس کے لئے خاصی تیز اور پوشیدہ حکمت عملی اور تکنیکی جدت کو بروئے کار لانا پڑے گا جس میں سیاسی، فوجی اور تکنیکی ماہرین کو شامل کرنا ہوگا اور مستقبل میں متعدد ترکیبیں استعمال کرنی ہوں گی جیسے کہ ہتھیاروں کو گہرے زیرِ زمین گوداموں میں ذخیرہ کرنا، یا متحرک لانچرز پر گھماتے رہنا، یا آبدوزوں میں رکھ کر سمندر میں پوشیدہ اور متحرک رکھنا۔ اس مضمون میں ان موضوعات پر تفصیلی بات نہیں ہو سکتی۔ مختصراً یہی کہا جا سکتا ہے کہ یہ مسائل جتنے بھی پیچیدہ کیوں نہ ہوں، اصولی طور پر قابلِ حل ہیں اور ہمارے ماہرین ان مسائل کو حل کرنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔

دوسرا مسئلہ جو دفاعی نقطہ نظر سے تاخیری ردعمل کی حمایت کرنے والوں کو حل کرنا ہے، عالمی برادری کی جانب سے ڈالا جانے والا وہ دباؤ ہے جو دشمن کی جانب سے حملہ ہونے اور ردعمل ظاہر کرنے کے درمیانی عرصے میں ڈالا جا سکتا ہے کہ ایٹمی حملے کا شکار ہونے والا ملک جوابی حملے میں

ایٹمی طاقت کا استعمال نہ کرے۔ یہ معاملہ سیدھا سادہ قومی عزم اور حوصلے کا ہے یا دوسرے لفظوں میں یہ کہیں کہ دوسروں کی نظر میں یہ ہمارے قومی عزم اور حوصلے کا معاملہ ہوگا۔ جب ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا سانحہ پیش آیا تھا تو امریکہ نے فوری طور پر اعلان کر دیا تھا کہ وہ کیا چاہتا ہے اور کیا کرنے جا رہا ہے۔ امریکہ نے واضح اعلان کیا تھا کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر حملہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اگرچہ اسے اس جنگ کی فوجی اور سفارتکارانہ تیاریوں میں کئی ہفتے لگ گئے تھے لیکن عالمی برادری کی جانب سے ظاہر کی گئی کوئی رائے اسے اپنے اعلان اور منصوبے پر عملدرآمد سے روک نہ سکی۔ درحقیقت عالمی رائے عامہ اس قدر کمزور تھی کہ جب افغانستان پر کیے گئے حملے میں کامیابی نظر آنا شروع ہوگئی تو یہ رائے عامہ بھی تبدیل ہوگئی۔ چنانچہ اس بات سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے کہ اگر کسی ملک کی جانب سے بھارت پر ایٹمی حملہ کیا گیا تو بھارتی قیادت اس کا ردعمل ظاہر کرنے میں آزاد ہوگی۔ یہاں ایک بار پھر یہ وضاحت کر دینا مناسب ہوگا کہ جو تفصیل بیان کی گئی ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایٹمی حملے کی حمایت کی جا رہی ہے چاہے وہ پہلے حملہ کیا گیا ہو یا اس کا ردعمل ظاہر کیا گیا ہو۔ اس بحث کا مقصد صرف یہ واضح کرنا ہے کہ خطرات کم کرنے والے ڈی الرٹ اقدامات کو محض اس وجہ سے ترک نہیں کر دینا چاہیے کہ ان کی وجہ سے ہونے والی تاخیر دفاع کو کسی خطرے میں ڈال دے گی۔

254۔ تصدیق، توثیق، شفافیت اور دوطرفہ ڈی الرٹ معاہدے

ہم نے اوپر اس بات پر بحث کی کہ بھارت اپنی دفاعی صلاحیتوں میں کوئی خامی کیے بغیر یکطرفہ طور پر خطرات کم کر دے، یعنی ایسے اقدامات کر سکتا ہے جن کا ذکر اس مضمون میں تفصیل کے ساتھ کیا جا چکا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسا کرنا اس کے اپنے بہترین مفاد میں ہے۔ زیادہ مناسب تو یہی تھا کہ بھارت اور پاکستان دونوں ڈی الرٹ کے حوالے سے باہمی طور پر ایسے اقدامات کرنے کے معاہدے کر لیتے جن کی شفافیت کو یقینی بنایا جا سکتا اور جن کی دونوں اطراف سے تصدیق ممکن ہو سکتی اور اگر ممکن ہوتا تو چین بھی ایسے معاہدے میں شامل ہو جاتا۔ ایسے دوطرفہ معاہدے کرنا یکطرفہ اقدامات کے مقابلے میں زیادہ مشکل کام ہے نہ صرف سیاسی وجوہ کی بنا پر بلکہ اس بنا پر بھی کہ ان کے لئے زیادہ پیچیدہ تکنیکی اور تدویراتی معاملات کی گتھیاں

سبکدوش ہو چکی۔ ایسے دو طرفہ ڈی الرٹ معاہدوں کے امکانات کیا ہو سکتے ہیں، اس بارے میں کوئی جامع تجزیہ کرنا اس مضمون کے احاطے میں نہیں آتا پھر بھی اس حوالے سے تھوڑی سی بات کی جانی چاہیے کہ خطرات کم کرنے سے متعلق دو طرفہ معاہدے کیا ہوتے ہیں۔ ان سے کیا فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایسے کن مسائل پر بات کی جائے گی جو ایسے معاہدوں کو ایک وقت طلب معاملہ بناتے ہیں۔

اس سے انکار نہیں کہ خطرات کم کرنے کے سلسلے میں دو طرفہ معاہدوں کے لاتعداد فائدے ہوتے ہیں۔ اگر بھارت اور پاکستان کے مابین ایسا کوئی معاہدہ ہو تو وہ بھی بہت سے مسائل حل کرے گا کیونکہ دونوں ملکوں کے درمیان کافی تناؤ رہتا ہے اور چونکہ دونوں ہی ملک ایٹمی طاقت اور صلاحیت کے حامل ہیں اس لیے دونوں میں ایٹمی جنگ ہونے کا خطرہ ہر وقت منڈلاتا رہتا ہے۔ پہلی بات تو یہ کہ اوپر ہم نے یکطرفہ طور پر ہتھیاروں کو غیر چوکس کرنے کے جن فوائد کا ذکر کیا ہے، دونوں ملک ایسا باہمی معاہدہ کر لیتے ہیں تو ظاہر ہے کہ دونوں کو ہی اس سے فائدہ پہنچے گا۔ کسی جنگ کی صورت میں ایسے معاہدے کے تحت فریقین کو جوابی کارروائی کے لیے اگر چہ دو دن نہیں تو کئی گھنٹے ضرور مل جائیں گے کہ وہ ایٹمی ہتھیار چلانے کے فیصلوں پر نظر ثانی کر سکیں۔ اس طرح دونوں ملکوں کے لیے جلد بازی میں اور جذبات کے زیر اثر کوئی حملہ کرنے یا جوابی حملہ کر گزرنے کا خطرہ بڑی حد تک کم ہو جائے گا۔ اور اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ دونوں ملک غیر چوکس کرنے کے جو اقدامات کرتے ہیں، اگر ایک دوسرے کو اس کی وقتاً فوقتاً تصدیق کی اجازت دے دیں تو اس سے اچانک یا غیر متوقع حملوں کے خوف کو کم کیا جا سکتا ہے۔ تصدیق کے کئی طریقے ہو سکتے ہیں مثلاً ماہرین کا دوسرے ملک میں جا کر عملی طور پر معائنہ کرنا، ٹیکنیکل ٹیکنالوجی کے ذریعے یا مواصلاتی سیاروں سے تصاویر حاصل کر کے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ غلط اطلاعات کی بنیاد پر ایٹمی جنگ چھڑ جانے کے امکانات میں بڑی کمی واقع ہوگی۔ یاد رہے کہ سرد جنگ کے دور میں کسی غلط الارم سے ایٹمی جنگ شروع ہو جانے کے خدشات ایک ڈراؤنے خواب کی طرح امریکہ اور سوویت یونین کے ذہنوں پر مسلط رہے۔ اگر کسی خفیہ جنس رپورٹ میں جس سے ظاہر ہو کہ دونوں میں سے کوئی ملک ڈی الرٹ کے معاہدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے تو باہم پیغامات کے تبادلے کا کافی وقت دستیاب ہوگا کہ فریق مخالف کو ان رپورٹوں کے بارے میں بتایا جائے یا دوسرے ذریعے سے اس کی

تصدیق کی جائے۔ اگر جنگ کی سی صورتحال ہو اور سرحدوں پر بحران کی سی کیفیت ہو تو ظاہر ہے کہ اس طرح کا اضافی وقت مل بھی جائے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔

باہمی طور پر اس طرح کے قابل تصدیق ڈی الرٹ اقدامات سے کچھ ثانوی نوعیت کے فوائد بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں، جن کی اپنی اہمیت ہے۔ ایسے معاملات طے کرنے کے لیے یقینی طور پر دونوں ملکوں کے مابین بات چیت کی ضرورت ہوگی۔ اس مقصد کے لیے دونوں ملکوں کے سیاست دانوں اور بیوروکریٹس کے علاوہ دفاعی اور تکنیکی حکام کے درمیان بھی قریبی تعاون کی ضرورت ہوگی اور ظاہر ہے کہ وہ اس منصوبے کو پروان چڑھانے کے تمام مراحل پر مل کر کام کریں گے یعنی باہمی طور پر قابل قبول ڈی الرٹ اقدامات پر اتفاق رائے پیدا کرنے، ان کی تنصیب اور تصدیق کے معاملات کو یقینی بنانے کے حوالے سے وہ مل بیٹھ کر صلاح مشورہ کریں گے۔ دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد بڑھانے کے اقدامات کی باتیں بڑی شدومد کے ساتھ کی جاتی ہیں ڈی الرٹ کے اقدامات کے بعد جب دونوں ملکوں کے حکام ایک دوسرے کے قریب آئیں گے تو یہ اعتماد سازی بھی ممکن ہو سکے گی۔ آخری بات یہ کہ ان حفاظتی اقدامات کی شفافیت اور ان کا قابل تصدیق ہونا دونوں ملکوں کو یہ موقع فراہم کرے گا کہ وہ اپنے عوام کو یقین دلا سکیں کہ ڈی الرٹ کے انتظام کام کر رہے ہیں۔ دونوں ملکوں کی حکومتیں اپنے عوام کو بڑے وثوق کے ساتھ بتا سکیں گی کہ کسی اچانک ایٹمی حملے کا کوئی خدشہ نہیں ہے۔ حادثاتی طور پر اور کسی جلد بازی یا جذباتی انداز میں کئے گئے فیصلے کی بنا پر اس طرح کسی ایٹمی حملے کے بارے میں افواہیں پھیلنے اور ان کی وجہ سے افراتفری پھیلنے کا خطرہ اور خدشہ بھی خود بخود ختم ہو جائے گا۔

اگرچہ اس سے انکار نہیں کہ خطرات کو کم کرنے والے ایسے معاہدے مفید اور سود مند ثابت ہوتے ہیں لیکن ان کا حصول آسان نہیں۔ پہلے تو تزویراتی، تکنیکی اور سیاسی محاذوں پر بہت سے مسائل کو حل کرنا ہوگا اس کے بعد ہی یہ خواب حقیقت کا روپ دھار سکے گا۔ تکنیکی اور تزویراتی سطح پر مسائل کا تعلق پیچیدہ ڈی الرٹ اقدامات سے ہے جن کو تفصیل کے ساتھ کوئی شکل دینے کی ضرورت ہے۔ ان اقدامات کو ایک طرف تو دونوں فریقوں میں سے ہر ایک کے لئے سلامتی اور تسدید کے حوالے سے قابل قبول ہونا ضروری ہے، دوسری طرف ان اقدامات کو شفاف اور قابل تصدیق ہونا چاہیے کہ فریق مخالف کی تسلی ہو سکے کہ معاہدے میں طے کیے گئے اقدامات

کی پاسداری کی جا رہی ہے۔ اس سے بھی زیادہ مشکل کام ایسے معاہدے کی سیاسی قبولیت حاصل کرنا ہے۔ یعنی یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ وہ ممالک جو ایک دوسرے سے اس قدر خطرہ محسوس کرتے تھے کہ جس سے ایک دوسرے کے خلاف ایٹمی ہتھیار تانے ہوئے تھے اب ان ہتھیاروں کو چوکسی کی حالت سے پیچھے ہٹانے پر تیار ہو رہے ہیں، ان کے طرف قائم رازداری کم کر رہے ہیں اور ایک دوسرے کو تصدیق کی غرض سے معائنے کی اجازت دے رہے ہیں۔

ان مسائل کے حل تلاش کرنے کی راہ میں حائل مشکلات کم ہو سکتی ہیں اگر ہم بحث کی خاطر صرف پاکستان اور بھارت کی بات کریں اور چین کو فی الحال بیچ میں نہ رکھیں۔ اور اگر ہم یہ پالیسی دلیل کا سہارا لیں کہ برصغیر کے ان دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان ایٹمی تصادم کے لئے صرف چند ہی ہتھیار درکار ہیں تو معاملہ اور زیادہ سادہ اور آسان ہو سکتا ہے۔ گو کہ گزشتہ چند سالوں کے دوران دونوں ممالک کے درمیان اختلاف بڑی کشیدہ رہی ہے اور ایک دوسرے پر اعتماد بہت کم ہے، ایسے میں یہ تصور کرنا محال لگتا ہے کہ دونوں اس قسم کے ایٹمی معاہدے کی باریکیوں پہ تکنیکی مذاکرات پہ آمادہ ہو جائیں گے۔ لیکن ہمیں یہ ذہن میں رکھنا چاہیے کہ بڑی قوموں کے مابین تعلقات کئی دفعہ اگر یہ آگے بڑھتے ہیں حتیٰ کہ میدان جنگ میں خوفناک جنگی جارحیت کے دوران بھی دونوں اطراف کے کمانڈر ایک دوسرے سے رابطے میں رہتے ہیں اور چند مخصوص معاملات پہ ایک دوسرے کے ساتھ تعاون بھی کرتے ہیں۔ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ امریکہ اور سوویت یونین کے مابین ہاٹ لائن اس وقت قائم کی گئی اور [illegible] استعمال ہوتی رہی جب سرد جنگ اپنے عروج پہ تھی۔ چین، بھارت تعلقات قدرے مختلف جغرافیائی و سیاسی، تجارتی اور "دفاعی تحفظ" کی بنیاد پر قائم ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان اور بھارت کے مابین بہت سی چیزیں اور بہت سے معاملات مشترک ہیں۔ دونوں ملکوں کے عوام کے مابین گہرے ثقافتی تعلقات ہیں کیونکہ کسی زمانے میں دونوں دراصل ایک ہی تھے۔ چونکہ جذباتیت کا یہ عنصر [illegible] بھی ہے، چنانچہ حالات بہتر اور موڈ خوشگوار ہو تو یہ عنصر دوستی اور تعاون کے حق میں بھی جوش و جذبے کا باعث بن سکتا ہے۔

ایٹمی طاقت کے حامل پڑوسی ممالک کے مابین خطرات کو کم کرنے کے ممکنہ معاہدوں کے بارے میں جو بحث اوپر کی گئی ہے وہ اس وقت تک لاحاصل ہے جب تک چین کو بھی اس میں شامل

نہیں کیا جاتا۔ ہماری ایٹمی صلاحیت ان دونوں ہمسایہ ممالک کی ایٹمی صلاحیت کے تناظر میں حاصل کی گئی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ ممکن نہیں کہ ہم اپنے ایٹمی ذخیرے کا کچھ حصہ پاکستان کے لئے مخصوص کر دیں اور کچھ چین کے لئے اور ہم صرف پاکستان کے ساتھ معاہدہ کر کے اس سے مخصوص ذخیرے کو غیر چوکس کر دیں۔ (ہمارے پرتھوی میزائل کی مار کم ہے اور اس سے چین کو کوئی خطرہ نہیں ہو سکتا، البتہ اگنی میزائل کی مختلف اقسام کو دونوں ملک اپنے لیے خطرہ سمجھ سکتے ہیں جبکہ ہم ان کو کسی ایک ملک کے لئے مخصوص نہیں کر سکتے۔) چین کے ساتھ غیر چوکسی کے بارے میں کوئی معاہدہ کرنا زیادہ پیچیدہ معاملہ ہے۔ عملی تو کیا، اگر علمی سطح پر اس مسئلے پر غور کیا جائے تو بھی اس مسئلے میں چین سے اتفاق رائے نہیں ہو سکتا۔ اس کی وجہ صرف یہ نہیں ہے کہ چین کے پاس بھارت کی نسبت کہیں زیادہ مضبوط ایٹمی طاقت ہے (اور یہ فرق طویل عرصے تک قائم رہے گا) بلکہ اس کا سبب یہ بھی ہے کہ اس کے ہتھیار صرف بھارت ہی نہیں بلکہ دیگر بڑی طاقتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے بھی بنائے گئے ہیں۔ ایٹمی طاقت بننے کا اعلان کرنے کے بعد ہم نے اپنے قومی سلامتی کے مسائل کو صرف اپنے پڑوسیوں تک ہی نہیں بلکہ ایٹمی طاقتوں کے پورے حلقے تک پھیلا دیا ہے۔

تاہم اس بات پر زور دیا جانا چاہیے کہ متعدد دشمنوں سے وابستہ مسائل کو ایسے یکطرفہ اقدامات کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دیا جانا چاہیے جن سے خطرات کو کم کرنے میں مدد ملے۔ جیسا کہ پہلے رائے دی جا چکی ہے کہ یہ ہمارے اپنے تحفظ کے لیے ضروری ہے اور ہمارے مفاد میں ہے۔ اگر ڈی الرٹ کے معاہدے ایسے دو طرفہ یا کثیر جہتی معاہدوں کا حصہ نہیں ہیں جن کے ساتھ بیرونی معائنے اور تصدیق جیسی پیچیدگیاں وابستہ ہوتی ہیں تو انہیں اپنی سلامتی کو خطرے میں ڈالے بغیر عملی جامہ پہنانا ممکن ہے۔ ایسے اقدام دنیا کو ایٹمی خطرے سے پاک کرنے کی طرف پہلا قدم ثابت ہوں گے

3

ایٹمی حملے کی صورت میں شہری دفاع*

کیا جنوبی ایشیاء میں ممکن ہے؟

آر راجا رامن، ضیاء میاں، عبدالحمید نیر

3.1۔ تعارف

ایٹمی صلاحیت کے حامل ممالک نہ صرف دوسری قوموں کو دھمکاتے رہتے ہیں بلکہ انہیں خود بھی یہ خطرہ لاحق رہتا ہے کہ دوسرے ایٹمی ممالک ان پر حملہ کر دیں۔ اس طرح جوہری بلیک میلنگ اور ایٹمی جنگ کا خدشہ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ ان حالات میں مختلف ممالک کی حکومتیں جنگی تیاریوں کے علاوہ ایٹمی حملے سے اپنی آبادی کو بچانے کیلئے شہری دفاع کے موثر نظام بھی وضع کرتی ہیں، جس کا مقصد جنگ کی صورت میں حملے کے وقت اور حملے کے بعد شہریوں کی جان و مال کے بچاؤ کیلئے انتظامات کرنا اور شہریوں کو تربیت دینا ہوتا ہے۔ شہری دفاع کے اقدامات کے پس منظر میں محرکات متفرق نوعیت کے ہوتے ہیں جن میں ایک زندگیاں بچانا بھی ہوتا ہے، اگرچہ یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ حکومتیں ایٹمی صلاحیت حاصل کر کے لاکھوں زندگیاں خطرے میں ڈالتی ہیں پھر ان میں سے چند زندگیوں کو بچانے کیلئے کوششیں کرتی ہیں۔ شہری دفاع کے اقدامات سیاسی ہتھکنڈے کے طور پر بھی استعمال کئے جاتے ہیں جس کے ذریعے عوام کو یہ اطمینان دلایا جاتا ہے کہ ایٹمی حملے سے زندہ بچا جا سکتا ہے۔ یوں ایسے خطرات سے ان کا خوف کم کرنے کی کوشش کی

جاتی ہے۔

چونکہ امریکہ اور سوویت یونین ہی پہلے دو ممالک ہیں جنہوں نے ایٹمی صلاحیت حاصل کی اس لئے یہی دو ممالک سب سے پہلے ایٹمی حملے سے شہری دفاع کے شعبے پر توجہ دی اور اس سلسلے میں کچھ خاص وسائل بھی استعمال کئے۔ برطانیہ اور یورپ کے کچھ ممالک بھی سرد جنگ کے پورے زمانے میں ایٹمی حملہ کے خلاف شہری دفاع کے بارے میں فکر میں مبتلا رہے۔ ہر وہ ملک جس نے شہری دفاع کا نظام قائم کرنے کی کوشش کی وہ اس سوال میں الجھ گیا کہ ان سارے اقدامات کا کچھ فائدہ بھی ہوگا یا نہیں۔ بالآخر وہ یہ دریافت کرنے میں کامیاب ہو گئے کہ صرف چند اعلیٰ فوجی افسروں، بیوروکریسی کے اعلیٰ ارکان اور اہم سیاسی رہنماؤں کو ہی ایٹمی حملے میں بچایا جا سکتا ہے۔ اس کے بعد سے ان ممالک نے ایسے حملے سے وسیع پیمانے پر شہریوں کو بچانے کی کوششیں بالآخر ترک کر دیں۔ امریکہ تیس برس تک شہری دفاع کے شعبے کو موثر بنانے کی کوششوں میں مصروف رہا۔ لیکن پھر 1979 کی ایک رپورٹ میں ان ساری کوششوں کا نتیجہ یہ نکالا گیا کہ "صرف کاغذوں میں ہی شہری دفاع موثر اور قابل عمل نظر آتا ہے۔۔۔۔ تاہم کسی کو یقین نہیں کہ امریکہ میں ایٹمی ہتھیاروں کے خلاف شہری دفاع کا کوئی موثر نظام موجود ہے۔"[1]

اس تجربے اور تجزیے کے باوجود 1998ء میں کئے گئے اپنے ایٹمی تجربات کے بعد سے اب تک بھارت اور پاکستان یہ اعلانات کرتے رہے ہیں کہ وہ ایٹمی حملے کے خلاف شہری دفاع کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر 25 نومبر 1999ء کی ٹائمز آف انڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق "بھارتی حکومت نے مختلف مغربی ممالک کی جانب سے کئے گئے اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے دارالحکومت پر ایٹمی حملے کا سامنا کرنے کے لئے ایک لائحہ عمل تیار کیا ہے۔"[2] دیگر شہروں کے عوام بھی اس حوالے سے تشویش کا شکار ہیں۔ مثال کے طور پر جون 2002ء میں ریاست کرناٹک کو بھی اپنے شہر بنگلور پر حملے کی فکر تھی۔ یاد رہے کہ بنگلور میں کافی فوجی چھاؤنیاں بھی موجود ہیں۔[3] ادھر پاکستان نے بھی اعلان کیا کہ اس کی شہری دفاع اکیڈمی حکومتی اور نجی شعبے کے حکام اور میڈیا کو ایٹمی حملے سے بچنے کے سلسلے میں تربیت کا آغاز کرے گی اور یہ کہ سکولوں کے اساتذہ کو بھی تربیت دی جائے گی کہ اسباق میں شہری دفاع سے متعلق معلومات شامل کی جائیں۔[4]

مغربی ممالک نے کئی دہائیوں کے مطالعے اور تجربے کے بعد یہ تسلیم کیا ہے کہ ایٹمی حملے سے اپنے شہریوں کو بچانے کا کوئی قابل عمل طریقہ موجود نہیں۔ تو ظاہر ہے کہ بھارت اور پاکستان کی بابت میں جو بھی کوششیں کر رہے ہیں وہ بھی ناکامی سے دوچار ہونگی اور ان کوششوں کی حیثیت مردہ گھوڑے کو چابک مارنے سے زیادہ اور کچھ نہیں ہوگی۔ ایٹمی جنگ سے ہونے والے نقصانات اتنے زیادہ ہوتے ہیں کہ چند دیگر کو بچانے کا موقع بھی ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہئے۔ جنوبی ایشیاء میں شہری دفاع کے قابل عمل ہونے کا اندازہ لگاتے ہوئے یہ مقامی عوامل مدنظر رکھا کیا جانا چاہئے جیسے یہاں کے ایٹمی ہتھیاروں کی منفرد خصوصیات، اس علاقے کا جغرافیہ اور معاشرتی اور معاشی صورتحال۔ یہ یقینی ہے کہ ایٹمی دھماکے کے نتیجے میں جنوبی ایشیاء کے گنجان آباد شہروں کے باشندے بڑی تعداد میں مارے جائیں گے۔ لیکن پھر بھی یہ ممکن ہے کہ اگر شہری دفاع کی مناسب تدابیر اختیار کر لی جائیں تو ہلاکتوں کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ زیر نظر مضمون میں ہم اس سوال کا جائزہ لیں گے کہ جنوبی ایشیاء میں ایٹمی جنگ سے ہونے والے ممکنہ جانی نقصان کو کسی بھی طور پر کم کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

سب سے پہلے ہم حصہ دوم میں بھارت اور پاکستان کی جانب سے ایک دوسرے کے شہروں پر ایٹمی حملے کے اثرات کا جائزہ لیں گے، کیونکہ یہی وہ اثرات ہیں جن سے شہریوں کو بچانے کیلئے شہری دفاع کے اقدامات کے طور پر کچھ کرنا چاہئے۔ تیسرے حصے میں ہم مختصراً یہ جائزہ لیں گے کہ شہری دفاع کے شعبے میں جن جن ممالک نے کام کیا، انہوں نے جوہری دھماکے سے ہونے والی آتشزدگی اور تابکاری مواد کی بارش سے بچاؤ کیلئے کیا راہ نکالی۔ چوتھے حصے میں ہم یہ اندازہ لگائیں گے کہ اگر پاکستان اور بھارت نے دوسرے ممالک والے طریقوں پر عمل درآمد کی کوشش کی تو انہیں کس نوعیت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اور آخر میں اس تجزیئے سے ہم چند ایسے اقدامات تجویز کریں گے کہ جن پر اگر صحیح طرح عمل کیا گیا تو اور حالات نے بھی وفا کی تو شاید چند جانیں بچائی جا سکیں۔

3.2- جوہری ہتھیاروں سے ہونے والے نقصانات

ایٹمی حملے سے شہری دفاع کی منصوبہ سازی کا آغاز سب سے پہلے اس نقصان کا اندازہ

لگانے سے ہونا چاہئے جس کے خلاف عوام کا تحفظ مطلوب ہے۔ یہاں ہم اسی بات کا اندازہ لگائیں گے۔ حالانکہ اس تخمینے کی بنیاد ایٹمی دھماکے کے طبیعی اور حیاتیاتی اثرات کے تکنیکی تجزیوں پر ہی ہے، تاہم مضمون کو طوالت سے بچانے اور قاری کی دلچسپی قائم رکھنے کیلئے ہم اس کی سائنسی تفصیلات کو نظرانداز کر دیں گے۔ جو اعداد و شمار ہم دیں گے ان کو صرف گراف کی شکل میں پیش کیا جائے گا۔ اس کے باوجود بعض قارئین کیلئے یہ مواد بہت زیادہ تکنیکی نوعیت کا ہو سکتا ہے لیکن ہمارے خیال میں مسئلے کو سمجھنے کیلئے اس طرح کی تکنیکی معلومات یا مواد کو جو کہ شہری دفاع کے منصوبوں کے بارے میں فیصلہ سازی اور معلوماتی بحث کیلئے بھی بہت ضروری ہیں نظرانداز کرنا بھی ناممکن ہے۔

کسی شہر یا شہروں کے اوپر کوئی اہداف کو ایٹمی ہتھیار سے نشانہ بنانے سے کتنے لوگ ہلاک ہوں گے، کتنے لوگ زخمی ہوں گے، املاک اور قدرتی ماحول کو کس قدر نقصان پہنچے گا اور یہ نقصان کس نوعیت اور شدت کا ہوگا، ان سب کا اندازہ اس بات سے لگایا جائے گا کہ کتنے ہتھیار استعمال ہوں گے اور ان کی طاقت کتنی ہوگی (یعنی اس کی دھماکہ خیز طاقت کتنی ہوگی عام طور پر یہ طاقت ٹی این ٹی کے ٹنوں میں بیان کی جاتی ہے)[5] سرد جنگ کے دوران میں امریکہ اور سوویت یونین، دونوں یہ خطرہ محسوس کرتے تھے کہ دوسرا اس پر کئی سو ہائیڈروجن بموں سے حملہ کر سکتا ہے جن میں سے ہر ایک کی طاقت لاکھوں ٹن (سینکڑوں کلوٹن) سے کئی میگاٹن (ہزاروں کلوٹن) تک ہو سکتی تھی۔ اس زمانے میں دونوں ملکوں میں ان کے شہری دفاع کے ماہرین بھرپور حملوں کی توقع کرتے تھے اور ان سے پہنچنے والے نقصانات سے تحفظ کی منصوبہ بندی کرتے تھے۔[6] دونوں کے درمیان میدان کارزار میں سرحدی ممالک بھی یہی توقع کرتے تھے کہ ایٹمی جنگ ان پر قیامت بن کر ٹوٹے گی۔ 1980 کی دہائی کے دوران لندن شہر کی جانب سے لندن پر ایٹمی حملے کے خطرات پر ایک مطالعہ (Greater London Area War Risk Study) کیا گیا تھا۔ اس میں بھی یہی فرض کیا گیا تھا کہ برطانیہ پر 90 میگاٹن طاقت والا حملہ ہوگا اور اس میں سے 10 میگاٹن کے بم صرف لندن پر برسائے جائیں گے۔[7]

اس کے برعکس، جنوبی ایشیاء میں جہاں تک نظر آتا ہے، قرین قیاس یہی ہے کہ بہت کم طاقت کے ایک یا دو ایٹمی ہتھیار کسی بڑے شہر پر داغے جا سکتے ہیں۔ حالانکہ یہ بھی ہے کہ پاکستان اور

بھارت نے جو ایٹمی ہتھیار تیار کر رکھے ہیں وہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر پھینکے گئے ایٹمی ہتھیاروں کی طرح کے 10 سے 20 کلوٹن طاقت کے ہوں گے۔ اندازہ ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں کے پاس اس وقت ایسے چند درجن ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ تاہم یہ امکان بھی موجود ہے کہ مستقبل میں دونوں ملک ہائیڈروجن بم تیار کر لیں جو کہ عام بم کی نسبت کہیں زیادہ طاقت ور ہوتے ہیں۔ بھارتی سرکاری ذرائع کا دعویٰ ہے کہ 1998ء میں جو ایٹمی تجربات کیے گئے ان میں ایک ہائیڈروجن بم بھی تھا جس کی طاقت 200 کلوٹن تھی۔[8] چنانچہ اس تجزیے میں ہم تصور کریں گے کہ دہلی، بمبئی، لاہور یا کراچی جیسے بڑے شہروں پر 10 کلوٹن، 20 کلوٹن اور 200 کلوٹن طاقت کے ایٹمی ہتھیار پھینکے جائیں گے۔

3.3۔ جوہری ہتھیاروں کے اثرات

جب کوئی ایٹمی ہتھیار پھٹتا ہے تو اس سے بے تحاشا توانائی خارج ہوتی ہے۔ یہ توانائی درج ذیل شکلوں میں ہوتی ہے

1. دھماکہ اور اس سے پیدا ہونے والی شدید لہریں جو کل توانائی کا نصف یعنی پچاس فیصد پر مشتمل ہوتی ہیں۔
2. حرارتی تابکاری، یہ کل توانائی کا 35 فیصد ہوتی ہے۔
3. فوری جوہری تابکاری جو کل توانائی کا پانچ فیصد ہوتی ہے۔
4. قائم رہنے والی طویل المیعاد جوہری تابکاری جس کو فال آؤٹ کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ یہ کل توانائی کے دس فیصد پر مشتمل ہوتی ہے۔

ان میں سے ہر حصے کی وجہ سے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں اس کے بارے میں حسابی اور عملی حوالوں سے معلومات کافی عرصے سے دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس ناگاساکی اور ہیروشیما کا عملی ثبوت بھی موجود ہے۔[9] جنوبی ایشیا پر اطلاق کیلئے ایک اور حالیہ اور قابل قدر ذریعہ ایم وی رمنا کا وہ کام ہے جس میں انہوں نے ممبئی پر ممکنہ حملے کے نتائج اخذ کیے ہیں۔[10] ان میں سے ہمیں صرف وہ ماڈل درکار ہیں جو ہمارے مقاصد پورے کرتے ہوں۔ یہ بات بھی ذہن میں رہنی چاہیے کہ کئی سو کلوٹن طاقت والے ہائیڈروجن بم کے دھماکے سے ہونے

والے نقصانات کہیں زیادہ ہوتے ہیں؛ اور اس کی آگ بہت دور تک پھیل سکتی ہے۔[11]

ایٹمی دھماکے سے پیدا ہونے والی حرارت کی شدت، شدید ہوا اور خارج ہونے والی تابکاری کے بارے میں مکمل معلومات عام دستیاب ہیں۔ لیکن ان خطرات سے پیدا ہونے والی انسانی ہلاکتوں کے بارے میں ٹھیک ٹھیک پیشگی اندازہ لگانا ممکن نہیں ہے۔ اس کا انحصار کئی چیزوں پر ہے، جیسے کہ اس علاقے کی زمینی ساخت، علاقے کا موسم، دفاع میں پناہ گاہوں کی موجودگی، حملے کا وقت، حملے کا نشانہ بننے والے شہر کا جغرافیہ، بود و باش اور وہاں کی عمارتوں کی طرز تعمیر وغیرہ۔ کسی ایٹمی حملے سے طبی اور حیاتیاتی نقصانات کی پیشین گوئی کرنا ویسے بھی مشکل ہے لیکن یہ اس وجہ سے اور بھی مشکل ہو جاتا ہے کہ محض اتفاقی طور پر چند لوگ خطرے کی زد میں ہوتے ہوئے بھی بچ جاتے ہیں اور چند لوگ محفوظ جگہوں پر ہونے کے باوجود شکار ہو جاتے ہیں۔ اس وجہ سے ہیروشیما اور ناگاساکی کی ہلاکتوں کے بارے میں تخمینوں میں اتفاق نہیں پایا جاتا، اور ایٹمی حملے کے انسانوں پر اثرات کی صرف یہی دو عملی مثالیں موجود ہیں۔ ایٹمی تجربات سے اس بارے میں کوئی معلومات نہیں ملتی۔ ہاں بحر الکاہل کے جزیروں میں بسنے والے باشندوں کی ایک مثال موجود ہے۔ جہاں بڑے ہائیڈروجن بموں کے کیے گئے تجربات سے ان کی زندگیاں متاثر ہوئی تھیں۔

شہری دفاع کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے ہمیں محتاط اندازے لگانے ہوں گے۔ یہاں جو گراف دیے جا رہے ہیں ان میں مختلف طاقت کے ایٹم بم پھٹنے سے خارج ہونے والے دھماکے، حرارت اور تابکاری سے انسانی جانوں کے نقصان اور شہری تعمیرات کی تباہی کے بارے میں اعداد و شمار کا تخمینہ اس مفروضے پر دیا گیا ہے کہ انہیں کوئی پناہ میسر نہیں تھی۔ ہم نے یہ بھی فرض کیا ہے کہ دھماکہ ایسے علاقے میں ہوا جو مسطح تھا اور یہ کہ مطلع صاف تھا۔

3.4۔ ایٹمی دھماکہ اور اس سے پیدا ہونے والی شدید لہریں

دھماکے سے پیدا ہونے والی لہر پہلے راستے میں آنے والی ہر چیز پر بے تحاشا دباؤ ڈالتی ہے۔ یہ چند کلومیٹر کے دائرے کے اندر صرف دس سیکنڈ تک برقرار رہتی ہے لیکن اس سے ہونے والا نقصان بہت ہو سکتا ہے۔ دھماکے سے بہت زیادہ شدید اور تیز رفتار ہوائیں بھی پیدا ہوتی ہیں۔ (ہوا کے دباؤ کو پاؤنڈ فی مربع انچ میں ناپا جاتا ہے۔ عام ہوائی دباؤ 14.7 پاؤنڈ فی مربع انچ

ہوتا ہے)۔ جتنی بڑی ایٹمی ہتھیار کی طاقت زیادہ ہوگی اس کے دھماکے سے پیدا ہونے والا دباؤ اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ علاوہ ازیں یہ دباؤ دھماکے کے مقام پر سب سے زیادہ ہوگا لیکن جوں جوں دھماکے کے مقام سے فاصلہ بڑھے گا اس کی شدت کم ہوتی جائے گی۔ اگر زمین ہموار ہو تو ایک سادہ اصول کے مطابق ایک خاص دباؤ جس فاصلے پر پیدا ہوگا وہ فاصلہ دھماکے کی طاقت کے جذر المکعب (cube root) کے مطابق تبدیل ہوگا۔[12] اس حوالے سے 10 کلوٹن، 20 کلوٹن اور 200 کلوٹن طاقت کے ہتھیاروں کے لئے نتائج کو گرافی صورت میں شکل نمبر 1 میں پیش کیا گیا ہے۔

Figure 1 Blast Pressure as a Function of Distance



20 پاؤنڈ فی مربع انچ کا زائد دباؤ، جس کے ساتھ 800 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار والی ہوائیں چلتی ہیں، لوہے کے سریوں اور کنکریٹ سے بنی عمارتوں کو تباہ کرنے کے لئے کافی ہوتا ہے۔ 5 پاؤنڈ فی مربع انچ کے زائد دباؤ سے لکڑی سے بنی یا کمزور عمارتیں زمین بوس ہو جاتی ہیں۔ اس دباؤ کے تحت ہواؤں کی رفتار 250 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی۔

بھارت اور پاکستان کے بڑے شہروں میں آبادی کا ایک کافی بڑا حصہ جھونپڑیوں میں رہتا

ہے۔ یہ جھونپڑیاں ٹین کی چادروں اور گارے کی دیواروں سے بنی ہوتی ہیں۔ یہ ساری جھونپڑیاں 2 سے 3 پاؤنڈ فی مربع انچ دباؤ پر مکمل تباہ ہو جائیں گی، اور یہ دباؤ 10 تا 20 کلوٹن کے ایٹمی دھماکے کے مرکز سے 2 کلومیٹر دور بھی ہو سکتا ہے۔ جب کہ 200 کلوٹن طاقت کا دھماکہ تو چار کلومیٹر دور ایسی آبادیوں کو نیست و نابود کر کے رکھ دے گا۔ ان علاقوں میں رہنے والے لوگ ایٹمی دھماکے اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی طوفانی ہواؤں میں اڑتے ہوئے ملبے کی مکمل زد میں ہوں گے اور آگ کے رحم و کرم پر ہوں گے۔

پاکستان اور بھارت کے دیگر شہروں میں متوسط طبقے کے مکانات سیمنٹ اور اینٹوں سے تعمیر کیے جاتے ہیں۔ جو دس پاؤنڈ فی مربع انچ کے دباؤ سے مکمل تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ جب کئی لوگ ان عمارتوں کی چھتیں گرنے یا ان کے ملبے تلے دب کر ہلاک ہو جائیں گے، دھماکے کی لہروں سے ملبہ اور شیشوں کے ٹکڑے اڑیں گے جن کی رفتار بہت زیادہ ہوگی، اور جن کی زد میں آنے والے لوگ شدید زخمی ہوں گے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دھماکے کی ان لہروں کی زد میں آ کر لوگ خود بھی دیواروں اور عمارتوں سے جا ٹکرائیں۔ اس صورت حال میں صرف سریے کے ڈھانچوں پر کھڑی کی گئی ٹھوس کنکریٹ کی بنی ہوئی عمارتیں اور بلڈنگ ہی 20 پاؤنڈ فی مربع انچ دباؤ برداشت کر پائیں گی۔ لیکن جب دباؤ اس سے تجاوز کرے گا تو یہ بھی تباہ ہونا شروع ہو جائیں گی۔ اتنے زیادہ دباؤ کی حالت میں جو انسان بھی باہر کھلی جگہ پر ہوگا اس کے پھیپھڑے اور کان جواب دے جائیں گے۔

چنانچہ اس حقیقت کے پیش نظر کہ زیادہ تر آبادی کنکریٹ کی ٹھوس اور مضبوط عمارتوں میں نہیں رہتی، اور یہ کہ طوفانی ہواؤں سے بھی لوگ شدید زخمی ہوں گے، یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جس جگہ 10 پاؤنڈ فی مربع انچ سے زیادہ دباؤ ہوگا وہاں زیادہ تر لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔ شکل نمبر 1 سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایسا دباؤ 10 کلوٹن، 20 کلوٹن اور 200 کلوٹن طاقت والے ہتھیاروں کے لئے بالترتیب 1 کلومیٹر، 1.3 کلومیٹر اور 2.5 کلومیٹر کے فاصلوں تک ہوگا۔

3.5 حرارتی شعاعیں

جب کوئی ایٹمی دھماکہ ہوتا ہے تو ایک سیکنڈ سے بھی کم وقت میں اس کے مرکز میں

حرارت کروڑوں ڈگری تک پہنچ جاتا ہے۔ یاد رہے کہ اس کی نسبت عام دستی کیمیائی دھماکے سے تقریباً پانچ ہزار ڈگری تک حرارت پیدا ہوتی ہے۔ یہ شدید حرارت پھر مرکز سے باہر کی طرف سفر کرتی اور پھیلتی ہے۔ ایک عام اندازے کے مطابق ایٹم بم کی کل توانائی کا ایک تہائی حصہ حرارت کی شکل میں خارج ہوتا ہے۔ اس حرارت کی شدت دھماکے کے مرکز سے دوری پر منحصر ہوتی ہے اور فاصلہ بڑھنے کے ساتھ گھٹتی جاتی ہے جیسا کہ شکل نمبر 2 میں دکھایا گیا ہے۔

Figure 2: Thermal Energy as a Function of Distance



شدید حرارت سے ہونے والا نقصان دو طرح سے سامنے آتا ہے۔ پہلا یہ کہ ایٹمی دھماکے سے پیدا ہونے والی روشنی اور حرارت کی شعاعوں کا لوگوں پر مختصر رہنے والا براہ راست اثر۔ انسانی جسم اگر 10 کیلوری فی مربع سینٹی میٹر سے زیادہ حرارت کا سامنا کرے تو اس سے ایسے شدید زخم آتے ہیں جنہیں تیسرے درجے کے جھلساؤ میں شمار کیا جاتا ہے اور جو مہلک ثابت ہو سکتے ہیں۔ کم تر حرارت کا سامنا ہو تو جھلساؤ دوسرے درجے یا درجہ دوم کے ہوں گے۔ دوسری طرح کا نقصان آتشزدگیوں کی وجہ سے ہو گا جو تیز حرارت کی وجہ سے ہوں گی۔ ان سے بھی لوگ زخمی ہوں گے۔ جہاں بھی 7 to 10 حرارے (کیلوریز) فی مربع سینٹی میٹر کی حرارت ہو گی وہاں فوری طور پر آگ

پکڑنے والی ہر شے جیسے خشک گھاس، کاغذ اور کپڑے وغیرہ کو آگ لگ جائے گی اور چھوٹی چھوٹی آتشزدگیاں مل کر بڑی آگ کی شکل بھی اختیار کر سکتی ہیں۔ یہ آتشزدگیاں آگ کے ویسے ہی طوفانوں کی طرح ہوں گی جیسی دوسری جنگ عظیم کے دوران ٹوکیو اور ہیمبرگ پر شدید بمباری کے نتیجے میں برپا ہوئے تھے۔ چنانچہ ہم دس کیلوریز فی مربع سینٹی میٹر کی حد قائم کر سکتے ہیں کہ اتنی یا اس سے زیادہ حرارت ہو تو وہ مہلک ثابت ہو سکتی ہے چاہے یہ براہ راست تیسرے درجے کے جھلساؤ کی صورت میں ہو یا آگ کے طوفان سے جھلسنے اور دم گھٹنے کے باعث۔ شکل نمبر 2 سے معلوم ہوتا ہے کہ 10 حرارے (کیلوریز) فی مربع سینٹی میٹر یا اس سے زیادہ حرارت 10 کلوٹن، 20 کلوٹن اور 200 کلوٹن طاقت والے بموں کے لئے بالترتیب 1.3 کلومیٹر، 1.9 کلومیٹر اور 4.5 کلومیٹر کے فاصلوں تک ہو گی۔

6.3- فوری جوہری تابکاری

جب نیوکلیئر انشقاق ہوتا ہے تو نیوٹران خارج ہوتے ہیں اور جو توانائی خارج ہوتی ہے وہ جزوی طور پر گاما شعاعوں کی شکل میں آتی ہے۔ انشقاق کے نتیجے میں بڑے ایٹم ٹوٹنے کے باعث بننے والے چھوٹے ایٹم غیر مستحکم ہوتے ہیں اور بہت زیادہ گاما اور بیٹا شعاعیں خارج کرتے ہیں۔ اگر تعمیر میں پلوٹونیم استعمال کیا گیا ہو تو بہت خفیف مقدار میں الفا ذرات بھی خارج ہوں گے۔ اس طرح ابتدائی جوہری تابکاری کا ایک بڑا حصہ نیوٹران، بیٹا اور گاما شعاعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ لیکن بیٹا شعاعیں آبادی کے بیشتر حصے کے لئے تشویش کا باعث نہیں ہیں کیونکہ یہ شعاعیں فوری طور پر قریب موجود ہوا میں جذب ہو جاتی ہیں۔ اس کے برعکس گاما شعاعیں اور نیوٹران دھماکے کے مقام سے کافی فاصلے تک سفر کر سکتے ہیں اور یہ تابکاری کا ایسا حصہ ہوتے ہیں جو انسانی جسم کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ہیں۔ اگر تابکاری زیادہ ہو جائے تو مہلک بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔[19] اگر فوری اور مناسب طبی علاج میسر نہ آئے تو 450 ریڈز (Rads) یا اس سے زیادہ تابکاری بیشتر لوگوں کے لئے مہلک ثابت ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ ہلکی سی تابکاری بھی کینسر جیسے مہلک مرض کا باعث ہو سکتی ہے۔ شکل نمبر 3 میں دھماکے کے مرکز سے مختلف فاصلوں تک گاما شعاعوں اور نیوٹران کی مشترکہ مقداروں کو دکھایا گیا ہے۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ 10 کلوٹن، 20 کلوٹن

اور 200 کلوٹن طاقت کے ہتھیاروں سے بالترتیب 1.2 کلومیٹر، 1.3 کلومیٹر اور 2 کلومیٹر کے

Figure 3: Total Gamma Plus Neutron Radiation



فاصلے تک 450 ریڈیز سے زیادہ کی مہلک تابکاری پہنچ جاتی ہے۔ (یاد رہے کہ ریڈ شعاعوں کی جذب شدہ مقدار کی ایک اکائی کا نام ہے جو 0.01 جول فی کلوگرام کے مساوی ہوتی ہے۔ جول توانائی کی اکائی ہے)

7.3۔ دھماکے کا اندرونی رداس

دھماکے کے فوری اثرات (یعنی دھماکہ، شدید حرارت اور فوری تابکاری) سے ہلاکتیں کتنے کتنے فاصلے تک واقع ہوں گی؟ آیئے اس کا اندازہ لگائیں۔ شکل نمبر 4 پر نظر دوڑائیے تو معلوم

Figure 4: Radii of High Fatality Domains



ہوگا کہ تینوں کے فاصلے تقریباً برابر ہیں یعنی 10 سے 20 کلوٹن طاقت کے ایٹمی دھماکے کے فوری اثرات 1 تا 2 کلومیٹر دور تک پہنچ جاتے ہیں، جبکہ 200 کلوٹن طاقت والے ایٹمی دھماکے کے اثرات 2 تا 4.5 کلومیٹر دور تک پہنچ جاتے ہیں۔ ہر صورت میں آگ اور حرارت کچھ زیادہ دور تک اثر انداز ہوتے ہیں۔ 200 کلوٹن طاقت والے ہتھیاروں کیلئے حرارت و آگ کا مہلک اثر دھماکے اور تابکاری کی نسبت تین گنا زیادہ دور تک ہوتا ہے۔

چونکہ کسی ایک طاقت والے ایٹمی ہتھیار کیلئے دھماکے، شدید حرارت اور فوری تابکاری تقریباً ایک ہی فاصلے تک مہلک ثابت ہوتے ہیں اس لئے اس فاصلے تک لوگوں کے لئے ایٹمی دھماکے سے پیدا ہونے والی حرارت سے جھلس کر ہلاک ہونے کا خطرہ بھی اتنا ہی ہے جتنا دھماکے

کی شدید بھری رو میں آ کر ہلاک ہو جائے گا۔ اس فاصلے تک موجود افراد کو بہت تیز تابکاری کا سامنا بھی کرنا پڑے گا، لیکن وہ تابکاری کے اثر انداز ہونے سے پہلے ہی ہلاک ہو چکے ہوں گے۔ چند وہ لوگ جو شدید حرارت اور دھماکے کی تندی سے تو کسی طور بچ پائیں گے، تابکاری کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکیں گے اور ہلاک ہو جائیں گے۔ ہیروشیما اور ناگاساکی پر ہونے والے ایٹمی حملوں سے ہونے والی اموات کا تجزیہ بھی یہی کچھ بتاتا ہے۔

چنانچہ مندرجہ بالا ساری باتوں کے پیش نظر شہری دفاع کے حوالے سے ہم ایسے علاقے کو "اندرونی" کہیں گے جس میں تمام غیر محفوظ افراد ہلاک ہو جائیں، دوسرے الفاظ میں ہم کہیں گے کہ اس اندرونی علاقے کا رقبہ ایٹم بم کی طاقت کے لحاظ سے طے ہوگا۔ 10 سے 20 کلوٹن کے ہتھیاروں کے لیے یہ اندرونی علاقہ مرکز سے 1.5 کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہوگا، جبکہ 200 کلوٹن کے ہتھیار کے لیے یہ 3.5 کلومیٹر دور تک ہوگا

اندرونی علاقے سے ہماری مراد یہ ہرگز نہیں ہے کہ اس سے باہر موجود سبھی افراد زندہ بچ جائیں گے اور اس کے اندر موجود ہر فرد یقینی طور پر زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ ہم پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں کہ ایٹمی دھماکے کے کسی فرد پر پڑنے والے اثرات کا معاملہ بہت پیچیدہ ہے جس کا حل اور اک صرف وجہ حرارت، دباؤ یا تابکاری جیسے چند عوامل سے نہیں کیا جا سکتا۔

ماقعدہ ایسے عوامل ہیں جن کے بارے میں پیش گوئی نہیں کی جا سکتی۔ لیکن یہ عوامل کسی بھی دھماکے کے نزدیک موجود کسی فرد کے زندہ بچے رہنے کے امکانات کا تعین کرتے ہیں۔ ہم ہیروشیما پر ہونے والے ایٹمی دھماکے کی مثال لیتے ہیں۔ اس حملے میں استعمال ہونے والا ایٹم بم 12 کلوٹن طاقت کا تھا۔ اس دھماکے کے مرکز سے کہ آدھے کلومیٹر کے دائرے میں موجود ہر شخص ہلاک ہو گیا تھا۔ تاہم مرکز سے ایک کلومیٹر کے دائرے میں موجود 17 فیصد افراد زندہ بچ گئے جبکہ ایک سے ڈیڑھ کلومیٹر کے دائرے میں موجود آدھے افراد زندہ بچ گئے تھے۔ حالانکہ زندہ بچ جانے والے اور ہلاک ہو جانے والے دونوں طرح کے لوگ ہی اندرونی علاقے کے اندر موجود تھے [14]۔ چونکہ درج بالا اصولوں پر حرارت، دباؤ اور ایٹمی تابکاری کے بارے میں شکل نمبر 1 تا 3 میں دی گئی سائنسی پیش گوئی غلط نہیں ہو سکتی اس لیے صرف یہی وضاحت کی جا سکتی ہے کہ کسی حادثاتی صورتحال کی وجہ سے زندہ بچ جانے والے حرارت، دباؤ اور تابکاری جیسے

خطرناک عوامل کا سامنا کرنے سے محفوظ رہے تھے۔ ممکن ہے کہ وہ کسی دیوار یا عمارتی ڈھانچے کی اوٹ میں کھڑے ہوں۔ یا ممکن ہے کہ وہ باہر کسی کھلے علاقے میں ہوں یا کوئی گڑھا کھودے ہوں جس کی وجہ سے دھماکے نے انہیں کم نقصان پہنچایا ہو۔ اس کے برعکس ہیروشیما پر پھینکے گئے ایٹم بم کے اعداد و شمار کا جائزہ لیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ دھماکے کے مقام سے ڈیڑھ تا دو کلومیٹر کی حدود میں 9 تا 21 فیصد لوگ ہلاک ہوئے تھے، حالانکہ شدید حرارت، دھماکے اور تابکاری تینوں کے انفرادی اثرات سے انہیں شدید زخمی ہونا چاہیے تھا ہلاک نہیں ہونا چاہیے تھا۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ تینوں عوامل یعنی حرارت، دباؤ اور تابکاری کے انفرادی اثرات اگر مہلک نہ بھی ہوں تو تینوں کے مشترکہ اثرات ضرور مہلک ثابت ہوتے ہیں۔ یہ بات بھی یاد رکھنی ہے کہ سبھی لوگ دھماکے کی حرارت اور تابکاری سے یکساں طور پر متاثر نہیں ہوتے ہیں۔ بڑی عمر کے لوگ، بچے اور کم خوراکی کا شکار افراد میں چونکہ قوت مدافعت کم ہوتی ہے اس لئے وہ زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔

اگرچہ مختلف علاقوں میں ہلاکت خیزی کے امکانات کے بارے میں کوئی پیش گوئی کرتے ہوئے بہت سے غیر یقینی معاملات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے باوجود ہلاکت خیز علاقے کے رقبے کے بارے میں اندازہ لگانا مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس سے شہری دفاع کی منصوبہ بندی کرنے والوں کو بھی آفت کی شدت کے بارے میں کچھ اندازہ ہو جاتا ہے اور یہ پتہ چل جاتا ہے کہ اس کے اثرات کس حصے میں زیادہ ہوں گے۔ اس طرح انہیں یہ تخمینہ لگانے میں آسانی ہوتی ہے کہ کسی دھماکے سے کتنے لوگوں کی موت واقع ہو سکتی ہے۔ اندرونی علاقے کا تعین کرنے سے ہمیں انہی باتوں کا پتہ چلنے کی امید ہو سکتی ہے۔

3.8۔ تابکاری والے مواد کی بارش (Radioactive Fallout)

جب کوئی ایٹمی ہتھیار زمین پر یا اس کی سطح کے قریب پھٹتا ہے تو دھماکے کے مقام کے ارد گرد کی کافی مٹی اور دیگر مواد بخارات میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ بخارات کی صورت اختیار کر جانے والا یہ سارا کباڑ چھتری نما بادل کی شکل میں اوپر اٹھتا ہے اور پھر آپس میں مل کر مختلف حجم کے ذرات تشکیل دیتا ہے جو 100 مائیکرون (ریت کے ایک باریک سے ذرے کی جسامت) سے لے کر نظر نہ آنے والی کاجل کی طرح کے ذرات کے برابر ہو سکتے ہیں۔ یہ ذرات مٹی، پانی اور دھماکے کی جگہ پر جو اشیاء بھی

موجود تھیں ان سب کا مرکب ہوتے ہیں۔ ان میں بم کی اپنی تابکار باقیات بھی شامل ہوتی ہے، جن میں انشقاق سے بچ جانے والے یورینیم اور پلوٹونیم شامل ہو جانے والے ایٹموں کے علاوہ تابکار ٹکڑے، اور دیگر مواد پر نیوٹرون کے تعامل سے پیدا ہونے والے غیر مستحکم تابکار ہم جا (isotopes) شامل ہوتے ہیں۔

تابکار گرد میں موجود غیر مستحکم ایٹموں کا انحطاط بیٹا اور گاما (beta and gamma) شعاعوں کی شکل میں ہوتا ہے جو بیشتر تابکاری کا باعث ہوتے ہیں۔ (الفا (alpha) شعاعیں بہت زیادہ تشویش کا باعث نہیں ہوتیں اگر وہ سانس اور خوراک میں شامل نہ ہو جائیں)۔ فوری تابکاری کے برعکس جو ہوتی تو بہت شدید ہے لیکن صرف بم کے دھماکے کے دوران اور اس کے بعد ایک سیکنڈ کے قلیل سے حصے تک رہتی ہے، کھمبی نما بادل میں موجود گرد کی تابکاری بڑے طویل عرصے تک آہستہ آہستہ نکلتی رہتی ہے۔ 10 سے 20 کلوٹن ہتھیار سے بننے والا بادل ساڑھے تین ہزار سے ... چھ ہزار میٹر کی بلندی تک پہنچ جاتا ہے اور پھر ایک ... کی مدت میں اس کی تابکار گرد آہستہ آہستہ زمین پر واپس گرتی ہے۔ لیکن اس دوران اگر ہوا چل رہی ہو تو وہ تابکار گرد کو دور تک لے جائے گی اور مختلف اطراف میں پھیلا بھی دے گی۔ کچھ گرد اطراف میں بھی پھیل جائے گی جس کی وجہ سے تابکاری زمین کے جس حصے پر گرے گی اس کی شکل بیضوی یا سگار جیسی ہوگی۔

چونکہ تابکاری ایسے غیر مستحکم ایٹموں سے نکلتی ہے جو انحطاط پذیر ہوتے ہیں اس لئے تابکاری وقت کے ساتھ کم ہوتی چلی جاتی ہے کیونکہ غیر مستحکم ایٹموں کی تعداد کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ مختلف ایٹموں کے ایسے مجموعوں سے وقت کے ساتھ تابکاری ... کے حساب سے گھٹتی جاتی ہے (t گھنٹوں میں)۔

تیز ہوا تابکاری کی بارش دور دراز کے علاقوں تک پھیلا سکتی ہے۔ اگر ہوا کی رفتار 15 میل (24 کلومیٹر) فی گھنٹہ ہو تو 20 کلوٹن کے دھماکے کے نتیجے میں بننے والا سگار کی شکل کا علاقہ (جہاں تابکار مادے کی موجودگی 100 ریڈ فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ ہوگی) 55 کلومیٹر لمبا اور 3.7 کلومیٹر چوڑا ہوگا۔[5] تابکاری کی بارش ان علاقوں تک دھماکے کے ایک دو گھنٹے میں ہی پہنچ جائے گی اور تابکاری کی خوراک (radiation dose) x فاصلے کے ساتھ کم ہوتی چلی جائے گی۔ اس علاقے میں موجود لوگ اگر کسی تہہ خانے یا کسی محفوظ جگہ پر نہیں ہیں تو وہ دو گھنٹے میں 300 ریڈ

مجموعی تابکاری کا سامنا کریں گے۔ بیمار کرنے اور چند صورتوں میں ہلاک کرنے کے لئے تابکاری کی یہ مقدار کافی سے زیادہ ہے۔ اس فاصلے کی حدود کے اندر اور اس سے آگے جو لوگ خود کو سگار کی شکل کے تابکار علاقے (fallout zone) میں پائیں انہیں چاہیے کہ وہ کوئی ایسی جگہ تلاش کریں جہاں وہ پناہ لے سکیں۔ تاکہ خطرہ ٹلنے تک وہاں رہ سکیں۔ یہ جگہ ایسی ہونی چاہیے جو ان کو تابکاری سے بچانے میں مددگار ثابت ہو۔ یاد رہے کہ تابکاری ہوا کے ذریعے پہنچتی ہے اور گرنے کے بعد کافی دیر تک قائم رہتی ہے۔

اگر ایٹمی دھماکہ زمین سے اچھی خاصی بلندی پر ہو تب مٹی اور دیگر فالتو مواد دھماکے سے پیدا ہونے والے گرداب کے ساتھ اوپر نہیں اٹھے گا۔ ایسی صورتحال میں تابکاری کی بارش بھی کم ہوگی۔ وہ بلندی جس سے اوپر ہونے والے ایٹمی دھماکے کے نتیجے میں تابکاری سے آلودہ بہت زیادہ مواد زمین پر نہیں گرے گا درج ذیل فارمولے سے ظاہر کی جا سکتی ہے $H = 180\ W^{0.4}$ feet۔ جہاں H بلندی ہے اور W ایٹم بم کی طاقت کو ظاہر کرتا ہے۔[18] 15 کلوٹن کے کسی ایٹمی ہتھیار کے لئے فال آؤٹ کی بلندی 540 فٹ یا 165 میٹر ہے۔ ہیروشیما اور ناگاساکی دونوں جگہوں پر جو ایٹم بم چلائے گئے تھے، وہ اس بلندی سے اوپر پھٹے تھے اس لئے دیگر خطرات کی نسبت فال آؤٹ کا خطرہ کم تر تھا۔ شہری دفاع کی منصوبہ بندی کرنے والے بھی یہ نہیں سوچیں گے کہ ایٹمی حملے میں ایٹم بم لازماً بلندی پر پھٹے گا اور اس طرح نقصان کم ہوگا۔ انہیں تو بدترین صورتحال کی تیاریاں کرنی ہوتی ہیں اور اس صورتحال سے نمٹنے کی تیاریاں کرنا ہوتی ہیں۔

آخر میں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ اگر ایٹمی دھماکے کے چند گھنٹے بعد بارش ہو جائے تو وہ اپنے ساتھ بہت سا تابکار مواد بھی نیچے لے جاتی ہے۔ (ہیروشیما میں ایسا ہی ہوا تھا اور اس کو بلیک رین یعنی کالی بارش کا نام دیا گیا تھا۔ یہ کالا پن آگ کے طوفان کی وجہ سے پیدا ہونے والی کالک کے بارش کے قطروں کے ساتھ ملنے سے پیدا ہوتا ہے۔) ایسی بارش کا خطرہ اس وقت زیادہ ہوتا ہے جب ہوا میں نمی زیادہ ہو جیسا کہ اکثر ساحل سمندر پر واقع شہروں میں ہوتا ہے۔ ایسی نمی تابکار مواد کی بارش کا باعث بن سکتی ہے۔ اگر ایٹمی دھماکہ ایسی بلندی پر ہو کہ عام حالات میں تابکار بارش کا خدشہ نہ ہو تب بھی نمی والے علاقوں میں ایسی بلندی پر دھماکہ تابکار بارش کا باعث بن سکتا ہے۔ تاہم اگر بارش ہو جائے تو تابکار مواد کے زمین پر گرنے کا دورانیہ ... نہیں ہوتا کہ ختم

بارش سے ہو جاتا ہے۔ جن علاقوں میں ایسی دھماکے کے بعد بارش ہو جاتی ہے وہاں کے رہنے والوں کو تابکار مواد کی اچھی خاصی مقدار ملتی ہے۔

3 9 ۔ ماضی میں جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کے اقدامات کا تجربہ

گزشتہ چالیس پینتالیس برسوں کے دوران جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کے بارے میں خاصی سوچ بچار کی گئی اور چند مرتب عمل درآمد کرنے کی بھی کوششیں کی گئیں۔ اس سلسلے میں سب سے زیادہ معروف مثالیں امریکہ اور برطانیہ کی ہیں۔ کیونکہ ان دونوں ملکوں کے معاشرے آزاد خیال ہیں اور دونوں ہی ملکوں کی مضبوط ایٹم بم مخالف تحریکیں شہری دفاع کے منصوبوں پر تنقید کرتی رہی ہیں۔[17] سوویت یونین کی جانب سے اس سلسلے میں کی گئی کوششوں کی بہت محدود تفصیلات دستیاب ہیں۔ اس سے بھی کم معلومات دیگر ایٹمی ممالک کی کوششوں کے بارے میں ہیں۔ نیٹو کے اراکین یورپی ممالک میں محدود نوعیت کے شہری دفاع کے منصوبے بنائے جاتے رہے۔ سویڈن اور سوئٹزرلینڈ گو کہ غیر ایٹمی اور غیر جانبدار ممالک ہیں، اس کے باوجود ان دونوں ممالک نے زیادہ مفصل شہری دفاع کے منصوبے بنائے[18]

عام طور پر کسی شہری دفاع کے منصوبوں کے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک کا مقصد حملے کی صورت میں علاقے کی آبادی کو تحفظ فراہم کرنا اور ان کی مدد کا بندوبست کرنا ہوتا ہے جبکہ دوسرے حصے کا مقصد عوام کو ممکنہ حملے کے لئے تیار کرنا ہوتا ہے۔ پہلے حصے کے تحت تین بنیادی اقدامات کئے جاتے ہیں۔

1۔ دھماکے اور تابکار بارش سے تحفظ فراہم کرنا۔

2۔ آبادی کا انخلاء اور محفوظ مقامات پر نئی آبادی کو بسانے کا انتظام کرنا۔

3۔ حملے کے بعد ہنگامی بنیادوں پر مدد فراہم کرنا۔

دوسرے حصے کے بھی کئی پہلو ہیں جو زیادہ مشکل ہیں۔ مثلاً

☆ عوام کو کسی حملے کے بارے میں خبردار کرنے کے لئے موثر رابطہ کرنا۔

☆ عوام کو یہ تعلیم اور تربیت دینا کہ کسی ایٹمی حملے کو کیسے سمجھنا ہے اور اس سے کیسے نمٹنا ہے۔

3 10 ۔ دھماکے اور تابکاری سے محفوظ رہنے کی پناہ گاہیں

شہری دفاع میں دھماکے اور تابکار بارش سے محفوظ رہنے کے لئے پناہ گاہوں کا کیا کردار ہو سکتا ہے، اس بارے میں امریکہ اور سوویت یونین کی سوچ ایک دوسرے سے مختلف تھی۔ امریکہ کے سیاسی اور فوجی رہنماؤں کے لئے تو خصوصی پناہ گاہیں تعمیر کی گئیں لیکن عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے پناہ گاہیں تعمیر کرنے کے پروگرام پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا گیا۔ اس کے برعکس سوویت یونین نے اپنی لیڈرشپ اور اہم صنعتوں میں کام کرنے والی افرادی قوت کے چوتھائی حصے کو تحفظ فراہم کرنے کا انتظام کیا۔[19] یہ اور بات ہے کہ اس نے بھی اپنی آبادی کے ایک بڑے حصے کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے زیادہ کوشش ہی نہیں کی۔ ایک اہم سوال ایٹمی حملے سے تحفظ کے لئے تعمیر کی گئی پناہ گاہوں کے قابل بھروسہ ہونے کا بھی تھا کہ آیا وہ اپنا وہ مقصد پورا کر سکتی ہیں جس کے لئے انہیں تعمیر کیا گیا تھا۔

سویڈن نے شہری دفاع کے جو منصوبے بنائے تھے ان میں عوام کے لئے دھماکے سے بچاؤ کی وسیع پیمانے پر پناہ گاہیں تعمیر کرنا بھی شامل تھیں۔ 1980ء میں وہاں کا ہدف یہ تھا کہ سویڈن کی 80 لاکھ کی آبادی میں سے 50 لاکھ لوگوں کے لئے پناہ گاہیں تعمیر کی جائیں۔ بعد میں اس پروگرام کا دائرہ وسیع کیا جانا تھا اور پوری آبادی کے لئے پناہ گاہیں تعمیر کی جانی تھیں۔ نیز یہ تحفظ دونوں سطحوں پر یعنی عوام کو گھروں اور کام کرنے کی جگہوں پر دیا جانا تھا۔[20] اس پروگرام کے اخراجات پورے کرنے کیلئے حکومت نے سرکاری خزانے سے فی شخص کی سو ڈالر کی رقم مہیا کرنے کی پیشکش کی تھی۔ بعد میں یہ وضاحت کر دی گئی کہ نئی پناہ گاہیں تعمیر کرنے کے لئے رقم فراہم نہیں کی جائے گی بلکہ صرف پہلے سے تعمیر شدہ مکانوں، ہسپتالوں وغیرہ کی عمارتوں میں تبدیلی کر کے ان میں پناہ گاہیں بنائی جائیں گی تاکہ جب ضرورت پڑے تو ان کو پناہ گاہوں کے طور پر استعمال کیا جا سکے۔ پناہ گاہیں اتنی مضبوط ہوں گی کہ سات پاؤنڈ فی مربع انچ کا دباؤ سہہ سکیں گی یعنی دھماکے سے خاصے فاصلے پر ہوں گی۔

سوئٹزرلینڈ کے شہری دفاع کے منصوبے بھی ایسے ہی، بلکہ کچھ زیادہ مہنگے تھے۔ یہ پناہ گاہیں 1980ء کے عشرے میں بنائی گئی تھیں اور ان پر سرکاری خزانے سے ایک ہزار ڈالر فی فرد خرچ ہوتا تھا۔[21] منصوبہ یہ تھا کہ سوئٹزرلینڈ میں ان تمام مضبوط عمارتوں سے فائدہ اٹھایا جائے جو کنکریٹ اور سریے کی مدد سے تعمیر شدہ ہیں اور جن میں تہہ خانے ہیں۔ ان کی تعمیر میں اس امکان

کو بھی پیش نظر رکھا گیا تھا کہ ان میں لوگوں کو طویل عرصے تک پناہ لینی پڑے گی تاکہ ان کو یورپ میں عالمی طاقتوں کے درمیان ایٹمی جنگ چھڑ جانے کی صورت میں تابکار بارش سے بچایا جا سکے۔

شہری دفاع کے بیشتر منصوبوں میں زیادہ توجہ اس بات پر دی گئی کہ آبادی کو دھماکے کی تباہیوں کی نسبت تابکار مادے کی بارش سے بچایا جائے، کیونکہ تابکار مادے کے زیادہ دور تک پھیلنے کا امکان ہوتا ہے اور اس سے آبادی کی ایک بڑی تعداد کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ تابکار بارش سے تحفظ فراہم کرنے والی پناہ گاہیں تعمیر کرنے کا مقصد اس آبادی کو بچانا ہے جو دھماکے کے ابتدائی اثرات سے بچ گئی ہو۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ لوگ دو ہفتے یا اس سے زیادہ عرصہ تک پناہ گاہوں کے اندر رہیں تاکہ اس عرصے میں تابکاری کم ہو جائے۔ 1980 کی دہائی کے دوران امریکی محکمہ دفاع نے شہری دفاع کے جو منصوبے بنائے ان میں یہ فرض کیا گیا کہ لوگوں کو 30 روز تک پناہ گاہوں کے اندر رہنے کی ضرورت پڑے گی۔ (22) تاہم ان منصوبوں میں یہ واضح نہیں تھا کہ اتنے عرصے تک ان پناہ گاہوں میں رہنے والے لوگوں کو صاف ہوا، پانی اور خوراک جیسی بنیادی سہولیات کیسے فراہم کی جائیں گی۔

1960 کی دہائی کے اوائل میں امریکہ نے پناہ گاہوں کی شناخت کا پروگرام شروع کیا۔ اس پروگرام کے تحت تقریباً دو لاکھ کے قریب تہہ خانوں، سرنگوں اور عمارتوں پر پیلے اور کالے رنگ سے تابکاری کے نشانات بنائے گئے۔ یہ وہ جگہیں تھیں جن کے بارے میں شہری دفاع والوں کا خیال تھا کہ یہ تابکار بارش سے تحفظ فراہم کر سکتی ہیں۔ ان میں سے کچھ میں پانی، خوراک اور طبی آلات وغیرہ کا ذخیرہ بھی کیا گیا۔ لیکن ان پناہ گاہوں میں کئی ایسی تھیں جن میں پناہ گزینوں کے لیے صاف ہوا کی آمد اور آلودہ ہوا کے اخراج کا مناسب بندوبست موجود نہ تھا۔ وہاں رکھی گئی خوراک بھی وقت گزرنے کے ساتھ خراب ہو گئی اور 1970 کی دہائی میں جو خوراک باقی بچی رہ گئی وہ تیسری دنیا کے ممالک کو امداد کے طور پر دے دی گئی۔ اس طرح یہ پروگرام ختم کر دیا گیا۔ [23] صرف ان میں سے چند عمارتوں پر پناہ گاہ کے نشان باقی رہ گئے

اس خیال سے کہ عام طور پر لوگ نشان زدہ پناہ گاہوں کے قریب نہیں رہتے، امریکہ اور برطانیہ نے لوگوں کو عام معلومات فراہم کیں کہ کس طرح گھروں میں تابکاری بارش سے بچاؤ کے لئے پناہ گاہیں بنائی جا سکتی ہیں۔ برطانوی حکومت نے ایک کتاب شائع کی جس کا عنوان تھا "اپنا

تحفظ کیجئے اور زندہ رہیے"۔ اس میں تابکاری بارش سے بچنے کے لئے خود سے پناہ گاہ بنانے کی ترکیبیں درج تھیں۔ اس میں ایک طریقہ یہ بتایا گیا کہ زمین میں پی ڈی آپ کے تحت ایک بڑا گڑھا کھود لیجئے، اس پر ایک خیمہ تانئے اور اس کے اوپر مٹی ڈال دیجئے۔ (24) ہاتھ سے بنائے جانے والی کچھ اور بھی چیزوں کی ترکیبیں بھی اس میں درج تھیں۔ مثلاً پناہ گاہ کے لئے ہوا کا پمپ کیسے 22 انچ لکڑی، 12 مربع فٹ کی پلاسٹک شیٹ اور ربڑ کی برداشت کرنے والے واٹر پروف ٹیپ سے گھر پر بنا کر پناہ گاہ کو ہوا دار بنایا جا سکتا ہے۔ حتیٰ کہ اس کتاب میں گھر میں تابکاری ناپنے کا میٹر بنانے کا ڈیزائن بھی موجود تھا۔ (25) اسی طرح سوویت یونین نے جو منصوبے تشکیل دیئے ان میں سے ایک میں پنکھے سے ہاتھ سے پنکھا منسلک کر کے پناہ گاہ کو ہوا دار بنانے کا طریقہ بتایا گیا تھا۔ (26) پی ڈی آپ کے تحت تجویز کردہ یہ حفاظتی اقدامات تھے جنہوں نے جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کو مضحکہ خیز سا بنا دیا۔

3.11۔ آبادی کا انخلاء

انخلاء کا مقصد یہ ہے کہ ایٹمی دھماکے سے پہلے یا بعد میں لوگوں کو زیادہ خطرے والے علاقے سے کم خطرے والے علاقے کی طرف منتقل کر دیا جائے۔ بیلسٹک میزائلوں کی تیاری سے پہلے سرد جنگ کے ابتدائی زمانے میں سوویت یونین اور امریکہ دونوں نے وسیع پیمانے پر آبادی کے انخلاء کی منصوبہ بندی کیا کرتے تھے۔ یہ منصوبے بنائے جاتے تھے کہ ایٹمی جنگ یا حملے کی صورت میں بڑے شہروں سے آبادی کو دوسرے علاقوں میں منتقل کر دیا جائے گا۔ امریکی انتظامیہ نے یہ منصوبہ بندی کی تھی کہ شدید خطرے کی زد میں رہنے والی اس کی ساڑھے چودہ کروڑ کی آبادی کو نجی گاڑیوں کے ذریعے دیہی علاقوں میں منتقل کیا جائے گا اور ان لوگوں کو سکولوں اور گرجا گھروں میں رکھا جائے گا۔ لوگوں سے توقع کی گئی کہ وہ اپنے لئے خوراک اپنے ساتھ لے کر آئیں گے اور یہ کہ جہاں انہیں پہنچایا جائے گا وہاں تابکاری سے بچنے کیلئے پناہ گاہیں بھی دستیاب ہوں گی۔ حالات بہت زیادہ سازگار بھی ہوتے تو بھی اس منصوبے پر عمل درآمد میں کئی دن لگ سکتے تھے۔ امریکہ کی قومی شاہراہیں بھی اس منصوبے کا حصہ تھیں تاکہ اس منصوبے کو زیادہ سے زیادہ قابل عمل بنایا جا سکے۔

تاہم، اس بات سے قطع نظر کہ کسی ملک کے منصوبے پر ایٹمی حملے سے پہلے عمل کیا جاتا ہے یا بعد میں، بہت سے لوگوں کے نزدیک یہ منصوبے ناقابل عمل ہوتے ہیں۔ امریکی حکومت کی جانب سے کئے گئے ایک تجزیئے میں یہ بات تسلیم کی گئی کہ گنجان آباد بوسٹن کی آبادی کا واشنگٹن کی طرف انخلاء یا پھر مضافاتی آبادی کا سان ڈیاگو کے گلی کوچوں میں انخلاء ناممکن ہے کیونکہ وہاں پہلے ہی آبادی بہت زیادہ ہوگی جبکہ جگہ بہت محدود ہے۔(27) ناقدین کے نزدیک لوگوں کی اس وسیع پیمانے پر نقل و حرکت سے جو افراتفری پیدا ہوگی اس کے بارے میں تصور کرنا یا اس کی تفصیل کے ساتھ کوئی منصوبہ بندی کرنا مشکل ہے۔ سرکاری ذرائع کو اس مقصد کے لئے متحرک کرنے کے بارے میں بھی آسانی سے نہیں سوچا جا سکتا جبکہ اس بارے میں کچھ بھی واضح نہ تھا کہ بے گھر ہونے والی اتنی وسیع آبادی کو خوراک کس طرح مہیا کی جائے گی اور اس کی باقی دیکھ بھال کیسے ممکن ہو سکے گی۔ ان مسائل کا ادراک کرتے ہوئے امریکہ کی بہت سی مقامی اور ریاستی حکومتوں نے انخلاء کے منصوبے تیار کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ 1985ء میں امریکی فیڈرل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی نے جنگ سے آبادی کے انخلا کا کام سوچا گیا تھا۔ اس بنیاد پر یہ منصوبے ترک کر دیئے گئے کہ انخلاء اس سے زیادہ تیز نہیں کر سکتے کہ کوئی میزائل ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کر دے۔(28) اسی طرح سوویت یونین کے انخلاء کے منصوبے بھی بہت بڑے تھے، جن میں غالباً 10 کروڑ سے زیادہ افراد کو جن پر ایٹمی حملے کا خطرہ ہو، دور دراز علاقوں میں منتقل کرنا تھا۔ مگر ان منصوبوں کے قابل عمل ہونے کے بارے میں بھی بہت سے سوالیہ نشان موجود ہیں۔ یہ اندازہ لگایا گیا کہ ملک میں صرف ایک کروڑ گاڑیاں موجود تھیں اور سڑکوں کا جال بھی نامناسب تھا جبکہ ریل کی پٹڑیوں کی حالت بھی ایسی نہیں تھی کہ وہ اتنی زیادہ ٹریفک کا بوجھ برداشت کر پاتیں۔ چنانچہ تعجب نہیں کہ روسی شہری ان منصوبوں کو خاطر میں نہیں لاتے تھے، بلکہ ان کا مذاق اڑاتے تھے۔(29)

دوسرے ممالک میں بھی وسیع پیمانے پر عوامی انخلاء کے منصوبوں پر کوئی اعتبار نہیں پایا جاتا تھا۔ برطانیہ نے 1950ء کی دہائی کے دوران گنجان آباد علاقوں کی 45 فیصد آبادی کے انخلاء کا پروگرام مرتب کیا تھا، جو کئی برسوں کے بحث مباحثہ کے بعد صرف بڑے شہروں میں رہنے والی خواتین اور بچوں کے انخلاء تک محدود کر دیا گیا۔ 1970ء کی دہائی کے آغاز میں برطانیہ نے آخرکار اس منصوبے کو بھی ترک کر دیا اور صرف عوام پر زور دینے پر اکتفا کیا کہ وہ ہنگامی صورتحال

میں گھروں کے اندر رہیں، کیونکہ حکومت خوراک اور دیگر ضروری سہولت کے ساتھ ان کو تحفظ فراہم نہیں کر سکتی۔(30) سویڈن نے بھی ابتداً 1950ء اور 1960ء کی دہائی کے دوران اپنے شہروں کو خالی کرنے کے وسیع اور تفصیلی منصوبے تیار کئے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کے بعد ان منصوبوں کو پناہ گاہوں کے نظام اور محدود انخلاء تک محدود کر دیا گیا۔ سوئٹزرلینڈ نے بھی انخلا کا سوچا بھی نہیں اور صرف پناہ گاہوں پر اکتفا کیا۔

12.3۔ تنبیہات

اس بات سے قطع نظر کہ شہری دفاع کے منصوبے پناہ گاہوں کا انتظام بناتے ہیں یا آبادی کے وسیع انخلاء کا سوچتے ہیں، عوام کا صرف یہی تقاضا ہوگا کہ انہیں خطرے کے بارے میں بروقت آگاہ کیا جائے اور اس بات کا یقین دیا جائے کہ شہری دفاع کے حوالے سے جو منصوبے ان کی حکومتوں نے تیار کر رکھے ہیں ان پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔ عوام کو دو طرح سے خطرات سے متنبہ کیا جا سکتا ہے۔ ایک قلیل المدت تنبیہ جو چند منٹوں پر مشتمل ہوتی ہے جس کے ذریعے شہریوں کو خبردار کیا جاتا ہے کہ کوئی ایٹمی حملہ ہونے جا رہا ہے... دوسری طویل المدت تنبیہ جو چند گھنٹوں سے لے کر چند دنوں تک ہو سکتی ہے جو یہ بتاتی ہے کہ ایٹمی حملے کا خطرہ ہے۔

تنبیہ کی نوعیت سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ کس طرح کے اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ بین البراعظمی بیلسٹک میزائلوں کی ایجاد سے قبل امریکہ اور سوویت یونین دونوں کا یہی خیال تھا کہ اگر ان پر کوئی ایٹمی حملہ ہوا تو انہیں گھنٹوں پہلے اس کا پتہ چل جائے گا۔ مگر میزائلوں کی ایجاد نے حملے کا دورانیہ محدود ہو کے 30 منٹ سے بھی کم کر دیا ہے۔ جب ایک میزائل کو امریکہ سے سوویت یونین یا سوویت یونین سے امریکہ تک سفر کے لئے تقریباً 30 منٹ درکار ہوتے ہیں۔ آبدوزوں سے چلائے گئے ایٹمی میزائلوں کے سامنے تنبیہ کا وقت مزید کم ہو جاتا ہے کیونکہ ایک آبدوز ساحل کے کافی قریب تک جا کر وار کر سکتی ہے۔ چنانچہ میزائلوں کے درپیش آبادی کا انخلا شروع کرنا اور پھر اسے پایہ تکمیل تک پہنچانا ممکن نہیں رہا۔ صرف ایک صورت میں انخلاء کے منصوبے قابل عمل ہو سکتے ہیں کہ جب دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان کسی تنازعے پر بحران شدت اختیار کر رہا ہو اور یہ اندازہ لگایا جائے کہ آئندہ چند دنوں میں حالات اس قدر خراب ہو جائیں گے

کہ ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال ناگزیر ہو جائے گا۔ بلاشبہ بحرانی صورتحال کا غلط اندازہ لگانے اور غلط یا مبہم تنبیہ جاری ہو جانے کا خطرہ بھی ہر وقت موجود رہتا ہے۔ بعض صورتوں میں تنبیہات بحران کو مزید بڑھانے اور عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے کا باعث بن سکتی ہیں۔

سرد جنگ کے زمانے میں امریکہ کے پاس تنبیہ کا ایک قومی نظام موجود تھا جس میں 1200 وفاقی ریاستوں اور مقامی تنبیہی مراکز کو تنبیہ جاری کرنے کی صلاحیت تھی۔ یہ مراکز 24 گھنٹے کام کرتے تھے۔ عوام کو خبردار کرنے کے لئے سائرن نصب تھے اور اس مقصد کے لئے دیگر ذرائع بھی استعمال کرتے تھے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق امریکہ کی صرف آدھی آبادی ہی ایسے علاقوں میں ہوگی جہاں قومی سطح پر خطرے کا اشارہ ملنے کے چند منٹ کے اندر ایسی تنبیہ وصول کی جا سکتی ہوگی۔[31] ایسے سائرن سننے والوں کی جانب سے اس پر ردعمل کا اظہار بھی اطمینان بخش نہیں تھا۔ 1956ء میں اوک لینڈ (کیلی فورنیا) میں جو سائرن بجائے جاتے رہے انہیں ان علاقوں کے 80 فیصد رہائشیوں نے حملے کی تنبیہ ہی نہیں سمجھا اور نظر انداز کر دیا۔[32]

البتہ برطانیہ کے پاس عوام کو کسی ممکنہ ایٹمی حملے سے خبردار کرنے کا خاصا اچھا نظام موجود تھا، جو دھماکے کے بعد تابکار بارش کی ممکنہ صورتحال کے بارے میں بھی خبردار کر سکتا تھا۔ تنبیہ بڑے پولیس سٹیشنوں کو پہنچائی جاتی جو عوام کو آگاہ کرنے کے لئے سائرن بجاتے۔ آخر میں اور سائرن بجائے جانے کا انتظام تھا۔ یہ الگ بات ہے کہ یہاں بھی عوامی ردعمل غیر یقینی تھا۔ مثال کے طور پر جب کاونٹری شہر میں 1984ء میں غلطی سے سائرن بجا دیا گیا تو زیادہ تر لوگوں نے کروٹ بدلی اور پھر سو گئے۔[33]

تنبیہ جاری کرنے کے ساتھ ساتھ برطانیہ کی وارننگ اینڈ مانیٹرنگ آرگنائزیشن کی یہ اور ذمہ داری بھی تھی کہ وہ حملے کے بعد 870 سٹیشنوں پر تابکاری کی پیمائش کرے اور مختلف مقامات پر ممکنہ تابکاری گرنے کا حساب لگائے۔[34] تاہم یہ واضح نہ تھا کہ رابطے اور نگرانی کا یہ نظام خود کسی ایٹمی حملے کے نتیجے میں کس حالت میں رہے گا۔

13-3 عوامی آگہی

شہری دفاع کے ہر منصوبے کو عوام کی شمولیت اور تائید پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ اگر عوام کو

حکومت کی تیار کردہ شہری دفاع کی منصوبہ بندی کا علم نہ ہو یا اس پر اعتماد نہ ہو یا اگر لوگوں کو یہ معلوم نہ ہو کہ تابکاری سے انہیں اپنا تحفظ کیسے کرنا ہے تو پھر پورا منصوبہ ہی بے مقصد ہو جاتا ہے۔ جوہری ہتھیاروں کے اثرات اور تابکار بارش کی نوعیت کے بارے میں عوام میں آگہی پیدا کرنا جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کے منصوبوں کا حصہ رہا ہے لیکن اس کوشش کو کامیابی حاصل ہو سکی ہے یا نہیں، درج ذیل مثالوں سے واضح ہے۔ شہری دفاع کے بارے میں آگہی بڑھانے کی سب سے معروف کوشش 1980ء میں کی گئی جب برطانیہ نے ایک کتابچہ Protect and Survive یعنی اپنا تحفظ کیجئے اور زندگی پائیے کے نام سے شائع کیا۔ اس کتابچے میں بتایا گیا تھا کہ اگر ملک کو کسی فوری ایٹمی حملے کا خطرہ لاحق ہو تو اس کتابچے کی ایک ایک جلد ہر گھر میں تقسیم کی جائے گی۔ یہ عمل عوامی سطح پر آگہی بڑھانے کی مہم کا حصہ ہوگا جس میں ریڈیو، ٹیلی ویژن اور پرنٹ میڈیا میں اس خطرے کے بارے میں اعلانات بھی شامل ہوں گے۔[35] اس سارے عمل کا مقصد لوگوں کو یہ بتانا تھا کہ کسی ایٹمی حملے کی صورت میں اپنے گھر اور خاندان کو کس طرح زیادہ سے زیادہ محفوظ رکھنا ہے۔ اور یہ کہ ایٹمی دھماکے اور تابکار مواد کی بارش سے خود کو بچانے کے لئے انہیں کون سے اقدامات کرنے ہیں۔

اس کتابچے میں ایٹمی ہتھیاروں کے اثرات کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا گیا تھا۔ اور اس میں یہ ہدایات بھی درج تھیں کہ حملے کی وارننگ کا سائرن، سب ٹھیک ہو گیا ہے کا سائرن اور تابکار مواد کی بارش سے بچنے کی وارننگ کا سائرن سننے کے بعد کیا کیا جانا چاہیے۔ کتابچے کے ساتھ ایک چیک لسٹ بھی فراہم کی گئی تھی تاکہ کوئی خاندان یہ جانچ سکیں کہ زندگی بچانے کے لئے درکار تمام لوازمات موجود ہیں، مثلاً خوراک (جو ٹھنڈی ہی کھائی جا سکے، جتنا زیادہ ہو اور جس کو ان کے ڈبوں میں بند کیا گیا ہو یا اچھی طرح لپیٹا گیا ہو)، پینے، ہاتھ منہ دھونے اور دیگر ضروریات کے لئے 14 روز کا پانی، برتن، ایک چھوٹا ریڈیو مع بیٹری سیل تاکہ حکومت کی جانب سے جو بھی صورتحال بیان کی جائے اس سے باخبر رہا جا سکے وغیرہ۔[36] افراد خانہ کو ان اشیاء کے ساتھ اس پناہ گاہ میں پناہ لینے کی ہدایت تھی جس کی تعمیر کا طریقہ کتابچے میں واضح طور پر درج کیا گیا تھا۔ مگر اس کتابچے کا بڑا تمسخر اڑایا گیا، اور اسے منظر عام پر لانے کا نتیجہ یہ نکلا کہ برطانیہ میں ایٹم بم کے خلاف تحریک زور پکڑ گئی جس میں یہ مطالبہ کیا جانے لگا کہ یک طرفہ طور پر ایٹمی اسلحہ ختم

کر دیا جائے اور یہ موقف اختیار کیا گیا کہ برطانیہ کے لئے کسی ایٹمی حملے سے تحفظ کا بہترین اور یقینی طریقہ یہی ہے کہ اس کے پاس اس کے اپنے ایٹمی ہتھیار موجود ہوں۔[37]

امریکی تجربہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔ اس کے باوجود کہ امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان بہت سے تشویشناک بحران آئے اور سرد جنگ کی تلخیاں حاوی رہیں، اور یہ بھی تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان کسی بڑے تنازعے میں ایٹمی ہتھیار ضرور استعمال ہوں گے، امریکی کانگریس کی ایک رپورٹ اس نتیجے پر پہنچی کہ "شہری دفاع کے بارے میں تکنیکی مسائل، اخلاقی و فلسفیانہ سوالات اور بجٹ کی مشکلات کا سامنا ہونے کے باعث وفاقی منصوبے متذبذب سمت کی تبدیلی اور منتشر تنظیم کا شکار ہو چکے ہیں"۔[38] محسوس یہ ہوتا ہے کہ عوام اور سرکاری حکومت کو سنجیدگی کے ساتھ اعتبار تھا کہ کسی ایٹمی حملے کے خلاف حقیقی تحفظ ممکن ہے۔

3.14 جنوبی ایشیا میں شہری دفاع کتنا قابل عمل ہے

کئی وجوہات کی بنا پر امریکہ، سوویت یونین اور برطانیہ جیسے ممالک کی نسبت پاکستان اور بھارت میں شہری دفاع کی منصوبہ بندی کرنا اور پھر اس پر عمل درآمد کرانا بہت مشکل کام ہے حتیٰ کہ سویڈن اور سوئٹزرلینڈ جیسے غیر ایٹمی ممالک جنہیں یہ خطرہ لاحق ہے کہ وہ ایٹمی طاقتوں کے درمیان جنگ کی زد میں آ سکتے ہیں ان کی نسبت بھی پاکستان اور بھارت میں شہری دفاع کے اقدامات کرنا مشکل ہے۔ پاکستان اور بھارت نے ایٹمی جنگ کی صورت میں شہری دفاع کیلئے کیا تیاریاں کر رکھی ہیں اس بارے میں زیادہ معلومات دستیاب نہیں ہیں جو کچھ کیا گیا ہے اس میں بہت کچھ ٹھیک ہے تاہم جو سادہ وضاحت کے اصول بنائے گئے ہیں وہ روایتی بم کے حملوں کیلئے زیادہ مناسب معلوم ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر بنگلور کے سول ڈیفنس ڈائریکٹوریٹ نے "کیا کرنا چاہئے اور کیا نہیں کرنا چاہئے" کی جو لسٹ تیار کر رکھی ہے اس کا جائزہ لیں تو اس میں دیگر چیزوں کے علاوہ ایک عام آدمی سے درج ذیل اقدامات کرنے کیلئے بھی کہا گیا ہے۔[39]

(الف) حملے کی صورت میں زمین پر کسی گڑھے میں سیدھا لیٹ جائیں۔ اگر کوئی آڑ یا کوئی گڑھا نہ ملے تو پھر زمین پر سیدھا لیٹ جائیں۔ چہرہ نیچے زمین کی طرف ہونا چاہئے۔

(ب) اپنے کان روئی یا کپڑے سے بند کر لیں

(ج) کوئی کپڑا یا رومال گولائی میں لپیٹ کر اپنے دانتوں کے نیچے دبا لیں کیونکہ زبان کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

(د) وقت ملے تو کسی آڑ میں پہنچنے کیلئے دوڑ نہیں لگانی چاہئے۔

وہ لوگ جو کسی عمارت کے نزدیک موجود ہوں ان کیلئے مشورہ یہ ہے کہ

(ا) اگر مہلت ملے تو کسی نزدیکی آڑ یا پناہ میں پہنچیں۔ بصورت دیگر ویسے ہی عمل کیجئے جیسے آپ کھلے میدان میں ہیں۔

(ب) براہ راست کسی دیوار کا سہارا لے کر نہ کھڑے ہوں۔

کسی عمارت کے اندر موجود افراد کیلئے ہدایات یہ ہیں۔

(ا) کمرے کے اندر رہیں اور باہر نکلنے کی کوشش نہ کریں۔

(ج) کسی دروازے یا کھڑکی کے بالکل سامنے ہرگز کھڑے نہ ہوں۔

اس دور کی منصوبہ بندی میں الجھنے کی بجائے جو حربی حملے کے خلاف شہری تحفظ کے ان بنیادی عناصر پر نظر ڈالتے ہیں جن کا ذکر ہم نے دوسرے ممالک کے حوالے سے کیا ہے۔ اور یہ دیکھتے ہیں کہ یہ عناصر جنوبی ایشیا میں قابل عمل ہیں یا نہیں۔ لیکن شہری دفاع کے ان تمام اقدامات پر ہونے والے اخراجات پر بات نہیں کریں گے۔

3.15 ایٹمی دھماکے اور تابکار مواد کی بارش سے بچنے کیلئے پناہ گاہیں

بھارت نے ایٹمی جنگ کے خطرے کے پیش نظر اعلیٰ حکام کیلئے پناہ گاہیں بنانے کا منصوبہ بنایا۔ یہ اطلاع تھی کہ بھارت کی حکومت نئی دہلی کے اندر اتھارٹی نے دشمن کا پیدا کو ایٹمی حملے سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے زیر زمین بنکر تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔[40] اس طرح کا کوئی پروگرام پاکستان میں ہے یا نہیں اس بارے میں علم نہیں، لیکن ممکن ہے کہ موجود ہو۔

جنوبی ایشیا میں عوام کو ایٹمی دھماکے کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لحاظ سے متعدد مخصوص چیلنجوں کا سامنا ہے۔ محسوس یہ ہوتا ہے کہ اس وقت تک پاکستان اور بھارت کے بڑے شہروں میں ایٹمی دھماکے اور تابکار بارش سے بچاؤ کے لئے اجتماعی سطح پر پناہ گاہیں بنانے کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی ہے۔[41] مہاراشٹر کے سیکرٹری داخلہ نے یہ طور پر کہا تھا کہ ہمیں کسی منصوبے

پر عمل کرنا ممبئی جیسے بڑے شہروں کیلئے بہت بڑا کام ہے۔[42] یہ دعویٰ کیا گیا کہ کسی ایٹمی حملے کی صورت میں زیر زمین دکانوں، پارکنگ کی جگہوں اور گوداموں کو پناہ گاہوں میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔[43] ایک اطلاع یہ تھی کہ شہری دفاع کے منصوبے کے حصے کے طور پر دہلی حکومت نے دہلی میٹرو ریل کارپوریشن کو یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ شہر میں ریل کیلئے جو زیر زمین سرنگیں بنائی جا رہی ہیں ان کی چھتیں اتنی مضبوط ہونی چاہئیں کہ کسی حملے یا ایٹمی حملے کے اثرات برداشت کر سکیں۔[44] لیکن ممبئی، لاہور، چنائے اور کراچی میں زیر زمین ریلوے کا نظام موجود نہیں ہیں۔ دہلی کی زیر زمین ریلوے محض دو سال پہلے کی ہے۔ جس پر پہلے ہی 2.25 بلین ڈالر خرچ ہو چکے ہیں۔ اتنے مزید فنڈز اکٹھے کرنے کیلئے کافی عرصہ درکار ہوگا تاکہ دوسرے شہروں میں بھی اسی طرح کے نظام بنائے جا سکیں۔ ایسے میں زیر زمین مخصوص پناہ گاہیں تعمیر کرنے کا پروگرام تو بہت دور کی بات ہے۔[45]

امریکہ اور یورپ کے دیگر ممالک میں چھوٹی اور بڑی عمارتوں کے نیچے بنے تہہ خانے پناہ گاہوں کے طور پر بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت میں زیادہ تر عمارتیں تہہ خانوں کے بغیر بنتی ہیں البتہ یہاں تہہ خانوں پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے بھی زیادہ ضروری اور اہم یہ بات ہے کہ جنوبی ایشیاء کے شہری علاقوں میں آبادی کا ایک کافی بڑا حصہ کچی بستیوں میں رہتا ہے جو کنکریٹ، سریے اور اینٹوں سے بنی ہوئی ان عمارتوں سے کافی دور واقع ہوتی ہیں جہاں لوگ ایٹمی حملے کی صورت میں پناہ لے سکتے ہیں۔[46] ان بستیوں کے مکانات اپنے طور پر کوئی تحفظ یا پناہ فراہم نہیں کرتے۔ ایک اندازے کے مطابق وہاں کے گھروں میں سے 70 فیصد سیمنٹ یا اینٹوں سے بنے ہوتے ہیں، 10 فیصد گارے یا کچی مٹی، لکڑی یا گھاس پھوس سے جبکہ باقی 20 فیصد کا شمار ان دونوں کے کہیں درمیان میں ہوتا ہے۔[47]

یہ ایک حقیقت ہے کہ شہروں میں رہائش کے شدید مسائل ہیں۔ جس کی وجہ سے آبادی کا ایک بڑا حصہ مکمل طور پر بے گھر ہوتا ہے اور ان کے پاس سر چھپانے کو کوئی جگہ نہیں ہوتی ہے۔ اگر ان غریب لوگوں کے قریب پناہ گاہیں تعمیر کر دی جائیں تو یہ امکان ہے کہ یہ لوگ انہیں اپنی رہائش گاہیں بنا لیں گے۔ سوال یہ ہے کہ پھر کسی ایٹمی بحران کے وقت کیا ہوگا؟ کیا حکومت تعمیر کی گئی پناہ گاہوں کی حفاظت کرے گی اور ان لوگوں کو وہاں سے نکال باہر کرے گی تاکہ انہیں کسی وقت استعمال میں لایا جا

سکے جب کوئی ایٹمی حملہ ہو؟۔

ثانیاً تابکاری سے تحفظ کیلئے پناہ گاہیں وہی کارآمد ہوں گی جو روپوشی کے ایک عرصے تک وہاں پناہ لینے والوں کی ہر طرح کی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ اگر وہاں ضروریات کا بنیادی سامان موجود نہیں ہوگا تو ممکن ہے خوراک اور پانی کی قلت سے ہی وہاں پناہ لینے والے بہت سے لوگ مر جائیں گے۔ بہترین طریقہ یہی ہے کہ پیشگی طور پر ان پناہ گاہوں میں صاف ستھری خوراک اور پانی کو وافر مقدار میں ذخیرہ کیا جائے۔ بھارت اور پاکستان میں غذائی قلت اور غربت کو مدنظر رکھا جائے تو یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ ان ممالک کی حکومتیں اور غریب تر شہری کس طرح خوراک کے ذخیرے کریں گے اور پھر ان کی حفاظت بھی کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور بھارت کے شہری علاقوں میں رہنے والے لاکھوں غریب جو یومیہ اجرت پر مزدوری کرتے ہیں، اور اپنی بنیادی ضروریات ہی بمشکل پوری کر پاتے ہیں۔ ایسی صورت میں وہ کس طرح اپنی یہ ضروریات روک کر کسی خوراک کا ذخیرہ کر سکیں گے جو چند ہفتے ہی سہی ہو تاکہ ان کو ان پناہ گاہوں میں رکھ سکیں اور ضرورت کے وقت استعمال میں لا سکیں؟

3.16 - انخلاء کب، کیسے اور کہاں؟

اگر انخلاء ضروری ہو جائے تو پھر حکومت کو فیصلہ کرنا پڑے گا کہ اس کا آغاز کب کیا جائے۔ اگر ایٹمی حملے سے قبل ملکوں کے درمیان تناؤ کی کیفیت ہو تو کیا ایسی صورت میں حکومت کو کسی بھی شہر سے انخلاء کا حکم جاری کر دینا چاہئے جس کے بارے میں اس کا خیال ہو کہ اس پر حملہ ہو سکتا ہے؟ یا اسے انتظار کرنا چاہئے جب تک کہ ایٹمی حملہ ہونے کے آثار واضح نظر آنے لگیں؟۔

فوجی بحران کیا رخ اختیار کر سکتے ہیں اس بارے میں پیش گوئی آسان ہے نہ ہی ان پر اختیار سہل ہوتا ہے۔ اس بات کے واضح ثبوت موجود ہیں کہ ماضی میں پاکستان اور بھارت نے اس بارے میں نہایت مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ سب جانتے ہیں کہ 1965ء اور 1971ء کی پاک بھارت جنگوں میں دو قوتوں کے ردعمل کے بارے میں پاکستان غلط اندازوں کا شکار رہا۔ حالیہ تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ 1986-87 میں ہونے والے براس ٹیکس (Brasstacks) بحران کے دوران پاکستان اور بھارت دونوں جانب سے حالات کی شدید

نوعیت کا غلط اندازہ قائم کیا گیا تھا۔[48] اسی طرح پتہ چلا کہ 1990ء میں دونوں ملکوں کے مابین پیدا ہونے والے بحران کے دوران بھی ایک دوسرے کے اقدامات کے بارے میں غلط اندازے لگانے کا سلسلہ جاری تھا۔[49]

حد یہ ہے کہ پیشگی تنبیہات ملنے کے باوجود معاملات سے صحیح طرح نہیں نمٹا جاتا۔ قدرتی آفات کا سامنا کرنے کا جو تجربہ موجود ہے وہ ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں کی حکومتیں تباہی کی پیشگی وارننگ کو نظر انداز یا ضائع کر دیتی ہیں اور ان آفات سے نمٹنے کی مناسب تیاری بھی نہیں کرتیں۔ سمندری طوفانوں کی مثال لیجئے۔ ہر سال سمندری طوفان بھارت کی ساحلی ریاستوں اڑیسہ، گجرات اور آندھرا پردیش کو تباہی سے دوچار کرتا ہے۔ غیر سرکاری ذرائع کے مطابق 1999ء میں اڑیسہ میں آنے والے بڑے سمندری طوفان میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد دس ہزار کے لگ بھگ تھی۔[50] یہ بات خاص طور پر نوٹ کی گئی کہ محکمہ موسمیات نے اس طوفان کے بارے میں چار روز قبل اطلاع دے دی تھی اور اس کی شدت کے بارے میں خبردار کر دیا تھا۔ اس کے باوجود جب طوفان اڑیسہ کے ساحلوں سے ٹکرایا تو ریاست کے پاس لوگوں کو طوفان سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے کنکریٹ کی بنی ہوئی محض 21 پناہ گاہیں موجود تھیں۔[51] پاکستان میں اکثر سیلاب آتے رہتے ہیں۔ تاہم پاکستانی حکومت سیلابوں سے نمٹنے کیلئے بھی تیار نظر نہیں آتی۔

عملی لحاظ سے انخلاء حد سے زیادہ منظم انداز میں ہونا چاہیے۔ جس کے لئے ایک بنیادی ڈھانچہ درکار ہے جو موثر اور مستعد کارکردگی دکھا سکے۔ کسی حملے کے نتیجے میں افراتفری پیدا ہوتی ہے۔ شہر میں نقل و حمل کے لئے استعمال ہونے والا بنیادی ڈھانچہ جیسے ریلوے سٹیشن، ریلوے لائنیں، سڑکیں، پل، ایئرپورٹ اور پٹرول سٹیشن وغیرہ تباہ ہو جاتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت میں دستیاب نقل و حمل کی کمیابی کو بھی مدنظر رکھا جائے تو یہ مسئلہ اور زیادہ گمبھیر نظر آتا ہے۔ مثلاً دہلی ٹرانسپورٹیشن کارپوریشن کے پاس ایک کروڑ تیس لاکھ لوگوں کے لئے صرف 2400 بسیں ہیں۔[52] کسی ایٹمی حملے کے بعد جب انخلاء کی سخت اور فوری ضرورت ہوگی تو ان ساری بسوں کو بروئے کار لانے کے باوجود لاکھوں لوگوں کا انخلاء ممکن نہیں ہوگا۔ یہ مسائل اس وقت مزید شدت اختیار کر جائیں گے جب لوگ دیکھیں گے کہ دھند کی روشنی آنے والے شہر کی بہت سی سڑکیں تباہ ہو

چکی ہیں اور استعمال کے قابل نہیں رہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے لوگ اپنے گھروں کو چھوڑنے پر راضی نہیں ہوں گے۔ اس صورت حال میں بھی مسائل میں اضافہ ہوگا اور افراتفری اور بے چینی بڑھے گی۔

پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بڑے شہروں کے لوگوں کو انخلاء کے بعد کہاں لے جایا جائے گا؟ دیہی علاقوں میں؟ لیکن پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں میں دیہی علاقے تو پہلے ہی کافی غریب اور پسماندہ ہیں اور وہاں بنیادی وسائل (سڑکیں، ذرائع آمدورفت اور مواصلات کے ذرائع وغیرہ) کی بھی شدید قلت ہے۔ گھروں کی تعداد آبادی کے مقابلے میں کم ہے۔ ایسی عمارتیں بھی کم ہیں کہ جن کو پناہ گاہوں کے طور پر استعمال کیا جا سکے۔ پانی، بجلی اور صحت کی سہولتوں کی بھی کمی ہے۔ اس صورت حال میں وہ علاقے نئی اور زیادہ آبادی کے بوجھ کو برداشت کرنے کے قابل کیسے ہوں گے؟

3.17 خبردار کرنے کے مسائل

یاد رکھیں کہ پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں کے لئے وارننگ کا دورانیہ بہت تھوڑا ہوگا کیونکہ دونوں ملکوں کے پاس بیلسٹک میزائل موجود ہیں، جن کے ذریعے ایٹمی ہتھیاروں کو دشمن کے کسی بھی شہر پر پھینکا جا سکتا ہے۔ اور چونکہ ان میزائلوں کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے، اس لئے یہ 800 کلومیٹر کا فاصلہ صرف پانچ منٹ میں طے کر لیتے ہیں۔ جبکہ دونوں ملکوں کی سرحد سے ایک دوسرے کے تمام بڑے شہر اتنے ہی فاصلے پر واقع ہیں۔ یہی میزائل 2000 کلومیٹر کا فاصلہ 13 منٹ میں طے کرتے ہیں یعنی اگر بحر ہند میں، جنوبی بھارت کے کسی اڈے سے پاکستان کے کسی شہر کو نشانہ بنایا جائے تو اس میں بھی زیادہ سے زیادہ 13 منٹ درکار ہوں گے۔[53]

محسوس یہ ہوتا ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں نے اپنی سابقہ جنگوں سے سبق سیکھا ہے کہ کوئی شہری دفاع کا منصوبہ روبہ عمل لانے کے لئے کسی وارننگ سسٹم کا ہونا ضروری ہے، چاہے یہ نظام کتنا ہی محدود کیوں نہ ہو۔ چنانچہ اس وقت دونوں ملکوں کے کئی بڑے شہروں میں ہوائی حملے سے خبردار کرنے والے سائرن لگائے گئے ہیں۔ بلکہ بعض صورتوں میں جوہری حملے کے خلاف

شہری دفاع کے منصوبے بھی موجود ہیں۔ مثال کے طور پر بنگلور کے لیے شہری دفاع کا منصوبہ یہ ہے کہ ہوائی حملہ شروع ہوتے ہی 15 سائرن دو منٹ تک بجائے جائیں گے، اونچے نیچے ہوتے سائرن کا مطلب ہوگا کہ ہوائی حملہ کر دیا گیا ہے، اور دو منٹ کا سیدھا سائرن خطرہ ٹلنے کا اشارہ کرے گا۔(54)

یہ بات قابل غور ہے کہ پندرہ سائرن ایک ایسے شہر کے لئے ہیں جو 482 مربع کلو میٹر پر پھیلا ہوا ہے اور جہاں ساٹھ لاکھ افراد رہتے ہیں۔(55)

یہ بات بھی ذہن میں رکھنے کے قابل ہے کہ شہری دفاع کے نظام سے رابطے کے موجودہ ذرائع بھی ریکارڈ رفتار ریڈیو اور ٹیلی فون ہیں اور کئی جگہوں پر ان کی حالت یہ ہے کہ تنبیہ جاری کرنے کے لئے ہدایت بھی وصول کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر پاکستانی سرحد کے قریب واقع بھارتی پنجاب کے شہر امرتسر میں "سول ڈیفنس ونگ کسی ہنگامی صورتحال میں سول تنصیبات کا تحفظ کرنے اور عوام کو خبردار کرنے کا ذمہ دار ہے۔ لیکن اس کے دفتر میں کیبل کا صرف ایک کنکشن ہے۔"(56)

یہاں جو سائرن نصب کئے گئے ہیں ان کی حالت بھی خاصی خراب ہے۔ ان میں سے کئی تو تین دہائیوں کے دوران مستقل تک نہیں کئے گئے۔(57) امرتسر میں سول ڈیفنس ونگ کا دعویٰ ہے اس کے ہاتھ سے چلنے والے 78 سائرن چھ علاقوں میں تقسیم کر رکھے ہیں۔ تاہم ان متروک سائرنوں کا قابل بھروسہ ہونا اپنی جگہ ایک بڑا سوال ہے۔ ونگ کا ہیڈکوارٹرز جس کے ساتھ جو رابطہ ہے وہ صرف ایک ہی پوائنٹ ٹو پوائنٹ کنکشن کے ساتھ ہے۔ جب کہ ہیڈکوارٹرز جس ہی سے اس سول ڈیفنس ونگ کو ہدایات جاری ہوتی ہیں کہ وہ خبردار کرنے والے سائرن چلائے۔(58)

ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ اگر سائرن بجانے والا نظام ٹھیک طریقے سے کام کرے اور ٹھیک وقت پر سائرن بجائے تو بھی اس کو نظر انداز کر دئیے جانے کا اندیشہ ہے۔ پونا میں ہوائی حملے کا ٹیسٹ سائرن بجایا گیا تو بہت سے لوگوں نے اسے روز بجایا جانے والا سائرن ہی سمجھا" بلکہ کئی لوگوں نے تو اس کی آواز تک نہیں سنی۔(59)

اسی طرح نئی دہلی میں ایک سائرن مشق کی روداد یہ ہے کہ "سول ڈیفنس کنٹرول روم سے

دعویٰ کیا کہ اس نے 75 مختلف مقامات سے صبح دس بجے دس منٹ تک ایک ساتھ سائرن بجائے۔ اس اخبار نے جن لوگوں سے رابطہ کیا ان میں سے زیادہ تر نے اس مشق کو سنجیدگی کے ساتھ نہیں لیا۔(60)

18-3 عوامی تعلیم و آگہی

تحفظی نظام کی کامیابی کا دار و مدار اس بات پر ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے اثرات کے بارے میں عوامی آگہی ضروری ہے۔ لوگ اگر ان خطرات سے آگاہ نہیں تو وہ شہری دفاع کے اقدامات پر عمل نہیں کریں گے۔ یوں کہ جھونپڑیوں میں رہنے والے غریب ترین لوگ اس وقت ہی اپنا گھر بار چھوڑ کر اور چند ضروری چیزوں کے ساتھ کسی بڑی عمارت میں پناہ لینے پر آمادہ ہوں گے یا انخلا کا حکم تسلیم کریں گے جب انہیں یہ ادراک ہوگا کہ ایٹمی حملے کی صورت میں وہ کس قدر خوفناک صورتحال کا شکار ہو سکتے ہیں۔

پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں میں زیادہ تر لوگ ایٹمی خطرات کے بارے میں بنیادی معلومات بھی نہیں رکھتے ہیں۔ بھارت میں نومبر 1999ء میں الیکشن کے بعد قومی سطح پر کئے گئے ایک سروے سے یہ بات سامنے آئی کہ یہاں کی نصف سے زیادہ آبادی 1998ء میں کئے گئے ایٹمی تجربات کے بارے میں کچھ نہیں جانتی۔(61) 2002ء کے پاک بھارت بحران کے دوران بی بی سی نے اپنی ایک رپورٹ میں بتایا کہ پاکستانی عوام ایٹمی خطرات کے بارے میں بہت ہی کم معلومات رکھتے ہیں۔(62) بی بی سی کے مطابق بھارت میں بہت سے لوگوں کی رائے میں پاکستان کے ساتھ جوہری تنازعہ کی وحشت کا تصور بھی محال ہے۔(63)

امریکہ، سوویت یونین، برطانیہ، سویڈن اور سوئٹزرلینڈ جیسے ممالک کی آبادی مکمل طور پر خواندہ ہے اور اسے جدید الیکٹرانک میڈیا جیسے ٹیلی ویژن اور ریڈیو تک تقریباً عالمگیر رسائی حاصل ہوتی ہے۔ اس صورتحال نے جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کے منصوبوں کے بارے میں معلومات کو دور دراز تک پہنچانا آسان بنا دیا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ایسے منصوبوں کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا جیسے کہ ماضی میں مشاہدے میں آتا رہا ہے۔ اس کے برعکس پاکستان اور بھارت میں آبادی کا ایک بڑا حصہ ناخواندہ ہے جو حملے سے پہلے یا حملے کے بعد کی صورتحال میں ہنگامی

نوعیت کے اقدامات کے بارے میں شائع شدہ مواد پڑھنے کے قابل نہیں ہے۔ اسی طرح آبادی کا بڑا حصہ ریڈیو یا ٹیلی ویژن سے ہدایات حاصل کرنے کے بھی قابل نہیں ہے۔

حاصل بحث یہ ہے کہ یورپ، امریکہ اور سوویت یونین میں جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کے اقدامات، جیسے شہروں کی آبادی کا انخلا یا ایٹمی دھماکے سے بچنے کی مضبوط پناہ گاہوں کی تعمیر بھی جنوبی ایشیا میں ناقابل عمل ہیں۔ برصغیر میں خبردار کرنے کے طریقے اور رابطوں کے نظام جیسے سائرن وغیرہ کو بہتر بنانے کی شدید ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں دونوں ملکوں کو مبہم اور بلند بانگ اعلانات سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ اگر ایٹمی حملے سے خبردار کرنے کیلئے یہ محدود اقدامات کر بھی لیے جائیں تو یہ تصور نہیں کیا جا سکتا کہ پاکستانی اور بھارتی شہروں کے عوام ویسا ہی اس پر عمل کریں گے جیسا شہری دفاع کی منصوبہ بندی کرنے والے چاہتے ہیں۔

3.19 اختتامیہ

ایٹمی ہتھیاروں کی صلاحیت حاصل کر لینے کے بعد سے پاکستان اور بھارت دونوں نے شہری دفاع کے منصوبوں کو دہرانا شروع کر دیا تھا۔ یہ کام اس حقیقت کو مکمل طور پر نظر انداز کرتے ہوئے کیا گیا کہ ایٹمی صلاحیت کے حامل دیگر ممالک اس کی کوششیں ترک کر چکے ہیں۔ ہم نے ممکنہ شہری دفاع کے لئے اقدامات کی پوری فہرست کا جائزہ لیا تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ برصغیر کی مخصوص صورتحال میں ان میں سے کوئی قابل عمل ہو سکتا ہے یا نہیں۔ ہم نے خاص نوعیت کے ایٹمی ہتھیاروں کا جائزہ لیا تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ اگر ان میں سے کوئی ہتھیار کسی شہر پر چلایا جائے تو اس کے کیا اثرات سامنے آ سکتے ہیں۔ عام تصور یہ ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں کے پاس اسی نوعیت کے ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ ہم نے یہ دیکھا کہ ایٹمی ہتھیار چلانے سے صرف دھماکہ نہیں ہوتا ہے بلکہ اس سے شدید حرارت اور فوری جوہری تابکاری بھی خارج ہوتی ہے اور یہ کہ ایٹمی دھماکے کے اطراف ایک "اندرونی حصہ" ہوتا ہے جو 10 سے 20 کلوٹن کے ہتھیار کے لئے 1.5 کلومیٹر اور 200 کلوٹن کے ہتھیار کے لئے 3.5 کلومیٹر کے دائرے پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ ہمارے اس تجزیے سے ظاہر ہوا کہ جو بدقسمت لوگ اس اندرونی دائرے کے اندر ہوتے

ہیں ان دھماکے کے اثرات کا انہیں براہ راست سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کے لئے بچاؤ کا کوئی موقع نہیں ہوتا ہے۔

شہری دفاع کے یہ اقدامات جو ممکنہ طور پر ان کو ایٹمی دھماکے کے حرارتی اور ایٹمی تابکاری سے بچا سکتے تھے، جنوبی ایشیا میں قابل عمل نہیں۔ موجودہ گھروں اور کمرشل عمارتوں میں پناہ حاصل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے کیونکہ اس بات کا خطرہ ہے کہ ایٹمی دھماکے میں وہ تباہ ہو جائیں گی۔ اس اندرونی حصے یا دائرے کے اندر موجود اگر کچھ لوگ زندہ بچ گئے تو اسی صورت میں جب محض اتفاقی طور پر انہیں کوئی پناہ دستیاب ہو جائے۔ تاہم تحفظ کے لیے اتفاقی اقدامات کی منصوبہ بندی نہیں کی جا سکتی۔

شہری دفاع کے کسی پروگرام کا بہترین ہدف یا مقصد یہی ہو سکتا ہے کہ اندرونی دائرے سے باہر موجود لوگوں میں سے کچھ کی زندگی بچائی جائے کیونکہ دھماکے کی جگہ سے دور اس کے براہ راست اثرات قدرے کم ہوتے چلے جاتے ہیں اور دھماکے کی گرمی اور ان میں آتشزدگی کے واقعات اور خطرات بھی کم ہوتے ہیں۔ عمارتوں میں پناہ لینے کی صورت میں دھماکے اور آگ سے ہونے والی معمولی چوٹوں اور زخموں میں کچھ کمی آ سکتی ہے اور تابکار مواد سے کچھ تحفظ بھی مل سکتا ہے (ایٹمی دھماکے سے براہ راست آنے والی تابکاری فاصلے کے ساتھ تیزی سے کم ہونا شروع ہو جاتی ہے اور اندرونی حصے کے باہر یہ بہت موثر نہیں ہوتی) اس لیے بڑی پناہ گاہیں تعمیر کرنے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔

لیکن اندرونی حصے کے باہر علاقوں میں بھی پناہ تلاش کرنے کی حکمت عملی محدود افادیت کی حامل ہے۔ یہ بات یاد رکھی جانی چاہیے کہ کوئی بھی شخص پیشگی یہ اندازہ نہیں لگا سکتا کہ بم کہاں گرے گا یا اس وقت ہوا کی اور بادلوں کی کیفیت کیا ہوگی، کیونکہ ہواؤں کے رخ، ان کی رفتار اور بادلوں کی صورتحال سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ تابکاری مواد کی بارش سے کتنا علاقہ متاثر ہوگا۔ متاثرہ علاقے بعض اوقات سو کلومیٹر تک بھی پھیلے ہو سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی نہیں جانتا کہ کہاں پناہ لینے سے نقصان سے بچا جا سکتا ہے۔ شہری دفاع کے لحاظ سے صرف یہی کچھ سفارشات پیش کی جا سکتی ہیں جس سے ایٹمی دھماکے کے نتیجے میں ہونے والے بدترین اثرات کو کسی حد تک کم کیا جا سکتا ہو۔ کچھ ایسے اقدامات بھی ہیں جن سے ہاتھ کھینچ لیا جا سکتا ہے۔

مطلوبہ سہولیات کی کمی اور محفوظ جگہوں کی قلت کا مطلب ہے کہ شہروں میں رہنے والے لوگوں کو شہروں سے نکال کر محفوظ جگہوں پر منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ کسی ایسے حملے کے بعد لوگ دو ہفتے کے لئے گھروں میں بند ہو جائیں اور تابکار شعاعوں اور مواد کے خوف سے باہر نہ نکلیں کیونکہ بنیادی ضروریات جیسے خوراک اور پانی کی قلت پیدا ہو جانے کا خدشہ ہوگا۔ اس کے باوجود ہمارا مشاہدہ اور تجربہ بتاتا ہے کہ درج ذیل اقدامات پر عمل کرنے سے کچھ فائدہ ہو سکتا ہے۔

1. ہر شہر کے پاس اپنا قابل بھروسہ تنبیہی نظام موجود ہو جو وہاں کی آبادی کو خبردار کر سکے۔
2. خبردار کئے جانے پر لوگ فوری طور پر کسی نہ کسی محفوظ جگہ پر پناہ حاصل کر لیں اور اس میں تاخیر نہ کریں۔
3. ہر شہر کے پاس اپنے ایمرجنسی ریڈیو سٹیشن ہوں جو شہر کے گرد پھیلے ہوں۔ جو ان لوگوں کو ہدایات جاری کرتے رہیں جو پناہ لے چکے ہوں۔
4. یہ پناہ گاہیں مرکز اس طرح سے تعمیر کئے جائیں کہ جو کسی ایٹمی حملے کے اثرات سے محفوظ رہ سکیں، اور ایٹمی دھماکے کے بعد تابکاری کی پیمائش کے مرکز کے طور پر کام کرتے ہیں۔
5. شہر بھر کے سکولوں میں ایمرجنسی طبی امداد کا ذخیرہ رکھا جائے تاکہ ضرورت کے وقت کام آ سکیں۔

جنوبی ایشیاء کے بعض شہروں میں ان حفاظتی اقدامات میں سے چند ایک پر عمل درآمد ہوا ہے، جیسے خبردار کرنے کے لئے سائرن نصب کرنا۔ تاہم یہ کوششیں بہت ناکافی ہیں۔ سائرن کے بارے میں تو عوام میں زیادہ آگاہی پائی جاتی ہے اور شاید ہی ان پر عوام کان دھرتے ہیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عوام اور حکومت کی جانب سے کسی ایٹمی حملے کے خوفناک نتائج کا ادراک ابھی نہیں کیا جاتا۔ جوہری حملے کے خلاف شہری دفاع کے لئے نہایت کٹھن حالات میں بے مثال سرکاری اہلیت و صلاحیت اور بہترین عوامی نظم و ضبط کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ معاملہ تقاضا کرتا ہے کہ تمام بڑے شہروں اور ان کے مضافات میں سرکاری حکام، سول سوسائٹی کی تنظیمیں اور عوام میں کسی ایٹمی حملے کے اثرات و نتائج کے بارے میں مفصل آگہی ہو اور عمل کے لئے یگانگت ہو۔ یہ آگہی ایٹمی جنگ کے خطرات کے بارے میں عوامی سطح پر کھلی بحث کے ذریعے ہی آ سکتی ہے۔

شہری دفاع کو ممکن بنانے کے لئے مرکز میں موجود حکومتوں اور ہر شہری انتظامیہ کو فوری

آگاہی کا یہ براہ راست سلسلہ شروع کرنا چاہئے کہ کسی ایسی حملے کی صورت میں کیا گزرتی ہے۔ اس وقت تک صورتحال یہ ہے کہ جنوبی ایشیاء میں ایٹمی معاملات پر سرکاری سطح پر گفتگو بمشکل ہی فوجی اور سفارتی حکمت عملیوں سے آگے بڑھ پاتی ہے۔ اس صورتحال کو یقینی طور پر تبدیل ہونا چاہیے۔ یہ وقت اس افسوسناک حقیقت کا سامنا کرنے کا ہے کہ ایٹم بم کتنی تباہی بپا کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب ایٹمی جنگ کے نتائج کا اس کی تمام تر ہولناکیوں کے ساتھ سامنا کرنا ہوگا۔ اس عمل میں ان سب کو شامل ہونا چاہیے جو ہر شہر میں شہری دفاع کے ذمہ دار ہوں گے، جیسے وہ مقامی حکام جو بنیادی سہولیات، ذرائع آمدورفت، صحت کی سہولتیں، قانون کے نفاذ اور تعلیم کے سلسلے میں ذمہ دار ہوں۔ کچھ ذمہ داری غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے گروپوں پر بھی عائد ہوتی ہے۔ دنیا بھر میں آزادانہ طور پر کام کرنے والے سائنس دانوں کی جانب سے اس حوالے سے کافی تحقیق کی گئی ہے کہ ایٹم بم سے کتنی تباہی پھیل سکتی ہے۔ یہ کام مختلف شہروں پر فرضی ایٹمی حملوں کو بنیاد بنا کر کیا گیا ہے۔ اس تحقیق کو ان کوششوں میں رہنما اصولوں کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے "بمباری کی بمباری" (Bombing Bombay)[54] کے عنوان سے جو تحقیق کی گئی ہے وہ سب سے نمایاں ہے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ اقدامات بہت سے لوگوں کی جان نہیں بچا پائیں گے۔ لیکن ان میں سے بہت سے ایسے خوش قسمت ہو سکتے ہیں جن کے لئے یہ اقدامات زندگی اور موت کے درمیان فرق کا باعث بن جائیں۔ ایسے زندہ بچ جانے والوں میں سے بھی بہت کم ایسے ہوں گے جن کو مکمل تسکین مل سکے گی۔ انہیں سوویت وزیر اعظم نکیتا خروشچیف کی وہ مشہور و معروف بات یاد رکھنی چاہیے کہ کسی ایٹمی جنگ کے بعد "زندہ بچ جانے والے مر جانے والوں پر رشک کریں گے۔" شہری دفاع صرف حد تک ہی کر سکتا ہے۔

4

جو بھگتنا پڑتا ہے

ایٹمی ٹیکنالوجی کے ماحول اور صحت پر مضر اثرات

ایم وی رمنا اور سری پدما کاڈیکر

مئی 1998 کے دھماکوں کے بعد سیاسی بیانات اور اخباری تبصروں کو دیکھا جائے تو لگتا ہے کہ ایٹم بموں کے حصول کا معاملہ صرف جنگ اور حکمت عملی تک محدود ہے۔ چند تبصرہ نگاروں نے ان کے اخراجات پر بھی نظر ڈالی ہے۔ تمام بحث میں جو چیز گم موجود ہے، وہ ایٹم بموں کی تیاری کے پروگرام کا ماحول، انسانی صحت وغیرہ پر اثر ہے۔ یہ تمام اثرات بم بننے سے بہت پہلے ہی پڑنے شروع ہو جاتے ہیں، اور ایٹم بم کے دیگر اثرات کی طرح ان کے اثرات بھی زیادہ تر غریب اور بے بس عوام پر پڑتے ہیں۔

اس قسم کی سرگرمی سے عالمی طور پر لاکھوں لوگ متاثر ہو چکے ہیں۔ ہزاروں مربع میل کا رقبہ، دریاؤں اور جھیلوں کا پانی اور کھیت تابکاری سے آلودہ ہو چکے ہیں۔ لاکھوں ٹن ایٹمی فضلہ پیدا ہو چکا ہے لیکن ابھی تک اس فضلے کو ٹھکانے لگانے کا کوئی مناسب بندوبست بھی نہیں کیا جا سکا۔ ماضی میں جو ایٹمی تجربات کیے گئے ان کی تابکاری سے اب تک ہزاروں افراد سرطان کی بھینٹ چڑھ چکے ہوں گے۔ گو کہ اب کھلی فضا میں ایٹمی تجربات نہیں کیے جاتے لیکن پچھلے تجربات کے اثرات کے تحت انتہائی تابکار مواد سے سرطان اور دیگر بیماریوں کے باعث اموات کئی صدیوں تک ہوتی

رہیں گی۔ زیر زمین کیے جانے والے ایٹمی تجربات سے زمین کی تہوں میں رہ جانے والے تابکار مواد کے باعث طویل عرصے تک زیر زمین پانی اور خوراک کا سلسلہ متاثر ہوتا رہے گا۔

اس مضمون میں ہم بھارت میں ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی (ڈی اے ای) کی سرگرمیوں سے، جن کے بارے میں عبدالکلام نے کہا تھا کہ انہوں نے "ملک کو ایٹمی خطرات سے نجات دلا دی ہے"[1]، بھارت کے عوام کی صحت اور ماحول پر پڑنے والے نقصانات کا جائزہ لیں گے۔ سب سے پہلے ہم وہ وجوہات بیان کریں گے جن کی بنا پر نقصانات کا تخمینہ لگانا مشکل ہے۔ اس کے بعد نیوکلیئر ایندھن کے انتظام کے مختلف درجات کی نشاندہی کریں گے اور ان مختلف مرحلوں کی جو ایٹم بم بنانے میں درکار ہوتے ہیں اور ان کے ماحول اور صحت پر اثرات کی نشاندہی کریں گے۔ تاہم ایٹم بم میں درکار دیگر پرزوں کی تفصیل میں ہم نہیں جائیں گے۔

4.1 تخمینہ لگانے میں مشکلات

چار وجوہات ہیں جن کی بنا پر ایٹمی سرگرمیوں سے ماحول اور صحت پر مضر اثرات کا تخمینہ لگانا دشوار ہو جاتا ہے۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ موضوع بالا اصل مشکل اور متنازعہ ہے۔ دہائیوں کی تحقیق کے بعد بھی ماہرین تابکاری کے صحت پر اثرات پر بٹے ہوئے ہیں خاص طور پر کمزور تابکاری کے اثرات کی۔ ایک دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ تابکاری کا سب سے نمایاں اثر سرطان تابکاری کا شکار ہونے کے سالوں بعد نمایاں ہوتا ہے، جس کی وجہ سے تابکاری کو باعث قرار دینے میں دشواری ہوتی ہے۔ خاص طور پر اس وجہ سے بھی کہ سرطان کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔ پھر ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری کے مضر اثرات صرف تابکاری سے ہی نہیں ہوتے۔ اس میں کئی قسم کے نامیاتی اور غیر نامیاتی مرکبات استعمال ہوتے ہیں جن کے اپنے صحت پر مضر اثرات ہوتے ہیں[2]۔ مثال کے طور پر بیریلیم کا سامنا کرنے سے پھیپھڑوں کی ایک خطرناک بیماری جنم لیتی ہے جس کا بہت بعد میں جا کر امریکہ کے ڈیپارٹمنٹ آف انرجی نے اعتراف کیا ہے[3]۔

چونکہ تمام دنیا میں ایٹمی معاملات پر تحقیق کے لئے مالی امداد حکومت کی جانب سے اور خاص طور پر ڈی اے ای جیسے اداروں کے ذریعے ملتی ہے، ان سے تحقیق کرنے والے متاثر ہو جاتے

ہیں۔ عوامی صحت اور ماحول پر تابکاری کے اثرات جیسے موضوع پر ریسرچ کے لئے انہیں مالی امداد ملنی دشوار ہو جاتی ہے۔ بھارت میں ایٹمی اداروں کو دوسروں کے مقابلے میں ریسرچ فنڈ کا بہت بڑا حصہ مل جاتا ہے، جس کی وجہ سے ان کا یونیورسٹیوں پر جو ریسرچ فنڈ کے لئے ترستی ہیں بڑا مالی اختیار ہوتا ہے۔[4] چنانچہ یونیورسٹیاں ایٹمی اداروں سے ٹکراؤ سے گریز کی کوشش کرتی ہیں اور ایسے موضوعات پر تحقیق سے کتراتی ہیں جن سے ایٹمی اداروں کی ناراضگی مول لینی پڑ جائے۔

حکومتیں بھی نہیں چاہتیں کہ ایٹمی ہتھیار بنانے کے عمل کے انسانی صحت یا ماحول پر اثر پر معلومات عام ہوں۔ ایٹمی ہتھیار رکھنے والی ساری حکومتیں ان ہتھیاروں کی اس قدر رسیا ہیں کہ وہ بے چارے غریب اور بے نوا عوام کی جانوں کی اور دور پرے علاقے کے ماحول کی کسی بھی قربانی کو زیادہ نہیں سمجھتیں۔

چنانچہ جب اس سرگرمی سے نقصان کا تخمینہ لگانے کی بات ہو تو وہ بہت لاپرواہی برتتے ہیں۔ جو تھوڑا بہت تخمینہ لگایا جاتا ہے تو یہ کام بھی وہ بم بنانے والوں ہی کے سپرد کر دیتے ہیں یعنی یہ کہ لومڑیوں کو مرغیوں کے ڈربے کی حفاظت پر لگا دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کہ ان لوگوں میں کوئی خاص صلاحیتیں درکار نہیں ہوتیں، ان میں اس کام کا جذبہ بھی نہیں ہوتا۔ متصادم ترجیحات کا سامنا ہوتے ہوئے ایٹمی اداروں کے سائنسدانوں کو یہ معلوم ہے کہ ان کا بنیادی کام ایٹم بم بنانا ہے۔ لوگوں کی صحت پر خراب اثرات کا عمیق مطالعہ کرنے سے ان کی تنخواہ میں اضافہ نہیں ہو جائے گا۔

تیسری بات یہ کہ جو کچھ بھی معلومات مل سکتی ہیں وہ اتنی خفیہ رکھی جاتی ہیں کہ ان کا حصول جوئے شیر لانے کے برابر ہوتا ہے۔ بھارت کے معاملے میں یہ ایک مثال سے واضح کیا جا سکتا ہے۔ پہلے پوکھران ٹیسٹ کے مقام کی نشاندہی تجربے کے بارے میں متعدد سرکاری بیانات میں نہیں کی گئی حالانکہ اس مقام کا علم اطراف میں رہنے والے سینکڑوں دیہاتیوں کو بھی تھا اور مصنوعی سیاروں کی تصاویر کے ذریعے غیر ملکی صحافیوں کو بھی تھا۔ لیکن اس مقام کی نشاندہی ڈی اے ای یا دوسرے سرکاری اداروں سے حاصل کرنا ناممکن رہا۔ آخرکار جب دو امریکی محققین وپن گپتا اور فرینک پابیان نے مصنوعی سیاروں کی عام فروخت ہونے والی تصاویر سے اصل مقام کی نشاندہی کی تب ہندوستان کے اکثر لوگوں کو معلوم ہوا[5]۔

بھارت میں اس قسم کے جائزے اور جانچ بہت مشکل ہیں اس لئے کہ تکنیکی معلومات

سے آگاہ لوگوں کی ایٹمی اداروں کے باہر بہت قلت ہے[6]۔ دوسرے کئی ممالک کے مقابلے میں بھارت میں ری ایکٹر انجینئرنگ اور اس سے متعلق علم کا ادارہ تقریباً تمام ہی بھابھا اٹامک ریسرچ سینٹر (BARC) میں ہی ملتا ہے۔ اگر کوئی یہ علم حاصل کرے تو اس کے لئے ملازمت کا بھی صرف ایک ہی دروازہ کھلا ہے اور وہ ہے ڈی اے ای۔

اس پر مستزاد سخت گیر اٹامک انرجی ایکٹ اور آفیشل سیکریٹس ایکٹ ہیں جن کی پانچ سال قید کی سزا کی دھمکی کے باعث کام اور بھی زیادہ مشکل ہو جاتا ہے[7]۔ 15 ستمبر 1962 کو منظور ہونے والا اٹامک انرجی ایکٹ حکومت کو "معلومات کے افشا پر پابندی لگانے" کا اختیار دیتا ہے، چاہے وہ کسی دستاویز میں ہو، ڈرائنگ میں ہو، تصویر، پلان، ماڈل یا کسی اور شکل میں ہو اور جو مندرجہ ذیل میں سے کسی کے متعلق ہو (الف) کسی موجودہ یا مجوزہ پلانٹ کے بارے میں جو ایٹمی توانائی کو پیدا کرنے یا استعمال کرنے کے لئے ہو؛ (ب) کسی موجودہ یا مجوزہ پلانٹ کے طریقہ کار یا مقصد کے بارے میں ہو؛ (ج) ایسے کسی پلانٹ میں استعمال ہونے والے کسی عمل کے بارے میں ہو[8]۔

ڈی اے ای نے ایٹمی ری ایکٹروں میں حفاظت کے معاملات پر معلومات دینے سے انکار کے لئے اس ایکٹ کو عدالتوں میں استعمال کیا ہے[9] تاہم بھارت میں جو آزادی اظہار کی روایت کسی حد تک باقی ہے اس کے تحت اس ایکٹ کا استعمال محدود ہی رہا۔

آخر میں نیوکلیئر کے میدان میں پُرامن مقاصد اور بم کے لئے کام کو علیحدہ علیحدہ کرنا ناممکن ہے۔ یہ خاص طور پر بھارت کے لئے صادق آتا ہے جہاں نئے بڑے نیوکلیئر ادارے رکھنے کا مقصد ہی بم بنانا ہے۔ ایٹمی توانائی میں 50 سال تک خطیر رقم خرچ کرنے کے بعد بھی بجلی کی پیداوار میں نیوکلیئر توانائی کا حصہ 3% سے بھی کم ہے۔

ایٹمی توانائی اور ایٹم بم کے درمیان تعلق کی دو وجوہات ہیں۔ پہلی یہ کہ تمام ہی ری ایکٹر پلوٹونیم تیار کرتے ہیں جو کہ عام طور پر بم میں استعمال ہوتا ہے۔ امریکہ کی لاس الاموس نیشنل لیبارٹری کے تجربے، ٹیکنیکل ڈویژن کے سابق سربراہ جے کارسن مارک نے ثابت کیا ہے کہ بجلی بنانے والے ری ایکٹروں سے حاصل شدہ پلوٹونیم (جسے ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم کہتے ہیں) سے بم بنائے جا سکتے ہیں[10]۔ 1994 میں امریکہ کے ڈپارٹمنٹ آف انرجی نے اعلان کیا کہ اس کے

1952 کے ایک ایٹم بم کے ٹیسٹ میں ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم استعمال ہوئی تھی۔ اگر کسی ملک کے پاس ری ایکٹر کے استعمال شدہ ایندھن سے پلوٹونیم علیحدہ کرنے کا ری پروسیسنگ پلانٹ ہے اور ایسا ری ایکٹر انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (آئی اے ای اے) کی نگرانی میں نہیں ہے تو وہ ملک ایٹم بم بنا سکتا ہے۔ ایسی صورت میں ایٹم بم بنانا صرف پسند و انتخاب کا معاملہ بن جاتا ہے، صلاحیت کا نہیں۔ شاید اسی بات کو ثابت کرنے کے لئے یہ رپورٹ دی گئی ہے کہ 1998 کے دھماکوں میں ایک دھماکہ سول انرجی پروگرام سے حاصل کردہ ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم سے کیا گیا تھا[12]۔

4.2۔ تابکاری کی حدود

انسانی صحت کو تابکاری سے خطرات کی پیمائش کے لئے قومی اور بین الاقوامی اداروں نے کارکنوں پر تابکاری کی حدود مقرر کی ہیں۔ 1991 میں تابکاری سے بچاؤ کے بین الاقوامی کمیشن (ICRP) کی سفارش کے مطابق کارکنوں کو اوسطاً 20 ملی سیورٹ (milli sievert) سالانہ سے زیادہ تابکاری کی خوراک کا سامنا نہیں کرنا چاہئے۔ عام پبلک کے لئے ہر قسم کے انسانی عمل سے تابکاری کی خوراک کی حد ایک ملی سیورٹ مقرر کی گئی ہے۔ ICRP کے مطابق اگر ایک ہزار میں سے ہر فرد کو 20 ملی سیورٹ کی خوراک ملے تو ان میں سے اوسطاً ایک فرد اس تابکاری کے باعث سرطان سے مر سکتا ہے[13]۔ اس سے دوگنی خوراک سے موت کا امکان دوگنا ہو جاتا ہے۔ موازنے کے لئے عرض کریں کہ قدرتی ذرائع سے ہمیں وصول ہونے والی اوسطاً تابکاری کی خوراک تقریباً 2 سے 3 ملی سیورٹ سالانہ ہوتی ہے۔

بھارت کے اے ای سی کا دعویٰ ہے کہ وہ ان رہنما اصولوں کی پابندی کرتا ہے[14]۔ چنانچہ یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ حقیقت میں ان اصولوں کی پابندی کس قدر کی گئی ہے۔ اس کے لئے ہم سرکاری اعداد و شمار کا ہی سہارا لیں گے جو نامکمل بھی ہیں اور بسا اوقات متضاد بھی[15]۔ جیسے کہ ہم تفصیل سے دیکھیں گے کہ بھارت کا ریکارڈ کوئی بہت اچھا نہیں ہے۔

رازداری کے باعث جس کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے، ہمارے پاس سرکاری اعداد و شمار کو پرکھنے کا کوئی طریقہ نہیں۔ غیر جانبدار تجزیہ نگاروں اور صحافیوں کے مطابق اس بارے میں ریکارڈ

کی صورتحال اس سے بھی بدتر ہے۔ مثال کے طور پر تاراپور ری ایکٹر کے بارے میں ایک رپورٹ میں درج ہے کہ پلانٹ میں کارکنوں پر تابکاری کی حد عملی طور پر بے معنی ہو چکی ہے کیونکہ اسے کئی مرتبہ توڑا گیا ہے کہ اب سب متعجب ہیں کہ یہ حد ہی کیوں ہے[16]۔

4.3۔ تابکار مواد

مختلف قسم کے ایٹمی ہتھیار بنانے میں مختلف طریقے استعمال ہوتے ہیں۔ ایٹمی ہتھیار تین قسم کے ہوتے ہیں۔

☆ خالص انشقاقی ہتھیار

ان میں توانائی ایٹموں کے انشقاق (یعنی ٹوٹنے) سے حاصل ہوتی ہے۔ ایک بڑا ایٹم ایک سے زائد چھوٹے ایٹموں میں ٹوٹتا ہے، جس سے توانائی اور چند نیوٹرون خارج ہوتے ہیں۔ مناسب حالات میں یہ نیوٹرون مزید بڑے ایٹموں میں جذب ہو کر انہیں توڑتے ہیں اور اس طرح زنجیری عمل ہوتا ہے۔ بہت کم قسم کے ایٹموں میں زنجیری تعامل ہوتا ہے، جن میں یورینیم کے ہم جا یورینیم 235 اور یورینیم 233 اور پلوٹونیم 239 شامل ہیں۔ انشقاقی ایٹم بم یا تو پلوٹونیم استعمال کرتے ہیں جس میں پلوٹونیم کا ہم جا پلوٹونیم 239 بڑی کثرت میں ہوتا ہے، یا یورینیم کو افزودہ کر کے اس میں ہم جا یورینیم 235 کی مقدار 90% سے زیادہ کر دی جاتی ہے۔ انشقاقی بم میں یورینیم اور پلوٹونیم اکٹھے بھی استعمال ہو سکتے ہیں[17]۔ یورینیم 233 عام طور پر بموں میں استعمال نہیں کیا جاتا کیونکہ اس کا استعمال بڑا پیچیدہ ہوتا ہے۔ تاہم یورینیم 233 کے ایٹم بم کے تجربے کئے جا چکے ہیں۔

☆ قوی (بوسٹڈ) انشقاقی ہتھیار

یہ عام انشقاقی ہتھیاروں جیسے ہی ہوتے ہیں، لیکن ان میں انشقاقی مواد کے علاوہ ٹریشیم گیس بھی بھری جاتی ہے جو اضافی نیوٹرون فراہم کرتی ہے جس سے ہتھیار کی استعداد بڑھ جاتی ہے، یعنی بم کے پھٹنے پر اس کا مواد بکھرنے سے پہلے زیادہ سے زیادہ انشقاق ہو جاتا ہے۔

☆ ہائیڈروجن بم (تھرمونیوکلیئر بم)

ہائیڈروجن بم سے خارج ہونے والی توانائی انشقاق کی بجائے ادغام سے حاصل ہوتی

ہے یعنی جب چھوٹے ایٹم جب مل کر بڑے ایٹم بناتے ہیں تو اس سے توانائی خارج ہوتی ہے۔ چھوٹا ترین ایٹم ہائیڈروجن کا ہوتا ہے، اور دو ہائیڈروجن کے ایٹم آپس میں مدغم ہو کر ہیلیم کا ایٹم بناتے ہیں۔ اس لئے یہ بم ہائیڈروجن بم کہلاتا ہے۔ عام طور پر بہت اونچے درجہ حرارت پر ہی ہو سکتا ہے جیسا کہ جو ایٹم بم کے پھٹنے پر اس کے مرکز میں ہوتا ہے۔ اس لئے ہائیڈروجن بم شروع کرنے کے لئے انشقاقی بم استعمال کیا جاتا ہے۔ ہائیڈروجن بم میں ہائیڈروجن کے ہم جا ڈیوٹیریم اور ٹریٹیم استعمال ہوتے ہیں۔ اس عمل کے نتیجے میں توانائی کے علاوہ بہت تیز رفتار نیوٹرون خارج ہوتے ہیں جو یورینیم 235 اور یورینیم 238 کے ایٹموں کو شق کر کے مزید توانائی خارج کرتے ہیں۔ چنانچہ ہائیڈروجن بم سے توانائی ایٹم بم سے کہیں زیادہ خارج ہوتی ہے۔

بھارت نے پلوٹونیم کے انشقاقی ہتھیار بنائے ہیں، اور دعوٰی کیا ہے کہ 1998 کے تجربات میں ایک ہائیڈروجن بم کا بھی تھا، گو کہ اس کی کامیابی مشکوک رہی ہے[8]۔ بہرحال کوئی شک نہیں کہ بھارت نے اس کے لئے مواد تیار کر لیا ہے۔ چنانچہ اس کی تیاری سے ماحول کو جو نقصان پہنچنا تھا وہ پہنچ چکا۔ ہم بلند افزودہ یورینیم بنانے کے طریقوں کو یہاں بیان نہیں کریں گے حالانکہ پاکستان نے اس راستے کو اختیار کیا ہے[9]۔

پلوٹونیم قدرت میں نہیں پایا جاتا؛ اسے انسان نے بنایا ہے۔ اسے بنانے کے لئے پہلے یورینیم کی کان کنی کرنی ہوتی ہے، پھر اسے ری ایکٹر میں استعمال کرنے کے لئے مخصوص شکل میں ڈھالنا ہوتا ہے، اور پھر ری ایکٹر میں جلانا ہوتا ہے۔ استعمال شدہ ایندھن میں سے پلوٹونیم علیحدہ کرنے کے لئے اسے ری پروسیس کیا جاتا ہے۔ بھارت میں ٹریٹیم کو بھاری پانی (D_2O) کے ری ایکٹر سے حاصل کیا جاتا ہے، جہاں بھاری پانی کا ڈیوٹیریم ایک نیوٹرون جذب کر کے ٹریٹیم بن جاتا ہے جسے کیمیائی تعامل سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے[20]۔

4.4۔ ایٹمی ایندھن کا گردشی سلسلہ اور اس کے اثرات

نقطہ آغاز: یورینیم کی کان کنی اور صفائی

چاہے ایٹم بم یورینیم کا ہو یا پلوٹونیم کا، یا مقصد صرف توانائی کی خاطر ایٹمی ری ایکٹر بنانے کا ہو، سب سے پہلا قدم یورینیم کی کان کنی ہے۔

یورینیم کی کان کنی اور صفائی اکثر اوقات کان کنوں کی صحت پر شدید اثرات ڈالتی ہے۔ یورینیم کی کانوں میں تابکاری کا خطرہ یورینیم سے اتنا نہیں ہوتا جتنا یورینیم کی تابکار تنزلی (radioactive decay) سے بننے والے ریڈیم 226، ریڈون 222 اور پولونیم 210 سے ہوتا ہے جو تابکاری ایلفا ذرات خارج کرتے ہیں[21]۔

جہاں ہوا کا گزر کم ہو، جیسا کہ یورینیم کی کانوں میں ہوتا ہے، ریڈون گیس اور یورینیم کی ریت سانس کے ذریعے کان کنوں کے جسم میں داخل ہوتی ہے، جس سے انہیں تابکاری کی خوراک ملتی ہے۔ تمام دنیا کی معلومات کی اوسط نکال کر اقوام متحدہ کی سائنسی کمیٹی برائے ایٹمی تابکاری UNSCEAR نے اندازہ لگایا ہے کہ کان کنوں کو تابکاری کا 70 فیصد ریڈون اور اس سے بننے والے چھوٹے ایٹموں سے ملتا ہے، 3 فیصد یورینیم کی ریت سے، اور 27 فیصد بیرونی تابکاری سے[22]۔

ایسی تابکاری میں سانس لینے سے جس میں ایلفا ذرات ہوں، پھیپھڑوں کے سرطان کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ امریکی ریسرچ کونسل کی تابکاری کے حیاتی اثرات کا جائزہ لینے والی کمیٹی (BIER) کا اندازہ ہے کہ ہر ایک مہینہ زیادہ کام کرنے سے کان کنی کے سرطان سے متاثر ہونے کا خطرہ آدھا فیصد بڑھ جاتا ہے[23]۔ کان کنوں پر پیمائش کئے ہوئے اوسط اثرات مختلف ممالک میں مختلف ہیں اور چیکوسلواکیہ، امریکہ، کینیڈا، اور فرانس کو دیکھیں تو جتنا اثر کینیڈا میں 21.2 مہینوں میں پڑتا ہے، امریکہ کی کولوراڈو کانوں میں وہ اثر 578.6 مہینوں میں پڑتا ہے[24]۔ کولوراڈو کے کان کنوں کی پھیپھڑوں کے سرطان سے مرنے کا امکان ایک عام آدمی کے مقابلے میں 5 گنا زیادہ ہوتا ہے۔ کان کنوں کو ریت کے ذرات کی وجہ سے پھیپھڑوں کی بیماری silicosis بھی ہو جاتی ہے۔

بھارت میں یورینیم کی کانیں جادوگوڑہ، بہار میں ہیں۔ شمال مشرق میں میگھالیہ اور جنوب میں کرناٹک اور آندھرا پردیش کی سرحد کے قریب بھی یورینیم کی کانیں دریافت ہوئی ہیں۔ کان سے یورینیم کے خام مواد کو جادوگوڑہ کے ایک کارخانے میں پیسا جاتا ہے اور پھر گندھک کے تیزاب میں حل کر کے اس کی تطہیر کی جاتی ہے[25]۔ اس محلول کی صفائی کر کے یورینیم کو میگنیشیم ڈائی یورینیٹ کی شکل میں ڈھالا جاتا ہے۔ باقی بچا ہوا فضلہ گندھک کے تیزاب، بھاری دھاتوں

ور دیگر کیمیائی اجزا کا مخلوط ہوتا ہے۔ اسے کچ دھات کے پانی اور بیریم کے پانی سے صاف کر کے اس کی تیزابیت اور تابکاری کم کی جاتی ہے اور جو کچھ بچتا ہے اسے ایک تالاب میں پھینک دیا جاتا ہے۔ اس صفائی کے باوجود اس فضلے کے تالاب میں تابکاری کسی حد تک موجود رہتی ہے۔ جادوگوڑہ میں یہ تالاب آبادی کے بہت قریب واقع ہے اور حال تک بھی انسانوں اور جانوروں کو اس سے دور رکھنے کے لئے کوئی باڑ نہیں لگائی گئی تھی۔[26]

صفائی کا یہ عمل مقدار میں کافی زیادہ ہوتا ہے اس لئے کہ کان سے حاصل شدہ خام مواد میں یورینیم کی مقدار ہزار میں ایک یا اس سے بھی کم ہوتی ہے۔ بھارت کی کانوں سے حاصل ہونے والے خام مواد میں یورینیم ڈائی آکسائڈ کی مقدار 0.067 فیصد ہوتی ہے۔[27] چنانچہ ہر ایک کلوگرام یورینیم حاصل کرنے کے لئے 1750 کلوگرام فضلہ بچ جاتا ہے جو زہر آلود بھاری دھاتوں مثلاً مولبڈینم، آرسینک اور وینیڈیم سے اور تھوریم 230 اور ریڈیم 226 جیسے تابکار مواد سے آلودہ ہوتا ہے۔ ریڈیم 226 سے ریڈون گیس بنتی ہے۔ جب فضلے کے تالاب کھلے ہوتے ہیں ان کے ارد گرد کئی کلومیٹر دور سے ریڈون کی تابکاری کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔[28]

فضلے کی مٹی باریک ہونے کے باعث مکانوں اور سرکاری عمارتوں کی تعمیر میں استعمال ہوتی رہی ہے۔ ان عمارتوں کے مکین ریڈون اور گاما شعاعوں سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ امریکہ کی تحفظ ماحول ایجنسی کا اندازہ ہے کہ دوسروں کی نسبت ایسی عمارات کے سو مکینوں میں سے اوسطاً چار مکین پھیپھڑوں کے سرطان میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ جادوگوڑہ میں اس مٹی کو سڑکوں اور گھروں کی تعمیر میں استعمال کیا گیا ہے۔ تاہم وہاں کے باشندوں پر اس کے اثرات کا کبھی اندازہ لگانے کی کوشش نہیں کی گئی۔ یعنی ارباب اختیار نے لوگوں کو اس خطرے سے آگاہ کرنے کی بھی ضرورت محسوس نہ کی۔

فضلے نے کئی جگہ پانی کے ذخائر کو آلودہ کر دیا ہے۔ بھارت کے معاملے میں یہ اس لئے زیادہ اہم ہے کہ جادوگوڑہ کے علاقے میں بارش بہت ہوتی ہے۔ چنانچہ ریڈیم 226 اور آرسینک جیسی دھاتیں رس کر پینے کے پانی میں اور سطح کی جھیلوں میں پہنچ جاتی ہیں۔ جہاں فضلے میں تیزابیت زیادہ ہو وہاں یہ خطرہ اور بھی بڑھ جاتا ہے کیونکہ تیزابی کیفیت میں یہ آلودگی زیادہ رستی ہے۔[29]

فضلے کے تالاب کا پشتہ بہت مضبوط نہیں ہوتا کیونکہ اسے اسی فضلے کی موٹی مٹی سے بنایا جاتا

ہے۔ تیز بارشوں اور زلزلوں میں ان پشتوں کے ٹوٹنے کا ڈر رہتا ہے۔ چنانچہ دنیا بھر سے ان پشتوں کے ٹوٹنے کی اطلاعات ملتی رہتی ہیں۔ مثال کے طور پر جولائی 1979 میں امریکہ کی ریاست نیو میکسیکو میں چرچ راک کے مقام پر پشتہ ٹوٹنے سے ایک ہزار ٹن آلودہ مٹی اور 370 ملین لیٹر آلودہ پانی بہہ گیا۔[30]

جادوگوڑہ اور موسابانی جیسی ریڈیم کانوں کے بارے میں ایک تشویش کی بات یہ بھی ہے کہ ان سے ریڈون بہت خارج ہوتی ہے۔[31] مزید تشویش اس امر پر ہوتی ہے کہ ان کانکنوں کی صحت پر اثرات کے کوئی اعداد و شمار عوام الناس کو باآسانی دستیاب نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر 1986 میں یورینیم کارپوریشن آف انڈیا کے 42 فیصد ملازمین نے ICRP کی مقرر کردہ 20 ملی سیورٹ سالانہ سے زیادہ تابکاری کی خوراک لی۔ 6 فیصد کو تو 35 ملی سیورٹ سے بھی زیادہ خوراک ملی۔[32] جدول نمبر 1 میں اقوام متحدہ کے ایک سروے کے مطابق عالمی اوسط اور بھارت میں تابکاری کی خوراک کا موازنہ دیا گیا ہے۔

جدول نمبر 1

Table 1 Radiation Exposures from Uranium Mining and Milling

Region	Annual Collective Effective Dose: Total (man Sv)	Annual Collective Effective Dose: Average per unit extracted (man-Sv/kt)	Average Dose Per Monitored Worker (mSv)
Uranium Mining			
India (1981-84)	13.8	1.08	1.9
India (1985-89)	15.2	10.	11.3
World (1980-84)	580	29	5.5
World (1985-89)	40	25.9	4.45
Uranium Milling and Extraction			
India (1981-84)	3.58	27.9	7.35
India (1985-89)	3.40	22.6	5.86
World (1980-84)	1.7	1.84	5.
World (1985-89)	1.6	2.0	6.3

Source: United Nations Scientific Committee on the Effects of Atomic Radiation (UNSCEAR), *Sources and Effects of Ionizing Radiation* (New York: United Nations, 1993), pp. 447 – 5

بھارت کی یورینیم کارپوریشن نے جس کے فرائض میں یورینیم کی کان کنی بھی شامل ہے، صحت پر اثرات کے بارے میں بظاہر مکمل انکار کا رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ ایک ڈاکٹر جو 25 سال تک یورینیم کارپوریشن کا چیف میڈیکل آفیسر رہا کہ "میں نے اپنی تمام ملازمت میں تابکاری سے بیماری کا ایک بھی کیس نہیں دیکھا"[33]۔ یہ بیان معلومات اور شماریاتی ٹھوس بنیاد پر قائم نہیں ہے۔ ڈی اے ای نے جادوگوڑہ میں کان کنی اور صفائی کا کام شروع کرنے سے پہلے عوام کی صحت کا کوئی ایسا اساسی مطالعہ نہیں کیا تھا اور نہ اس کے بعد میں صحت پر اثرات کا کوئی مطالعہ کیا۔ تاہم کئی اخباری اطلاعات سے اور حال ہی میں تیار ہونے والی ڈاکومینٹری فلم "بدھا جادوگوڑہ میں روتا ہے" سے علاقے کے باشندوں میں بہت بڑے پیمانے پر سرطان اور جسمانی امراض کی نشاندہی ہوتی ہے[34]۔

جھارکھنڈی نامی تنظیم نے حال ہی میں جادوگوڑہ کے دورے میں ایک واقع کی تحقیق میں سروے کیا اور دیکھا کہ جادوگوڑہ کے نزدیکی علاقوں میں پیدائشی نقائص کا تناسب اور علاقوں سے زیادہ ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا کہ کئی لوگ پھیپھڑوں کی بیماریوں میں مبتلا ہیں، جنہیں محکمہ صحت کے افسر ٹی بی قرار دیتے ہیں۔ سروے ٹیم نے یہ بھی دیکھا کہ کان کنی کے بعض کاموں میں، یو سی آئی ایل نے لوگوں کی زندگی کو ان خطرات سے دوچار کر دیا ہے، مثلاً کانوں کو دوبارہ گڑھوں بنایا جاتا، فضلے کی مٹی کو گھروں اور سڑکوں کی تعمیر میں استعمال کیا جاتا ہے، اور زمینوں میں فضلے کا تالاب سوکھا چھوڑ دیا جاتا ہے۔

4.5۔ ایٹمی ایندھن کی ساخت

چونکہ بھارت کے کئی ری ایکٹر قدرتی یورینیم کو ایندھن کے طور پر استعمال کرتے ہیں لہذا کان کنی اور صفائی کے بعد یورینیم سیدھا ایندھن بنانے کے کارخانے (Nuclear Fuel Complex) میں چلا جاتا ہے، جو حیدرآباد میں واقع ہے۔

یورینیم سے کام کرنے والے ملازمین پر چند تحقیقات بتاتی ہیں کہ ملازمین میں سرطان کی شرح خاص طور پر پھیپھڑوں کے سرطان کی شرح سب سے زیادہ ہے[35]۔ یہ سرطان یورینیم کے باریک ذرات کے سانس کے ذریعے جسم میں داخل ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر یورینیم ایسی حالت

میں ہو جو جسم کے مائع میں حل نہ ہوتی ہو اور ذرات اتنے باریک ہوں کہ پھیپھڑوں میں آسانی سے جذب ہو سکیں تو پھیپھڑوں کے سرطان کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ اگر یہ حل ہو جائے تو یورینیم گردے میں جمع ہو کر اسے نقصان پہنچاتی ہے، جہاں بھاری دھاتوں کے زہر سے گردے جواب دے سکتے ہیں۔

مزید برآں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یورینیم کے متاثرین میں جینیاتی اثرات بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر حیدرآباد یونیورسٹی کے محققین نے ایٹمی ایندھن کے کارخانے کے ملازمین میں sister-chromaud exchange میں خاصا اضافہ دیکھا[36]۔ SCE ایک کروموسوم کی دو chromauds لڑیوں کے درمیان تبادلے کو کہتے ہیں۔ اس تحقیق میں جن 24 ملازمین کو سانس میں یورینیم کی مقدار کے لئے پرکھا گیا، ان میں سے دو میں سالانہ حد سے زیادہ یورینیم داخل ہو چکی تھی[37]۔

زہر آلود کیمیائی مرکبات اور تابکاری سے آلودہ ہونے کے علاوہ ان مقامات پر کام کرنے والوں کو کئی اور قسم کے خطرات کا سامنا ہوتا ہے۔ صرف 1990 میں NFC میں چار ایسے حادثات ہوئے جن کا کھلے عام اعتراف کیا گیا۔ اگرچہ وہ سب معمولی تھے لیکن NFC جیسی جگہ پر جو مختلف قسم کے ری ایکٹروں کے لئے مختلف قسم کا ایندھن تیار کرتا ہے، اچانک شروع ہو جانے والے نیوکلیئر زنجیری تعامل کا ہمیشہ اندیشہ رہتا ہے۔ 1999 میں اس قسم کا حادثہ جاپان کے ایندھن بنانے والے کارخانے "ٹوکائی مورا" میں پیش آیا[38]۔ حادثہ اس وجہ سے پیش آیا کہ کارکنوں نے سادہ پانی کے ری ایکٹر کے لئے 3 تا 5 فیصد افزودہ ایندھن کی شکل میں 16 فیصد افزودہ یورینیم ڈال دیا تھا۔ ٹوکائی مورا تو آبادی سے دور علاقہ تھا، اس کے برعکس NFC محلہ حیدرآباد شہر کے بیچوں بیچ واقع ہے۔ اگر ایسا حادثہ یہاں ہو جائے تو بہت بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔

4.6۔ ری ایکٹر

ری ایکٹر دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو بجلی پیدا کرتے ہیں اور دوسرے جو صرف بموں کے لئے پلوٹونیم بناتے ہیں۔ دونوں میں یورینیم 238 ایک نیوٹرون جذب کر کے پلوٹونیم بنتا ہے۔ پہلے میں سے ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم اور دوسرے سے ہتھیار گریڈ پلوٹونیم حاصل ہوتا ہے۔ ری ایکٹر کے جلے ہوئے ایندھن میں پلوٹونیم ایک فیصد کا حصہ ہوتا ہے جس میں اس کے علاوہ

انشقاق سے حاصل شدہ ٹوٹے ہوئے اجزا (fission products) بچی کچی یورینیم ہوتا ہے۔ اس مخلوط میں سے پلوٹونیم علیحدہ کرنے کا کام ری پروسیسنگ ہے۔ اور یہ پلوٹونیم حاصل کرنے کا دوسرا مرحلہ ہے۔

دیگر بہت سی معاملات کی طرح پلوٹونیم پیدا کرنے والے ری ایکٹروں، سائٹس اور مزدوروں کے بارے میں معلومات مشکل سے ملتی ہیں۔ چنانچہ ان ری ایکٹروں میں کام کرنے والوں پر کیا گزرتی ہے اس کا اندازہ لگانے کے لئے ہم بجلی پیدا کرنے والے ری ایکٹروں میں روزمرہ کار روائی کو دیکھتے ہیں جن کے بارے میں نسبتاً زیادہ معلومات ہیں۔

ہر ری ایکٹر میں کام کرنے والوں کا تابکاری سے کچھ نہ کچھ سامنا ہوتا ہے۔ بھارت کے چند ری ایکٹروں میں کام کرنے والوں کو تابکاری کی قابل ذکر خوراک ملتی رہی ہے۔ 1992 میں اٹامک انرجی ریگولیٹری بورڈ (AERB)، کی ڈی اے ای کے چند اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کے بارے میں تحقیق سے معلوم ہوا کہ تمام ملازمین کے تقریباً 3 تا 5 فیصد کو سالانہ 20 ملی سیورٹ سے زیادہ تابکاری کی خوراک ملی تھی۔[39] چونکہ اس ادارے میں ڈی اے ای میں سترہ ہزار سے زائد ملازمین تھے یعنی پانچ سو سے آٹھ سو ملازمین زائد تابکاری کا سامنا کر چکے تھے۔ تاہم اس طرح ہم یہ فرض کر لیتے ہیں کہ ڈی اے ای کے ہر ادارے کے ہر فرد کو اوسطاً ایک ہی درجے کی تابکاری کا سامنا پڑا ہوگا، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ چند اداروں میں زیادہ اور چند میں کم تابکاری کا سامنا ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر 1987 میں مدراس پاور سٹیشن میں ہر ملازم کو 20 ملی سیورٹ سالانہ سے زائد تابکاری کا سامنا کرنا پڑا۔ ان میں سے 5.5 فیصد کو 36 ملی سیورٹ سے زائد خوراک ملی۔[40] مدراس پاور سٹیشن کے ملازمین کو اوسطاً سالانہ 11 ملی سیورٹ کی تابکاری کی خوراک ملی۔[41]

کام کرنے والوں کو تابکاری کے سامنے کا ایک اور پیمانہ یہ ہو سکتا ہے کہ اس کا موازنہ اس ری ایکٹر سے پیدا ہونے والی بجلی سے کیا جائے۔ مثال کے طور پر 1980 میں تارا پور کے دو ری ایکٹروں پر کارکنوں پر تابکاری کی مجموعی خوراک (تمام کارکنوں کی انفرادی خوراک کا مجموعہ) 43.06 مین سیورٹ تھی جو توقع ہے کہ دو کارکنوں کی سرطان سے موت ہو سکتی تھی۔[42] اسی سال ان ری ایکٹروں سے 0.2 گیگاواٹ سال بجلی پیدا کی۔[43] اس سے یہ

حساب لگتا ہے کہ ہر یونٹ سے 215.3 مین سیورٹ فی گیگاواٹ سال کی تابکاری کا سامنا ہے۔ اس کے مقابلے میں راجستھان کے بھاری پانی کے ری ایکٹر پر 91.2 مین سیورٹ فی گیگاواٹ سال کا سامنا ہوا، جو اوسطاً سرطان سے تقریباً 5 موت ہے۔ بھارت کے ری ایکٹروں میں اتنے اونچے درجے کی تابکاری انوکھی بات نہیں؛ تابکاری سے اوسطاً سامنا بھی زیادہ رہا ہے جیسا کہ جدول نمبر 2 میں دیا گیا ہے جس میں اوسطاً تابکاری بھی دی گئی ہے۔

جدول نمبر 2

Table 2: Radiation Exposures at Nuclear Power Reactors

Region	Total (man Sv)	Average per unit energy generated (man Sv/GWy)	Per Monitored Worker (mSv)
Boiling Water Reactors			
India (1980-84)	38	[illegible]89	1[illegible]4
India (1985-89)	23.2	113	8.63
World (1980-84)	454	18	4.47
World (1985-89)	331	7.94	2.38
Pressurised Heavy Water Reactors			
India (1980-84)	15.7	103	5.08
India (1985-89)	3.40	76	6.5[illegible]
World (1980-84)	46	8.0	3.2
World (1985-89)	60	6.2	3.4

Source: United Nations Scientific Committee on the Effects of Atomic Radiation (UNSCEAR), *Sources and Effects of Ionizing Radiation* (New York: United Nations, 1993), pp. 457 – 461

اگر روزمرہ کی کارگزاری میں تابکاری کا سامنا اتنا زیادہ ہے تو اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ حادثے کی صورت میں، چاہے وہ چھوٹا سا حادثہ ہی کیوں نہ ہو، تابکاری کا خطرہ بہت زیادہ ہوگا۔ 26 مارچ 1999 کو مدراس پاور سٹیشن میں بھاری پانی کا بہنا ایک مثال مہیا کرتا ہے۔ اس حادثے میں وہاں سے 14 ٹن بھاری پانی بہہ نکلا۔ اس پانی کو صاف کرنے کے لئے 42 مزدوروں کو لگایا گیا۔ مستند طریقوں سے ان پر تابکاری کا حساب لگایا جائے تو معلوم ہوتا ہے ہر مزدور کو ہر گھنٹے میں 6 تا 8 ملی سیورٹ تابکاری کی خوراک ملی۔[44] چنانچہ اگر انہوں نے چار گھنٹے کام کیا تو انہیں

ICRP کی مقرر کردہ حد سے زیادہ تابکاری کا سامنا کرنا پڑا۔ اندازہ ہے کہ یہ تابکاری اس کے علاوہ ہے جس کا انہیں ری ایکٹر کے معمول کے کام کے دوران باقی ماندہ سال کے لئے سامنا ہوتا تھا۔ بھاری پانی کا بہنا ایک معمول رہا ہے۔ ان تمام سالوں میں مدراس کے ری ایکٹروں سے تین بار بھاری پانی بہہ چکا ہے۔ 1997 میں کاکراپار 1، مدراس 2 اور تاراپور 5 ری ایکٹروں سے بھاری پانی کا اخراج ہوا[45]۔

بھاری پانی کے اخراج کے علاوہ بھارتی ری ایکٹروں میں دیگر حادثے بھی ہوئے[46]۔ مئی 1993 میں AERB کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ اس سے پچھلے سال کے دوران 147 مختلف حادثات ان ری ایکٹروں میں ہوئے۔ ان میں سے چند حادثے خطرناک ہو سکتے تھے۔ ان میں سے سب سے مشہور 1986 کا چرنوبل کا حادثہ ہے، گو کہ یہ اس پیمانے کا حادثہ نہیں تھا[47]۔

بھارت کا وہ واحد ری ایکٹر جس کے اطراف کی آبادی پر تابکاری کے اثرات کا مطالعہ کیا گیا ہے (اور صرف اس میں کام کرنے والوں پر نہیں) وہ راجستھان میں راوت بھاٹا کا پاور پلانٹ ہے[48]۔ اس مطالعے میں جو 1991 میں کیا گیا، ری ایکٹر کے اطراف میں دس کلومیٹر کے دائرے میں پانچ دیہات (کل آبادی 2860 نفوس) پر اثرات کا موازنہ پچاس کلومیٹر سے زیادہ فاصلے پر واقع چار دیہات (کل آبادی 2544) پر اثرات سے کیا گیا۔ اس مطالعے سے بتایا کہ نزدیک کے دیہات کی آبادی میں

- پیدائشی نقائص میں اضافہ نظر آیا
- خود بخود حمل ضائع ہونے، مردہ بچوں کی پیدائش اور پیدائش کے ایک دن کے اندر بچوں کی اموات کی شرح میں اضافہ ہوا۔
- دائمی امراض میں اضافہ نظر آیا خاص طور پر جوانوں میں
- ٹھوس رسولیوں کی شرح میں خاصا اضافہ نظر آیا
- ری ایکٹر کے نزدیک کے دیہات میں سرطان کے زیادہ مریض دیکھنے میں آئے۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ تمام قریبی علاقے میں معدودے چند گاؤں میں بجلی کی پاور کے پمپ لگے تھے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس بجلی گھر کا فائدہ سوائے چند ملازمتوں کے ان علاقوں کو بہت

زیادہ نہیں پہنچا۔

ری ایکٹروں کے روزمرہ کے کام اور ان کے حادثات سے ہونے والے صحت پر اثرات کے علاوہ ری ایکٹروں سے پیدا ہونے والے کئی قسم کے فضلے بھی انسانی صحت اور ماحول کو کئی گونہ نقصان پہنچاتے رہتے ہیں۔ پھر جب ری ایکٹر اپنی زندگی مکمل کر لیتے ہیں تو انہیں تلف کرنے میں مزید تابکار فضلہ ٹھکانے لگانا پڑتا ہے۔ گو کہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ BARC اور تاراپور میں ری ایکٹر کے فضلے کو محفوظ طریقے سے رکھنے کا انتظام ہے، لیکن ان جگہوں پر بھی تابکاری رستی رہی ہے اور جو مزدور اس رستی تابکاری کو صاف کرنے پر مامور کیے گئے انہیں بھی مقررہ حد سے زیادہ تابکاری کا سامنا کرنا پڑا[49]۔

ری ایکٹر کے معمول کے کاموں کے دوران اس کی چمنیوں سے گیسوں کا اخراج ہوتا ہے جو انشقاق میں پیدا ہونے والی ٹریٹیم، آرگون 41 اور آیوڈین 131 پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ان کے علاوہ کچھ ذرات بھی خارج ہوتے ہیں۔۔۔ زیادہ جدید بجلی گھروں میں چھوٹی نصف حیات والی آرگون 41 کو (جس کی نصف حیات 1.83 گھنٹے ہوتی ہے) روک لیا جاتا ہے[50]۔ کم درجے کے تابکار فضلے کا اخراج جس میں زیادہ تر ٹریٹیم کے علاوہ سیزیم 137 اور سٹرونشیم 90 شامل ہوتے ہیں، قریب و جوار کے پانی مثلاً سمندر وغیرہ میں ہوتا ہے۔ بیشتر ان کے اعداد و شمار نہیں ملتے اور ملتے بھی ہیں تو قابل اعتبار نہیں ہوتے لیکن جو بھی اعداد و شمار ملتے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ بھارت کے ری ایکٹروں سے فی یونٹ بجلی کی پیداوار پر اس قسم کا اخراج دوسرے علاقوں کے ری ایکٹروں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔

حالانکہ ری ایکٹر کی تابکاری کا بیشتر حصہ استعمال شدہ ایندھن میں ہوتا ہے لیکن کئی کئی تابکاری ہوتی ہے جو عام کام کے دوران کئی قسم کی ٹھوس اور مائع کوڑے کی شکل میں ہوتی ہے اور اس کا براہ راست ماحول میں اخراج نہیں ہوتا۔ ٹھوس تابکار کوڑے میں حفاظتی لباس، کاغذ، جھاڑن، اور فالتو پرزے وغیرہ ہوتے ہیں جو ری ایکٹر میں استعمال کی وجہ سے تابکار ہو جاتے ہیں۔ تابکار مائع میں وہ پانی بھی ہے جس میں استعمال شدہ ایندھن کو ٹھنڈا کرنے کے لیے طویل عرصے کے لیے رکھا جاتا ہے۔

4.7۔ ری پروسیسنگ

نئی ہتھیار بنانے میں اگلا قدم ری ایکٹر کے جلے ہوئے ایندھن کو ری پروسیس کر کے اس میں سے پلوٹونیم نکالنے کا ہوتا ہے۔ ایٹمی ایندھن کے تمام مرحلوں میں جلے ہوئے ایندھن میں سب سے زیادہ تابکار مادہ ہوتا ہے۔ جلے ہوئے ایندھن کو پہلے پانی کے تالاب میں ٹھنڈا کرنے کے لئے رکھا جاتا ہے۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد ایندھن کی غلافوں کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جاتا ہے، تیزاب میں گھلایا جاتا ہے اور پھر کیمیائی مرکبات میں حل کر کے اس کے اجزا کو الگ الگ کیا جاتا ہے۔ ری پروسیسنگ ایٹمی ایندھن کے سلسلے کا وہ مرحلہ ہوتا ہے جہاں سے بڑی مقدار میں تابکار مواد ٹھوس، مائع اور گیس کی شکل میں حاصل ہوتا ہے۔ اس تمام کا حجم کے لحاظ سے سب سے بڑا حصہ، تقریباً (84%) کم درجہ کا تابکار مواد پر مشتمل ہوتا ہے اور اس کا تابکاری میں تناسب 0.1% ہوتا ہے۔ حجم کے لحاظ سے دوسرا بڑا حصہ (تقریباً 14%) درمیانے درجے کا تابکار ہوتا ہے اور اس کا تابکاری میں تناسب تقریباً ایک فیصد ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ تابکاری (99%) صرف دو فیصد حجم میں ہوتی ہے جسے انتہائی درجے کا فضلہ کہا جاتا ہے۔ بھارت کے ری پروسیسنگ پلانٹ استعمال شدہ ایندھن کے ہر ٹن کو ری پروسیس کرنے سے 2.2 مکعب میٹر انتہائی درجے کا فضلہ، 15.4 مکعب میٹر درمیانے درجے کا فضلہ اور 92.4 مکعب میٹر کم درجے کا تابکار فضلہ بناتے ہیں۔

چونکہ اس فضلے سے تابکاری ختم کرنے کا کوئی طریقہ نہیں، اس لئے یہ فضلہ ہزاروں سال تک ہر انسان اور ہر قسم کی حیات کے لئے نقصان دہ رہے گا۔ اگر اس کی تابکاری سے بچنا ہے تو اسے انسانوں کی پہنچ سے دور رکھنا ہوگا اور اس پر مسلسل نظر رکھنی ہوگی۔ انسانی تاریخ میں ایسی کوئی چیز نہیں رہی ہوگی جس سے بچنے کی اس سے زیادہ ضرورت رہی ہو۔

ری پروسیسنگ پلانٹ کے عام کام کے دوران تابکاری اور پھر فضلے کے پیدا ہونے کے علاوہ تمام عمارت اور ساز و سامان تابکاری سے آلودہ ہو جاتا ہے۔ ٹرومبے میں بھارت کا سب سے چھوٹا ری پروسیسنگ پلانٹ ہے۔ جب اس کی آلودگی کو صاف کرنے کی کوشش کی گئی تو اس سے ٹھوس کاٹھ کباڑ کے 300 ٹن، 80 ہزار لیٹر کا درمیانی درجے کا تابکار مائع فضلہ اور تقریباً 13 ملین لیٹر کم

درجے کا تابکار مائع فضلہ بنا[51]۔ اس علاقے میں کام کرنے والوں کو تابکاری کی جمع خوراک 30 فرد سیورٹ ملی۔ (یعنی کہ 1000 افراد سے یہ کام لیا گیا تو ہر فرد کو اوسطاً 30 ملی سیورٹ تابکاری ملی)۔ یہ بھی رپورٹ ملی کہ ان میں سے اکثر یومیہ مزدور تھے جن پر تابکاری کے اثر کی پیمائش نہیں کی گئی۔ اگر ان کو شامل کیا جاتا تو تابکاری کی جمع خوراک اور زیادہ نکلتی جو صحت کے لئے اور زیادہ مضر ہوتی۔

تابکاری کے باعث ری پروسیسنگ کا فضلہ حرارت خارج کرتا ہے اس لئے اسے سرد ٹینکوں میں رکھا جاتا ہے۔ اگر وہاں سرد رکھنے کا نظام کام نہ کرے تو حرارت بڑھتے بڑھتے دھماکے کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ اور ایسا ہو چکا ہے۔ 29 ستمبر 1957 کو سابقہ سوویت یونین کے شہر مایاک کے ری پروسیسنگ کارخانے میں زوردار دھماکہ ہوا جس کی قوت 70 اور 100 ٹن ٹی این ٹی کے پھٹنے کے برابر تھی۔ اس کارخانے میں 70 تا 80 ٹن انتہائی درجے کی تابکاری کا فضلہ رکھا ہوا تھا جس کی کل تابکاری 20 ملین کیوری کے برابر تھی[52]۔ اس میں جو بڑے بڑے عناصر ہیں ان میں سے ہر ایک کے ساتھ وابستہ تابکاری کی تفصیل جدول نمبر 4 میں دی گئی ہے۔

جدول نمبر 4

Table 4: Characteristics of Radioactivity Released in the 1957 Accident

Radionuclide	Contribution to Total Activity of Mixture %	Half Life	Radiation Emitted
Sr-90 + Y-90	5.4	28.6 y	Beta
Zr-95 + Nb-95	24.9	65 d	Beta, Gamma
Ru-106 + Rh-106	3.7	1 y	Beta, Gamma
Cs-137	0.036	30 y	Beta, Gamma
Ce-144 + Pr-144	66	284 d	Beta, Gamma

Source: B. V. Nikipelov et al., "Accident in the Southern Urals on 29 September 1957," International Atomic Energy Agency Information Circular, 28 May 1989; cited in Thomas B. Cochran, Robert S. Norris and Oleg A. Bukharin, *Making the Russian Bomb: From Stalin to Yeltsin* (Boulder: Westview Press, 1995), p. 111

تخمینہ ہے کہ اس تابکاری کی خوراک 6000 فرد سیورٹ تھی جس سے بہر حال 300 سے زائد اموات ہوئی ہوں گی۔ دھماکے سے اڑنے والا مواد 400 کلومیٹر لمبے اور 20 000 مربع

کلومیٹر کے علاقے پر برسا[53]۔

4.8۔ ایٹمی ہتھیاروں کی ساخت

ایٹمی ہتھیاروں کا مرکزی حصہ پلوٹونیم کا بنا ہوتا ہے۔ اسے تیار کرنے کے لیے کئی کیمیائی اور دھاتی عمل سے گزرنا پڑتا ہے۔ پلوٹونیم تو ہے ہی خطرناک، دیگر نقصان دہ کیمیائی مواد جیسے بیریلیم اور ہائیڈروفلورک ایسڈ کا بھی استعمال کرنا پڑتا ہے۔

اگر پلوٹونیم کے باریک ذرات 100 گرام کی مقدار میں سانس کے ذریعے پھیپھڑوں میں چلے جائیں تو ان سے ایک بالغ صحت مند شخص کے پھیپھڑے ایک منٹ میں جواب دے سکتے ہیں۔ اس سے کم مقدار سے جو عام طور پر پلوٹونیم کے مرکزی حصے بنانے کے دوران فضا میں پہنچتی ہے، سانس کے ذریعے جسم میں داخل ہونے پر پھیپھڑوں، ہڈیوں اور جگر کا سرطان ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ تخمینہ لگایا گیا ہے کہ ہر ملی گرام پلوٹونیم کو سانس کے ذریعے اندر لینے سے سرطان سے 3 سے 12 اموات ہو جائیں گی[54]۔ اس تخمینے میں یہ فرض کیا گیا ہے کہ پلوٹونیم آسانی سے حل نہیں ہوتا۔ اگر وہ کسی کیمیائی شکل میں ہو جو حل ہو جاتی ہو تو سرطان کی شرح 6 گنا بڑھ سکتی ہے۔

پلوٹونیم دھات آگ بھی بہت جلد پکڑتی ہے۔ امریکہ کے ایٹمی ہتھیاروں کے کارخانوں میں کئی مرتبہ آگ لگی، خاص طور پر راکی فلیٹس کے کارخانے میں[55]۔ خوش قسمتی سے ابھی تک پلوٹونیم کے باریک ذرات صرف 0.05 سے 0.07 فیصد تک بچے ہیں[56]۔ لیکن چونکہ ان کارخانوں میں پلوٹونیم کی بہت بڑی مقدار سے کام ہوتا ہے، اس لیے یہ چھوٹا تناسب بھی کافی بڑی مقدار بن جاتا ہے۔ اگر ایک کلوگرام پلوٹونیم تمام کا تمام باریک ذرات کے پاؤڈر کی شکل میں جنوبی ایشیا کے ایک گنجان آباد شہر پر بکھرے اور ہوا سے پھیلے تو اس سے پانچ ہزار سے بیس ہزار اموات ہو سکتی ہیں[57]۔

پلوٹونیم کے بم ساخت کرنے کے دوران حادثاتی طور پر زنجیری تعامل شروع ہونے کا خطرہ بھی رہتا ہے۔ امریکہ کے ایٹمی ہتھیاروں کے کارخانوں میں کم از کم آٹھ ایسے حادثات ہو چکے ہیں، اور جن سے تابکاری اتنی شدید پیدا ہوئی کہ کئی افراد تقریباً جل بھن گئے[58]۔

اس کے علاوہ ایک اور خطرہ یہ بھی ہے کہ بم کی ساخت کے دوران بارودی دھماکے کے لیے لگایا گیا کیمیائی مواد حادثاتی طور پر پھٹ سکتا ہے۔ یہ حادثہ کم از کم ایک مرتبہ امریکہ میں مارچ 1977 میں ہوا[59]۔

4.9۔ ایٹمی دھماکوں کے ٹیسٹ

ایٹم بم بنانے اور انہیں جنگ کے لیے تیار کرنے سے پہلے ان کے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔ 1945 سے تا دم تحریر بموں کے 2051 ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ ان میں سے 528 فضا میں، پانی میں، علاوہ ازیں کیے گئے اور باقی زیر زمین[60]۔ فضا میں کیے جانے والے ٹیسٹوں کے اثرات مقامی بھی ہیں اور عالمگیر بھی۔ مقامی اثرات یہ کہ ٹیسٹ کی جگہ بلکہ ہوا کے باعث اس سے سینکڑوں کلومیٹر دور تک کی آبادی کو بڑی مقدار میں تابکاری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سوویت یونین کے سائنسدان سخاروف نے پہلی مرتبہ حساب لگایا کہ ہر میگاٹن ہتھیار کے فضا میں تجربہ کرنے سے دس ہزار کے قریب اموات ہوتی ہیں یا جسمانی نقصان پہنچتا ہے[61]۔ یہ اموات مادہ کاربن 14 کو سانس کے ذریعے جسم میں لے جانے سے (جس کی نصف حیات 5730 سال ہے) فوری نہیں بلکہ ہزاروں سال تک ہوتی رہیں گی۔

چونکہ امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین نے کل مل کر 545 میگاٹن کے تجربات فضا میں کیے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ آئندہ چند ہزار سالوں میں ان تجربات کے باعث 5 ملین لوگ سرطان سے موت کا شکار ہوں گے۔

زیر زمین تجربات سے دو ماحولیاتی خطرات وابستہ ہیں۔ دونوں کا تعلق ایٹمی دھماکے کے بعد بچ جانے والے تابکار مادے سے متعلق ہے۔ پہلا یہ کہ تابکاری فضا میں نکل آئے اور دوسرا یہ کہ تابکاری زیر زمین پانی کو متاثر کرے۔

4.10۔ فضا میں بکھراؤ

کئی زیر زمین ایٹمی تجربات پھٹ کر زمین سے باہر آ گئے یعنی خراب ڈیزائن کے باعث تمام تابکار مواد زیر زمین نہیں رہا۔ اور اتفاق سے پیدا ہونے والے تابکار عنصر فضا میں بکھر گئے۔ بعض میں یہ مواد دیر سے باہر آیا اور آہستہ آہستہ گھنٹوں اور دنوں میں بکھرتا گیا۔ بعض اوقات ٹیسٹ کے بعد کی جانے والی کارروائیوں سے بھی تابکاری فضا میں بکھر جاتی ہے۔ امریکہ کا تجربہ بتاتا ہے کہ 1963 کے بعد صحرائے نیواڈا میں کیے جانے والے زیر زمین تجربات میں سے آدھے سے زیادہ ایسے تھے کہ جن سے تابکاری سطح زمین سے اوپر آ گئی اور فضا میں بکھر گئی[62]۔ اسی طرح

سابق سوویت یونین میں نوویا زملیا میں زیرِ زمین تجربات میں سے 60 فیصد کی تابکاری فضا میں پھیل گئی۔[63] جہاں یہ بات درست ہے کہ بکھرنے والی تابکاری کی مقدار کم تھی، وہاں کم از کم یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ زیرِ زمین تجربات سے تابکاری فضا میں پھیل سکتی ہے۔ جدول نمبر 6 میں ان امریکی تجربات کی نشاندہی کی گئی ہے جن سے بڑی مقدار میں تابکاری فضا میں پھیل گئی تھی۔

جدول نمبر 6

Table 6: Significant Incidents of Venting

Year	Test name	Amount of Radioactivity vented (12 hours after explosion)
1962	Platte	1.9 million curies
1962	Eel	[illegible].9 million curies
1962	Des Moines	1[illegible] million curies
1970	Baneberry	6.7 million curies

Source: Office of Technology Assessment, U.S. Congress, *The Containment of Underground Nuclear Explosions* (Washington, DC: OTA, 1989).

ڈی اے ای کے پبلک بیانات میں کہا گیا کہ پوکھران میں کی گئی زیرِ زمین تجربے سے تابکاری فضا میں نہیں پھیلی۔ تاہم تجربے کے مقام کے قرب و جوار کے دیہات کے مکینوں نے 1974 اور 1998 میں مختلف بیماریوں کے پھیلنے کی شکایت کی۔ خاص طور پر وہ کیس جن میں ناک سے خون بہنے اور آنکھوں میں جلن کی شکایات سامنے آئیں۔ ان کا تعلق براہِ راست تابکاری کے فضا میں پھیلنے سے ہو سکتا ہے۔[64] ایک تفصیلی اور غیر جانبدار تفتیش کے بغیر ان رپورٹوں کی صداقت کا تعین کرنا مشکل ہوگا۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ تجربے سے پہلے یہ بتانا کہ تابکاری فضا میں پھیلے گی یا نہیں، مشکل ہے۔ کئی سو تجربات کے بعد امریکہ نے ایک فارمولا بنایا ہے جو بتاتا ہے کہ کتنی قوت کا دھماکہ کتنی گہرائی میں کیا جائے تو تابکاری باہر سطح پر نہیں آئے گی۔ اس میں کم سے کم گہرائی 185 میٹر بنتی ہے۔ ایک 10 کلوٹن کا دھماکہ کرنے کے لئے یہ 280 میٹر، اس سے زیادہ گہرائی میں بنتا ہوگا۔[65] اس تخمینے کے حساب سے بھارت کے 11 مئی 1998 کے تجربے کو دیکھا جائے جس کے بارے میں کہا گیا کہ وہ 200 سے 300 میٹر کی گہرائی میں کیا گیا اور یہ کہ ان میں سب سے بڑا دھماکہ 46 کلوٹن کا تھا تو کوئی تعجب کی بات نہیں کہ تابکاری باہر نکل آئی ہو۔ امریکہ کا بین بیری کا

1970 کا تجربہ صرف 10 کلوٹن طاقت کا تھا اور 275 میٹر کی گہرائی میں کیا گیا تھا، لیکن اس کی تابکاری زمین سے اوپر آ گئی تھی۔[66] چنانچہ گرچہ اندازہ کی یہ جائے کہ پوکھران کے تجربے سے تابکاری باہر نہیں نکلی، تب بھی یہ ماننا پڑے گا کہ ایسا کچھ ہونے کا خطرہ بہت زیادہ تھا۔

1 . 4 . زیرِ زمین پانی میں اخراج

زیرِ زمین تجربات سے سطحِ زمین سے باہر آنے والی تابکاری بہت کم مدت کے لئے موثر رہتی ہے اور پچھ میں اتنی ہی ہوتی ہے جتنی کہ سطحِ زمین سے اوپر کیے جانے والے تجربات کی تابکاری۔ زیرِ زمین تجربات کے طویل المیعاد اثرات ان تابکار مواد سے ہوتے ہیں جن کی نصف حیات طویل ہوتی ہے، جو زمین کے اندر ہی رہ جاتا ہے اور پھر زیرِ زمین پانی اور خوراک میں شامل ہو جاتا ہے۔ اس خدشے کا اندازہ جدول نمبر 7 میں دیے گئے حقائق سے ہوتا ہے جو مختلف ممالک کے زیرِ زمین تجربات سے طویل نصف حیات والے عناصر کی مقدار بتاتے ہیں۔

جدول نمبر 7

Table 7: Approximate Underground Radioactivity Estimates, as of 1999 (in Curies)

Country	Strontium-90	Cesium-137	Plutonium-239	Main Locations
USA	2.2 million	3.5 million	22250	Nevada Test Site
USSR	.8 million	2.9 million	74400	Kazakh Test Site & Novaya Zemlya
UK	UK carried out all of its underground testing in Nevada and these estimates have been included in the U.S. totals			
France	50,000	240,000	24000	In Ekker, Moruroa, Fangataufa
China	94,000	117,000	3300	Lop Nor
India	6300	10,000	900	Pokharan
Pakistan	3400	5500	900	Chagai
Total	1.3 million	6.9 million	226,000	(Totals rounded off)

Source: M. V. Ramana, "Underground Tests, Ravaging Nature," *The Hindu Survey of the Environment* June 1999

تجربات کرنے والے سائنسدان ایک طویل عرصے تک کہتے رہے کہ چونکہ تجربے کے بعد بنے

والے مادے کے اندر تمام تابکاری قید ہو جاتی ہے اس لئے اس کے باہر نقصان پہنچنے کا امکان صفر ہے۔ خاص طور پر یہ کہا جاتا تھا کہ دفن شدہ تابکاری میں چونکہ پلوٹونیم پانی میں حل پذیر نہیں ہے لہٰذا اس سے کسی نقصان کی توقع نہیں(69)۔

لیکن ایک حالیہ مطالعے سے معلوم ہوا کہ نیواڈا میں تجربات سے پلوٹونیم باہر نکلی اور پانی میں تیرتے ہوئے ذرات کے ساتھ چپک کر ایک میل دور تک پہنچ گئی(70)۔ اس طریقے سے پلوٹونیم کے پھیلنے کی رفتار وہی تھی جو زیرِ زمین پانی کے بہنے کی، یعنی سال میں چند سو میٹر۔ گو کہ یہ رفتار بہت زیادہ نہیں لیکن اگر پلوٹونیم کی طویل حیات کو نظر میں رکھا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ اس طریقے سے پلوٹونیم کی خاصی بڑی مقدار زیرِ زمین پانی میں شامل ہو کر پھیل سکتی ہے۔

یہ بھی قابلِ غور ہے کہ پلوٹونیم کے علاوہ ٹریشیم بھی زیرِ زمین پانی کو تابکاری سے آلودہ کرتی ہے(71)۔ ہائیڈروجن کے ہم جا ٹریشیم کی نصف حیات 12 سال ہے اور یہ تابکاری خارج کرتا ہے۔ چونکہ اس کے کیمیائی خواص ہائیڈروجن کی طرح ہوتے ہیں اس لئے پانی کے ہائیڈروجن کی جگہ لے کر ٹریشیم کا بھاری پانی تشکیل دیتا ہے، جو بہت جلد نباتات، حیوانات اور انسانوں میں جذب ہو جاتا ہے۔ اگر ٹریشیم کے بھاری پانی کی بھاپ سانس کے ذریعے جسم میں جائے یا جلد میں جذب ہو یا خوراک کے ذریعے جسم میں جائے تو اس کی تابکاری تمام تر جسم میں جذب ہو جاتی ہے۔ یہ تابکاری خون کے ذریعے جسم میں پھیل کر بنیادی خلیوں کے مائع کے ساتھ 2 منٹ کے اندر اندر گھل مل جاتی ہے۔ چونکہ ٹریشیم کا پانی آنول سے گزر جاتا ہے اس لئے حاملہ عورتوں پر اثر انداز ہو کر بچوں میں ذہنی پسماندگی اور دوسری کمزوریاں پیدا کرتا ہے۔

اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ تابکاری سے آلودگی کم ہے اور اس کے پھیلنے کی رفتار بھی کم ہے، تب بھی یہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ چوکھر ان جیسے ریگستان میں جہاں پانی کی شدید قلت رہتی ہے پانی ایک بیش قیمت شے ہے۔ چند کنوؤں کو آلودہ کر دینا وہاں کے باشندوں پر مصیبت کے دروازے کھول دے گا۔

12-4۔ حرفِ آخر

رودری برٹل نے بہت مناسب کہا تھا کہ "اگر ہم اپنی صحت کا خیال اسی طرح کرنا چاہتے

ہیں جس طرح ہم اپنی کمائی کا خیال کرتے ہیں تو ایٹمی سرگرمیوں پر، چاہے وہ پرامن مقاصد کے لئے ہوں یا جنگ کے لئے، فوراً پابندی لگا دی جانی چاہئے"(72)۔

بدقسمتی سے عوامی صحت کا خیال رکھنا معاشرتی ترجیح نہیں ہے، کیونکہ جن کا بینک بیلنس پھولا ہوا ہے انہیں ترقی، قومی سلامتی، وقار وغیرہ کی خاطر دیے لوگوں کی قربانی سے دریغ نہیں جن کا کوئی بینک بیلنس نہیں۔

ایٹمی ہتھیاروں کا اثر صرف جنگ کی صورت میں ہی انسانوں اور ماحول پر نہیں ہوتا۔ ایٹمی ہتھیار بنانے اور ان کے تجربات کرنے کے ہر قدم پر یہی کچھ ہوتا ہے۔ ایسے ہی نقصان دہ اثرات ایٹمی توانائی پیدا کرنے سے بھی ہوتے ہیں۔ جن لوگوں کو یہ تکلیف اٹھانی پڑتی ہے وہ تو پہلے ہی بے بس ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان کے لئے، اور باقی سب کے لئے بھی، ایٹمی ہتھیار ایک مستقل خطرہ ہیں۔

5

میزائل حملوں سے بروقت تنبیہ*

پیشگی خبردار کرنے کے نظام کی محدود افادیت

آر راجا رامن، ایم وی رمنا، ضیا میاں

1998ء میں ایٹمی تجربات کے بعد سے بھارت اور پاکستان دونوں ہی اپنے اپنے ایٹمی اسلحے کے نظام تیار کرنے میں مصروف ہیں، جن میں ایٹمی ہتھیاروں کی ترسیل اور کمانڈ اینڈ کنٹرول کے نظام بھی شامل ہیں۔ 1999ء میں بھارت نے جو ایٹمی نظریہ (ڈاکٹرائن) وضع کیا تھا، اس میں ایسے جاسوسی اور بروقت تنبیہ (جلد ہوشیار کرنے) کے موثر نظام قائم کرنے کی تجویز دی گئی تھی، جو خطرات سے فوراً خبردار کرنے کے لئے مواصلات کے خلائی اور دیگر طریقوں کو استعمال کرے۔[1] یہاں 'بروقت تنبیہ' کا مطلب دشمن کی جانب سے چلائے گئے مہلک میزائل کے داغے جانے کا بروقت پتہ چلانا ہے تاکہ اس سے نمٹنے کیلئے مناسب وقت مل سکے۔

بروقت تنبیہ کا تصور سرد جنگ کے زمانے میں سوویت یونین اور امریکہ کے مابین ایٹمی محاذ آرائی کی یادگار ہے۔ دونوں ممالک نے منصوبہ بندی کر رکھی تھی کہ اگر کسی میزائل کے اپنی طرف بڑھنے کا اشارہ ملے تو وہ ایٹمی اسلحے سے لیس میزائل چلا دیں گے۔ انگریزی میں اسے launch on warning کہا جاتا ہے۔ میزائل کو جلد داغ دینے کا مقصد اپنے میزائلوں کو دشمن کا نشانہ بننے سے

بچانا اور ایٹمی جنگ کی صورت میں لیڈرشپ کو تحفظ فراہم کرنا تھا۔ اس طریقے کو "استعمال کرو ورنہ گنوا دو" کا نام دیا گیا تھا۔ یہ عام طور پر تسلیم کیا جاتا تھا کہ یہ طرز عمل غیر ارادی ایٹمی جنگ چھڑنے کا باعث ہو سکتا ہے۔ زیر نظر مضمون میں ہم دلیل دیں گے کہ جنوبی ایشیا میں ایسا طرز عمل اور بھی زیادہ خطرات کا حامل ہے۔ ہم یہاں اس بات پر بحث نہیں کریں گے کہ اینٹی بیلسٹک میزائل Anti-Ballistic Missile سسٹم کی ضرورت یا افادیت کتنی ہے بلکہ ہم اس بات پر توجہ مرکوز رکھیں گے کہ خطرے کی گھنٹی بجتے ہی میزائل داغ دینے میں تیزی سے خبردار کرنے کا نظام کتنا مفید یا موثر ثابت ہو سکتا ہے؟

یہ مضمون جنوبی ایشیا میں جوہری ہتھیاروں کے استعمال کے بارے میں بروقت تنبیہ کے نظام کی کامیابی کے بارے میں 2002ء-2003ء میں کی گئی تکنیکی تحقیق پر مبنی ہے۔[2] اس تحقیق میں تیزی سے خبردار کرنے کے نظام کے حصوں کا جائزہ لیا گیا ہے اور ان کی ذمہ داری کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ وہ قارئین جو اس معاملہ کی تکنیکی تفصیلات جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں سائنس اینڈ گلوبل سیکیورٹی جلد 11 شمارہ 2-3، 2003ء کا تفصیلی مطالعہ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔[3] اس باب میں ہم اس تحقیق کے اہم نتائج کا ذکر کریں گے اور تکنیکی تفصیلات جن سے یہ نتائج اخذ کئے گئے ان کی تفصیل میں نہیں جائیں گے۔ اس مطالعے سے جو بصیرت حاصل ہوئی ہے استعمال میں لاتے ہوئے ہم پالیسی کے حوالے سے کچھ نتائج بھی اخذ کریں گے، جو جنوبی ایشیا میں بروقت تنبیہ کے نظام کے قابل عمل ہونے کے بارے میں ہوں گے۔[4]

اس باب میں یہ بھی غور کیا جائیگا کہ ایک ملک کی جانب سے میزائل داغنے اور دوسرے ملک کی جانب سے اس پر ردعمل ظاہر کرنے کے درمیان وقفے میں کیا کچھ ہو سکتا ہے۔ اس کا آغاز اس بیان سے ہوگا کہ ایک مہلک میزائل کس طرح کام کرتا ہے اور یہ کہ اسے پاکستان اور بھارت میں مختلف جگہوں تک پرواز کیلئے کتنا وقت درکار ہوگا۔ اس کے بعد ہم بروقت تنبیہ کے لئے استعمال ہونے والے ریڈاروں اور مصنوعی سیاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے اور یہ اندازہ لگائیں گے کہ میزائل کے بارے میں خبردار کرنے کے لئے کتنا وقت دستیاب ہوگا۔ اور آخر میں ہم یہ تجزیہ کریں گے کہ اس دستیاب وقت میں کیا کچھ کیا جا سکتا ہے۔ اس تجزیے کے لئے ہم ان طریقوں کو نمونہ بنائیں گے جو امریکہ اور سوویت یونین نے خطرے کی گھنٹی پر ردعمل ظاہر

کرنے کیلئے استعمال کئے تھے۔

5.1۔ بیلسٹک میزائل چلانے کی تیاری

بیلسٹک میزائل کی پرواز تین حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے۔ پہلے حصے کو بوسٹ فیز (boost phase) کہا جاتا ہے۔ جس میں راکٹ کو جلتے ہوئے ایندھن سے دھکیلنے کیلئے طاقت فراہم کی جاتی ہے۔ جب سارا ایندھن جل چکتا ہے تو ایندھن کی ٹنکیاں میزائل سے الگ ہو کر گر جاتی ہیں۔ یہ کام پرتھوی اور سکڈ (scud) جیسے کم فاصلے والے میزائلوں کیلئے 30 کلومیٹر کی بلندی پر ہوتا ہے۔ جبکہ اگنی جیسے دوسرے میزائل کیلئے 100 کلومیٹر کی بلندی پر ہوتا ہے۔ اس مقام سے آگے میزائل کا بقیہ حصہ جو صرف اوپر کی مخروطی (nose cone) پر مشتمل ہوتا ہے، زمین کی کشش ثقل میں اپنی قوت حرکت (momentum) کے تحت آگے بڑھتے ہوئے خلا میں داخل ہوتا ہے اور ایک قوس کی شکل میں اپنے ہدف کی طرف رواں ہوتا ہے۔ زمین کی فضا میں دوبارہ داخل ہونے سے پہلے پرواز کے اس دور کو بیلسٹک فیز (ballistic phase) کہا جاتا ہے۔ آخر میں مخروطی حصہ جس میں بم رکھا ہوتا ہے واپس زمین کی طرف گرتے ہوئے فضا میں داخل ہوتا ہے۔ اس آخری مرحلے کو ری انٹری فیز (re-entry phase) یعنی دوبارہ داخلے کا مرحلہ کہا جاتا ہے۔ جس کے دوران ہوا کی مزاحمت کے باعث میزائل کی حرکت پیچیدہ ہو جاتی ہے۔

تینوں مرحلوں کے دوران اس کی پرواز کے رستے کا حساب ہوا کی مزاحمت کے ساتھ دقیق کمپیوٹر پروگرامنگ کے ذریعے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ تاہم معقول اندازوں کو شامل کر کے سادہ فارمولے سے بھی میزائل کی پرواز کا دورانیہ اندازاً معلوم کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی پتہ چلایا جا سکتا ہے کہ مختلف مرحلوں پر میزائل کی رفتار کیا ہوگی؟ بیلسٹک فیز میزائل کی پرواز کے دوران سب سے زیادہ وقت لیتا ہے اور اس وقت کا بالکل درست تخمینہ لگانا آسان ہے کیونکہ اس مرحلے پر انجن کی طاقت اور ہوا کی مزاحمت جیسی پیچیدگیاں شامل نہیں ہوتی ہیں۔ بیلسٹک فیز کا وقت ٹھیک ٹھیک معلوم کرنے کے بعد ہم بوسٹ اور ری انٹری مراحل کیلئے ایک ایک منٹ کا اضافہ کریں گے، تاکہ میزائل کی پرواز کے کل دورانیے کا پتہ چلایا جا سکے۔ ہمارا یہ حساب منٹوں کی حد تک ٹھیک ہوگا جو سٹریٹجک اور پالیسی کے فیصلوں کے لئے بالکل مناسب ہوگا۔

ہم نے جنوبی ایشیا میں ایسے مختلف مقامات جہاں سے ممکنہ طور پر میزائل داغے جا سکیں گے اور ایسے ممکنہ مقامات جو میزائلوں سے نشانہ بنائے جا سکیں گے، ان کے درمیان میزائلوں کی پرواز کے وقت کا اندازہ لگایا ہے۔ اس میں میزائل داغنے کے مقامات کے طور پر مختلف فوجی اور فضائی اڈوں کو لیا گیا ہے۔ اور اہداف کے طور پر کمانڈ سینٹرز، بڑے شہر اور دارالحکومتوں کو رکھا ہے۔ مثال کے طور پر کراچی کے نزدیک موجود بیس سے بھارتی علاقے کے جنوبی سرے تھیرووننتھاپورم (Thiruvananthapuram) کیلئے میزائل داغا جا سکتا ہے، آگرہ سے کراچی کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے اور سرگودھا سے نئی دہلی کی طرف میزائل چھوڑا جا سکتا ہے۔

میزائل عام طور پر ایسے راستے پر اڑائے جاتے ہیں، جس سے وہ زیادہ سے زیادہ دور تک پہنچ سکیں۔ تاہم یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی بڑا طاقتور اور بڑے فاصلے والا میزائل کسی قریبی ہدف کو نشانہ بنانے کیلئے چلا دیا جائے، اور وہ ایک چھوٹی قوس پر پرواز کرتے ہوئے میزائل کی پرواز کے وقت کو کم کر دے۔ مثال کے طور پر پاکستان کے غوری اور بھارت کے اگنی میزائل جو 1000 کلومیٹر سے زیادہ فاصلے تک مار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، 500 سے 600 کلومیٹر کے فاصلے پر کسی ہدف کو نشانہ بنانے کیلئے بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ طویل فاصلے تک مار کرنے والا میزائل جب چھوٹی قوس پر پرواز کرتا ہوا اپنے ہدف کو نشانہ بناتا ہے تو اس کی پرواز کا دورانیہ کم فاصلے تک مار کرنے والے میزائل کی نسبت کافی کم ہو جاتا ہے۔ (اس کی وجہ دور مار میزائل کی زیادہ رفتار ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے کہ مضبوط بازوؤں والے کھلاڑی کو کرکٹ کی گیند کو باؤنڈری سے پھینکنے کے لئے اونچا نہیں پھینکنا پڑتا اور اس کی گیند جلدی وکٹ تک پہنچ جاتی ہے) اس طرح یہ بروقت تنبیہ کرنے والے نظام کیلئے ایک بڑا چیلنج ثابت ہوتا ہے۔ ذیل میں ایک جدول دیا گیا ہے جس میں میزائل کی پرواز کی چند عام مثالوں سے پرواز کے دورانیے کا تخمینہ بتایا گیا ہے۔ ساتھ ہی موازنے کے لئے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اگر دور مار میزائل سے قریبی ہدف کو نشانہ بنایا جائے تو دورانیہ کتنا رہ جائے گا۔

جدول 1 جنوبی ایشیا میں میزائلوں کی پرواز کا اندازاً دورانیہ

میزائل داغنے کا مقام	ہدف	فاصلہ	اڑان کا دورانیہ
کراچی کے قریب واقع بیز میں	تھیرو واننتا پورم	2000 کلومیٹر	13 منٹ
سرگودھا ایئربیس	ممبئی	1470 کلومیٹر	11 منٹ
آگرہ ایئربیس	کراچی	1128 کلومیٹر	10 منٹ
آگرہ ایئربیس	لاہور	608 کلومیٹر	8 منٹ
سرگودھا ایئربیس	نئی دہلی	581 کلومیٹر	8 منٹ
طویل مار والے میزائل سے قریبی ہدف کو نشانہ بنانے کیلئے	------	600 کلومیٹر	5 منٹ

اگر کوئی میزائل معمول کے مطابق کام کرے تو 1000 سے 2000 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے کیلئے اسے 10 سے 13 منٹ درکار ہوں گے۔ اور اگر میزائل کو آگرہ سے لاہور یا سرگودھا سے نئی دہلی تک کا تقریباً 600 کلومیٹر کا نسبتاً کم فاصلہ طے کرنا ہو تو معمول کی پرواز میں اسے 8 منٹ درکار ہوں گے۔ لیکن جب طویل مار والے میزائل کو چھوٹی قوس پر سفر کرنا پڑے تو یہ 600 کلومیٹر کا فاصلہ صرف پانچ منٹ میں طے کر سکے گا۔ موازنے کیلئے یہ بتاتے چلیں کہ بھی وہ مفق نقطہ ہیں کہ امریکہ اور سوویت یونین کے بین البراعظمی میزائل ایک دوسرے کے شہروں کو نشانہ بنانے کی صلاحیت کے حامل تھے۔ جن کی پرواز کا دورانیہ 30 منٹ سے بھی زیادہ تھا۔ ہم نے اس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ اگر زمین کی گردش جیسے اثرات کو بھی حساب میں شامل کیا جائے تب بھی اڑان کے دورانیہ میں محض چند فیصد تبدیلی ہوتی ہے۔

5.2 ۔ ریڈاروں کے ذریعے وارننگ

دنیا بھر میں کافی بڑی تعداد میں ایسے ریڈار سسٹم موجود ہیں جو کسی اچانک حملے سے خبردار کرنے کیلئے استعمال ہو رہے ہیں یا اینٹی بیلسٹک میزائل سسٹم کے حصے کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں دو مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ ایک بڑا پاور سسٹم PAVE PAWS (PAVE Phased Array Warning System) کی طرز کا جو روس کے بین البراعظمی میزائلوں (ICBM) سے

امریکہ کو خبردار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور دوسرے پیٹریاٹ (Patriot) جیسے سسٹم جنہیں 1991ء کی جنگ خلیج میں عراقی سکڈ میزائلوں کی نشاندہی کرنے اور انہیں مار گرانے کے لئے استعمال کیا گیا۔

ریڈار دراصل ایک ایسا آلہ ہے جو برقی مقناطیسی (Electromagnetic) لہریں خارج کرتا ہے جو کچھ فاصلے پر موجود ہدف سے ٹکراتی ہیں اور پھر ان میں سے کچھ وہاں سے ٹکرا کر واپس ریڈار کی طرف منعکس ہو جاتی ہیں۔ ان منعکس ہونے والی لہروں سے اس ہدف کی رفتار اور جگہ کے بارے میں ٹھیک ٹھیک اندازہ لگایا جاتا ہے۔ ہدف کا ریڈار سے فاصلہ جتنا زیادہ ہو گا اس سے منعکس ہو کر آنے والے اشاروں کی شدت اتنی ہی کم پڑتی جاتی ہے۔ چنانچہ ایک خاص فاصلے سے آگے سے منعکس ہو کر ریڈار کو موصول ہونے والی لہروں سے ہدف کی شناخت ممکن نہیں رہتی کیونکہ اشارے پس منظر میں بے ہنگم لہروں کے شور میں دب جاتا ہے۔ تاہم اس سادہ سی چیز کا انحصار اس بات پر ہے کہ اس ہدف کا حجم اور شکل کیا ہے اور یہ کہ وہ ہدف کس مادے سے بنا ہوا ہے۔ جب کوئی ہدف زیادہ فاصلے پر ہو تو پھر کوئی ریڈار واضح طور پر اس کی شناخت اور نشاندہی سے قاصر ہوتا ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ ریڈار اشارے وصول کرے ضروری ہے کہ اشارے پس منظر شور سے کئی گنا زیادہ طاقت والے ہوں۔ بہترین نتائج کے لئے دو متضاد ضرورتوں کے درمیان توازن پیدا کرنا پڑتا ہے۔ ہر طرح کے ہدف کا پتہ لگانے کے لئے ریڈار کو خفیف سے خفیف اشارہ پکڑنے کے قابل ہونا چاہئے۔ لیکن دوسری طرف ریڈار کو اشارے اور پس منظر شور کے درمیان تفریق کرنے کے قابل بھی ہونا چاہئے۔ ایک بار جب اشارے اور شور کے درمیان نسبت قائم کر دی جاتی ہے، تو پھر ریڈار کی خصوصیت سے تعین ہوتا ہے کہ کوئی خاص ہدف کتنے فاصلے سے پہچانا جائے گا۔ اس فاصلے کو ریڈار کی رینج کہا جاتا ہے۔ یہاں یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اس رینج کا انحصار ہدف کی خصوصیت پر ہوتا ہے اور اس بات پر بھی کہ ہدف ریڈار کی سمت کس رخ پر ہے۔

ریڈاروں کے ذریعے میزائلوں کی تلاش یا نشاندہی کوئی سیدھا سادہ یا مکمل طور پر قابل بھروسہ عمل نہیں ہے۔ انہیں بہت سے غلط، غیر ضروری اور ناقابل توقع اشاروں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثال کے طور پر پرندوں کی ایک ڈار ریڈار پر کوئی شبیہہ بنا سکتی ہے۔ بادل اور بارش بھی

ریڈار کی کارکردگی کو متاثر کر سکتے ہیں تاہم اس کا انحصار ریڈار کے طول موج (wavelength) پر ہوتا ہے۔ 2003ء میں عراق کے خلاف امریکی جنگ کے دوران دشمن کے میزائلوں کا پتہ چلانے کیلئے جدید ترین پیٹریاٹ (Patriot) نظام استعمال کیا گیا۔ لیکن اس نظام پر بھی غلط اشارے آتے رہے۔[5]

جنوبی ایشیاء میں کسی خطرے کے بارے میں پیشگی خبردار کرنا کتنا ممکن ہے۔ اس بات کا اندازہ لگانے کے لئے ہمیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اس مقصد کے لئے کس طرح کے ریڈار استعمال ہونے کا امکان ہے۔ بھارت کے میزائل دفاعی نظام میں گرین پائن (Green Pine) اور سورڈ فش (Swordfish) ریڈار کے جدید ماڈل موجود ہیں۔[6] ان دونوں ریڈاروں کی خصوصیات ہمیں تفصیل سے دستیاب نہیں ہیں۔ بعض ریڈاروں کے دیگر نظاموں جیسے پیوپاز اور پیٹریاٹ کے بارے میں دستیاب معلومات کی مدد سے گرین پائن اور سورڈ فش کی خصوصیت کے بارے میں مطلوبہ اندازے قائم کئے جا سکتے ہیں۔

اس فاصلے کا حساب کہ ریڈار کس حد تک میزائل کا پتہ چلا سکتا ہے، انحصار اس بات پر ہے کہ میزائل کی سامنے والی سطح کا کتنا حصہ ریڈار سے نکلتی شعاعوں کی زد میں آتا ہے جس کا انحصار دو چیزوں پر ہے کہ اس وقت میزائل پرواز کے کس مرحلے پر ہے، اور اس کا جھکاؤ کس زاویے پر ہے۔ اگر میزائل اپنی پرواز کے ابتدائی (بوسٹ) مرحلے میں ہے، تب ممکن ہے کہ میزائل کا پیندا ریڈار کی شعاعوں کو منعکس کر دے اور پورے کا پورا میزائل ریڈار پر ظاہر ہو جائے۔ اس مرحلے پر میزائل کا تقریباً سو مربع میٹر حصہ ریڈار کے سامنے ہوگا۔ ہمارا حساب بتاتا ہے کہ ایسی صورتحال میں گرین پائن کی نوعیت کے ریڈار شاید 2000 کلومیٹر کے فاصلے پر بھی میزائل کا پتہ چلا لیں۔

جب میزائل فضا میں بلند ہوتا ہے تو تھوڑا سا افقی سمت میں جھک جاتا ہے۔ اس حالت میں اس کی تمام سطح ریڈار کی جانب ہوتی ہے۔ جب میزائل کا ایندھن پورا جل چکتا ہے اور راکٹ کا انجن میزائل سے الگ ہو جاتا ہے، اس وقت میزائل کو تلاش کرنا زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ اس صورت میں ریڈار کی رینج 700 کلومیٹر تک محدود ہو جاتی ہے۔ جب ایٹمی ہتھیار میزائل سے الگ ہو جاتا ہے اور ریڈار کی جانب سامنے کا رخ پرواز کرتا ہے۔ اس وقت اس کی شناخت کی رینج اور بھی کم ہو کر

200 کلومیٹر تک رہ جاتی ہے، کیونکہ اس وقت اس ہتھیار کی سامنے کی سطح کا صرف 0.01 مربع میٹر ریڈار کے سامنے ہوتا ہے۔

ایک اور اہم چیز جس کا ذکر ضروری ہے کہ زمین کی گولائی کی وجہ سے کوئی ریڈار کسی بھی چیز کی شناخت نہیں کر سکتا جو اس کے افق سے نیچے واقع ہو۔ چنانچہ زمین پر قائم کیا گیا کوئی ریڈار سینکڑوں میل دور کسی میزائل لانچر سے اٹھتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا اور اسے میزائل کا کھوج لگانے کیلئے اس کے زمین سے فضا میں بلند ہونے کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔ علاوہ ازیں زمین پر موجود اشیاء سے منعکس ہونے والی شعاعوں وغیرہ سے بچنے کیلئے ریڈار ایک خاص زاویے سے نیچے کی چیزوں کی پڑتال نہیں کر سکتا۔ مثال کے طور پر پیوپاز ریڈار کی شعاعیں افق کے ساتھ تین درجے سے نیچے نہیں جا سکتیں۔[7] چنانچہ اگر ریڈار میزائل سے 300 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے تب وہ صرف ان میزائلوں کو شناخت کر سکے گا جو 20 کلومیٹر یا اس سے زیادہ کی بلندی پر ہوں۔

ان تمام عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے اب ہم ایک مفروضی کیس کا مطالعہ کرتے ہیں کہ سرگودھا کے نواحی علاقے سے ایک میزائل نئی دہلی کی جانب داغا جاتا ہے۔ اس مفروضی کیس کا مقصد یہ اندازہ لگانا ہے کہ جب چھوٹی قوس یا چھوٹے حد پرواز پر کوئی میزائل داغا جائے تو حالات کے مطابق اسے پرکھا ہوا کوئی ریڈار سے تلاش کر پائے گا یا نہیں۔ ہمارا حساب بتاتا ہے کہ ریڈار اگر اس میزائل کو بہت جلدی بھی تلاش کر لے تو وہ میزائل چلائے جانے کے 87 سیکنڈ بعد ہی کر سکے گا لیکن اس وقت تک میزائل اپنے ہدف تک کے کل فاصلے کا ایک تہائی طے کر چکا ہوگا۔

اگر ایک میزائل کو داغے جانے کی فوری بعد دیکھ بھی لیا جائے تو ضروری نہیں کہ اسے حملہ آور میزائل سمجھ لیا جائے کیونکہ مدت سے دونوں ملک میزائل کے تجربات کرتے رہتے ہیں۔ اس کی پرواز کا کچھ دیر تک مشاہدہ کرنے کے بعد اور اس کے راستے کا تعین کر کے ہی معلوم ہو سکتا ہے میزائل حملے کی نیت سے آ رہا ہے یا نہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اس کام میں کم از کم بیس سیکنڈ کا وقت درکار ہوگا۔

اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ گرین پائن جیسا ریڈار نظام بالکل صحیح شناخت اور درست وارننگ میزائل چلائے جانے کے 110 سیکنڈ بعد ہی پیش کر سکتا ہے۔ فرض کریں کہ 600 کلومیٹر کے فاصلے کو چھوٹے حد پرواز پر پرواز کرتے ہوئے میزائل کو اپنے ہدف تک پہنچنے کیلئے 300 سیکنڈ بھی

5 منٹ درکار ہیں، تو 110 سیکنڈ تو اس کا پتہ چلنے میں لگ جائیں گے اور اس پر عمل ظاہر کرنے کیلئے صرف 200 سیکنڈ یعنی تین منٹ سے کچھ ہی زیادہ وقت باقی بچتا ہے۔

5.3 مصنوعی سیاروں کے ذریعے پیشگی خبردار کرنے کا نظام

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ بھارت نے مصنوعی سیاروں پر مبنی پیشگی تنبیہ کا نظام قائم کرنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ اگرچہ بھارت کو مصنوعی سیارے خلا میں بھیجنے کا تجربہ حاصل ہے، اس کے باوجود پیشگی تنبیہ کے نظام میں مصنوعی سیاروں کے استعمال کے حوالے سے اگر اس کی کوئی منصوبہ بندی ہے تو اس کو ابتدائی نوعیت کا ہی تصور کیا جانا چاہئے۔ امریکہ اور روس ایک دوسرے کے میزائلوں سے خبردار رہنے کیلئے پیشگی تنبیہ کے جو نظام استعمال کرتے رہے ہیں مصنوعی سیارے اس کا حصہ تھے۔ مگر اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ پیشگی خبردار کرنے کا کوئی سیٹلائٹ نظام رہا ہے[8]۔

امریکہ کے ڈیفنس سپورٹ پروگرام (ڈی ایس پی) کے مصنوعی سیارے دشمن یا دوسروں کے علاقے سے خارج ہونے والی حرارت کے پس منظر میں میزائل سے نکلنے والے شعلے کی حرارت کو شناخت کرتے ہیں[8]۔ یہ مصنوعی سیارے 36000 کلومیٹر کی بلندی پر ایک ایسے مدار میں گردش کرتے ہیں کہ یہ ہر وقت زمین کے ایک ہی مقام کے اوپر رہتے ہیں۔ اتنی بلندی پر ڈی ایس پی کے مصنوعی سیارے اپنے مدار میں گردش کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے محور پر بھی ایک منٹ میں چھ چکر لگاتے ہیں، تاکہ ان کے حساس آلات تقریباً تمام کرۂ ارض کا جائزہ لیتے رہیں۔ یوں ہر دس سیکنڈ بعد کسی بھی چیز کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے۔ ان اندازوں میں ایک ہی چیز کا کئی بار جائزہ لینے کے بعد یہ اندازہ لگایا جاتا تھا کہ یہ کوئی میزائل ہے یا کوئی اور چیز ہے، یہ کس قوس پر سفر کر رہا ہے اور اس کا ہدف کیا ہو سکتا ہے۔ اس نوعیت کے مواصلاتی سیاروں میں بصری کے ساتھ ساتھ نور دلی (فلورسینس fluorescence) اور ایکس رے کی شناخت کرنے والے حساس آلات بھی لگے ہوتے ہیں تاکہ زمین پر، فضا میں یا خلا میں ایٹمی دھماکوں کا پتہ چلایا جا سکے۔ بھارت نے 1999ء کے ایٹمی نظریے میں واضح طور پر اعلان کیا تھا کہ وہ خلائی ٹیکنالوجی پر مبنی بروقت خبردار کرنے کا نظام بنانا چاہتا ہے تاکہ خطرے اور نقصانات سے بچا جا سکے۔ اس سے ظاہر ہوتا

ہے کہ وہ ڈی ایس پی جیسا کوئی نظام وضع کرنے کا خواہش مند ہے۔

ڈی ایس پی طرز کا مصنوعی سیارہ وسیع رقبے میں علاقے کی نگرانی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ 20 کروڑ مربع کلومیٹر علاقے کی نگرانی کر سکتا ہے جو زمین کی کل سطح کے رقبے کا 40 فیصد بنتا ہے۔ مثال کے طور پر، 1971ء میں امریکہ نے جو ڈی ایس پی مواصلاتی سیارہ خلا میں چھوڑا تھا وہ پورے یورپ، تقریباً پورے افریقہ، مشرق وسطیٰ، روس، وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا، اور جنوب مشرقی ایشیا پر نظر رکھ سکتا تھا[10]۔ اگر بھارت پاکستان، چین اور بحر ہند میں میزائل لانچ اور دیگر ایٹمی تنصیبات پر نظر رکھنے کا خواہش مند ہے تو پھر اسے اسی درجے کے رقبے کا احاطہ کرنا ہوگا۔

مصنوعی سیارے پر مبنی میزائل کا سراغ لگانے والے نظام کی اپنی حدود بھی ہیں۔ فضا میں موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی میزائل میں سے نکلنے والے شعلے کی زیریں سرخ (infrared) شعاعیں اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں[11]۔ شعلے سے نکلنے والی شعاعیں بارش، دھند یا گرد سے ٹکرا کر بکھر جاتی ہیں اور بادلوں کو پار نہیں کر سکتیں[12]۔ اس طرح مصنوعی سیارے کسی میزائل کو اسی وقت شناخت کر سکتے ہیں جب وہ بادلوں کی تہہ سے اوپر نکل آتا ہے۔ 20 سے 40 درجے شمالی عرض بلد (وہ علاقہ جو پاکستان اور شمالی بھارت پر مشتمل ہے) پر موجود بادل عام طور پر تین سے چار کلومیٹر کی بلندی پر ہوتے ہیں، اور ان کی بلندی دس کلومیٹر تک بھی ہو سکتی ہے[13]۔ اس بلندی تک پہنچنے کیلئے میزائل کو لانچ کئے جانے کے بعد 30 سیکنڈ سے ایک منٹ کا وقت لگ سکتا ہے۔

میزائل بادلوں کی تہہ سے نکل آئے تو بھی اس کی دم سے نکلنے والے آگ اور دھوئیں کے مرغولوں کی شناخت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ ان کے پس منظر میں زمین سے حرارتی شعاعیں اور بادلوں کی اوپری سطح سے منعکس ہونے والی شمسی شعاعیں ہوتی ہیں اور ان دونوں میں امتیاز کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ امریکہ کے ڈی ایس پی مصنوعی سیاروں کی کارکردگی میں بھی اسی طرح کے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ امریکہ کے پیشگی خبردار کرنے کے نظام کا تجربہ اس کی خامیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ امریکی کانگریس کی طرف سے اس نظام کی ناکامیوں کے بارے میں اقرار کیا گیا کہ کئی ایسے واقعات ہوئے جن میں میزائل دیکھا گیا لیکن تحقیق پر پتہ چلا کہ وہاں خطرناک

حملہ آور میزائل نہیں تھا[14]۔ ایک اور بڑا مسئلہ یہ ہے کہ بادلوں کی چوٹیوں اور سمندر کی سطح سے منعکس، اور پہاڑوں پر جمی برف سے منعکس سورج کی روشنی بھی ان مصنوعی سیاروں کو اندھا کر دیتی ہے[15]۔ کہا جاتا ہے کہ سورج کی منعکس روشنی کی چکا چوند کی وجہ سے مصنوعی سیارے کئی گھنٹوں تک کے لئے ناکارہ ہو جاتے ہیں[16]۔

چونکہ میزائل حملے کی پیشگی اطلاع دینے کیلئے زمین کی گردش کے ساتھ ساتھ مدار میں رہ کر اور اس طرح زمین کے کسی ایک مقام کے اوپر قائم رہنے والے مصنوعی سیاروں کی ٹیکنالوجی بڑی وقت طلب ہے۔ سوویت یونین سیاروں کے ایسے انتظام پر انحصار کرتا رہا ہے جو بیضوی مدار پر گردش کرتے تھے۔ ان کا رخ زمین کی جانب نہیں ہوتا تھا بلکہ وہ یہ انتظار کرتے تھے کہ میزائل سے نکلنے والے شعلے کے مرکز سے خلاء کی ٹھنڈک کے پس منظر میں ظاہر ہو جائیں[17]۔ اکتوبر 2010ء تک روس کے پاس ایسے مداروں پر چلنے والے تین مصنوعی سیارے موجود تھے[18]۔ اس نظام کے بھی الگ نوعیت کے مسائل ہیں۔

جہاں تک جنوبی ایشیا کا تعلق ہے: بھارت کے زمین سے اہم گردشی سیاروں کو مدار میں لے جانے والے راکٹ (جیو سنکرونس سیٹلائٹ لانچ وہیکل GSLV) سے صلاحیت فراہم کرتے ہیں کہ وہ امریکہ کے ڈی ایس پی سائز اور وزن کے مصنوعی سیارے خلاء میں چھوڑ سکے[19]۔ یاد رہے کہ ڈی ایس پی مصنوعی سیارے 800 کلوگرام وزنی ہوتے ہیں جبکہ ان کی لمبائی 10 میٹر اور چوڑائی 3 میٹر ہوتی ہے۔ بھارت کی اس قسم کی پہلی تجرباتی پرواز اپریل 2001ء میں بھیجی گئی جسے GSLV-D1 کا نام دیا گیا۔ تاہم اس پروگرام کو مسائل کا سامنا کرنا پڑا اور سات پروازوں میں سے چار ناکام ہو گئیں جن کی کئی وجوہات ہیں[20]۔ پاکستان کے پاس اس درجے کا راکٹ بنانے کی صلاحیت موجود نہیں ہے[21]۔ اس لئے وہ زمین سے اہم گردشی سیارہ مدار میں نہیں پہنچا سکتا۔ اس نظام کی خاصیت یہ ہے کہ یہ زمین پر قائم کئے گئے ریڈار کی نسبت تیس سیکنڈ سے ایک منٹ تک جلد خبردار کر دیتا ہے کہ کوئی میزائل چلا دیا گیا ہے۔

بصریاتی بنیاد پر کام کرنے والے مصنوعی سیاروں کی چیزیں کم دیکھ سکنے کی وجہ سے پیشگی خبردار کرنے کی صلاحیت محدود ہوتی ہے۔ حد سے حد اس سے طویل مار کے میزائل سے وارننگ کا کام لیا جا سکتا ہے۔

مختصر یہ کہ زیریں سرخ شعاعوں کے لئے حساس زمین کا اہم گردشی کوئی مصنوعی سیارہ صرف اسی وقت کسی زاویے کے میزائل کی شناخت کر پائے گا جب میزائل بادلوں کی سطح سے اوپر آئے گا یعنی میزائل اڑائے جانے کے آدھے سے ایک منٹ کے بعد لیکن گرین پائن نوعیت کے ریڈار تو میزائل لانچ کئے جانے کے ڈیڑھ ہی منٹ بعد اس کا کھوج لگا دیتے ہیں۔ لہذہ زمین کا اہم گردشی مصنوعی سیارہ جنوبی ایشیا میں محض آدھے یا ایک منٹ تک جلد خبردار کر سکتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ صورت سوویت یونین اور امریکہ کے مابین صورتحال سے مختلف ہوگی کیونکہ طویل فاصلے کی وجہ سے وہاں بروقت خبردار کرنے والے نظام بوسٹ فیز میں ہی میزائل کو دیکھ کر کئی منٹ کا اضافی وقت فراہم کر سکتے ہیں۔

5 4 ـ فکر مند ہونے کا وقت

بروقت خبردار کرنے کا نظام محض حملہ آور میزائل کا پتہ لگانے اور انہیں نظر میں رکھنے کا ہی نام نہیں ہے، بلکہ اس سے بڑھ کر کوئی چیز ہے۔ اس میں ان حساس آلات سے حاصل ہونے والی معلومات کو جانچنے، ان کے قابل بھروسہ ہونے کا اندازہ لگانے اور اس کی اہمیت کے بارے میں فیصلہ کرنے جیسے عوامل بھی شامل ہوتے ہیں۔ اس کے بعد ہی اس کے نتیجے کو ایک تنبیہ کے طور پر لیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ہم یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ خطرے کو سمجھنے اور فیصلہ کرنے کیلئے کتنا وقت درکار ہے۔ ابتدائی علامات کو خطرے کے باضابطہ اشارے میں تبدیل کرنے اور اس پر عمل ظاہر کرنے میں کتنے مراحل طے کرنے پڑتے ہیں۔ یہ بات سمجھنے کیلئے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ سوویت یونین اور امریکہ میزائل سے خبردار رہنے کے لئے کیا طریقہ اختیار کرتے تھے۔ دونوں ملکوں میں میزائل چلائے جانے سے لے کر ان کے اہداف تک پہنچنے کیلئے تیس منٹ کا وقت لگتا تھا[22]۔ ہم یہ اندازہ بھی لگائیں گے کہ آیا یہ طریقے جنوبی ایشیاء میں قابل عمل ہو سکتے ہیں یا نہیں جہاں میزائل کے پتہ چلانے کا وقت بہت کم ہے۔

5 5 ـ بروقت خبردار کرنے کے امریکہ کے طریق کار

امریکہ میں بیلسٹک میزائل چھوڑے جانے کا پتہ چلانے اور انکے بارے میں معلومات کو جانچنے کا کام نارتھ امریکن ایرو سپیس ڈیفنس کمانڈ (NORAD) کی ذمہ داری ہے۔ یہ ادارہ کیسے

کام کرتا ہے اس بارے میں واضح طور پر کچھ معلوم نہیں۔ کیونکہ اس کے کاموں کی معلومات نہایت پوشیدہ رکھی جاتی ہیں۔ تاہم تجزیہ کاروں نے ان طریقہ ہائے کار کی ایک بہت مناسب اور متوازن تصویر کشی کی ہے[23]۔ اس کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے جو کہ عام فہم بنائی گئی ہے اور ساتھ ہی وقت بھی بتایا جا رہا ہے تاکہ واضح ہو سکے کہ ہر ایک مرحلہ کتنے وقت میں طے ہوتا ہے۔

1 زمین کا گردش کرتا مصنوعی سیارہ میزائل چھوڑے جانے کا مشاہدہ کرتا ہے اور اس بارے میں اطلاع زمین پر بھیجتا ہے تاکہ اگلے مرحلے کے اقدامات کئے جا سکیں۔ (میزائل چھوڑے جانے کے آدھے منٹ بعد)

2 زمینی سٹیشن پر موجود عملہ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ اس اطلاع کو آگے NORAD کمانڈ اور اس عمل کا مشاہدہ کرنے والے دیگر مراکز کو بھیجا جائے یا نہیں۔

3 NORAD کمانڈ میں میزائل کے بارے میں کانفرنس سٹیشن آپریٹرز ٹیلیفون کے ذریعے کمانڈ ڈائریکٹر کو ابتدائی معلومات فراہم کرتے ہیں اور تصدیق کرتے ہیں کہ یہ علامات آلات کی کسی خرابی کا نتیجہ نہیں ہیں۔ ڈائریکٹر میزائل چھوڑے جانے کی علامات کا تجزیہ کرتا ہے کہ یہ کس قدر قابل اعتبار ہیں۔ پھر تجزیہ کاروں سے مشورہ کیا جاتا ہے جو سٹریٹیجک وارننگ کے حوالے سے بین الاقوامی سیاست، ملکی صورتحال اور دوسروں کی صف آرائی کے بارے میں اپنی حس اندرون پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ اس کے بعد NORAD کمانڈ کا ڈائریکٹر ان معلومات کو پینٹاگون اور سٹریٹیجک کمانڈ تک پہنچاتا ہے اور یہ بھی بتاتا ہے کہ اسے ان معلومات کے درست ہونے کا کتنا یقین ہے۔ (تین منٹ)

4 میزائل کے لانچ کئے جانے کے تقریباً چار منٹ بعد اگر NORAD کمانڈ کے افسران حاصل شدہ معلومات پر پورے یقین یا اعلیٰ درجے کا اعتماد ظاہر کر دیں تو پھر یہ معلومات کمان کے ایک حصے کے حوالے کر دی جاتی ہے جس میں جائنٹ چیفس آف سٹاف چیئرمین اور ڈیفنس سیکرٹری سے لے کر حتمی طور پر یہ معلومات صدر کے پاس پہنچتی ہیں اور پھر میزائل کے حملے پر ایک کانفرنس شروع کی جا سکتی ہے۔ اس دوران ممکن ہے دشمن پر قائم ریڈار نظاموں سے الگ تنبیہات ملتی رہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نہ ملیں۔ (4 تا 6 منٹ)

5 فرض کریں کہ میزائل سوویت آئی سی بی ایم ہے اور اس کے ہدف تک پہنچنے کا کل وقت 30 منٹ

ہے تو اس صورت میں اب 20 منٹ سے بھی کم وقت باقی بچے گا۔ اس طرح یہ فیصلہ کرنے سے پہلے کہ امریکہ جوابی میزائل لانچ کرے یا نہیں یا کیسی صورتحال پر بحث کیلئے صرف دس منٹ کا وقت بچتا ہے۔

6 اگر یہ فیصلہ کیا جائے کہ جوابی میزائل داغے جائیں تب داغنے کے احکامات جاری کرنے کیلئے دو منٹ کا وقت درکار ہوگا۔ منٹ مین نامی آئی سی بی ایم (Minuteman ICBM) چلانے کیلئے تین منٹ کا وقت درکار ہوگا اور میزائلوں کو اپنے اڈے سے محفوظ فاصلے تک پہنچنے کیلئے مزید کئی منٹ لگ جائیں گے۔

یہ سارا وقت ملا لیں تو 30 منٹ بن جاتے ہیں۔ تاہم وقت روس سے آنے والے آئی سی بی ایم کو لگتا ہے۔ اس طرح جوابی کارروائی کے طور پر چلائے گئے میزائلوں کے پاس کافی وقت ہوتا ہے کہ وہ پرواز کر کے اپنی پناہ گاہوں پر حملہ ہونے اور تباہ ہونے سے پہلے محفوظ دوری تک پہنچ جائیں۔ تاہم یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ بروقت خبردار کرنے والے نظام کے تمام حصے اور آلات ٹھیک طریقے سے کام کرتے رہیں۔

6.5 بروقت خبردار کرنے کے سوویت (روسی) طریق کار

سابق سوویت یونین کے بروقت خبردار کرنے کے نظام کے بارے میں نسبتاً کم معلومات دستیاب ہیں[24]۔ ایک اندازے کے مطابق کسی ممکنہ میزائل لانچ کی صورت میں زمینی ریڈار اور مواصلاتی سیارے سے حاصل ہونے والی تنبیہ کے بعد سوویت یونین معاملات سے نبرد آزما ہونے اور ردعمل ظاہر کرنے کیلئے شاید درج ذیل طریقہ اختیار کرے[25]۔

1 مواصلاتی سیارے یا ریڈار سے میزائل تنبیہ کے بارے میں مثبت شواہد ملنے پر جو میزائل کے چھوڑے جانے کے ایک منٹ بعد ہوگا روس کا (Centre for the Analysis of Missile and Space Situation) جو امریکی ادارے نوراڈ (NORAD) کا روسی مترادف ہے، ملٹری ہیڈ کوارٹرز، جنرل سٹاف اور سٹریٹیجک راکٹ فورسز کو خبردار کرتا ہے۔

2 یہ سنٹر صدر، وزیر دفاع اور چیف آف سٹاف کو ایک خفیہ سوٹ کیس کے ذریعے اطلاع بھیجتا ہے[26]۔

3. میزائل لانچ ہونے کے چار سے چھ منٹ کے اندر سیاسی و فوجی قیادت اور پیشگی اطلاع دینے والے مرکز کے سربراہ حملے کی اس اطلاع پر صدر سے مشورہ شروع کر دیتے ہیں۔

4. اگر بروقت خبر دار کرنے کے نظام، ریڈار اور مصنوعی سیارے روس کی حدود میں دونوں جانب سے حملے کے بارے میں خبر دے دیں تو پھر جنرل سٹاف کا عملہ فوراً سے رابطہ کرنے کا ابتدائی حکم بھیج دیتا ہے۔ یہ عام حالات میں ہوتا ہے[27]۔ (میزائل کے حملے کا سگنل اس صورت میں بھی بھیج دیا جاتا ہے جب صرف ریڈار سے ہی ایک سے زیادہ میزائل لانچ ہونے کے اشارے ملے ہوں اور مصنوعی سیارے اس کے بارے میں کوئی سگنل نہ بھی دے رہا ہو)

5. روسی طریق کار کے مطابق نیوکلیئر کمانڈ اتھارٹی (صدر، وزیر دفاع) کے پاس تین منٹ ہوتے ہیں کہ وہ آپس میں صلاح مشورہ کر کے جوابی میزائل چلانے یا نہ چلانے کے بارے میں فیصلہ کریں۔

6. خفیہ اشارے کھول کر احکام تیار اور جاری کرنے میں مزید دو سے تین منٹ کا وقت لگ جاتا ہے۔ اس طرح دوسری جانب سے میزائل چلائے جانے کے بعد بارہ سے تیرہ منٹ گزر جاتے ہیں۔

7. حکم مل جانے کے بعد روسی میزائلوں کو اپنی سرنگوں سے باہر نکلنے میں آٹھ منٹ تک لگ جاتے ہیں۔ یوں دشمن کی جانب سے میزائل چلائے جانے کے بعد اور ردعمل میں روسی میزائل لانچ کرنے میں 20 منٹ صرف ہو جاتے ہیں۔

میزائل حملے کا ردعمل ظاہر کرنے کا روسی نظام اس انداز کا بنایا گیا ہے کہ امریکہ سے آنے والے میزائل کے روس پہنچنے سے دس منٹ پہلے ہی روس کے جوابی میزائل چلا دیے جائیں۔ تاہم روس کو خدشے ہیں اس کا وضع کردہ نظام ممکن ہے منصوبے کے مطابق کام نہ کرے۔ اسی خدشے نے روس کو "ڈیڈ ہینڈ" نامی ایک متبادل انتظام کرنے پر بھی مجبور کر دیا ہے جو خودکار طریقے سے میزائل لانچ کرنے کے احکامات جاری کرتا ہے[28]۔

اس ٹیکنالوجی اور اس کے طریق کار دونوں میں غلطی کا خدشہ موجود ہے۔ چنانچہ ممکن ہے کہ دونوں ملک خبردار کرنے کے نظام کو غلط طور پر حرکت میں لے آئیں[29]، حساب کتاب میں غلطی کر دیں اور خطرے کی گھنٹی غلط بجا دیں۔ امریکہ اور سوویت یونین کے مابین سرد جنگ کا دور کئی

مثالوں سے بھرا پڑا ہے۔ مثال کے طور پر امریکہ نے ممکنہ میزائل حملے سے پیشگی خبردار رہنے کا ایک پیچیدہ نظام وضع کر رکھا تھا جو دوہری تہہ در تہہ چھان پھٹک کرتا تھا تاکہ غلط اطلاعات سے بچا جا سکے۔ اس کے باوجود 1977ء سے 1984ء تک کے درمیانی عرصے میں یہ جدید ترین نظام ہر سال بڑے میزائل حملے کے بارے میں اوسطاً 2598 غیر معمولی اشارے دیتا تھا[30]۔ ان اشاروں میں 8 فیصد ایسے سنجیدہ نوعیت کے ہوتے تھے کہ امریکی دفاعی ادارے (NORAD) کو میزائل حملے والی کانفرنس بلانا پڑتی تھی۔ دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ ہر ہفتے تین سنجیدہ نوعیت کی خطروں کی گھنٹیاں بجتی تھیں[31]۔ 1995ء میں ناروے نے ایک راکٹ فضا میں بھیجا جسے روس کے پیشگی خبردار کرنے والے نظام نے کوئی میزائل حملہ سمجھا اور معاملہ کمانڈ کے سلسلے سے گزرتا ہوا صدر بورس یلسن تک جا پہنچا تھا[32]۔

7 5۔ حاصل بحث

جنوبی ایشیا میں میزائل کی اڑان کا وقت 600 کلومیٹر اور 2000 کلومیٹر کے لیے بالترتیب 8 اور 13 منٹ ہے۔ یہ دورانیہ میزائل کی اس اڑان کا ہے جو بغیر کسی رکاوٹ کے حریف ملک کے مختلف اہداف مثلاً دارالحکومت، بڑے فوجی اڈے، جوہری ہتھیاروں کے ذخیرے اور ان کے کمانڈ پوسٹ تک پہنچنے کا ہے۔ یہ وقت اور بھی کم ہو سکتا ہے اگر طویل فاصلے تک مار کرنے والے تیز رفتار میزائلوں کو چھوٹے فاصلوں پر چلایا جائے۔ ایسے میزائل پاکستان اور بھارت دونوں کے پاس موجود ہیں اور اگر یہ قریبی ہدف پر چلائے جائیں تو ان کی پرواز کا دورانیہ کم ہو کر محض 300 سیکنڈ رہ جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ 600 کلومیٹر کی پرواز کے لیے میزائلوں کو محض پانچ منٹ لگیں گے۔ یہ صورتحال پیشگی خبردار کرنے والے نظام کے لیے سب سے بڑا چیلنج ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان نظاموں کو بہتر انداز میں سیکیورٹی کے نظام کا حصہ بنایا گیا ہے۔

گراؤنڈ بیسڈ ریڈار کے ذریعے کسی چھوٹے فاصلے پر چلائے گئے میزائل کا پتہ چلانے کیلئے جو کم سے کم وقت درکار ہے، وہ داغے جانے کے بعد 110 سیکنڈ ہے۔ یعنی داغے جانے کے 110 سیکنڈ کے بعد ہی ریڈار کو معلوم ہو سکے گا کہ میزائل چلایا گیا ہے۔ زمین کی گردش کے ساتھ ساتھ چلنے والے مصنوعی سیارے کو بھی میزائل کا پتہ چلانے کیلئے جتنا وقت درکار ہوگا یہ

اس سے آدھے سے ایک منٹ زیادہ ہے۔ یہ معاملہ امریکہ اور سوویت یونین کی صورتحال سے بالکل الگ ہے جہاں مصنوعی سیارے سے خبردار کرنے میں کئی منٹ لگ جاتے ہیں۔ چنانچہ یوں لگتا ہے کہ جنوبی ایشیاء میں مصنوعی سیارے بروقت خبردار کرنے کے لحاظ سے کچھ زیادہ مفید ثابت نہیں ہو سکتے ہیں۔

تو چاہے میزائل داغے جانے کا پتہ کسی ریڈار سے چلے یا مصنوعی سیارے سے یا دونوں سے، پاکستان اور بھارت میں دارالحکومتوں پر یک دوسرے کی جانب سے حملے کی اطلاع کے درست یا غلط ہونے کا اندازہ لگانے، فیصلہ سازوں تک صحیح معلومات پہنچانے اور فیصلے پر عمل درآمد کے لئے 4 سے 7 منٹ سے زیادہ وقت دستیاب نہیں ہے۔ یہ قلیل وقت ہتھیاروں کے استعمال کا صحیح فیصلہ کرنے کے درمیان ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ گروہوں میں سے کسی ایک دارالحکومت کی جانب چھوٹے فاصلے پر پرواز کرنے والا میزائل چلایا جائے تو اس صورت میں مشکل سے اتنا وقت ہوگا کہ فیصلہ سازوں سے رابطہ کرکے انہیں خطرے سے آگاہ کیا جائے۔ جبکہ اس کے بعد صلاح و مشورے کیلئے کسی بھی طرح سے کوئی وقت نہیں بچے گا۔

علاوہ ازیں پیشگی خبردار کرنے والا کوئی نظام غلط سگنل بھی بھیج سکتا ہے اور درست الارم بھی دے سکتا ہے۔ کسی بحران کے دوران ایسے غلط الارم اور فیصلے کیلئے کم وقت دونوں مل کر ایسی فاش غلطیوں کو جنم دے سکتے ہیں جو غیر ارادی ایٹمی جنگ کا باعث بن سکتے ہیں۔



6

ایٹمی ہتھیاروں پر کمانڈ اور کنٹرول*

ضیا میاں

ایٹمی ہتھیار بڑے پریشان کن ثابت ہوتے ہیں۔ دنیا کی بڑی ایٹمی طاقتوں کے لئے ایٹمی ہتھیاروں کے تنظیمات چلانا بڑا مشکل اور مہنگا کام ثابت ہوا ہے اس لئے کہ یہ پیچیدہ کام بھی ہے اور بھاری اخراجات کا متقاضی بھی ہے۔ اس کے مقابلے میں کم ہونا زیادہ آسان ثابت ہوتا ہے۔ شاید تاریخ یہ گواہی دے کہ جنوبی ایشیا میں جس طرح کے سیاسی، فوجی، ادارہ جاتی اور تکنیکی معاملات رواج ہیں اس میں ایٹم بم کا انتظام کرنا یعنی اس کی دیکھ بھال کرنا اور اس پر قبضہ برقرار رکھنا ناممکن کام ہے۔

ایٹمی ہتھیاروں کے نظامی معاملات چلانے کی جو کوششیں کی جاتی ہیں ان کی بنیاد یہ مفروضہ ہوتا ہے کہ حکومت اور اس کی مسلح افواج آپس میں مربوط اور وفادار رہتے ہیں۔ بظاہر فیصلے کا اختیار چند ہاتھوں میں ہوتا ہے جو ایک کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کے تحت اپنے ہتھیاروں کو بروئے کار لاتے ہیں، اور یہ اختیار اعلیٰ سطح سے لے کر نیچے بم سے مسلح یونٹ تک نافذ ہوتا ہے۔ یہ یونٹ مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں۔ ان میں جنگی طیارے بھی شامل ہیں، اور بیلسٹک اور کروز میزائل بھی۔ اور میزائل وہ جو زمین پر مورچوں سے داغے جائیں، آبدوزوں سے یا متحرک لانچرز سے۔ کمانڈ اور کنٹرول نظام کا نفاذ ہر سطح اور ہر حصے پر ہوتا ہے۔ اس نظام کو کثیر سطحی گل پرزوں پر مشتمل ایسے نظام سے تصور کیا جاتا ہے، جو ایک موثر، باکفایت اور غلطی سے مبرا میکانکی مدد سے کام میں مصروف رہتا ہو۔ ایسا کام جو واضح اور طے شدہ اصولوں کے تحت انجام پذیر ہوتا ہو اور جس میں ہر عمل بالقصد اور بالارادہ کیا جاتا ہو۔

عملی طور پر ایٹمی ہتھیاروں کا نظام چلانے میں مختلف سطحوں پر کام کرنے والے ہزاروں نہیں تو سینکڑوں اشخاص درکار ہو سکتے ہیں، جو تحت درجوں پر مختلف اختیارات کے ساتھ متنوع خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یہ آپس میں مربوط بھی ہوتے ہیں اور ایٹمی ہتھیاروں سمیت کئی تکنیکی نظاموں سے منسلک بھی ہوتے ہیں۔ اس مربوط نظام کے تمام اجزاء سے توقع ہوتی ہے کہ کسی مخصوص صورتحال میں یہ کیسے کام کرتا ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں کے نظام کی کارروائی کے ایک بڑے جائزے نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کی کامیابی کا انحصار 'انسانی رویوں اور حالات کی عدم پیش گوئی پر ہوتا ہے'، 'جہاں "چھوٹی سے چھوٹی تفصیل بھی مرکزی اور بے حد اہمیت کی حامل ہو جاتی ہے"'، جہاں بعض اوقات 'تجزیے اور مہارت تجربہ کار ماہرین کی سمجھ میں نامکمل پائے جاتے ہیں' اور جہاں 'یہ محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی کو بھی اس سسٹم پر مکمل دسترس نہیں'۔[1]

جنرل لی بٹلر امریکہ کی سٹریٹجک ایئر کمانڈ اور اس کے جانشین ادارہ یونائیٹڈ سٹیٹس سٹریٹجک کمانڈ کے سربراہ رہ چکے ہیں۔ یہ وہ ادارے ہیں جو امریکی فضائیہ اور بحریہ کے ایٹمی ہتھیاروں کے معاملات سنبھالتا ہے۔ جنرل بٹلر کا کہنا ہے کہ ان اداروں میں کام کرنے والوں میں گھمنڈ ہوتا ہے کہ وہ کوئی غلطی نہیں کر سکتے، حالانکہ ان کی روزمرہ کارگزاری سے ظاہر ہوتا ہے کہ 'انسان اور مشینیں پرانا کام، اور انسانی غلطیوں کے امکانات لامحدود ہیں'۔[2] جنرل بٹلر نے اس حوالے سے مثال پیش کرتے ہوئے بتایا، 'میں نے ایٹمی جنگی مشقوں میں بمبار جہازوں کو گر کر تباہ ہوتے ہوئے دیکھا ہے، حالانکہ جنگی مشقیں اصل ایٹمی جنگ کی نسبت کافی کم تناؤ والی ہوتی ہیں۔ میں نے انسانی غلطی کی وجہ سے میزائلوں کو اپنی ہی سرزمین پر پھٹتے ہوئے دیکھا ہے۔ میں نے ایسے حالات کے بارے میں پڑھ رکھا ہے جس میں انسانی غلطی کی وجہ سے ایٹمی میزائلوں اور بموں سے لدی ہوئی آبدوزیں سمندر کی گہرائی میں گم ہو گئیں'۔[3] چنانچہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایٹمی ہتھیار اس اصول سے مبرا نہیں ہیں کہ جلد یا بدیر وہ تمام چیزیں خراب ہو جاتی ہیں جو خراب ہو سکتی ہیں۔

اس باب میں ہم اس امر کا جائزہ لیں گے کہ ایٹمی ہتھیاروں کی نگہداشت کرنے اور ان کو تیار رکھنے کے سلسلے میں کون سے چیلنج درپیش ہو سکتے ہیں اور یہ کہ بھارت اور پاکستان کے لئے ان چیلنجوں کے کیا مطلب اور معنی ہو سکتے ہیں؟ اس باب میں کئی تکنیکی اور طریقہ ہائے کار کے مسائل کو جانچا جائے گا جن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہوتا ہے کہ ایٹمی ہتھیار صرف اسی وقت استعمال ہوں گے جب انہیں استعمال کرنے کا ارادہ ہو۔ یہ بھی اجاگر کیا جائے گا کہ بحران یا جنگ کی کیفیت میں کمانڈ اور کنٹرول کی راہ میں کس قسم کی دشواریاں حائل ہوتی ہیں۔

6.1 مثبت اور منفی کنٹرول:

کوئی بھی فوجی ہتھیار اس توقع کے ساتھ نصب کیا جاتا ہے کہ اسے صرف اعلیٰ حکام کی جانب سے حکم جاری ہونے کے بعد ہی استعمال میں لایا جائے گا اور یہ کہ جب ضرورت ہو تو ہتھیار اپنا مقصد ضرور پورا کرے گا (یعنی یہ کہ قابل بھروسہ اور محفوظ ہو)۔ ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں یہ تقاضے مزید اہمیت اختیار کر جاتے ہیں۔ صرف اعلیٰ ترین سیاسی حکام کے پاس یہ اختیار ہونا چاہیے کہ وہ ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دیں۔ چنانچہ اس امر کو یقینی بنانا از حد ضروری ہے کہ اگر کوئی ایٹمی ہتھیار کسی فوجی یونٹ کے حوالے کر دیا جائے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہونا چاہیے کہ اسے اس ہتھیار کو استعمال کرنے کا اختیار بھی مل گیا ہے۔ کسی ایٹمی ہتھیار کو اپنے پاس رکھنے، ایک سے دوسری جگہ لے جانے اور چلانے کے ذمہ دار یونٹ کو اس قابل نہیں ہونا چاہیے کہ وہ یہ ہتھیار اعلیٰ حکام کی اجازت کے بغیر چلا سکے۔

اس مسئلے کو دیکھنے کا ایک اور طریقہ مثبت کنٹرول اور منفی کنٹرول کا ہے۔ یہ دو الگ الگ نوعیت کے کنٹرول ہیں۔ جن میں سے ایک ہتھیار استعمال کرنے سے متعلق ہے جبکہ دوسرا روکنے کے مترادف ہے۔[14] مثبت کنٹرول مجاز صورت میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال سے متعلق ہے اور منفی کنٹرول ان رکاوٹوں پر مشتمل ہے جن کے باعث ہتھیار اس وقت تک استعمال نہ ہو سکیں جب تک اس کی ضرورت نہ ہو۔ گویا مثبت کنٹرول حالت جنگ میں نظام کی کارگزاری سے متعلق ہے، جبکہ منفی کنٹرول حالت امن میں نظام پر مضبوط اور موثر گرفت رکھنے کا نام ہے۔

مثبت کنٹرول میں ایک دوسرے سے منسلک تکنیکی اور انتظامی نظام کارفرما ہوتے ہیں، اور

مخصوص طریقہ کار کے تحت کام کرتے ہیں تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی فوجی یا ہتھیار ادارہ صرف اسی وقت ان ہتھیاروں کو استعمال کرنے کا حکم جاری کر سکے جب اعلیٰ ترین سطح پر ہتھیار چلائے جانے کا فیصلہ ہو چکا ہو۔ مثبت کنٹرول کے نظاموں میں درج ذیل اجزا شامل ہوتے ہیں۔[5]

(ا) پیشگی چوکنا کرنے والا نظام۔

(ب) ایسے طریقہ ہائے کار جن کے ذریعے یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ جو حملہ ہونے جا رہا ہے اس کی وسعت اور شدت کیا ہے؟

(ج) کمانڈ اور فیصلہ کرنے والے مرکز۔

(د) رہنماؤں اور مسلح ایٹمی یونٹوں کے درمیان رابطے کا نظام۔

(ہ) ایٹمی ہتھیاروں سے مسلح میزائلوں، یا دیگر ترسیلی نظاموں سے آراستہ فوجی یونٹ۔

تربیتی مشقوں کے ذریعے اس نظام کی اور اس کے ہر جزو کی عملی استعداد بڑھائی جاتی ہے اور اس میں ان منصوبوں کو پیش نظر رکھا جاتا ہے جو ایٹمی ہتھیاروں کے ممکنہ استعمال کے لئے وضع کئے جاتے ہیں۔ لیکن پیچیدہ نظاموں کے منصوبے عام طور پر اس مفروضے پر کام کرتے ہیں کہ تمام چیزیں توقع کے مطابق کام کریں گی اور کسی عجیب سے واسطہ نہیں پڑے گا۔ اس کی وجہ محض یہ مجبوری ہے کہ اس کے علاوہ کچھ کیا بھی نہیں جا سکتا۔ ہر ممکنہ حادثے کا پیشگی پتہ چلانا اگر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ آلات خراب ہو سکتے ہیں، انسانی غلطی ہو سکتی ہے، غلط اندازے لگائے جا سکتے ہیں، وغیرہ۔ ان سب کو منصوبوں میں پیشگی شامل کرنا ناممکن ہے۔

وہ معاملات جن میں طریق کار تفصیلی طور پر بیان کر دیئے گئے ہوں، وہاں بھی مسائل موجود رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر امریکہ کو اپنے SAGE ائیر وارننگ اینڈ کنٹرول سسٹم کے بارے میں معلوم ہوا کہ "حقیقی کارروائی میں پیش آنے والے واقعات کی قبل از وقت صراحت کے ساتھ نشاندہی کرنا ناممکن ثابت ہوا۔ تحریری طریق کار پر انحصار کرنا غیر عملی پایا گیا، اور کارکنوں کے درمیان غیر رسمی طریق کار وجود میں آ گیا"۔[8] اس جیسے تجربات سے جو نتیجہ اخذ کیا گیا وہ یہ تھا کہ "ایٹمی ہتھیاروں کی کمان کو اپنے مشن کو پورا کرنے کے لئے سرکاری طور پر منظور شدہ طریقہ کار سے اکثر ہٹ کر کام کرنا پڑ جاتا ہے۔ اور یہ سب روانی کا کام ہوتا ہے۔ اس لئے عام طور پر نظروں سے

اور عمل رہتا ہے جب تک جنگ یا شدید بحران کا سامنا نہیں ہو جاتا"۔[7]

کمانڈ اور کنٹرول نظاموں سے جس طرح توقع کی جاتی ہے کہ یہ کام کریں گے، اور جس طرح وہ عملی طور پر کام کرتے ہیں، ان دونوں میں کافی فرق پایا جاتا ہے۔ اس فرق سے خبردار رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ بڑھتے ہوئے شواہد بتاتے ہیں کہ کس طرح تنظیمی طریق کار اور ٹیکنالوجی کو آپس میں جوڑنے والے یہ پیچیدہ نظام حقیقی اور عملی حالات میں غیر متوقع طور پر خطرناک انداز میں ناکام ہو جاتے ہیں۔[8] اس قسم کی ناکامیاں ایٹمی ہتھیاروں کے منظم نظاموں میں بھی پائی گئی ہیں۔[9] گو کہ خوش قسمتی سے یہ ایسے حالات میں ہوئیں جو بحران اور جنگی حالات جیسے نہیں تھے۔

فوجی منصوبہ سازوں نے عام طور پر درپیش ان شدید اور تقریباً ناقابل حل مسائل کو نظر انداز کیا ہے۔ ان کے نزدیک مثبت کنٹرول کو سب سے بڑا خطرہ دشمن کی جانب سے سر کچلنے والے حملے سے ہے، یعنی ایسا کامیاب حملہ جس سے کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم تباہ ہو جائے اور جس کی وجہ سے ایٹمی ہتھیار چلانے کے قابل ہی نہ رہیں۔ ان منصوبہ سازوں کی فکرمندی کی اصل وجہ یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے احکامات پر عمل درآمد کے لیے ان عسکری یونٹوں کے ساتھ کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کے رابطے ضروری ہیں جن کے قبضے میں یہ ہتھیار ہوتے ہیں۔ لہذا اگر یہ ہو سکا تو احکامات متعلقہ یونٹوں تک نہیں پہنچ پائیں گے اور ہتھیار استعمال نہیں ہو سکیں گے۔ اس حوالے سے جن مخصوص معاملات کو نمایاں کیا گیا ہے، ان میں کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام پر حملے کی پیشگی تنبیہ کی ضرورت، ایٹمی معاملات پر فیصلہ کرنے والے حکام کی حفاظت، قابل بھروسہ نظام مواصلات اور ایسے ایٹمی ہتھیار جو دشمن کے حملے میں تباہی سے بچے رہ سکیں، شامل ہیں۔

ایٹمی ممالک نے ان ہتھیاروں کی کمان کی ممکنہ تباہی کے اثرات کم کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے۔ ان اقدامات میں پیشگی چوکنا کرنے والے متعدد متبادل نظام بھی شامل تھے جو زمین پر قائم ریڈار جن کا حصہ تھے۔ امریکہ اور سوویت یونین اس مقصد کے لیے مصنوعی سیاروں کا استعمال بھی کرتے تھے۔ ان اقدامات میں قومی قیادت اور کمان کرنے والی پوسٹوں کی حفاظت، کمان کے متبادل مراکز کا قیام، اور قومی قیادت اور ایٹمی اسلحے کو سنبھالنے والوں کے مابین متبادل، متنوع اور مخصوص مواصلاتی نظام قائم کرنا بھی شامل تھا۔ یہ بھی متبادل انتظامات اس قابل بھی

تھے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے دھماکے سے پیدا ہونے والی برقی مقناطیسی لہر کا مقابلہ کر سکیں یعنی کسی بڑے حملے کے باوجود بچے رہ سکیں۔[10] علاوہ ازیں دشمن کے حملے سے ایٹمی اسلحہ بچانے کے لیے ایٹمی ہتھیاروں کا بڑا ذخیرہ، متحرک بیلسٹک میزائل اور آبدوزیں بھی شامل تھیں۔

یہ سارے اقدامات غیر معمولی حد تک پیچیدہ اور مہنگے ثابت ہوئے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق امریکہ نے 1940 اور 1990 کے درمیانی عرصے میں اپنا ایٹمی اسلحہ خانہ تیار کرنے اور اس کی دیکھ بھال پر تقریباً 400 بلین ڈالر خرچ کیے۔[11] ان ہتھیاروں کو ہدف تک لے جانے کیلئے جو طیارے، آبدوزیں اور زمین پر قائم میزائل نظام تیار کیے گئے تھے، ان سب پر کل اندازاً 3000 بلین ڈالر سے زیادہ رقم خرچ کی گئی۔[12] امریکہ نے اپنے سٹریٹجک کمانڈ کنٹرول اور مواصلاتی نظام پر تقریباً 200 بلین ڈالر خرچ کیے۔[13] چونکہ حملے کے نتیجے میں سب کچھ ختم ہو جانے کے خدشے کو دور کرنے کا ایک سستا طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں اور ان کو استعمال کرنے کا حکم جاری کرنے کی مجاز اتھارٹی کو پہلے ہی سے دور دراز علاقوں میں بکھیر دیا جائے اور اس کے نائب بھی سیکنڈ ان کمانڈ مقرر کر دیے جائیں، جو اعلیٰ اتھارٹی کو کچھ ہو جانے کی صورت میں ہتھیاروں کی کمان سنبھال سکیں۔

ایٹمی ہتھیاروں سے مسلح یونٹ کے اپنے کمانڈ اینڈ کنٹرول کے تقاضے ہیں۔ سے مناسب طور پر تربیت یافتہ ہونا چاہیے۔ اس کے پاس ہتھیار درست، قابل بھروسہ اور قابل استعمال حالت میں ہوں۔[14] جن یونٹوں کو ایٹمی ہتھیار، ان کے اجزا اور متعلقہ سامان کو جوڑنے، ان کی دیکھ بھال کرنے، ان کو ایک سے دوسری جگہ لے جانے اور ذخیرہ کرنے کی ذمہ داری تفویض کی جائے انہیں ایٹمی ہتھیاروں کی غیر معمولی خصوصیت کے بارے میں کافی علم ہو اور وہ یہ جانتے ہوں کہ ان ہتھیاروں کے تحفظ اور کنٹرول کے کیا تقاضے ہیں۔ ان یونٹوں کو مناسب تربیت کی ضرورت ہوتی ہے، اور یہ یقین کرنا ضروری ہوتا ہے کہ وہ تفویض کردہ مشن پورا کرنے کے قابل ہیں۔ یونٹ کے ارکان کے پاس مخصوص تکنیکی مہارتیں تو ہونی ہی چاہئیں، اس کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ یونٹ کے ارکان کا انفرادی طور پر قابل بھروسہ ہونا پرکھا جائے، اور ان میں ایٹمی ہتھیاروں کو اپنی تحویل میں رکھنے، ان تک رسائی ہونے اور ہتھیاروں تک لاتعلق لوگوں کی رسائی روکنے کے حوالے سے مطلوبہ استعداد ہو بھی جانچی جائے۔ سے انفرادی معتبری پروگرام (Personnel Reliability Program)

کہا جاتا ہے۔ اس کا مقصد عسکری افراد کو تفتیشی طور پر جانچنا ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر 1975ء سے 1990ء تک کے درمیانی عرصے میں امریکہ کی فوج کے 3 سے 5 فیصد ایسے افراد کو منشیات اور شراب نوشی کے مسائل، سنگین جرائم، لاپرواہی، نااہلی اور قانون اور احکام سے روگردانی کی بنا پر نااہل قرار دیا جنہیں پہلے ایٹمی ہتھیاروں سے منسلک کاموں کے لئے موزوں قرار دیا جا چکا تھا۔[15]

منفی کنٹرول کے چند تقاضے مثبت کنٹرول جیسے ہی ہیں۔ مثلاً یہ کہ ایٹمی ہتھیار مجاز اعلیٰ کی اجازت کے بغیر استعمال نہ کیے جا سکیں۔ منفی کنٹرول میں جو معاملات آتے ہیں ان میں ایٹمی ہتھیاروں کو محفوظ کرنا، ان سے وابستہ فوجی طریقہ ہائے کار کا تعین کرنا اور منفی کنٹرول کی ضروریات کو ہتھیاروں اور ان کے ترسیلی نظاموں کے ڈیزائن میں شامل کرنا ہیں۔ منفی کنٹرول کے پیش نظر جو اہم ترین اندیشے ہوتے ہیں، ان میں ہتھیاروں تک غیر مجاز افراد کی رسائی اور ہتھیاروں کا کسی حادثے سے دوچار ہونا شامل ہیں۔ مطلب یہ کہ ہتھیار ایسے لوگوں کے ہاتھ چڑھ جائیں جو ان تک ناجائز طور پر رسائی حاصل کرنے کی کوشش کریں اور یہ کہ حادثاتی طور پر، کمپیوٹر کی خامیوں کے باعث یا ترسیلی نظام میں خرابی کے باعث (جیسے جہاز یا میزائل کا حادثہ) ایٹمی ہتھیار غیر ارادی طور پر از خود چل جائیں۔

ان اندیشوں کو دور کرنے کی کئی ترکیبیں ہو سکتی ہیں، مثلاً

☆ خفیہ اشاروں پر مشتمل ایسے تالے استعمال کئے جائیں جنہیں کھولے بغیر ایٹمی ہتھیار استعمال نہ کئے جا سکیں۔ انہیں (Permissive Action Links, PALs) کہا جاتا ہے۔ جب تک دو یا تین مجاز حکام بالا ایک خاص ترتیب میں یہ خفیہ اشاروں کا اندراج نہ کریں تب تک ایٹمی ہتھیار نہیں چلایا جا سکے۔[16]

☆ ایسے ڈیزائن جن کے ذریعے ایٹمی ہتھیاروں کا تحفظ یقینی بن جائے جیسے ون پوائنٹ سیف ڈیزائن (یعنی یورینیم کے مرکز کے اطراف میں لگائے گئے دھماکہ خیز حصوں میں سے کسی ایک کے اتفاقاً چل جانے سے ایٹمی دھماکہ نہ ہونے پائے) اور غیر حساس اعلیٰ درجے کے دھماکہ خیز مواد کا استعمال جو آگ لگنے کی صورت میں یا کسی اور طرح ضرر پہنچنے پر بھی ایٹمی ہتھیار کے از خود چل جانے کے خطرے کو کم کر دیتا ہے۔[17]

6.2 ۔ طریقہ کار کے حوالے سے درج ذیل اقدامات عمل میں لائے جاتے ہیں۔

☆ ہتھیاروں کی تیاری، ان کو ذخیرہ کرنے اور ان کی نقل و حمل کے دوران ان کا تحفظ۔ اس کے علاوہ ان ہتھیاروں کے استعمال کے لئے خفیہ اشاروں والے مخصوص قفل۔

☆ "ٹو مین رول" (دو افرادی اصول) یعنی اس امر کو یقینی بنانا کہ ایٹمی ہتھیاروں کی دیکھ بھال اور استعمال کے ہر مرحلے کے دوران ہر عمل میں کم از کم دو افراد شریک ہوں تاکہ ہتھیاروں کو چلانے میں بلا اختیار یا غلط طریقے سے استعمال نہ ہو سکے۔

6.3 ۔ پاکستان اور بھارت میں ایٹمی کمان اور اختیار

ایٹمی تجربات کے بعد بھارت اور پاکستان نے اپنے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے لیے کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام مرتب دینے کا کام شروع کر دیا تاکہ ایٹمی ہتھیار صرف اسی وقت استعمال ہوں جب ان کے راہنما اس کا فیصلہ کریں، اور جب وہ استعمال نہ ہوں تو غلط ہاتھوں اور حادثات سے محفوظ رہیں۔ ایسے نظاموں کے بارے میں اس سے پہلے بھی بحث ہوتی رہی ہے۔ اس عام بحث سے اب کم از کم پانچ مجبوریوں کی شناخت ممکن ہوئی ہے جو کمان اور اختیار کے لئے مشکلات کی نشاندہی کرتی ہیں۔ پہلی مجبوری اس دباؤ کی وجہ سے ہے جو ہتھیاروں کی محدود تعداد، اور ترسیلی نظاموں کی اپنی خصوصیات کے باعث ہوتا ہے۔ دوسری مجبوری جغرافیائی کل وقوع کی بنا پر وارننگ جاری کرنے والے نظام کے مسائل سے متعلق ہے۔ تیسری مجبوری یہ ہے کہ بہت سے تزویراتی مسائل اس ضرورت سے جنم لیتے ہیں کہ کسی تنازع کی صورت میں ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے لیے تیار رہنا چاہئے اور اس بات سے بھی کہ جنوبی ایشیا میں کس قسم کے کوئی عدم متوقع ہیں۔ چوتھا مسئلہ یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیار کو مناسب طریقے سے محفوظ بنانے کا عمل بہت سے تکنیکی اور دورہ جاتی سوالات کو جنم دیتا ہے جن پر توجہ دینے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اور آخری مجبوری یا رکاوٹ یہ ہے کہ کس حد تک بھارت اور پاکستان اپنے ایٹمی ہتھیاروں اور ان کے ترسیلی نظاموں کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

1998ء کے ایٹمی تجربات کے بعد بھارت میں باقاعدہ کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام بنانے کا عمل شروع کرنے میں بہت سست رفتار رہا اور اسے کئی مشکلات درپیش رہیں۔[18] پاکستان کے برعکس کہ

جہاں پہ فوج کی مابعد اجارہ داری رہتی ہے۔ بھارت میں کمان اور اختیار وضع کرنے کی کوششوں میں سیاسی، انتظامی اور فوجی اداروں کے درمیان کشمکش رہی۔ جنوری 2003ء میں بھارتی حکومت کی کابینہ کمیٹی برائے قومی سلامتی نے ایٹمی نظریے پر ایک مختصر سرکاری بیان جاری کیا اور کمان کا ایک ڈھانچہ قائم کر دیا۔[19] اس نظریے کے مطابق بھارت کو ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال میں پہل نہیں کرنی تھی اور "کم از کم معتبر اسلحہ تیار کرنا اور اسے قائم رکھنا تھا جو دشمن کے حملے کا ایسا موثر جواب دے سکے جس کے نقصان کا دشمن متحمل نہ ہو سکے۔"

بھارت میں ایٹمی معاملات کی فیصلہ سازی نیوکلیئر کمانڈ اتھارٹی نامی ایک ایسے ڈھانچے کو سونپی گئی ہے جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ اس کی پہلی سطح سیاسی کونسل ہوتی ہے جس کی قیادت وزیر اعظم کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ دوسری سطح کو ایگزیکٹو کونسل کا نام دیا گیا ہے جس کی سربراہی وزیر اعظم کے قومی سلامتی کے مشیر کرتے ہیں۔ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی اجازت دینے کا اختیار سیاسی کونسل کے پاس ہے گو کہ گوناگوں حالات میں جوابی ایٹمی حملوں کے لیے متبادل کمان کا بھی واضح طور پر اندراج کر دیا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کچھ مخصوص حالات میں وزیر اعظم کے علاوہ کوئی اور بھی ایٹمی ہتھیار چلانے کا حکم دینے کا مجاز ہوگا۔ 2003ء کے بھارتی ایٹمی نظریے کے تحت ایک تزویراتی فوجی کمان (سٹریٹجک فورسز کمانڈ) تشکیل دی گئی، جس کا کام بھارت کے ایٹمی ہتھیاروں کو سنبھالنا اور ان کی دیکھ بھال کرنا ہے۔ 2011ء میں اس کی کمان ایئر مارشل کے سپرد تھی۔[20]

درحقیقت 2003ء کا بیان 1999ء کے ڈرافٹ ایٹمی نظریے کی حتمی شکل تھی۔[21] ڈرافٹ نظریے میں کہا گیا تھا کہ بھارت درج ذیل بندوبست قائم کرنے کی کوشش کرے گا۔

(الف) وافر مقدار میں ایسا ایٹمی اسلحہ جو شدید حملوں میں بھی محفوظ رہ سکے اور عملی کارروائیوں کیلئے ہر وقت تیار رہے۔

(ب) ایک مضبوط کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام۔

(ج) موثر جاسوسی اور پیشگی خبرداری کا نظام۔

(د) ایٹمی کارروائیوں کے لیے منصوبہ بندی اور تربیت۔

(ر) وقت پڑنے پر ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کا مصمم ارادہ۔

ایٹمی نظریے میں یہ بھی واضح کیا گیا تھا کہ ایٹمی قوت کو تین طرح سے صف آرا کیا جائے گا۔ یعنی فضائی، بحری اور زمین پر متحرک میزائل کے ذریعے تاکہ فوری بھرپور جوابی حملے کے ذریعے حملہ آور کو اتنا شدید نقصان پہنچایا جا سکے جو اس کے لئے ناقابل قبول ہو۔ اس ایٹمی نظریے میں اس امر کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کو ایسی تیار حالت میں رکھا جائے کہ مختصر ترین وقت میں انہیں امن کی حالت سے نکال کر جنگی کیفیت میں چلائے جانے کے لیے تیار بنایا جا سکے۔[21]

ہوائی جہازوں کے علاوہ جن سے ایٹم بم دشمن پر پھینکے جا سکتے ہیں، بھارت نے کئی طرح کے میزائل بھی تیار کر رکھے ہیں جنہیں تجربات سے گزارا جا چکا ہے۔ ان میں 700 کلومیٹر تک مار کرنے والے اگنی I، 2000 کلومیٹر تک مار کرنے والے اگنی II اور 3500 کلومیٹر تک مار کر سکنے والے اگنی III میزائل شامل ہیں، جن کو بھارتی فوج کے حوالے کرنے کی منظوری دی جا چکی ہے۔[22] بھارت نے آبدوزوں کے ذریعے پانی کے اندر 700 کلومیٹر تک مار کرنے والا بلاسٹک میزائل بھی تیار کر رکھا ہے جس کا نام "ساگاریکا" ہے۔[23] 2009ء میں بھارت نے اپنی پہلی ایٹمی آبدوز کا افتتاح کیا۔[24] بھارتی حکومت کا منصوبہ ہے کہ کم از کم تین سے پانچ آبدوزوں کا بیڑا بنایا جائے گا اور ان میں سے ہر آبدوز ساگاریکا میزائلوں سے مسلح ہوگی۔[25] بھارت 5000 کلومیٹر تک نشانہ بنا سکنے والے اگنی V میزائل پر بھی کام کر رہا ہے۔ جو تجرباتی مراحل سے گزر چکا ہے اور اب وہ شاید اس میزائل کے لیے آزادانہ طور پر نشانہ بنا سکنے والی بیٹری (Multiple Independently Targetable Re-entry Vehicle, MIRV) کی تیاری میں مصروف ہے۔[26]

ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام قائم کرنے کے سلسلے میں بھارت کی ابتدائی سوچ کے کچھ آثار نظر آتے ہیں۔[27] اس نظام میں ایک ایسی کمانڈ پوسٹ قائم کرنے کا تصور شامل کیا گیا ہے جو کسی بڑے اور سخت ایٹمی حملے کو برداشت کرنے کے بعد بھی قائم رہ سکے اور جس کے کمانداروں کے پاس یہ اختیار ہو کہ وہ ایٹمی ہتھیار چلانے کا حکم جاری کر سکیں۔ ضروری ہے کہ اس حوالے سے جو حکم نامہ بھی جاری کیا جائے وہ خفیہ اشاروں پر مبنی پیغامات پر مشتمل ہو اور اس حکم نامے کی ترسیل بھی مواصلات کے الگ اور آزاد نظاموں کے ذریعے کی جائے۔ اس تصور میں یہ بھی شامل ہے کہ ایسی

ہتھیاروں پر اختیار منقسم ہو جائیگا، اور ہتھیاروں کو ترسیلی نظام سے جب ایک دوسری تنظیم کے ماتحت رکھا جائیگا۔

پاکستان میں کامیاب فوجی بغاوتوں اور کمزور جمہوری حکومتوں کے باعث قومی سلامتی پالیسی بنانے کا کام فوج اور خاص طور پر بری فوج کے حوالے ہو چکا ہے۔

1998ء میں اس وقت کے وزیر اعظم نواز شریف کی جانب سے ایٹمی تجربات کا حکم جاری کرنے کے بعد پاکستان نے اعلان کیا کہ "ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی حتمی اتھارٹی وزیر اعظم کے پاس رہے گی جبکہ چیئرمین جائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی ایٹمی فورس کے سٹریٹیجک کمانڈر ہوں گے۔"(28) یہ ذمہ داری سنبھالنے والے پہلے فرد جنرل پرویز مشرف تھے، جنہوں نے اکتوبر 1999ء میں نواز شریف کو برطرف کرتے ہوئے اقتدار پر قبضہ کر لیا۔

فروری 2000ء میں جنرل پرویز مشرف نے ایک نیشنل کمانڈ اتھارٹی (این سی اے) قائم کی، جسے یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں اور ان سے متعلق اداروں کی تشکیل کرنے کی حکمت عملی وضع کرے۔(29) این سی اے نے جولائی 2011ء میں اپنا 19واں اجلاس منعقد کیا۔(30) این سی اے تین اداروں ایمپلائمنٹ کنٹرول کمیٹی، ڈویلپمنٹ کنٹرول کمیٹی اور سٹریٹیجک پلانز ڈویژن پر مشتمل ہے۔ ایمپلائمنٹ کنٹرول کمیٹی کی قیادت سربراہ حکومت کرتا ہے اور اس میں خارجہ، دفاع اور داخلہ کے وزراء کے علاوہ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی، تینوں فوجی سربراہ، سٹریٹیجک پلانز ڈویژن کے ڈائریکٹر جنرل (سیکرٹری) اور تکنیکی مشیر بھی شامل ہوتے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کمیٹی کی ذمہ داریوں میں ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں پالیسی بنانا اور ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے بارے میں فیصلے کرنا شامل ہیں۔

نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا دوسرا حصہ ڈویلپمنٹ کنٹرول کمیٹی پر مشتمل ہے۔ یہ کمیٹی ایٹمی ہتھیاروں کے کمپلیکس اور ایٹمی ہتھیاروں کے نظاموں کو فروغ دینے جیسی خدمات سرانجام دیتی ہے۔ اس کمیٹی میں وہی فوجی اور تکنیکی ارکان شامل ہوتے ہیں جو ایمپلائمنٹ کمیٹی کا حصہ ہوتے ہیں تاہم اس میں کابینہ کے ارکان اور وزراء شامل نہیں ہوتے جو حکومت کے دوسرے شعبوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ڈویلپمنٹ کنٹرول کمیٹی کی سربراہی حکومت کے سربراہ کرتے ہیں۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اس کے ڈپٹی چیئرمین کے طور پر خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ دیگر

ارکان میں افواج پاکستان کے سربراہان، سٹریٹیجک پلانز ڈویژن کے ڈائریکٹر جنرل اور ہتھیاروں کی ریسرچ، ترقی اور پیداوار سے وابستہ تنظیمیں شامل ہیں۔ ان تنظیموں میں سے کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز (کہوٹہ)، نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس (NDC) اور پاکستان اٹامک انرجی کمیشن شامل ہیں۔(31) نیشنل انجینئرنگ اینڈ سائنٹفک کمیشن (NESCOM) کا شمار بھی انہی تنظیموں میں ہوتا ہے۔ اس کمیشن کی سربراہی ابتدائی طور پر ڈاکٹر ثمر مبارک مند کے پاس تھی جو قبل ازیں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن میں ڈیپارٹمنٹ آف ٹیکنیکل ڈویلپمنٹ (DTD) کے سربراہ رہے۔ یاد رہے کہ ڈاکٹر ثمر مبارک مند نے اس ٹیم کی سربراہی بھی کی تھی جس نے ایٹمی ہتھیاروں کے کامیاب تجربات کیے تھے۔(32)

نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا تیسرا حصہ سٹریٹیجک پلانز ڈویژن ہے۔ یہ حصہ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کی سربراہی میں جوائنٹ سروسز ہیڈکوارٹرز میں قائم کیا گیا ہے۔ اپنے قیام کے بعد سے لیفٹیننٹ جنرل خالد احمد قدوائی اس کی سربراہی کر رہے ہیں، اور 2007ء میں فوج سے ریٹائرڈ ہو جانے کے باوجود وہ یہیں سے اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ ڈویژن نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے سیکرٹریٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ منصوبہ بندی اور رابطہ کاری (coordination) اس ڈویژن کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ خاص طور پر کمانڈ اور کنٹرول نظام کی نچلی سطحیں قائم کرنا اور اس کا طبعیاتی ڈھانچہ (physical infrastructure) قائم کرنا اس ڈویژن کی ذمہ داریوں کا حصہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سٹریٹیجک پلانز ڈویژن کے پاس 9000 سے 10,000 افراد پر مشتمل ایک سیکیورٹی ڈویژن ہے جو ایٹمی ہتھیاروں کے کمپلیکس کی حفاظت کی ذمہ داری سنبھالتا ہے۔(33)

قیاس کیا جاتا ہے کہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو ہدف تک پہنچانے کے لیے پاکستان کا انحصار ہوائی جہازوں اور میزائلوں پر ہے۔ پاکستان کے پاس جیٹ فائٹر طیارے ہیں، جیسے کہ امریکہ کے فراہم کردہ ایف 16 طیارے، جو ایٹمی ہتھیار اپنے ہدف تک پہنچانے کے کام آ سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستان نے فضا سے زمین پر چلائے جانے والے کروز میزائل کا کامیاب تجربہ بھی کر رکھا ہے۔ اس میزائل کی رینج 350 کلومیٹر ہے اور اس کا نام رعد رکھا گیا ہے۔(34) پاک فوج کی سٹریٹیجک فورسز کمانڈ نے کم اور درمیانہ دونوں فاصلوں تک مار کرنے والے میزائلوں کے کامیاب تجربات کر رکھے

ہیں، جن میں 290 کلومیٹر مار کا غزنوی میزائل، 1300 کلومیٹر مار کا غوری میزائل اور 700 کلومیٹر مار کا بابر کروز میزائل شامل ہیں۔ 2008ء میں پاکستان فوج کی سٹریٹیجک فورس کمانڈ نے 2000 کلومیٹر مار والے میزائل شاہین 2 کی تربیتی پرواز کا مظاہرہ کیا اور دعویٰ کیا کہ اس سے شاہین 2 میزائل سے مسلح سٹریٹیجک میزائل گروپ کی جنگی صلاحیتوں کی تصدیق ہو گئی۔[35] 2011ء میں پاکستان نے 60 کلومیٹر مار والے نصر میزائل کا تجربہ کیا جس کے بارے میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ "یہ میدان جنگ میں استعمال کرنے کے لیے ہے اور اس سے پاکستان کے زمینی ایٹمی ہتھیاروں کی کم فاصلوں پر ترسیل میں تدریجی اضافہ ہو گیا ہے"۔[36] پاکستان کے پاس ایک بحری سٹریٹیجک فورس کمانڈ بھی ہے۔ جس کی ذمہ داری سٹریٹیجک ترسیل نظاموں پر تکنیکی، تربیتی اور انتظامی کنٹرول قائم رکھنا ہے۔ تاہم یہ واضح نہیں ہے کہ تاحال اس کمانڈ کے حوالے کوئی ایٹمی ہتھیار کیا گیا ہے یا نہیں۔[37]

اگر جیسا کہ نظر آرہا ہے، بھارت اور پاکستان دونوں اپنے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد بڑھاتے رہے اور متحرک میزائلوں پر انحصار بڑھاتے رہے، اور ایٹمی ہتھیاروں کو بحری بیڑوں پر رکھنے کی طرف پیش قدمی کرتے رہے تو کمانڈ اینڈ کنٹرول کے حوالے سے ان کی مشکلات پیچیدہ تر ہوتی چلی جائیں گی۔ انہیں ایٹمی ہتھیاروں کو زیادہ وقتی چوکسی کے ساتھ رکھنا پڑے گا جس میں سے چند کو بحران کی صورت میں ادھر ادھر بکھیر کر رکھنا پڑے گا اور ان کے ساتھ رابطہ بھی ختم کرنا پڑے گا تا کہ ان کی تلاش مشکل ہو جائے اور ان کے بچے رہنے کے امکانات بڑھ جائیں۔ جب ایٹمی ہتھیاروں کی ایک کافی بڑی تعداد مختلف نوعیت کے ترسیل نظاموں تک پھیلا دی گئی ہو، ہتھیار وسیع و عریض علاقوں میں تعینات کر دیے گئے ہوں اور مختلف نوعیت کے ہاتھوں میں رکھے گئے ہوں تو معمولی نچلے درجے کے کمانڈروں کو بھی ان کے استعمال کی اجازت دینی ہوگی۔ چنانچہ بحران کی صورت میں ایٹمی فورسز کو کب بکھیرنا ہے اور براہ راست مرکزی کمانڈ اتھارٹی کے اختیارات کو کم کرتا ہے۔ اپنے طور پر ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اسی طرح بڑا مسئلہ یہ بھی ہوگا کہ بحران پر کامیابی کے ساتھ قابو پا لینے کے بعد ہتھیاروں پر مرکزی قیادت کا کنٹرول دوبارہ کیسے بحال کیا جا سکے گا؟

6.4 ۔ جنگ کی طرف بڑھنے والے حالات

کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام سے یہ توقع کہ وہ دوران جنگ میں ٹھیک طور پر کام کرے، اس بات پر منحصر ہوگا کہ جنوبی ایشیا میں جنگ شروع کیسے ہوتی ہے؟ ایسے کئی منظر پیش کیے جا سکتے ہیں کہ کس طرح کوئی بحران غیر ارادی طور پر ایک جنگ کی شکل اختیار کر جائے۔[38] پاکستان اور بھارت کے درمیان تقریباً تمام اختلافات کی بنیاد کشمیر ہے، اور اس بات کا امکان ہے کہ پاکستان کی جانب سے کشمیر میں کسی کارروائی کے جواب میں بھارت اس تنازعہ کو بڑھا کر پاکستان کی حدود کے اندر جنوبی صحرا یا مرکزی میدانوں میں اپنی افواج بھیج کر پھیلا دے۔ پاکستان جغرافیائی اعتبار سے ایک پتلی پٹی کی شکل میں ہے، اور اس کی بھارت کے ساتھ ایک طویل مشترکہ سرحد ہے۔ اس جغرافیائی شکل کی وجہ سے پاکستان کے تقریباً تمام شہر اور فوجی چھاؤنیاں بھارتی طیاروں اور میزائلوں کی زد میں رہتے ہیں۔ پاکستان کے پاس بہت کم جگہیں ایسی ہیں جہاں وہ اپنے ایٹمی تجربہ گاہوں، ہتھیاروں اور میزائلوں کو چھپا سکتا ہے۔ اس کے برعکس بھارت کو اس دشواری کا سامنا نہیں ہے کیونکہ اس کا جنوبی کنارہ پاکستانی سرحد سے ایک ہزار کلومیٹر سے بھی زیادہ دوری پر واقع ہے۔ پاکستان بھی طویل عرصے سے اپنے ایٹمی ہتھیاروں اور تنصیبات پر ایک اچانک حملے کے خدشے میں مبتلا ہے۔[39] پاکستان کو یہ فکر کم از کم دسمبر 1982ء سے لاحق ہے، جب یہ خبر پھیلی کہ بھارت کہوٹہ میں یورینیم افزودہ کرنے کے کارخانے پر حملہ کرنے کے منصوبے بنا رہا ہے، جیسا کہ اس سے ایک سال پہلے اسرائیل نے عراق کے اوسیرک ری ایکٹر کو تباہ کرنے کے لیے کیا تھا (یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بھارت میں ایسا منصوبہ موجود تھا اور پھر رد کر دیا گیا تھا)۔[40] اسی خدشے کا اظہار پاکستانی حکام نے 1998ء میں اپنے ایٹمی تجربات سے پہلے بھی کیا تھا اور پاک فضائیہ کو ایٹمی تجربات کے مقام اور کہوٹہ دونوں جگہوں پر چوکس کر دیا گیا تھا تا کہ کسی ممکنہ حملے کو ناکام بنایا جا سکے۔[41] پاک بھارت سرحد جس نوعیت کی ہے، اس کے قریب جس انداز میں مسلح افواج کو صف آرا کیا گیا ہے اور جس میں اگلے محاذ پر متعین حملہ آور ہونے والے طیارے بھی شامل ہیں، اس نے خاص طور پر پاکستان کے لیے پیشگی خبردار ہونا تقریباً ناممکن بنا دیا ہے۔ بیلسٹک میزائلوں کی موجودگی جس کی مار ایک ہزار کلومیٹر سے زیادہ ہو اور جس کی وجہ سے

دونوں ملکوں کے دارالحکومت اور بڑے بھارتی شہر چند منٹوں کی پرواز کی رینج میں آ جاتے ہیں۔ اس مسئلے کو مزید گھمبیر بنا دے گی۔ (پیشگی تنبیہ کے انتظام کے مسائل پر اس کتاب میں علیحدہ گفتگو کی گئی ہے۔) ہتھیاروں کے انتظام اور ان کی تنصیب اس امر کو یقینی بنا دیتی ہے کہ دونوں میں سے کسی بھی ملک کے پالیسی سازوں کے پاس دوبارہ سوچنے اور غور کرنے کے لیے کوئی وقت نہیں ہے۔ جب جدید ٹیکنالوجی دونوں ملکوں کو کسی مسئلے کے حل کو ناممکن بنا دے تو پاکستان کے پاس اس کے سوا کیا چارہ ہے کہ بحران شروع ہوتے ہی وہ اپنی ایٹمی فورسز کو جنگ چھیڑ دینے کے لیے تیار رکھے، ورنہ اس کے ضائع ہونے کا خطرہ ہوگا۔ تاہم کیا ایسی خطرناک صورت حال درست نہیں ہے۔ اور بھی کئی مسائل سر اٹھا سکتے ہیں، جن کے حل پر توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔

بھارت کے پاس پاکستان کی نسبت کہیں بڑی روایتی فوجی طاقت ہے اور یہ بات تسلیم کی جاتی ہے کہ اگر دونوں ملکوں کی روایتی افواج (جو افواج ایٹمی ہتھیاروں سے لیس نہیں ہوتیں ان کے لئے روایتی افواج کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے) کے درمیان کوئی تصادم ہو تو بھارتی فوج غالب آ جائے گی۔ بھارتی فوج کے سربراہ جنرل دیپک کپور نے 2008ء میں دعویٰ کیا تھا کہ ان کی افواج ایسی صلاحیت حاصل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں جس کے تحت وہ نہایت مستعدی سے پاکستان پر فیصلہ کن روایتی حملہ کرنے کے قابل ہو جائیں گی۔ بھارت نے اس حکمت عملی کو "کولڈ اسٹارٹ" کا نام دیا اور اس کے تحت متعدد جنگی مشقیں کیں۔ خاص طور پر 2006ء میں بھارت نے "سنگھ شکتی" (مشترکہ طاقت) کے نام سے جنگی مشقیں کی تھیں جن میں طیارے اور ٹینک بھی استعمال کیے گئے تھے۔ ایک بھارتی کمانڈر کے مطابق اس جنگی مشق کا مقصد 2004ء میں بنائے گئے جنگی نظریے کی آزمائش کرنا تھا کہ آیا اس کے ذریعے مختصر ترین وقت میں کسی ملک کو شکست دی جا سکتی ہے یا نہیں۔[42]

پاکستانی سیاسی اور فوجی رہنماؤں نے متعدد بار اس موقف کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کا مقصد پاکستان اور بھارت کے درمیان روایتی فوجی طاقت میں پائے جانے والے عدم توازن کو دور کرنا ہے۔[43] ان بیانوں سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ پاکستان وہی راستہ اختیار کرنا چاہتا ہے جو امریکہ اور نیٹو نے یورپ میں اختیار کیا تھا۔ یاد رہے کہ امریکہ اور نیٹو نے یورپ میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کو تین مراحل میں تقسیم کر رکھا تھا۔ پہلا مرحلہ ایسی روایتی جنگ

کا تھا جس میں ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال نہیں کیا جاتا تھا اور صرف اسی صورت میں ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کی دھمکی دی جاتی جب نیٹو افواج سوویت حملے کو روکنے میں ناکام ہو جاتیں۔ دوسرا مرحلہ میدان جنگ میں چھوٹے ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال پر مبنی تھا۔ جبکہ تیسرا مرحلہ یہ تھا کہ اگر ایسے حملے کے جواب میں سوویت یونین بھی ایٹمی ہتھیار استعمال کرتا تو پورے سوویت یونین پر بڑے ایٹمی ہتھیاروں سے حملہ کر دیا جاتا۔

بظاہر ایک زمانے میں اسرائیل کی بھی یہی حکمت عملی تھی، اور اس نے 1973ء کی جنگ میں ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کی تیاریاں مکمل کر لی تھیں۔ ایک بیان کے مطابق "گولان کی پہاڑیوں پر موجود اسرائیلی پوزیشنیں شام کی جانب سے ٹینکوں کے بھاری حملے کے بعد بکھر چکی تھیں۔ 8 اکتوبر کی رات دس بجے شمالی سرحد پر تعینات اسرائیلی کمانڈر میجر جنرل اسحاق ہوفی نے اپنے افسر کو بتایا 'میرا نہیں خیال کہ ہم زیادہ دیر تک اس پوزیشن پر برقرار رہ سکیں گے۔' آدھی رات کے بعد وزیر دفاع موشے دایان نے اپنے طور پر وزیر اعظم گولڈا مائر کو خبردار کرتے ہوئے کہا 'یہ تیسرے معبد کا خاتمہ ہے' (یعنی اسرائیل کا خاتمہ ہے)۔ جس پر مسز مائر نے دایان کو اجازت دے دی کہ وہ اسرائیل کے قیامت خیز ہتھیار چلانے کے لئے تیار رہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ جو بم تیار ہوتا تھا وہ پہلے سے تیار بمبار طیاروں کی پوزیشن پر رکھ دیا جاتا تھا۔ تاہم ان ہتھیاروں کے چلائے جانے سے پہلے ہی روایتی محاذ پر حالات اسرائیل کے حق میں ہو گئے۔"[44] ان ہی واقعات کے بارے میں اس سے تھوڑا سا مختلف بیان اس طرح تحریر کیا گیا "میرب دار کا ریبہ کے مقام پر موجود میزائلوں پر ایٹمی میزائل تیار کر لئے گئے۔ اس کے علاوہ تل نوف میں خصوصی طور پر نشان زدہ ایف فور جہاز بھی تھے جو کہ ہر وقت اڑان بھرنے پر بالکل تیار کھڑے تھے۔"[45]

پاکستان اسرائیلی پالیسی پر ایک اور انداز میں بھی عمل کر سکتا ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں کو استعمال کے لئے تیار کرنے کی اسرائیلی حکمت عملی کا بنیادی مقصد دراصل واشنگٹن کو بلیک میل کرنا تھا تاکہ وہ اپنی پالیسی میں فوری تبدیلی لائے اور اسرائیلی افواج کو بھاری مقدار میں اسلحہ فراہم کرنے کا سلسلہ پھر سے شروع کرے۔[46] اسی طرح پاکستان ایٹمی دھمکی کو امریکی مداخلت کو دعوت دینے کیلئے استعمال کر سکتا ہے، تاکہ مزید نقصان سے پہلے ہی جنگ یا بحران ختم کروا دیا جا سکے۔ دھمکی دینے کے معنے چند ایٹمی ہتھیاروں کو محفوظ مقامات سے عملی جگہوں پر لانا ہی کافی ہے تاکہ امریکی

مصنوعی سیاروں کی نظر میں آ جائیں۔ بیرونی توجہ حاصل کرنے میں ناکامی پر پاکستان میدانِ جنگ میں بھارتی ٹینکوں کی پیش قدمی روکنے کے لئے ایٹمی ہتھیاروں کو استعمال کرنے کے بارے میں سوچے گا، یہ دکھانے کے لئے کہ اب اس کے پاس کوئی اور چارہ نہیں رہا۔ (اس کتاب میں ایک باب میدانِ جنگ میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے بارے میں ہے، جو اس کے سارے پہلوؤں پر بحث کرتا ہے)۔

بھارت کی فوجی مشقوں سے واضح طور پر پتہ چلتا ہے کہ وہ پاکستان کی جانب سے میدانِ جنگ میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی توقع کرتا ہے۔[47] جب پورنا وجے یعنی مکمل فتح کے نام سے ہونے والی فوجی مشقیں کی گئیں تو ان کا مقصد اسلحہ اور فوجی دستوں کے استعمال کو ایٹمی جنگ کے ماحول میں پرکھنا تھا۔ ایک بھارتی افسر نے اس بات کی تصدیق یہ کہہ کر کی کہ "ایٹمی، کیمیائی یا حیاتیاتی ہتھیاروں کے استعمال سے پیدا ہونے والی صورتحال کے چیلنجوں سے نمٹنے کے حوالے سے بھی مشقیں کی گئی تھیں"۔[48] ان مشقوں کے مدنظر پاکستان کی جانب سے چلائے، بکتر بند حملے اور سپاہیوں پر ایٹمی حملے بھی شامل تھے۔[49]

یہ مشقیں یہیں تک محدود نہیں رکھی گئیں بلکہ ان کی جارحانہ حکمت عملی کا مقصد پاکستان کی جوہری صلاحیت پر دباؤ ڈالنا، بلکہ اگر ہو سکے تو اسے کچلنا بھی ہے۔ بھارتی فضائیہ نے اپنی صلاحیتوں کو پرکھا کہ وہ پاکستانی فضائیہ کی جانب سے ایٹمی حملوں کو روکنے کے لئے جدید ترین ٹیکنالوجی کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔[50] بری فوج کا مقصد بکتر بند حملے سے دشمن کی سرحد کے اندر دور تک پیش قدمی کرنا تھا۔[51] مشقوں میں ان کے ساتھ دور مار [illegible] کے ذریعے حملہ کرنے والی [illegible] بھی شامل تھیں۔[52]

اس کے جواب میں پاکستانی منصوبہ سازوں کی خواہش ہے کہ ٹکراؤ کے بالکل آغاز ہی میں بھارتی کوششوں کا توڑ تلاش کر لیا جائے۔ ان کے خیال میں بھارتی کوششوں میں پاکستان کے ایٹمی ہتھیار لے جانے والے طیاروں کو روکنا، پاکستان کے ایٹمی ہتھیار ذخیرہ کرنے والی جگہوں کو تباہ کرنا اور ایٹمی ہتھیار کے ترسیلی نظاموں کو نشانہ بنانا شامل ہو سکتا ہے۔ پاکستان جس طرح کا کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام قائم کرنا چاہتا ہے یہ سارے معاملات اس پر اثر انداز ہوں گے اور حادثاتی خطرات کا باعث ہو سکتے ہیں۔

ایک اور معاملہ غور طلب ہے۔ ایسی کئی مثالیں موجود ہیں جن میں جنگ میں شامل فوجی دستے اس حد سے آگے نکل جاتے ہیں جہاں تک سینئر حکام یا سیاسی رہنماؤں نے اقدام کرنے کا حکم دیا تھا۔ جب ایٹمی طاقتوں کے درمیان اس طرح کی کوئی صورتحال رونما ہو جائے تو اسے غیر ارادی شدت یا بڑھاوے کا نام دیا جاتا ہے۔[53] میدانِ جنگ میں جو کچھ رونما ہو رہا ہوتا ہے اگر ان تمام معاملات کو سمجھنے اور کنٹرول کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہو تو اس سے بھی بے قابو نتائج برآمد ہو سکتے ہیں اور میدانِ جنگ میں برسرپیکار فوجیں مقرر کیے گئے حد سے آگے جا سکتی ہیں۔ ایسی کسی صورتحال میں بھارت کی روایتی فوجی طاقت اور پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کے نظاموں کے درمیان غیر متوقع تصادم کا امکان موجود رہے گا۔

پاکستان کی صورتحال کسی حد تک ان حالات کی یاد دلانے والی ہے جن کا سامنا امریکہ کے فوجی منصوبہ سازوں کو یورپ میں 1950ء کی دہائی کے اواخر اور 1960ء کی دہائی کے اوائل میں کرنا پڑا تھا۔ وہ منصوبہ ساز اس حقیقت سے نبرد آزما ہو رہے تھے کہ انہیں سوویت یونین کی غالب اور بڑی روایتی فوج کا سامنا ہے۔ چنانچہ سوویت یونین کی جانب سے کسی اچانک حملے میں اپنی ایٹمی طاقت کو تباہ ہونے سے بچانے کے لیے وہ ان ہتھیاروں کو ہر وقت ایسی چوکس حالت میں رکھتے تھے کہ چند منٹوں کے نوٹس پر ان کو چلایا جا سکے۔ اس صورتحال کا تقاضا تھا کہ بم بموں کو طیاروں اور میزائلوں پر چڑھانے کے لیے ہر وقت تیار رکھا جائے۔ چنانچہ ایسے ہتھیار ڈیزائن کیے گئے جن کے کلیدی اجزا کو ہاتھوں سے یا مشینوں کے ذریعے آخری لمحوں میں بم کے مرکز میں لگانے کی ضرورت پیش نہیں آتی تھی۔ یعنی بموں کا مرکزی حصہ مکمل طور پر تیار حالت میں ہوتا تھا۔ انہیں "سیلڈ پٹ" یعنی سربمہر مرکز کہا جاتا تھا۔ اس سے قبل صورتحال یہ ہوتی تھی کہ ہتھیاروں کے اجزا الگ الگ کر کے رکھے جاتے تھے اور صرف ضرورت کے وقت ان کو جوڑا جاتا تھا۔ یورپ میں امریکی ایٹمی فوج کو بے حد چوکس حالت میں رکھنے کی ضرورت کی وجہ سے یہ اندیشے بھی پیدا ہوئے جیسے کہ امریکی ایٹمی ہتھیاروں تک ان کے اتحادیوں کی رسائی ہو جانا، کیونکہ اس وقت ان کو یہ سکھایا جا رہا تھا کہ ان ہتھیاروں کو کس طرح رکھا اور کس طرح استعمال کرنا ہے۔ چنانچہ یہ بھی ممکن تھا کہ امریکی ایٹمی ہتھیار غیر امریکی جنگی جہازوں پر لادے جائیں اور وہ ان ہتھیاروں کو لے اڑیں۔ ان مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ہی خفیہ اشاروں پر مشتمل سوئچ

(coded arming switches) بنائے گئے۔ اس کا فائدہ یہ ہوا کہ ان ہتھیاروں تک رسائی محدود ہو گئی اور صرف وہی لوگ انہیں استعمال کر سکتے تھے جن کے پاس ان سوئچوں کو کھولنے والے خفیہ شمارے موجود ہوتے تھے۔ بعد ازاں یہ اشارے جدید پرمیسو ایکشن لنکس Permissive Action Links (PALs) قرار دیے گئے۔(54)

PALs وہ تکنیکی سوئچ ہوتے ہیں جو ایٹمی ہتھیاروں کو بلا اجازت استعمال سے بچاتے ہیں۔ وہ اس وقت بھی مؤثر ہوتے ہیں جب ہتھیاروں کے اجزاء کو جوڑا جاتا ہے، انہیں ہوائی جہاز یا میزائل پر رکھا جاتا ہے اور جب چلانے کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ انہیں ہتھیاروں کے اندر اس طریقے سے نصب کیا جاتا ہے کہ ان کو توڑا نہیں جا سکتا اور یوں ان سے کترا کے ہتھیار استعمال کر لینا ممکن نہیں ہے۔ اس سلسلے میں کئی طرح کے تکنیکی طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں، جو ظاہر ہے کہ خفیہ رکھے جاتے ہیں۔(55) بالکل جدید اور حال ہی میں بنے PALs میں چھ یا بارہ ہندسوں والے خفیہ شمارے استعمال کیے جاتے ہیں، جنہیں چند مرتبہ سے زیادہ کھولنے کی کوشش کی اجازت نہیں ہوتی۔ اگر بار بار کوشش ہو تو ہتھیار مستقل طور پر بند ہو جاتا ہے۔(56)

پاکستان اور بھارت دونوں نے اپنے اپنے PALs نظام قائم کرنے کے لئے مدد حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ "بھارت نے روس سے ہیر لاکوں کو محفوظ بنانے کی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کی کافی تگ و دو کی، جو تا حال ناکام رہی۔ جس کا مقصد بھارتی سیاسی حکام کے ان خدشات کو کم کرنا تھا کہ ہو سکتا ہے وہ ہتھیاروں سے مسلح کرنے سے ان کے استعمال پر قائم مرکزی کنٹرول ٹوٹ جائے گا"۔(57) پاکستان نے اس سلسلے میں امریکہ سے یہ کہہ کر مدد طلب کی ہے کہ "ایٹمی ہتھیاروں کے بلا اجازت یا حادثاتی استعمال کو روکنے کے لیے حفاظتی اقدامات کرنے ضروری ہیں۔ چنانچہ اس سلسلے میں زیادہ تجربہ کار ریاستوں سے تعاون کی اپیل کی جانی چاہیے"۔(58) کچھ سابق سینئر حکام زیادہ برملا انداز میں ایٹمی ہتھیاروں کے حادثاتی یا بلا اجازت استعمال کے خطرے کو جائز کرتے ہوئے ان امریکی مصنفین کا حوالہ پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی تحریروں میں امریکی حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ نئی ایٹمی ریاستوں کے ساتھ کمانڈ اینڈ کنٹرول کی معلومات کا تبادلہ کرے۔(59)

ایس پی ڈی کے سربراہ جنرل خالد قدوائی نے 2006ء میں کہا تھا کہ پاکستان کے ایٹمی

ہتھیاروں کو PALs جیسے ہی ایک نظام کے ذریعے محفوظ بنایا گیا ہے اور ان ہتھیاروں کے استعمال کی اجازت کے لیے "دو فردی اصول" اپنایا ہوا ہے، یعنی دو افراد کی جانب سے ان خفیہ شماروں کی تصدیق ضروری ہے۔(60) تاہم اس امر کو سمجھنا ضروری ہے کہ کسی تکنیکی نظام کے مؤثر ہونے کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ وہ کن حالات میں کام کرتا ہے اور کس طریقہ ہائے کار کا تابع ہے۔ PALs کے سلسلے میں بہت سی سیاسی، فوجی اور ادارہ جاتی رکاوٹیں ہیں جن کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔

چونکہ PALs ایٹمی ہتھیاروں تک غیر مصدقہ رسائی کو روک سکتے ہیں، اس لیے یہ تاثر ملتا ہے کہ اس سے ممکنہ خطرات کم ہو جاتے ہیں۔ تاہم حقیقت میں معاملہ اس سے زیادہ پیچیدہ ہے۔ چونکہ PALs ایٹمی ہتھیاروں پر زیادہ سخت اور یقینی کنٹرول فراہم کرتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں، اس لئے سیاسی قیادت اور فوجی منصوبہ ساز ہتھیاروں کو "صف آرا" اور چوکس حالت میں رکھنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں تاکہ اسے سفارت کاری کے ایک "آلے" کے طور پر استعمال کیا جا سکے۔ اس بات کو سادہ الفاظ میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ سیاسی قیادت یہ تقاضا کر سکتی ہے کہ چونکہ ہتھیاروں کو PALs کے ذریعے محفوظ بنا دیا گیا ہے، اس لئے اب انہیں دشمن ملک پر دھاوا بولنے کے لئے بالکل تیار حالت میں رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے۔ دراصل PALs کے ساتھ وابستہ یہ سوچ کافی پرانی ہے۔ فریڈ ایکلے (Fred Ikle) کو PAL نظام کا باپ تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نے 1950ء کی دہائی میں اس بات کی وکالت کی تھی کہ چونکہ اس طرح کے نظام زیادہ وقت لینے والے حفاظتی نظاموں کی جگہ لے کر ایٹمی ہتھیاروں کو بالکل تیار حالت میں رکھنے کا راستہ ہموار کریں گے اس لئے یہ ہتھیاروں کو زیادہ چوکس حالت میں رکھنا سیاسی لحاظ سے کافی قابل قبول ہو جائے گا۔(61) افراد کی بجائے ٹیکنالوجی پر انحصار کرنے کے عمل کو اس طرح پیش کیا جاتا ہے جیسے اس سے خطرات کم ہو گئے ہیں اور اسی لیے اسے معقول تصور کرنے میں آسانی ہوتی ہے

فریڈ ایکلے نے جس ترغیب کا ذکر کیا ہے وہ جنوبی ایشیا میں خاص طور پر کام کرتی نظر آتی ہے جہاں پاکستان اور بھارت دونوں کو یقین ہے کہ کسی بھی بحران کی صورت میں امریکہ جاسوس طیاروں، مصنوعی سیاروں اور دیگر الیکٹرانک ٹیکنالوجی پر مشتمل تکنیکی ذرائع استعمال کر کے یہاں کے واقعات کی نہایت باریک بینی سے نگرانی کرے گا، اور شاید مداخلت کے لئے تیار بھی ہو سکے۔

ماضی میں پاکستان خاص طور پر مختلف نوعیت کے فوجی اقدامات کے بعد ایسے حملوں کا تقاضا کر چکا ہے، جن میں سب سے اہم 1999ء کا کارگل کا مسئلہ تھا۔ چنانچہ یہ بات بعید از قیاس نہیں کہ کسی بحران کی صورت میں PALs کی موجودگی پاکستانی پالیسی سازوں کو موقع دے کہ وہ اپنی ایٹمی افواج کو تیار کرنا شروع کر دیں تاکہ امریکہ کو یہ اشارہ مل جائے کہ وہ ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے سلسلے میں بالکل سنجیدہ ہیں اور امریکہ بھارت کو کسی نہ کسی طریقے سے حملے سے روک دے۔

پاکستان اور بھارت کے مابین اگر جنگ ہوگی تو روایتی ہتھیاروں سے لیکن ایٹمی ہتھیاروں کے تناظر میں۔ یہ بات تسلیم کی گئی ہے کہ "اس صورت میں PALs کی موجودگی کے باوجود ایٹمی ہتھیاروں کا کنٹرول مرکز سے میدانِ جنگ کے کمانڈروں کے ہاتھوں میں منتقل کرنے کی ضرورت باقی رہے گی، اس ڈر سے کہ ان حالات میں اگر یہ ہتھیار میدانِ جنگ میں بھجوا دیے جائیں [illegible] کو کھولنے کے خفیہ نمبروں (کوڈز) کا کنٹرول سیاسی حکام کے پاس ہو تو روایتی جنگ کی افراتفری میں اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکتی کہ سارے کوڈز ان کے متعلقہ ہتھیاروں میں لگائے گئے کوڈز کے مطابق ہوں۔ پھر اگر اس سیاسی قیادت پر حملہ ہوا جس کے پاس ان تالوں کے کوڈز ہوں یا ایٹمی ہتھیاروں کے خفیہ اشارے [illegible] بن گئے تو ان ہتھیاروں کو چلانے اور جوابی حملہ کرنے کے تمام راستے مسدود ہو جائیں گے۔ چنانچہ شدید دباؤ ہوگا کہ جب ہتھیاروں کو ان کے ذخیروں سے نکال اور متعلقہ جگہوں تک لے جایا جائے اسی وقت ان سے قفل کھولنے کے کوڈز (خفیہ اشارے) جاری کر دیے جائیں۔"[62] مختصر یہ کہ پاکستان کی مجبوری یہ ہے کہ اگر وہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو حملوں سے بچانا چاہتا ہے تو انہیں بکھیرنے کے سوا اس کے پاس کوئی چارہ نہیں، اور اسے لازماً ان ہتھیاروں کا مرکزی کنٹرول کم کرنا پڑیگا جس کے نتیجے میں بحران اور تصادم کی صورت میں PAL کا انتظام بے اثر ہو جائیگا۔

جہاں تک PALs کے حتمی کنٹرول والی ٹیکنالوجی کے طور پر کام کرنے کا تعلق ہے (یعنی دراصل میں ہتھیاروں تک رسائی محدود کرنا) تو اس میں فوج کی روزمرہ کے طریق کار اہم ہو جاتے ہیں۔ یہ صرف ہتھیار ہی نہیں جن کو مناسب انداز میں محفوظ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے بلکہ ان تالوں کے خفیہ کوڈز کو بھی احتیاط سے سنبھال کر رکھنا پڑتا ہے۔ کیونکہ PALs بھی صرف اسی وقت موثر ثابت ہوتے ہیں جب ان تالوں کے لیے بنائے گئے خفیہ اشارے بھی محفوظ رکھے جائیں۔

اگر کسی شخص کو ان اشاروں کا پتہ چل جائے تو پھر سیکیورٹی کا یہ انتظام ایٹمی ہتھیاروں کا تحفظ نہیں کر سکتا۔ یہ ایک مشکل اور بڑا مسئلہ ہے۔ حتیٰ کہ ان ممالک میں بھی یہ ایک بڑا مسئلہ ہے جن کے پاس ان PALs کو استعمال کرنے کا عشروں کا تجربہ ہے۔ اس حوالے سے ایک حادثہ بھی پیش آ چکا ہے جب دسمبر 1994ء میں امریکی سٹریٹجک کمانڈ کے فضائی کمانڈ سنٹر میں سہواً طور پر امریکی سٹریٹجک افواج کے لیے استعمال ہونے والے خفیہ اشارے ظاہر ہو گئے۔[83]

پاکستان اور بھارت میں ناقص منصوبہ بندی اور نامناسب طریقہ ہائے کار کی وجہ سے اداراتی ناکامی کی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ ایک کارآمد مثال اس طریق کار اور اس سے متعلق منصوبہ بندی کی ہے جس پر دونوں ملکوں کی فوجیں [illegible] میں اپنا اپنا روایتی اسلحہ بارود ذخیرہ کرنے کے لیے عمل کرتی ہیں۔

مارچ 1988ء میں بھارت کے شہر جبل پور میں واقع مرکزی اسلحہ ڈپو میں (جس کے بارے میں دعویٰ کیا جاتا ہے کہ یہ ایشیاء کا سب سے بڑا ڈپو ہے) حادثاتی طور پر آگ لگ گئی۔ آتشزدگی کی وجہ سے ریزرو میں بنکروں میں ذخیرہ کیے گئے اسلحہ بارود میں کئی روز تک دھماکے ہوتے رہے۔ چنانچہ مقامی باشندوں کو محفوظ رکھنے کے لیے متعدد قریبی دیہات خالی کرا دیے گئے اور 45 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع جبل پور ایئرپورٹ بند کر دیا گیا۔[84] اس حادثے کی وجہ سے اربوں ڈالر کا نقصان ہوا۔ تفتیش سے پتہ چلا کہ یہ حادثہ اس ذخیرے کو کنٹرول کرنے والوں کی غفلت کی وجہ سے پیش آیا۔ اس ڈپو پر کام کرنے والے افراد اور ریاستی پارلیمنٹ کے مقامی نمائندوں نے ڈپو کے کئی افسروں کو ذمہ دار ٹھہرایا۔[85]

بار بار متنبہ کیے جانے کے باوجود اس حادثے کے ایک دہائی بعد تک ایسے مزید کئی حادثات پیش آئے۔[86] 1998ء میں [illegible] کے قریب قائم اسلحہ گودام میں آگ لگ گئی جہاں بکتربند گاڑیاں اور دیگر اسلحہ اور بارود رکھا گیا تھا۔ اور جو چندی پور میں قائم ہونے والی تجربات کے لیے مختص میدان کے ساتھ قریبی طور پر منسلک تھا۔[87] اس حادثے کی تفصیلات خفیہ رکھی گئیں۔ ایک اور واقعہ اپریل 2000ء میں بھرت پور میں پیش آیا جس کے اسلحہ بارود کے ڈپو میں آگ لگنے سے 12000 ٹن اسلحہ بارود تباہ ہو گیا۔ اس میں روس سے خریدے گئے دور مار کرنے والے میزائل، ٹینک شکن گائیڈڈ میزائل، ٹینک اور توپوں کے گولے وغیرہ شامل تھے۔ یہ کتنا بڑا نقصان تھا اس کا

اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ بھارت کے جنوبی آرمی کمانڈ میں جتنا بھی ذخیرہ موجود تھا، تباہ ہونے والا اسلحہ و بارود اس کا 30 سے 40 فیصد بنتا تھا۔[68] اس سے قدرے چھوٹا ایک حادثہ پٹھان کوٹ کے مقام پر پیش آیا، جس میں 400 ٹن اسلحہ و بارود آگ لگنے سے تباہ و برباد ہو گیا۔ اس حوالے سے بھارتی فوج کے ایک ریٹائرڈ میجر جنرل نے بہت شدت سے دعویٰ کیا کہ جائے وقوعہ پر ہنگامی تعمیرات اسلحہ ڈپو کے اردگرد ایک کلومیٹر کی قائم کردہ حد کو عبور کرنا شروع کر چکی تھیں، جس سے اس ڈپو کی حفاظت اور لوگوں کی زندگیاں داؤ پر لگ چکی تھیں۔[69] مئی 2001ء میں کسی طرح کی ایک اور آتشزدگی ہوئی۔ یہ واقعہ راجستھان میں واقع سورت گڑھ ڈپو میں رونما ہوا۔ اس حادثے میں ٹینکوں اور دیگر نوعیت کے اسلحے میں استعمال ہونے والا 8000 ٹن گولہ بارود تباہ ہو گیا۔[70] یاد رہے کہ یہ ڈپو بھارتی فوج کے بڑے ایمونیشن سٹور کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ اس حادثے کے بارے میں وضاحت پیش کرتے ہوئے بھارتی وائس چیف آف آرمی سٹاف نے قرار دیا کہ یہ سب کچھ "قطعاً حادثاتی" تھا اور "بھگوان کی یہی مرضی تھی"۔[71] دیگر فوجی افسران نے نجی طور پر رائے دیتے ہوئے اسے "لاپرواہی کا بحران" قرار دیا۔[72]

بھارت وہ واحد ملک نہیں ہے جس کے اسلحے کے بڑے ذخیروں میں آتشزدگی اور تباہی کے واقعات پیش آئے بلکہ دیگر کئی ممالک میں بھی ایسے واقعات پیش آ چکے ہیں جن میں پاکستان بھی شامل ہے۔ یہاں ایک واقعہ 10 اپریل 1988ء کو اسلام آباد اور راولپنڈی کے جڑواں شہروں کے قریب واقع اوجھڑی کیمپ میں پیش آیا، جب وہاں رکھے ہوئے اسلحہ اور گولہ بارود کو آگ لگ گئی۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس حادثے میں ایک سو افراد ہلاک اور ایک ہزار زخمی ہوئے۔[73] تاہم دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق ہلاک ہونے والوں کی تعداد 6000 سے 7000 کے مابین تھی اور زخمی ہونے والے بھی ہزاروں میں تھے۔[74] وزارت خارجہ نے پارلیمنٹ میں اس حادثے کی جو توجیہ پیش کی وہ یہ تھی کہ اسلحہ و بارود سے لدے ٹرک میں حادثاتی طور پر آگ بھڑک اٹھی جس نے پوری جگہ کو لپیٹ میں لے لیا۔[75] اس وقت کے وزیراعظم محمد خان جونیجو نے اعلان کیا تھا کہ اسلحے کے ڈپو آبادی والے علاقوں سے دور منتقل کیے جائیں گے۔[76] اس حادثے کے تقریباً ایک دہائی بعد ایک سابق سینئر فوجی افسر نے تجزیہ کیا کہ اوجھڑی کے سانحے سے یہ سچ ہو گیا تھا کہ "اصول و ضوابط اور ہدایات

کی شدید خلاف ورزیاں کی گئی تھیں۔" انہوں نے کہا کہ ان تجربوں کے باوجود اس حادثے سے شہری آبادیوں سے دور ایک اسلحہ ڈپو قائم کرنے کے حوالے سے کوئی سبق نہیں سیکھا گیا، نہ ہی کوئی نیا انتظامی بندوبست کیا گیا جس کے تحت ایسے کسی بحران کی شکل میں فوجی اور شہری حکام کو مشترکہ اقدامات کے لئے یکجا کیا جا سکے۔[77]

یہ حالات ناقص منصوبہ بندی، غیر محتاط طریقہ ہائے کار اور محدود نگرانی کے ثبوت کو ظاہر کرتے ہیں۔ پاکستان آرمی جرنل میں تربیت کے طریقہ کار کے بارے میں خاص طور پر اندیشوں کا اظہار کچھ یوں کیا گیا ہے: "فوجی افراد اور فوجی تنظیمیں (یونٹس، فوجی تربیتی ادارے) غیر حقیقت پسندانہ توقعات اور بے مقصد سرگرمیوں کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہیں، جس کے نتیجے میں فوجی زندگی کا ہر پہلو، خصوصاً تربیت، نظم و ضبط، انتظامی کارروائی، اخلاق اور حوصلہ بہت بری طرح متاثر ہو رہے ہیں"۔[78] اس بحران کی بنیاد ایک خاص غلطی میں پائی گئی ہے: "یہ مفروضہ کہ فوجی افراد چاہے وہ ضابطوں کے کتنے ہی پابند کیوں نہ ہوں، مشینی کل پرزے کی طرح کام کریں گے قطعاً غلط ہے۔ ہمارے معاصر دور کی عظیم حکمت اس معاملے میں غلطی کا شکار ہوئی ہے"۔ اسی وجہ سے ایٹمی افرادی قوت پر اعتبار کے پروگرام (Nuclear Personnel Reliability Program) کے بارے میں اندیشے بڑھ گئے ہیں جسے پاکستان نے تشکیل دیا ہے۔

پاکستان میں ایٹمی تنصیبات سے متعلق افراد پر اعتبار کے پروگرام کے بارے میں معلومات بہت محدود ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ اس پروگرام کے تحت ایٹمی ہتھیاروں کے کمپلیکس میں کام کرنے والوں کے مالی امور یا مالی وسائل، سیاسی نظریات اور جنسی رجحانات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مذہبی جھکاؤ اور شدت کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ نئے بھرتی ہونے والوں کے پس منظر کی بھی کم از کم ایک سال تک کی طرح سے پڑتال کی جاتی ہے اور نئے ملازمین کو حساس ملازمتوں میں لے جانے سے پہلے نئی سیکیورٹی چیک تک ان کی نگرانی کی جاتی ہے۔ ان کا وقتاً فوقتاً نفسیاتی معائنہ بھی کیا جا سکتا ہے اور ان کے ساتھی کارکنوں سے ان کے بارے میں رپورٹیں بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔[79] بہرحال یہ سارے طریقہ کار صرف تب ہی موثر ثابت ہو سکتے ہیں جبکہ وہ لوگ جن کو ان ملازمین اور کارکنوں کی نگرانی کرنے اور ایسے فیصلوں پر عملدرآمد کی ذمہ داری سونپی گئی ہوتی ہے۔

حال ہی میں پاکستانی فوج کے کچھ افسر اپنے سربراہ اور صدر مملکت جنرل پرویز مشرف پر اور پھر جنرل ہیڈکوارٹرز پر حملے میں ملوث پائے گئے۔ اسی طرح خدشہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ مختلف شہروں میں آئی ایس آئی کے ڈائریکٹوریٹ پر حملوں میں بھی کچھ اندرونی لوگ ملوث رہے ہونگے۔ 2011ء میں کراچی میں بحری فوج کے پی این ایس مہران پر ہونے والے حملے کی کہانی بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔ کئی فوجی افسروں اور سپاہیوں کو اس الزام میں گرفتار کیا گیا کہ ان کے جنگجو اسلامی گروہوں کے ساتھ تعلقات اور رابطے تھے۔ 2011ء میں جی ایچ کیو میں کام کرنے والے ایک بریگیڈیئر اور چار دیگر افسروں کو گرفتار کیا گیا جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کے جہاد پرست سلفی گروپ حزب التحریر کے ساتھ روابط اور تعلقات کے بارے میں تفتیش کی جا رہی ہے۔(80) ان سارے معاملات کی تاریخ کو مدنظر رکھا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ پاک فوج میں ایسے عناصر کے منصوبوں کا قبل از وقت پتہ چلانے اور ان کو ختم کرنے کا کوئی قابل بھروسہ طریقہ نہیں ہے جن کے جہاد پرست اسلامی گروہوں کے ساتھ رابطے اور ہمدردیاں ہوں

6 5 ۔ ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن ورژن کی حفاظت

پاکستان اور بھارت دونوں کا ایٹمی ہتھیاروں کو ڈیزائن کرنے، ان کے تجربات کرنے اور ان کو ہتھیاروں اور میزائلوں کے مطابق ڈھالنے کا تجربہ بہت محدود ہے۔ ان کی افواج کا میدان جنگ میں ایٹمی ہتھیار سنبھالنے اور محفوظ رکھنے کا تجربہ اس سے بھی زیادہ محدود ہے۔ پاک فوج کے معاملات سے آگہی رکھنے والے ایک فوجی تجزیہ کار نے اپنی ایک رپورٹ میں بتایا ہے کہ "کمپوزٹ میزائل رجمنٹ" قائم ہونے کے ایک دہائی بعد بھی اور ایٹمی میزائلوں کے ساتھ مشقیں کرنے کے باوجود فوج کے طریقہ کار بہت زیادہ موثر نہیں ہیں۔ یاد رہے کہ کمپوزٹ میزائل رجمنٹ 1989ء میں قائم کی گئی تھی۔

امریکہ نے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے حادثاتی طور پر چل جانے کے خطرات سے نمٹنے کے لیے عملی کوششوں کا آغاز 1950ء کی دہائی کے وسط میں کیا۔ ایسا کرنے کی ضرورت اس وقت محسوس ہوئی جب ایک دور سے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو چلانے کے لیے تیار رکھنے اور جنگی جہازوں پر نصب کرنے کی ضرورت پیش آئی۔

ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن تیار کرنے والوں کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ ایسے ایٹمی ہتھیار تیار کریں جو ون پوائنٹ سیف ہوں۔ یعنی ایسے ہتھیار جن میں لگے ڈیٹونیٹرز میں سے اگر کوئی ایک حادثاتی طور پر پھٹ جائے تو اس سے ایٹمی دھماکے والا عمل شروع نہ ہو۔ اب یہ ایک عام معیار بن چکا ہے۔

اس خدشے کے پیش نظر کہ کسی حادثے کی صورت میں ایٹمی ہتھیاروں کا برقی فائرنگ نظام خود بخود چل پڑے، ان ہتھیاروں میں مزید حفاظتی انتظامات کی خاطر ایسے آلات نصب کیے گئے تاکہ کوئی بھی ایٹمی ہتھیار اپنی کسی بھی حالت میں، (یعنی چاہے ذخیرے کی حالت میں ہو، ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا رہا ہو یا حالت جنگ میں ہو) یا حادثے کی صورت میں، قبل از وقت یا غیر ضروری طور پر نہ چل سکے اور یقین کرنے کے لئے کہ یہ صرف اسی وقت چلیں اور ضرور چلیں، جب انہیں چلانا مقصود ہو۔ (Enhanced Nuclear Detonation Safety Sytem ENDS) کے نام سے مزید حفاظتی تدبیری نظام وضع کیا گیا۔ عام طور پر ان نظاموں کا انحصار ایسے حساس آلات (sensors) سے آنے والے برقیاتی اشاروں پر ہوتا ہے جو بم کی حرکت سے اندازہ لگاتے ہیں کہ وہ طے شدہ طریقے سے اپنے ہدف کی طرف رواں ہے یا نہیں۔ ان سے انحراف کی صورت میں بم پھٹنے سے باز رہتا ہے۔

حادثات کی صورت میں پلوٹونیم کے ادھر ادھر پھیلنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے امریکہ نے یہ طریقہ اپنایا کہ ایٹمی ہتھیاروں میں موجود ابتدائی دھماکہ خیز بارودی مواد کو، جو 90% (hexamine nitromane (HMX)) پر مشتمل ہوتا تھا، کم حساس بارودی مواد '2,4,6-tri-nitro-1 3 5-benzene triamine, TATB' سے تبدیل کر دیا (جو کہ شدید ترین حالات میں آگ پکڑتا ہے اور نہ ہی دھماکے سے پھٹتا ہے) اور ساتھ ہی یورینیم یا پلوٹونیم کے گولے کے اطراف میں بیرونی سطح کا خول بھی چڑھا دیا جو حیثیت پذیر ہے اور آگ تک برداشت کرتا ہے۔(81) البتہ اگر طیارے کو حادثہ پیش آ جائے اور اس کے باعث بارودی مواد پھٹ جائے تو اس خول کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اسی طرح اگر میزائل کے ایندھن کو آگ لگ گئی تو کم حساس مادہ بھی بمشکل بچ سکے گا۔ آگ برداشت کرنے والے اس کم حساس بارودی مواد کے استعمال کی وجہ سے بم کے وزن اور حجم میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اس مواد کے پھٹنے کا عمل بھی مختلف ہوتا ہے۔

امریکہ نے اپنے ایٹمی ہتھیاروں میں کم حساس بارودی مواد اور آگ سے محفوظ مرکزی گولے کو پرکھنے کے لیے متعدد ایٹمی تجربات کیے۔ جدید ترین کمپیوٹر پر کیے گئے نقلی حسی تجربات سے، اور گزشتہ دھماکوں کے عملی تجربات سے معلوم ہوا کہ اس سے نقل بنائے گئے "دو جہتی (two-dimensional) دھماکے کی پیمائش میں ناکافی اور بعض لحاظ سے گمراہ کن تھے کہ اصل دھماکے کا آغاز کیسے ہوتا ہے اور کس طرح مادہ خود منتشر تابکاری اور ایٹمی دھماکے کی شدید لہر کے پھیلاؤ کا باعث بنتا ہے۔" [82] ایک اندازے کے مطابق امریکہ نے ایک ذخیرے میں ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے سلسلے میں 130 کے قریب کم طاقت والے تجربات کیے۔ جن میں سے 62 کے بارے میں سرکاری طور پر تسلیم کیا گیا کہ یہ ان پر تحت سیفٹی تجربات تھے۔ [83] اس کے مقابلے میں 1949ء سے 1990ء کے درمیانی عرصے میں سوویت یونین نے یک سو کے قریب ہائیڈرو ڈائنیمک تجربات اور 25 سیفٹی تجربات کیے جن میں 42 ایٹمی ہتھیاروں کو استعمال میں لایا گیا۔ [84] نئے نمونہ ایٹمی حفاظتی نظام ENDS کی موجودگی میں مزید ایٹمی تجربات کی ضرورت نہیں رہتی چونکہ یہ نظام ہتھیاروں کے دھماکہ خیز اور اشتعالی حصوں کو منتشر نہیں کرتے

بھارت نے پہلا ایٹمی دھماکہ مئی 1974ء میں کیا۔ جو بہ لحاظ 1945 کے پہلے امریکی تجربے کی طرح پلوٹونیم کا ایک بھونڈا، بڑا، بھاری اور اندر کی طرف پھٹنے والے (implosion) ہتھیار کا تجربہ تھا۔ اس کی طاقت کے اندازے ابھی تک حتمی نہیں ہیں۔ [85]

1986ء میں بھارت نے پہلی بار ایسا بم بنانے کی کوشش شروع کی جسے طیارے کے ذریعے پھینکا جا سکے۔ اس بم کی تیاری میں کئی معاملات کا خاص طور پر خیال رکھنا پڑا، جیسے بہتر معیار کا بارودی مواد اور صوتی لہروں کے عدسے استعمال کر کے اس کے حجم کو کم رکھنے کی کوشش کی گئی اور ایسے ڈیٹونیٹر استعمال کیے گئے تھے جن کے ناکام ہونے کا کوئی خدشہ نہ تھا۔ اس میں زیادہ دیرپا والے قابل بھروسہ (برقی بار کو ذخیرہ کرنے والے) کیپسٹر بنائے گئے تھے۔ علاوہ ازیں اس میں برقی آلات کا ایک پورا سسٹم اس امر کو یقینی بنانے کے لئے نصب کیا گیا تھا کہ بم صرف اس وقت چلے جب اس کو مناسب اور متعلقہ افراد چالو کرنے کے لیے جائیں۔ [86]

اسی سلسلے میں ٹرمینل بیلسٹک ریسرچ لیبارٹری چندی گڑھ نے بم کو چھوٹا اور کم وزن بنانے کی کوشش کی اور اس مقصد کے لیے HMX94% کو اعلیٰ بارودی مواد کے طور پر استعمال

کیا جس کی دھماکہ خیزی بہت تیز رفتار ہے۔ [87] 1990ء کی دہائی کے دوران کی جانے والی ان کوششوں کا ہی نتیجہ ہو سکتا ہے کہ 11 مئی 1998ء کو بھارت کے پانچ ایٹمی دھماکوں میں ایک تجربہ تیار شدہ ایٹم بم کا بھی تھا۔ اس وقت بھارت کے ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کے سربراہ آر چدمبرم تھے۔ ان کا بیان ہے کہ "15 کلوٹن طاقت کا یہ ایٹم بم کئی برسوں سے ایٹمی ہتھیاروں کے ذخیرے میں پڑا ہوا تھا۔ باقی ماندہ تجربے ایسی شکلوں کے تھے کہ جنہیں بموں میں ڈھالا جا سکتا ہے۔" [88] اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ بھارت کے ایٹمی ہتھیاروں میں کم حساس بارودی مواد استعمال نہیں کیا جاتا۔ اور چونکہ ہتھیاروں کا سائز چھوٹا اور وزن کم رکھنے کی بھی ضرورت رہی ہوگی اس لیے ممکن ہے کہ ان میں آگ سے مزاحمت والے مرکزی گولے بھی موجود نہ ہوں کیونکہ اس سے بھی سائز بڑا ہو جاتا ہے۔

اگرچہ بھارت کے ایٹمی سائنسدانوں نے اپنے بیانات میں کئی بار اپنے ایٹمی ہتھیاروں کی پیداوار اور طاقت کا ذکر تو کیا ہے لیکن انہوں نے ان کی سیفٹی کے بارے میں کبھی ایک بھی لفظ نہیں کہا۔ سرکاری طور پر بھی اس بات کا کبھی کوئی اعلان نہیں کیا گیا کہ بھارت کے ایٹمی ہتھیار ون پوائنٹ سیفٹی کے حامل ہیں حتیٰ کہ اس بات کا بھی کوئی دعویٰ نہیں کیا گیا کہ ان ایٹمی ہتھیاروں کی سیفٹی کا جائزہ لینے کے لیے تجربات کیے گئے ہیں۔ 13 مئی 1998ء کو جو دو چھوٹے ایٹمی تجربات کیے گئے تھے ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ایک کلوٹن سے کم طاقت والے دھماکے تھے اور کہا گیا کہ ان کا مقصد کمپیوٹر ماڈل بہتر بنانا تھا۔ تاہم قطعاً کوئی دعویٰ نہیں کیا گیا کہ ان میں سے کوئی بھی سیفٹی ٹیسٹ تھا۔

اس کے باوجود کہ اس کے ایٹمی ہتھیاروں میں ون پوائنٹ سیفٹی سسٹم کے موجود ہونے، بلکہ حفاظت کے کسی بھی جدید نظام کے موجود ہونے کے کوئی شواہد نہیں ہیں، بھارت نے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو طیاروں اور میزائلوں پر نصب کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 15 اپریل 1999ء کو "اگنی 2" کی آزمائشی پرواز میں "غیر مرکزی بم سے جیسے طور پر پلوٹونیم کے گولے کے بغیر ایٹمی ہتھیار نصب کر دیا تھا تاکہ یہ پتہ چلایا جا سکے کہ حفاظتی قفل سمیت اس کے سارے نظام ٹھیک طور پر کام کرتے ہیں یا نہیں۔" [89] قبل ازیں یہ دریافت ہو چکا تھا کہ شدید لرزش کی حالت میں ایٹمی ہتھیار کا نظام قبل از وقت کھل جاتا ہے۔ جنوری 2001ء میں اگنی۔2 کا

ایک بار بھی تجربہ کیا گیا جس کو اس کی "حتمی عملی شکل" قرار دیا گیا۔[90]

بھارتی سائنسدانوں کی طرح پاکستانی ایٹمی سائنسدانوں نے بھی اپنے ہتھیاروں کے حفاظتی انتظام کے بارے میں کوئی واضح بات نہیں کی ہے۔ میزائلوں، طیاروں اور کروز میزائلوں کے ذریعے اور محفوظ طور پر میدانِ جنگ میں چلائے جانے کے قابل ایٹمی ہتھیار تیار کرتے ہوئے پاکستانی سائنسدانوں کو بھی ہتھیاروں کا حجم اور وزن کم رکھنے کی مشکلات سے گزرنا پڑا ہوگا۔ اس پر مستزاد یہ شورش رہی کہ ان ہتھیاروں اور میزائلوں کے بہت محدود تعداد میں ٹیسٹ کیے گئے۔ اس وجہ سے اس بات کا امکان کم ہے کہ ان میں حفاظتی اقدامات کے طور پر غیر حساس بارودی مواد یا آگ سے مزاحم مرکزی گولے کا بندوبست کیا گیا ہوگا۔ چنانچہ یہ واضح ہے کہ اگر ان کو جنگی حالت کے لئے صف آرا کیا گیا تو حادثاتی طور پر ان کے چل جانے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

دیگر ریاستوں کا تجربہ بتاتا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے ساتھ کئی طرح کے حادثات پیش آ سکتے ہیں۔ جیسے ہتھیاروں سے لیس جہاز کا تباہ ہو جانا، آتشزدگی یا میزائل میں دھماکہ ہو جانا وغیرہ۔ حادثات ان ہتھیاروں کے ذخیروں میں بھی ہو سکتے ہیں اور ان کی نقل و حرکت کے دوران بھی۔ تاہم ایسے حادثات کا خطرہ اس وقت بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے جب ان کو میزائل یا ہوائی جہاز جیسے ترسیلی نظام پر نصب کر دیا گیا ہو۔ اور حادثات کے خطرات اس وقت مزید بڑھ جاتے ہیں جب ان کو بے حد چوکس حالت میں رکھا گیا ہو۔

جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں کے کسی حادثے کے نتائج بہت سنگین اور بھیانک ہو سکتے ہیں۔ چاہے حادثہ ایٹمی دھماکے کی شکل میں نہ ہو اور صرف بارودی حصہ پھٹے۔ لیکن وہی دھماکہ پلوٹونیم اور یورینیم کے باریک ذرات کی گیس فضا میں بکھیر دے تو ایک گنجان آباد بڑے شہر میں پانچ ہزار سے 20 ہزار ہلاکتوں کا باعث بن سکتا ہے، جو سانس کے ذریعے تابکار پلوٹونیم کے جسم کے اندر جانے کے سبب کینسر سے ہوں گی۔[91]

اس سے بھی زیادہ تشویشناک صورت وہ ہوگی جس میں بارودی حصے کے دھماکے سے ایٹمی دھماکہ بھی رونما ہو جائے۔ اصولی طور پر تو ایسے حادثے کی وجہ سے تھوڑی سی توانائی خارج ہونی چاہیے جتنی طاقت کا وہ ایٹمی ہتھیار ہے، لیکن اس کے وہی اثرات سامنے آئیں گے جو ارادتاً ایٹمی ہتھیار چلانے کی وجہ سے سامنے آتے ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اگر ایٹم بموں کی

طاقت اتنی ہی ہو جتنی پاکستان اور بھارت کا دعویٰ ہے تو ان میں سے ہر ایک سے کئی لاکھ افراد ہلاک ہو سکتے ہیں۔[92] الغرض ایٹمی ہتھیار کے حادثات خوفناک اثرات و نتائج کے حامل ہو سکتے۔

6 6۔ حاصل بحث

پاکستان اور بھارت دونوں ممالک کی جانب سے ایٹمی ہتھیار بنانے اور اب دونوں جانب سے ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول کے نظام بنانے کی کوششوں سے ان کے عوام کے لیے شدید خطرات پیدا ہو گئے ہیں۔ ایٹمی ہتھیاروں کی تاریخ بتاتی ہے کہ ایک مضبوط ایٹمی بازدار (deterrence) کا تقاضا ہے کہ ایسی افواج بھی بنائی جائیں جو ان ہتھیاروں کو چلا سکنے کے لئے پوری طرح مسلح، تربیت یافتہ اور باصلاحیت ہوں۔ اس تاریخ سے یہ بھی سبق ملتا ہے کہ افراد، اداروں اور ٹیکنالوجی تینوں سے کوئی بھی چوک ہو سکتی ہے۔ اگرچہ اپنی تباہ کن طاقت کی وجہ سے ایٹمی ہتھیار پاکستان، بھارت اور چند دیگر ممالک کے لئے مرغوب ہوتے ہیں، لیکن یہ کسی بڑی تباہی کا پیش خیمہ بھی ہو سکتے ہیں۔

کسی حادثے کا خطرہ کئی ایسے عوامل کی وجہ سے بڑھ جاتا ہے جن کے بارے میں قبل از وقت کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ تاہم گزشتہ پچاس برسوں یا اس سے کچھ زیادہ عرصے کے دوران ایٹمی ہتھیاروں کا کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام قائم کرنے کے تجربے سے واضح طور پر کچھ اہم سبق حاصل کیے اور کچھ اہم نتائج اخذ کیے جا سکتے ہیں۔ ان میں سب سے اہم یہ ہے کہ ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول کا کوئی نظام بھی مکمل اور جامع نہیں ہو سکتا، چاہے یہ کتنی ہی احتیاط کے ساتھ کیوں نہ بنایا گیا ہو۔ چاہے اس کو چلانے کے لیے کتنے ہی ماہر اور بہترین تربیت یافتہ حکام کو ہی کیوں نہ لگایا گیا ہو اور اسے بنانے کے لیے کتنی ہی بہترین ٹیکنالوجی کیوں نہ استعمال کی گئی ہو یا اس پر کتنی ہی رقم خرچ کی گئی ہو۔ اس نظام کو پیچیدہ کیے جانے والے کام سے اندرونی طور پر کچھ گہرے مسائل ہیں جو اس کی ناکامی کے امکانات کو بڑھا دیتے ہیں، جس سے کسی بڑے حادثے اور تباہی کا امکان بھی بڑھ جاتا ہے۔

1998 کے ایٹمی تجربات کے بعد اب پاکستان اور بھارت دونوں ان ہتھیاروں کی

صلاحیت کو عملی شکل دینے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ ان کی تعداد بڑھ رہی ہے، ترسیلی نظاموں کی تعمیر و ترقی جاری ہے، اور کمانڈ اور کنٹرول کے ڈھانچے تاحال اپنے ابتدائی مراحل میں ہیں۔ ایٹمی کمانڈ اینڈ کنٹرول کے لیے کوئی بھی نظام اختیار کیا جائے، اسے بڑے دباؤ کا سامنا ہوگا۔ ہتھیاروں کا بڑھتا حجم بجائے خود ایک بڑا مسئلہ ہے کیونکہ جب ہتھیاروں کی تعداد بڑھتی ہے اور ترسیلی نظاموں میں ہوائی جہاز، میزائل اور ممکنہ طور پر آبدوزیں بھی شامل ہونے لگتی ہیں، تو پھر مزید عملے، مزید افراد، مختلف جگہوں پر مختلف حالات میں ایٹم بموں پر اختیار کے طلبگار ہوں گے۔ اسی تناسب سے معاملات ہاتھ سے نکلنے کے امکانات بھی بڑھ جائیں گے۔

یہ بات درست ہے کہ ہتھیاروں کی تعداد کم ہو تو ان پر کنٹرول قدرے آسان ہو جاتا ہے، لیکن اس سے معاملات بالکل سادہ اور آسان نہیں ہو جاتے۔ کچھ عوامل ایسے بھی ہوتے ہیں جن پر کنٹرول ممکن نہیں ہوتا۔ جنوبی ایشیا کا جغرافیہ اس نوعیت کا ہے کہ اگر پاکستان اپنے ایٹمی ہتھیاروں اور تنصیبات پر بھارتی حملے سے بچنے کے لیے پیشگی خبردار کرنے والا کوئی نظام قائم کرتا ہے تو اس سے کوئی فائدہ نہ ہوگا کیونکہ اس کے پاس اپنا بچاؤ حملے سے محفوظ رکھنے کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔

بھارت اور پاکستان کے آپس کے تعلقات کی تاریخ ایسی رہی ہے کہ اندیشوں سے نجات آسان نہیں ہے۔ دونوں ملکوں کے پیشگی خبردار کرنے والے نظاموں کی حقیقت کئی بار آشکار ہو چکی ہے۔ ان ہتھیاروں کو ہمیشہ محفوظ رکھنے کا تصور کیا جاتا رہا ہے اور یہی امر پیشگی کمانڈ اینڈ کنٹرول کو بھی غیر محفوظ بنا دیتا ہے۔ متبادل طریقہ یہی ہو سکتا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کو ایک جگہ نہ رکھا جائے بلکہ مختلف جگہوں پر پھیلا دیا جائے اور ان پر مرکزی کنٹرول ختم کر دیا جائے تاکہ حملے کی صورت میں ان میں سے چند کو تباہ ہونے سے بچایا جا سکے۔ اس اقدام سے کسی ایٹمی ہتھیار کے حادثاتی یا غیر ارادی استعمال کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، اور ساتھ ہی ہتھیار یا اس کے ترسیلی نظام کے کسی حادثے سے دوچار ہونے کا امکان بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس خوف کو ختم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ باہمی معاہدے کے تحت سرحد کے دونوں اطراف افواج کی ترتیب اور تشکیل اس طرح تبدیل کی جائے کہ اچانک حملہ ممکن ہی نہ رہے۔

فرض کریں کہ کوئی اچانک حملہ نہیں ہوتا لیکن اگر جنگ چھڑ جائے تو ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے لیے جو دباؤ بڑھتا ہے، اس کو بھی تو آسانی سے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ بھارت کی برتر

روایتی طاقت ایک ایسا دباؤ ہے جو پاکستان کو کسی جنگ کی صورت میں جلد ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ ایسی صورت میں پاکستان کی کوشش ہوگی کہ وہ کسی حملے کے خلاف اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کو یقینی بنائے، تنازعے کو کم کرنے کی بجائے اسے بڑھانے کا عزم ظاہر کرے، اور بین الاقوامی مداخلت کو دعوت دے۔ چنانچہ میدان جنگ میں ایٹمی اور روایتی طور پر آمنا سامنا ہو سکتا ہے۔ جنگ کی صورت میں بھارت کی کوشش ہوگی کہ وہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو تباہ کر دے، جبکہ پاکستان کی کوشش ہوگی کہ ان ہتھیاروں کو بھارت کے خلاف استعمال کر دیا جائے کیونکہ اس کے پاس کوئی متبادل نہیں ہوگا۔ بھارتی فوجی منصوبہ ساز پاکستان کی جانب سے ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے خدشے کو اپنے جنگی منصوبوں کا حصہ بنا رہے ہیں، تاکہ ایسے کسی حملے کے باوجود جنگ جاری رکھی جا سکے۔ اس صورت حال میں پاکستانی فوجی قیادت زیادہ شدت کے ساتھ یہ محسوس کر سکتی ہے کہ انہیں اپنے ایٹمی ہتھیار فیصلہ کن انداز میں استعمال کرنے ہوں گے تاکہ شکست کے خطرے کو ختم کیا جا سکے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ جنوبی ایشیا میں اگر کوئی ایٹمی تصادم ہوا تو اس کے نتیجے میں لاکھوں افراد ہلاک اور زخمی ہو جائیں گے۔ ایسی کسی بڑی تباہی سے بچنا سب سے بڑا چیلنج ہونا چاہیے۔

ایٹمی ہتھیاروں پر کمانڈ اور کنٹرول قائم کرنا اور برقرار رکھنا اپنے ساتھ بہت سے مسائل لاتا ہے۔ پاکستان اور بھارت دونوں نے دوسری ایٹمی ریاستوں سے ایسی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کی کوشش کی جس سے اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ صرف اور صرف اہل سیاسی اور فوجی حکام ہی ایٹمی ہتھیار چلانے کی اجازت دے سکیں۔ خاص طور پر، دونوں ملکوں نے پرمیسیو ایکشن لنکس (PALs) جیسے حفاظتی سوئچ حاصل کرنے کی کوشش کی ہے جو ایٹمی ہتھیاروں کے بلا اجازت یا حادثاتی استعمال کا سدباب کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے اعلیٰ ٹیکنالوجی کے استعمال کی وجہ سے ضرورت سے زیادہ اعتماد ہو جانے کا خدشہ بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ محسوس کرتے ہوئے کہ ہتھیار اب پوری طرح کنٹرول میں اور محفوظ ہیں، سیاستدان اور عسکری قیادت آسانی کے ساتھ ایٹمی ہتھیاروں کو تیاری کی حالت میں رکھنے کے دعوے کرتے ہیں تاکہ اپنے دشمنوں کو اور اپنے عوام کو یہ اشارہ دیا جا سکے کہ ہم کسی بھی نوعیت کے حملے کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار بیٹھے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ایٹمی ہتھیاروں پر کنٹرول کے حوالے سے بڑھتا ہوا اعتماد، ان ہتھیاروں کی صف آرائی کا باعث بن

سکتا ہے اور ان ہتھیاروں کو تیار حالت میں رکھا جا سکتا ہے کہ چند منٹوں کے نوٹس پر ان کو چلایا جا سکے۔ امریکہ اور سوویت یونین نے ماضی میں یہی کچھ کیا تھا۔ چنانچہ ضروری ہے کہ ایسا کچھ بھی نہ کیا جائے جس سے جنوبی ایشیاء میں ایٹمی ہتھیاروں کے کنٹرول پر اعتماد خطرناک حد تک بڑھ جائے۔ اس لئے کسی ٹیکنالوجی کی تلاش کی جانی چاہیے اور ایسے اعتماد کو اس حد تک بڑھنے والا کوئی طریقہ استعمال میں لایا جانا چاہیے۔

یہ بات کیسے نظر انداز کی جا سکتی ہے کہ جنگ کے نتیجے میں جو صورت حال پیدا ہوتی ہے اس میں ہو سکتا ہے کہ ایٹمی ہتھیار چلانے کی اجازت دینے کا فیصلہ جنوبی ایشیاء کے جرنیلوں اور وزرائے اعظم کے پاس نہ رہے۔ کسی بھی بحران کی صورت میں بھارت اور پاکستان دونوں اپنے ہتھیاروں کو ایک دوسرے سے دور علاقوں میں پھیلا دیں گے تاکہ انہیں محفوظ رکھا جا سکے۔ ایسی صورت میں ان ہتھیاروں کے انچارج تک قفل کھولنے کے خفیہ اشارے بھی ادھر اُدھر بکھیر دینے کی ضرورت پیش آئے گی یعنی جن لوگوں کے پاس ان قفلوں کو کھولنے کے اشارے ہوں گے انہیں مختلف جگہوں پر بکھیر دیا جائے گا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو پھر خطرہ ہوگا کہ رابطہ ٹوٹ جانے یا چھوٹی چھوٹی وجوہ اور متفرق حالات کی وجہ سے یہ ہتھیار چلانے کے قابل نہ رہیں۔ یہ وجوہ کیا ہو سکتی ہیں اس کو قطعی طور پر بیان نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن یہ بات یقینی ہے کہ جنگ کی صورت میں حالات و واقعات ویسے نہیں ہوں گے جیسی منصوبہ بندی کی گئی ہوگی۔ دور امن تک میں ایٹمی ہتھیاروں سے متعلق سہل طریقہ کار بھی شدید مشکلات سے دوچار ہو چکے ہیں۔ اگر ہتھیاروں کو دور دراز بھیجا گیا، ان کا کنٹرول اور ان کے قفلوں کو کھولنے والے خفیہ اشارے کمانڈروں کو تفویض کر دیئے جائیں تو جنگ کی گرما گرمی میں ایٹمی ہتھیاروں کے بلا اجازت استعمال، حادثاتی حملوں اور حادثات پیش آ جانے کے خطرات بہت زیادہ بڑھ جائیں گے۔ یہ بات تو واضح ہے کہ ایسی کسی صورت حال کے نتائج تباہ کن ہوں گے۔ چنانچہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے بحرانوں سے بچنے کے لیے سنجیدگی اور لگن کے ساتھ کوششیں کی جاتی رہیں۔

پاکستان اور بھارت کے لیے اس حوالے سے اہم ترین اقدام یہ ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے مختلف حصوں کو الگ الگ رکھیں اور انہیں چلانے کے لیے تیار حالت میں نہ لائیں۔ کیونکہ دور امن میں بھی ہتھیاروں کو کس طرح جوڑ کر رکھنے اور منسلک کرنے سے

حادثات کا خطرہ اور خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں سے لیس طیاروں اور میزائلوں کو پیش آنے والے حادثات اور ان سے بال بال بچنے کے واقعات کا ایک طویل ریکارڈ موجود ہے۔ پاکستان اور بھارت کے فوجی طیاروں کا تحفظاتی ریکارڈ ناقص ہے۔ حادثات واقع ہوتے ہیں اور متعدد وجوہات کی بنا پر ہوتے ہیں۔ ان ممالک کی فضائیہ کے اڈے زیادہ تر بڑے شہروں کے قریب واقع ہیں۔ چنانچہ یہ خدشہ ہر وقت رہتا ہے کہ کسی ایسے ہوائی جہاز کو حادثہ پیش آ جائے جس پر ایٹمی ہتھیار لدا ہوا ہو یا کوئی بم حادثاتی طور پر جہاز سے گر جائے۔ ایسا ہوا تو یہ بم کے گل جانے کے بے قابو ہو گا جس سے ظاہر ہے وسیع پیمانے پر تباہی پھیلے گی۔ جنوبی ایشیاء کے میزائل تاحال اپنی تشکیل کے ابتدائی مراحل میں ہیں۔ ان کے بہت کم تجربے کیے گئے ہیں۔ ان کے اپنے اندر بہت سے خطرات چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ میزائل پھٹ سکتے ہیں اور اپنے ایٹمی ہتھیار کو چلا سکتے ہیں۔ ہتھیاروں کے پرزوں کو الگ الگ رکھنا اور ان ہتھیاروں کو ان کے ڈیلیوری نظاموں سے دور رکھنا ہی ایسے حادثات سے بچنے کا واحد یقینی طریقہ ہو سکتا ہے۔

یہ واضح نہیں ہے کہ بھارت یا پاکستان کے ایٹمی ہتھیار کسی حادثے کی صورت میں کتنے محفوظ رہ سکتے ہیں؟ حتیٰ کہ ان کی ریاستوں کی جانب سے ہتھیاروں کے سیفٹی ٹیسٹ کرنے کے سلسلے میں کبھی کوئی معلومات جاری کی گئیں۔ سرکاری سطح پر کبھی یہ بھی نہیں بتایا گیا کہ اگر یہ ہتھیار کسی آتشزدگی کی زد میں آ جائیں یا ان کو کوئی ضرب لگے تو یہ محفوظ رہیں یا نہیں۔ ان ہتھیاروں کے ایسے ٹیسٹ کیے گئے ہیں۔ دونوں ملکوں کی یہ بھی کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ چھوٹے اور وزن میں ہلکے ایٹمی ہتھیار بنائے جائیں۔ اس سلسلے میں جو اقدامات کیے جا رہے ہیں ان سے لگتا ہے کہ دونوں میں سے کوئی بھی ملک ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری میں نہ تو غیر حساس بارودی مواد استعمال کر رہا ہے اور نہ ہی آگ لگنے سے محفوظ مرکزے کو استعمال کرنا ضروری سمجھ رہا ہے کیونکہ ان دونوں اقدامات سے ہتھیار کے وزن اور سائز دونوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

کسی حادثے کے نتائج بے حد تباہ کن اور خوفناک ہو سکتے ہیں۔ کوئی ایسا حادثہ جس میں بارودی مواد جل اٹھے اور ایٹمی ہتھیار میں موجود پلوٹونیم کو باریک ذرات میں تبدیل کر کے کسی بڑے شہر کے قریب بکھیر دے جو سانس کے ذریعے انسانی جسم میں داخل ہو جائے تو وہ پانچ ہزار سے 20 ہزار انسانوں کی ہلاکتوں کا باعث بن سکتا ہے۔ کوئی ایسا حادثہ جس میں کوئی بم اپنی پوری

طاقت کے ساتھ پھٹ جائے جنوبی ایشیا کے کسی شہر میں لاکھوں انسانوں کی ہلاکت کا باعث بن سکتا ہے۔ اس صورت میں ساری کوششیں دھری رہ جائیں گی اور ساری پیش رفت کی بدولت ختم ہو گا۔

7

پاکستان کا ایٹمی سفر*

پرویز امیر علی ہود بھائی

اس باب کا مقصد پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کی ابتدا اور ترقی کا جائزہ ہمسایہ ممالک کے ہتھیاروں کو چین اور ہندوستان کے وسیع تر تناظر میں رکھ کر دیکھنا اور پھر 1998ء کے ایٹمی تجربات کے بعد ان کے نتیجے میں نکلنے والے بحرانوں پر بحث کرنا ہے۔ اس میں دلیل دی گئی ہے کہ جھوٹے مفروضات، مقاصد کی بار بار تبدیلی اور بڑے بڑے خطرات مول لینے کے باعث سد جارحیت (deterrence) کی صلاحیت وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ماند پڑتی چلی گئی ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں، میزائلوں اور طیاروں کی موجودہ صورت حال پیش کرنے کے علاوہ یہ بحث بھی کی گئی ہے کہ مزید پھیلاؤ کیسے روکا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کی موجودہ صورت حال کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ سوال اٹھایا جائے گا کہ ہمارے ایٹمی ہتھیار کس حد تک محفوظ ہیں۔ آئندہ کئی برسوں کے لیے پیش بینی یہ ہے کہ امریکہ کی زیر قیادت ایٹمی اسلحہ پر کنٹرول کی عالمی تحریک کے باوجود پاکستان اور ہندوستان دونوں اپنے ایٹمی اسلحے اور نظام ترسیل میں تیزی سے اضافہ کرتے رہیں گے۔

7.1 ۔ ہندوستان و پاکستان کی ایٹمی تاریخ — ایک جھلک

جنوبی ایشیا کی ایٹمی تاریخ کا آغاز 1948ء سے ہوتا ہے۔ وزیر اعظم جواہر لال نہرو نے اپنے بڑے قریبی معتمد اور سائنسی مشیر، کیمبرج سے تعلیم یافتہ جوہری ایٹمی طبیعات دان ڈاکٹر ہومی

جہانگیر بھابھا کے مشورے سے "اٹامک انرجی کمیشن آف انڈیا" (اے ای سی) کے قیام کا حکم دیا۔ عوام کے سامنے اے ای سی کا کام بجلی پیدا کرنا، اس کے لیے معدنی ذخائر تلاش کرنا، طبی ٹیکنالوجی اور دیگر پرامن مقاصد کے لیے ایٹمی توانائی پیدا کرنا تھا۔ لیکن بھابھا نے اس کے سب آئین کو دانستہ مبہم رکھنے کی کوشش کی تاکہ اے ای سی ہتھیاروں سے متعلق تحقیق و ترقی بھی کر سکے۔ (1)

اس آزادی کے نتیجے میں ہندوستان کے ایٹمی ہتھیار بنے۔ 1962ء کی چین، ہندوستان سرحدی جنگ ایٹمی دباؤ پیدا کرنے کا سبب بنی اور جلد ہی ہندوستان نے چپکے چپکے بم بنانے کی کوشش شروع کر دی۔ کینیڈا کے مہیا کردہ CANDU قسم کے ایٹمی ری ایکٹر اور حفاظتی شرائط سے انحراف کرتے ہوئے چوری چھپے اس کے استعمال شدہ ایندھن میں سے پلوٹونیم کو ری پروسیسنگ کے ذریعے نکالا جاتا رہا۔ 1974ء میں جب وزیر اعظم اندرا گاندھی شدید سیاسی مشکلات سے دوچار تھیں تو قسمت کی دیوی اچانک ان پر مہربان ہو گئی۔

ہندوستان کے بم کا عذر پیش کرنے والے کہتے ہیں کہ پاکستان نے اپنی کوشش کا آغاز 1972ء میں کیا۔ جو غلط ہے، لیکن درحقیقت یہ کوشش شروع ہو چکی تھی۔ دسمبر 1971 میں پاکستان کو ہندوستان کے ہاتھوں، جس نے مشرقی پاکستان میں خانہ جنگی کے بعد فوجی مداخلت کی، ذلت آمیز شکست ہوئی اور بنگلہ دیش وجود میں آیا۔ پاکستان کو بنیاد فراہم کرنے والے "دو قومی نظریئے" کی دھجیاں بکھر گئیں۔ 20 جنوری 1972ء کو ملتان شہر میں جذبات سے بھرے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے سینئر سائنس دانوں اور انجینئروں کی ایک میٹنگ بلائی جس میں انہیں بم بنانے کی پرزور ترغیب دی۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر عشرت عثمانی کو برطرف کر کے منیر احمد خان کو بطور چیئرمین تعینات کر دیا۔ لیکن اس میٹنگ میں موجود میرے کچھ سینئر طبیعات دان دوست — جیسے ڈاکٹر ریاض الدین، جنہیں بعد ازاں بم کا ایک سرکردہ نظریہ ساز ہونے کے ناطے ایک "اعلیٰ پاکستانی اعزاز" ملا — کے بقول ایٹم بم پر کام دراصل 1974 میں ہندوستان کے ایٹمی دھماکے کے بعد ہی شروع ہوا۔

ہندوستانی بم کا جواب دینے کے لیے پاکستان میں "مین ہٹن طرز کا" کام تیزی سے شروع ہو گیا۔(2) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے لیبیا اور سعودی عرب جیسی ریاستوں سے رقم اکٹھی کی اور چین سے اہم ایٹمی مدد لی۔ ہندوستان کی کامیابی سے خطرہ محسوس کرتے ہوئے چین نے

پاکستان کے ساتھ بھی سرحد ہے۔ 1964ء میں Lop Nur کے مقام پر دھماکے کئے گئے اور ایٹمی ہتھیار کے پھیلاؤ میں بھی اعزاز بنالیا۔ چین نے centrifuges کو ٹیسٹ کرنے کے لیے UF6 گیس بھی مہیا کی، اور بعد ازاں جرمنی سے UF6 پلانٹ خفیہ طور پر درآمد کیا گیا۔[3] اس گیس سے یورینیم افزودہ کیا جاتا ہے۔ 1986ء میں یا اس سے پہلے پاکستان بھی بم کا مالک بن گیا۔ 28 مئی 1998ء کو ہندوستانی ایٹمی تجربات کے صرف 17 روز بعد پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں چاغی کے پہاڑ بیک وقت تقریباً پانچ ایٹمی دھماکوں سے مستفید ہو گئے۔

عام خیال کے برعکس، اس وقت بھی اور اب تک، پاکستانی راہنما ہندوستانی دھماکوں کے بعد بم کا مظاہرہ کرنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ بین الاقوامی پابندیوں کا خوف حقیقی بھی تھا اور غالب بھی۔ لیکن دھماکوں کے بعد ہندوستانی راہنماؤں کے جنگجویانہ بیانات نے پاکستان میں خوف پیدا کر دیا۔ ساتھ ساتھ اندرونِ ملک شدید دباؤ بڑھتا گیا۔ یاد رہے کہ اس وقت کی اپوزیشن راہنما بے نظیر بھٹو نے شدید تنقید کی تھی اور حکومت کو ایٹمی طور پر جواب دینے پر اُکسایا۔ یہ حوالے وزیر اعظم نواز شریف اور ان کی کابینہ کو چاغی کی جانب دھکیلنے میں کامیاب ہو گئے۔

پاکستان کے متذبذب راہنما آن کی آن میں ہیرو بن گئے۔ انھوں نے اپنی حاصل کردہ دہشت کا خاطر خواہ فائدہ اٹھایا۔ سارے پاکستان کے علاوہ کچھ مسلم ممالک میں بھی منظم اور برجستہ عوامی جشن منایا گیا۔ بم بنانے والے مشہور شخصیات بن گئے، سکوں کے بیچ میں (ایٹمی دھماکے کے) چھتری نما بادل والے بینر اور سٹیکرز تقسیم کیے جانے لگے اور شعر و شاعری کے مقابلوں میں عظیم قومی کامیابی کے قصیدے پڑھے گئے۔ میزائل اور ایٹمی تجربات والے مقام کی فائبر گلاس سے بنی ہوئی نقول ملک بھر میں آ گئیں۔ اگرچہ بعد میں ان کو ہٹا دیا گیا، لیکن پاکستان کے عوامی مقامات اور چوراہوں پر متعدد آج بھی موجود ہیں۔ یہ سب کچھ اس دہشت کی کیفیت کی عکاسی کرتی ہیں جب ایک عام آدمی کے لیے بم کے دھماکے قومی عظمت اور کامرانی کی علامات تھے نہ کہ موت اور تباہی کی۔

فوجی حضرات نے عسکری اور جمہوری دونوں راہنماؤں کی عقل و خرد کو مفلوج کر دیا۔ جلد ہی پاکستان ایٹمی ہتھیاروں کو ایسے طلسم کے طور پر دیکھنے لگا جو تمام خطرات کو دور کر دے گا۔ ہندوستان کے ایٹمی ہتھیاروں کا جواب پاکستانی ایٹمی ہتھیاروں سے دینا ثانوی حیثیت اختیار کر گیا۔ اب یہ

بن گئے، موخر الذکر ہتھیار ہندوستان کی کہیں زیادہ بڑی روایتی زمینی، فضائی اور بحری افواج کو زائل کرنے کا ذریعہ بن گئے۔ اب جارحیت کی کوئی وقعت نہ رہی تھی۔ مشرقی پاکستان کا بدلہ لینے اور کشمیر کو آزاد کروانے کے لیے بھٹو کا خواب پورا کرنا اب ممکنات میں شامل ہو گیا۔

7.2 ۔ خطے کی ایٹمی سیاست: چین، ہندوستان، پاکستان

یہ عین ممکن ہے کہ اگر چینی امداد شامل نہ ہوتی تو پاکستان کو ایٹمی ہتھیار بنانے میں دیر سے وقت لگ جاتا۔ اگرچہ موجود اعداد و شمار دیر دور تک کے شعبے میں ہے لیکن ابتدائی برسوں میں ایک بم کے ڈیزائن کی فراہمی بڑی اہم بات تھی۔ بعد ازاں، ڈیزائن میں بہتری لائی گئی اور یہ عمل اب بھی جاری ہے۔

ہندوستان کا چین کے ساتھ تعلق پاکستان کے ساتھ تعلق سے مختلف ہے۔ ہندوستان اور چین چونکہ دو مختلف تہذیبیں ہیں اور ان کے درمیان کوئی جنگی تاریخ نہیں ہے اس لیے ان کے تعلقات میں نفرت کی وہ شدت نہیں پائی جاتی جو پاکستان اور ہندوستان کے تعلقات میں دکھائی دیتی ہے۔ جولائی 2009ء میں چین اور ہندوستان کے درمیان سرحدی مذاکرات کا تیرہواں دور ہوا اور چینی و ہندوستانی دارالحکومت کے درمیان ہاٹ لائن نصب کرنے، اگلے سال سفارتی تعلقات کا ساٹھ سالہ جشن منانے وغیرہ جیسے معاہدے طے پائے۔ سالانہ باہمی تجارت 2009ء میں 52 ارب ڈالر تھی، جس کا ہدف 2010ء میں 60 ارب ڈالر مقرر کیا گیا جو 2015ء تک 100 ارب ڈالر تک چلا جائے گا۔ اس کے مقابلے میں ہند پاک تجارت (سمگلنگ اور غیر قانونی طریقوں سے قطع نظر) سالانہ ایک ارب ڈالر سے کم ہے۔

دوسری جانب، ہندوستان اور چین عالمی منڈیوں اور بین الاقوامی سطح پر وقار کے حصول کے لیے ایک دوسرے کے حریف ہیں۔ اس بات سے اکثر قوم پرستی کی آگ کو ہوا ملتی ہے۔ اروناچل پردیش اور سیاچن کے علاقوں پر دونوں کے سرحدی دعووں کے ساتھ دونوں ممالک آج بھی اتنے ہی دور ہیں جتنے 1962ء میں تھے۔ چنانچہ 1974ء میں ہندوستانی ایٹمی تجربات کے بعد جب پاکستان نے بم بنانے کا تہیہ کیا تو چین نے ہندوستان کے ساتھ حساب برابر کرنے کی خاطر کلیدی معاونت فراہم کی۔ گو کہ ان کے مابین مسئلہ کشمیر کی نوعیت کا کوئی تنازعہ نہیں ہے، اس کے باوجود

علاقائی عزائم چین اور ہندوستان کو ممکنہ تصادم کی جانب دھکیل رہے ہیں۔

انڈین ڈیفنس ریویو کے مشکوک حد تک جنگ پسند ایڈیٹر بھارت ورما کے ایک حالیہ تجزیے میں یہ ڈرامائی پیش گوئی کی گئی کہ چین 2012 سے قبل ہندوستان پر حملہ کردے گا اور ہندوستانی حکومت کے پاس تیاری کے لیے تین سال رہ گئے ہیں۔[14] ان کا کہنا ہے کہ بے قرار بیجنگ ہندوستان کو سبق سکھانے پر تلا ہوا ہے تاکہ اس صدی میں ایشیا پر چین کی بالادستی یقینی بنا سکے۔ ورما کمیونسٹوں کے اس یقین کے مطابق عمل کر رہا ہے کہ چینی نسل ہماری جڑ ٹی سے بھی کہیں زیادہ برتر ہے۔" ورما نے حل پیش کیا: ہندوستان کو کر گزرنا چاہیے۔

یہ ایک گھناؤنے مقصد کے تحت جنگی چیں ہے اور اس کا مقصد ہے ہندوستان کو عسکری رنگ میں رنگنا۔ 1959-62ء کی لڑائی چین اور ہندوستان کی تہذیبوں کی طویل تاریخ میں واحد قرار ہے۔ یہ بھی بھرپور جنگ نہیں تھی اور متنازعہ علاقوں تک ہی محدود رہی۔ ورما کا گٹھ جوڑ فوج کے دائیں بازو کے ساتھ ہے، مگر بڑے پیمانے پر اسلحے کے حصول اور کھلے سمندروں میں بحری افواج رکھنے کی خواہش کا اظہار کرنے میں وہ تنہا نہیں۔

10 اگست 2009ء کو ایڈمرل، بحری چیف اور چیفس آف سٹاف کمیٹی کے چیئرمین ایڈمرل سریش مہتہ نے "ہندوستان کی قومی سلامتی کے چیلنجز" کے موضوع پر ایک اہم تقریر کی جس میں کہا کہ چین ہندوستان کا وہی چیلنج ہوگا[15] اس سے بھی وہی نتیجہ اخذ کیا ہندوستان کو مسلح ہونا ہوگا۔ حال ہی میں ایٹمی آبدوز Arihant کو سمندر میں اتارنا اسی سمت میں ایک قدم ہے۔ مزید برآں، ہندوستان ایٹمی معاہدہ ہندوستان کو چین پر ایک برتری دلانے کا مقصد پورا کرتا ہے۔ ہندوستان کی ایٹمی حیثیت کو جواز فراہم کرنے اور ایٹمی صنعت کو تیزی سے آگے بڑھانے کے علاوہ امریکہ سے اعلیٰ ٹیکنالوجی دے دی گئی ہے جس کی تجدید ہوتی رہے گی جب کہ چین کے پاس یہ سہولت نہ ہوگی۔

1998ء کے ایٹمی تجربات کے گیارہ برس بعد ایک ہیجان انگیز انکشاف سامنے آیا ہے۔ ہندوستان کے مجوزہ ہائیڈروجن بم ٹیسٹ کے حوالے سے ایک سینئر ہندوستانی افسر اور تکنیکی ماہر کے سنتھانام نے طویل عرصے سے مشکوک امر کی تصدیق کی ہے کہ "بم اتنا اچھا نہیں رہا جتنا ہونا چاہیے تھا"۔ سچ بولنے کی خواہش یا ضمیر کی خلش بمشکل ہی اس ڈرامائی انکشاف کی وجہ ہے۔ سنتھانام کا

"اعتراف" ہندوستان کے جوشیلے ترین ایٹمی جنگ پسندوں کی جانب سے مہر تصدیق ثبت کرتا ہے۔ ان میں بی کے بھارت کرناڈ اور برہما چیلانی شامل ہیں۔ سابقہ تجربے کو ناکامی قرار دینے کے ذریعے وہ مزید ایٹمی تجربات کے لیے راہ ہموار کرنے کی امید رکھتے ہیں۔ جس سے ہندوستان وسیع پیمانے پر ہائیڈروجن بم بنانے کے قابل ہو جائے گا جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں ہائیڈروجن بم ہیروشیما طرز کے بم سے کہیں زیادہ تباہ کن ہوتا ہے۔ اس قسم کے جدید ہتھیاروں کو کافی تعداد میں تباہ کن بنانے کے لیے کئی تجربات کی ضرورت ہوتی ہے۔ فرانس کو کاملیت حاصل کرنے کی خاطر 22 مرتبہ ٹیسٹ کرنا پڑے تھے۔

7.3 ـ ایٹمی تلواروں کی جھنکار

جس ہندوستان کے ایٹمی ہتھیاروں کی سیاسی وجہ بنا جبکہ ان ہتھیاروں سے پاک ہند تعلقات میں دشمنی کی نئی جہتیں پیدا کردیں۔ خوف زدہ پاکستان نے ہندوستان کے ساتھ توازن پیدا کرنے کے لیے ایٹم بم بنائے۔ ایٹمی دھماکوں سے پہلے ہی بم حاصل کرنے کا مقصد سامنے آگیا تھا۔ آئی ایس آئی کے ایک سابق ڈائریکٹر جنرل اسد درانی نے، جو بعد ازاں جرمنی میں پاکستان کے سفیر بنے، اسے یوں بیان کیا: "پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کا مقصد یہ نہیں کہ ہندوستان کے ایٹمی حملے کا جواب دیا جائے۔ ان ہتھیاروں کا اصل مقصد ہندوستان کو روایتی حملے سے روکنا ہے۔"[16] انہوں نے دلیل دی کہ اس نئے دور سے ہم پر یقینی طور پر یہ ظاہر ہو گیا ہے کہ اپنے قومی مقاصد کو خطرہ لاحق ہونے پر، مثلاً کشمیر میں تحریک آزادی کے خلاف بڑے پیمانے پر جارحانہ اقدامات پر، ہم اپنی ایٹمی صلاحیتیں استعمال کرنے میں لاچار بھی ہوں گے اور بالکل تیار بھی۔"[17]

پاکستانی جرنیلوں نے 1998ء میں اپنے کامیاب ایٹمی تجربات کے بعد طاقت کا توازن تبدیل ہوتے دیکھا۔ اب ایٹمی ہتھیار ہندوستان کو حملے سے باز رکھنے جیسے کام کے علاوہ بھی استعمال کیے جا سکتے تھے۔ نیٹو اور روس معاہدے سے سبق سیکھتے ہوئے انہوں نے کہیں زیادہ بڑی ہندوستانی روایتی فوج کے ساتھ حساب برابر کرنے کا موقع دیکھا۔ ایک ناقابل شکست ہتھیار کے یقین کے ساتھ انہوں نے کشمیر میں ایک دور دراز مہم جوئی شروع کر دی۔ پاکستان کے ایٹمی ریاست

بننے کے چند ماہ بعد ہی چیف آف آرمی اسٹاف جنرل پرویز مشرف نے سادہ کپڑوں میں ملبوس فوجیوں کے ہمراہ اسلامی مجاہدین کو لائن آف کنٹرول کے پار بھیجا۔ انہوں نے جنوری 1999ء کے آغاز میں کارگل کے بلند پہاڑوں میں اہم مقامات پر قبضہ کر لیا۔ یہ مہم جوئی پاکستان کے ایٹمی حیثیت حاصل کر لینے کا براہ راست نتیجہ تھی، بصورت دیگر شاید ایسا کبھی نہ ہوتا۔ اس لڑائی میں دونوں اطراف کے تقریباً 5.000 آدمی مارے گئے۔

ہندوستان کی جانب سے جوابی کارروائی کیے جانے پر پاکستان سفارتی لحاظ سے تنہا رہ گیا۔[8] دلگیر اور پریشان وزیر اعظم نواز شریف 4 جولائی 1999ء کو واشنگٹن گئے جہاں انہیں دوٹوک الفاظ میں کہا گیا کہ پاکستانی افواج کو واپس بلوائیں یا ہندوستان کے ساتھ بھرپور جنگ کے لیے تیار ہو جائیں۔ خصوصی معاون برائے صدر کلنٹن بروس ریڈل لکھتا ہے کہ وہ بذات خود اس وقت وہاں موجود تھا جب کلنٹن نے نواز شریف کو بتایا کہ پاکستانی فوج نے اپنے ایٹم بردار میزائلوں کے بیڑے کو متحرک کر دیا تھا۔[9] (اگر یہ بات درست ہے تو پھر ایٹم بم کے ممکنہ استعمال کے لیے تیاریوں کا حکم جنرل پرویز مشرف نے اپنی بالائی قیادت کے ساتھ مشورہ کر کے ہی دے سکتے تھے۔) اس انکشاف اور مزید ممکنہ تباہی سے حواس باختہ نواز شریف افواج واپس بلانے پر رضامند ہو گئے اور تمام سابقہ مقامات ترک کر دیے کہ پاکستان کی افواج کو قطعاً آزادی پر کوئی اختیار حاصل نہیں۔ بہت جلد نواز شریف اور مشرف کے باہمی تعلقات خراب ہو گئے جس کے نتیجے میں چند ماہ بعد حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا۔ تاہم کوئی ایک عشرہ بعد کیے ہوئے دعووں کے برعکس نواز شریف نے کارگل کے قریبی فوجی چوکیوں کا دورہ کیا جہاں جہاد کے نعرے لگاتے ہوئے سپاہیوں سے جوشیلا خطاب کیا۔[10]

کارگل جنگ میں شکست کے باوجود پاکستان کے سیاسی اور فوجی رہنماؤں نے اصرار کیا کہ پاکستان کا پلڑا بھاری رہا اور یہ کہ اس کے ایٹمی ہتھیاروں نے ہندوستان کو لائن آف کنٹرول یا بین الاقوامی سرحد پار کرنے سے باز رکھا۔ فوج میں یہ یقین اب بھی راسخ ہے۔ وہ فضا سے ماورا تھا کہ اس کے پیچھے تاریخ میں جڑے ہوئے بہت سے یادگار ثبوت ہوتے (ایٹمی جنگ کے شوقین آج بھی نہیں مانتے کہ ایٹمی ہتھیاروں سے لڑائی کی آگ بھڑکاں تھی) کشیدہ صورت حال کے بھرپور جنگ بن جانے کا خطرہ محسوس کرتے ہوئے مغربی سفارت کار تیزی سے حرکت میں آئے

اور جب پاکستان نے اپنی فوج کو واپسی کا حکم دیا تو خونریزی کا خطرہ ٹل گیا۔ عالمی سطح پر پاکستان پر جارح کی چھاپ لگ گئی۔

لیکن حالات کو دوبارہ کشیدہ ہونے میں دیر نہ لگی۔ 13 دسمبر 2001ء کو پاکستان میں قائم اڈوں سے گئے ہوئے اسلامی عسکریت پسندوں نے دہلی میں ہندوستانی پارلیمنٹ پر دھاوا بول دیا اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بحران تقریباً سات ماہ تک جاری رہا۔ غالباً یہ بات درست ہے کہ مشرف حکومت نے اس حملے کا حکم نہیں دیا تھا یا وہ منصوبے سے آگاہ نہیں تھے مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان کے زیر اہتمام کشمیر میں جہادیوں کو کھلی آزادی حاصل تھی۔ ہندوستان کا پارہ دوبارہ چڑھ گیا۔ وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی نے کشمیر میں تعینات افواج کو پرجوش پیغام دیا کہ وہ قربانیوں اور "حتمی فتح" کے لیے تیار رہیں۔ اس بات نے تشویش پھیلا دی۔ سب لگنے لگا کہ ہندوستان "محدود جنگ" کی تیاری کر رہا ہے تاکہ پاکستان کے زیر انتظام کشمیر میں اسلامی عسکریت پسندوں کے اڈے ختم کر سکے۔ بہت ممکن ہے کہ دونوں طرف ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری شروع کر دی گئی تھی، البتہ عوامی سطح پر اس کے براہ راست ثبوت موجود نہیں۔

اس دوران تناؤ میں اضافہ ہوتا رہا۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ 11 ستمبر 2001ء کو ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر حملے کے بعد بین الاقوامی ماحول اسلامی عسکریت پسندی کا شدید مخالف ہو گیا، ہندوستان کی حکمران جماعت بی جے پی نے کشمیر میں اپنی فوجی مہم کے لیے 'دہشت گردی کے خلاف جنگ' کے تحت بین الاقوامی حمایت حاصل کرنا چاہی۔ اگرچہ مشرف کا ہندوستانی پارلیمنٹ پر حملے سے بہت کم تعلق تھا لیکن ہندوستان نے پاکستان کے ساتھ روابط منقطع کر دیے۔ اسلام آباد میں تعینات ہندوستانی سفیر کو واپس بلوا لیا گیا، سڑک اور ریل کے رابطے ختم کر دیے گئے اور پاکستانی ایئرلائنز کو ہندوستانی سرزمین کے اوپر سے گزرنے سے منع کر دیا گیا۔ پاکستان نے بھی ترکی بہ ترکی جواب دیا۔

ہر طرف جنگ کے خطرات محسوس ہونے لگے۔ مئی 2002ء میں جب گرجتے ہوئے میراژ طیارے اسلام آباد کے گرد چکر لگا رہے تھے تو پاکستانی فوج کے سابق چیف جنرل مرزا اسلم بیگ نے میرے ساتھ ایک عوامی بحث کے دوران اعلان کیا: "ہم پہلا، دوسرا اور حتیٰ کہ تیسرا وار بھی کر سکتے ہیں۔" ایٹمی جنگ کے خطرے سے انہیں کنفیوز بنا دیا تھا۔ انہوں نے کہا، "آپ سڑک پر

کرتے ہوئے بھی مارے جا سکتے ہیں، اور آپ ایٹمی جنگ میں بھی ہلاک ہو سکتے ہیں۔ موت تو ایک دن آنی ہی ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے سفیر منیر اکرم نے ایٹم بم کے استعمال میں پہل نہ کرنے کی پالیسی سے انکار کو دہرا کر ایک خطرناک پیغام بھیجا۔

ہندوستانی جارحیت بھی پورے عروج پر تھی۔ وزیر دفاع جارج فرنانڈیز نے ٹرجیکل ہیرالڈ ٹریبیون کو بتایا: "ہندوستان ایک ایٹمی حملہ سہنے کی سکت رکھتا ہے، لیکن پاکستان نہیں۔"[10]
ہندوستانی وزیر دفاع یوگیندر نارائن معاملات کو ایک قدم مزید آگے لے گئے اور "Outlook" میگزین کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا: "اس کا جواب ایک جراحتی حملہ (سرجیکل اسٹرائیک) ہے" اور "اگر اس سے معاملات کا حل نہ نکل سکا تو ہمیں مکمل باہمی تباہی کے لیے تیار رہنا چاہیے۔"[12]
ہندوستانی عسکری تجزیہ نگار برہما چیلانی نے دعویٰ کیا، "ہندوستان پاکستان کے کسی بھی گوشے کو نشانہ بنا سکتا ہے اور پاکستان کی ایٹمی بوچھاڑ کا جواب دینے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔"[13]
خوش قسمتی سے مجبوری، خالص تنگی اور بین الاقوامی ثالثی کی بدولت مہینوں سے چلتا تناؤ دور ہو گیا۔

اس کے بعد ممبئی میں قتل عام کا واقعہ ہوا۔ پاکستان میں قائم ڈوریوں سے کام کرنے والی تنظیم لشکر طیبہ نے 26-28 نومبر 2008ء کے دوران 200 سے زائد لوگوں کو ہلاک کر ڈالا اور کم از کم 308 کو زخمی کیا۔ ہندوستانیوں نے اسے 9/11 قرار دیا۔ پہلے چند دنوں میں ہی کافی واضح ہو گیا تھا کہ دیگر جہادی گروپوں میں گھری ہوئی پاکستانی ریاست ان حملوں کا حکم نہیں دے سکتی تھی۔ لیکن جب پاکستان نے اپنی شہریت کے حامل افراد کے ملوث ہونے سے صاف صاف انکار کیا تو ہندوستانیوں کا پارہ چڑھ گیا۔ دونوں ملکوں کے میڈیا نے جلتی پر تیل ڈالا اور ہندوستانی ٹیلی ویژن پروگراموں کے میزبان پاکستان کے خلاف فوجی ایکشن پر اصرار کرتے رہے۔

پاکستان کی طرف سے ایک ذاتی تجربہ بطور مثال پیش کرتا چلوں۔ ممبئی حملوں کے چند دن بعد سابق وفاقی وزیر داخلہ اور سیکرٹری دفاع جنرل (ر) حامد نواز ایک مقبول عام ٹیلی ویژن پروگرام میں مجھ پر برہم ہوئے جب میں نے خیال ظاہر کیا کہ پاکستان سے کام کرنے والے متعدد جہادی گروپ اس میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ اس کی بجائے انہوں نے پاکستان کا ایٹمی اسلحہ تیار رکھنے کی تجویز دی اور کہا کہ ایٹمی حملے میں پہل کو پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔[14]
پاکستانی ٹی وی چینلوں پر دیگر لوگ بھی بڑے آرام سے ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے مشورے دے

رہے تھے۔ اس سے یہ اشارہ سمجھا جا سکتا ہے کہ سد جارحیت کی صلاحیت (deterrence) اپنی وقعت کھو رہی تھی۔

یقیناً ہیروشیما اور ناگاساکی کے بعد ایٹمی ہتھیاروں کا کوئی حقیقی استعمال نہیں ہوا۔ گرچہ پاکستان اور ہندوستان بدباطنی کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ زور آزمائی کرتے رہے ہیں، لیکن ہر مرتبہ انہیں آخری حد سے پیچھے ہٹنا پڑا۔ شاید اس سے قاری یہ تاثر لے کہ ایٹم بم کے خوف سے جنگ جیسٹل جاتی ہے۔ بظاہر جواب "ہاں" لگتا ہے۔ لیکن ایک اہم اختلاف موجود ہے۔ جو چیز چند مرتبہ کارگر ثابت ہوئی، وہ اگلی مرتبہ کارگر ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی ہو سکتی۔ واضح اشارے پائے جاتے ہیں کہ خوف بتدریج کم ہوتا جا رہا ہے، اور اسی تناسب سے سد جارحیت کی وقعت کم ہوتی جا رہی ہے۔ ایٹمی سد جارحیت صرف اسی صورت میں کارگر ہے جب ان ہتھیاروں سے خوف و دہشت قائم ہو۔ سد جارحیت دیوانگی کی ذہنی کیفیت میں کام نہیں کر سکتی۔ اس کا بنیادی مفروضہ ہے کہ جنگ کے کردار شدید تناؤ کے حالات میں بھی، جذبات کی رو میں بہے بغیر، ٹھنڈے دماغ سے، منطقی بنیادوں پر فیصلے کریں گے۔ جنوبی ایشیا میں ہونے والے واقعات نے ان تمام مفروضات پر سوالیہ نشان کھڑے کر دیے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ کسی دن حالات بے قابو ہو جائیں اور بڑی دہشت ناک دلیری پار کر جائیں۔

یہاں ایک مثال پیش کی جا سکتی ہے۔ 2002ء کے اوائل میں جب دس لاکھ سپاہیوں کو متحرک کیا گیا اور ہندوستان و پاکستان کے درمیان ایٹمی جنگ کی دھمکیاں دی جانے لگیں تو یہ حالات تو واقعی پر ایک خوفناک اور ممکنہ خوفناک تصادم کے آثار دکھائی دیے۔ خوف زدگی کے عالم میں غیر ملکی شہری دونوں ملکوں سے بھاگ نکلے۔ لیکن بحران کے نقطہ عروج پر بھی چند ایک ہی ہندوستانیوں یا پاکستانیوں کی معمولات میں تبدیلی ہوئی ہوگی۔ اسٹاک مارکیٹس میں تھوڑی سی اونچ نیچ تو ہوئی لیکن بینکوں کی طرف دوڑ سرگی یا افراتفری کے عالم میں خریداری شروع نہ ہوئی۔ سکول اور کالج جو عموماً پریشان کن اور سیاسی شورش والے دنوں میں بند ہو جایا کرتے ہیں، معمول کے مطابق کام کرتے رہے۔ ایٹمی قیامت سے لاپرواہی حیرت انگیز حد تک تھی۔

لیکن دوسرا خیال یہ آتا ہے کہ شاید یہ اتنی حیرت کی بات نہیں تھی۔ ہندوستان اور پاکستان ابھی تک زیادہ تر روایتی اور مذہبی معاشرے ہیں جو عموماً تقدیر کے لکھے پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ لہٰذا

گفتگو اور مباحثہ کا اختتام اس طرح کی قسم کے جملوں پر ہوتا ہے کہ جو مقدر میں لکھا ہے وہی ہوگا اور اس کے بعد لوگ اپنے کندھے اچکا کر چل دیتے ہیں۔ جب یہ مرئی قوتوں کو تحفظ دینے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہو تو ایٹمی خطرہ صرف ایک فطری بات ہے۔

اس لاپرواہی کی کچھ اور وجوہات بھی ہیں۔ ہندوستان اور پاکستان میں زیادہ تر لوگ ایٹمی خطرات کے متعلق بنیادی معلومات نہیں رکھتے۔ نومبر 1999ء میں انتخابات سے پہلے ہندوستان میں کروائے گئے ایک سروے کے مطابق نصف آبادی نے مئی 1998ء کے ایٹمی دھماکوں کے بارے میں سنا تک نہیں تھا۔[15] 2002ء کے موسم گرما کے وسط میں بی بی سی نے رپورٹ دی کہ پاکستانی عوام میں ایٹمی خطرات کے متعلق آگاہی کی سطح نہایت کم تھی۔[16] ہندوستان میں "بہت سے لوگوں کے خیال میں ایٹمی جنگ کی خوفناکی کو تصور میں لانا مشکل تھا۔"[17]

میرا ذاتی مشاہدہ اس رائے کی توثیق کرتا ہے۔ پڑھے لکھے لوگ بھی بنیادی ایٹمی حقائق کی تفہیم نہیں رکھتے۔ میرے شعبے میں فزکس کے کچھ طلبا (اور اساتذہ!) کا خیال ہے کہ ایٹمی جنگ دنیا کا خاتمہ کر دے گی۔ دیگر لوگ ایٹمی ہتھیاروں کو محض زیادہ بڑے بموں کے طور پر دیکھتے ہیں۔ بہت سوں کا کہنا ہے کہ یہ ان کا نہیں بلکہ فوج کا دردِ سر ہے۔ تقریباً کوئی فرد بھی ایٹمی آتشیں طوفان، باقی رہ جانے والی تابکاری یا شعاعوں کے پہنچنے والے نقصان کے امکان سے آگاہ نہیں۔

پاکستان یا ہندوستان میں پیدا ہونے والے ہر نئے بحران پیدا ہونے پر لگتا ہے کہ سیاسی نگامیں ڈھیلی ہوتی جا رہی ہیں اور ایٹمی تصادم کی کھائی میں گرنے کا امکان بڑھ رہا ہے۔ کلیدی عنصر ایک باخبر اور منظم رائے عامہ کا ہوتا ہے جو سیاسی و عسکری راہنماؤں پر نظر رکھے اور انہیں ایٹمی تکرار بڑھانے سے روکے۔ آج کے جاندار عوامی میڈیا کے باوجود دونوں ممالک ایٹمی ہتھیاروں اور ایٹمی جنگ کے متعلق تنقیدی بحث نشر نہیں کرتے۔ ایٹمی ہتھیاروں کا خوف سرد جنگ کی دشمنیوں ختم کرنے کے SALT جیسے ایٹمی معاہدوں کی جانب بڑھنے اور ان کے جارحانہ عسکری رویے ترک کرنے میں اساسی اہمیت رکھتا تھا۔ لیکن دہشت کا یہ احساس پاک ہند ایٹمی صورت حال میں نہیں پایا جاتا۔ اس کے بجائے کوئی آپ حقیقت کا ایک سرسری سا انکار اور ایٹمی ہتھیار کے نتائج سے تقریباً مکمل بے تعلقی پاتے ہیں۔ لگتا ہے کہ ماضی میں سب لوگ ہندوستانی اور پاکستانی سیاسی راہنماؤں نے ایٹمی معاملات میں دانستہ طور پر منتخب کیا

ذاتی تجربے سے ایک مثال پیش کرنا چاہوں گا۔ مئی 1998ء میں ہندوستان اور پاکستان کی جانب سے ایٹمی دھماکوں سے دو ماہ قبل Pugwash وفد نے دہلی میں وزیر اعظم اندر کمار گجرال سے ملاقات کی۔ وفد کے ایک رکن کی حیثیت سے میں نے برصغیر پر ایک ایٹمی آفت کے متعلق پریشانی کا اظہار کیا۔ شری گجرال نے بار بار مجھے یقین دلایا کہ مکمل طور پر ہندوستان کے پاس بم بنانے کی اہلیت نہیں۔ وزیر اعظم اس بارے میں تنہا نہیں تھے۔ پی آر چاری جیسے سینئر ہندوستانی عالمی تجزیہ نگاروں کے علاوہ انڈین ایٹمک انرجی ایجنسی کے سابق سربراہ ڈاکٹر راجا رامنا نے مئی 1998ء سے قبل اس طرح کے مضامین شائع کیے تھے۔

اگرچہ پاکستان کے ایٹمی دھماکوں سے یہ عام خیالی دھجیاں اڑ گئیں لیکن ہندوستان کے سینئر عسکری و سیاسی راہنما پاکستان کی ہتھیار استعمال کرنے کی صلاحیت اور نیت کے بارے میں شکوک کا اظہار کرتے رہے... کارگل میں پاکستانی یلغار کے کچھ ہی عرصے بعد ہندوستان نے لائن آف کنٹرول کے پار پاکستانی علاقے میں عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں پر حملہ کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچنا شروع کیا۔ اس حکمت عملی کے حامیوں نے ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے لیے پاکستان کی آمادگی اور قابلیت پر شک کیا۔ ہندوستان کے حکمران حلقوں میں یہ نقطہ نظر وسیع مقبولیت پا گیا۔ یہ مفروضہ کتنا غلط اندازہ اور ایک حادثاتی ایٹمی جنگ پر منتج ہو سکتی تھی

کئی ہندوستانی مبصرین اور تجزیہ نگاروں نے یہ یقین اپنانے کی راہ اختیار کی — شاید کچھ آج بھی یہی کہتے ہیں — کہ پاکستان امریکہ کی زیر کفالت ریاست ہونے کے ناطے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو امریکہ کے زیر اختیار رکھنے پر مجبور ہے۔ ان کا مفروضہ یہ تھا کہ کسی بحران کی صورت میں امریکہ پاکستان کو یہ ہتھیار استعمال کرنے سے روکے گا یا اگر ضرورت ہوئی تو انہیں تباہ کر دے گا۔ جنوری 2002ء میں مجھے دہلی میں ایک میٹنگ میں شرکت کرنے کا موقع ملا۔ اس میں شریک سینئر ہندوستانی تجزیہ نگاروں نے کہا کہ وہ پاکستان کی ایٹمی دھمکیوں سے بیزار ہو گئے تھے اور ان پر کوئی یقین نہیں رکھتے تھے۔ طویل عرصے تک ہندوستانی ایٹمی صلاحیت کی تدوین کرنے والے ایک بارسوخ ہندوستانی تجزیہ نگار کے سبرامنیم نے کہا کہ ہندوستان "جھٹکے کی ضرب" سہہ سکتا ہے۔

لیکن ایک ایٹمی پاکستان کو اس اندازمیں بلاخوف للکارنے کے لیے اعتقاد کی کافی بڑی مقدار درکار ہے۔ یہ مفروضہ قطعی غلط ہے کہ امریکہ پاکستانی ایٹمی ہتھیاروں کو تباہ کرنے کا ساتھی

عزم اور صلاحیت بھی رکھتا ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ ایٹمی صلاحیت رکھنے والے کسی بھی موبائل میزائلوں کی ٹریکنگ بھی بہت مشکل ہے۔ خلیجی جنگ کے دوران امریکی فضائیہ نے عراق کے سوویت میزائل والے مقامات کی تصاویر لی تھیں اور اس کے ہوائی جہاز صرف چند منٹ کی دوری پر تھے لیکن اس سے یہ یقینی نہیں ہوا کہ ایک اچانک حملہ 90 فیصد سے زیادہ موثر ہوتا۔ پہلی خلیجی جنگ میں عراقی سکڈ میزائل تباہ کرنے کے لیے امریکی کوششوں کو ایک حد تک ہی کامیابی ملی۔ اور اب تک امریکہ ایران کے ایٹمی ہتھیاروں کے قریب جانے — یا ایٹمی پروگرام کو سمجھنے — میں بہت متذبذب ہے۔ آج تک کسی بھی ملک نے دوسرے کے ایٹمی بم حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔ ایک اوچھے وار سے سارے ہتھیاروں تک کے خاتمے میں بہت سے مسائل درپیش ہیں۔

7.4 ۔ "کم از کم سدِ جارحیت کی صلاحیت" کی خاموش موت

ہندوستانی اور پاکستانی ایٹمی پیش رفت کے ابتدائی زمانے میں "سدِ جارحیت کی کم از کم صلاحیت (minimal deterrence)" کا ہر طرف چرچا تھا۔ 1980ء کی دہائی میں ایٹمی ہتھیاروں کے مخالف جنرل سندر جی نے اعلان کیا کہ ہندوستان کو پاکستان کے بڑے شہر 'مٹانے' کے لیے بھی چند ایٹمی ہتھیاروں کی ہی ضرورت تھی — اور اسے مزید نہیں بنانے چاہئیں۔ 1993ء میں واشنگٹن کے مقام پر ایک کانفرنس میں وہ ملاقات میں جب میں نے اپنا تعارف پاکستانی ایٹمی طبیعات دان کے طور پر کروایا تو اس نے مجھے گرم جوشی سے گلے لگایا اور کہا کہ پاکستان کو بھی چند ایٹمی ہتھیار بنا لینے چاہئیں کیونکہ اس طرح جنگ ناممکن ہو جائے گی۔ مجھے جواب میں یہ کہنا غیر ضروری معلوم ہوا کہ تب تک پاکستان بھی چند ہتھیار بنانے کے قابل ہو چکا تھا اور یہ کہ 1987ء میں سندر جی کے آپریشن Brasstacks نے دونوں ملکوں کو ایٹمی جنگ کی دہلیز پر لا کھڑا کیا تھا۔

لیکن حالات بدلتے رہے۔ جنرل سندر جی کے خیالات ان سے پہلے ہی فنا ہو گئے۔ اگست 1999ء میں ہندوستان کی ایٹمی پالیسی وضع کی گئی۔ اس میں کم از کم حد کا ذکر حذف کر دیا گیا تھا۔ اس کے بجائے ابتدائی حصے میں ایٹمی ہتھیاروں کو "سلامتی کے لیے سنگین ترین خطرہ" قرار دیے جانے کے بعد کہا گیا کہ ہندوستان کو "کافی مقدار میں، سلامتی کے لیے اور قابل عمل ایٹمی افواج" کے

علاوہ "ایٹمی افواج اور ہتھیار استعمال کرنے کے عزم" کی ضرورت ہے۔ اس میں جنگی طیاروں، زمین سے چلائے جانے والے متحرک میزائلوں اور سمندر میں نصب ہتھیاروں کے سہ جہتی نظام اور متعدد فیصلہ ساز نظاموں، فوری حرکت، پھیلاؤ اور فریب دہی کے ذرائع سے افواج کی سلامتی یقینی بنانے کی بات کی گئی۔ ہتھیاروں کی کوئی تعداد متعین نہیں کی گئی، ترسیل کے وسیلوں پر کوئی پابندی لگائی گئی اور نہ ہی جوابی کارروائی کی کوئی حد مقرر کی گئی۔ کہا جاتا ہے کہ میدان جنگ میں ایٹم بم کا استعمال، جسے ایک دور میں جنگ پھیلانے اور کم از کم سدِ جارحیت سے بہت دور کی چیز خیال کیا جاتا تھا، موجودہ ہندوستانی فوجی نظریے میں شامل ہے۔ درحقیقت مئی 2001ء میں ہندوستان کی مرکزی جنگی مشقوں 'پورن وجے' نامی (جو عشرے کی سب سے بڑی مشقیں تھیں) کا مرکز و محور فوج اور فضائیہ کو ایک ایٹمی جنگ کے ماحول میں لڑنے کی تربیت دینا تھا۔ (18) مجموعی طور پر ہندوستان کے عسکری ارادے اور پاکستانی منصوبہ بندی سے یہ یقین ہو جاتا ہے کہ ان دونوں کے درمیان کوئی بھی بڑا تصادم ایٹمی ہتھیاروں کے بے رحم استعمال پر منتج ہوگا۔

7.5 ۔ ایٹمی برتری کی دوڑ

ایک زمانے میں جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں کے حامی اسلحے کی دوڑ کا امکان رد کرتے تھے اور اسے خوف پھیلانے کی مذموم سازش قرار دیتے تھے۔ مثلاً 1992ء میں ہونے والی کانفرنس میں ہندوستانی دفاعی حکمت عملی کے ماہر کے سبرامنیم نے پر جوش انداز میں اصرار کیا کہ 'اسلحے کی دوڑ سرد جنگ کے زمانے کا تصور ہے جو مغربی طاقتوں سے تعلق رکھتا ہے اور برصغیر کے تناظر سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔' ان کے پاکستانی ہم منصب نے فوراً مکمل تائید کی۔ ان دنوں ایسے فلسفوں مثلاً 'مکمل باہمی تباہی' (Mutually Assured Destruction (MAD) کو مغربی ذہنیت کا شاخسانہ قرار دیا جاتا تھا جس کے نتیجے میں دنیا کو سینکڑوں مرتبہ تباہ کرنے کا اسلحہ تیار کیا گیا۔

لیکن متوقع قلابازی شروع ہونے میں زیادہ دیر نہ لگی۔ 1998ء کے ایٹمی دھماکوں کے بعد جلد ہی ایک بھرپور، سرد جنگ والے معیار کی ایٹمی دوڑ شروع ہو گئی۔ بعد کے برسوں میں ایٹمی

ورت کی سطح پر ہندوستان کے اخراجات کا سرسری جائزہ بھی یہ چیز واضح کر دیتا ہے۔ ہندوستان نے فروری 2008ء میں مالی سال 2008-2009ء کے لیے اپنا دفاعی بجٹ دس فیصد بڑھا کر 26.5 ارب ڈالر کر دیا جبکہ 2008ء میں دفاعی ساز و سامان پر اس کے 11.4 ارب ڈالر کے اخراجات گزشتہ سال سے 12 فیصد زیادہ تھے۔[19] اس نے 2009-2014ء کے دوران مختلف جنگی اشیا پر 50 تا 55 ارب ڈالر خرچ کرنے کا پلان بنایا ہے، مثلاً بوئنگ کمپنی، لاک ہیڈ مارٹن کارپوریشن، BAE سسٹمز PLC اور یورپین ایروناٹک ڈیفنس اینڈ اسپیس کمپنی سے 126 لڑاکا طیارے خریدنے کے لیے 10 ارب ڈالر کا معاہدہ۔ اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے مطابق 2008ء میں ہندوستان دنیا کے سب سے زیادہ فوجی اخراجات کرنے والے ممالک میں دسویں نمبر پر تھا، اور مزید اوپر جانے کے ارادے رکھتا ہے۔ جولائی 2009ء میں ہندوستانی وزیر دفاع … نے اعلان کیا کہ ہندوستان 2009-2010ء کے لیے اپنا فوجی بجٹ 50 فیصد اضافے کے ساتھ 40 ارب ڈالر تک لے جانے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ اس طرح فوجی اخراجات سالانہ مجموعی قومی پیداوار (GDP) کا 3 فیصد ہو جائیں گے۔[20] … رپورٹ ہندوستان اور اسلحہ سپلائی کرنے والے غیر ملکی اداروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سن 2011-12ء کے دفاعی بجٹ کے لیے بھارت نے 36.03 بلین ڈالر مختص کیے ہیں۔ یہ پاکستان کے دفاعی بجٹ سے تقریباً نو گنا زیادہ ہیں۔

بھارت نے مزید پیش قدمی کرتے ہوئے جولائی 2009ء میں پہلی 7000 ٹن وزنی ایٹمی آبدوز کی آزمائش کی جو زیر آب بیلسٹک میزائل لانچ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ پانچ آبدوزوں پر مشتمل بیڑے میں سے پہلی ہے۔ جلد ہی ایک hunter-killer ایٹمی آبدوز بھی شامل ہوئی ہے۔ دوسری طرف 2008ء میں 7.8 ارب ڈالر کے سالانہ بجٹ کے ساتھ پاکستان یقیناً ہتھیاروں میں ہندوستان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

لیکن تاریخی لحاظ سے دیکھا جائے تو پاکستان نے ہندوستان کے ہر اقدام کا جواب دیا ہے۔ جیسا کہ توقع تھی ہندوستان کی ایٹمی آبدوز کی خبر کو پاکستان میں تشویش کے ساتھ دیکھا گیا … سے کیا کرنا چاہیے؟ اس کے جواب میں 2004-2007ء کے دوران بھارت کے ساتھ ایٹمی اور روایتی معاملات پر باہمی اعتماد (CBM) قائم کرنے والے مذاکرات میں پاکستانی وفد کے سربراہ سابق

سمیع نے فہرست پیش کی:[21] ایٹمی آبدوزیں بنانے میں ہندوستان کی پیروی کرنا، موجودہ روایتی آبدوزوں میں ایٹم بم والے کروز میزائل نصب کرنا، ایک ایٹمی آبدوز کے لیے روسیوں سے رابطہ کرنا اور انشقاقی مواد کی پیداوار میں اضافہ کر کے مزید ایٹمی ہتھیار بنانا۔

میں آئندہ صفحات میں پاکستانی ایٹم بم، میزائل اور جنگی طیاروں کی موجودہ صورت حال کا (دستیاب معلومات کی حد تک) ایک جائزہ پیش کروں گا اور یہ سوال اٹھاؤں گا کہ مزید اضافہ کرنے کی راہ میں کیا چیز حائل ہے۔

7.6 ۔ ایٹم بم کی تشکیل اور اضافہ

پاکستان کے ایٹمی اسلحہ کا موجودہ حجم صیغۂ راز میں ہے مگر مختلف اندازوں کے مطابق اس کے ذخیرے میں 5 سے 20 کلوٹن طاقت کے 60 سے 100 ایٹم بم ہیں۔ ہندوستان کی پیروی کرتے ہوئے پاکستان نے بھی ایٹمی اسلحے کی اوپری حد کا کوئی ہدف متعین نہیں کیا ہے۔ امریکہ ہندوستان ایٹمی معاہدے کی وجہ سے مستقبل میں انشقاقی مواد کی مقدار میں کمی لانے کے تمام امکانات فی الحقیقت ختم ہو چکے ہیں۔ مادی اور تکنیکی حدود کے باوجود قیاس آرائی کی جا سکتی ہے کہ پاکستان ہر ممکن حد تک زیادہ سے زیادہ ایٹم بم بنائے گا اور انہیں زیادہ طاقتور بھی بنائے گا۔

7.7 ۔ مستقبل میں ایٹمی اسلحے کی توسیع میں کیا رکاوٹیں ہو سکتی ہیں؟

پاکستان زیادہ سے زیادہ کتنی تعداد میں یورینیم پر مبنی بم کا بنیادی مواد بنا سکتا ہے، اس کا انحصار کہوٹہ تنصیبات کے (اور شاید پاکستان میں کچھ اور جگہوں پر قائم غیر اعلانیہ مراکز میں بھی) centrifuges سے پیدا ہونے والی بلند افزودہ یورینیم یا HEU کی مقدار پر ہے۔ بلند افزودہ یورینیم بنانے کا عمل سب سے پہلے P-1 centrifuge سے ہوا جو ہالینڈ سے نقل کردہ ڈیزائن کی مدد سے تیار کی گئی جو ڈاکٹر عبدالقدیر خان 1970 کی دہائی کے وسط میں یورپ سے لائے تھے۔ اس centrifuge کی استعداد ایک 'separative work unit' (SWU) سے بھی کم تھی۔ بعد میں بہتر centrifuge جو مزید مضبوط تھے اور 1980 کی دہائی کے آخر میں P-2 ماڈل بھی شامل کر لیا گیا جو پانچ گنا زیادہ استعداد رکھتا تھا۔ مجموعی طور پر centrifuges کو تقریباً 184 کے جتھے میں مسلسل لگایا جاتا ہے۔

زیادہ تیز گھومنے والے جدید centrifuges مضبوط تر فولاد کی عمدہ ملکی تیاری و حاصل شدہ مکمل حرکت پذیری کی بدولت ممکن ہوئی۔ جدید ترین اقسام کی مشینیں، تیسری یعنی (کے آر ایل) میں تیار کیا گیا۔[22] P-3 بعد کے دو جدید ماڈلوں میں پہلا تھا۔ یہ چار میٹر والا ماڈل 12 SWU/yr سے کچھ کم استعداد رکھتا ہے۔ اوپر بیان کیے گئے حوالے کے مطابق اور بھی جدید P-4 کی استعداد شاید 20 SWU/yr سے کچھ زیادہ ہے۔ تو چار اور دوسری کے معروف centrifuges کی اقسام کے متعلق جو معلومات ملتی ہیں لیکن ان کی تعداد معلوم نہیں۔ البتہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ اس وقت یہ چند ہزار رہیں گے۔ چنانچہ آپ توقع کر سکتے ہیں کہ اس وقت افزودہ یورینیم کی سالانہ شرح پیداوار 1980ء کی دہائی کے وسط کی نسبت کئی گنا زیادہ ہے اور اس میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

ضلع ڈیرہ غازی خان کی کانوں سے نکالی جانے والی قدرتی یورینیم کی مقدار ایک اور رکاوٹ ہے۔ پاکستان نے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (IAEA) کو اطلاع دی ہے کہ وہ ہر سال ان کانوں کے ذریعے 40 ٹن خام یورینیم دھات نکالتا ہے۔ اس میں سے کچھ کراچی نیوکلیئر پاور پلانٹ (KANUPP) میں ایندھن کے طور پر اور کچھ بم بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

یہ بھی سب عیاں ہے کہ پاکستان عملی طور پر پلوٹونیم پر مبنی بموں کا مالک ہے جس کا کم وزن انہیں جدید میزائل دور دراز تک پہنچانے کے لیے زیادہ موزوں بناتا ہے۔ ری ایکٹر کا پلوٹونیم خوشاب میں قائم اور بین الاقوامی نگرانی سے مبرا 50 میگاواٹ کے ری ایکٹر سے پیدا ہوتا ہے جو 1998ء سے کام کر رہا ہے۔ یہ سالانہ تقریباً 10 کلوگرام پلوٹونیم پیدا کرتا ہے جو دو یا دو بموں کے لیے کافی ہے۔ حال ہی میں سیٹلائٹ سے لی گئی تصاویر میں اسی طرح کے دو ری ایکٹروں کی تعمیر بھی دکھائی دی جس میں سے تازہ ترین یونٹ کی تعمیر کا آغاز 2007ء میں ہوا۔[23] اسلام آباد کے قریب New Labs میں (اور غالباً چشمہ اسی کمپلیکس میں بھی) استعمال شدہ ایٹمی ایندھن کی کیمیائی ری پروسیسنگ سے ملٹری گریڈ پلوٹونیم حاصل کیا جاتا ہے۔

2009ء میں لی گئی سیٹلائٹ تصاویر[24] سے پلوٹونیم علیحدہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہونے کا پتا چلتا ہے جس کا مرکز اسلام آباد کے قریب پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (PINSTECH) کی "توسیع" ہے۔ قبل ازیں امریکہ میں دفاعی تجزیہ نگاروں نے

نشاندہی کی تھی کہ فروری 2002ء سے اگست 2006ء تک لی گئی سیٹلائٹ تصاویر کے ایک سلسلے میں پرانے پلانٹ کے ساتھ ہی پلوٹونیم علیحدہ کرنے والے دوسرے پلانٹ کی تعمیر ہوتی دکھائی دی۔ اس کا مطلب ہوا کہ پاکستان اپنا پلوٹونیم کا سٹاک بڑھانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ عام دستیاب معلومات کی مدد سے جنوبی ایشیا میں انشقاقی مواد کے سٹاک کا تخمینہ لگانے کی کوشش کی گئی ہے۔[25]

دونوں اقسام کے انشقاقی مواد سے بنائے گئے ہتھیاروں کی اصل تعداد کا انحصار دستیاب پلوٹونیم کے علاوہ دھات سازی (میٹلرجی)، معیاری دھماکہ خیز مواد، الیکٹرانکس، مکینیکل آلات وغیرہ کی سہولیات موجود ہونے پر بھی ہوگا۔ ایک عام ایٹمی ہتھیار میں تقریباً 2000 حصے ہوتے ہیں اور یہ کام بہت پیچیدہ ہوتا ہے۔ دھات سازی (میٹلرجی) اور تیاری کا یہ زیادہ تر کام ٹیکسلا کے ہیوی مکینیکل کمپلیکس میں اور اس کے آس پاس، نیز واہ کی عسکری فیکٹریوں میں کیا جاتا ہے۔ بناوٹ کا عمل کئی مراحل پر مشتمل ہے۔ پہلے مرحلے میں انشقاقی مواد کو خالص دھات میں منتقل کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد مشینوں کے ذریعے بالکل درست پیمائش کا مرکزی حصہ (core) بنتا ہے۔ ان میں سے کوئی بھی کام معمولی نہیں۔ لیکن ایک بار جب معیاری ڈیزائن تیار ہو جائے تو اس کی متعدد نقول تیار کرنا آسانی ممکن ہو جاتا ہے۔ ہتھیاروں کی سالانہ پیداوار بھی تقریباً اتنی ہی ہوگی جتنی کہ انشقاقی مواد سے مرکزی حصے بنانے کی شرح۔ اور بموں کو بنانے کی شرح بڑھانے میں کوئی بڑی مشکل حائل نہیں ہے۔

اگرچہ پاکستانی بم اور میزائل (ڈیلیوری) کے ذخائر کی تعداد ایک گہرا راز ہے، لیکن ستمبر 2009ء میں 'بلیٹن آف دی اٹامک سائنٹسٹس' نے آئی ایس آئی کے ایک سابق اعلیٰ عہدیدار کا یہ بیان شائع کیا کہ انہیں (پاکستان کو) اپنے ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد دو گنا یعنی 50 سے 100 کرنے میں کوئی دس سال لگے۔"[26] پاکستان نے جنیوا میں ترکِ اسلحہ کی کانفرنس Conference on disarmament میں انشقاقی مواد کو محدود کرنے کی کوششوں کو کامیابی سے روکا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ ہندوستان کے ایٹمی ہتھیاروں کی وجہ سے ایسا کرنا ضروری ہو گیا ہے۔ مئی 2011ء میں امریکی حسابات کے مطابق پاکستان ایٹمی دوڑ میں انڈیا پر سبقت حاصل کر چکا ہے۔

مزید طاقتور ایٹمی ہتھیار بنانا اگلا منطقی قدم ہے۔ بوسٹڈ (تقویت یافتہ) انشقاقی ہتھیار بنانا نسبتاً آسان کام ہے کیونکہ اس میں وہی انشقاقی مواد استعمال ہوتا ہے۔[27] چند گرام ڈیوٹیریم اور ٹریٹیم بم کے اندر داخل کرنے سے اضافی نیوٹران خارج ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں زیادہ مکمل انشقاق ہوتا ہے اور اس طرح دھماکے کی طاقت دوگنا بلکہ تین گنا بھی ہو سکتی ہے۔

خوشاب ری ایکٹر ٹریٹیم کی پیداوار کا ذریعہ بھی ہے۔ خوشاب سے پہلے PAEC نے لیتھیم (Lithium) کو تابکاری کی رو میں لا کر اسے تیار کرنے کی کوشش کی تھی۔[28] 1987ء میں PAEC ٹریٹیم (Tritium) کو خالص بنانے کے آلات مغربی جرمنی سے حاصل کرنے میں کامیاب ہوا۔ بعد ازاں، پاکستان نے جرمنی سے 30 ٹن لیتھیم کا سنگ حاصل کرنے کی کوشش کی جو لیتھیم کو "ری ایکٹر میں تابکاری کی رو میں رکھنے کے لیے" استعمال ہوتی ہے۔[29] مئی 1989ء کے امریکی کانگریس کے ریکارڈ کے مطابق پاکستان نے مغربی جرمنی سے مرتکز کی ہوئی ٹریٹیم جو اصل میں ہائیڈروجن بموں کے لیے تھی کے علاوہ ٹریٹیم علیحدہ کرنے والے آلات بھی حاصل کیے۔ اس نے ایٹمی ایندھن بنانے کے لیے آلات بھی حاصل کیے جن کے نتیجے میں اسے امریکی ساخت کی ہائی پاور ریڈار بھی مل گئی۔[30]

ایک 60 سالہ پرانا تصور اور بھی ہے جسے اختیار کر کے پاکستان زیادہ تعداد میں بم بنا سکتا ہے۔ بلند افزودہ یورینیم کے خول کے اندر بند پلوٹونیم کا ایک چھوٹا کرہ۔ الگ الگ پلوٹونیم اور یورینیم سے بنے ہوئے بموں کی نسبت اس ترکیب سے زیادہ تعداد میں بم بنائے جا سکتے ہیں۔

ہائیڈروجن بم بنانے کے لیے ایک بالکل ہی مختلف سائنس درکار ہے۔ کوئی شک نہیں کہ پاکستان اس قسم کے ہتھیار بنانے کی جستجو کر رہا ہے البتہ اس سلسلے میں پیش رفت کا علم نہیں۔ یہ معلوم ہے کہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن میں بیس سال سے ایک چھوٹا فزکس گروپ اس پر توجہ دے رہا ہے۔ ہندوستان پہلے ہی ہائیڈروجن بم بنانے کا دعویٰ کر چکا ہے۔ 11 مئی 1998ء کو آزمائے گئے ہتھیاروں میں سے ایک کو اسی نوعیت کا بتایا گیا تھا۔

78 - میزائل کی صلاحیت

پاکستان کی تیزی سے بڑھتی اور بڑھتی ہوئی جانب مائل ہونے کی صنعت میزائلوں پر

توجہ دے رہی ہے۔ یہ صنعت گریڈ سے کر ٹینکوں [illegible] تک دیکھے جا سکتے ہیں۔ یہ آلات سے لے کر بیرونگا نیز ذرائع ہتھیاروں اور چھوٹی بندوقوں سے لے کر تربیتی ہوائی جہاز تک تیار کر رہی ہے۔ ٹیکسلا اور واہ کے علاوہ آس پاس کے علاقوں میں صنعتی سائز کے درجنوں یونٹس (جن سے دہلی اور اسلام آباد اور راولپنڈی کے علاقے میں قائم ہیں) لاکھوں بلین ڈالر مالیت کے ہتھیار بنا رہے ہیں جنہیں برآمد کرنے کے 2008ء میں تقریباً 30 ملین ڈالر کمائے گئے۔[31] زیادہ تر پیداوار بیرونی ممالک سے حاصل کردہ لائسنس کے تحت ہوتی ہے، بشمول CKD kits سے ہیں، اور اسلحہ فیکٹریوں کے لیے زیادہ تر مشینری مغرب یا چین سے درآمد کی جاتی ہے۔

پاکستانی میزائل سیریز دو علیحدہ گروہوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔ شمالی کوریا کے Nodong میزائل پر مبنی غوری میزائل سیریز کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز (کے آر ایل) نے تیار کی جبکہ چین کی M-9 اور M-11 میزائلوں پر مبنی شاہین سیریز نیشنل ڈیفنس کمپلیکس (این ڈی سی) کی تیار کردہ ہے۔

میزائل کی قسم	حد (کلومیٹر)	ایندھن کی قسم	وزن اٹھانے کی استعداد	تجربات کی تعداد	آخری تجربے کی تاریخ
حتف I	50-90	ٹھوس	450		
حتف II (ابدالی)	70-200	ٹھوس	450		
حتف III (غزنوی)	100-290	ٹھوس	800		
حتف IV (شاہین I)	200-650	ٹھوس	650		
حتف V (غوری)	300-1300	مائع	680		
حتف VI (شاہین II)	700-2200	ٹھوس	1100		21-4-2008
حتف VII (بابر)	500-750	مائع	500	2	26-7-2007

پاکستانی میزائل قوتوں کے مرکزی عناصر کی فہرست اوپر دی گئی ہے۔[32] ان میں مختصر فاصلے تک مار کرنے والے ٹیکٹیکل میزائل، حتف III، غزنوی، حد 290 کلومیٹر) حتف IV (شاہین I، حد 650 کلومیٹر)؛ زیادہ دور تک مار کرنے والا حتف V (غوری، حد 1300

کلومیٹر) اور ابھی تک استعمال میں نہ لایا گیا حتف VI (شاہین II ۔ حد 2200 کلومیٹر) شامل ہیں۔

2007ء کی ایک رپورٹ کے مطابق ٹھوس ایندھن استعمال کرنے والے میزائلوں (حتف III) کو استعمال میں لانے کے لیے دو کار چار ایکسل والی 50 میزائل بردار (TE) گاڑیوں کو دیکھا گیا ہے۔(33) (TE گاڑیاں میزائلوں کی نقل و حمل کے علاوہ انہیں عمودی کھڑا کرنے کے کام بھی آتی ہیں) بظاہر یہ لگتا ہے کہ ان میں سے زیادہ تر پاکستان فضائیہ کے جنگی ہوائی اڈے سے ملحق "سرگودھا ویپنز سٹوریج کمپلیکس" میں رکھی گئی ہیں۔ اسی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ چار ایکسل والی تقریباً 50 لانچر گاڑیاں (TEL) شاہین (I) میزائل کے لیے موجود ہیں۔ شاہین (II) کے لیے موزوں چھ ایکسل والی تقریباً 15 لانچر گاڑیاں سیٹلائٹ تصاویر میں دیکھی گئی ہیں۔

پاکستان 500 کلومیٹر تک مار کرنے والے کی صلاحیت کے حامل کروز میزائل "بابر" بھی تیار کر رہا ہے۔ پاکستان حکومت کی سرپرستی میں چلنے والی ایک ویب سائٹ بتاتی ہے کہ اس کے ڈیزائن کی صلاحیتیں امریکی BGM-109 ٹوماہاک کروز میزائل کی ہم پلہ ہیں اور 1000 کلومیٹر تک مار کرنے والی قسم کی تیاری جاری ہے۔(34) بابر میزائل کی تشہیر "دھیرے کم رفتار پر سفر کرنے والے، نچلی سطح پر زمین کے قریب پرواز کرنے والے میزائل" کے طور پر کی گئی ہے جو "ریڈار میں آنے سے بچ سکتا ہے اور ہدف پر بہت درست نشانہ لگا سکتا ہے۔" کہا جاتا ہے کہ یہ GPS سے رہنمائی لینے کی بجائے جس کا انحصار امریکی سیاروں سے حاصل کردہ اطلاعات پر ہوتا ہے اور جو حالت جنگ میں ناقابل بھروسہ ہو سکتے ہیں، خودکار رہنمائی کے سہارے سفر کرتا ہے (اور غالباً یہ ریڈار سکوپ سے کام لیتا ہے)۔ 21 مارچ 2006ء کو جب اسے TE سے لانچ کرنے کا تجربہ کیا گیا تو صدر جنرل پرویز مشرف بھی موقع پر موجود تھے۔

انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے ایک ترجمان کے مطابق پاکستان کچھ ترمیم کی کوشش کر رہا ہے جس کے نتیجے میں یہ میزائل ایف-16 میراج طیاروں اور بحری جہازوں (ٹائپ فریگیٹ) مثلاً آگوسٹا 90B جنگی آبدوزوں اور اس کے علاوہ کلاس جنگی جہازوں سے داغے جا سکیں گے۔ "28 جولائی 2007ء کو بابر کا آزمائشی تجربہ کامیاب قرار دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس کی رینج 700 کلومیٹر تک ہو گئی ہے۔(35)

پاکستان حیرت انگیز طور پر بہت مختصر وقت میں کافی بڑی اور مختلف خصوصیات کے حامل درمیانے فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کی فوج بنانے میں کامیاب ہو گیا ہے۔ کمزور صنعتی اور سائنسی انفراسٹرکچر رکھنے والے ایک ترقی پذیر ملک کے لیے ایسا کرنا کیسے ممکن ہوا؟ طویل فاصلوں تک مار کر سکنے والے میزائل بنانا ایک انتہائی پیچیدہ تکنیکی کام ہے۔ آج بھی "راکٹ سائنس" کی اصطلاح مشکل ترین اور بہت پیچیدہ کام کی ہم معنی ہے۔

میزائل بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کی کئی صلاحیتیں ضروری ہیں۔ جس کے کچھ اہم حصے درج ذیل ہیں

- میزائل کو چلانے کے لیے مائع یا ٹھوس ایندھن بنانے کی خاطر کیمیکل ٹیکنالوجی۔
- راکٹ موٹرز کی ڈیزائن، تعمیر اور ٹیسٹنگ کے لیے مکینیکل ٹیکنالوجی۔
- میزائل کے مرکزی ڈھانچے، بازوؤں اور اگلے حصے کے ڈیزائن کے لیے ہوائی حرکیات (ایروڈائنامکس) اور ساختی انجینئرنگ۔
- پلاسٹکس اور پولیمر سمیت خصوصی میٹریل کی تیاری جو بلند درجہ حرارت پر استعمال ہو سکیں۔ re-entry کے لیے تیز حرارت برداشت کرنے والی دھاتیں (ہیٹ شیلڈز) درکار ہیں تاکہ بم کو ناکارہ ہونے سے محفوظ رکھا جائے۔
- میزائل کی رہنمائی، سمت نمائی، رفتار کا تناسب، پرواز کے دوران توازن کے لیے حساب کتاب لگانے کی صلاحیت اور مخصوص سافٹ ویئر۔
- میزائل کی سمت متعین کرنے اور کنٹرول، ٹیلی میٹری اور ڈیجیٹل رہنمائی کے لیے برقیات (الیکٹرانکس)۔

یہ بہت کڑے تقاضے ہیں لیکن ڈیزائن کے چیلنج کافی رکھے ہوئے اور مشکل چیزیں ہیں۔ ان کے حل خصوصی نصابی کتب اور امریکہ، روس سمیت متعدد ممالک میں گریجویٹ سطح کے یونیورسٹی کی نصابی کتب میں ملتے ہیں۔ مختلف پرزوں کا ڈیزائن اب سادگی بن رہا ہے۔ جیسا کہ میزائل ٹیکنالوجی بھی سب سے [illegible] ہوائی جہاز میں کام آنے والے جائروسکوپ وغیرہ جیسے آلات کے علاوہ طاقت ور کمپیوٹروں کی دستیابی نے تیسری دنیا کے متعدد ممالک (بشمول پاکستان و ہندوستان) کو ترقی کی راہ میں حائل بڑے بڑے مسائل عبور کرنے کے قابل بنا دیا ہے۔

میزائل سازی کی تفصیلات مہیا کر رہے ہیں جیسا کہ بالترتیب ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ڈاکٹر ثمر مبارک کی زیر قیادت دو پاکستانی اداروں خان ریسرچ لیبارٹری اور نیشنل ڈیفنس کمپلیکس کی شدید چشمک کے باعث اکثر پریس کو اہم معلومات دے دی جاتی ہیں تاکہ عظمت میں زیادہ سے زیادہ حصہ مل سکے۔ 1999ء میں ایک اردو اخبار نے "شاہین کیسے بنایا گیا" کے زیر عنوان کالم میں اور بیان فراہم کیا۔ اس کالم میں NDC گروپ کے کارناموں کو سراہا اور کے آر ایل گروپ کی کارکردگی کو گھٹا کر پیش کیا گیا۔(35)

میزائل سازی میں اس بظاہر شان دار ترقی سے ہم کیا نتائج اخذ کر سکتے ہیں؟

بڑے میزائل کے انجن میں کمال مہارت، چلنے کے دوران کے ری ایکشن انجن کے مرحلوں کے ساتھ پیچیدہ کنٹرولوں کا نظام، برقیات، آلات حس پیما (سینسرز)، ہوائی حرکیات، دیرپا مادے (کمپوزٹس) وغیرہ سے پاکستانی صنعت یا تکنیکی شعبوں کی صلاحیتوں سے بالاتر حیثیت رکھتی ہیں۔ غوری میزائل کے ماخذ کے بارے میں بھی یہی کہا جا سکتا ہے۔ اس میں شک کی گنجائش نہیں کہ پاکستان نے چین سے حاصل مدد لینے کے علاوہ یورپ سے پرزے منگوائے ہیں۔ غوری میزائل کے لیے شمالی کوریا کی مدد تسلیم شدہ امر ہے اور شاید بعد کے سلسلے میں بھی اس کا اہم کردار رہا ہو۔

پاکستان سرکاری طور پر کہتا ہے کہ اس کے میزائلوں کا ہر پرزہ یہیں تیار کردہ ہے، مگر یہ دعویٰ معقول نہیں اور حقیقت کو کبھی بھی منظر عام پر نہیں لایا جاتا۔ عبدالقدیر خان اور ان کے حریف کی کامیابیوں کو بے وقعت ثابت کرنے کے لیے غالباً پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ایما پر ایک پاکستانی مصنف نے کسی پاکستانی عسکری جریدے میں مندرجہ ذیل الفاظ لکھے

"جب PAEC نے ٹھوس ایندھن سے چلنے والے M-11 طرز کے میزائل حاصل کرنے کے لیے 1989ء میں چین کے ساتھ معاہدہ کیا تو کچھ ہی عرصے بعد عبدالقدیر خان شمالی کوریا سے مائع ایندھن سے چلنے والا نوڈونگ میزائل لینے میں کامیاب ہو گئے۔ یوں عبدالقدیر خان ایک مرتبہ پھر پاکستان کو میزائل کے لیے ڈیلیوری سسٹم دینے والے شخص کے طور پر عوامی مقبولیت حاصل کر گئے۔ حقیقت یہ تھی کہ 1990ء میں جب NDC کی بنیاد رکھی گئی تو PAEC ٹھوس ایندھن سے چلنے والے شاہین طرز کے میزائل پر کام شروع

کر چکا تھا۔ اس وقت تک غوری یا Nodong/Taepodong قابل استعمال نہیں بنے تھے۔"

مصنف نے اپنے ادارے PAEC کو برتر ثابت کرنے کی اس کوشش میں سامنے آنے والے سال سے کی جانے والی تردید کی نقل نہیں کی کہ پاکستان نے چین سے M-11 میزائل لیے ہیں اور یہ دعوے کہ غوری مقامی طور پر تیار کیے گئے ذرائع کو دے دیے تھے

بہرصورت یہ نتیجہ اخذ کرنا غلط ہو گا کہ پاکستان کے میزائل سو فیصد درآمد شدہ ساخت کے ہیں۔ پاکستان کے انجینئروں نے اس میں کسی حد تک جدت ضرور پیدا کی ہے۔ پاکستان نے میزائل پالیسی میں دو روشیں اختیار کی ہیں۔ پہلی روش CKD (completely knocked down) کٹس کے طور پر مکمل میزائل سسٹم کا حصول تھا جو کمرشل کارگو کے طور پر لائے گئے یعنی زیادہ تر بذریعہ سمندر، لیکن وہ بذریعہ ہوائی راستے اور شاہراہ ریشم کے ذریعے بھی۔ دوسری روش سسٹم کو سمجھنے اور ایک ایک پرزے کو دوبارہ بنانے کی تھی۔ ایک بار جب کسی کامیاب سسٹم ڈیزائن — مثلاً نوڈانگ — کو بطور بنیادی نمونہ تسلیم کر لیا جائے تو متعلقہ ذیلی سسٹم کو بنانا یا حاصل کرنا لازمی ہوتا ہے۔ ترقی پذیر کے ساتھ ساتھ ترقی یافتہ ممالک میں بھی ڈیزائن بنانے والوں اور صنعت کاروں (مینوفیکچررز) کے لیے ٹیکنالوجی کی علاحدہ علاحدہ پرزوں میں ہونے کی بدولت یہ ممکن ہو جاتا ہے کہ وہ الگ الگ حصے (یونٹس) لائیں اور پھر انہیں جوڑ کر نہایت پیچیدہ اور موثر نظام بنا لیں۔ آپ کو بس یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ ان حصوں (یونٹس) کو آپس میں جوڑنا کیسے ہے۔ ان کی کارکردگی کے اصولوں کے متعلق زیادہ معلوم ہونا ضروری نہیں۔ اسی طرح بال کمپیوٹر کے انجینئر، ٹکڑوں کو جوڑ کر پیچیدہ نظام تشکیل دے دیتے ہیں لیکن وہ ان ٹکڑوں کو نہیں بنا سکتے۔

مثال کے طور پر 30-40 سال قبل میزائل کے رہنمائی نظام (گائڈنس سسٹم) پر کام کرنے والے کسی الیکٹرانکس انجینئر کو یہ جاننے پر بہت وقت صرف کرنا پڑتا تھا کہ ٹرانزسٹرز اور دیگر پرزوں کی مدد سے نہایت پیچیدہ سرکٹ کیسے ڈیزائن کرتے ہیں۔ لیکن آج تقریباً ہر کمرشل الیکٹرانکس سپلائر سے ملنے والی کسی چھوٹی سی مائیکرو پروسیسر چپ کو اپنی پروگرامنگ کے لیے اس صنعت کار (مینوفیکچرر) کی ہدایات پر ہی عمل کرنا ہوتا ہے۔ یہ روش (approach) ہی ٹیکنالوجی راکٹ بنانے میں بھی استعمال ہوتی ہے، بشمول انجن ڈیزائن اور ہوائی حرکیات کی

تعمیر (ایروڈائنامکس کنسٹرکشن)۔ کمپیوٹر سے کنٹرول ہونے والی NC مشینوں نے ٹیکنیکل پرزوں کو کھولنے اور دوبارہ بنانا آسان کر دیا ہے۔ اس طرح ثابت کر دیا جیسے وہ ملک بھی کافی پیچیدہ میزائل پروگرام بنانے کے قابل ہو گئے جن کی دیگر ٹیکنالوجیکل کامیابیاں ... کے نام ہیں۔

ایک نئی پیش رفت میں پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ وہ اٹلی کی Selex Galileo کے تعاون سے بغیر پائلٹ کے بغیر فضائی گاڑیاں (UAVs، جنہیں عام طور پر ڈرونز کے نام سے جانا جاتا ہے) بنانا شروع کر دے گا۔[37] لگتا ہے کہ عالمی تجارتی معاہدات کے تحت پھیلنے والی ٹیکنالوجی کا سد روکنے والا نہیں۔

7.9۔ جنگی طیاروں کی صلاحیت

فوج کے زیر اختیار متحرک میزائل فورس کی توسیع کے ساتھ ساتھ فضائیہ کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ چیف آف ایئر سٹاف ایئر چیف مارشل تنویر محمود احمد نے مارچ 2008ء میں اعلان کیا کہ فضائیہ کی ایٹمی حیثیت کو جدید کرنے پر 9 ارب ڈالر خرچ کیے جائیں گے۔[38] تاہم یہ معلوم نہیں کہ اس سے کیا مراد ہے۔ شاید یہ جارحانہ ایٹمی اڈوں کو بہتر کرنے کا ایک مستعد طریقہ تھا۔

لڑاکا بمبار طیارے ایک دور میں ہندوستان پر ایٹمی حملے کے لیے پاکستان کے ترجیحی ذریعے تھے، لیکن وہ ایک حد تک ہی کارآمد ہیں۔ اول، ان کی محدود پہنچ ہندوستان کے بہت سے علاقوں تک ان کی رسائی کی اجازت نہیں دیتی۔ دوم، انہیں بہت موثر ہندوستانی فضائی دفاعی نظام میں سے گزرنا پڑے گا۔ پھر بھی ان کا فائدہ یہ ہے کہ وہ قابل بھروسہ ہیں، واپس بلائے اور دوبارہ استعمال ہو سکتے ہیں۔

1987ء میں پاکستان نے ایٹمی ہتھیار بنا لیا تھا، اور میزائلوں کے آنے سے بہت پہلے طیارے ہی بم گرانے کا ذریعہ تھے۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق

> 1983-1990ء کے عرصے میں اٹامک انرجی کمیشن کے واہ گروپ نے اتنا چھوٹا ایٹم بم ڈیزائن کرنے اور بنانے کا کام شروع کیا کہ جسے F 16 جیسے چھوٹے لڑاکا طیارے کے پر سے جوڑ کر لے جایا جا سکے۔ اس

> سے پاکستان فضائیہ کے پہلو بہ پہلو کام کرتے ہوئے ٹیم بم کو طیاروں کے ذریعے پھینکنے کے طریقے بنانے اور انہیں کمال کو پہنچایا جن میں "عمودی فری فال"، "loft بمباری"، "toss بمباری" اور "کم بلندی lay-down بمباری" کے طریقے شامل تھے۔ آج پی اے ایف نے F-16 اور میراج V لڑاکا طیاروں کے ذریعے ایٹمی ہتھیاروں سے حملہ کرنے کے چاروں طریقوں میں کمال حاصل کر لیا ہے اور طیاروں میں بم لے جانے کے لئے تبدیلیاں مقامی طور پر کر لی گئی ہیں۔(39)

پاکستان کو چھتیس F-16 C/D block 50/52 لڑاکا طیاروں میں سے پہلی جولائی 2007ء کو ملنا شروع ہوئی۔ یہ جدید ترین ماڈل ہے جو اس وقت امریکی فضائیہ بھی استعمال کر رہی ہے۔(40) پاکستان کے پہلے سے موجود F-16 بیڑے کے تمام 34 طیاروں کو جدید بنا کر اسی سطح پر لانے کے لیے مدد بھی مل رہی ہے۔ F-16 طیاروں کو آج بھی تقریباً 1800 کلومیٹر کے فاصلے تک فضائی ترسیل کا مرکزی وسیلہ قرار دیا جاتا ہے، لیکن چینی ساختہ A-5 بمبار طیاروں کے دو سکواڈرن بھی موجود ہیں۔ تاہم، امریکہ کی جانب سے ایک شرط کا اضافہ بھی کیا گیا ہے کہ اس معاہدے کے تحت فروخت کردہ F-16 طیاروں کے ذریعے ایٹمی ہتھیار لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ایک امریکی عہدیدار کے مطابق، اگر پاکستان نے ایسا کرنے کی کوشش کی تو امریکی حکام کے پاس یہ غیر معمولی سیکیورٹی پلان موجود ہے۔ ہم مانیٹرنگ کر رہے ہیں اور انہیں ایسا کرنے پر مائل کرنے کی قوت رکھتے ہیں۔(41) البتہ جدید بنائے گئے F-16 طیارے غالباً اس پابندی سے مستثنیٰ ہیں۔

پاکستانی فضائیہ کی زیادہ تکنیکی صلاحیتیں طیاروں کی دیکھ بھال تک محدود ہیں۔ سب سے بڑے پوسٹ میراج اور F 16 کو دوبارہ بنانے کی فیکٹریاں ہیں۔ کامرہ کے مقام پر طیاروں کے برقیات (avionics) اور ریڈار کی مرمت اور دیکھ بھال کی فیکٹری اور چھوٹے تربیتی طیارے بنانے کے لیے ایک فیکٹری ہے۔ واہ کے قریب واقع فضائی ہتھیاروں کا مرکز (ایئر ویپنز کمپلیکس) فضائی ذرائع سے پہنچائے جانے والے ہتھیاروں کی کئی اقسام تیار کرتا ہے۔ JF-17 Thunder طیارہ، جس میں سے 150 فضائیہ میں شامل کیے گئے، وہ اس کا مرکزی سہارا بنے گا، لیکن

اور پاکستان کا باقاعدہ مشترکہ منصوبہ ہے، لیکن اس کے ڈیزائن میں پاکستانی تکنیکی شمولیت بہت قلیل ہے۔

پی اے ایف کے سربراہ نے انکشاف کیا ہے کہ سویڈن اور چین سے ایک Airborne Warning and Control System (AWACS) حاصل کیا جا رہا ہے اور انٹیلیجنس جنگی سسٹم، چست (smart) بموں اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل سسٹم کی خریداری کے لیے معاہدے انجام پا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فضا میں پرواز کے دوران ایندھن فراہم کرنے والے جہازوں میں ترمیم کی جا رہی ہے۔ پی اے ایف کے پاس ٹیکنیکل کارگو اور ٹرانسپورٹ ہوائی جہاز سمیت تقریباً 550 طیارے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ لڑاکا طیاروں کی تعداد 350 کے لگ بھگ ہے۔ اس کے مطابق فی الحال پی اے ایف میں 46 ایف 16 موجود ہیں جن میں ان چودہ ایف 16 طیاروں کے 2 جو امریکہ سے "تقریباً مفت" حاصل کیے گئے۔[42]

7 10 ـ مہارت کی کمی

ہم اور میزائل منصوبے میں پاکستان کی کامیابی رقم اور وسائل کی بڑے پیمانے پر فراہمی کی مرہون منت رہی ہے۔ تاہم مشرق وسطیٰ کے کہیں زیادہ امیر ممالک — بالخصوص عراق اور ایران — بہت کم کامیاب رہے ہیں۔ اس میں اصل فرق موڑ وہ چند گروپ لیڈران کے ماتحت کام کرنے والے چند سو سائنسدانوں، انجینئروں اور خریداری کے بین الاقوامی نیٹ ورک کے علاوہ مضبوط ارادے کا ہے۔ زیادہ تر کام نقل مطابق اصل (reverse engineering) یعنی کسی چیز کے پرزے پرزے الگ کر کے ان کی ہو بہو نقل تیار کر کے دوبارہ بنانے کا تھا، اور کوئی نئی ایجاد و دریافت نہیں تھی۔ لیکن پاکستانی ایٹمی ماہرین اس موضوع پر تحریری مواد اور صنعت میں ہونے والی پیش رفت کو بھی طرح سمجھتے تھے۔ ان کی تعلیم 1960 کی دہائی کے اوائل میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے شروع کیے ہوئے ایک پروگرام کے تحت امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ میں ہوئی، تاہم ان میں سے چند ہی اعلیٰ پائے کے محقق و سائنسدان تھے جنہوں نے بہترین یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کی تھی۔ اب تک متعدد ریٹائر ہو چکے ہیں یا ہونے والے ہیں۔

بڑے وفاقی تحقیق و ترقی R&D کے اداروں PAEC، NDC اور KRL کی جانب سے بڑھتی

ہوئی طلب کے نتیجے میں مہارت کی قلت پیدا ہو گئی ہے جو شاید پاکستان کے ایٹمی اور میزائل پروگراموں کو مزید آگے بڑھانے کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ پاکستان کی عوامی یونیورسٹیاں بہت خراب حالت میں ہیں اور ان کے فارغ التحصیل افراد جدید انجینئرنگ اور ٹیکنیکل مسائل کو سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتے۔ زیادہ تر افرادی قوت مندرجہ ذیل جگہوں سے آ رہی ہے

- وفاقی اداروں کے زیر انتظام انجینئرنگ ادارے۔ ان کی مثالوں میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز (PIEAS) اور سنٹر فار نیوکلیئر اسٹڈیز (CNS) شامل ہیں۔ یہ ادارے نیوکلیئر انجینئرنگ، کیمیکل اور میٹیریل انجینئرنگ، پروسیس انجینئرنگ، سسٹمز انجینئرنگ، مکینیکل انجینئرنگ، اطلاقی (اپلائیڈ) ریاضی، انفارمیشن ٹیکنالوجی وغیرہ کے کورسز پیش کرتے ہیں۔ یہ ادارے اسلام آباد کے قریب پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (PINSTECH) کی حدود کے اندر واقع ہیں۔ NDC قائد اعظم یونیورسٹی کیمپس میں مختلف ادارے اور مراکز قائم کرنے میں بھی سرگرم ہے۔
- نسبتاً بہتر معیار کے نجی انجینئرنگ کالج جیسے فوج کے زیر انتظام نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (NUST)، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (GIKI) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (JET) وغیرہ۔
- میزائل اور ہتھیاروں کے پاکستانی منصوبہ سازوں کی اکثر یونیورسٹیوں اور اداروں میں ماہیت جیسا راکٹ حرکیات، حرارتی کی تفصیلات، اسلحہ سازی وغیرہ کے متعلق کورسز کرتے ہیں۔ یہ تربیت صرف سرکاری اداروں کے ملازمین کے لیے ہے نہ کہ عام پاکستانیوں کے لیے۔
- گزشتہ پانچ برس کے دوران بجٹ میں بہت اضافے کا استعمال کرتے ہوئے حکومت پاکستان کے ہائر ایجوکیشن کمیشن نے یورپ، آسٹریلیا اور امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے پاکستانیوں کو بہت سے وظائف دیے ہیں۔ ان سے فائدہ اٹھانے والوں میں مختلف وفاقی اداروں کے ملازمین یا سابق ملازمین بھی شامل ہیں۔
- ترقی یافتہ ممالک میں مقیم سائنسدان اور انجینئر بھی کسی معاوضے کے بغیر مشکل تکنیکی مسائل حل

کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ تخفیفی مسائل کو دو ممالک میں حل کرانا ایک عالمی مسئلہ بن چکا ہے۔

11 7۔ پاکستان کی ایٹمی سفارت کاری

اگرچہ پاکستان امریکہ کی موکل ریاست ہے اور کئی اہم حوالوں سے اس پر منحصر ہے، لیکن اس نے ایٹمی ہتھیاروں سے باز رکھنے کی امریکی کوششوں کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ آج کل اسے تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے کہ اس نے جنیوا میں ہونے والی کانفرنس برائے ترک اسلحہ (CD) کے تحت انشقاقی مادے کی پیداوار محدود کرنے پر 64 ممالک کے درمیان مذاکرات کی راہ روکی۔[43] پاکستان کا یہ قدم امریکہ ہندوستان ایٹمی معاہدے اور اس معاہدے سے انشقاقی مادے بنانے کے لیے ہندوستان کی استعداد کو فروغ دینے پر اس کے غصے کا اظہار ہے۔ اس کے پیچھے یہ مفروضہ بھی کارفرما ہے، اور شاید درست بھی ہے، کہ افغانستان کی صورت حال پاکستان کو امریکہ کے لیے اس قدر اساسی اہمیت دیتی ہے کہ امریکہ اس کے خلاف کوئی سخت قدم نہیں اٹھا سکتا

ہندوستانی اور پاکستانی سفارت کاری سے پتہ چلتا ہے کہ فوجی دونوں اداروں کی اس خواہش کی عکاسی کی ہے کہ ان پر تنقید کا رخ خاص طور پر شدید تناؤ کے دوران، کسی اور طرف موڑ دیا جائے اور یہ تاثر دیا جائے کہ ریاست مکمل طور پر ہم آہنگ اور بااختیار ہے۔

درحقیقت ہندوستان اور پاکستان کا عسکری اور سویلین حکمران طبقہ واضح اور مشترک طور پر یہی سب کچھ کا خواہش مند ہے۔ وہ یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ ایٹمی ہتھیار ذمہ دار ہاتھوں میں ہیں، کہ وہ بھی ہر کسی کی طرح ایٹمی ہتھیاروں کو بخوبی سنبھال سکتے ہیں۔ وہ بھی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کے شدید مخالف ہیں اور وہ دہشت گردی سے خائف ہیں جس کا شکار ہیں۔ دونوں ممالک سے تعلق رکھنے والے عہدیدار اور ماہرین اسلحہ کی ورکشاپوں اور سیمیناروں میں آپس میں ملتے ہیں، خوش اخلاقی (اگر بے تکلف انداز میں نہیں تو) سے پیش آتے ہیں اور معقول لگتے ہیں۔ CBMs، ایٹمی خطرے میں تخفیف کے اقدامات جیسے الفاظ کا ورد ان کی زبان پر رہتا ہے۔ چنانچہ تہہ میں موجود بداعتمادی اور رقابت دبی رہتی ہے۔ ہندوستانی عسکری دانشوروں نے اپنے پاکستانی ہم

منصب افراد سے کافی پہلے ہی "ذمہ دار کردار" کا تاثر قائم کرنے کی اہمیت سمجھ لی تھی۔ 2007ء میں طے پانے والا امریکہ ہندوستان ایٹمی معاہدہ اس کی بڑی وجہ ہے۔ درحقیقت ہندوستانی سٹریٹجک تجزیہ نگاروں اور جاسوسوں نے برسوں پہلے کہا تھا،

> نئی دہلی اور اسلام آباد کو معلوم ہونا چاہیے کہ بقیہ دنیا کی جانب سے انہیں باضابطہ ایٹمی کلب کا حصہ تسلیم کرنے پر آمادگی کا، ذمہ دار ہندوستان اور پاکستان کی جانب سے ایٹمی تعلق کو منظم کرنے کی قابلیت پر ہے۔ اگر ہندوستان اور پاکستان چاہتے ہیں کہ انہیں سنجیدگی سے لیا جائے تو انہیں ایٹمی مذاکرات کے نتائج دکھانا ہوں گے۔[44]

مشرف کے پیش رو چیف آف آرمی سٹاف جنرل جہانگیر کرامت امریکہ میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے کام کرنے کے دوران یہ ثابت کرنے کے شوقین تھے کہ پاکستان اور ہندوستان ہر وقت لڑنے مرنے پر آمادہ نہیں رہتے

> "جنوبی ایشیا کو باہر سے دیکھنے والے لوگ اسے نہایت خطرناک اور ایسا خطہ سمجھتے ہیں جہاں ایٹمی جنگ حقیقت بن سکتی ہے۔ خیال تھا کہ 1987ء، 1990ء اور 2002ء کی چپقلش اور 1999ء میں کارگل کی لڑائی کے کئی ایٹمی پہلو تھے جبکہ جنوبی ایشیائی لوگوں کی یہ سوچ نہیں ہے۔"[45]

بہرحال جنرل کرامت نے تسلیم کیا کہ کارگل بحران کے دوران، اور اسی طرح دسمبر 2001ء میں ہندوستانی پارلیمنٹ پر اسلامی عسکریت پسندوں کے حملے کے بعد پیدا ہونے والے بحران میں بھی غلط اندازوں اور میزائل تجربات سے غیر متوقع نتائج بھی برآمد ہو سکتے تھے۔[46]

جیسا کہ اس باب کے شروع میں دلیل دی گئی ہے حالات خراب ہونے کے ساتھ ہی تضادات کا دامن چھوٹ جاتا ہے۔ مستقبل کرتے ہوئے سفارت کاروں کی شائستگی میں گہرائی میں موجود جبلی احساسات کو ہی ملحوظ کرنا ہے

کامیاب سفارت کاری واضح نظر آتی ہے۔ اپنے سیاسی مفادات کو دیکھتے ہوئے امریکہ نے ہندوستان کی جانب اپنے رویے میں بنیادی تبدیلی پیدا کی۔ 1998ء میں عائد کردہ اقتصادی

پابندیاں مرحلہ بہ مرحلہ اٹھا لیں۔ تنقید کی آواز کمزور پڑ گئی۔ اس کے بعد بھارت کی ایٹمی حیثیت کو بھاری دل کے ساتھ قبول کر لیا گیا، اور پھر بھی ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے (NPT) کی پرواہ کیے بغیر امریکہ سے تعاون کا ایک خصوصی معاہدہ کے تحت ہے۔ ہندوستان کو ایٹمی آلات اور مواد فراہم کرنے شروع کر دیے ہیں۔ اگرچہ پاکستان کے معاملات اتنے اچھے نہیں رہے اور اس طرز کے معاہدے کی حمایت نہ ہوئی۔ لیکن اسے بالجواز طور پر ایٹمی طاقت تسلیم کر لیا گیا اور اس کے ایٹمی اسلحے کے تحفظ اور سلامتی کے بارے میں تشویش بہت کم ہو چکی ہے۔

7.12۔ پاکستان کے ایٹمی اسلحے کی حفاظت اور سلامتی

مشرف حکومت نے اپنی ایٹمی صلاحیتوں کو برقرار رکھنے اور وسعت دینے کے پختہ عزم کے ساتھ عبدالقدیر خان کے ایٹمی کاروبار پر تنقید سے ڈگمگاتے ہوئے عالمی سطح پر 2004ء میں تمام ایٹمی معاملات کو چھپا کر رکھنے کی سابقہ پالیسی کو بالکل الٹ دیا تھا۔ اسے امید تھی کہ اس طرح دنیا کو یقین دلایا جا سکے گا کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیار محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔ واشنگٹن کے تھنک ٹینکس سے ملنے اور امریکہ بھر میں فوجی کالجوں کے دورے کرنے کے لیے اعلیٰ عہدیداروں کا تانتا بندھ گیا۔ چند برس قبل اس کا تصور کرنا بھی محال تھا۔ سٹریٹیجک پلاننگ ڈویژن SPD (جو پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو سنبھالنے، ان کی دیکھ بھال کرنے اور محفوظ رکھنے کا ذمہ دار ہے) کے اعلیٰ حکام کے دورے معمول بن گئے اور اب بھی جاری ہیں۔

یہ امر خصوصی اہمیت کا حامل ہے کہ SPD کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل خالد قدوائی بھی امریکہ کے مہمان بنے۔ مثلاً انہیں Monterey میں واقع نیول پوسٹ گریجویٹ سکول کے اساتذہ، طلبا اور مہمانوں کو خصوصی لیکچر دینے کی دعوت دی گئی۔ وہاں انہوں نے یہ تاثر زائل کرنے کی کوشش کی کہ پاکستانی ہتھیار مذہبی انتہا پسندوں کے ہاتھ لگ سکتے ہیں، وہ وقت ابھی نہیں چلا گیا جب ان پر انگلی رکھی ہوتی ہے یا انہیں غیر ذمہ دارانہ طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔[47] ملک کے ایٹمی پروگرام سے منسلک دیگر پاکستانی فوجی افسروں کو امریکی فنڈنگ کے ذریعے معاوضہ دیا جاتا ہے کہ وہ واشنگٹن تھنک ٹینکس اور تحقیقی اداروں کے لیے رپورٹیں اور مقالے لکھیں۔ کچھ دیگر کتابیں لکھ رہے ہیں جو پاکستانی ایٹمی پروگرام کی ''اصل تاریخ'' آشکار کریں گی۔[48]

پاکستان کے ''تاج کے جواہرات'' کو محفوظ بنانا جتنا حالیہ مصروفیت ہے جو 11 ستمبر 2001ء کے حملے کے بعد شروع ہوئی۔ پاکستان کی فوجی حکومت کا اصرار تھا کہ اس کے ایٹمی ہتھیاروں کو چوری کا کوئی خطرہ نہیں، مگر پھر بھی وہ خطرہ مول لینے کو تیار نہیں تھی۔ اطلاعات کے مطابق 9/11 کے بعد متعدد ہتھیار بذریعہ ہوائی جہاز ملک کے مختلف حصوں میں محفوظ دور دراز مقامات پر پہنچا دیے گئے۔[49] یہ احتیاط بلاجواز نہیں تھی۔ پاکستانی فوج کے دو جرنیل جو کٹر اسلام پسند جرنیلوں اور مشرف کے قریبی ساتھیوں (آئی ایس آئی کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل محمود احمد اور ڈپٹی چیف آف آرمی سٹاف جنرل مظفر حسین عثمانی) کو بھی دور ہٹایا گیا تھا۔ پاکستان کی تشکیل میں مرد مجاہد کے کردار سے دغا کرنے کے سنگین نتائج سے مشرف خوف زدہ تھا، اور یہ خوف بجا تھا۔

بین الاقوامی سطح پر خدشات پائے جاتے ہیں کہ پاکستان کا عدم استحکام اس کے ایٹمی ہتھیاروں اور ایٹمی انشقاقی مواد کی چوری کا شدید خطرہ پیدا کر سکتا ہے۔ توقع کے مطابق پاکستان نے بار بار اس کی پرزور تردید کی اور صدر مشرف کا دعویٰ ہے کہ ''ہمارے [ایٹمی] اثاثے سو فیصد محفوظ ہیں اور ان کی تحویل کئی تہوں میں ہے۔''

تاہم تسلی بھرے الفاظ سے تشویش کا عام پایا جانے والا احساس رفع نہ ہوا۔ اب پاکستان اسلامی گروہوں کی جانب سے بھرپور شورش کی زد میں ہے۔ کچھ لوگوں کے مطابق پاکستان کے ایٹمی ہتھیار صرف پاکستان کے نہیں بلکہ مسلم امت کی ملکیت ہیں۔ اس چیز نے بین الاقوامی سطح پر اس احساس کو فروغ دیا کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیار، انشقاقی مواد اور دیگر ایٹمی آلات غیر محفوظ ہیں۔ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو خطرات چار طرح سے ہو سکتے ہیں:

- جداگانہ یا مشترکہ طور پر ہندوستان اور امریکہ سے۔ اسرائیل کا خطرہ بہت کم ہے، لیکن اسے سرے سے مسترد نہیں کیا جا سکتا۔[2]
- باہر سے ایٹمی ہتھیاروں کے ذخیرے پر اسلامی عسکریت پسندوں کا حملہ تاکہ ایٹمی ہتھیاروں پر قبضہ کر لیں۔
- اندر سے: فوج کے اسلام پسند عناصر جو ایٹمی مقامات یا سہولیات کی حفاظت کرنے اور ان کا انتظام چلانے کے ذمہ دار ہیں۔
- اندر اور باہر والوں کی ملی بھگت سے۔

صرف سنگین نوعیت کے بحران کی صورت میں ہی ہندوستان یا امریکہ (مثلاً کرگل یا لنک)، تمام مضمر خطرات کے باوجود ایٹمی ہتھیاروں کی ملک کی ریاست پر حملہ کریں گے۔ تاہم طاقت کا بہت بڑے پیمانے پر استعمال بھی تمام تنصیبات اور تمام طرح محفوظ پاکستانی ایٹمی ہتھیاروں کو تباہ نہیں کر سکتا۔ یہ کام اس وقت تک نامکمل رہے گا جب تک ایٹمی ہتھیاروں کی مرکزی سہولیات اور ری ایکٹرز اور یورینیم کی افزودگی کے پلانٹس بھی مکمل طور پر تباہ کر دیے جائیں۔ یہ کام بھرپور جنگ سے کم نہیں۔

دوسری جانب اسلامی انتہا پسند چاہیں گے کہ امریکہ یا یورپ کے کسی شہر کے خلاف استعمال کرنے کے لیے ایک ہتھیار حاصل کیا جا سکے۔ لیکن اس میں انہیں زیادہ سہولت ہو گی کہ کسی ہندوستانی یا پاکستانی شہر کو تباہ کر دیں تاکہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان مکمل جنگ کی آگ بھڑکائی جا سکے۔ یہ کام دوسرے مقامات پر القاعدہ کی تیار کردہ خودکش حملوں کی حکمت عملی کے عین مطابق ہوگا۔ انتہا پسند وہابیت کی رو سے کافروں کو مارنا انتہائی بہترین اقدام ہے۔ لیکن اگر کچھ مسلمان مارے گئے تو بھی وہ ذرا جلدی جنت پہنچ جائیں گے۔

داخلی دشمنوں کے ساتھ ساتھ دیگر ملکوں کے خلاف دفاع سیکیورٹی کی ایک مشکل الجھن پیش کرتا ہے۔ پاکستان اپنے ایٹمی ہتھیاروں کی جائے وقوع اور تفصیلات خفیہ رکھنا چاہے گا تاکہ ہندوستان، امریکہ یا اسرائیل کی جانب سے ان کو نشانہ بنائے جانے کے امکانات کم سے کم ہو جائیں۔ دوسری جانب فوج کے اندرونی حلقے پہلے سے ہی معلومات رکھتے ہیں۔ شاید کسی بیرونی اسلامی گروپ کے ساتھ مل کر ایک منصوبہ تیار کر لیں جس کا نیشنل کمانڈ اتھارٹی (NCA)، SPD یا چیف آف آرمی سٹاف کو بھی علم نہ ہو۔ اس قسم کی کسی کوشش کو کیسے ناکام بنائی جا سکتی ہے؟

صرف جزوی حفاظت ہی ممکن ہے چاہے کتنی ہی تنظیمی تدابیر کیوں نہ کر لی جائیں۔ ایک واضح طریقہ کار تیاری کی سطح کو گھٹانا ہے۔ وسیع پیمانے پر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ پاکستان مرکزی نگرانی کے تحت محفوظ تہہ خانوں میں بموں کے انشقاقی مرکزے اور دیگر نظام وغیرہ رکھے ہیں۔ دسمبر 1999ء میں ہی پاکستان نے اسلام آباد کے دورے پر آئے ہوئے امریکی حکام سے Permissive Action Links (PALs) کے لیے درخواست کی جو ایٹمی ہتھیار رکھنے کے نظام (فائرنگ میکنزم) اور برقیات (الیکٹرانکس) میں براہ راست شامل کیے جاتے ہیں۔ اس کے

Environment Sensitive Devices (ESDs) کی درخواست بھی کی تاکہ غیر مجاز یا حادثاتی دھماکوں سے تحفظ میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس وقت امریکہ نے واضح وجوہات کی بنا پر انکار کر دیا تھا: ان آلات کی بدولت ہتھیاروں کو زیادہ تیاری کی حالت میں رکھنا ممکن ہو جائے گا اور یوں ہندوستان کے لیے ایک کردہ خطرے میں اضافہ ہو جائے گا۔ لیکن 9/11 کے بعد امریکہ کے ساتھ پاکستان کے تعلقات بالکل الٹ جانے پر ممکن ہے کہ امریکہ نے پاکستان کی درخواست منظور کر لی ہو اور یہ مطالبہ بھی کیا ہو کہ وہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے مقامات یا تفصیلات آشکار کرے۔

ISIS رپورٹ کے مطابق امریکی سیکرٹری خارجہ کولن پاول نے 9/11 کے بعد پاکستان کو ایٹمی ذخیرے کی حفاظت میں امداد کی پیشکش کی تھی۔[51] پاکستان نے پیشکش کی گئی ٹیکنالوجی کو بہت محدود نوعیت کا پایا مگر اس شرط پر مدد قبول بھی کر لی کہ کوئی دخل اندازی یا مداخلت نہیں کی جائے گی۔ امداد کے دیگر شعبوں میں ایٹمی ہتھیاروں کے پاکستانی حکام کو امریکی لیبارٹریوں میں تربیتی دورہ کروانا شامل تھا جہاں انہیں ایٹمی تحفظ اور سیکیورٹی کے مسائل پر تربیت دی جاتی۔

ایٹمی سیکیورٹی کے امریکی تجزیہ نگار ڈیوڈ آلبرائٹ نے 9/11 کے بعد پاکستان کو اضافی امداد کی مندرجہ ذیل صورتیں تجویز کیں

> عام طرز کی حفاظت اور مواد کا حساب کتاب رکھنے کے طریقے: نظری مشقیں: ایٹمی ہتھیاروں کی حفاظت اور سلامتی کے بارے میں غیر خفیہ عسکری کتابچے: زیادہ محفوظ تجوریاں اور داخلی دروازے، اندر آنے کے راستوں کو کنٹرول کرنے کے لیے آلات، نگرانی کے بہتر آلات، مواد کا حساب رکھنے کے جدید آلات، عہدیداروں کی معتبریت جانچنے کے پروگرام، اور حساس معلومات باہر پہنچنے کا امکان گھٹانے والے پروگرام۔ اس کے علاوہ امداد کے ذریعے ایسے طریقوں پر توجہ مرکوز کی جا سکتی تھی جو مسائل، آلات یا خصوصی انتظامی پابندیوں کے ذریعے ایٹمی ہتھیاروں کے غیر مجاز استعمال سے تحفظ دیتے۔ مستقبل کی امداد میں ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن کی معلومات شامل ہوں گی تاکہ زیادہ محفوظ، قابل بھروسا اور محفوظ ایٹمی ہتھیار یا آلات، PALs کوڈ والے لانچ کنٹرول آلات اور

ماحولیات کو جانچنے والے آلات بنائے جائیں۔[52]

اگرچہ ایسی تخریب کاری اور حادثے کے امکانات گھٹانے کے لیے تکنیکی اقدامات بلاشبہ لاگو کرنے لازمی ہیں لیکن ایک بنیادی تضاد ہے کہ جن میں سے ایک کامل طور پر محفوظ ایٹمی ہتھیار وہی ہے جو استعمال نہ ہو سکے۔ چنانچہ تعریف کے مطابق کامل محفوظ ہتھیار بے کار بھی ہے۔ بحران اور جنگ کے موقعوں پر جب نقصانات اور جذبات عروج پر ہوں تو حفاظتی نظاموں کو کمزور کرنے کی ایک زبردست خواہش جنم لے گی۔

7 13 ۔ پاکستان کی ایٹمی سمت کی پیش بینی

آئندہ 10-5 سال پر نظر ڈالیں تو آپ معقول اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پاکستان ایٹمی قوت میں کہاں ہوگی، اور اس کی ایٹمی پالیسی کی سمت کیا ہوگی۔

جب تک انشقاقی مواد کی پیداوار روکنے کے لیے بین الاقوامی سطح کے معاہدے پر اتفاق اور اس کا اطلاق نہیں ہو جاتا جب تک انشقاقی مواد اور بموں کے ساتھ ساتھ درمیانے فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک میزائلوں کی پاکستانی پیداوار، ٹیکنالوجیکل اور رینج کے مطابق زیادہ سے زیادہ ممکنہ شرح سے جاری رہے گی۔ خوشاب کے نئے عسکری ری ایکٹرز کے کام شروع کرنے پر سستا چھوٹے پلوٹونیم ہتھیاروں پر یورینیم سے بم بنانے کی جانب جھکاؤ بڑھ جائے گا۔

بموں کی بڑھتی ہوئی تعداد ترسیل کے ذرائع کی تعداد بڑھانے کا تقاضا کرے گی۔ JF 17 اور نئے خریدے گئے F-16 طیاروں کو بیڑے میں شامل کیے جانے کے باوجود ایٹمی ہتھیار لے جانے کے لیے میزائل طیاروں کی جگہ لیتے رہیں گے۔ فلائٹ ٹیسٹ اور فوجی مشقیں مخصوص عرصے بعد جاری رہیں گی۔ اگرچہ پاکستان سراغ رسانی اور جنگی جیمنگ کرنے کے سسٹم کے لیے بیرونی خلا کو استعمال کرنے میں ہندوستان کی ہمسری کی کوشش کرے گا، لیکن اس میں کامیاب نہیں ہو پائے گا۔

اگر ہندوستان اینٹی بیلسٹک میزائل (ABM) سسٹم حاصل کر لے، MIRVing کی صلاحیت حاصل ہو جائے یا آبدوزوں پر ایٹم بم داغنے والے میزائل نصب کرنے میں کامیابی ہو جائے تو اس کے جواب میں پاکستان زیادہ خطرہ محسوس کرتے ہوئے جوابی حملے کی دھمکی کو اور تیار

دے گا، اپنے میزائلوں کو زیادہ وسیع علاقے پر پھیلا دے گا، فریبی ہدف استعمال کرے گا اور اپنی آبدوزوں پر میزائل نصب کرنے کی کوشش کرے گا۔

ماضی میں پاکستان نے اپنی ایٹمی پالیسی کو ہندوستان سے منسلک کیے رکھا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ ہندوستان کی ایٹمی پیش رفت اس کے اپنے ایٹمی پروگرام کا جواز بنے گی۔ لیکن جب 2006 میں امریکی صدر بش کے دورۂ ہندوستان و پاکستان کے بعد پاکستان اور ہندوستان کو آپس میں غیر منسلک کر دیا گیا تو پاکستان کی ایٹمی پالیسی ہندوستان سے الگ دیکھی جانے لگی۔

امریکہ اور روس کے درمیان ایٹمی اسلحے کی تخفیف پر دوبارہ تقاضے کے اقدامات کی وجہ سے نئے چیلنج سامنے آ رہے ہیں۔ امریکہ کی جانب سے اگر جامع ایٹمی تجربے پر مکمل پابندی کے معاہدہ (CTBT) کی توثیق ہو گئی، جسے سینیٹ نے بش کے دور میں مسترد کر دیا تھا، تو ہندوستان اور پاکستان پر بھی دستخط کرنے کے لیے دباؤ پڑے گا۔ کیا پاکستان اس پر تیار ہو جائے گا؟ اس کا جواب غالباً ہاں ہے۔ جب تک ہندوستان اپنے ایٹمی تجربات دوبارہ شروع نہیں کرتا تب تک پاکستان بھی مزید کوئی تجربہ نہیں کرے گا۔

یہ بھی ممکن ہے کہ امریکہ انشقاقی مواد کی پیداوار روکنے کے ایک 'قابل تصدیق' معاہدے پر مذاکرات میں پیش رفت چاہے گا [بش انتظامیہ نے تصدیق کی حمایت نہیں کی تھی]۔ پہلے ہی پاکستان کو موردِ الزام خیال کیا جا رہا ہے۔ کیا پاکستان بات چیت کرنے پر آمادہ ہوگا؟ انشقاقی مواد کے معاہدہ (FMCT) پر دستخط کرے گا؟ ایٹمی اداروں کے معائنے کے سلسلے میں کیا ہوگا؟ جب تک بین الاقوامی سطح پر ایٹمی اسلحے کی جانب حقیقی معنوں میں پیش رفت نہیں ہوتی مستقبل کامیابی سے عبارت نظر نہیں آتا۔

7 14 ۔ ترکِ اسلحہ کا معاملہ[53]

گیارہ برس پہلے، بعض پاکستانیوں نے چھ ایٹمی ہتھیاروں کے کامیاب تجربے کے بعد گلیوں میں رقص کیا تھا۔ انہیں بتایا گیا تھا کہ ایٹمی ہتھیار رکھنا کسی بھی ملک کے لیے سب سے بڑا تحفظ کا سامان ہوتا ہے۔ لیکن شمالی کوریا کے حالیہ ایٹمی تجربے نے ایک مرتبہ پھر ثبوت دیا کہ یہ غلط ہے۔

شمالی کوریا ایک ملک ہے جس کی کوئی بھی تعریف نہیں کرتا۔ یہ اپنی سیاسی کامیابی کی وجہ سے مشہور نہیں ہے۔ اس کے پاس تیل یا ایندھن کم ہیں، خوراک اور ادویات کی قلت ہے، بدعنوانی ہر جگہ پائی جاتی ہے اور اس کے عوام ایک خوفناک اور شاہانہ استبدادیت کے تحت ذلت آمیز زندگی گزار رہے ہیں۔ کچھ سال قبل ایک قحط میں شمالی کوریا کے تقریباً 2 لاکھ افراد ہلاک ہو گئے۔ اور ان کی جیلوں میں ہزاروں لوگوں سے زائد افراد کو منظم تشدد اور بدسلوکی کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

کوئی مسائل زدہ، دور افتادہ ملک اپنا آخری پیسہ تک ایٹم بم پر کیوں خرچ کرتا ہے؟ وہ طویل سے طویل مار کے میزائلوں کا ایک بیڑا اختیار کرنے اور آزمانے پر آمادہ کیوں رہتا ہے؟ جواب واضح ہے۔ شمالی کوریا کا ایٹمی پروگرام اور میزائل دفاع کے وسیلے کے بجائے بلیک میلنگ کے آلۂ کار ہیں۔ وقتاً فوقتاً ان کی دھمکیاں بین الاقوامی امداد کو جاری رکھنے کا مقصد پورا کرتی ہیں۔

یقیناً شمالی کوریا کے عوام کو اپنے ملک کی ایٹمی حیثیت سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا۔ لیکن وہ اپنے حکمرانوں کو چیلنج نہیں کر سکتے۔ مگر پاکستانیوں کو جو سوچنے میں کہیں زیادہ آزاد ہیں، یہ سوال پوچھنا چاہیے: انہیں بم سے کیا حاصل ہوا؟ ہندوستان میں ان کے بم کی مخالفت کرنے والے میرے دوست سرحد کے پار بھی یہی سوال کر رہے ہیں۔

کچھ پاکستانیوں نے سوچا تھا کہ ایٹمی ہتھیار ان کے ملک کو بین الاقوامی سطح پر جلال اور احترام عطا کریں گے۔ انہیں بتایا گیا تھا کہ پاکستان کو اسلامی دنیا کی قیادت کا رول مل جائے گا۔ درحقیقت، 1998ء کے دھماکوں کے بعد مسلم ممالک میں پاکستان کا ذکر بھی ہونے سے پہلے تیزی کے ساتھ ماند پڑ گیا۔ لیکن آج اس کے علاقے کا ایک بہت بڑا حصہ دہشت گردوں کے قبضے میں آ جانے سے آپ کو ایک ناکام ریاست ہونے کے الزامات کے خلاف دفاع کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت چلانے، معیشت، تعلیم یا معیارِ زندگی کے کسی بھی حوالے سے پاکستان کسی کے لیے قابلِ رشک نہیں۔

1998ء میں کیے گئے دعووں کے برعکس بم نے پاکستان کو ایک ٹیکنالوجیکل اور سائنسی لحاظ سے ترقی یافتہ ملک نہیں بنایا۔ ایک مرتبہ پھر حقائق بہت تلخ ہیں۔ کمپیوٹر سافٹ ویئر اور چھوٹے سیٹ کی سب سے قلیل برآمدات سے قطع نظر سائنس اور ٹیکنالوجی پیداواری عمل سے بدستور لاتعلق ہیں۔ پاکستان کی موجودہ برآمدات میں بڑا حصہ ٹیکسٹائل، کپڑے، چمڑے، فٹ بال، چاول اور پھلوں

کا ہے۔ بم کے لیے پاکستان کی جستجو شروع ہونے سے پہلے بھی یہی صورت حال تھی۔ پاکستانی مصنوعات کا قدر افزودہ (ویلیو ایڈڈ) حصہ بنگلہ دیش اور سری لنکا سے تھوڑا ہی زیادہ، لیکن ہندوستان، ترکی اور انڈونیشیا سے کہیں کم ہے۔ پاکستانی تعلیمی اداروں میں پڑھائی جانے والی سائنس کا معیار بھی ہرگز تسلی بخش نہیں۔ لیکن چونکہ آج کل بم بنانے کے لیے سائنسی مہارتوں کے بجائے بہت قلیل تکنیکی مہارتوں کی ضرورت ہے اس لئے حیرت نہیں ہوتی۔

اس دعوے کا کیا بنا کہ بم پر فخر کرتے ہوئے پاکستانی عوام کو مجوزہ طور پر باہم متحد کر دے گا؟ پنجاب میں بہت سے لوگ بم چاہتے ہیں جبکہ سندھی لوگ پانی اور ملازمتوں کے خواہش مند ہیں۔۔۔ اور وہ پنجاب کو غاصب قرار دیتے ہیں۔ سول پرست گروہوں نے سوات اور بونیر سے تعلق رکھنے والے پختون پناہ گزین جو طالبان اور پاکستانی فوج کے درمیان جنگ کے باعث متاثر ہیں، کو بجائے افسوس ناک طور پر سندھ میں قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ یہ عدم قبولیت آفات کے وقت "متحد" واحد قوم کے تصور پر کاری ضرب ہے۔

جہاں تک بلوچوں کا تعلق ہے تو وہ اپنی سرزمین کے دو مقامات پر ایٹمی تجربات سے شدید رنجیدہ ہیں۔ وہاں تابکاری کے اثرات پائے جاتے ہیں اور کوئی وہاں نہیں جا سکتا۔ اسلام آباد کے ریکارڈ ہوئے پر تال بہت سے بلوچیوں نے ہتھیار اٹھا لیے ہیں اور ان کا مطالبہ ہے کہ پنجاب کی فوج ان کی پشت سے ہٹ جائے۔ بلوچستان میں بہت سے سکول پاکستانی پرچم اور قومی ترانے سے انکار کرتے ہیں اور یوم آزادی کالے جھنڈوں سے مناتے ہیں۔ بلوچستان یونیورسٹی بلوچ علیحدگی پسندی کے نعروں سے بھری پڑی ہے۔ اکبر بگٹی، بالاچ مری، براہمداغ بگٹی اور جمہوری شیر دل" کے پوسٹر ہر طرف دکھائی دیتے ہیں۔ لہٰذا بم باہمی بندھن مضبوط کرنے کا ذریعہ نہیں تھا۔

کیا بم نے کشمیر کو ہندوستان سے آزاد کرانے میں پاکستان کی کوئی مدد کی؟ یہ ایک افسوس ناک حقیقت ہے کہ کشمیر پر ہندوستان کی گرفت، کشمیریوں کی مرضی کے برخلاف، پہلے کی نسبت آج زیادہ سخت ہو گئی ہے۔ جیسا کہ مرحوم اقبال احمد نے کہا، خراب سیاست نے "فتح کے جبڑوں سے شکست چھیننے" میں مدد دی۔ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے تحفظ پاتے اسلامی مجاہدین کے خفیہ جہاد اور ہندوستان سے مکمل آزادی کی پاکستانی حکمت عملی بین الاقوامی رائے کے

میدان میں اتنی اپنے ہی گلے پڑ گئی۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اس نے قسم قسم کی عسکریت پسندی کو جنم دیا جو اب پاکستان کے لیے عفریت بن چکی ہے۔ پاکستانی فوج اور سیاست دانوں کی جانب سے جو دھوکہ محسوس کرنے والے کچھ مجاہدین نے انتقاماً اپنی توپوں کا رخ اپنے ہی آقاؤں اور تربیت دہندگان کی جانب موڑ دیا۔ جس کی وجہ سے کشمیر پاکستان کی گرفت سے نکل گیا۔

شاید کچھ لوگ سوال کریں کہ کیا ہندوستان کو پاکستان پر حملہ کرنے سے بم نے نہیں روکا؟ پہلی بات یہ کہ تیزی سے ترقی کرتے ہوئے ہندوستان کے پاس مزید مقبوضہ علاقہ حاصل کرنے کی کوئی خواہش نہیں۔ دوم یہ کہ اگر ہندوستان چاہے بھی تو علاقائی تسخیر ممکن نہیں۔ حالیہ ادوار میں پاکستان کے استعمال کردہ روایتی ہتھیار خاطر خواہ تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ اگر امریکی فوج عراق کو ہضم نہیں کر سکا تو ہندوستان جیسی کسی محدود بڑی طاقت کے لیے عراق سے چار گنا بڑے ملک پاکستان پر قبضہ کرنے کا کوئی امکان نہیں ہو سکتا۔ یقیناً یہ درست ہے کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں نے 1998ء کے تجربات کے بعد کم از کم تین مرتبہ ہندوستان کو تادیبی حملے کرنے سے باز رکھا۔ 1999ء کے دوران کارگل میں پاکستان کی چڑھائی، اسی سال 13 دسمبر کو ہندوستانی پارلیمنٹ پر حملہ (جس کی ذمہ داری ابتدا میں جیش محمد نے قبول کی) اور نومبر 2008ء میں لشکر طیبہ کی جانب سے ممبئی حملے سے ہندوستان کے جذبات اور بھی مشتعل ہوئے اور کہا گیا کہ وہ پاکستان میں ڈیرے رکھنے والے عسکریت پسند گروہوں کو نشانہ بنائے۔ سو کیا عسکریت پسند گروہوں کو تحفظ دینے کی خاطر پاکستان کو بم چاہیے؟ حالانکہ پالیسی چلانے کے اس طرح کے ذرائع خطرناک اور خودکشی ہیں۔

پاکستان، اس کے عوام یا مسلح افواج کو بم کی وجہ سے تحفظ ملنے کا دعویٰ ایک جھوٹ تھا۔ اس کے بجائے بم نے ملک کو سنگین حد تک مشکل سے دوچار کیا اور بچ نکلنے کی کوئی راہ نہ چھوڑی۔ پاکستان کو اپنے اندر سے خطرہ لاحق ہے۔ بم پاکستان کو وزیرستان واپس حاصل کرنے میں مدد نہیں دے سکتا۔ فوجیوں اور عام شہریوں پر ہونے والے خودکش حملے روکنے کے لیے مزید ایٹمی وار ہیڈز، مزید میزائل چلانے کے تجربے، یا مزید امریکی F 16 طیارے اور فرانسیسی آبدوزیں خریدنا بے سود ہے۔

پاکستان کی سلامتی کے مسائل ایٹمی ہتھیاروں کے ذریعے حل نہیں ہو سکتے۔ اس کے بجائے

آگے بڑھنے کی راہ ایک پائیدار اور فعال جمہوریت تعمیر کرنے، جنگ کے بجائے امن کی خاطر معیشت بنانے، صوبائی شکایات کا ازالہ کرنے والا وفاق تشکیل دینے، جاگیرداری نظام کا خاتمہ کرنے اور قانون کا احترام کرنے والا متحمل معاشرہ تخلیق کرنے میں مضمر ہے۔

اب پاکستان کے لیے وقت ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے خلاف موجودہ تحریک کی مخالفت کرنے کے بجائے اس کا حصہ بن جائے۔ ہندوستان، جس سے بلند عزائم والا پاکستان پر نیوکلیئر ازیشن کا بھوت سوار کیا گیا ہے، کا فرض بنتا ہے کہ وہ آگے آگے چلے۔ دونوں ملکوں کو اعلان کر دینا چاہیے کہ وہ مزید بم بنانے سے باز رہیں گے اور انشقاقی مواد تیار نہیں کریں گے۔ دونوں کو اپنے ایٹمی اسلحہ خانے بڑھانے کے جنونی منصوبے ترک کرنے چاہئیں۔ یورپ اور امریکہ کو چاہیے کہ جہاں وہ اندرونی کشمکش میں پاکستان کی مدد کریں، وہاں اپنی دفاعی صنعتوں کے ہاتھ جنوبی ایشیا کو فوجی اسلحہ فراہم کرنے سے روکیں۔ ہندوستان کی عسکری توسیع پاکستان کے مقابلے میں زیادہ سختی سے مذمت کیے جانے کے لائق ہے۔ یہ ضروری عسکریت سے تناؤ پیدا ہونا فطری بات ہے۔ نیز اس کے نتیجے میں اہم وسائل ہندوستانی عوام کی اصل ضروریات پوری کرنے میں نہیں لگ رہے۔ دوسری جانب پاکستان کو ہندوستانی حملے سے خوفزدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس کی بجائے اسے اپنی توجہ اسلامی دہشت پسند گروہوں، جن میں سے بعض ایک اس کے اپنے بنائے ہوئے ہیں، کو ختم کرنے پر مرکوز کرنی چاہیے جو ہندوستان کے ساتھ ساتھ پاکستان میں بھی اہداف کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ کئی برس قبل چند پاکستانیوں اور ہندوستانیوں نے دلیل دی تھی کہ بم ہمیں تحفظ اور امن نہیں دے گا۔ ساتھی شہریوں نے انہیں غدار کہا، گالیاں دیں اور دشمن کا ساتھی بتایا۔ لیکن اب گزرتا ہوا ہر سال امن پسندوں کو سچا ثابت کر رہا ہے۔

7.15 ـ اظہار تشکر

مصنف اپنے دوستوں ڈاکٹر ضیا میاں اور ڈاکٹر عبدالحمید نیر کا مشکور ہے جنہوں نے ایٹمی معاملات پر گزشتہ دو عشروں کے دوران لاتعداد مباحث کیے۔ ان کے علاوہ فرینک وان ہپل کا بھی شکریہ جنہوں نے پرنسٹن یونیورسٹی میں "پروگرام آن سائنس اینڈ گلوبل سیکیورٹی" میں شرکت کا موقع فراہم کیا جہاں اس تحقیقی کام کا ایک حصہ مکمل کیا گیا۔

8

سائنس دان اور بھارت کا جوہری بم

ایم وی رمنا

معروف بھارتی مصنف امیتاو گھوش[1] نے کسی جگہ لکھا ہے

"جوہری ہتھیاروں کا رواج پانا مغرب کے استبداد کے خلاف کی گئی بغاوت کے ردعمل میں پیدا ہونے والی نفرت کا نتیجہ ہے"

ایلون وائن برگ 1971ء میں امریکہ کی اوک رج نیشنل لیبارٹری کے ڈائریکٹر تھے۔ اسی دور میں امریکن ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف سائنس کے سالانہ اجلاس میں اشرافیہ کا ایک ایسا گروپ تشکیل دینے کی ضرورت پر زور دیا جا رہا تھا جو جوہری توانائی سے متعلق معاملات سنبھال سکے[2]۔ لیکن بھارت میں یہ کام بہت پہلے ہو چکا تھا۔ جوہری پروگرام کے خالق اور تھیوریٹیکل فزکس کے ماہر ہومی بھابھا نے بھارت میں ایسا ہی ایک گروپ گزشتہ صدی کے پانچویں عشرے میں تشکیل دیا تھا۔ بھارت کا جوہری پروگرام ایک چھوٹی سی سائنسی تجربہ گاہ سے شروع کیا گیا تاہم بھارتی ایٹمی اشرافیہ نے اسے بہت سرعت کے ساتھ ترقی دی جس کی وجہ سے بھارت جلد ہی اس قابل ہو گیا کہ جوہری ہتھیار بنانے کی اپنی دیرینہ خواہش کو پورا کر سکے۔ صورتحال یہ ہے کہ اب بھارت مختلف نوعیت کے تباہ کن ہتھیار بنانے کی صلاحیت بھی حاصل کر چکا ہے اور اس کے پاس ان ہتھیاروں کا خاصا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن (ڈی آر ڈی او) وہ ادارہ ہے جو تباہ کن ہتھیاروں کو اہداف تک پہنچانے والے

میزائلوں کے ڈیزائن تیار کرتا ہے۔ اس ادارے کے ساتھ کام کر کے بھارتی ٹیکنوکریٹ اشرافیہ نے وہ مقام حاصل کر لیا ہے جسے انتہائی اہم اسٹریٹیجک قلعہ کا بہت موزوں نام دیا گیا ہے۔[3] حقیقت یہ ہے کہ اسٹریٹیجک قلعے کی جانب سے دباؤ نے بھارت کو ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری کے مرحلے تک پہنچانے میں اور ایٹمی اور سلامتی کی پالیسی بنانے میں بہت اہم کردار ادا کیا[4]۔ زیرِ نظر مضمون میں ہم بھارت میں ایٹم بم کی تیاری میں اسٹریٹیجک قلعے کے کردار کی تاریخ کا جائزہ لیں گے اور یہ بھی دیکھیں گے کہ مستقبل میں یہ معاملات کیا رخ اختیار کر سکتے ہیں۔ پھر ہم دیکھیں گے کہ بھارتی سائنسدانوں کی جانب سے ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری اور فوج کو ان ہتھیاروں سے مسلح کرنے کے معاملات پر کتنی مزاحمت پیش کی گئی۔ لیکن مضمون کا آغاز ہم اس بات سے کریں گے کہ پوری دنیا میں سائنس دان ہتھیار بنانے اور دفاعی پالیسیاں مرتب کرنے میں کس حد تک ملوث رہے۔ مختصراً یہ بھی دیکھیں گے کہ سائنس کی سیاسی معیشت کیا ہوتی ہے اور پھر یہ جائزہ لیں گے کہ وہ کون سے عمرانی عوامل ہیں جو بھارت کی سائنس دان طبقے کا طرۂ امتیاز ہیں۔

8.1۔ سائنس دان اور جوہری ہتھیار

جب مین ہٹن پروجیکٹ شروع ہوا تو اس کے بالکل آغاز ہی میں یہ تصور قائم کر لیا گیا کہ سائنس دان عمومی طور پر اور فزکس کے ماہرین خصوصی لحاظ سے ایٹم بم بنانے والے لوگ ہوتے ہیں[5]۔ اس حوالے سے سائنس دانوں کو جتنی اہمیت دی جاتی ہے اس کو مدنظر رکھا جائے تو یہ بات حیرت کا باعث نہیں ہونی چاہیے کہ پوری دنیا میں مختلف حیثیتوں میں جوہری پالیسیاں مرتب کرنے میں انہیں اچھا خاصا اثر و رسوخ رہا ہے۔ اس امر کا زیادہ بہتر تجزیہ امریکہ کے معاملے میں ہوا ہے۔[6] جوہری صلاحیت حاصل کرنے والے دوسرے ممالک میں اس حوالے سے جو مواد دستیاب ہے اس کا زیادہ تر حصہ عمومی تاریخ پر مبنی ہے لیکن اس میں سے بھی جوہری معاملات میں سائنس دانوں کے کردار اخذ کیے جا سکتے ہیں۔[7]

ناگاساکی اور ہیروشیما پر ایٹم بم گرائے جانے پر سائنس دانوں میں مختلف نوعیت کے ردعمل سامنے آئے۔[8] ایک طرف ان میں اس بات پر گہری تشویش کی لہر پیدا ہوئی کہ وہ جو کام کرتے رہے اس کے کیا نتائج برآمد ہوئے، اور دوسری سمت سے ان کے تیار کردہ ایٹم بموں کا کیا

مصروف تھا۔[9] دوسری جانب سائنسدانوں کو اس امر کا اندازہ ہوا کہ وہ اگر جدید ٹیکنالوجی کو جنگی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے ریاستی جنون میں معاون ثابت ہوئے تو ان کے لیے اقتدار کے ایوانوں تک رسائی حاصل کرنا کس قدر آسان ہو جائے گا۔[10] بقول سوزن رائٹ مین "دوسری جنگ عظیم کے بعد سے سائنس اور دفاعی معاملات کے باہمی تعلق میں تبدیلی پیدا ہوئی اور جو اب تک قائم ہے۔ اس تبدیلی کے تحت دفاعی نظام ہمیشہ سائنس دانوں پر یہی زور دیتے رہے کہ وہ اپنے علم کے ذریعے تکنیکی دریافتوں کے عمل کو تیز تر کریں تاکہ اسلحہ اور ہتھیاروں کے ذخیرے کو زیادہ بہتر اور کارگر بنایا جائے۔ تاہم پابندی عائد کی جاتی رہی کہ یہ مقررہ معاشی حدود کے اندر رہ کر کیا جائے۔ سائنس دان اور انجینئر بھی اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ یہ خدمات سرانجام دینے کو تیار رہتے۔"[11]

سائنس دان اس طرح نہ صرف ان ہدایات پر عمل کرتے رہے بلکہ سائنس کے اصولوں اور تکنیکوں کو دفاعی ہتھیاروں اور آلات کی تیاری کے لیے استعمال کرتے رہے۔ اس کی ایک مثال پہلی جنگ عظیم کے دوران امریکہ سے جوڑی جا سکتی ہے۔ 1916 کا ذکر ہے کہ نیشنل اکیڈمی آف سائنسز (این اے ایس) کے سیکرٹری خارجہ اور معروف ماہر فلکیات جارج ایلری ہیل کی تحریک پر سائنس دانوں کے ایک وفد نے صدر ولسن سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا نتیجہ نیشنل ریسرچ کونسل (این آر سی) کے قیام کی صورت میں سامنے آیا جس کا مقصد قومی سلامتی اور بہبود کے لیے خالص اور اطلاقی ریسرچ کو فروغ دینا تھا۔ تاہم کونسل کا قیام دراصل رکھا گیا۔ ہیل کی جانب سے اس اقدام کے پس منظر میں وہ سبق تھا جو انہوں نے یورپ میں اپنی طالب علمی کے دوران سیکھا تھا۔ یعنی یہ کہ زیادہ بہتر اور موثر نتائج کے حصول کے لیے سائنسدانوں کو ریاست کے کمانڈروں کے تعاون سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔[12]

اس سے قطع نظر کہ کتنے فیصد سائنس دان ایسی جنگی رغبتوں کی حمایت یا مخالفت کرتے ہیں یہ واضح ہے کہ وہی سائنس دان حکومتی پالیسی سازی میں زیادہ اثر و رسوخ حاصل کرتے ہیں جو سائنس اور ٹیکنالوجی کو دفاعی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی تائید کرتے ہیں۔ یہ سمجھنے کے لیے کہ سائنس دان یہ اہداف کیوں قبول کر لیتے ہیں سائنس کی سیاسی معیشت کے علاوہ اس کردار کا تجزیہ کرنا ہوگا جس کا ریاست سائنس دانوں سے تقاضا کرتی ہے۔

اکثر یہی تصور کیا جاتا ہے کہ سائنس کوئی ایسی غیر جانبدار چیز ہے جو ان طاقتوں سے الگ تھلگ رہتی ہے جو روز مرہ زندگی میں حکمرانی کرتی ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دیگر تمام پیداواری سرگرمیوں کی طرح سائنس بھی ایک سماجی سرگرمی ہے جو اپنے گرد موجود معاشرتی اور سیاسی ڈھانچے سے خاصی متاثر ہوتی ہے۔[13] چونکہ سائنس ایک سماجی پیداواری سرگرمی ہے جس پر پیسہ بھی خرچ ہوتا ہے اور وقت بھی صرف ہوتا ہے اس لیے ملکی و عالمی سطح پر اسے آگے بڑھانے میں وہی قوتیں معاون ثابت ہوتی ہیں جن کا وسائل اور سرمایے پر کنٹرول ہوتا ہے۔ لوگ سائنس سے روزگار کماتے ہیں چنانچہ وہ غالب سماجی اور سیاسی قوتیں جو سائنسی سرگرمیوں کے لیے سرمایہ فراہم کرتی ہیں وہی زیادہ تر اس امر کا تعین بھی کرتی ہیں کہ سائنس میں کون سی تحقیقات کی جائیں گی اور اس تحقیق کے نتائج کا استعمال کن مقاصد کے لیے کیا جائے گا۔

سائنس میں سرمایہ کاری کیوں کی جاتی ہے؟ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ سائنس کا تعلق ٹیکنالوجی کے ساتھ ہے اور سائنس ہی کی وجہ سے ایسی ایجادات ہو پاتی ہیں جس سے معاشرے کو عمومی فائدہ ہے اور فنڈ فراہم کرنے والی ایجنسیوں کو خصوصی طور پر فائدہ پہنچتا ہے۔ دنیا کے ہر کونے میں سائنس کے شعبے کو فنڈ فراہم کرنے کا سب سے بڑا ذریعہ ریاست ہوتی ہے۔ بہت سے ممالک بشمول بھارت میں تو ریاست سائنس کے شعبے میں فنڈنگ کرنے والا واحد ذریعہ ہوتی ہے۔ اس فنڈنگ کے بدلے میں ریاست چاہتی ہے کہ اسے ہتھیار بنا کر دیے جائیں۔ جدید ریاستوں کی ایک خاصیت یہ ہوتی ہے کہ "ان کے قبضے میں صنعتی پیداوار اور جنگ شروع کرنے کے تمام ذرائع اور تنظیمی ذرائع ہوتے ہیں۔"[14] یہ ذرائع حاصل کرنے کے لیے وہ سائنس اور ٹیکنالوجی پر بے تحاشا سرمایہ کاری کرتی ہیں۔

اس کام کے علاوہ ریاست اور غالب قوتیں سائنس دانوں اور عمومی لحاظ سے دانشوروں سے یہ چاہتی ہیں کہ وہ ایسی باتوں کا پرچار کریں اور ایسے اقدامات عمل میں لائیں جو جاری سماجی نظام کو جواز بخشے اور اسے مستحکم کرے۔ اگرچہ جولین بینڈا جیسے مصنفین نے اس 'دانشوروں کی غداری' کے خلاف کافی کچھ لکھا[15] لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بہت سے دانشوروں نے یہ کام بہت رضامندی کے ساتھ سرانجام دیے۔ بھارت کی بات کی جائے تو وہاں سائنس کے لیے سب سے زیادہ مالی تعاون براہ راست یا بالواسطہ طور پر ریاست کی طرف سے آتا ہے۔ لہٰذا یہ دلیل دی

عاق ہے کہ سائنس کا آزادی اور روشن خیالی طاقت اور ترقی کے ساتھ جو تعلق بنتا ہے، اس سے بھارتی ریاست کو اپنا جوہری بم فراہم کرنے کی کوشش میں کافی مدد ملی ہے۔[18]

مندرجہ بالا میں جن عوامل کا ذکر کیا گیا وہ اس ڈھانچے کو ظاہر کرتے ہیں جس کے تحت سائنسدان کام کرتے ہیں۔ تاہم یہ روزمرہ کی سرگرمیوں میں، اور سائنسی نظریات، تصورات اور تجربات کی درستی یا سچائی کا اندازہ لگانے کے سلسلے میں سائنسدانوں کی کمیونٹی کو بھی خاصی خودمختاری حاصل ہے۔[17] سیاسی اشرافیہ سائنس میں ہونے والی پیش رفتوں پر بھی نظر رکھتی ہے۔ ان معلومات کے حصول کے لیے وہ سائنس دانوں پر انحصار کرتی ہے۔ چنانچہ سائنس دان سیاسی اشرافیہ کو بتاتے ہیں کہ سائنس کا کون سا شعبہ مفید ثابت ہو سکتا ہے اور زیادہ توجہ کا متقاضی ہے۔ یہاں سائنس کے مختلف شعبوں کے درمیان پائے جانے والے تفاوت کھل کر سامنے آ جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں سائنس کے ہر انفرادی شعبے کے اندر پائے جانے والے مختلف طریقہ ہائے کار بھی واضح ہو جاتے ہیں۔ مختصر لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ سائنس دانوں کے پاس اس بات کا تعین کرنے کا اختیار بھی ہوتا ہے کہ سائنس کون سا راستہ اختیار کرے یعنی اس بات کا فیصلہ سائنس دان کرتے ہیں کہ اس کے کس شعبے پر زیادہ توجہ دی جائے اور کس کو کم توجہ کے لائق سمجھا جائے۔ لیکن جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ سائنس دانوں کی اس خودمختاری پر سخت پابندیاں عائد ہوتی ہیں۔

ضروری ہے کہ اس معاملے کو سائنس پر کی جانے والی اس بے حد شدید تنقید سے الگ رکھا جائے جس میں اصول و ضوابط کے حوالے سے علم، تعلیم اساس اور وجودیت پر سوال اٹھائے جاتے ہیں۔ یہ بات درست ہے کہ سماجی، معاشی اور سیاسی عوامل ہی اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ کس نوعیت کی سائنس پر زیادہ توجہ دی جانی چاہیے لیکن یہ عوامل سائنس کے ان بنیادی مقاصد پر اثر انداز نہیں ہوتے جو مقاصد اور عوامل سے ابھری۔ مثال کے طور پر 1940 اور 1950 کی دہائیوں کے دوران امریکہ میں جو کوانٹم الیکٹروڈائنامکس پر تحقیق ہوئی اس کا محرک بڑی حد تک ملکی فوجی اطلاق تھا۔[18] البتہ یہ کہنا مشکل ہے کہ نظریہ سائنس کے اس بنیادی سوال پر کہ آیا علم واقعتاً کوانٹم میکینکس کے قوانین کے مطابق حرکت کرتے ہیں، ان محرکات یا دوسرے خارجی عوامل کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔[19] کافی شواہد موجود ہیں جن سے اس یقین کو تقویت ملتی ہے کہ کوانٹم میکینکس کے ذریعے اجسام کی ساخت و حرکت کی وضاحت ہو جاتی ہے۔

8.2 ۔ بھارت کے لیے مخصوص عوامل

بھارت کی ایٹمی پالیسی کے سیاق و سباق میں بات کی جائے تو تاریخی حوالوں سے قرار دیا جا سکتا ہے کہ اس میں تسلسل بھی رہا اور رکاوٹیں بھی پیدا ہوتی رہیں۔ صرف دوری الغرض کچھ بتانے اور سائنسی اور تکنیکی اسٹیبلشمنٹ کی سرگرمیوں کی سطح پر کئی دہائیوں تک اس پالیسی میں ایک تسلسل نظر آتا ہے۔ اس کی وجہ بھارت میں جوہری معاملات پر پالیسی بنانے والے مخصوص ادارے کا خصوصی نظام ہے۔ پالیسی کے بیشتر معاملات کے برعکس کہ جہاں کابینہ کو حتمی فیصلے کا حق حاصل ہوتا ہے جوہری امور کا انچارج اٹامک انرجی کمیشن کو قرار دیا گیا جو ایک مخصوص ایکٹ آف پارلیمنٹ کے تحت قائم کیا گیا۔ یہ کمیشن بنیادی طور پر سائنسدانوں پر مشتمل تھا اور اس پر ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی (ڈی اے ای) کے اعلیٰ افسروں کو برتری حاصل تھی۔ ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی 1954 میں وزیر اعظم کی براہ راست سربراہی میں قائم کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ کئی سال تک یہ روایت رہی ہے کہ سربراہ کے علاوہ وزیر اعظم کا پرنسپل سیکرٹری، کابینہ کا سیکرٹری، نیوکلیئر پاور کارپوریشن کا چیئرمین اور بھابھا اٹامک ریسرچ سینٹر (بی اے آر سی) اٹامک انرجی کمیشن کے ارکان ہوا کرتے ہیں۔[20] مزید یہ بھی تھا کہ ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی میں مخصوص مراتب کا نظم و ضبط تھا جو کھلم کھلا اختلاف کا متحمل نہیں ہوتا تھا۔ اس طرح جونیئر سائنسدانوں کو بعض پروجیکٹس پر کام کرنے میں عار ہوتا تب بھی تو ان کے پاس کوئی چارہ نہ ہوتا۔ علاوہ ازیں ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کے باہر کوئی ایسا ادارہ نہ تھا جو جوہری ٹیکنالوجی پر کام کر رہا ہو۔ ایک کے علاوہ کسی یونیورسٹی میں نیوکلیئر انجینئرنگ میں تحقیقی کام نہیں کیا جاتا تھا۔ نہ اس پر ڈگری دیتا تھا۔ اس لیے سائنس دانوں کے پاس ڈی اے ای میں کام کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سائنٹیفک اسٹیبلشمنٹ میں موجود کارکنوں اور منتظمین کی کثرت محدود رہ ہی ادا کر سکتی تھی۔[21] اس پر مستزاد یہ کہ بھارت میں موجود وسیع سائنسی کمیونٹی کی طرح ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی بھی کسی خاص کارگزاری کا مظاہرہ نہیں کر پائی۔ مثال کے طور پر بھارت میں آزادی کے بعد کام کرنے پر کسی سائنس دان کو نوبل انعام سے نہیں نوازا گیا۔ بھارت میں سائنسی کمیونٹی کے بارے میں کی گئی ایک تحقیق سے پتہ چلا کہ بیشتر سائنس دان اپنی ذاتی سائنسی ریسرچ اور

عمومی طور پر بھارت میں سائنسی سرگرمیوں کے محدود معیار پر پریشان رہتے ہیں۔[22] سائنسی تحقیق کی بھارت کو درپیش مسائل سے لاتعلقی بھی اس پریشانی میں اضافہ کرتی ہے، جس سے سائنسدانوں کا سوال مزید گہرا ہو جاتا ہے۔ نجی اور میڈیا اور نظامیہ کی جانب سے خود انحصاری اور ملکی ترقی کے بارے میں بلند بانگ دعوے اس امر کا ثبوت ہیں کہ وہ وسیع پہچان کی خواہش مند ہے۔ چنانچہ ملکی اشرافیہ کی جانب سے ایٹمی ہتھیار بنانا اور اسے قومی وحدت قرار دینا ایک طرح سے جواب ہے کہ ذیلی اور عالمی سطح کی سائنس کو فروغ دینے میں سستی اور قابل شمار ترقی فراہم کرنے میں کیوں ناکام رہا۔

جیسا کہ پہلے صفحات میں بیان کیا جا چکا ہے کہ بھارت کی جوہری پالیسی کی بعض جہتوں میں تسلسل قائم رہا لیکن جہاں تک جوہری نظریات کا تعلق ہے تو اس سارے عرصے میں برسر اقتدار آنے والی حکومتوں کی سوچ میں خاصا فرق محسوس کیا گیا۔[23] سوچ پا درک کا یہ فرق متوسط طبقات اور اشرافیہ کی عمومی سوچ سے بہت زیادہ متاثر ہو کر دو حوالوں سے تھا یعنی جوہری ہتھیاروں کے بارے میں اور یہ کہ عالمی برادری میں بھارت کا مقام کیا ہونا چاہیے۔ اس پالیسی کے تسلسل میں جو خلل واقع ہوا وہ نہرو کے دور کی سرکاری قومیت پرستی اور معاصر ہندوتوا تحریک میں پائے گئے اختلافات کی وجہ سے تھا۔

نہرو کے دور میں معاشرے کو یکجا کرنے اور ہم آہنگ بنانے کی کوششیں کی گئیں تاکہ قومی شناخت کو زیادہ گہرا اور مضبوط بنایا جا سکے۔ اس سے سرکاری قومیت پرستی نے جنم لیا تاہم یہ زیادہ تر ریاست اور حکمرانوں تک ہی محدود رہی۔[24] اشرافیہ کی اس سوچ کو پایا جائے کہ بھارت کی آزادی کا مقصد اس ملک کو دنیا میں اس کا جائز مقام دلانا تھا تو یہ بات حیرت کا باعث نہیں بنتی کہ اس سے واقعتاً ایک بڑی سوچ اور بڑے نظریے کو بنایا اس کے مطابق نوآبادیاتی نظام اور اقتدار کے خاتمے کے بعد بڑی سائنس، بڑی اور وسیع ترقی، بڑے منصوبے اور بڑے مقاصد کا نعرہ بلند کیا گیا۔ سوچ کا یہ انداز عام تھا۔ نہرو دور میں جو چیز عنقا تھی وہ بڑے ہتھیاروں کے لیے کردار تھا۔ دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ اس وقت عظمت کا معیار بڑے اور وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کا حصول نہ تھا۔

حالیہ برسوں میں ہندوتوا کا عروج اس وجہ سے ہوا کہ اشرافیہ کو پیسے ہوئے طبقات کے

ابھرتے ہوئے شعور سے اور زراعت و معیشت کی غیر یقینی کیفیت سے عدم تحفظ کا احساس ہوا۔[25] ہندوتوا کے پاس ان مسائل کا حل یہ تھا کہ بین الاقوامی سطح پر خود کو پہلے سے زیادہ نمایاں کیا جائے اور اس کے نزدیک اس کا بہترین طریقہ تھا بھارت کو بڑی طاقت کے طور پر نمایاں کیا جائے، جس کا سب سے موثر طریقہ جوہری ہتھیار بنانا اور ان کے تجربات کرنا تھا۔ مئی 1998 میں کیے گئے بم دھماکے اور 1992 میں سولہویں صدی میں تعمیر ہونے والی بابری مسجد کا انہدام ایسے اقدامات تھے جن سے اس امر کا اظہار ہوتا تھا کہ ہندوتوا بھارت کو مضبوط بنانے کے معاملے کو کن نظروں سے دیکھتی ہے۔

اسٹیبلشمنٹ کے تشکیل دینے والے اداروں کے سربراہ یقیناً اشرافیہ کا حصہ ہیں اور ان کے خیالات سرکاری سوچ کے بدلنے کے ساتھ تبدیل ہوتے جاتے ہیں۔ درحقیقت ان سربراہوں کے نزدیک سیاسی تبدیلی اپنے اداروں کے مفادات کو فروغ دینے کے لیے بھی ضروری ہوتی ہے۔ ان سربراہوں کے شخصی تضادات ہو سکتے ہیں اور ان کی ذاتی ترجیحات بھی ہوتی ہیں لیکن ان کے اقدامات، طرز عمل اور اہم اداروں کے سربراہوں کے طور پر ان کی پوزیشن بالکل ویسی ہی ہوتی ہے جیسی اوپر بیان کی گئی ہے۔ بھارت کی جوہری تاریخ میں سائنسدانوں کے کردار کا مطالعہ کرنا ہو تو ضروری ہے کہ ان سارے معاملات کو مد نظر رکھا جائے۔

8.3 - تاریخ

بھارت کا جوہری پروگرام شروع کرنے کے سلسلے میں غالباً پہلا اہم ترین مرحلہ یا واقعہ وہ خط ہے جو ہومی بھابھا نے مارچ 1944 میں سر دوراب ٹاٹا ٹرسٹ کو لکھا اور جس میں ایک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کرنے کے لیے فنڈ فراہم کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ اپنے خط میں بھابھا نے وعدہ کیا تھا کہ "اگلے چند دہائیوں میں جب بھارت جوہری توانائی کی بجلی کی پیداوار کے لیے استعمال میں لانے میں کامیاب ہو جائے گا تو اس وقت ملک کو ان معاملات کے ماہرین کے لیے بیرون ملک نہیں دیکھنا پڑے گا بلکہ بھارت کے پاس اپنے ماہرین معاملات سنبھالنے کو تیار ہوں گے"[26] یہی وہ ماہرین تھے جن سے مستقبل کے جوہری معاملات کی اشرافیہ تیار ہوئی۔ 1948 میں یعنی آزادی کے محض چند ماہ بعد انڈین اٹامک انرجی کمیشن کا قیام بھابھا کے زور دینے پر ہی عمل میں آیا اور بھارت

کے پہلے وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے ذہن میں ایٹمی توانائی کی اہمیت کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس جلسے میں ایک بل نہرو نے مرتب کیا، جسے قانون ساز اسمبلی میں پیش کیا گیا جس میں کہا گیا کہ جوہری توانائی کا حصول ریاست کی ذمہ داری ہے۔[27] اس جلسے میں جو ایکٹ نافذ کیا گیا وہ اگرچہ برطانیہ کے اٹامک انرجی ایکٹ کی طرز پر تھا لیکن اس میں جوہری توانائی پر ہونے والی ریسرچ کو برطانیہ اور امریکہ سے بھی زیادہ خفیہ رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی۔[28] معلومات کی رازداری کے بارے میں نہرو نے دو وجوہ بیان کیں۔ "ہم ایٹمی معاملات میں جو تحقیق کریں گے اس سے پہلے کہ ہم اس سے فائدہ اٹھائیں دوسرے ممالک فائدہ اٹھا جائیں گے۔ دوسرے یہ کہ ہمارا کسی ایسے ملک کے ساتھ تعاون کرنا ممکن نہ ہوگا جو خود اپنی تحقیق کو عام کرنے پر تیار نہ ہو۔"[29]

یہ کہنا کہ کینیڈا، امریکہ، برطانیہ اور دوسرے ملک جن سے بھارت نے جوہری توانائی کے بارے میں ابتدائی معلومات حاصل کیں بھارت کی بنیادی تحقیقات چوری کرلیں گے احمقانہ بات ہے۔ علاوہ ازیں یہ واضح نہیں کہ دوسرے ممالک کو بھارت کی ریسرچ سے فائدہ کیوں نہیں ہونا چاہیے۔ بھارت بھی تو مغربی ممالک کی جانب سے کی گئی تحقیق سے فائدہ اٹھانے کی منصوبہ بندی کر رہا تھا۔ لیکن آزادی کے بعد کی صورتحال میں اس طرح کے سوالات بھی آئین ساز اسمبلی میں نہیں اٹھائے گئے۔ نہ ہی اس بارے میں سوچا گیا کہ بھارت کی ترقی کے لیے جوہری توانائی کا انتخاب کرنے کا فیصلہ مناسب ہے یا نہیں۔ معروف تجزیہ نگار ضیا میاں نے اس معاملے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جوہری پروگرام شروع کرنے میں نہرو کے بیان نے ایسی فضا قائم کر دی تھی کہ ایسے سوالات کی گنجائش ہی نہ بچی تھی۔

نہرو نے کہا کہ طاقت کے اس کلیدی ذریعے کو ترقی نہ دی گئی اور اس طرح صنعتی انقلاب کا یہ موقع ضائع کر دیا گیا تو بھارت ایک پسماندہ ملک بن جائے گا۔ وہ اس پسماندگی کا نقشہ کس طرح کھینچ رہے تھے؟ اس کا واضح جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا تھا جوہری توانائی حاصل نہ کرکے بھارت ایک غلام ملک بن جائے گا۔ ایٹمی طاقت کے ساتھ تعلق واضح ہوگیا۔ نہرو نے کہا، میں چاہوں گا کہ ایوان اس بارے میں غور کرے کہ بطور قوم اگر ہمیں عالمی برادری میں ساتھ ساتھ چلنا ہے تو ایٹمی توانائی ضرور حاصل کرنی چاہیے۔[30]

لیکن نہرو شدید تنقید کو نہ روک سکے۔ مسودہ ساز اسمبلی کے ایک رکن کرشنا مورتی راؤ نے اس

بل میں ایٹمی معلومات کو خفیہ رکھنے کی شقوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔[31] اگرچہ راؤ نے اس قانون کی ضرورت کا دعویٰ نہیں کیا لیکن یہ سوال بھی اٹھایا کہ اس بل میں معاملات پر نگرانی اور احتساب کا کوئی ویسا نظام یا طریقہ کار موجود نہیں جیسا امریکی جوہری توانائی کے ایکٹ میں موجود ہے۔ انہوں نے اس طرف بھی توجہ دلائی کہ برطانیہ کے منظور کردہ بل میں رازداری کو صرف دفاعی مقاصد تک محدود رکھا گیا ہے اور یہ جاننے کی خواہش ظاہر کی کہ آیا بھارتی بل میں پرامن مقاصد کے لیے بھی رازداری کا اطلاق ہوگا۔

نہرو نے اس پر جو ردعمل ظاہر کیا وہ ایسے فرد کی طرف سے بہت حیران کن تھا جو ایٹمی توانائی کے پرامن استعمال کے بارے میں بڑی صاف صاف باتیں کرتا رہا ہو۔ انہوں نے کہا، "میں نہیں جانتا کہ امن اور دفاع کے مقاصد کو ایک دوسرے سے متفرق کیسے کرنا ہے۔" بل پیش کرتے وقت نہرو نے جو بیانات دیے ان سے واضح ہو جاتا ہے کہ ایٹمی پروگرام کے بارے میں وہ کس متضاد سوچ کا شکار تھے۔ ایک طرف انہوں نے کہا کہ "میرا خیال ہے کہ ہمیں جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ضرور شروع کرنا چاہیے۔" لیکن ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ "اگر ہمیں بطور قوم مجبور کیا گیا کہ اسے دیگر مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے تو کوئی بھی نیک جذبہ قوم کو اس کے دوسرے استعمال سے نہیں روک سکے گی۔" ہیروشیما اور ناگاساکی میں وسیع پیمانے پر پھیلنے والی تباہی کے محض دو سال بعد یہ واضح تھا کہ ایٹمی استعمال کے دوسرے مقاصد کیا ہو سکتے ہیں۔[32]

اٹامک انرجی کمیشن میں کام کرنے والے لوگ بھی واضح طور پر جانتے تھے کہ کمیشن محض جوہری توانائی سے بجلی پیدا کرنے کے لیے قائم نہیں کیا گیا بلکہ اس کے اہداف میں تمام مقاصد کے لیے ایٹمی توانائی پیدا کرنا بھی شامل ہے۔[33] ایم آر سری نواسن 1980 کی دہائی میں ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کے سربراہ رہے۔ انہوں نے کمیشن کے اندرونی صورتحال کی طرح بیان کی "کوئی بھی ملک جوہری توانائی کی پیداوار کرتا ہے کہ وہ اس کے پرامن استعمال کے لیے دستیاب رہے جب تک کہ امن استعمال کیا جائے یا فوجی مقاصد کے لیے استعمال میں لایا جائے"[34] چونکہ اٹامک انرجی کمیشن براہ راست وزیر اعظم کی نگرانی میں آتا ہے جس کا عملاً مطلب یہ ہوا کہ ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کے سربراہ کا کنٹرول تھا اور DAE پر کنٹرول نہرو کے پاس تھا۔

ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کے نئے پروگرام کے بڑے منصوبے پر گرم تھے۔ اور پروگرام یہ تھا کہ جوہری ایندھن کے پورے چکر سے فائدہ اٹھایا جائے گا یعنی توانائی کے حصول کے دوران ایندھن کے اجزا ایک سے دوسرے میں بدلیں تو ان میں سے جو بچ جائے وہ بھی توانائی کے حصول میں مزید استعمال ہو سکے اور مواد سے بہ شکل توانائی کشید کی جا سکے۔ حالانکہ دیسی ٹیکنالوجی کے بلند و بانگ دعووں کے باوجود بھابھا اور دوسرے رہنماؤں نے نہ صرف کینیڈا، امریکہ اور برطانیہ جیسے دوسرے ممالک سے رجوع کیا بلکہ جوہری توانائی کے سلسلے میں ان سے مالی اور تکنیکی مدد بھی قبول کی۔[35] مثال کے طور پر بھارت کا پہلا ریسرچ ری ایکٹر اپسرا برطانوی ڈیزائن پر بنایا گیا تھا اور اس میں ایندھن کی سلاخیں برطانیہ سے ہی تیار ہو کر آئی تھیں۔ اسی طرح امریکی ... ٹرومبے میں ملک کے پہلے ری پروسیسنگ پلانٹ کے ابتدائی خاکے تیار کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ 1955 سے 1974 کے درمیانی عرصے میں 1104 بھارتی سائنسدان امریکہ کے مختلف اداروں میں تربیت کے لیے بھیجے گئے۔ 1971 سے پہلے 263 سائنسدانوں نے کینیڈا کے مختلف اداروں سے تربیت حاصل کی۔[36] جوہری ہتھیاروں کے لئے نیا مواد تیار کرنے کی کوششوں کا مرکزی نکتہ یہ تھا کہ دوسرا ریسرچ ری ایکٹر تعمیر کیا جائے۔ اس کا نام سائرس رکھا گیا۔ یہ 40 میگا واٹ کا ری ایکٹر تھا جس میں قدرتی یورینیم بطور ایندھن، بھاری پانی بطور معتدل اور ہلکا پانی ٹھنڈا کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ کینیڈا کے چاک ریور پر تعمیر کیے گئے این آر ایکس ڈیزائن کے ری ایکٹر کو کینیڈا نے کولمبو پلان کے تحت فراہم کیا تھا۔[37] کولمبو پلان ایک ایسا منصوبہ تھا جو ... کے الفاظ میں 'بدحالی' غربت اور کمیونزم کے درمیان تعلق پر مبنی تھا۔[38] بھارت کو ایک نیا ری ایکٹر فراہم کرنے کے سلسلے میں بات چیت کا آغاز کینیڈا سے کیا تھا۔ اے ای سی ایل (اٹامک انرجی آف کینیڈا لمیٹڈ) کے سربراہ ڈبلیو بی لیوس نے اس سلسلے میں ان کی معاونت کی تھی۔ لیوس کیمبرج میں بھابھا کے ساتھ پڑھتے رہے تھے۔ اس حوالے سے باقاعدہ اعلان 1955 میں جنیوا میں ہونے والی ایک کانفرنس کے موقع پر کیا گیا جس کا موضوع تھا 'جوہری توانائی کا پرامن استعمال'۔ 1953 میں آئزن ہاور نے 'ایٹم برائے امن' نامی پروگرام کا اعلان کیا تھا۔ یہ کانفرنس اس اعلان کے فوراً بعد منعقد ہوئی تھی اور یہ کانفرنس سرد جنگ کے زمانے کی ایک گہری چال تھی۔

علاوہ ازیں یہ کانفرنس ایٹمی صلاحیت کے حامل ممالک کے لیے اپنی طاقت ظاہر کرنے اور دلچسپی رکھنے والے ملکوں کو اپنی جانب راغب کرنے کا ایک بہترین موقع بھی تھا۔[38] اس وقت کینیڈا کے بہت کم مبصرین اس امر کا ادراک کر پائے کہ اس عنایت کے نتیجے میں بھارت ہتھیاروں میں استعمال ہو سکنے والی پلوٹونیم کی ایک بڑی مقدار تیار کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ ایندھن کو اچھی طرح استعمال کر سکنے کی وجہ سے این آر ایکس بڑی مقدار میں پلوٹونیم تیار کرنے کی صلاحیت کا حامل ری ایکٹر تھا۔ اس کے باوجود یہ ری ایکٹر بھارت کو دینے کا فیصلہ کیا گیا کیونکہ کینیڈا کے حکام کا خیال تھا کہ اگر کینیڈا بھارت کو ری ایکٹر نہیں دے گا تو وہ کہیں اور سے اس کا انتظام کر لے گا۔ تاہم کینیڈا کے حکام نے ری ایکٹر پر جو کنٹرول رکھنے کی شرط عائد کی جو بھابھا نے یکسر مسترد کر دی۔[40]

اس تکرار کی وجہ بھارت کا تین مراحل پر مشتمل بجلی پیدا کرنے کا پروگرام تھا جو بھابھا نے پیش کیا تھا۔ منصوبہ یہ تھا کہ ری ایکٹروں میں قدرتی یورینیم استعمال کر کے بجلی پیدا کی جائے گی۔ ان ری ایکٹروں کے استعمال شدہ ایندھن سے پلوٹونیم کو الگ کیا جائے گا جسے بریڈر ری ایکٹر میں ایندھن کے طور پر استعمال کیا جائے گا اور بجلی پیدا کی جائے گی۔ ان بریڈر ری ایکٹروں میں تھوریم سے یورینیم 232 پیدا ہو جائے گا جس سے مستقبل کے نئی قسم کے بریڈر ری ایکٹر چلائے جائیں گے جن سے مزید بجلی پیدا کی جائے گی۔[41] ... ہے کہ تھوریم کے استعمال کو منصوبے میں اس لیے شامل کیا گیا تھا کہ بھارت میں تھوریم کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ اس نے الگ کی گئی پلوٹونیم کا حصول ناگزیر بنا دیا تھا۔ چنانچہ کینیڈا کی مشروط پیشکش کے جواب میں ... پیش کی گئی۔ نگرانی کو پروگرام کا حصہ بنانے سے پلوٹونیم کا حصول ... ذخیرہ کرنا ممکن نہ رہے گا۔ چنانچہ کہا گیا کہ کینیڈا کی طرف سے نگرانی کی شرط بھارت کو منظور نہیں۔

یہ وضاحت کر دی جانی چاہیے تھی کہ ری ایکٹر پر نگرانی عائد کرنے سے بریڈر پروگرام کی ترقی اور تعمیر پر کچھ بھی منفی اثرات مرتب نہیں ہونے تھے۔ یہ ... کی کوئی خاص وجہ بھی نہ تھی۔ مثال کے طور پر جاپان کا بریڈر پروگرام بین الاقوامی نگرانی میں کامیابی سے چل رہا ہے۔ بھابھا اور دوسرے اہم رہنماؤں کی جانب سے نگرانی کی مخالفت کرنے کی ... وجہ یہ تھی کہ وہ بم بنانے کا راستہ کھلا رکھنا چاہتے تھے۔ ایٹم بم بنانا اس وقت سے ان کے منصوبے کا حصہ تھا جب

جوہری پروگرام کے بارے میں ابھی محض سوچ بچار ہی کی جا رہی تھی۔ یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ جوہری توانائی کے ادارے کے علاوہ پورے ملک میں کوئی بھی عملی طور پر اس ٹیکنالوجی سے واقف نہ تھا۔ چنانچہ کینیڈا کی اس پیشکش کو مسترد کرنے پر کسی بھی جانب سے کبھی کوئی سوال نہ اٹھایا گیا کہ انکار کی اصل وجہ کیا ہے۔ یہ انکاری رویہ قائم رہا۔ جب معاملات اپنے مقاصد کے مطابق طے پا گئے تو بھابھا نے نگرانی بھی قبول کر لی۔ اس کی مثالیں تاراپور (TAPS I and 2) اور راوت بھاٹا (RAPS I and 2) کے ری ایکٹر ہیں۔ 1956ء میں بھابھا نے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کی کانفرنس میں جو تقریر کی اس سے واضح ہو گیا کہ ان معاملات میں ان کی حکمت عملی کیا تھی۔ بھابھا نے کہا "دنیا کے بہت سے ممالک تکنیکی لحاظ سے خاصے ترقی یافتہ ہیں۔ وہ ایجنسی سے مدد بھی حاصل کر سکتے ہیں، اور اس کی پابندیاں بھی قبول نہ کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ ایجنسی کی مدد کے بغیر علیحدہ پروگرام بھی آزادانہ طور پر چلاتے ہیں اور ایجنسی کی مدد سے چلائے گئے منصوبوں میں حاصل ہونے والے تجربے اور سمجھ بوجھ کو استعمال میں لاتے ہیں، اور ایسے پروگراموں پر کسی بھی نوعیت کی پابندی یا نگرانی نہیں ہوتی۔"(42) مطلب یہ تھا کہ بھارت بین الاقوامی مدد اور قوتوں کو اپنے سویلین اور فوجی ایٹمی پروگرام کو فروغ دینے کے لئے استعمال کرے گا۔

ایک طرف ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کا یہ سلسلہ جاری تھا تو دوسری جانب عالمی سطح پر ایٹمی ہتھیاروں کی تلفی کے لیے بھی آوازیں بلند کی جا رہی تھیں۔ ایک آواز نہرو کی بھی تھی۔ گزشتہ صدی میں پچاس کی دہائی کے دوران وہ عالمی سطح پر ایٹمی ہتھیار تلف کرنے کا مطالبہ بھی کرتے رہے۔ نہرو نے اس سلسلے میں جو اقدامات کئے ہیں ان میں سے ایک ایٹمی ہتھیاروں پر مکمل پابندی کا معاہدہ (سی ٹی بی ٹی) بھی شامل ہے۔(43) نہرو بین الاقوامی امن تحریک کی سرگرمیوں کی حمایت بھی کرتے رہے۔ خاص طور پر برطانوی فلسفی اور ریاضی دان برٹرینڈ رسل کی جانب سے امریکہ اور سوویت یونین کے سائنس دانوں کے درمیان رابطوں کو بڑھانے کے اقدامات کے بڑے حامی تھے۔ ایک دور میں تو یہ محسوس ہونے لگا تھا کہ بھارتی حکومت اس عمل کی کفالت کرے گی جو بعد میں پگواش کانفرنس کی شکل اختیار کر گیا۔(44) دراصل نئی دہلی کو اس سلسلے کی پہلی کانفرنس کے انعقاد کے لیے چنا گیا تھا۔ جون 1956ء میں برٹرینڈ رسل نے ایک دعوت نامہ ارسال کیا کہ

جنوری 1957ء میں نئی دہلی میں ایک کانفرنس ہوگی۔(45) لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ جیسا کہ برٹرینڈ رسل نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے بتایا "نہرو کا انداز بہت دوستانہ تھا۔ لیکن جب میری ملاقات ہندوستان کے سرکردہ سائنسدان ڈاکٹر بھابھا سے ہوئی تو میرا جوش ٹھنڈا ہو گیا۔ انہوں نے ہمارے مشورے پر گہرے شکوک و شبہات کا اظہار کر دیا۔ وہ کانفرنس تو دور کی بات رہی جو میرے ذہن میں تھی۔ چنانچہ مجھ پر واضح ہو گیا کہ اس سلسلے میں مجھے بھارت کے سائنسی حلقوں کی جانب سے کوئی حوصلہ افزائی نہیں ملے گی۔"(46) بھارت کے کسی سائنس دان نے بھی مشہور رسل آئن سٹائن منشور پر دستخط نہیں کئے۔(47) البتہ نہرو نے رسل کی تجویز پر ایٹمی دھماکوں کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے ایک سرکاری گروپ تشکیل دے دیا۔(48)

ایک طرف نہرو کی ایٹمی ہتھیاروں کی تلفی میں دلچسپی تھی تو دوسری طرف بھابھا کو ایٹمی ہتھیاروں میں بڑی دلچسپی تھی۔ 1959ء میں بھابھا نے جوہری توانائی کی پارلیمانی کمیٹی کو بتایا کہ بھارت کا ایٹمی توانائی کا پروگرام اس حد تک ترقی کر چکا ہے کہ اگر ضرورت پڑ جائے تو بیرونی مدد کے بغیر ایٹمی ہتھیار بنائے جا سکتے ہیں۔

اس سے بھی زیادہ حیران کن بات پرکووچ کا انکشاف ہے۔ جب 1960ء میں نہرو، بھابھا اور امریکی ایٹمی انرجی کمیشن کے ڈائریکٹر کے درمیان ہونے والی ایک ملاقات میں امریکی ڈائریکٹر کی 45 منٹ کی یادداشت میں امریکی ری ایکٹروں کے فائدے بتا چکا تو ڈائریکٹر کے مطابق، نہرو نے بھابھا کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھا کہ "کیا واقعی ایٹم بم بنایا جا سکتا ہے اور یہ کہ ایٹم بم بنانے پر کتنا وقت لگے گا؟ بھابھا نے جواب دیا کہ وہ یہ کام ایک سال میں کر سکتا ہے۔ جس پر نہرو نے مجھ سے پوچھا کہ کیا مجھے بھابھا سے اتفاق ہے۔ حیرت زدہ ڈائریکٹر نے اثبات میں جواب دیا۔ اس پر نہرو نے بھابھا سے کہا "ٹھیک ہے، لیکن اس وقت تک ایسا نہ کرنا جب تک میں نہ کہوں۔" ماضی کو نظر میں رکھتے ہوئے اور غالباً اس شک کی بنیاد پر جو بعد میں امریکی کا ریکارڈ دیکھ کر کسی کے ذہن میں بھی پیدا ہو سکتا ہے، پرکووچ نے اندازہ لگایا کہ بھابھا کے اس دعوے میں کوئی سچائی نہ تھی کہ وہ ایک سال میں ایٹم بم تیار کر سکتا ہے۔(49) تجزیاتی مطالعہ کے اندازوں کی تحت بھی 1963ء تک بھارت کے ایٹم بم بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔(50)

1962ء میں ہونے والی بھارت چین جنگ کے موقع پر بھابھا نے روایتی افواج کی مدد

فراہم کرنے کی خاطر ٹرومبے میں واقع اٹامک انرجی کمیشن کی مدد سے پیش کیں تو دراصل یہ قومی سلامتی اور جوہری معاملات سے منسلک کرنے کی پہلی کامیاب سیاسی کوشش تھی۔ ٹرومبے میں واقع اٹامک انرجی کمیشن کا نام تبدیل کر کے اب بھابھا اٹامک ریسرچ سنٹر رکھ دیا گیا ہے۔ بھابھا نے حکومت کی ایما پر ایک الیکٹرانکس کمیٹی بھی تشکیل دی جس کے چیئرمین بھی وہ خود ہی تھے۔(51) سیاسی حکام یقیناً سائنس اور قومی معاملات میں اس طرح کے تعلق کے حق میں تھے۔ 1946ء میں جواہر لال نہرو نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا "جدید دفاع اور جدید صنعت کے لیے سائنسی تحقیق کی ضرورت ہوتی ہے۔ تحقیق وسیع پیمانے پر بھی اور بے حد خصوصی طریقوں سے بھی۔ اگر بھارت نے اعلیٰ تعلیم یافتہ سائنس دان پیدا نہ کیے اور بڑی تعداد میں سائنسی ادارے تشکیل نہ دیے تو یہ ملک کمزور ہو جائے گا اور کسی جنگ میں نمایاں کردار ادا کرنے کے بھی قابل نہ ہوگا۔" اس طرح سائنس دانوں اور ان کے اداروں کو امن کے زمانے اور جنگ کی حالت میں ریاست کے اہم اجزا قرار دیا گیا۔(52)

1962ء میں پارلیمنٹ نے نظرثانی شدہ اٹامک انرجی ایکٹ منظور کیا۔ اس ایکٹ کے تحت جوہری توانائی سے متعلق تمام تر سرگرمیوں پر اٹامک انرجی کمیشن کا کنٹرول بڑھا دیا گیا اور اس کی کارروائی میں بے حد رازداری کر دیا گیا۔ [illegible] نے اس صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ سارے عمل میں اہم بات یہ تھی کہ ایکٹ متعارف کرتے ہوئے اور پارلیمنٹ میں بحث کے دوران ایٹمی توانائی کے پرامن استعمال کے روایتی موقف کا بالکل ذکر ہی نہ کیا گیا۔(53) گویا خاموشی کے ساتھ جوہری طاقت اور قومی سلامتی کو آپس میں منسلک کر دیا۔

اگلے چند برسوں کے دوران تین ایسے واقعات رونما ہوئے جن کے بھارت کے ایٹمی پروگرام پر دور رس اثرات مرتب ہوئے اور اس پروگرام میں تبدیلیاں لائی گئیں۔ پہلا واقعہ جواہر لال نہرو کی موت تھی۔ نہرو فوجی لحاظ سے قابل استعمال جوہری انفراسٹرکچر کو تعمیر کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا رہا لیکن ساتھ ساتھ وہ کھلم کھلا ایٹمی اسلحہ بنانے کی بھی شدومد سے مخالفت کیا کرتا تھا۔ 1957ء تک میں نہرو نے لوک سبھا میں تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ بھارت کبھی بھی اور کسی بھی صورت میں ایٹمی صلاحیت کو تباہ کن مقاصد کے لیے استعمال نہیں کرے گا۔(54) نہرو کی وزارت عظمیٰ کے دور میں صرف ایک موقع پر ایک رکن پارلیمنٹ نے جوہری ہتھیار تیار کرنے کی ضرورت

پر زور دیا تھا۔ سی پی آئی کی پیش رو جن سنگھ کے رہنما رام چندر باڑے تھے جو چاہتا تھا کہ بھارت، روس اور چین کے مقابلے میں جوہری ہتھیار تیار کرے۔(55) دوسرا موقع 1964ء میں چین کی جانب سے پہلا ایٹمی تجربہ تھا۔ اس وقت بھارت کو چین سے جنگ میں شکست کھائے ابھی صرف دو ہی سال ہوئے تھے۔ تیسرا موقع 1964ء میں ٹرومبے کے مقام پر ری پروسیسنگ پلانٹ کی تکمیل تھی۔ اس کے ساتھ ہی واقع سائرس ری ایکٹر 1960ء میں مکمل ہوا تھا۔ اس پلانٹ کی تکمیل سے بھارت سائرس کے استعمال شدہ ایندھن سے پلوٹونیم علیحدہ کرنے اور ایٹمی ہتھیار بنانے کی صلاحیت حاصل ہو گئی۔

چین کے ایٹمی تجربہ کرنے کے وقت تک بھابھا نے ایک عوامی مہم شروع کر دی تھی جس کا مقصد ایٹمی ہتھیار بنانے کی صلاحیت حاصل کرنے کے لیے رائے عامہ ہموار کرنا تھا۔ یہ ایک عوامی مہم تھی جو بعض اوقات بالواسطہ طور پر چلائی جاتی تھی۔ یہ مہم تین عناصر پر مشتمل تھی۔ پہلا جب جوہری ہتھیار بنانے کے خلاف اعتراضات کیے گئے تو بھابھا نے بڑھا چڑھا کر یہ دعوے کیے کہ جوہری ہتھیار بہت سستے ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر 24 اکتوبر 1964ء کو آل انڈیا ریڈیو پر بات چیت کرتے ہوئے لارنس ریڈی ایشن لیبارٹری یونیورسٹی امریکہ کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیا تاکہ یہ یقین دہانی کر سکے کہ دس کلو ٹن کا ایک بم تیار کرنے پر صرف تین لاکھ پچاس ہزار امریکی ڈالر خرچ آتا ہے جو بھارتی سکے میں سترہ لاکھ روپے۔ ان اعداد و شمار کی بنیاد پر بھابھا نے دعویٰ کیا کہ "پچاس ایٹم بم تیار کرنے پر دس کروڑ روپے سے بھی کم خرچ آئے گا جبکہ دو میگاٹن کے پچاس ہائیڈروجن بم تیار کرنے کے لیے بمشکل چند کروڑ روپے لگیں گے۔ [illegible] یہ رقم کئی ممالک کے فوجی بجٹوں سے کم ہے۔(56) ایٹم بم بنانے کی حامی لابی نے یہ ثابت کرنے کے لیے کہ ایٹمی ہتھیار نسبتاً سادگی کے ساتھ اور بہت کم قیمت پر بنائے جا سکتے ہیں بھابھا کے اس دعوے کا بار بار حوالہ دیا۔ اس لابی نے یہ ثابت کرنے کی بھی کوشش کی کہ ایٹمی ہتھیار اتنے سستے ہیں کہ بھارت جیسا غریب ملک بھی جوہری ہتھیار تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔(57)

دوسرا تکنیکی دعویٰ ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کی جوہری ہتھیار بنانے کی صلاحیت کے بارے میں تھا۔ چین کی جانب سے پہلے جوہری تجربے سے تقریباً دو ہفتے پہلے 4 اکتوبر 1964ء کو لندن میں بات چیت کے دوران بھابھا نے انکشاف کیا کہ بھارت اگر ایسی [illegible] کا فیصلہ کرے

تو 18 ماہ کی قلیل مدت میں اس فیصلے کو منتقل ہو جا سکتا ہے۔(58) ان حوالوں سے حکومت کے ساتھ بھی ان کی چھیڑ چھاڑ چلتی رہتی تھی۔ چنانچہ وزیر اعظم لال بہادر شاستری کو مشتعل کرنے کی ایک کوشش کے طور پر انہوں نے کہا، "لیکن میرا نہیں خیال کہ حکومت ایسا کوئی فیصلہ کرے گی۔" شاستری اس وقت غیر وابستہ ممالک کی کانفرنس میں شرکت کے سلسلے میں قاہرہ میں تھے۔ چنانچہ انہوں نے خاص بھابھا کی اس چھیڑ چھاڑ کو محسوس کر لیا اور یہ اعلان کیا کہ بھارت کی پالیسی ٹھیٹھ مشرقی کے ساتھ ختم ہو گیا ہے کہ وہ کوئی ایک بھی ایسا جوہری تجربہ کرے یا کسی ایک بھی ایسے ہتھیار کی تشکیل شدہ جس میں جوہری توانائی کے پر امن استعمال میں ضرورت شدہ ہو۔(59)

بھابھا کی مہم کا تیسرا عنصر پر امن جوہری دھماکوں کی وکالت کرنا تھا۔ 27 نومبر 1964ء کو ہونے والے لوک سبھا کے اجلاس میں ایسے دھماکوں یا تجربوں کی اجازت دے دی گئی۔ اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم لال بہادر شاستری نے انکشاف کیا کہ "ڈاکٹر بھابھا نے مجھ پر یہ بات بالکل واضح کر دی ہے کہ جوہری آلات کے حصول اور اس میں بہتری کے حوالے سے ہم جس قدر آگے بڑھ سکتے ہیں، ہمیں بڑھنا چاہیے۔ ہمیں اس کی طرف رجوع کرنا چاہیے تاکہ ہم اس کے پر امن فائدے اٹھا سکیں، اور ہم اسے ملکی ترقی کے لئے استعمال کر سکیں۔" یہ بات اہم ہے کہ لوک سبھا کے مذکورہ اجلاس سے پہلے لال بہادر شاستری نے بھابھا سے ملاقات کی تھی۔(60) صاف ظاہر ہے کہ بھابھا نے پر امن جوہری دھماکوں کے لئے سیاسی حمایت حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

قبل ازیں اسی سال اکتوبر میں ایک پگواش کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھابھا نے دو ملکوں کے درمیان سرد جارحیت کے تعلق کی وضاحت کی جن میں سے ایک بہت طاقتور ہو۔ ایسے جیسے کہ وہ ایک مثال پیش کر رہا ہو۔ بھابھا نے چین کی جانب توجہ دی اور کہا "ایک ایسا ملک جس کی آبادی بہت زیادہ ہو جیسے کہ چین، وہ اپنے ہمسایہ ممالک کے لیے ہمیشہ ایک خطرہ بنا رہے گا۔ ایسا خطرہ جس سے وہ صرف مشترکہ تحفظ کے کسی معاہدے کے تحت ہی بچ سکتے ہیں یا پھر وہ ایٹمی ہتھیار بنا لیں تاکہ طاقت کے عدم توازن کو متوازن کیا جا سکے۔" اگرچہ بھابھا نے بھارت کا نام نہیں لیا، تاہم ظاہر ہے کہ وہ بتانا چاہتا تھا کہ بھارت کے سامنے کیا راستے ہیں۔ اس بات کو آگے بڑھاتے ہوئے بھابھا نے تجویز پیش کی کہ عدم تحفظ مشترکہ سکیورٹی اقدام بھی ہو سکتا

ہے کہ سوویت یونین اور امریکہ دونوں ضمانت دیں۔(61) لیکن بھابھا کو اندازہ تھا کہ دونوں میں سے کوئی بھی ملک ایسی یقین دہانی نہیں کرا سکتا تھا۔ ماضی میں امریکہ اور بھارت کے تعلقات دوستانہ نہیں رہے جبکہ سوویت یونین نے بھی کسی ایسے ملک کو جوہری توانائی فراہم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جو وارسا پیکٹ میں شامل نہ تھا۔ بھابھا نے جو دلائل پیش کیے ان سے یہ اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ وہ بھارت کی نیوکلیئر پالیسی کے حوالے سے کیا تجاویز پیش کر رہا تھا۔ جس کانفرنس میں بھابھا نے یہ تجاویز پیش کیں اس میں وکرم سارا بھائی بھی موجود تھے جو جلد ہی بھابھا کی جگہ بھارتی جوہری پروگرام کے سربراہ بننے والے تھے۔ کانفرنس میں اندرا گاندھی بھی تھیں جو مستقبل میں وزیر اعظم بننے جا رہی تھیں۔ علاوہ ازیں وی سی ترویدی بھی موجود تھے جو ایٹمی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کے معاہدے (این پی ٹی) کے مذاکرات میں بھارت کی طرف سے کلیدی سفیر کے طور پر شرکت کرنے والے تھے۔

بھابھا نے جو نقشہ تیار کیا تھا اور بھارت کے جوہری معاملات کو جو قوت رفتار فراہم کی تھی وہ 1966ء میں ایک ہوائی حادثے میں ان کی اچانک موت کے بعد بھی جاری رہی۔ سارا بھائی کو جو بھابھا کے بعد سربراہ بنے ایٹمی ہتھیاروں کے معاملے میں کچھ اختلاف تھا۔ جارج پرکووچ کے الفاظ میں "سارا بھائی نے بھارت کے لیے ایٹمی ہتھیاروں کی افادیت اور اخلاقی جواز پر سوال اٹھائے اور جلد ہی پر امن جوہری دھماکوں کے پروجیکٹ کو سمیٹنے کی طرف قدم اٹھائے۔"(62) اس پروجیکٹ کو ختم کرنے کی کوششیں ریکارڈ پر ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ اس کے پس منظر میں محض اخلاقی جواز کار فرما تھا۔ ای سارا بھائی نے بھارت کے لئے جوہری ہتھیاروں کی سوچ کو یکسر مسترد کر دیا تھا۔ جو لوگ یہ یاد رکھتے کہ پر امن مقاصد کے لیے ایٹمی تجربات کرنے کا جو مخصوص نظریہ بھابھا نے پروفیسر آف نالک امریکی کے دوسرے سائنس دانوں اور حکام نے پیش کیا تھا اس کی تصدیق اور توثیق نہ کی۔ سارا بھائی نے خود اعلان کیا کہ "ہمارا زور اور ہماری توجہ حقیقت پر ہونی چاہیے، دکھاوے اور نمائش پر نہیں۔ میں شعبدہ بازی کے خلاف ہوں۔"(63) یہ نقطہ نظر اس سوچ کے برعکس تھا جس کا عملی مظاہرہ بھابھا، نہرو اور سیاسی جماعت بی جے پی نے کیا تھا۔ اس وقت سارا بھائی کے نزدیک دھماکہ محض بنانا کوئی علامتی معنی نہیں رکھتا تھا۔ اس کی بجائے وہ ٹھوس ترقی اور قطعی ردعمل پر یقین رکھتا تھا۔ اس ابہام کے تجزیے کے مطابق "سارا بھائی روزبیلن پیش کر رہا

تھا۔ یہ ہے کہ بھارت بیرونی خطرات سے خود کو محفوظ بنانے کے لیے ایٹمی اسلحہ رکھنے کا متحمل نہیں ہو سکتا کیونکہ ایٹمی ہتھیاروں پر بھی ایک عمل سے جاتے، جس میں جوہری ہتھیاروں کے تمام لوازمات (جیسے ترسیل نظام، محافظ اور کنٹرول، دوسرا حملہ کرنے کی صلاحیت وغیرہ) موجود ہوں سے کم تیاری والا تحفظ اور ہم جیسی ایٹمی جیسی بھارت چاہتا ہے۔ دوسرے اس کا کہنا تھا، جسے شاید توجہ نہیں دی گئی کہ غالباً بھارت کی قومی سلامتی کو سب سے زیادہ خطرہ ملک کے اندر سے درپیش ہے اور ایٹمی ہتھیار اس معاملے میں یقینی طور پر مددگار ثابت نہیں ہوں گے۔"(64)

سارا بھائی کی جانب سے بھارت کی ایٹمی پالیسی کا فوکس دوسری جانب مبذول کرانے کے باوجود پرامن جوہری تجربات کی کوششیں جاری رہیں۔ 1974ء میں بھارت نے جو ایٹمی دھماکہ کیا اس کو عمل میں لانے کے لیے تشکیل دی گئی ٹیم کے سرکردہ رہنماؤں میں سے ایک راجہ رامنا بھی تھے۔ انہوں نے ایک پرائیویٹ انٹرویو میں اس امر کی تصدیق کی کہ سارا بھائی سائنس دانوں کو اپنا کام جاری رکھنے سے باز کرنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ وہ پیٹھ پیچھے نہیں دیکھ سکتا تھا۔(65) دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ ایٹمی سائنس دانوں کو اپنی تحقیق کے لیے جو خودمختاری دی گئی تھی اس نے بم بنانے والوں کی مدد کی۔(66) چونکہ ان میں ایٹمی تجربہ کرنے کے سلسلے میں ضروری اقدامات کا آغاز 1968ء میں ہی شروع کر دیا گیا تھا۔(67) آر۔ چدمبرم اور رامنا کی سربراہی میں، اور وزیر دفاع کے سائنسی مشیر اور اس وقت ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (ڈی آر ڈی او) کے ڈائریکٹر بی ڈی ناگ چودھری کے تعاون سے ڈی آر ڈی او کے پچاس سے زیادہ سائنس دان اس پروجیکٹ میں مصروف رہے۔

بھارت نے پہلا ایٹمی تجربہ 18 مئی 1974ء کو راجستھان کے علاقے پوکھران میں کیا۔(68) اس روز پورے ملک میں ریلوے کی مکمل ہڑتال تھی۔ ہڑتال کی سربراہی جارج فرنینڈس کر رہے تھے جو اس وقت ٹریڈ یونین لیڈر تھے، تاہم بعد میں وہ وزیر دفاع بھی رہے۔ مقامی حلقوں میں ان تجربات کے بعد بڑی گرم جوشی پائی گئی۔ سائنس دانوں کی بار بار تعریف کی گئی، انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ بھارت کے معروف رسالوں جیسے السٹریٹڈ ویکلی آف انڈیا اور سائنس ٹوڈے نے تمام سائنس دانوں خاص طور پر سیٹھنا، رامنا اور آئینگر پر خصوصی رپورٹس نمایاں طور پر شائع کیں جنہوں نے ان ایٹمی تجربات کو ممکن بنایا۔(69)

1974ء کے ایٹمی تجربات کے لیے زور لگانے میں اٹامک انرجی اسٹیبلشمنٹ کا بڑا کردار رہا۔ بھابھا کے علاوہ سینئر سائنس دان جیسے ہومی سیٹھنا، راجہ رامنا، پی کے آئینگر اور آر چدمبرم، جو کے بعد ایک بھارتی اٹامک انرجی کمیشن کے سربراہ رہے۔ ان سب نے ایٹمی تجربات کے لیے ماحول بنانے اور معاملات کو تیز کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ پرکووچ نے اس سارے معاملے کا خلاصہ ان الفاظ میں کیا "ایٹمی تجربات کرنے کے بارے میں مسز اندرا گاندھی کی سوچ جو بھی تھی حقیقت یہ ہے کہ پرامن مقاصد کے لیے جوہری تجربات کرنا بہرحال ان کا منصوبہ تھا انہوں نے وہ کیا جو دوسرے چاہتے تھے۔ یہ سینئر سائنس دان رامنا، سیٹھنا، آئینگر، چدمبرم اور ان سب سے پہلے بھابھا تھے جنہوں نے پرامن مقاصد کے لیے ایٹمی تجربات کو ممکن بنایا۔"(70) ٹی۔ بی۔ سیم کا کہنا ہے کہ ان رہنماؤں کے نزدیک 1974ء کے تجربات اٹامک انرجی کمیشن کی تقدیر بدلنے کی علامت تھے۔(71)

1974ء کے تجربات کے بعد سائنس دانوں نے زیادہ بہتر ڈیزائن والے جوہری ہتھیاروں کے تجربات کرنے کے لیے راستہ ہموار کرنا شروع کر دیا۔ 1998ء میں کیے گئے ایٹمی تجربات کے بعد سامنے آنے والے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ آئینگر اور چدمبرم نے (پوکھران) کے لیے بہتر ڈیزائن تیار کر رکھے تھے جن کو وہ 1983ء کے اوائل میں تجربات کر کے چیک کرنا چاہتے تھے۔(72) بھارتی سائنس دان ہائیڈروجن بم بنانے میں بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ اس منصوبے پر ریسرچ پر کام غالباً 1970ء کی دہائی کے اواخر میں شروع ہو چکی تھی جس کو بڑی کامیابی کے ساتھ آگے بڑھایا جا سکا۔ ڈبلیو پی ایس سدھو کو دیے گئے ایک نجی انٹرویو میں رامنا نے تسلیم کیا کہ 1974ء کے ایٹمی تجربات کے بعد جب وہ جوہری پوسٹ سے واپس آئے تو مسز اندرا گاندھی سے ملے اور ان سے کہا کہ 'میڈم اب ہمیں ہائیڈروجن بم بنانے کے منصوبے پر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا مجھے معلوم تھا کہ اس کے لیے مجبور کیا جائے گا لیکن اندازہ نہیں تھا کہ اتنی جلدی آئے گا' چنانچہ یوں یہ معاملہ طے ہو گیا۔(73) تجربات دلچسپی یہ ہے کہ 1974ء کے ایٹمی تجربات کے بعد ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی اور ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (ڈی آر ڈی او) کے سائنس دان خاموشی سے کئی کام کرتے رہے، مثلاً زیادہ قابل بھروسہ (انشقاق کو شروع کرنے والے) نیوٹران انیشی ایٹر initiator تیار کرنا،

مرکزی گولے کے اطراف بارودی دھاکوں سے ایک ساتھ بھینچنے کے عمل کو بہتر بنانا، بم کے سائز کو چھوٹا کرنا اور بم کے وزن اور اس کی دھماکا خیزی کے تناسب کو بہتر بنانا۔ سوخرالذکر دونوں کام واضح کرتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے بھی جو پر امن ایٹمی دھماکے اور بم کے تجربے کے درمیان فرق کرتے ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کا کام جوہری توانائی کو صرف پر امن مقاصد کے لئے استعمال کرنا نہیں تھا۔[74]

1982ء کے اواخر یا 1983ء کے آغاز میں راجہ رامنا اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر وی ایس اروناچلم ایٹمی تجربے کا معاملہ مسز گاندھی کے پاس لے کر گئے۔ یہ بتائے بغیر کہ یہ تجربے ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام کا آغاز ہوں گے، رامنا اور اروناچلم نے مسز گاندھی سے نئے تجرباتی ڈیزائن کے صرف تکنیکی معاملات پر بات کی۔ اس ملاقات کے آخر میں مسز اندرا گاندھی نے ایٹمی تجربے کرنے سے عارضی طور پر اتفاق کر لیا لیکن ان کا یہ فیصلہ محض 24 گھنٹے میں تبدیل ہو گیا۔[75] مسز گاندھی کی سوچ میں پیدا ہونے والی اس تبدیلی کی ایک وجہ ان کی بھارت کے خارجہ سیکرٹری ایم کے رسگوترا سے ہونے والی ایک بات چیت بیان کی جاتی ہے۔ پتہ چلا کہ رسگوترا کو ایک امریکی افسر نے خصوصی سیارے سے حاصل ہونے والی وہ تصاویر دکھائی تھیں جن سے ظاہر ہوتا تھا کہ تجربے کی جگہ پر اس سلسلے میں کچھ تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ رسگوترا کی بات سے اندرا گاندھی سمجھ گئی ہوں گی کہ ایٹمی تجربے کی صورت میں امریکہ کا ردعمل سخت ہوگا اور اس سے بھارت کی اقتصادی شعبے میں جاری مشکلات میں اضافہ ہو جائے گا۔[76]

اس کی بجائے مسز گاندھی چاہتی تھیں کہ ایٹمی تجربہ کسی مناسب وقت پر کیا جانا چاہیے اور یہ کہ اس دوران دوسری چیزوں پر کام جاری رہنا چاہیے اور ان کو تیار رکھنا چاہیے، اور اسی دوران ڈیزائن میں مزید بہتری لائی جانی چاہیے۔[77] دوسری چیزوں سے مسز گاندھی کی مراد تھی کہ ڈی آر ڈی او کے تحت طویل فاصلے تک مار کرنے والے مہلک میزائل بنائے جائیں۔ ڈی آر ڈی او کا ادارہ وزارت دفاع کے ایک شعبے کے طور پر 1958ء میں بھارتی فوج کی ریسرچ اور ڈویلپمنٹ کے ادارے کے طور پر قائم کیا گیا تھا۔[78] 1962ء میں پروجیکٹ ڈیول کے تحت بھارت اور سوئٹزرلینڈ سے ایک معاہدہ پر دستخط کیے جس کا مقصد سطح زمین سے فضا میں مار کرنے

والے میزائل کا ڈیزائن تیار کرنا اور میزائل بنانا تھا۔ لیکن پھر بھارت نے سوویت یونین سے ایسی سے 2 طرز کے زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائل حاصل کر لیے جس کے بعد یہ پروجیکٹ منسوخ کر دیا گیا۔[79] فروری 1972ء میں ڈی آر ڈی او نے میزائل بنانے کی سمت کام شروع کیا۔ اس مہم کا نام پروجیکٹ ڈیول رکھا گیا اور اس کا مقصد ایس اے 2 میزائل کی ریورس انجینئرنگ کرنا تھا۔ اس کے سربراہ ایئر کموڈور وی ایس نارائنن تھے جو بعد میں ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ لیبارٹری (ڈی آر ڈی ایل) کے ڈائریکٹر بھی بنے۔[80] ابتدائی طور پر اس پروجیکٹ کا بجٹ 700 ملین امریکی ڈالر کے لگ بھگ تھا اور اس کی تکمیل کے لیے 700 سے 800 تکنیکی ماہرین کی خدمات حاصل کرنا پڑیں۔[81] بتایا جاتا ہے کہ 1974ء تک دو عدد راکٹ انجن پر چلنے والے راکٹ انجن تیار کر لیے گئے تھے لیکن بعد ازاں بہت سے مسائل کی ناکامی کے بعد اس منصوبے کو 1978ء میں ترک کر دیا گیا۔ گو کہ ڈیول پروجیکٹ کے تحت کوئی مکمل راکٹ بنانے میں کامیابی حاصل نہ ہو سکی لیکن اس کی بدولت اس ٹیکنالوجی اور ایسے اجزا مل گئے جن کے ذریعے بعد ازاں پرتھوی اور اگنی میزائل تیار کرنے میں بڑی مدد ملی۔ 1983ء میں ترک کر دیے گئے ایٹمی تجربے کے تھوڑے ہی عرصے بعد انٹیگریٹڈ گائیڈڈ میزائل ڈویلپمنٹ پروگرام (Integrated Guided Missile Development Programme) (آئی جی ایم ڈی پی) مرتب کیا گیا۔ اس پروگرام کو بے آغاز سے ہی بھارتی حکومت کی جانب سے ترجیح ملی۔ چنانچہ فنڈ اور سامان کے حصول کے بہت سے اصول و ضوابط اس کے لیے نظر انداز کر دیے گئے۔[82] پروگرام کا آغاز پانچ طرح کے میزائل نظاموں کو ترقی دینے سے ہوا۔ کم فاصلے تک مار کرنے والا پرتھوی (جس کا مطلب ہے زمین)، درمیانی فاصلے تک مار کرنے والا اگنی (یعنی آگ)، سطح زمین سے فضا میں مار کرنے والا آکاش میزائل (یعنی آسمان)، ترشول (یعنی تین نوکوں والا نیزہ)، اور راہ سودھ (گائیڈڈ) ٹینک شکن میزائل ناگ۔ 1988ء تک اس نئے پروگرام کے نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے جب 25 فروری کو پرتھوی میزائل کا پہلا تجربہ کیا گیا۔[83] اس سے اگلے سال بھارت نے اگنی میزائل کا تجربہ کیا۔ کچھ دوسرے میزائل ابھی بنائے جا رہے ہیں جیسے چینا کا سماگر یا اور آسترا۔

پہلے کی کوششوں کے برعکس اس مرتبہ میزائل پروگرام کے بیرونی تحقیق کے شعبے سے ماہرین کی خدمات حاصل کی گئیں۔ ان میں سب سے نمایاں عبدالکلام ہیں جن کو آئی جی ایم ڈی

پی کا سربراہ منتخب ہو گیا۔ کلام اس سے پہلے خلائی راکٹ (جیسے لانچ وہیکل) پروگرام کی سربراہی کر چکے تھے اور اس طرح ٹھوس ایندھن (سالڈ پروپیلینٹ) ٹیکنالوجی سے بخوبی آگاہ تھے۔ یہ ٹیکنالوجی اگنی میزائل کے پہلے مرحلے کے لیے استعمال میں لائی گئی۔ اس معاملے میں عبدالکلام کا کمال ان کا وہ طریقہ تھا جس کے تحت انہوں نے اس منصوبے کو چلانے کا انتخاب کیا۔ ماضی کے طریقوں سے ہٹ کر آئی جی ایم ڈی پی نے نہ صرف حکومت کی ڈی آر ڈی او کی لیبارٹریوں بلکہ دیگر ٹیکنیکل اداروں، یونیورسٹیوں اور صنعت و دفاع سے تعلق رکھنے والی آرڈیننس فیکٹریوں اور پبلک پرائیویٹ فرموں کو بھی کام میں شامل کرنا شروع کر دیا۔[84] مئی 1998ء کے ایٹمی تجربات کے بعد اس نیٹ ورک کو وسیع کر دیا گیا۔ جنوری 1999ء میں بھارت کے یوم جمہوریہ کے موقع پر حکومت نے ایک پریس ریلیز جاری کیا جس میں بڑے فخر سے اس بات کا اعلان کیا گیا کہ "ڈی آر ڈی او لیبارٹریاں، آر اینڈ ڈی تنظیمیں، تعلیمی اداروں اور صنعتوں پر مشتمل نیٹ ورک کی مدد سے تمام تر مشکلات اور مسائل پر قابو پا کر اعلیٰ ٹیکنالوجی پر مبنی نظاموں کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ آج پوری بھارتی قوم ڈی آر ڈی او پر فخر کرتی ہے۔"[85]

راجیو گاندھی نے ملک کا اقتدار سنبھالا تو انہوں نے میزائل پروگرام کو ترقی دی اور زیادہ جدید اور ترقی یافتہ جوہری ہتھیار تیار کرنے کی کوششیں جاری رکھیں۔ راجیو گاندھی نے پالیسی سازی میں دو متضاد رجحانات متعارف کرائے۔ پہلا فوجی اخراجات میں بے تحاشا اضافہ اور دفاع کو جدید خطوط پر استوار کرنا۔[86] دوسرا یہ کہ ایٹمی تخفیف اسلحہ کے حوالے سے نئی نسل کی سوچ کو آگے بڑھانا۔ جون 1988ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے خصوصی سیشن میں راجیو گاندھی نے ایٹمی ہتھیاروں سے پاک دنیا کی تجویز پیش کی[87] لیکن اس کے ساتھ ہی راجیو گاندھی نے بھارت میں ایک چھوٹا سا گروپ تشکیل دیا جس میں رہنما مثلاً آر چدمبرم اور عبدالکلام جیسے سائنس دان شامل تھے، جن سے انہوں نے بھارت کی ایٹمی ضروریات کا ایک نقشہ تیار کرنے کو کہا۔ راجیو گاندھی نے اس گروپ سے یہ بھی کہا کہ وہ ان ضروریات کو پورا کرنے پر اٹھنے والی لاگت کا تخمینہ بھی لگائیں۔[88] اس گروپ نے مختلف پہلوؤں سے اندازے لگانے کے بعد نتیجہ اخذ کیا کہ بھارت ایک ایسی ایٹمی طاقت کا حامل ہو سکتا ہے جس میں اگنی اور پرتھوی جیسے میزائل، جنگی ہوائی جہاز اور مناسب تعداد میں ایٹمی اسلحہ شامل ہو۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد سو

اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔[89] کے سبرامنیم کے کہنے کے مطابق 1988ء میں اقوام متحدہ میں ایٹمی اسلحے کے مکمل خاتمے کا منصوبہ پیش کرنے اور اس پر مناسب عالمی ردعمل نہ ملنے پر مایوسی کے سبب تھوڑے ہی عرصے کے بعد راجیو گاندھی نے ڈی آر ڈی او اور بی اے آر سی کو بھارتی ایٹمی پروگرام آگے بڑھانے کا اشارہ دے دیا۔ اس وقت ڈی آر ڈی او کی سربراہی اروناچلم جبکہ بی اے آر سی کی سربراہی پی کے آئینگر کر رہے تھے۔ اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد وی پی سنگھ بھارت کے وزیراعظم بن گئے۔ انہوں نے راجا رامنا کو وزیر مملکت برائے دفاع بنا دیا۔ یہ غالباً اشارہ تھا کہ ان کی حکومت بھارت کے ایٹمی پروگرام کو فروغ دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس کے فوری بعد پی کے آئینگر کو بھی 1990ء میں اٹامک انرجی کمیشن کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔ آئینگر اس ٹیم کے اہم رکن تھے جس نے 1974ء میں پوکھران میں ایٹمی دھماکہ کیا تھا۔ آئینگر کی بطور چیئرمین اٹامک انرجی تعیناتی نے حکومت کے بارے میں اس تاثر کو مزید گہرا کر دیا کہ وہ ایٹمی پروگرام کو فروغ دینے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ بھارت کو پہلی مرتبہ پوری طور پر ایٹمی ہتھیار جوڑنے اور انہیں ہدف تک پہنچانے کی صلاحیت غالباً مئی 1990ء کے لگ بھگ حاصل ہوئی تھی۔[90] اس کے باوجود 1990ء کے عشرے کے دوران بھی آر چدمبرم جیسے سرکردہ سائنس دان دعویٰ کرتے رہے کہ بھارت کے پاس جوہری ہتھیاروں کا ذخیرہ نہیں ہے اور یہ کہ اس نے بطور ہتھیار تیار حالت میں نہیں رکھے ہوئے ہیں۔[91]

اس کے برعکس ریٹائرڈ سائنس دان اس بارے میں زیادہ واضح اور دوٹوک تھے۔ شاید ان کا مقصد ایٹمی ہتھیاروں کی کوششوں میں اپنے کردار کو ابھارنا تھا۔ مثال کے طور پر سرکاری دعوے کے برعکس کہ 1974ء کا ٹیسٹ ایک پرامن ایٹمی دھماکہ تھا 1991ء میں راجا رامنا نے اپنی خود نوشت سوانح حیات میں بتایا کہ وہ کس طرح 1974ء کے ایٹمی ہتھیار کی تیاری میں شامل تھے۔[92] پی کے آئینگر نے ریٹائرمنٹ کے موقع پر اپنی تقریر میں بھارت کے ایٹمی پروگرام کا مقصد یہ کہہ کر ایک بار پھر واضح کر دیا کہ 1974ء میں ایٹمی ہتھیار کو جوڑنے میں کامیاب ہونا میرے کیریئر کا سب سے زیادہ دلچسپ اور تجربہ تھا۔[93] ایم آر سری نواسن نے بھارتی حکومت کو مشورہ دیا کہ وہ ایٹمی معاملات میں عقلمندانہ رویہ اختیار کرے۔[94]

1994ء میں اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین چدمبرم اور ڈی آر ڈی او کے سربراہ

عبدالکلام جیسے سرکاری سائنس دانوں نے ایک میڈیا مہم کا آغاز کیا جس کا مقصد امریکہ کی جانب سے نیوکلیئر عدم پھیلاؤ کے سلسلے میں امریکی اقدامات کی مخالفت کرنا تھا۔ اسی دوران میں چدمبرم نے "انڈیا ٹوڈے" کو ایک انٹرویو دیا۔ جب ان سے 1974ء کے ایٹمی تجربے کے بارے میں سوال پوچھا گیا تو انہوں نے حکومت کے طویل عرصے سے قائم اصول و ضوابط کو توڑتے ہوئے جواب میں شیخی بگھارتے ہوئے کہا کہ "ہمارا مرکز تابکاری تھا"۔ [95] اٹامک انرجی کمیشن کے سابق سربراہ ایم آر سری نواسن نے "انڈین ایکسپریس" کو دیے گئے اپنے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا تھا کہ "یہاں ایسے ذمہ دار افراد موجود ہیں جو جانتے ہیں کہ ہمارے پاس ایٹمی ہتھیار بنانے کی صلاحیت موجود ہے"۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ "ہمیں چین کی طرح واضح کھلی دو ٹوک پالیسی اختیار کر لینی چاہیے"۔ [96] میڈیا کے ایسے حلقے بھی جن کو سائنس دان مواد اور پالیسی فراہم کرتے تھے، بھرپور ایٹمی تجربات کرنے کی ضرورت پر زور دیتے رہتے تھے۔ اگست 1995ء تک پوکھران میں ایٹمی تجربات کے لیے جگہ تیار کی جا چکی تھی۔ سرکردہ سائنس دانوں اور پالیسی کے مشیروں کے بقول "سٹریٹجک اداروں کو ٹیسٹ کی تیاری کرنے یا اس کی جگہ تیار رکھنے کے لیے حکومت سے اجازت نامے کی ضرورت نہیں تھی"۔ [97] پرکووچ نے جو تجزیہ کیا ہے اس کے مطابق "سائنس دان تین بنیادوں پر جوہری ایٹمی تجربات کرنے کے سلسلے میں دباؤ ڈالنا چاہ رہے تھے: "انہیں اپنی اختراعات کا مظاہرہ کرنا تھا اور انہیں تکنیکی لحاظ سے زیادہ درست اور مکمل بنانا تھا، انہیں یقین تھا کہ ایٹمی تجربات سے ہی پتہ چل سکتا تھا کہ ان کا بم کس حد تک کامیاب ہے۔ وہ ایٹمی تجربات کے اس لیے بھی خواہش مند تھے کہ وہ نئے سائنس دانوں کو راغب اور ایٹمی پروگرام سے ان کی ملازمتوں میں جاری رکھ سکتے اور کچھ تازہ بھرتیاں بھی کی جا سکیں کیونکہ کمرشل سیکٹر میں ان کے لیے زیادہ تنخواہیں اور مراعات والی نوکریاں موجود تھیں۔" تاہم مجوزہ ٹیسٹ ملتوی کر دیا گیا۔ کچھ عرصے بعد مئی 1996ء میں بھارت میں بھارتیہ جنتا پارٹی ایک جنگجویانہ پروگرام کے تحت برسر اقتدار آ گئی۔ سائنس دانوں نے بھی اس صورت حال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فوری اور بی جے پی کی حکومت کے برسر اقتدار آنے سے پہلے ہی اس سلسلے میں تیاریاں شروع کر دیں۔ تاہم مجوزہ جوہری تجربات ایک بار پھر منسوخ کرنا پڑے اس لیے کہ بی جے پی کی حکومت پارلیمنٹ میں اعتماد کا ووٹ حاصل نہ کر سکی۔

1996ء میں ایٹمی تجربات پر جامع پابندی (سی ٹی بی ٹی) پر شروع ہونے والی بحث بھارت کی جوہری پالیسی میں ایک اہم موڑ ثابت ہوئی۔ مارچ 1996ء میں بھارت کے سیکرٹری خارجہ سلمان حیدر نے کہا "ہم نہیں سمجھتے کہ جوہری ہتھیار بھارت کی قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہیں۔ چنانچہ اس سلسلے میں متفقہ طور پر جو فیصلہ ہوا بھارت اس کی پیروی کرے گا"۔ یہ بیان بھارت کی اس روایتی سوچ کے عین مطابق تھا کہ اپنی سلامتی اور تحفظ کے لیے جوہری ہتھیاروں پر انحصار نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اسی سال 20 جون کو تخفیف اسلحہ کے لیے بلائی گئی کانفرنس میں شریک ہونے والی بھارتی سفیر اروندھتی گھوش نے سی ٹی بی ٹی کو اس کی اس وقت کی حالت میں مسترد کرتے ہوئے کہا کہ سی ٹی بی ٹی بھارت کی قومی سلامتی کے حوالے سے مناسب نہیں ہے۔

بھارتی سائنس دان بخوبی جانتے تھے کہ ایٹمی تجربات پر مکمل پابندی کے معاہدے سی ٹی بی ٹی پر دستخط کرنے سے ان کی ان تمام کوششوں اور کامیابیوں پر پانی پھر جائے گا جو انہوں نے اس وقت تک حاصل کی تھیں۔ چنانچہ انہوں نے اس کے خلاف حمایت اکٹھی کرنا شروع کر دی اور یہ موقف اختیار کیا کہ سی ٹی بی ٹی کو وقت کی مدت سے مشروط کیا جائے یعنی یہ طے کیا جائے کہ فلاں وقت تک تمام ایٹمی ہتھیاروں کو مکمل طور پر ختم کر دیا جائے گا"۔ [98] نیوکلیئر اسٹیبلشمنٹ نے بھی سی ٹی بی ٹی کی مخالفت کی کیونکہ اس طرح اسے عوامی سطح پر پروگرام کے بارے میں شبہات کو دور کرنے کا اور پیچیدہ مراحل میں کام جاری رکھنے پر آمادہ کرنے کا موقع ملتا تھا۔ [99]

بھارت کو سی ٹی بی ٹی کے خلاف ووٹ دینے پر آمادہ کرنے میں کامیابی کے بعد بھارتی نیوکلیئر اسٹیبلشمنٹ نے وزیر اعظم ایچ ڈی دیوے گوڑا تک رسائی حاصل کی اور ان سے ایٹمی تجربات کی اجازت چاہی۔ دیوے گوڑا نے یہ اجازت نہ دی۔ اس وجہ سے نہیں کہ ایٹمی تجربات پر عالمی برادری کی طرف سے مخالفانہ ردعمل ظاہر ہوگا بلکہ اس وجہ سے کہ وہ ملک کی اقتصادی صورت حال بہتر بنانے کے خواہش مند تھے۔ [100]

1998ء میں بی جے پی دوبارہ اقتدار میں آ گئی۔ اس کے ساتھ ہی سائنس دان ممکنہ اور متوقع ایٹمی تجربات کے لیے تیاریوں میں مصروف ہو گئے۔ انتخابات کے نتائج آنے سے پہلے ہی آر چدمبرم نے ایٹمی تجربات کی حمایت میں بیان دینا شروع کر دیے تھے۔ وہ ایٹمی تجربات کی اس حد تک حمایت کر رہے تھے جتنی کہ اٹامک انرجی کمیشن کا کوئی حاضر سروس چیئرمین کر سکتا تھا۔ [101]

پہلے چدمبرم نے دعویٰ کیا "ہاں ہم تیار ہیں لیکن یہ پالیسی سازوں کا کام ہے کہ وہ ایٹمی طاقت بننے کا فیصلہ کرتے ہیں یا اس آپشن کو اپنے لیے کھلا رکھتے ہیں۔" جب ان سے ایٹمی ہتھیار تیار کرنے کے سلسلے میں کمپیوٹر پر نقلی تجربات کرنے کے امکان کے بارے میں پوچھا گیا تو چدمبرم نے اس کا جواب دیتے ہوئے وضاحت کی کہ "پھر آخر دوسرے ممالک نے دو ہزار دھماکے کیوں کیے؟" اور مزید کہا کہ "جتنے زیادہ اعداد و شمار دستیاب ہوں گے نقلی تجربات اتنے ہی بہتر ہوں گے۔"(102)

11 اور 13 مئی 1998ء کو ایٹمی تجربات کر کے بھارت کے ایٹمی سائنس دانوں نے بالآخر اپنے دیرینہ خوابوں کی تعبیر حاصل کر لی۔ عبدالکلام نے ڈی اے ای اور ڈی آر ڈی او کی مشترکہ پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے واضح طور پر کہا "ہتھیار سازی کا عمل اب مکمل ہو چکا ہے۔" ایسے بیانات بھی سامنے آتے رہے جن میں یہ دعویٰ کیا گیا کہ مئی 1998ء کے ایٹمی تجربات نے "کمپیوٹر کی مدد سے ایٹمی ڈیزائنوں کی نقل تیار کرنے کی بھارت کی صلاحیت میں بے حد اضافہ کر دیا اور اس قابل بنا دیا ہے کہ اگر ضرورت ہوا تو مستقبل میں اس سے بہتر تجربات کیے جا سکیں۔" اس دعوے کی صداقت سے قطع نظر بھارتی سائنس دانوں کی جانب سے امریکہ کے مشہور پائل ہتھیار ورکشاپ پروگرام کا حوالہ دینا ظاہر کرتا تھا کہ ان تجربات کے بعد بھارتی ایٹمی پروگرام کے کرتا دھرتا اپنے منصوبوں کو لاس الاموس اور لارنس لیور مور جیسا ہی تصور کرنے لگے تھے۔ مئی 1998ء کے ایٹمی تجربات کے فوری بعد بھارتی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی نے عوامی سطح پر ان سائنس دانوں کے کردار کی تعریف کی جنہوں نے ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن تیار کیے اور ایٹمی دھماکے کیے اور سائنس دانوں کو ان کے درجے پر لا کھڑا کیا جو سب سے قوم کی محافظ اور اس کا پیٹ بھرنے والوں کے لیے مخصوص تھی۔ اگرچہ کھل کر کہا نہیں گیا لیکن سیاق و سباق سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ان سائنس دانوں کو جس کا جو چار دفاعی اور تزویراتی اداروں میں ہوتا ہے اسے بلند مقام عطا کرنا چاہتے تھے۔ اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد ایٹمی اداروں کے بجٹ میں وسیع پیمانے پر اضافہ کر دیا گیا اور ایٹمی سائنس دانوں کو متعدد قومی اعزازات سے بھی نوازا گیا۔

ایٹمی اور میزائل اسٹیبلشمنٹ نے اپنے اثر و رسوخ اور بجٹوں میں کیے جانے والے اضافے کو اپنے مفادات میں استعمال کیا اور ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام کو مزید آگے بڑھایا۔ ایٹمی ہتھیار اب اس نقطہ نظر کے تحت ریسرچ کی جا رہی ہے کہ ان کے معیار میں بہتری لائی جائے اور نئے ڈیزائن

بنائے جا سکیں۔ ہتھیاروں کی ایک قسم جس پر اس وقت سب سے زیادہ توجہ دی جا رہی ہے نیوٹران بم ہے۔ چدمبرم کے مطابق بھارت نیوٹران بم بنانے کی صلاحیت کا حامل ہے۔(103) اس دعوے کی بنیاد پر بی جے پی کے ایک لیڈر نے مطالبہ کیا کہ نیوٹران بم کا تجربہ بھی ہونا چاہیے۔(104) عبدالکلام نے امریکہ کے غیر معروف سٹار وار پروگرام کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی دہلی کے گرد میزائلوں کے تحفظ کا حصار قائم کرنے کی تجویز پیش کی۔(105) مستقبل کے ایک اور ہتھیار ای بم ڈیوائس کو بھی زیر غور لایا گیا۔ اس ڈیوائس میں مائیکرو ویو کا دھماکا کیا جاتا ہے۔(106)

معیار کے حوالے سے یہ بہتری لانے کے ساتھ ساتھ بھارتی ہتھیار اسٹیبلشمنٹ نے ایٹمی ہتھیاروں کے لئے استعمال ہونے والے مواد کی مقدار بڑھانے کے سلسلے میں بھی زور دینا شروع کر دیا۔ چنانچہ دسمبر 1999ء میں بھارت کے وزیر مملکت برائے جوہری توانائی نے 100 میگاواٹ کے دھرووا جتنا بڑا ایک پلوٹونیم پیدا کرنے والا ری ایکٹر قائم کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا۔(107) ان ساری باتوں اور معاملات سے بھی پتہ چلتا تھا کہ ایٹمی اور میزائل اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے جنوبی ایشیا میں ہتھیاروں کی دوڑ جاری رکھنے کے حوالے سے دباؤ بڑھتا رہے گا جس کے اس خطے کے امن پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔

8.4 ـ مخالفت

ایک طرف ایٹم بم تیار کرنے اور ایسے ہتھیاروں کے ڈھیر جمع کرنے کے لیے راہوں کو ہموار بنانے اور اس سلسلے میں دباؤ قائم رکھنے کی تاریخ ہے تو دوسری جانب کچھ ایسے سائنس دان بھی تھے جو ایٹمی ہتھیار بنانے اور ایٹمی پروگرام کو فروغ دینے کی مخالفت کرتے رہے تاہم ان کی تعداد گنتی میں شک کے برابر رہی۔ اگرچہ بھارت میں اعلیٰ سائنس کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار ہوتا رہا تھا لیکن ہتھیار اسٹیبلشمنٹ کے مستقبل کی شکل و صورت کا کچھ اندازہ نہیں تھا۔ بھابھا کے بھارتی سائنس پالیسی میں اہمیت حاصل کرنے سے کافی پہلے جس سائنس دان نے بھارتی سائنس پالیسی کو تشکیل کرنے کے سلسلے میں ہونے والی بحث میں نمایاں حیثیت اختیار کی وہ فزکس اور فلکیاتی سائنس کا معروف ماہر میگھناد ساہا تھا۔ 1938ء کی بات ہے، تقسیم ابھی عمل میں نہیں آئی تھی لیکن انڈین نیشنل کانگریس کے اس وقت کے صدر سبھاش چندر بوس نے ساہا کو نیشنل

پلاننگ کمیٹی میں شامل کیا۔ ساہا کو بجلی اور ایندھن کی ذیلی کمیٹی کے علاوہ دریائی مواصلات اور آبپاشی کی ذیلی کمیٹیوں کا رکن بنایا گیا۔[108] اس سے بھی پہلے ساہا نے بااثر سائنس اور سائنس پالیسی کا جریدہ 'سائنس اینڈ کلچر' کا آغاز کر دیا تھا اور اس کے ذریعے سائنس پالیسی پر اپنے نظریات کا پرچار کرتا رہا۔ سائنس کو معاشرتی بہبود کے لیے استعمال کرنے کے سلسلے میں ساہا کی سوچ اور نظریات بھابھا سے یکسر مختلف تھے۔ ساہا اس بات پر زور دیتا کہ وسائل کی برابر تقسیم ہونی چاہیے۔ وہ انجینئرنگ کے منصوبوں میں بھی جن میں اعلیٰ سطح کی تکنیکی معلومات کا عمل دخل ہوتا تھا شرکت دار جمہوریت کا حامی تھا۔ اس کی قومیت پرستی کی بنیاد حقوق اور کفایت کی سوچ پر تھی۔ وہ بھارتی اشراف طبقات کے ساتھ تعلق واسطے کا حامی نہ تھا۔[109] اس کے باوجود کہ ساہا اور اس کے حامی گروپ کی بھارتی قوم پرست تحریک میں سیاسی جڑیں زیادہ گہری تھیں، اس کے مقابلے میں بھابھا کی سرکردگی میں کام کرنے والے سائنسی اشراف کو زیادہ اہمیت ملی۔[110] اقتدار سے باہر ہونے کے باوجود ساہا پارلیمنٹ اور یونیورسٹی کی سطح پر کام کا پرچار کرتا رہا۔ وہ اٹامک انرجی کمیشن کی محض اس لیے مخالفت کرتا تھا کہ "اس نے خود کو رازداری کے پردوں میں چھپا لیا تھا"۔ ساہا کو پیش کیے گئے ایک میمورنڈم میں ساہا نے تجویز پیش کی کہ "ایٹمی توانائی اور اس کے مضمرات کے بارے میں ٹھوس حقائق قوم کے سامنے پیش کر دیے جانے چاہئیں۔ اس پر ہونے والی بحث ماہرین کی آرا اور عوام اور مختلف طبقات کے نقطہ ہائے نظر سے ہمیں اس قابل بنا دیں گے کہ ایک پالیسی تشکیل دے سکیں۔" لیکن ان کی یہ کوششیں بار آور ثابت نہ ہو سکیں۔ سائنس دانوں اور فیصلہ سازوں کا ایک چھوٹا سا گروہ ہی بھارت کے ایٹمی پروگرام کے بارے میں فیصلے کرتا رہا۔

اٹامک انرجی کمیشن اور بھابھا کی مخالفت کرنے والے ساہا اکیلا نہ تھا۔ اس سارے عرصے میں فزکس کے معروف ماہر ڈی ڈی کوسامبی بھی ایٹمی ہتھیاروں اور سائنس کو فوجی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے نظریات کی مخالفت میں ڈٹے رہے۔[111] ڈی ڈی کوسامبی ملک کا نمایاں اور معروف ریاضی دان تھا۔ وہ بھی ایٹمی توانائی کی کھلی اور آزاد پالیسی کے حامی تھا اور ایٹمی توانائی کی ریسرچ پر کیے جانے والے بے حد اخراجات پر بھی سوال اٹھاتا رہا لیکن ساہا کی طرح اس کی آواز بھی صدا بصحرا ثابت ہوئی۔ ساہا اور اس کے برعکس کوسامبی کسی ادارے کا سربراہ نہ تھا۔

1962ء تک وہ ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف فنڈامینٹل ریسرچ میں پروفیسر کے طور پر کام کرتا رہا۔ اس کے بعد سے اس عہدے سے ہٹا دیا گیا تھا۔[112]

ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کی سرگرمیوں کے خلاف احتجاج جاری رہا۔ گو وہ زیادہ کامیاب نہیں ہوا۔ 1980ء کی دہائی میں فزکس اور کیمسٹری کے ایک ماہر امولیا ریڈی نے بھارت میں جوہری طاقت سے حاصل ہونے والی بجلی کے اخراجات کا اندازہ لگایا اور پایا کہ جس انداز میں اٹامک انرجی کمیشن ان اخراجات کا تخمینہ لگاتا ہے وہ درست نہیں۔ اس میں کئی طرح کے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ریڈی توانائی اور دیہی ترقی کے شعبے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے تھا اور اسی سلسلے میں کام کرتے ہوئے ہی اسے اٹامک انرجی کمیشن کے اعداد و شمار میں گڑبڑ کا پتہ چلا۔ اٹامک انرجی کمیشن کے دعووں کے برعکس ریڈی نے نتیجہ اخذ کیا کہ اگر بہت زیادہ محتاط اندازے اختیار کیے جائیں تو پانی اور کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی ایٹمی توانائی سے حاصل ہونے والی بجلی کی نسبت کہیں سستی پڑتی ہے۔[113] ریڈی بعد ازاں 1998ء کے ایٹمی دھماکوں کی مخالفت کرنے والی نمایاں شخصیت بن گیا۔

[illegible] سائنس تحریک اور سائنسی ترقی کے حق میں کام کرنے والے افراد جیسے سریندر اور سنگمترا گاڈیکر جیسے لوگوں نے ایک مختلف نوعیت کی سرگرمی کا مظاہرہ کیا۔[114] انہوں نے انو مکتی (یعنی Nuclear Free) شائع کرنا شروع کیا۔ یہ جنوبی ایشیا کا واحد نیوکلیئر مخالف میگزین تھا۔ بھارت کی نیوکلیئر پالیسی کی مختلف جہتوں کو ہدف تنقید بنانے کے علاوہ انہوں نے اس کی تنصیبات کے قریبی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی صحت کا اندازہ لگانے کے لیے ایک مفصل اور جامع سروے کا بھی اہتمام کیا۔

مئی 1998ء کے ایٹمی تجربات کے بعد ایٹمی ہتھیاروں اور کچھ کم تر درجے میں جوہری توانائی کی مخالفت کرنے والے سائنس دانوں اور عام معاشرے میں زیادہ معروف ہو گئے۔ سائنس دانوں کے کم از کم دو گروپوں نے ہزاروں افراد کے دستخطوں کے ساتھ پٹیشنوں کا اہتمام کیا جن میں حکومت کی جانب سے ایٹمی دھماکے کرنے کے عمل کی مذمت کی گئی تھی۔ اس کے نتیجے میں ایک تنظیم وجود میں آئی جسے انڈین سائنٹسٹس اگینسٹ نیوکلیئر ویپنز (ایٹمی ہتھیاروں کے خلاف بھارتی سائنسدان) کا نام دیا گیا۔[115] ان سائنسدانوں میں نمایاں ترین ٹی جیارامن تھے۔ وہ

انسٹی ٹیوٹ آف میتھمیٹیکل سائنسز (آئی ایم ایس سی) سے منسلک رکن تھے۔ ان کی طرف سے بی جے پی حکومت کے اس اقدام کی سب سے زیادہ اور جامع دلیل مخالفت کی گئی۔ انہوں نے فرنٹ لائن اور سیمینار جیسے رسالوں اور میگزینوں میں بھارت کی ایٹمی اسٹیبلشمنٹ کی صلاحیتوں کے بارے میں بہت سے سوالات اٹھائے۔ ان کی جانب سے ذرائع ابلاغ نیوکلیئر وارہیڈز کو فوری چلائے جانے کی پوزیشن میں تیار رکھنے اور دیگر معاملات کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔

مئی 1998ء کے ایٹمی تجربات سے نیوکلیئر اسٹیبلشمنٹ کے اندر بھی بے چینی اور ہلچل پیدا کر دی۔ اٹامک انرجی کمیشن کے سابق رکن اور ری ایکٹر ریسرچ سنٹر (موجودہ اندرا گاندھی سنٹر فار اٹامک ریسرچ) کے پہلے ڈائریکٹر ڈاکٹر این سری نواسن نے بھارت کے ایٹمی پروگرام پر مئی 1998ء کے ایٹمی تجربات کے اثرات کا خلاصہ ان الفاظ میں کیا: "میں اداس اور فکر مند ہوں کیونکہ مئی 1974ء میں نیوکلیئر پاور پروگرام کے تابوت میں پہلا کیل ٹھونکا گیا تھا اور اب مئی 1998ء میں آخری کیل بھی ٹھونک دیا گیا ہے۔ میں صرف امید کرتا ہوں کہ کاش میری یہ سوچ غلط ہو۔"(116)

مخالفت کی اس قدرے طویل تاریخ کے باوجود بھارت میں موجود اینٹی نیوکلیئر سائنس دانوں نے اپنی تکنیکی مہارت کا زیادہ استعمال نہیں کیا۔ اس کے نتائج اچھے اور برے دونوں طرح کے برآمد ہوئے۔ اقبال احمد کے الفاظ میں مغرب میں امن اور اینٹی نیوکلیئر تحریک "...... نیوکلیئر ہتھیاروں پر مرکوز تھی۔ کچھ حد تک یہ خوف پیدا کرنے کی بجائے خوف پیدا کرنے پر زور دیتی تھی، یہ وجوہات کی بجائے ٹیکنالوجی پر زیادہ زور دیتی تھی......"(117) یہ سب کچھ جزوی طور پر اس لیے ہو رہا تھا کہ سائنس دانوں کی تکنیکی مہارت حاوی ہو رہی تھی۔ دوسری طرف بھارت میں اینٹی نیوکلیئر سائنس دانوں میں سے اکثر کا سیاسی پس منظر ہے۔ اس لیے ان کی نظریں گونا گوں معاشرتی مسائل پر بھی رہتی ہیں، اور ان کے نزدیک ایٹمی ہتھیار ان مسائل کا محض ایک مظہر ہیں جو کہ تکنیکی مسائل پر توجہ کے طالب۔(118)

اس کے ساتھ ساتھ ایٹمی ہتھیاروں سے متعلق تکنیکی معاملات بھی موجود ہیں جن سے تکنیکی طریقوں سے نمٹنا چاہیے۔[119] عام طور پر غیر جانبدار تکنیکی مہارت کی ہے جو ایٹمی ہتھیاروں اور توانائی کے پروگرام کے مسائل (مثلاً تکنیکی مناسبت، معاشی مناسبت، ری ایکٹروں کی سیفٹی اور

ایٹمی پروگرام کا احوال پر نظر) پر سرکاری بیانات اور دعووں کو تکنیکی سطح پر چیلنج کر سکے۔ یہ سب کچھ بہت بیش قدر ہو سکتا تھا۔ جیسا کہ جین پریمک اور فرینک وان ہپل نے 1974ء میں لکھی گئی تصنیف ایڈوائس اور ڈیسنٹ Advice and Dissent میں کہا: "جس طرح تکنیکی ماہرین معاشرے کو اپنی خدمات فراہم کرتے ہیں، وہ سیاسی طاقت کی تقسیم کو بھی خاصا متاثر کر سکتا ہے۔"(120)

تاریخی طور پر بھارت اور امریکہ میں سائنس دان نیوکلیئر پالیسی پر جو رد عمل ظاہر کرتے ہیں اور جس طرح ان پر اثر انداز ہوتے ہیں اس میں خاصا فرق ہے۔ نیوکلیئر کمپلیکس تعمیر کرنے میں تعاون اور خدمات پیش کرنے سے قطع نظر بھارتی سائنس دانوں نے زیادہ تر دو طرح کے کردار ادا کیے: حکومتی پالیسی کی حمایت کرنے والے مشیر کے طور پر اور اکثر حکومتی عہدے داروں سے زیادہ عقابی بن کر۔ عملی طور پر سائنس دانوں کی ایسی کوئی مثال موجود نہیں کہ انہوں نے حکومتی مشیر کے کردار میں حکومت پر اعتدال پسندانہ طور پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی ہو اور ان پر ہتھیاروں میں کمی یا ان کا خاتمہ کرنے کے سلسلے میں کچھ دباؤ ڈالا ہو۔[121] ڈاکٹر ہومی بھابھا اور ایم آر سری نواس نے کسی حد تک یہ کردار ادا کیا لیکن ان کے ایٹمی توانائی کی ترویج کرنے کے دوہرے کردار کی وجہ سے ایٹمی پالیسی کو معتدل بنانے میں زیادہ کامیابی نہ مل سکی۔ علاوہ ازیں جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ بھابھا ایٹمی ہتھیاروں کے خلاف نہ تھے، وہ صرف حقیقت سے عاری علامتوں کے خلاف تھے۔ اسی طرح ایم آر سری نواس کی فکر صرف یہ تھی کہ بھارت وسیع پیمانے پر ایسے ہتھیار تیار کرنے کا پروگرام بنا سکتا ہے جو ملک کے عام افراد کے مفاد میں نہیں ہے اور اس خطے کی قوموں کو بھی اس سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔[122] اس کے باوجود وہ محسوس کرتے تھے کہ ہتھیار سازی ناگزیر ہے۔ ایٹمی اسٹراٹیجی کی جانب سے ملٹری انڈسٹریل کمپلیکس بنانے کی ضرورت پر زور دیے جانے پر بہت ضروری ہے کہ سائنس دان اور سوشل سائنس دان پوری کی پوری سائنس کو جنگی مشین کا آلہ کار بنائے جانے کے دباؤ کے خلاف مزاحمت پیش کرتے رہیں۔[123] ڈیوڈ ڈکسن کا کہنا ہے کہ امریکہ میں وسیع پیمانے پر فوجی / صنعتی کمپلیکس اور سائنس کی سیاست نے ایک ایسی صورتحال پیدا کر دی ہے کہ سائنس کے بیشتر حصے کی منصوبہ بندی میں فوج کی ضروریات کو بنیاد بنایا جاتا ہے جبکہ منڈی کی ضروریات، سماجی مقاصد (جیسے صحت کا تحفظ اور قدرتی

ماحول کو بچانا) کو صرف اسی وقت اہمیت کی حد تک قبول کیا جاتا ہے جب تک وہ جوہری فوجی طاقت اور کمرشل پراجیکٹس سے مطابقت رکھتے ہوں [124]۔ تاہم جوہری ہتھیاروں کی مخالفت کا تاثر محض ہتھیاروں کی مخالفت تک محدود نہیں رہنا چاہیے۔ اسے اسکی بنیادی ٹیکنیکی بھارت کے عروج کی صورت میں دیکھنا چاہیے جو پیچیدگی کے خلاف میں کود رہا ہو اور جو عوام کے خوابوں کی ترجمانی کرتا ہو۔

8.5 ۔ نتیجہ

بھارت کا ایٹمی پروگرام اس وعدے کے ساتھ شروع کیا گیا تھا کہ اس کے ذریعے سستی بجلی پیدا کی جائے گی جس کے بارے میں اعلان کیا گیا کہ ترقی کے لیے ضروری ہے۔ کہا گیا کہ ضرورت کے مطابق وافر بجلی پیدا کی جائے گی۔ یہ ہدف پورا نہ ہوسکا تو یہ پروگرام چلانے والے اداروں نے فنڈنگ کا حصول جاری رکھنے کے لیے مختلف مناسب بہانے گھڑ لیے۔ یہ مقصد قومی سلامتی کے کاروبار میں شامل ہو کر پورا کیا گیا۔ یہ ہدف سیاسی اشرافیہ کی حمایت حاصل کرکے ہی پورا کیا جاسکتا تھا۔ نیوکلیئر اسٹیبلشمنٹ نے ڈی آر ڈی او کے ساتھ مل کر یہ ہدف پورے خشوع و خضوع کے ساتھ پورا کیا۔ اس سلسلے میں نہایت سرگرمی کا مظاہرہ کیا گیا۔ ان کی خدمات بم کے ڈیزائن وضع کرنے اور بم بنانے تک محدود نہ رہیں بلکہ انہوں نے سیاسی رہنماؤں اور بااثر حلقوں میں بالواسطہ یا براہ راست ایٹمی ہتھیاروں اور میزائلوں کی وکالت کی۔ یہی بھارت اور علم کے بل پر فوجی اور سیاسی قوت حاصل کرنے کے جنون اور وزیراعظم واجپائی کے ذریعے مئی 1998 کے ایٹمی دھماکوں کا موجب بنے۔ ان کی ایسی دسترس قبول کرلی ہوگی اور اب یہ بھارت کے عوام اور انسانیت کے بچے کچھے حصے پر ہے کہ وہ انہیں ذمہ دار ٹھہرائے۔

چونکہ ذمہ داری علم اور طاقت کے درمیان موجود تعلق کی بنیاد پر آگے بڑھتی ہے، بم کے سائے سے نکلنے والا راستہ طاقت اور علم کے میدانوں میں سے گزرتا ہے۔ اشرافیہ کی طاقت کو ئی معاشی تحریکوں اور بہت سی عوامی تحریکوں سے چیلنج درپیش ہیں۔ یہ تحریکیں جمہوریت اور انصاف کو فیصلہ سازی کی بنیاد بنانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔[126] سائنس دانوں اور دیگر پیشہ وروں کو اپنے علم اور تجربے اور مہارت کے ذریعے اس کارواں کا حصہ بننا چاہیے۔



[illegible]

9

پاکستان کی فوج میں دراڑ

کیا ایٹمی اسلحہ محفوظ ہے؟

پرویز ہود بھائی

پاک فوج ملک کے ایٹمی اثاثوں کی نگراں ہے۔ پاکستان کے پاس کتنے ایٹمی ہتھیار ہیں، یہ بات ایک راز ہے۔ تازہ ترین اندازہ یہ ہے کہ پاکستان کے پاس 90 تا 110 تک ایٹم بم موجود ہیں۔ ان میں سے ہر بم اتنا طاقتور ہے کہ اگر اسے گنجان آبادی والے علاقے میں گرایا جائے تو 2 لاکھ سے لے کر 5 لاکھ افراد تک جل بھن جائیں۔ ان ہتھیاروں کو غلط ہاتھوں میں جانے سے روکنا اس وقت ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔

اس وقت کئی انتہا پسند گروہ فوج کے ساتھ نبرد آزما ہیں اور یہ سمجھنا بالکل منطقی بات ہے کہ وہ بھی ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ ممکن ہے کہ بم حاصل کرنے کے بعد وہ امریکہ اور یورپ کے کسی شہر کو یا دنیا میں کہیں بھی ان کے معاشی مفادات کو نشانہ بنائیں۔ بلکہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ بھارت یا پاکستان کے کسی شہر کو بھی نشانہ بنائیں۔ ایسا کرنا صرف بم کو مقررہ جگہ پر پہنچانے کے لحاظ سے بہت آسان ہے بلکہ اس سے ان کا پاک بھارت جنگ کروانے کا دیرینہ مقصد بھی حاصل ہو سکتا ہے۔ شاید ایک عام شہری کے لئے یہ بات سمجھنا آسان ہے۔ لیکن اس مقصد کا حصول عراق اور پاکستان میں سرگرم عمل القاعدہ اور اس کے ہم خیال گروہوں کے خودکش بمباروں کی

حکمت عملی کے عین مطابق ہے۔ انتہا پسندوں کے نظریات یہ ہیں کہ اگر کسی کارروائی کے نتیجے میں کفار اور شیعہ مارے جاتے ہیں تو بہت اچھی بات ہے۔ لیکن اگر شہر پر بم گرتا ہے کہ جس میں سنی لوگ بھی مارے جاتے ہیں تو صرف اتفاق ہوگا کہ وہ مقررہ وقت سے کچھ پہلے وہ جنت میں پہنچ جائیں گے۔

آیئے ترتیب کے ساتھ دیکھتے ہیں کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو کن سے چار قسم کے خطرات لاحق ہیں۔

☆ بھارت اور امریکہ مل کر یا اپنے طور پر انہیں ختم کرنے کی کوشش کریں۔ اسرائیل بھی کوشش کر سکتا ہے لیکن اس کا امکان کم ہے۔

☆ بیرون ملک سے اسلامی جنگجو ایٹمی ہتھیاروں کے کسی ذخیرہ پر حملہ کر کے ہتھیار لے اڑیں۔

☆ اندرون ملک ایٹمی تنصیبات کی حفاظت پر مامور اہلکاروں اور ایٹمی ہتھیاروں کو استعمال کرنے کے ذمہ دار افواج پاکستان کے مخصوص شعبوں میں موجود انتہا پسند ایسا کر گزریں۔

☆ اندرون ملک اور بیرون ملک کی جنگجو تنظیمیں باہم مل کر کارروائی کریں۔

گو کہ ایٹمی ہتھیار یہاں 1980 کی دہائی سے موجود ہیں لیکن ان کے تحفظ کو یقینی بنانے کی شدید ضرورت حال ہی میں سامنے آئی ہے۔ اس تبدیلی کے وقت کا تعین ہم 11 ستمبر 2001ء سے کر سکتے ہیں کہ جس کے بعد جنرل پرویز مشرف کو یہ قدم اٹھانا پڑا تھا۔ انہوں نے اعلان کیا تھا کہ یہ کرنا اس لئے بہت ضروری ہے کیونکہ انکار کی صورت میں ایٹمی اثاثے ہمارے ہاتھ سے نکل جاتے اور کشمیر کاز کو بھی نقصان پہنچتا۔ وہ ہتھیار جو پاکستان کے تحفظ کے لئے بنائے گئے تھے ان ہتھیاروں کا تحفظ مسئلہ بن گیا۔ طالبان کی طرف سے القاعدہ سے تعلق توڑنے سے انکار کے بعد ایک بالکل نئی صورتحال بھی شروع ہوگئی کہ پاکستان نے طالبان کا ساتھ کہ جنہیں خود اس نے بنایا تھا چھوڑ دیا۔ مشرف کو خدشہ تھا کہ ان کے اپنے قریبی ساتھی امریکہ کے ساتھ ان کے اتحاد کی مخالفت کر سکتے ہیں۔ بعد ازاں پیش بندی کے طور پر جرنیل نے اپنے دو قریبی ساتھیوں، آئی ایس آئی کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل محمود احمد اور ڈپٹی چیف آف آرمی سٹاف جنرل مظفر حسین عثمانی کو گھر بھیج دیا۔ کیونکہ یہ دونوں پکے اسلام پسند سمجھے جاتے تھے۔ یہ خطرات وجود میں آ گئے تھے۔ حالانکہ حکومت بارہا اس بات پر اصرار کرتی رہتی ہے کہ ایٹمی اثاثے بالکل محفوظ ہیں، لیکن ساتھ ہی کوئی

معمولی سی کسر چھوڑنے کا خطرہ مول لینے کو بھی تیار نہیں تھی۔ اطلاع ہے کہ ایٹمی ہتھیار ملک کے بہت سے مختلف، الگ الگ محفوظ مقامات پر منتقل کئے جا چکے ہیں۔

اس بارے میں پاکستان کا سرکاری موقف ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ ایٹمی اثاثوں کو قطعاً کوئی خطرات لاحق نہیں ہیں۔ بہت سے مواقع پر پاکستان کی وزارت خارجہ نے زور دے کر کہا کہ "ہمارے ایٹمی اثاثے 100 فیصد محفوظ ہیں اور ان کی حفاظت کے لئے ایسا نظام موجود ہے جو نگرانی کی کئی سطحوں پر مشتمل ہے"۔ 2011ء میں وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک تو اس حد تک آگے بڑھ گئے کہ انہوں نے ایٹمی اثاثوں کو "200 فیصد تک محفوظ" قرار دے دیا۔" 10 ہزار اہلکاروں پر مشتمل سٹرٹیجک پلانز ڈویژن (ایس پی ڈی) ان ہتھیاروں کے تحفظ کا ذمہ دار ہے۔ یہ ادارہ نہایت پر اعتماد نظر آتا ہے اور اس کی ویب سائٹ "پاکستان ڈیفنس" (www.defence.pk/forums/wmd-missiles/) پر درج ذیل معلومات موجود ہیں۔

☆ تمام ایٹمی تنصیبات اور متعلقہ ذخیروں کی باگ ڈور 10 رکنی نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے ہاتھ میں ہے۔

☆ صدر مملکت اس اتھارٹی کے چیئرمین اور وزیر اعظم وائس چیئرمین ہیں۔ وزیر خارجہ، وزیر دفاع، وزیر داخلہ، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی، تینوں مسلح افواج کے سربراہان اور ڈائریکٹر جنرل سٹرٹیجک پلانز ڈویژن مذکورہ اتھارٹی کے رکن ہیں اور وہ اس اتھارٹی کے سیکرٹری کی ذمہ داریاں بھی نبھاتے ہیں۔

☆ ہتھیاروں کو چلانے کے (نیوکلیئر ریلیز) کوڈ تک رسائی حاصل کرنے کے لئے "دو افرادی اصول" (Two Man Rule) کا اصول نافذ ہے۔

☆ ایٹمی ہتھیاروں کو میزائل سسٹم کے حصوں سے باہر رکھا جاتا ہے اور صرف اسی صورت میں مکمل ہتھیار کی شکل میں جوڑا جاتا ہے جب نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایسا کرنے پر رضامندی ظاہر کر دے۔

☆ پاکستان امریکہ کے متبادل پیچیدہ و حساس نظام "پرمیسیو ایکشن لنکس (Permissive Action Links)" کی طرز پر ایک نظام لا چکا ہے جو طے شدہ قواعد سے ہٹ کر کسی غیر مجاز شخص کی مرضی سے ہتھیار استعمال کئے جانے کے امکان کا تدارک کرتا ہے۔

☆ پاکستان امریکہ ہی کی طرز پر ایک جامع نظام قائم کر چکا ہے۔ جسے intrusive personnel reliability system کہا جاتا ہے جس کے تحت ملازمت ملنے سے پہلے، ملازمت کے دوران اور بعد میں ادارے کے کارکنوں کی نگرانی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔

☆ ایٹمی تنصیبات اور دیگر شعبوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے 10 ہزار اہلکاروں پر مشتمل ایک فورس موجود ہے جس کی کمان ایک میجر جنرل کرتا ہے۔

☆ جعلی نمبر اور نقلی دستاویز کے ذریعے اس بات کو ناممکن بنایا گیا ہے کہ ملک کے اندرونی اور بیرونی چھپ چھپا کر کارروائی کو ناکام بنایا جا سکے۔

☆ اسلحہ خانے میں 100 سے 200 کے درمیان ہتھیار موجود ہیں (میزائلوں اور دیگر ترسیلی ذرائع کی تعداد معلوم نہیں ہے)

پاکستان آنے والے بہت سے غیر ملکیوں نے یہاں کے حفاظتی انتظامات کو سراہا ہے۔ امریکی سینیٹر جوزف لیبرمین نے، جنہیں اس وقت ڈیموکریٹک پارٹی کی جانب سے صدارتی امیدوار بنائے جانے کا غالب امکان ظاہر کیا جا رہا تھا، اور جو ہوم لینڈ سیکورٹی اینڈ گورنمنٹل افیئرز کمیٹی کے صدر ہیں، یہاں سے بہت مطمئن لوٹے۔ ایس پی ڈی کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد قدوائی کی ایک بریفنگ کے بعد لیبرمین نے پریس کانفرنس میں کہا "جی ہاں! انہوں نے میرے شکوک و شبہات کو دور کر دیا ہے"۔ اور وعدہ کیا کہ وہ یہ پیغام کانگریس تک بھی پہنچائیں گے۔ بن لادن کے واقعے کے بعد امریکی افواج کے سب سے بڑے عہدیدار ایڈمرل مائیک ملن نے بھی تسلی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی اثاثوں پر پاکستان کا کنٹرول اس قدر موثر نظر آتا ہے کہ پاک فوج اور تنظیم جس میں انتہا پسند عناصر کے وجود در آئے ہوں تب بھی ان پر قبضے کے خلاف مناسب تحفظ کا انتظام موجود ہے۔[2] یہ کہنا مشکل ہے کہ ان یقین دہانیوں کو کس قدر اہمیت دی جانی چاہئے۔ بیرون ملک سے آنے والے افراد حفاظتی انتظامات کی عملی صورت سے پوری طرح آگاہ نہیں ہوتے۔ اس بات کی جانچ کرنے کا کوئی طریقہ موجود نہیں کہ آیا ایس پی ڈی کا اہلکاروں کی نگرانی کا نظام صحیح معنوں میں موثر ہے یا نہیں، اور کمانڈ تشکیل جس والے اپنی توانائیاں درست سمت میں لگا رہے ہیں یا نہیں؟ ایس پی ڈی کا دعویٰ ہے کہ حساس ایٹمی مواد کے حساب کتاب اور اس پر نظر رکھنے کا ایک موثر نظام روبہ عمل ہے جس کا

معیار امریکہ کی نیشنل لیبارٹریز کے برابر ہے۔ اس دعویٰ کی سچائی جاننا اسی قدر ناممکن ہے جس قدر یہ دعویٰ کہ ایٹمی ہتھیار دو افراد کی اصول یا تین افراد کی اصول (Two man Three man Rule) کے حفاظتی انتظام کے تحت ہیں یا یہ کہ ایٹمی ہتھیاروں کو کنٹرول نظام سے جدا کر کے رکھا جاتا ہے۔

ایٹمی اثاثوں کے ذمہ داران کے کچھ دعوے واضح طور پر ناقابل یقین معلوم ہونے کے زمرے میں آتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ دعویٰ:

"ایک اور بات ملک کے تمام اہم سیکورٹی اداروں کے اہلکاروں کی تربیت ہے۔ اس ٹریننگ میں ایٹمی اثاثوں کا تحفظ، جسمانی تحفظ، ہنگامی حالت سے نمٹنے کی چوکسی، کھوج لگانے والے آلات کا استعمال، بازیابی کی کارروائیوں کی تربیت اور سرحد کی نگرانی جیسے کاموں میں مہارت پر توجہ دی جاتی ہے۔ جن قومی اداروں کے اہلکار اس تربیت سے مستفید ہوتے ہیں ان میں کوسٹ گارڈز، فرنٹیئر کور، پاکستان رینجرز، کسٹمز، ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس، نیشنل کرائسز مینجمنٹ سیل، انٹیلی جنس، سرحدوں پر قانون نافذ کرنے والے ادارے اور ایس پی ڈی کے رفقاء سمیت تمام سٹریٹیجک ادارے شامل ہیں۔"[5]

جن اداروں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے وہ نااہلی، اقربا پروری اور کرپشن جیسے مسائل میں گھرے ہوئے ہیں۔ وہ اپنی معمول کی ذمہ داریاں پوری کرنے کی مکمل صلاحیت سے بھی عاری ہیں، چہ جائیکہ انہیں ایٹمی ہتھیاروں کی حفاظت اور کھوج لگانے والے آلات کے استعمال جیسے غیر معمولی امور سونپ دیے جائیں۔ ایسے ملک میں جو کھلی سمگلنگ اور لاقانونیت کی آماجگاہ ہو جہاں صرف کراچی میں گزشتہ 3 ماہ کے عرصے میں ہر روز درجنوں بے گناہ قتل ہو جائیں اور اس کے مجرم دندناتے پھر رہے ہوں، مندرجہ بالا دعویٰ غیر سنجیدہ لگتا ہے۔

"تابکاری مواد کی گردش میں ملوث اور سرحدوں سے ان کی غیر قانونی تجارت کے تدارک کے لئے کسٹمز سیکورٹی ایجنسی جیسے سنٹرز قائم کر دیے گئے ہیں اور ان کے طریق کار وضع کر دیے گئے ہیں۔ کسٹمز مزید سخت زمرے میں پی این آر اے کے گہرے معائنوں کا بھی فریضہ ادا کر رہا ہے۔ ایک دوسرا کردار تمام اہم اداروں کے اہلکاروں کو تربیت دینا ہے۔ اس ٹریننگ میں ایٹمی اثاثوں کا تحفظ، جسمانی تحفظ، ہنگامی حالت سے نمٹنے کی چوکسی، کھوج لگانے والے آلات کا استعمال، بازیابی کی کارروائیوں کی تربیت اور سرحد کی نگرانی جیسے امور شامل ہیں۔"[4]

حالانکہ ایٹمی اداروں کے اعلیٰ افسران نے تعلقات عامہ کے شعبے میں غیر معمولی مہارت حاصل کر لی ہے۔ اس کے باوجود اس اندیشے کا تدارک کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں کہ پاکستان میں عدم استحکام ایٹمی ہتھیاروں اور ایٹمی مواد کی چوری کا باعث بن سکتا ہے۔ اس خوف کو غیر منطقی اور بے بنیاد قرار نہیں دیا جا سکتا۔ جو بھی طریقہ کار آپ تشکیل کر لیں، اور جیسی بھی ٹیکنالوجی استعمال کر لیں، وہ آپ استعمال کرنے والے افراد سے زیادہ بہتر ثابت نہیں ہو سکتے۔ زیادہ بہتر اور زیادہ بڑی تعداد میں ہتھیار رکھ کر گورنر سلمان تاثیر کو ان کے اپنے ہی محافظ کے ہاتھوں قتل ہونے سے نہیں بچا سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک مخصوص ذہنی کیفیت باقی تمام باتوں سے زیادہ اہم ہے۔ اس مضمون میں ہم چونکہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو ملک کے اندر سے لاحق خطرے کا جائزہ لیں گے اس لئے پاکستان کی فوج اور اس کے اندر پائے جانے والے مختلف رجحانات پر توجہ مرکوز کرنا پڑے گی۔

91۔ فوج میں دراڑ

جون 2014ء میں دہشت گردی کے خوف کے پیش نظر پاکستان نیوی کے جدید جنگی جہاز کراچی میں بحری اڈے سے بھاگ کر ادھر ادھر بکھر گئے۔[5] پاک بحریہ نے اس واقعہ کی کوئی تردید نہیں کی اور ماہ اگست تک بھی یہ بحری جہاز لوٹ کر واپس نہیں آئے تھے۔ جب اس بارے میں پوچھا گیا تو وائس ایڈمرل تنویر احمد نے کہا کہ 'جنگی حکمت عملی کا ایک سنہرا اصول یہ ہے کہ جب آپ کو کسی ایسے دشمن کی طرف سے خطرہ لاحق ہو جسے آپ جانتے نہ ہوں تو آپ کو اپنے جنگی اثاثوں کو زیادہ سے زیادہ مختلف مقامات پر منتقل کر دینے چاہئیں۔ اپنے تمام انڈوں کو ایک ہی ٹوکری میں مت رکھیں'۔ شاید یہ بڑی دانائی کی بات ہو لیکن اس بات میں کیا شک ہے کہ جو بحریہ خود اپنے گھر میں محفوظ نہیں وہ جنگوں میں دور کھلے سمندر میں دشمن کا کیسے مقابلہ کرے گی؟۔

آج پاکستان کی تینوں مسلح افواج کو ایک ایسے دشمن سے خطرہ ہے جو چھپا ہوا ہے۔ افواج کے تمام دفاتر، تنصیبات، ہیڈکوارٹرز اور رہائشی کالونیاں عام دیواروں اور ناکوں سے گھری ہوئی ہیں۔ لیکن اصل خطرہ ہماری اپنی صفوں میں موجود دشمن سے ہے جس نے مذہب کا محفوظ لبادہ اوڑھ رکھا ہے اور کسی میں اتنی جرأت نہیں کہ اس لبادے کو نوچ کر پھینک سکے۔

ایس پی ڈی کا ادارہ اس مسئلے سے آگاہ ہے اور ان کا کہنا ہے کہ ایسے کسی امکان کے تدارک کے مؤثر انتظامات کیے گئے ہیں۔ نئے بھرتی ہونے والے اہلکاروں کے انتخاب کے وقت ان کا نفسیاتی پس منظر کھنگالا جاتا ہے اور ایک برس تک انہیں زیر نگرانی رکھا جا سکتا ہے۔ ایس پی ڈی کے سابق ڈائریکٹر [illegible] کہتے ہیں کہ "اس نظام کے ذریعے پتہ چل جاتا ہے کہ کون بنیاد پرست ہے اور کون نہیں۔"(8)

لیکن یہ دعویٰ کئی سوال اٹھاتا ہے۔ فلسفیانہ نقطہ نظر سے کیا ایک بنیاد پرست اور عام راسخ العقیدہ مسلمان کے درمیان تفریق ممکن ہے؟ اور پھر عملی سطح پر کون فیصلہ کرے گا؟ کیا ایسے سوالات لکھے جا سکتے ہیں جن کے جوابات سے ان کے درمیان فرق معلوم کیا جا سکے؟ ایسا ہر وہ شخص جو کامل ہو اور جس میں راست بازی کا جذبہ دنیاوی حاکم کی اطاعت سے بلند ہو اس میں وفاداری اور اطاعت کے درمیان تصادم کا اندیشہ باقی رہے گا۔

قیام پاکستان کے بعد کی پاک فوج برطانوی نظم و ضبط کی پابند جدید فوجی قوت تھی۔ لیکن اس فوج کے سیکولر کلچر کو تسلسل کے ساتھ تباہ کیا گیا۔ جنرل ضیاء الحق نے فوج کو نظریاتی سرحدوں کا محافظ بنانے کے لئے وہ سب کچھ کیا جو ان کے بس میں تھا۔ 1977ء کے بعد فوج گہری تبدیلی کا شکار ہوئی۔ اس بات کی اہمیت ہو گئی کہ آپ شیعہ ہیں یا سنی، بریلوی ہیں یا وہابی، اہلحدیث ہیں یا اہل سنت۔ فوج میں [illegible] آخری احمدی سے [illegible] گئے اور اب شاید ہی کوئی عیسائی فوج میں بچا ہو۔ 1980ء کی دہائی میں شراب پر پابندی لگی اور روزہ کی [illegible] شروع ہوئی۔ فوج کے بھرتی مراکز پر بڑے بڑے بینر آویزاں ہونے شروع ہوئے جن پر ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کے الفاظ لکھے ہوئے تھے۔ اس طریقے سے جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے بجائے جہاد کو ترجیح بنا لیا گیا۔

اس کے نتیجے کے طور پر جو تبدیلی آئی اس نے فوج کو اندر سے تقسیم کر دیا۔ آج اگر یہ سوچا جائے کہ پاک فوج ایک نہیں بلکہ حقیقت میں دو مختلف فوجیں ہیں تو غلط نہیں ہو گا۔ ایک فوج کی قیادت جنرل کیانی کے ہاتھ میں ہے۔ یہ ملک کے معمولات کو، بشمول معاشی مفادات کو اور قومی معاملات میں اپنی غالب حیثیت کو برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ دوسری فوج لشکر الٰہی کا سربراہ تو کوئی نہیں لیکن یہ اس ایک مقصد پر متحد ہے کہ پاکستان کو اسلامی قوانین کے ماتحت لانے کی جدوجہد

جائے۔ اس سے پاکستان کی فوجی تنصیبات اور اڈوں، اعلیٰ افسران، سپاہیوں، عوامی مقامات، مساجد اور پولیس سٹیشنوں پر حملے ہو رہے ہیں۔ یہ لشکر الٰہی اپنا فیصلہ کن حملہ شروع کرنے کا خواب آنکھوں میں سجائے بیٹھا ہے جس کے لئے وہ پاکستان کے مناسب حد تک کمزور ہو جانے کا منتظر ہے۔ اس مقصد کے لئے اپنے ہی ساتھیوں کے خلاف کارروائی کے لئے فوج کے سپاہیوں کے ذہن تیار کیے جا رہے ہیں۔ فوجی دستوں کو دھوکے سے گھات لگائی گئی ہے اور اعلیٰ افسروں کے قتل کے واقعات رونما ہو چکے ہیں۔

گو کہ فوج میں بڑے پیمانے پر پھیلتی بنیاد پرستی کے رجحان کو کم اہمیت دی جاتی ہے لیکن اس حقیقت کے ثبوت چھپانا ممکن نہیں ہے۔ آرمی میڈیکل کور کے سابق اہلکار ڈاکٹر عثمان کی قیادت میں جہاد پسندوں نے راولپنڈی میں اکتوبر 2009ء میں جنرل ہیڈ کوارٹرز کو نشانہ بنا کر اپنی قوت کا اظہار کیا۔[17] راولپنڈی، ملتان، پشاور اور فیصل آباد میں آئی ایس آئی کے ریجنل ہیڈ کوارٹرز تباہ کن حملوں کا نشانہ بنائے گئے۔ ان میں سے اکثر حملوں میں خودکش حملہ آوروں کو اندر سے اطلاعات فراہم ہوئی تھیں۔

حال ہی میں 2 مئی 2011ء کو ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کے خلاف کارروائی کے 3 ہفتے بعد کراچی کی مہران بیس کو نشانہ بنایا گیا۔ تحریک طالبان پاکستان نے فوراً اس واقعہ کی ذمہ داری قبول کی اور کہا کہ یہ ایبٹ آباد آپریشن کا انتقام ہے۔ اس حملے میں پاک بحریہ کے دو جدید نگرانی طیارے P3C اورین تباہ ہو گئے جن میں سے ہر ایک کی مالیت 36 ملین ڈالر تھی۔ مہران بیس پر حملہ کرنے والوں کی تعداد 6 سے 20 کے درمیان تھی جنہوں نے 18 گھنٹے تک سینکڑوں سکیورٹی اہلکاروں کو لڑائی میں الجھائے رکھا جس سے دفاع کرنے والوں کی نااہلی کے ساتھ ساتھ خفیہ اندرونی مددگار ہاتھوں کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔ گو حکومت نے ابتدائی طور پر اس واقعہ کی ذمہ داری بیرونی قوتوں پر ڈالی لیکن بحریہ کے اہلکاروں نے قومی اسمبلی کی دفاعی کمیٹی کو بریفنگ کے دوران اس بات کا اقرار کیا کہ حملے میں اندر کے لوگ ملوث تھے۔[18] اسی سلسلے میں پاک فوج نے لاہور سے پاک بحریہ کے ایک سابق کمانڈو کامران احمد اور اس کے بھائی زمان احمد کو گرفتار کیا۔[19] لیکن بغاوت کے تاثر کو ختم کرنے کے لئے جلد ہی ایک سرکاری [illegible] کی گئی جس میں کہا گیا کہ حملہ آوروں کے ڈی این اے ٹیسٹ سے ثابت ہوا ہے کہ ان کا تعلق پاکستان

سے نہیں تھا۔ رپورٹ کے الفاظ کچھ یوں ہیں۔

ڈی این اے ٹیسٹوں کے نتائج سے پتہ چلا ہے کہ مہران بیس پر حملہ کرنے والے چاروں دہشت گرد غیر ملکی تھے۔ یہ دہشت گرد وانگلو عربین تھے اور ان کے درمیان خونی تعلق بھی تھا ممکن ہے یہ آپس میں کزن ہوں۔[10] اگر چہ کسی کی قومیت یا حب الوطنی کی مقدار کے بارے میں بتا نہ سکیں تو یہ جمیعت کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل سے کم نہ تھا۔

فوج میں شامل انتہا پسند نظریات رکھنے والے افسروں کو خاموشی سے فارغ کر دیا جاتا رہا ہے مگر یہ بات عوام سے پوشیدہ رکھی جاتی رہی ہے۔ تاہم جون 2011ء میں یہ بات منظر عام پر آئی کہ بریگیڈیئر علی خان کو ایک انتہا پسند تنظیم حزب التحریر کے ساتھ تعلق کی بناء پر فارغ کر دیا گیا۔ حزب التحریر عالمی نظام خلافت کے قیام کی جدوجہد کر رہی ہے جس کا آغاز اس کے خیال میں، شمالی پاکستان سے ہونا چاہیے۔ بے شک سامنے آنے والے اعلیٰ ترین عہدے پر فائز علی خان کا تعلق ایسے خاندان سے ہے جو گزشتہ تین نسلوں سے فوج میں خدمات انجام دے رہا تھا اور اس افسر کا پیشہ وارانہ ریکارڈ شاندار تھا۔ کہا جاتا ہے کہ جنرل کیانی، بریگیڈیئر خان کے خلاف ثبوت ہونے کے باوجود کوئی قدم اٹھانے سے گریزاں تھے کہ فوج کے اندر سخت رد عمل نہ ہو جائے۔ اس کیس میں پاک فوج کے 4 میجر کو بھی شامل تفتیش کیا گیا تھا۔

92 - جوڑنے اور بانٹنے والے عوامل

دو کون سے عوامل ہیں جو آئی ایس آئی اور ٹی ٹی پی قسم ایک کو آئی ایس آئی قسم دو اور ٹی ٹی پی قسم دو سے الگ کرتے ہیں؟ یہ بات شاید ہی واضح ہو۔ دونوں ہی دو قومی نظریے کے پیروکار ہیں جس پر مسٹر محمد علی جناح یقین رکھتے تھے کہ ہندو اور مسلمان اکٹھے نہیں رہ سکتے۔ دونوں ہی میں بھارت مخالف جذبات حسن ابدال اور پٹارو کے کیڈٹ کالجوں میں پڑھائی کے آغاز کے ساتھ ہی کوٹ کوٹ کر بھرے جاتے ہیں۔

اس سب کے باوجود یہ دونوں ایک نہیں۔ قسم ایک کو معتدل اسلام پسند کہا جاتا ہے جو مذہب کے حوالے سے یہ یقین رکھنے سے ہی مطمئن ہیں کہ اسلام ہر مسئلے کا حل ہے، جو کبھی کبھار نماز پڑھ لینے اور رمضان میں روزے رکھنے کو کافی سمجھتے ہیں اور ان کے نزدیک صوفی ورثہ

مشرک یا کافر نہیں بلکہ مکمل مسلمان کا درجہ رکھتے ہیں۔ ایسی سعودی عرب، بحرین اور جی سی سی کی دیگر ملکوں کے حق میں دلائل دینے میں کوئی دلچسپی نہیں ہوتی لیکن اگر ان میں سے کسی ملک تعیناتی کا کوئی موقع مل جائے کہ جس میں خوب پیسے کمائے جا سکتے ہوں، تو پھر معاملہ مختلف ہے۔ گو کہ یہ امریکی پالیسیوں کو ناپسند کرتے ہیں لیکن یہ لوگ امریکہ دشمن نہیں ہوتے

دوسری طرف آئی ایس آئی قسم دو اور ٹی ٹی پی قسم دو ایسے لوگ ہیں جو نظریاتی طور سے مذہب کے راستے پر بہت آگے نکل چکے ہیں۔ ان کی بڑی تعداد پابندی کے ساتھ رائے ونڈ جاتی ہے جو تبلیغی جماعت کا مرکزی مقام ہے۔ تبلیغی جماعت کے بارے میں مفروضہ یہ ہے کہ یہ ایک غیر سیاسی مذہبی جماعت ہے جو تمام دنیا میں تبلیغ کا فریضہ انجام دیتی ہے اور جس کے مبلغوں کی فوج کے اندر مکمل رسائی ہے۔ قسم دوم کے لوگ مذہبی عبادات اور عقائد کے معاملے میں سخت ہیں۔ وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ کوئی تقریب بغیر تلاوت کے نہیں ہونی چاہئیں۔ یہ لوگ ایسے افسروں کی چھپ چھپ کر نگرانی کرتے ہیں جو چوری چھپے شراب پیتے ہیں اور اس بات پر بھی نظر رکھتے ہیں کہ کون کتنی باقاعدگی سے نماز ادا کرتا ہے۔ ان کا سیاسی نظریہ یہ ہے کہ ریاست اور اسلام کو الگ الگ نہیں ہونا چاہئے۔ یہ لوگ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کے ان افکار سے متاثر ہیں جن کے مطابق 17 ویں صدی کا عرب اسلام معاشرے اور سیاست کے لئے ایک مکمل ضابطہ حیات فراہم کرتا ہے۔ ان کا مقصد ریاست کی باگ ڈور سنبھال کر وسیع بنیادوں پر ایک معاشرے کی تشکیل ہے...دوسری قسم میں بہت سے ایسے بھی ہیں جن کی داڑھی نہیں اور انہیں پہچاننا بہت مشکل ہے۔ بنیادی طور پر یہ لوگ سائنس مخالف ہیں لیکن کمپیوٹر کے دیوانے ہیں۔ ان کے نزدیک جدید ٹیکنالوجی جنگ کا ایک ہتھیار ہے، انسانی تخیل کا معجزہ نہیں۔

قسم ایک لوگ قسم دو سے ناحق عداوت کی تنگی دو طرح سے ظاہر کرتے ہیں۔ بغاوت کے مرتکب ہونے والوں کو انفرادی مجرم قرار دے کر اکتفا کیا جاتا ہے۔ چنانچہ پنجاب کے گورنر سلمان تاثیر کو مذہبی جذبے کے تحت قتل کرنے والے باڈی گارڈ ممتاز قادری کو صرف کجروی کا مرتکب تصور کیا جاتا ہے، کسی رجحان کا نمائندہ نہیں۔ عام طور پر مذہبی دہشت گردی کو ایک وقتی اور سب سے کم اہم خطرہ سمجھا جاتا ہے حالانکہ اس کی وجہ سے جتنے پاکستانی ہلاک ہو چکے ہیں ان کی تعداد بھارت کے ساتھ ہونے والی تمام جنگوں میں جاں بحق ہونے والوں کی مجموعی تعداد سے بھی

زیادہ ہے۔ اس کی بجائے جیسے کہ رخ ان لوگوں کی طرف موڑ دیا جاتا ہے جو یہ واضح سچائی بیان کرتے ہیں کہ پاکستان حالت جنگ کی حالت میں ہے۔

سچ بات کرنے کی قیمت چکانے والوں میں ایک نام سلیم شہزاد کا بھی ہے جو ایک غیر معمولی تفتیشی صحافی تھا اور جس نے مہران بیس پر حملے کے بعد پاک بحریہ کی صفوں میں القاعدہ کی موجودگی کا انکشاف کیا تھا۔ ایشیا ٹائمز میں شائع ہونے والے ان کے ایک مضمون کے پہلے حصے میں پاک بحریہ کی اندرونی قوتوں کے ملوث ہونے کا ذکر تھا جبکہ دوسرے حصے میں پاک فوج اور فضائیہ میں قائم ایسے ہی سیلز کا انکشاف کیا جانا تھا، لیکن یہ حصہ کبھی شائع نہ ہو سکا۔ سلیم شہزاد کو اسلام آباد کے ایک انتہائی محفوظ حصے سے اغوا کر کے تشدد کے ذریعے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس کے موبائل فون کا ریکارڈ نہیں مل سکا۔ جس جگہ سے اسے اغوا کیا گیا تھا وہاں موجود کلوز سرکٹ کیمروں کی فلمیں پُراسرار طور پر غائب تھیں۔ اگر یہ درست ہے تو پھر واضح طور پر یہ کام پاکستانی طالبان یا القاعدہ جیسی کسی تنظیم کا نہیں ہو سکتا تو پھر یہ کس کا کام تھا؟ آئی ایس آئی دن کا، آئی ایس آئی رات کا یا پھر کسی گہری چھپی ہوئی خفیہ ایجنسی کا؟ سچ شاید کبھی سامنے نہ آئے۔ ایڈمرل مولن وہ پہلا آدمی تھا جس نے اس بہیمانہ قتل کا ناطہ پاکستانی حکومت سے جوڑا لیکن آئی ایس آئی کا نام بیچ میں نہ لیا۔[1]

93۔ کمزور ہوتی ہوئی فوج

پاکستان دشمنوں سے مجبور ہے۔ اگر معاملات منصوبے کے مطابق چلتے رہتے تو اس وقت پاکستان کے بجائے بھارت مشکل میں ہوتا۔ گزشتہ 25 برس سے جاری سستی اور موثر خفیہ جنگی کارروائیوں کے باعث کشمیر آزاد ہو چکا ہوتا اور افغانستان بھارت کے اثر سے محفوظ ہو چکا ہوتا۔ اس کے بجائے پاکستان کا منصوبہ بڑی شدت کے ساتھ خود پاکستان ہی پر پلٹ گیا اور اب روزانہ شہیدوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ایک عمدہ تربیت یافتہ فوج کا مورال اس وقت آسمان سے زمین پر گرتا ہے جب ان کو اپنے ہی ہم مذہب ایسے جنگجوؤں کے خلاف لڑنے کا حکم دیا جاتا ہے، جو اسلام کے لئے جدوجہد کرنے کے دعویدار ہیں۔ اطلاعات کے مطابق جب بعض فوجی یونٹوں نے جنوبی وزیرستان میں طالبان کے خلاف کارروائی سے انکار کر دیا تو اعلیٰ افسران کے

پاؤں تلے سے زمین نکل گئی اور اسی وجہ سے شمالی وزیرستان میں فوجی کارروائی کے لئے موجود آپشنز انتہائی محدود ہو چکے ہیں۔

بن لادن کے واقعے کے بعد معاملات مزید بدتر ہو چکے ہیں۔ پاکستان کے موجودہ جرنیلوں کو ایک طرف بار بار امریکہ کے ڈو مور (do more) کے مشہور مطالبے کو پورا کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے، دوسری طرف ایسے اسلامی جنگجو گروہوں سے نمٹنا پڑتا ہے جو امریکہ اور بھارت دونوں کو نشانہ بنانے کے جنون میں مبتلا ہیں، اور تیسری طرف فوج کی اپنی صفوں میں بڑی تعداد میں موجود جہادی خیالات سے معمور انتہا پسند عناصر سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ کچھ تو اپنے سینئر افسروں کو قتل کرنے پر آمادہ ہیں۔ وہ کم از کم ایک کامیاب ہوتے ہوتے رہ گئے تھے جب 2003ء میں دو مرتبہ بری اور فضائی فوج کے افسروں نے جنرل پرویز مشرف کو نشانہ بنایا۔ ایک فوجی عدالت نے بغاوت کرنے والوں کو موت کی سزا سنائی اور یہ احکامات بھی جاری کئے کہ افواج کو انتہا پسندوں سے رابطہ رکھنے والے لوگوں سے پاک کیا جائے۔

جہادی فوجیں کھڑی کرنے کی کوشش میں پاکستان خود ہی کامیابیوں کی بھینٹ چڑھ رہا ہے۔ اپنے ہاتھوں لگائے گئے زخم پر کون مداوا کرے گا؟ پھر بھی فوج میں تقسیم، انتشار اور اس کی مزید گراوٹ کا کوئی جواز نہیں۔ مگر ایسا ہو گیا تو عوام کو کہیں زیادہ خطرناک قوتوں سے نمٹنا پڑے گا۔ جہادیت کا بے کنار جہنم اس کا نتیجہ ہوگا۔

فوج کیونکر کمزور ہو رہی ہے؟ مسئلہ یہ نہیں کہ اس کے وسائل (توپوں، ٹینکوں، طیاروں) اور پیسے کی کمی ہے۔ ان امور میں کوئی کمی بیشی ہو بھی تو اسے آسانی سے دور کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ اس کی اصل وجہ اخلاقی قوت اور اختیار کا دوسرے ایک متاثر کن شخصیت کی قیادت سے عاری اور کھلے عام جائیداد اور دولت اکٹھی کرنے کی دوڑ ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک ہی وقت پر امریکہ اور امریکہ کے دشمنوں کو خوش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حالیہ انکشافات نے اس تضاد کو بالکل واضح کر دیا ہے۔

سرکاری طور پر فوج پاکستان کے قبائلی علاقوں میں ڈرون حملوں کی مذمت کرتی ہے۔ جو 9/11 کے بعد بڑی تعداد میں ملا عمر کے جنگجوؤں کے سرحد پار آ جانے کے باعث محفوظ علاقے بن چکے ہیں۔ لیکن عام پاکستانی عرصے سے ایسے بیانات کو شک کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ ڈرون

طیاروں کے بہت سے ٹھکانے پاکستان کے اندر واقع ہیں جن میں سے ایک بلوچستان کا شمسی ایئر بیس بھی ہے۔ ڈرون ایک سست رفتار ہدف ہوتا ہے۔ اسے سپرسانک طیاروں کے ذریعے باآسانی گرایا جا سکتا ہے۔ زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائل بھی اسے تباہ کر سکتے ہیں، مگر یہ میزائل خفیہ طور پر طالبان کے حوالے کر دیے جائیں۔ ڈرون کی بلا روک ٹوک کارروائیوں سے خفیہ گٹھ جوڑ اور شراکت کی بو آتی ہے۔ حال ہی میں روزنامہ ڈان میں وکی لیکس کے جو انکشافات شائع ہوئے ہیں وہ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں۔ [12]

وکی لیکس میں سامنے آنے والی امریکی خفیہ سرکاری خط و کتابت میں امریکی حکومت کی داخلی دستاویزات بھی تھیں جو یہ بتاتی ہیں کہ ڈرون حملوں کو پاک فوج کی اعلیٰ قیادت کی خاموش رضامندی بھی حاصل ہے۔ درحقیقت جنوری 2008ء میں پاک فوج نے امریکہ سے درخواست کی تھی کہ اس کے عسکری آپریشن کو موثر بنانے کے لئے زیادہ تعداد میں ڈرون حملے کیے جائیں۔ 22 جنوری 2008ء کو امریکی مرکزی کمان (CENTCOM) کے کمانڈر ایڈمرل ولیم جے فالن کے ساتھ ملاقات میں آرمی چیف جنرل اشفاق پرویز کیانی نے ان سے درخواست کی تھی کہ جنوبی وزیرستان میں جاری فوجی آپریشن کے علاقے میں مسلسل ڈرون طیاروں کی پروازوں کا انتظام کیا جائے۔ اس درخواست کی پوری تفصیل امریکی سفیر این پیٹرسن کی طرف سے 11 فروری 2008ء کو روانہ کی جانے والی خفیہ کیبل میں درج ہے۔ 3، 4 مارچ کو ہونے والے ایک اجلاس میں امریکہ کے چیئرمین جائنٹ چیفس آف سٹاف ایڈمرل مائیک ملن نے جنرل کیانی سے فاٹا میں امریکی طیاروں کی خفیہ کارروائی کے لئے ایک تیسرے علاقے میں فضائی پروازوں کی اجازت دینے کی درخواست کی تھی۔ اسلام آباد میں امریکی سفارت خانے سے 24 مارچ کو بھیجی جانے والی ایک کیبل میں اس درخواست کی تفصیل موجود ہے۔ اس میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ امریکی فضائیہ کے لئے دو فضائی علاقوں (Corridors) کی پہلے ہی منظوری دی جا چکی تھی۔ بجائے یہ دعویٰ کرنے کے کہ ایک مشترکہ دشمن کے خلاف ڈرون بہت کارگر ہیں، ہم نے ڈرون کے کردار کو پوشیدہ رکھنے اور امریکہ پر تنقید کرنے میں ہی عافیت جانی ہے۔

روزنامہ ڈان کی حاصل کردہ دیگر خفیہ امریکی سفارتی کیبلز بتاتی ہیں کہ پاک امریکہ تعاون جس کی فوج سختی سے تردید کرتی ہے ایک حقیقت ہے اور 2009ء کے موسم گرما سے امریکہ کی سپیشل

آپریشن فورسز پاکستانی فوجیوں کے ساتھ تعینات ہیں تاکہ تکنیکی مدد اور انٹیلیجنس کا تبادلہ ممکن بنایا جا سکے۔ بعد ازاں ستمبر 2009ء امریکی سپیشل فورسز کو مشترکہ کارروائی کے لئے پاکستانی علاقے میں تعینات کر دیا گیا تھا۔ امریکی سفیر این پیٹرسن نے امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کو اکتوبر 2009ء میں ایک رپورٹ بھیجی تھی کہ "ہم نے پاکستانی کمانڈوز SSG کے ساتھ اور بالا حصار پشاور میں فرنٹیئر کور کے ساتھ پاکستان میں موجود امریکی سپیشل فورسز کے مشترکہ تکنیکی مدد کی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو منظور شدہ (roved) آلات سے لیس ہیں اور کارروائی کے لئے بالکل تیار ہیں۔"

94 - بے توقیری

فوج کے داخلی مسائل بے وقت پر ابھر کر سامنے آتے ہیں جب عوامی رنگ پر فوج کے وقار میں کمی آ رہی ہے۔ یہ صورت حال اس کیفیت کی طرف بڑھ رہی ہے جو 1971ء میں دیکھی گئی تھی۔ اب لوگ اس بات سے اتفاق نہیں کرتے کہ فوج کو بھلا کیسے وہ دشمن کے ہاتھوں میں کھیل رہے ہیں۔ اسلام آباد آبپارہ مارکیٹ میں، جو آئی ایس آئی کے ہیڈکوارٹر سے تھوڑے ہی فاصلے پر واقع ہے، کسی نے احتجاجی مظاہرین لوگوں کی بڑی تعداد سے لگائے جانے والے ایک جہازی سائز کے بینر کو پھاڑ کر پھینکتے ہوئے دیکھا جس پر فوج اور آئی ایس آئی کے لئے تعریفی کلمات درج تھے۔ یہ منظر دیکھ کر تماشائی اور قدامت پسند دکانداروں کے چہرے خوشی سے دمک اٹھے۔

فوج پر تنقید کے تیر مختلف سمتوں سے آ رہے ہیں۔ پاکستان کے قوم پرست عناصر اس بات پر نالاں ہیں کہ فوج ملک کے وسائل کا بڑا حصہ ہڑپ کر جاتی ہے لیکن اس کے مہنگے ریڈار اور دوسرا سامان حرب ملک کو امریکی سرحدی خلاف ورزیوں سے محفوظ رکھنے میں نااہل ثابت ہوئے۔ 2 مئی کو آدھی رات کے وقت جب ہماری فوج اونگھ رہی تھی اور امریکہ کی طرف سے پاکستان کو ملنے والے پاک فضائیہ کے جیٹ طیارے اور جنگی اطلاع دینے والے نظام سے لیس جہاز اڈوں پر ساکت کھڑے تھے، بلیک ہاک ہیلی کاپٹروں پر سوار امریکی نیوی سیلز کا ایک کمانڈو دستہ چپکے سے افغانستان سے پاکستان میں داخل ہو گیا۔ اس نے پاکستان ملٹری اکیڈمی کے قریبی علاقے سے اسامہ بن لادن کو گولیوں سے چھلنی کیا اور کئی گھنٹے بعد سے پانی میں بہا دیا گیا۔ پاکستان کا دفاعی نظام اس وقت متحرک ہوا جب امریکن اپنا کام کر کے جا چکے تھے۔

کہا جاتا ہے کہ فوج میں اعلیٰ قیادت پر عدم اطمینان کے جذبات پائے جاتے ہیں۔ جونیئر افسران اپنے کمانڈروں سے بے صبری کے ساتھ سوالات پوچھتے ہیں۔ ہر طرف سے تنقید کے نشتر سہنے والے جنرل کیانی فوج کا مورال بلند کرنے کے لئے چھاؤنیوں کے دورے کر رہے ہیں۔ وہاں ان سے پوچھا جاتا ہے کہ حملہ کرنے والوں کو روک کر جواب کیوں نہیں دیا گیا۔ وہ یہ بھی پوچھتے ہیں کہ اگر ہم پہلے ہی دشمن القاعدہ کے ساتھ واقعی برسرپیکار ہیں تو پھر اسامہ بن لادن کو کس نے پناہ دے رکھی تھی؟ روزنامہ ایکسپریس ٹریبیون سے ایک نوجوان فوجی افسر (جس کا نام ظاہر نہیں کیا گیا) نے چبھتے الفاظ کا ذکر کیا جو اس نے آرمی چیف کے سامنے کہے۔ جنرل کیانی سامنے آئے تو اس افسر نے کہا "سر! بحیثیت آرمی مین جو کچھ ہوں میں اس پر شرمسار ہوں"۔ جنرل کیانی نے جواب میں کہا "میں بھی یہی محسوس کرتا ہوں۔" اور پھر فوراً ہی ساری حکومت کو قصوروار قرار دے دیا کہ اس کی وجہ سے پاکستان میں میڈیا کو اتنا شور مچانے کی جرأت ہوئی۔

95 - بڑھتی ہوئی دراڑیں

پاکستان کا قیام اسلام کا مرہونِ منت ہے۔ لیکن اب یہی اس کی تقسیم کا باعث بن رہا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں طریقی جوش و خروش سے سرشار مسلمانوں کے مختلف مذہبی اور نسلی گروہ چھا رہے ہیں۔ مختلف دہشت گرد گروپوں کا اپنا اپنا ایجنڈا ہے۔ یہ لوگ اپنے نظریے کے ساتھ زبردست جذباتی وابستگی رکھتے ہیں۔ جونیئر کی طور پر ریاست پاکستان ہی سے پھوٹے ہیں۔ کچھ حریف کو نشانہ بناتے ہیں جو یہ وضاحت طلب کرتا ہے کہ آخر بن لادن اور القاعدہ کی چوٹی کی قیادت نے پناہ کے لئے پاکستان ہی کا انتخاب کیوں کیا۔ دیگر کی توجہ جنگ کم تر مقصد پر ہے یعنی کشمیر کو بھارت سے آزاد کرانا۔ اس کے علاوہ لشکر جھنگوی اور سپاہ صحابہ جیسے گروہ بھی ہیں جن کا مقصد اسلام کو شیعہ اور دیگر اقلیتی گروہوں سے پاک کرنا ہے۔ جبکہ ختم نبوت والے قادیانیوں کا صفایا کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ یہ گروہ مساجد، درگاہوں اور مارکیٹوں میں دھماکے کرنے کے لئے خودکش حملہ آور بھیجتے ہیں، اقلیتی فرقوں کے مذہبی رہنماؤں اور سرکردہ شخصیات کو قتل کرتے ہیں۔ ان گروہوں کا باہمی اتحاد توہین رسالت کرنے والوں اور ان لوگوں کے خلاف ہے جو ان کے حقوق کے لئے آواز اور مدد کرتے ہیں۔ ملک کی چھوٹی مذہبی اقلیتوں کے لوگ خوف کے مارے ملک

گئے ہیں۔ ان میں سے صاحب حیثیت افراد زیادہ تر ملک چھوڑ کر جا چکے ہیں۔

1982ء کے اوائل میں سوویت روس کے خلاف "مقدس جہاد" کے دوران پاکستان یورپ سے لے کر مغربی اور وسطی ایشیا اور انڈونیشیا تک کے انتہا پسند مسلمانوں کے لئے پرکشش مرکز بن گیا۔ مگر اب یہ جہادستان ماضی کی طرح کمیونزم اور امریکہ کے خلاف جدوجہد کا مرکز نہیں رہا بلکہ انتہائی پیچیدہ مقام بن چکا ہے حتیٰ کہ مشہور ریٹائرڈ کرنل امام اور خالد خواجہ جیسے لوگ بھی جنہوں نے اس حریت کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کیا [illegible] کے ہاتھوں اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

پاکستانی معاشرے اور پاک فوج کے عدم استحکام کی ایک حقیقی وجہ یہ ہے قومی تشخص اور مقاصد کے بارے میں پس پردہ موجود ابہام ہے۔ برصغیر کی تقسیم کو 60 برس گزر جانے کے باوجود ہم ان بنیادی سوالات کے جواب تلاش نہیں کر سکے۔ ہم عرب ہیں یا پھر ہمارا تعلق جنوبی ایشیا سے ہے؟ کیا پاکستانی کلچر کا کوئی وجود ہے؟ کیا ملک کو اسلامی قوانین کے تحت چلایا جائے؟ کیا ہندو، عیسائی اور احمدی بھی صحیح معنوں میں پاکستانی کہلانے کے حقدار ہیں؟ بقاء کے ان اہم سوالات کے قطعی جواب حاصل کرنے کے لئے ہم کئی دہائیوں سے سکول کے بچوں کو یہاں کی غلطیوں سے دور کر کے جوشیلے نعرے کے طور پر یہ سوال رٹا رہے ہیں کہ "پاکستان کا مطلب کیا، لا الہ الا اللہ"

[illegible] کے گھر میں گم پاکستان کے نوجوان دنیا کے بارے میں غور و فکر سے عاری اور بے خبر ہوتے جا رہے ہیں۔ بہت سوں نے تو عرب تشخص اختیار کر لیا ہے۔ 18 سے 27 برس کے 2000 نوجوانوں پر ہونے والے ایک حالیہ سروے سے یہ بات سامنے آئی کہ ان میں سے تین چوتھائی تعداد نے خود کو پہلے مسلمان اور بعد میں پاکستانی قرار دیا جبکہ صرف 14 فیصد نے کہا کہ وہ پہلے پاکستانی ہیں بعد میں کچھ اور۔ اگر نوجوانوں سے پوچھا جائے کہ وہ خود کو اسلام کا سپاہی سمجھتے ہیں یا پاکستان کا تو ان کے جوابات کا تناسب بھی کم و بیش یہی ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ آج ایسا خطرناک سوال نہیں پوچھا جا سکتا۔ یا نہیں پوچھا جانا چاہئے

سوال یہ ہے کہ پاکستان وقت کے ساتھ ساتھ پاک فوج کے اندر اسلامی جذبہ پرستی کیونکر اتنی بڑی قوت بن گئی؟ اس کا ایک پہلو مغربی طاقتوں کی طرف سے مسلم معاشروں پر فوج کشی ہے

جیسے فلسطین، عراق، افغانستان وغیرہ۔ قدرتی وسائل کی دوڑ میں امریکہ عرب دنیا کے بیشتر حصوں پر اجارہ داری قائم کر چکا ہے جس کے باعث ان ممالک میں ترقی کی رفتار انتہائی سست ہو چکی ہے۔ لیکن تیل کی بھوکی استعماری قوتوں کے خلاف نفرت اس کی واحد وجہ نہیں۔ ایک سروے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ امریکہ سے نفرت عراق اور افغانستان جیسے ممالک جن پر امریکہ حملہ کر چکا ہے سے بھی زیادہ ان اسلامی ممالک میں ہے جو امریکی حملے سے بچے ہوئے ہیں۔ اسلام آباد میں ایک یورپی ملک کے سفارتخانے کی جانب سے کرائے جانے والے ایک سروے سے پتہ چلا ہے کہ پاکستان میں صرف 4 فیصد لوگوں نے امریکہ کے بارے میں مثبت رائے کا اظہار کیا جبکہ 96 فیصد امریکہ مخالف نکلے۔ امریکہ کو اب یہ امتیاز حاصل ہو گیا ہے کہ اس نے بھارت کو پیچھے چھوڑ کر پاکستان کے سب سے بڑے دشمن کی حیثیت حاصل کر لی ہے۔ بائیں بازو کے لوگ اور اعتدال پسند بھی اب اس دائمی نفرت میں دائیں بازو کے ساتھ کھڑے ہیں۔

اس کی ایک وجہ پاکستان کے قبائلی علاقوں میں ہونے والے ڈرون حملے بھی قرار دیے جاتے ہیں لیکن اس بات کے کافی ثبوت موجود ہیں کہ ان ڈرون طیاروں کے نشانے بہت درست ہوتے ہیں۔ جون 2011ء میں ہونے والی الیاس کشمیری کی موت اس کا ایک حالیہ ثبوت ہے۔ ایسے حملوں میں معصوم شہری بھی جاں بحق ہوتے ہیں جو نہایت افسوسناک ہے تاہم ان کی تعداد 1970ء میں ویت نام پر B-52 طیاروں کے ذریعے ہونے والی کارپٹ بمباری میں ہلاک ہونے والے لوگوں کی تعداد کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں۔ اس کے باوجود پاکستانیوں جیسا غصہ اور نفرت ویت نامیوں میں کبھی نظر نہیں آئی۔

پاکستان میں مذہبی انتہا پسندی میں اس قدر تیز رفتار اضافے کی کئی وجوہات ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ اہم وجہ شاید اقوام عالم کے درمیان بدقسمتی کا احساس ہے اور ان دوسری اقوام پر غصہ ہے جو آج خود کو تہذیب کی علمبردار سمجھتی ہیں۔ مسلم معاشرے ایک عرصے سے عظمت کی بلندیوں سے انتہائی پستی میں گرتے چلے جا رہے ہیں اور اس عالم گیریت کے دور میں بے وقعت ہو جانے کے باعث کئی مسلم معاشرے مذہبی بخار کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ پاکستان نے بھی یہ رخ اسی طرف کر لیا ہے۔ آج کی دنیا میں سائنس، ٹیکنالوجی اور آرٹس کے میدان میں بے حیثیت ہونا بدقسمتی کی وجہ ہے۔ ماضی سے محبت کی راہ پا کر اسلامی انتہا پسندوں نے ماضی کی

خلافت کا خواب دیکھنا شروع کر دیا جو مسلمانوں کو ان کی کھوئی ہوئی عظمت واپس دلا سکے۔ انتہا پسندوں کی غالب اکثریت وہابی، سلفی اور دیوبندی فرقوں سے تعلق رکھتی ہے۔ وہابی فرقہ 18ویں صدی میں شیعہ اور صوفی نظریات کے ردعمل میں معرض وجود میں آیا تھا۔ آغاز کے برسوں میں اس فرقے کے لوگ ان عمارتوں، اصول تاریخی نوادرات اور یادگاروں کو تباہ و برباد کرنے میں کامیاب رہے جن کا تعلق اسلام کے ابتدائی دور سے تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آج کا مکہ معظمہ سو برس قبل کے مکہ سے کوئی مماثلت نہیں رکھتا۔ اس شہر کی تاریخ، وہاں کے قدیم قبرستان اور تاریخی نشانیوں کو بلڈوزروں کی مدد سے مسمار کر دیا گیا۔

سلفی نظریے کے حامل لوگوں کا نظریہ یہ ہے کہ اسلام کی اس خالص شکل کا احیاء کیا جانا چاہیے جو آخری پیغمبر ﷺ اور ان کے صحابہؓ کے دور میں تھا۔ یہ گروہ پُرتشدد انتہا پسندی کی طرف مائل ہے۔ سلفیوں کا سب سے زیادہ شدت پسند گروہ تکفیری گروہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس گروہ نے 1988ء میں اسامہ بن لادن کو اس لیے قتل کرنے کی کوشش کی تھی کہ ان کے خیال میں اسامہ راسخ العقیدہ مسلمان نہیں تھا۔ پاکستان کے دیوبندی اپنے نظریات میں بھارتی دیوبندیوں سے زیادہ شدید نظریات رکھتے ہیں۔ یہ خودکش حملوں کی مذمت نہیں کرتے، طالبان کے پکے حامی ہیں اور پوری طرح سے مسلح ہیں۔ دیوبندی، سلفی، وہابی عقیدے کے لوگ ساتھ ہی اسلام کی مقبول عام صوفی شکل کو ناپسند کرتے ہیں اور اسے قرآنی تعلیمات سے لاعلمی کا نتیجہ قرار دیتے ہیں۔

1970ء کے آغاز میں بڑی تعداد میں پاکستانی کارکن مشرق وسطیٰ پہنچے جہاں انہیں ایک مختلف قسم کے غیر مانوس اسلام سے واسطہ پڑا۔ بعد ازاں ضیاء الحق کے دور میں پاکستان کو سعودی خطوط پر استوار کرنے کا سلسلہ شروع ہوا۔ 80ء کی دہائی میں عرب اسلام درآمد کیا گیا، خاص طور پر وہ جو صوفی اسلام کا مخالف تھا۔ جون 2010ء میں لاہور میں واقع داتا دربار کو دو خودکش بمباروں نے نشانہ بنایا جس میں 50 زائرین جاں بحق ہو گئے تھے۔ آج پاکستان کے متعدد بزرگوں کے مزار یا تو حملے کا شکار ہو چکے ہیں یا حملے کی زد میں ہیں۔ سینکڑوں عبادت گزار مساجد میں جاں بحق ہو چکے ہیں، جبکہ ان لوگوں کے اعداد و شمار کا کچھ پتہ نہیں جو زخمی یا معذوری کے لئے پابند ہو گئے۔

پاکستان میں سخت گیر عرب اسلام کی درآمد کے ساتھ ساتھ مقبول عرب شخصیات اور وہاں کی

حکومتوں نے برداشت کیے۔ وکی لیکس کے انکشافات سے پتہ چلا کہ امریکہ کے سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کو ایک امریکی اہلکار کی طرف سے بھیجی جانے والی کیبل کے مطابق اس مقصد کے لیے بھیجی جانے والی مالی امداد 100 ملین ڈالر سالانہ تھی جو سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں موجود تنظیموں کی جانب سے وہاں کی حکومتوں کی براہ راست حمایت کے ساتھ جنوبی پنجاب میں دیوبندی اور اہلحدیث علماء کو بھیجی جاتی تھی۔ مذکورہ کیبل لاہور میں امریکی قونصلیٹ کے پرنسپل آفیسر برائن ہنٹ نے نومبر 2008 میں بھیجی تھیں اور یہ معلومات اس نے ملتان اور بہاولپور کے دوروں میں مقامی حکومتوں اور مختلف غیر سرکاری ذرائع سے حاصل کی تھیں۔ برائن ہنٹ نے مقامی لوگوں سے کی گئی بات چیت کے حوالے سے یہ بات واضح کرنے کی کوشش کی کہ کس طرح ایک بریلوی عقیدے والے علاقے میں انتہائی پیچیدہ جہادی نیٹ ورک کارروائیاں کرتا ہے۔

96۔ اُسامہ کے بعد کی فوج

جب آپ گڑھے میں جا گریں تو مزید کھودنا بند کر دیں۔ یہ اصول کسی انسانی معاشرے کے لیے ویسی ہی اہمیت رکھتا ہے جیسی فزکس کے لیے تھرموڈائنامکس کے دوسرے قانون کی۔ لیکن ابھی تک 17 آرمی نمبر ایک اور آئی ایس آئی نمبر ایک، پرانی ڈگر پر ہی چل رہے ہیں۔

بڑی تعداد میں جنگجو تنظیمیں مریدکے، مانسہرہ اور بہاولپور جیسے مختلف مقامات پر اپنے اڈوں پر موجود ہیں۔ انہیں اس بات کی اجازت ہے یا شاید آشیرباد حاصل ہے کہ وہ بھارت پرست جمہوری فوج کو اپنے پسند کے وقت اپنے پسند کے مقام پر نشانہ بنائیں۔ حافظ سعید لاہور میں لگاتار پُرجوش تقریریں کرتا رہتا ہے، جبکہ حرکت المجاہدین کا سربراہ فضل الرحمان خلیل اسلام آباد میں، اپنے گھر کے اطراف لگے ناکوں اور کنٹینروں کے درمیان آرام سے قیام پذیر ہے۔

پاکستان کی نوکرشاہی بڑی سہولت کے ساتھ بیک وقت امریکی شکاریوں میں بھی شامل ہے اور اسلامی انتہا پسندوں سے بغل گیر بھی ہے۔ لیکن ان کے اس دوہرے کردار نے ان کے اسلامی حامیوں اور امریکی سرپرستوں کو شک میں ڈال دیا ہے۔ امریکہ کی سنٹرل انٹیلی جنس ایجنسی کے سربراہ لیون پنیٹا جنرل کیانی اور جنرل پاشا کے ساتھ بظاہر ایک بے فائدہ میٹنگ کے بعد واپس روانہ ہو گئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق پنیٹا نے اس دورے میں پاکستانی فوجی قیادت کو کچھ

ویڈیو اور خلائی سیارے سے حاصل کی گئی تصاویر بھی دی تھیں جن میں دہشت گردوں کو جنوبی وزیرستان میں قائم دو آئی ای ڈی (IED) فیکٹریوں سے نکلتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔ ان انٹیلی جنس ثبوت کی بنا پر پاکستان سے ان دو مقامات کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ پنیٹا کا الزام ہے کہ ملاقات کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر یہ معلومات دہشت گردوں تک پہنچ گئیں اور اس سے پہلے کہ حملہ آور فورس ان مقامات پر پہنچتی دہشت گرد غائب ہو چکے تھے۔ بظاہر یوں لگتا ہے کہ آئی ایس آئی نمبر دو اپنا کام دکھا چکی تھی۔

اپنی سمت تبدیل کرنے کے مواقع سر ایک کے سر سے گزر جاتے ہیں۔ اسامہ بن لادن کے خلاف آپریشن کو فوج کے اندر صفائی کے لیے استعمال کیا جا سکتا تھا۔ ممکن ہے اسامہ بن لادن کو دوسری قسم والوں نے چھپا رکھا ہو۔ اگر یہ درست ہے تو پھر اسامہ کی پاکستان ملٹری اکیڈمی کے قریب ہی موجودگی دہشت گردوں کے ساتھ گٹھ جوڑ کو ثابت کرتی ہے۔ لہذا یہ موقع تھا کہ اس معاملے کی چھان بین کر کے ایبٹ آباد اور ملک کے دوسرے حصوں میں فوج کے اندر موجود جہادیوں کے خلاف اقدام کیا جاتا۔

لیکن یہ جرات مندانہ فیصلہ لینے کے بجائے وہی کچھ کیا گیا جو اس سے پہلے بھی کیا جاتا رہا ہے: پاکستان کی حدود کی خلاف ورزی کرنے پر امریکہ کے خلاف عوامی جذبات کو ابھارنا اور سول حکومت کو لعن طعن کرنا۔ سب نے دیکھا کہ پاکستان کی سول حکومت اپنے فوجی آقاؤں کی کس قدر محتاج ہے۔ جیسے ہی یہ خبر پاکستان کے ٹی وی چینلوں پر چلی پاکستان کی منتخب حکومت کانپ کر رہ گئی۔ یہ حکومت چونکہ انتہائی کمزور اور کرپٹ ہے اور ردعمل دینے کے معاملے میں مکمل طور پر نااہل تھی لہذا امریکی حملے کی کامیابی پر اوباما کی تقریر کے گھنٹوں بعد تک پاکستان کے سرکاری ردعمل کا کہیں نام و نشان تک نہ تھا۔

پاکستانی حکام کی حیرت زدہ خاموشی بالآخر دفتر خارجہ کے اس بیان سے ٹوٹی کہ اسامہ بن لادن کی موت پاکستان سمیت بین الاقوامی برادری کے اس عزم کا ثبوت ہے کہ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ کئی گھنٹے بعد وزیراعظم گیلانی نے اسامہ کی موت کو ایک عظیم فتح قرار دے دیا۔ برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن بھی اس کا کریڈٹ لینے پہنچ گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے خفیہ ادارے ہمیشہ سے امریکہ کے ساتھ تعاون کرتے رہے ہیں اور وہ

امریکہ کے ساتھ مل کر اسامہ کی نگرانی کر رہے تھے۔ اسامہ کی افغانستان سے آمد، وہاں سے وزیرستان اور وزیرستان سے واپس افغانستان، اور افغانستان سے پھر شمالی وزیرستان جانے کی تمام سرگرمیاں ان کی نظر میں تھیں۔

یہ غیر متوقع انداز سے چلتا گیا۔ فوج نے ایک مرتبہ غور کر کے بظاہر آخری فیصلہ کر لیا تھا کہ اس حملے کی مذمت کی جائے گی۔ یہ سب چند گھنٹے کے اندر ہو گیا۔ دنیا کے مطلوب ترین شخص کی موت کے خیر مقدم کا اب سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ پی پی اس تذبذب کے محاذ میں حکومت بڑے غصے کے عالم میں پیچ و تاب کھاتی رہی۔ سرکاری ترجمان بلبلاتے رہے، ان کے بیانات احمقانہ اور باہم متضاد ہوتے گئے۔ ہائی کمشنر حسن عجلت میں اپنی بات سے پھر گئے۔ اب وہ یہ کہہ رہے تھے کہ "کسی کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ بن لادن وہاں مقیم ہے۔ کسی سیکورٹی ایجنسی، کسی پاکستانی ادارے کو اس بارے میں علم نہیں تھا۔ اگر ہمیں اس بارے میں معلوم ہوتا تو ہم خود کارروائی کرتے۔"

وہ گزشتہ 36 گھنٹوں سے تذبذب اور بدحواسی کا شکار پاکستانی صدر اور وزیر اعظم فوج کی طرف سے اشاروں کے منتظر تھے۔ جب یہ موصول ہو گئے تو انہوں نے انتہائی تابعداری کے ساتھ ان کے عین مطابق عمل کیا۔ لیکن محض حکم کی تعمیل سے آقاؤں کو مطمئن نہ کیا جا سکا۔ جنرل کیانی نے حکومت سے اپنی ناخوشی کا اظہار کر دیا ان کا کہنا تھا "نامکمل معلومات اور تکنیکی تفصیلات کی عدم موجودگی سے اندازوں نے جنم لیا اور غلط رپورٹنگ ہوئی۔ ناکافی ردعمل سے لوگوں کے غم و غصے اور نا امیدی میں اضافہ ہوا۔" دھمکی بہت ڈھکی چھپی نہیں تھی۔ حکومت کو مرحمت کے ساتھ فوج اور خفیہ ایجنسیوں کے دفاع پر کمربستہ ہونا چاہئے تھا.......

اس واقعے کے پورے 8 روز بعد وزیر اعظم گیلانی نے اپنی خاموشی توڑی۔ جس سے فوج اور آئی ایس آئی کو دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ یا نااہلی سے مبرا قرار دے دیا۔ کیا دنیا کے سامنے جواب پر یقین کرنے کو تیار تھی؟ انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہ دونوں الزامات بیہودہ ہیں۔ الزام کو مزید پھیلانے کی غرض سے انہوں نے پیرس میں صدر سرکوزی سے ملاقات سے قبل اعلان کیا کہ "یہ صرف پاکستان نہیں پوری دنیا کی خفیہ ایجنسیوں کی ناکامی ہے۔" بدقسمتی سے ایک مرتبہ پھر ایک منتخب حکومت پاکستانی عوام کی توقعات پر پوری نہیں اتری۔ تنہا جمہوریت ملک کے مسائل کا حل نہیں ہو سکتی۔

97۔ امریکی آپشنز

ایٹمی ہتھیاروں کو دوسری اقوام اور اندرونی دشمنوں سے بچانا پاکستان کے لئے ایک مشکل مسئلے کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ پاکستان انہیں بھارت، امریکہ اور اسرائیل سے چھپا کر رکھنا چاہتا ہے۔ دوسری طرف فوج کے اندر موجود دہشت گردوں کے ہمدرد ان کے بارے میں معلومات رکھتے ہوں گے۔ ڈر اس بات کا ہے کہ شاید کسی بیرونی اسلامی گروہ کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے انہوں نے ہتھیار چھیننے کا کوئی منصوبہ تیار کر رکھا ہو اور نیوکلیئر کمانڈ اتھارٹی (NCA)، SPD یا چیف آف آرمی سٹاف اس سے بالکل بے خبر ہوں۔

پاکستان کو ایٹمی معاملات میں پرعزم دیکھ کر امریکہ نے آگے بڑھتے ہوئے ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کو مزید بہتر بنانے کے لئے پاکستان کی حوصلہ افزائی کی، جو ہماری فوج کی خواہشات کے عین مطابق تھا۔ 2004ء میں ڈاکٹر اے کیو خان کے عالمی ایٹمی کاروبار کے انکشاف سے دھچکا کھانے کے بعد جنرل مشرف نے تمام ایٹمی معاملات کو خفیہ رکھنے کی پالیسی کو تیزی کے ساتھ تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ تبدیلی اس امید پر کی گئی کہ دنیا کو یقین دلایا جا سکے کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیار محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔ اس فیصلے کے بعد اہم ترین عہدوں پر فائز پاکستانی اہلکاروں کا امریکہ کے طول و عرض میں پھیلے دانشور حلقوں اور یونیورسٹیوں کا [illegible] میں تانتا بندھ گیا۔ چند برس پہلے ایسی صورت کا تصور بھی ممکن نہیں تھا۔ اب ایس پی ڈی کے اعلیٰ حکام کے امریکی دورے معمول بن چکے ہیں۔

خاص طور پر ایس پی ڈی کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل خالد قدوائی بھی امریکی اداروں کا دورہ کرنے والوں میں شامل ہیں۔ مونٹیری کے مقام پر نیول پوسٹ گریجویٹ سکول میں مہمان کی حیثیت سے لیکچر دیتے ہوئے انہوں نے [illegible] کی کوشش کی کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیار انتہا پسندوں کے ہاتھ لگ سکتے ہیں یا پھر ان کے استعمال میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ ممکن ہے۔[93] ملک کے ایٹمی پروگرام سے منسلک دیگر اہم عہدیداروں اور افسروں کو امریکہ نے فنڈنگ [illegible] کی طرف سے امریکی دانشوروں اور تحقیقی اداروں کے لئے رپورٹس اور مقالے لکھنے پر رقم کی ادائیگی کی گئی۔ کچھ دوسروں نے کتابیں لکھنا شروع کر دی

ہیں جن کی مدد سے پاکستان، ایٹمی پروگرام کی اصل تاریخ منظر عام پر آئے گی۔[14]

پاک امریکہ تعلقات میں اتار چڑھاؤ کے باوجود ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کے لئے امریکی ایجنسیوں کا تعاون بدستور جاری ہے۔ این بی سی کا کہنا ہے کہ اس نے اسلحے کی حفاظت، PALs جیسے الیکٹرونک تالوں کی تنصیب اور اہلکاروں پر اعتبار سمیت بہت سے حفاظتی انتظامات کر رکھے ہیں۔ ان تمام انتظامات کے اخراجات اس فنڈ سے پورے ہوتے ہیں جو بش انتظامیہ نے 100 ملین ڈالر کی رقم کے ساتھ قائم کیا تھا۔[15]

لیکن تکنیکی ترکیبیں صرف جزوی تحفظ ہی فراہم کر سکتی ہیں۔ تحفظ کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کی تیاری کی سطح کو کم تر کیا جائے۔ پاکستان کے بارے میں عام تاثر ہے کہ اس کے ایٹمی ہتھیاروں کے یورینیم اور پلوٹونیم کے مرکزی گولے اور ان کو چلانے کے بارودی دھماکے والے حصے کو الگ الگ کر کے خاص طور پر بنائے گئے محفوظ مقامات میں ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ دسمبر 1999ء میں اسلام آباد کا دورہ کرنے والے سینئر امریکی اہلکاروں کی ٹیم نے درخواست کی تھی کہ غیر متعلقہ افراد کی طرف سے ناجائز طور پر ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال سے بچنے کے لئے پاکستان کو Environmental (PAL) Permissive Action Links (ESD) Sensitive Devices نامی آلات فراہم کئے جائیں۔ اس وقت امریکی حکام نے اس وجہ سے یہ آلات فراہم کرنے سے انکار کر دیا تھا کہ ان کے باعث پاکستان کو زیادہ تیزی سے ایٹمی ہتھیار رکھنے کی سہولت حاصل ہو جاتی جس سے بھارت کے لئے خطرات میں اضافہ ہو جاتا لیکن 9/11 کے بعد پاک امریکہ تعلقات میں پھر سے بہتری آ جانے کے نتیجے میں ممکن ہے کہ امریکہ نے ایٹمی ہتھیار رکھنے کے مقامات اور دیگر تفصیلات فراہم کرنے کی شرط عائد کئے بغیر یہ آلات پاکستان کے حوالے کر دیئے ہوں۔

امریکی دانشوروں اور ISIS کی ایک رپورٹ[16] کے مطابق امریکہ کے وزیر خارجہ کولن پاول نے 9/11 کے بعد پاکستان کو ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کے لئے تعاون کی پیشکش کی تھی لیکن پاکستان نے اس لئے انکار کر دیا تھا کہ امریکہ بہت ابتدائی قسم کے آلات دینے کی پیشکش کر رہا تھا۔ اس کے باوجود بھی یہ پیشکش قبول کر لی جاتی اگر ان کے استعمال کو خفیہ رکھنے کی شرط تسلیم کر لی جاتی۔ اس پیشکش میں یہ بات بھی شامل تھی کہ ایٹمی ہتھیاروں سے متعلق کیمیکل اور حفاظتی امور

پر امریکہ کی لیبارٹریوں میں ٹریننگ کورس کروائے جاتے۔

امریکہ کے ایٹمی سلامتی امور کے تجزیہ کار ڈیوڈ البرائٹ کہتے ہیں کہ 9/11 کے بعد کے حالات کے تناظر میں پاکستان کو مزید امریکی تعاون میں مندرجہ ذیل کو شامل کیا جا سکتا ہے

- ایٹمی مواد کے تحفظ اور حساب کتاب کے بہتر اصول طریقہ کار، غیر ملکی مشقوں کے طریقے، ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کے موضوع پر غیر خفیہ طرز پر جنگی کھیل، رسائی اور جدید ٹیکنالوجی سے مزین تجوریاں اور گزرنے کے دروازے، دروازوں پر نگرانی کے آلات، عام نگرانی کے بہتر آلات، مواد کا حساب کتاب رکھنے کے جدید ترین آلات، اہلکاروں پر اعتبار یقینی بنانے کے پروگرام، اور ایسے پروگرام جن سے حساس معلومات کے افشا ہونے کے امکانات کو کم کیا جا سکے۔ مزید برآں یہ امداد اس طریقے پر مرکوز ہو سکتی ہے جس سے یقینی ہو سکے کہ ایٹمی ہتھیار کا غیر مجاز استعمال نہیں ہوگا، خاص طور پر ایسے آلات کے ذریعے جو اس کے ڈیزائن کا حصہ نہیں ہیں یا مخصوص طور پر پیدا کرنے کے طریقوں کے ذریعے۔ جو مدد اونچی دی جا سکتی ہے اس میں ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن کے بارے میں وہ معلومات شامل ہوں گی جن کی مدد سے ایٹمی ہتھیاروں کو مزید قابل اعتبار اور محفوظ بنایا جا سکتا ہے، اور PAL کا نظام، ہتھیاروں کو چلانے والے خفیہ نمبروں کے آلات اور فضا کا مشاہدہ کرنے والے آلات۔[17]

اس میں شک نہیں کہ ایٹمی حادثے اور تباہی سے بچنے کے لئے تکنیکی نوعیت کے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ لیکن سب سے بنیادی مسئلہ جس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا یہ ہے کہ مکمل طور پر محفوظ ایٹمی ہتھیار وہ ہوگا جس کو استعمال نہ کیا جا سکے۔ ظاہر ہے ایسا ہتھیار بے فائدہ بھی ہوگا۔ بحران اور جنگ کی صورت میں جب بڑی تعداد میں لوگ مر رہے ہوں اور جذبات کی جولانی عروج پر ہو تو شدید جوش پیدا ہونا شروع ہو جائے گی کہ حفاظت کے نظام کو ڈھیلا کر دیا جائے۔ یہ بات با آسانی تصور کی جا سکتی ہے کہ PAL نظام کو کمپیوٹر سافٹ ویئر کی ہدایات بدل کر کمزور کیا جا سکے یا پھر کوئی میکانزم بائی پاس کرا کے اسے ناکارہ بنایا جا سکے۔

اس کے علاوہ بھی کئی سوال موجود ہیں۔ ان کا تعلق ایٹمی لیبارٹریوں اور ایٹمی ہتھیار بنانے والے اداروں کے ساتھ ہے۔ پاکستان میں کام کرنے کا جو غیر معمولی سلسلہ پروان چڑھ چکا ہے اس میں یہ تصور کرنا بڑا مشکل ہے کہ گزشتہ 25 برسوں سے جو ایٹمی مواد بنایا جا رہا ہے اس کا کوئی

درست ریکارڈ بھی رکھا جا رہا ہوگا۔ لہذا کیا یہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ اگر وہ یورینیم کی تھوڑی سی لیکن ضرورت کے لئے قابل مقدار نکل نہیں چکی ہوگی؟

98۔ امریکہ کیا کرسکتا ہے؟

پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں امریکی تشویش کے پیش نظر اس بات کا تصور کیا جا سکتا ہے کہ امریکہ نے اس حوالے سے بڑے پیمانے پر جنگی مشقیں کر رکھی ہوں گی۔ پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو ناکارہ بنانے یا تباہ کرنے کے متبادل منصوبے بھی تیار ہوں گے۔ اس بات کی بالکل درست اطلاع ملتی ہے کہ پاکستان کے ایٹمی ہتھیار غلط ہاتھوں میں پہنچ رہے ہیں یا پھر ملک میں بنیاد پرست برسر اقتدار آ گئے ہیں اور ان کا رویہ جارحانہ ہے تو ان منصوبوں کو روبہ عمل لایا جائے گا۔ ان منصوبوں کی تفصیل کیا ہے؟ اور کیا یہ مقاصد حاصل کر پائیں گے؟

امریکی تھنک ٹینک کے تاریخ دان جیفری ٹی رچلسن کے مطابق ایک امریکی سیکیورٹی ایجنسی سرچ ٹیم وجود رکھتی ہے، جس کی ذمہ داری پاکستانی ہتھیاروں جیسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنا ہے۔ (18) بتایا جاتا ہے کہ رچلسن نے اسسٹنٹ سیکرٹری آف ڈیفنس فار سپیشل آپریشنز اینڈ لو انٹینسٹی کنفلکٹ SOLIC کے دفتر سے ایک لیکچر کی تفصیلات حاصل کی تھیں جس کا موضوع تھا ایٹمی ہتھیاروں کا پتہ چلانا، پیچھا کرنا اور ناکارہ بنانا۔ اس لیکچر کی سلائیڈز میں ایسے خفیہ کارروائیوں کی تفصیلات موجود تھیں جن میں خشکی یا سمندر میں ایٹمی ہتھیار کے وجود کا پتہ چلا کر اسے قبضے میں لینے، تباہ کرنے، ڈھونڈ نکالنے اور محفوظ کرنے کا ذکر تھا۔ جیفری کا کہنا ہے کہ اس طرح کا مشن 2002ء سے سپیشل آپریشن فورس کی اولین ترجیح بنا ہوا ہے۔

نومبر 2009ء میں نیویارکر میں شائع ہونے والے سیمور ہرش کے ایک مضمون نے پاکستان میں کھلبلی مچا دی۔ اس نے لکھا تھا کہ امریکہ نے پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو چلانے [illegible] ایٹمی ہتھیار کے کسی حصے کی گمشدگی کی صورت میں ایک الارم بج اٹھا۔ جس پر امریکہ کی فوری کارروائی کرنے والی ٹیم پرواز کر کے دبئی پہنچی۔ بعد ازاں یہ الارم غلط ثابت ہوا اور ٹیم پاکستان پہنچنے سے پہلے ہی واپس بلا لی گئی۔ اسلام آباد میں پاکستان کی وزارت خارجہ اور امریکی سفارتخانے

نے ایسے کسی واقعہ کی سختی کے ساتھ تردید کی۔

ہرش کے اس دعویٰ سے کیا نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے؟ پہلی بات یہ کہ یہ ممکن نہیں کہ امریکہ کو پاکستان کے تمام ایٹمی ہتھیاروں کے ذخیرہ کرنے کے درست مقامات کی آگاہی ہو خاص طور پر ایسی حالت میں جب ان میں نقلی ہتھیار بھی شامل ہوں اور پھر جو متحرک گاڑیوں پر نصب ہوں۔ کہا جاتا ہے کہ زیر زمین راستوں کا وسیع جال بچھا ہے جس میں وہ گم ہو سکتی ہیں۔ دوسری بات یہ کہ اگر درست مقام کا پتہ چل بھی جائے تو اس جگہ پر بڑے سخت حفاظتی انتظامات موجود ہوں گے۔ جب حملہ آور وہاں سے لڑیں گے تو بہت لاشیں گریں گی سخت مزاحمت ہوگی تو پھر یہ آپریشن خفیہ ہرگز نہیں رہے گا۔ تیسری بات یہ کہ پاکستان کی کسی ایٹمی تنصیب پر حملہ دراصل ایک جنگی اقدام ہوگا اور افغانستان میں درپیش مسائل کے تناظر میں ایسی حرکت کے نتائج امریکہ کے لئے کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہو سکتے۔ یہ تمام نکات ظاہر کرتے ہیں کہ ہرش کے دعوے قابل اعتماد نہیں۔

لیکن اگر واقعی ایسی کوئی چوری ہو گئی تو اس پر امریکہ کا ردعمل کیا ہوگا؟ خاص معلومات رکھنے والے پاکستانی فوجی مبصر یہ الزام لگاتے ہیں کہ امریکی فوج اور بلیک واٹر کے اہلکار پاکستانی ایٹمی ہتھیار چھیننے کے لئے یہاں وارد ہو چکے ہیں۔ ایسے کسی بحران کی صورت میں جب امریکہ کارروائی کا فیصلہ کرے گا تو وہ بری فوج استعمال کرنے کی بجائے فضائیہ کو ترجیح دے گا۔ B2 بمبار طیاروں کے ذریعے 30 000 پونڈ کے دشمن کی گہرائیوں میں گھس جانے والے بم گرائے گا، اور ایٹمی ہتھیاروں کو ناکارہ بنانے کے لئے جنگی جہاز اور دوسرے طیاروں کے ذریعے انتہائی طاقتور مائیکرو ویو توانائی کی بارش کرے گا تاکہ ان کے سرکٹ بورڈ جل کر ناکارہ ہو جائیں۔ لیکن خاصی گہرائی میں دبے ہوئے ہتھیار یا وہ جن کو دھاتی خول میں محفوظ کیا گیا ہو وہ بھی محفوظ رہیں گے۔

پاکستان میں ایٹمی ہتھیار بنانے اور ان کو ذخیرہ کرنے کی سہولتوں پر اگر امریکی حملہ ہوا تو وہ انتہائی مایوسی کے عالم میں ہوگا۔ اگر کسی کارروائی کے بعد ایک بھی ایٹمی ہتھیار رہ گیا تو وہ انتہائی ہولناک تباہی کا باعث بن سکتا ہے۔ لیکن بات صرف ایک ایٹمی ہتھیار تک محدود نہیں رہے گی۔ اگر امریکہ کو نصب کئے گئے ہتھیاروں کی درست تعداد معلوم ہو بھی جائے پھر بھی وہ ان ہتھیاروں

کے صحیح مقامات کا پتہ نہیں چل سکتا۔ بھارت کو اس سے بھی کم معلومات ہوں گی۔ اگر بہت بڑی تعداد میں فوج استعمال کی جائے تب بھی پاکستان کے تمام ایٹمی ہتھیار قبضے میں نہیں لیے جا سکتے جنہیں انتہائی عقیدہ کے ساتھ کڑی حفاظت میں رکھا گیا ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ ایسی کوئی کوشش اس وقت تک نامکمل ہے جب تک تمام پی یلنٹز اور یورینیم افزودہ کرنے کے پلانٹس سمیت تمام ایٹمی سہولتوں کا مکمل طور پر صفایا نہیں کر دیا جاتا اور یہ سب مکمل جنگ کیے بغیر ممکن نہیں۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایسی کوئی صورت نہیں کہ امریکہ، بھارت یا کوئی بھی بیرونی قوت موثر انداز میں پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے نمٹ سکے۔ کیا یہ ایک اچھی چیز ہے؟ یہ بھی دو رخی ہے۔ جہاں ایٹمی ہتھیاروں کا محفوظ رہنا پاکستان کے اعتماد میں اضافہ کرتا ہے اور خطرناک فوری ردعمل سے محفوظ رکھتا ہے، تو دوسری طرف یہ ایٹمی چھتری اسے مہم جوئی کی حوصلہ افزائی کا بھی باعث بنتا ہے جس کی واضح مثال کارگل کی لڑائی ہے۔

10

میدان جنگ کے ایٹمی ہتھیار*

ایٹمی ہتھیاروں کی محدود افادیت

عبدالحمید نیئر، ضیاء میاں

دسمبر 2009ء میں بھارت کی فوج کے سابق سربراہ دیپک کپور نے دعویٰ کیا کہ بھارتی فوج پاکستان پر فیصلہ کن حملے کیلئے تیزی سے حرکت میں آنے کی ایک حکمت عملی پر کام کر رہی ہے، جس کو حتمی شکل دینے کے سلسلے میں کچھ کامیابی ہو چکی ہے۔[1] اس حکمت عملی کو 'کولڈ سٹارٹ' (Cold Start) کا نام دیا گیا۔ اس کے وضع کئے جانے کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ دسمبر 2001ء میں جب بھارتی پارلیمنٹ پر جنگجوؤں کے حملے کے بعد فوج کو پاکستانی سرحدوں پر پہنچنے اور صف بندی کا حکم دیا گیا تو اس پر عمل نہایت سست رو رہا۔ بھارتی حکام کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ پر حملہ کرنے والوں کا تعلق پاکستان سے تھا۔[2] کولڈ سٹارٹ حکمت عملی کا مقصد بری، فضائیہ اور بحریہ کی فوج پر مشتمل آٹھ سے دس ایسے مکمل جنگی دستے تشکیل دینا ہے، جن کا ہدف دشمن کے کسی علاقے پر تیزی سے پیش قدمی کرنا اور قبضہ کرنے کے بجائے اسے حملہ کر کے تباہ کرنا ہو۔[3]

اس حکمت عملی پر جزوی طور پر عمل کرتے ہوئے بھارتی فوج پاکستان کی سرحد سے ملحقہ علاقوں میں پے در پے نقل و حرکت کرتی رہی۔ جن میں سے مئی 2006ء میں پاکستانی سرحد کے بالکل قریب کی گئی فوجی مشقیں سب سے اہم تھیں۔[4] سنگھ شکتی یعنی 'مشترکہ طاقت' کے نام سے کی جانے والی ان مشقوں میں جنگی ہوائی جہاز، ٹینک اور بکتر بند گاڑیوں سے 40 ہزار فوجی

استعمال کئے گئے تھے۔ ان مشقوں کے بارے میں ایک بھارتی کمانڈر نے یہ دعویٰ کیا کہ "اس کا مقصد 2004ء میں وضع کی گئی جنگی حکمت عملی کولڈ سٹارٹ کو جانچنا ہے۔ جس کا ہدف مختصر ترین وقت میں کسی بھی قوم کو سبق سکھانا ہے جس کا رویہ دوستانہ نہ ہو۔"[5] کور کمانڈر جنرل دولت شیکھاوت نے اس کی وضاحت یوں کی کہ "ہمیں اس بات کا پختہ یقین ہے کہ تیز رفتار نقل و حرکت کی گنجائش موجود ہے اور یہ کام کسی ایٹمی حملے کے باوجود کیا جا سکتا ہے۔ اسی لئے اس حکمت عملی کو جانچنے کی غرض سے یہ مشقیں کی جا رہی ہیں۔"[6]

پاکستانی فوج کے سربراہ جنرل اشفاق پرویز کیانی نے جنرل کپور کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 'موجودہ جوہری صورتحال میں ایک روایتی فوجی حملہ بے خطرناک حالات کی طرف لے جا سکتا ہے، جس کے نتائج غیر متوقع اور قابو سے باہر ہوں گے۔'[7] اس بیان کا ضمنی مفہوم یہی سمجھا جاتا ہے کہ اگر بھارت نے روایتی ہتھیاروں کے ساتھ حملہ کیا تو پاکستان یقینی طور پر ایٹمی ہتھیاروں سے اس کا جواب دے گا۔ ایک سابق پاکستانی بریگیڈیئر نے رائے دیتے ہوئے کہا کہ "پاکستان کولڈ سٹارٹ کی پیشگی روک تھام کر سکتا ہے۔ کیونکہ اس کی فوج جنگ کے میدان کی پوزیشنوں تک بھارتی فوج کی نسبت جلد پہنچ سکتی ہے۔ اور فرض کریں کہ اگر وہ اس مقصد میں ناکام رہتی ہے، تب بھی جونہی بھارت کے مکمل جنگی دستے سٹارٹ لائن سے آگے بڑھیں گے تو ممکن ہے کہ اس سے پہلے ہی پاکستان ان پر چھوٹی طاقت کے ایٹمی ہتھیار چلا دے۔"[8]

حالانکہ پاکستانی حکمرانوں نے کسی باضابطہ ایٹمی حکمت عملی کا اعلان نہیں کیا ہے، تاہم یہ واضح رہے کہ خود پر حملے کی صورت میں وہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کا ارادہ کر چکے ہیں۔[9] پاکستان ایٹمی ہتھیار چلانے میں پہل کرنے کی پالیسی اختیار کرنے سے مسلسل انکار کرتا رہا ہے۔ بلکہ وہ کئی بار اشارہ کر چکا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے حصول کا مقصد بھارت کی برتر روایتی فوجی طاقت کی تردید کرنا ہے۔[10]

محسوس یہ ہوتا ہے کہ بھارت نے پیشگی اندازہ لگا لیا تھا کہ پاکستان اس کی فوج کے خلاف ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس خطرے کا احساس کرنے کے بعد 1980ء کی دہائی کے آغاز سے ہی بھارت کی فوج نے ایٹمی حفاظت کی تیاری شروع کر رکھی ہے۔ بھارتی فوج کے

ایک سابق سربراہ کے سندرجی نے 1987ء کے اوائل میں دعویٰ کیا تھا کہ فوج میں تنظیم کے معاملات، ہتھیاروں کے استعمال اور تربیت کو اس انداز میں ڈھالا جا رہا ہے کہ اگر میدان جنگ میں دشمن ایٹمی ہتھیار استعمال کرے تو اس صورت میں جسمانی اور نفسیاتی حوالوں سے بھی نقصان کو محدود کیا جا سکے گا"[11]۔ بھارت نے 1986ء میں براس ٹیکس (brasstacks) نامی جنگی مشقیں کی تھیں جو ایک سال تک جاری رہیں۔ ان مشقوں میں ٹینکوں کے علاوہ دیگر بکتر بند گاڑیاں بھی استعمال کی گئیں۔ اور ایسے علاقے سے گزرنے کی مشقیں کرائی گئیں جہاں تصور کیا گیا تھا کہ ایٹمی حملہ ہو چکا ہے۔[12]

مئی 2001ء میں بھارت نے "پورنا وجے" یعنی مکمل فتح کے نام سے جنگی مشقیں کیں۔ بھارتی منصوبہ سازوں نے ان مشقوں میں جو طریقے استعمال کیے ان میں پاکستان کی طرف سے میدان جنگ میں ایٹمی ہتھیاروں کے ممکنہ استعمال کو پیش نظر رکھا گیا[13]۔ ان مشقوں کا مقصد ایک ایسی صورت میں آلات، فوجی دستوں اور جنگی حکمت عملی کی جانچ کرنا تھی جب ان کے خلاف ایٹمی ہتھیار استعمال ہو چکا ہو۔ ایک بھارتی افسر نے تصدیق کی کہ "بھارتی منصوبہ ساز پاکستانی سوچ سے آگاہ ہیں۔ اس لئے جوہری، کیمیائی اور بائیولوجیکل ہتھیاروں کے حملوں سے نمٹنے کیلئے مشقیں اور مختلف طریقوں کی آزمائشیں کی جا رہی ہے"[14]۔ امکانات میں پاکستان کی جانب سے بکتر بند دستوں اور پیادہ دستوں پر ایٹمی حملے مدنظر رکھے گئے تھے[16]

اس کے ایک سال بعد یعنی 2002ء میں بھارت کے ڈپٹی چیف آف آرمی سٹاف لیفٹیننٹ جنرل کدیان نے تصدیق کی کہ فوج کو میدان جنگ میں ایٹمی حملے سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کی تربیت دی جا رہی ہے۔[16] اب ہم اس بات کا جائزہ لیں گے کہ وہ کون سے حالات ہوں گے جب پاکستان کسی بھارتی روایتی حملے کے جواب میں ایٹمی ہتھیار استعمال کریگا۔ خاص طور پر اس بات پر توجہ مرکوز کی جائے گی کہ کسی بڑے بھارتی حملے کو روکنے کیلئے ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے کیا نتائج ہوں گے۔ ہم اس بات پر بھی غور کریں گے کہ پاکستان کے پاس جس طاقت کے جس قدر ہتھیار موجود ہیں اس طرح کے ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے کیا فوجی اثرات سامنے آ سکتے ہیں؟ لیکن ہم یہ بحث نہیں کریں گے کہ ایسے ایٹمی حملے سے شہری آبادی اور ماحول وغیرہ پر ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے کیا نتائج برآمد ہوں گے

اگر پاکستان بھارت کے خلاف ایٹمی ہتھیار استعمال کرتا ہے تو!

سب سے پہلے یہ اندازہ لگانے کی ضرورت ہے کہ میدان جنگ میں پاکستان کن چیزوں کو ایٹمی ہتھیاروں کا نشانہ بنائے گا۔ شاید پاکستان بھارت کے ان بڑے بکتر بند حملے اور آگے بڑھتے ہوئے بری دستوں پر ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال کرے جن سے پاکستان کو خطرہ ہو کہ یا تو وہ مزید علاقے پر قبضہ کرلیں گے یا وہ پاکستان کی روایتی فوج کو مزید شکست سے دوچار کریں گے اور پاکستان کے پاس اس کا کوئی جواب باقی نہ رہ گیا ہو۔ چنانچہ شکست سے بچنا ہی مقصد ہوگا جس کے لئے ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال ناگزیر سمجھا جائے گا۔ اس کے پس منظر میں یہ خواہش ہرگز نہیں ہوگی کہ لڑ کر ایک جوہری جنگ جیتی جائے۔ ایسے حملے کا مقصد اپنی روایتی فوج کی مدد کیلئے ایٹمی ہتھیار چلانا ہوگا۔ جیسا کہ امریکی آرمی مینوئل میں بھی یہ درج ہے کہ "میدان جنگ میں ان اچانک تبدیلیوں کے امکانات کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جانا چاہئے جن سے فائدہ اٹھایا جا سکے"[17]۔

ایک اور خیال یہ ہے کہ پاکستان حملہ آور ہونے والی بھارتی فوجوں کے خلاف ایٹمی ہتھیار کا استعمال پہلے اپنی ہی سرزمین پر کرے گا۔ اس کے بعد وہ اپنی سرحد کے قریب واقع بھارتی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنائے گا اور آخر میں بھارتی شہروں پر حملہ کرے گا۔[18] پاکستان فوج کے معاملات اور اس کی جنگی حکمت عملی پر نظر رکھنے والے ایک امریکی تاریخ دان کا کہنا ہے کہ اگر بھارت کی دو بکتر بند اسٹرائیک کوریں اس لائن تک اندر داخل ہونے میں کامیاب ہو جائیں جو گوجرانوالہ، ملتان، سکھر اور جنوب میں حیدرآباد کے مضافات تک چلی جاتی ہے تو پھر دو امکانات ہو سکتے ہیں کہ یا تو پاکستان شکست تسلیم کرے یا ایٹمی ہتھیار چلا دے[19]۔ واضح رہے کہ یہ چاروں شہر بھارتی سرحد سے بالترتیب 50، 190، 90 اور 130 کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں۔

1990ء کی دہائی کے اواخر میں ایک امریکی ادارے نے جنگی کھیل میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ممکنہ جنگی تصادم کا جائزہ لیا جس میں اس امکان کو مدنظر رکھا کہ کئی ہفتوں کی جنگ کے بعد شمال میں موجود پاکستانی فوج مغلوب ہو جاتی ہے اور بھارتی فوجیں تیزی سے تھر میں دریائے سندھ کی جانب بڑھنا شروع ہو جاتی ہیں۔ اس کے ردعمل میں پاکستان چار ایٹمی ہتھیار چلا دیتا ہے[20]۔ اس مفروضی جنگ میں پاکستان بھارتی فوج کی پیش قدمی کو سرحد پر روکنے

کیلئے 20 کلوٹن کے تین ایٹمی ہتھیار چلاتا ہے جبکہ چوتھے ایٹمی ہتھیار کا نشانہ ایک ریلوے جنکشن ہے۔ بھارت اس کا جواب بارہ ایٹمی ہتھیار چلا کر دیتا ہے جن کا نشانہ پاکستان کی جوہری تنصیبات اور فوجی علاقے ہیں جن میں اسلام آباد کے قریب موجود فوجی مستقر بھی شامل ہے۔

اگر پاکستان ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کا فیصلہ کرے تو ہمیں یہ تو نہیں معلوم کہ اس کے پاس کتنی طاقت کے کتنے ایٹمی ہتھیار ہیں۔ 28 مئی 1998ء کو پاکستان نے کم از کم پانچ ایٹمی دھماکے کئے تھے۔ تاہم ان میں سے ہر ایک کی طاقت کا ہمیں ٹھیک ٹھیک علم نہیں ہے۔ دھماکے کرنے والے سائنسدانوں کی ٹیم کے قائد ثمر مبارک مند کے دعوے کے مطابق "30 مئی کو جو تجربہ آخری تجربہ کیا گیا تھا اس کی طاقت 15 سے 18 کلوٹن تھی"[21]۔ فیڈریشن آف امریکن سائنٹسٹس اور نیچرل ریسورسز ڈیفنس کونسل کے اندازوں کے مطابق پاکستان کے پاس 2010ء تک 70 سے 90 ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔[22]

اب ہم اس بات کا اندازہ لگائیں گے کہ پاکستان کی جانب سے بھارتی بری فوج پر ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے کیا اثرات مرتب ہوں گے؟ جیسا کہ پہلے واضح ہو چکا ہے کہ اس تجزیے میں بہت زیادہ طاقتور اور بڑی تعداد میں ایٹمی ہتھیاروں کے عام آبادی یا ماحول پر پڑنے والے اثرات کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔

10.1 ـ ایٹمی ہتھیاروں کا میدان جنگ میں استعمال

بھارتی فوج نے اب تک پاکستان پر حملے کی جتنی بھی فوجی مشقیں کی ہیں، ان میں ایک ہزار سے زیادہ ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں استعمال کی گئی تھیں۔ 1986ء میں کی گئی براس ٹیکس مشقوں میں 1300 ٹینک استعمال کئے گئے[23]۔ 2001ء میں ہونے والی پورنا وجے مشقوں میں ایک ہزار ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں استعمال ہوئیں[24]۔ ان ٹینکوں کو کہاں کہاں متعین کیا گیا تھا اس کی تفصیلات دستیاب نہیں ہیں۔ بھارتی فوج کا جنگی انداز بتاتا ہے کہ اس کی ٹینکوں کی ایک رجمنٹ 55 ٹینکوں پر مشتمل ہوتی ہے جبکہ بکتر بند ڈویژن میں ٹینکوں کی 6 رجمنٹیں ہوتی ہیں[25]۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان کے ساتھ فرضی جنگ کی ان مشقوں میں ٹینکوں کی کئی رجمنٹیں استعمال ہوتی رہی ہیں۔

سرد جنگ کے زمانے میں امریکہ نے وسطی یورپ میں سوویت یونین کے ساتھ جنگ کی منصوبہ بندی میں ٹینکوں کی بڑی لڑائیوں کا تصور کیا تھا جس میں اس کا خیال تھا کہ ٹینکوں کا ایک بھاری جرمن ڈویژن 25 کلومیٹر چوڑے علاقے کا دفاع کرے گا[26]۔ اور جب یہ حملہ کرنے کی پوزیشن میں آتا تو ٹینک ایک دوسرے سے کافی قریب آ جاتے اور ایک ڈویژن کیلئے محاذ گھٹ کر آٹھ سے دس کلومیٹر رہ جاتا[27]۔ حملے کیلئے امریکہ نے ٹینکوں کی صف بندی یوں کی کہ ہر قطار میں ٹینکوں کے درمیان فاصلہ 50 میٹر تھا جبکہ قطاروں کے درمیان فاصلہ 200 سے 250 میٹر دور رکھا گیا[28]۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ ہر ایک مربع کلومیٹر کے رقبے میں 80 ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں موجود تھیں۔ فی مربع کلومیٹر 80 بکتر بند گاڑیوں کے موجود ہونے کا مطلب یہ ہو کہ اگر گاڑیاں یکساں ترتیب میں ہوں تو ہر گاڑی دوسری سے 120 میٹر کے فاصلے پر موجود ہوگی

اسی طرح سوویت یونین کی بکتر بند گاڑیوں کا درمیانی فاصلہ 100 میٹر تھا[29]۔ اگر وہ یکساں ترتیب بناتیں تو گاڑیوں کی فی مربع کلومیٹر تعداد 115 ہوتی۔ درمیانی فاصلہ بڑھ کر 200 میٹر تک رہ جانے سے گاڑیوں کی فی مربع کلومیٹر تعداد 30 سے بھی کم ہو جاتی۔ اگر ایک مربع کلومیٹر کے علاقے میں صرف تین گاڑیاں رکھی ہوں تو پھر اس فارمولے کے تحت انہیں ایک دوسرے سے 540 میٹر دور رکھنا پڑے گا۔ بتایا جاتا ہے کہ یورپ میں سوویت یونین اور امریکی ڈویژن اس طرح ترتیب دی جاتی تھیں[30]۔

جوہری ہتھیار کئی طرح سے تباہی اور ہلاکت کے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اول شدید دھماکہ ہوتا ہے، دوم بہت زیادہ حرارت خارج ہوتی ہے اور پھر گیما شعاعوں اور نیوٹرون کی صورت میں بہت تیزی سے اثر کرنے والی تابکاری خارج ہوتی ہے۔ یہ سارے اثرات دھماکے کے مقام سے ہر سمت میں ایک ہی تیزی اور شدت سے پھیلتے ہیں تاہم فاصلے کے ساتھ ان کی شدت کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ یہ اندازہ لگانے کیلئے کہ کسی ایٹمی ہتھیار کی زد میں کتنے ٹینک آئیں گے اور اس پر سوار کتنے افراد متاثر ہوں گے درج ذیل فارمولا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر دو ٹینکوں کے درمیان فاصلے کو d سے ظاہر کریں تو R دائرے کے اندر ایٹمی دھماکے کی زد میں آنے والے ٹینکوں کی تعداد $3.6(R/d)^2$ کے برابر ہوگی۔ آیئے اب یہ اندازہ لگائیں کہ کسی میدان جنگ میں ایٹمی ہتھیار چلانے سے ٹینکوں، بکتر بند گاڑیوں اور سپاہیوں پر کیا اثرات پڑیں گے۔

10.2 ۔ دھماکے کے اثرات

ایٹمی دھماکے کے حقیقی تجربات میں فوجی گاڑیوں اور آلات پر اثرات کے مشاہدے بھی کیے جا چکے ہیں۔ ایک دس کلوٹن ایٹم بم کے دھماکے سے جو ہوا کا دباؤ پیدا ہوتا ہے وہ 370 میٹر کے فاصلے پر کم ہو جانے کے باوجود 33.35 پاؤنڈ فی مربع انچ ہوتا ہے اور تجربات میں دیکھا گیا کہ اس فاصلے پر ایک ٹینک جس کا ایک پہلو دھماکے کی طرف تھا، اچھل کر اٹھارہ میٹر دور گر پڑا۔ اس کے اچھلنے کی رفتار زیادہ تھی کہ اس کے بیرونی حصے خاص طور پر ٹریک گارڈز کو اچھا خاصا نقصان پہنچا۔ اس کے باوجود ٹینک اس قابل رہا کہ اس کو چلا کر ایک سے دوسری جگہ لے جایا جا سکا۔ اور جب اس کی توپ کے دہانے میں پھنسی ہوئی مٹی اور ریت نکال دی گئی تو وہ بھی پھر سے چلانے کے قابل ہو گئی[31]۔ 45 پاؤنڈ فی مربع انچ سے زیادہ دباؤ ٹینک کو اس حد تک نقصان پہنچاتا ہے کہ وہ مکمل طور پر خراب ہو جاتا ہے اور میدان جنگ میں کام کے قابل نہیں رہتا۔

جوہری ہتھیاروں کے اثرات کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اگر ایک کلوٹن طاقت کا ہتھیار 150 میٹر کی اونچائی پر پھٹے تو گراؤنڈ زیرو سے افقی سطح پر زیادہ سے زیادہ 170 میٹر کے فاصلے پر 45 پاؤنڈ فی مربع انچ کا دباؤ پیدا ہوتا ہے۔ ریاضی کی زبان میں بیان کیا جاتا ہے کہ کسی خاص دباؤ کے لئے فاصلوں کی کسر ایٹمی ہتھیار کی طاقتوں کی کسر کی ایک تہائی قوت کے حساب سے بڑھتی گھٹتی ہے[32]۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر 400 میٹر کی بلندی پر 15 کلوٹن کے ہتھیار کا دھماکہ ہو تو 45 پاؤنڈ فی مربع انچ کا دباؤ 420 میٹر کے فاصلے تک یعنی 0.55 مربع کلومیٹر سے زیادہ علاقے میں پیدا ہوگا۔ ٹینکوں کی تعداد اس دائروی علاقے میں ٹینکوں کے درمیانی فاصلے d کے مربع معکوس کے مطابق تبدیل ہوتی ہے اور تقریباً $(800/d)^2$ کے برابر ہوتی ہے۔

اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ اگر ٹینک ایک دوسرے سے 100 میٹر کے فاصلے پر ہوں تو 15 کلوٹن کا ایٹمی ہتھیار چلانے سے 55 ٹینک تباہ ہوں گے۔ اگر ٹینکوں کا درمیانی فاصلہ بڑھا کر 300 میٹر کر دیا جائے تو اتنے ہی یعنی 55 ٹینک تباہ کرنے کیلئے 15 کلوٹن کے 8 ہتھیار درکار ہوں گے۔ دور دور پھیلے ہوئے 1000 ٹینکوں کی یلغار کو صرف دھماکے سے تباہ کرنا ہو تو 15 کلوٹن طاقت کے 100 ایٹمی ہتھیاروں میں سے صرف آدھے تباہ کر پائیں گے۔

10.3 ۔ حرارت

ایٹمی ہتھیاروں کے دھماکوں سے شدید حرارت پیدا ہوتی ہے۔ حرارت کی یہ شدید لہر بالکل فوری نوعیت کی ہوتی ہے جو برقرار تو محض ایک سیکنڈ تک ہی رہتی ہے لیکن اس کی شدت کی وجہ سے آگ کے طوفان جنم لیتے ہیں۔ تاہم میدان جنگ میں بکتر بند گاڑیوں اور ان کے عملے پر حرارت کی اس شدید لہر کے اثرات اتنے شدید نہیں ہوتے۔

سیموئیل گلاس سٹون اور فلپ جے ڈولن کی کتاب "دی ایفیکٹس آف نیوکلیئر ویپنز" (جوہری ہتھیاروں کے اثرات) ایٹمی دھماکوں سے پیدا ہونے والی حرارت کے بارے میں معیاری معلومات فراہم کرتی ہے[33]۔ اس کی مدد سے معلوم ہوتا ہے کہ 15 کلوٹن طاقت والے ایٹمی ہتھیار کے 400 میٹر کی بلندی پر پھٹنے سے خارج ہونے والی حرارت گراؤنڈ زیرو سے 500 میٹر کے رداسی فاصلے پر تقریباً 150 کیلوریز فی مربع سینٹی میٹر ہوگی۔ واضح رہے کہ ایک انسان کو اگر 15 کیلوریز فی مربع سینٹی میٹر کی حرارت کا سامنا کرنا پڑ جائے تو یہ اس کیلئے مہلک ثابت ہوتی ہے۔ میدان جنگ میں ایسے ایٹمی ہتھیار کے چلنے سے 1.3 کلومیٹر کے فاصلے تک جو بھی باہر کھلی جگہ پر ہوگا حرارتی لہر کی زد میں آنے کے باعث ہلاک ہو جائے گا۔ جبکہ دو کلومیٹر کے فاصلے پر موجود افراد جھلس جائیں گے۔

میدان جنگ میں موجود ٹینکوں، دوسری بکتر بند گاڑیوں اور ان کے عملے کے افراد پر اس شدید حرارتی لہر کے کیا اثرات مرتب ہوں گے، اس کا اندازہ لگانا زیادہ مشکل ہے۔ بدترین صورتحال کے طور پر ہم فرض کرتے ہیں کہ ٹینک پر پڑنے والی حرارت منعکس نہیں ہوتی، بلکہ تمام کی تمام حرارت اس کی سطح میں جذب ہو جاتی ہے۔ چونکہ ٹینک ایسے سٹیل سے بنا ہوتا ہے جو حرارت کا بہترین موصل ہوتا ہے، چنانچہ اس پر پڑنے والی حرارت اس کی پوری دھاتی جسم میں مساوی طور پر پھیل جائے گی۔ چونکہ کسی ٹینک کا صرف آدھا حصہ حرارتی لہر کی زد میں ہوگا اس لئے حساب لگایا جا سکتا ہے کہ اس کی باڈی کا درجہ حرارت دو سے تین ڈگری سینٹی گریڈ بڑھ جائے گا[34]۔ اس طرح حرارتی شعاعیں گراؤنڈ زیرو سے ایک کلومیٹر کے دائرے میں موجود پیادہ سپاہیوں کیلئے تو مہلک ثابت ہوتی ہے لیکن ٹینکوں اور دیگر مسلح گاڑیوں پر اس کے اثرات محدود ہونے کے

برابر ہوتے ہیں۔

10 4 ۔ تابکاری اثرات

کسی ایٹمی دھماکے میں سے دھماکے اور حرارت کے ساتھ فوری تابکاری بھی خارج ہوتی ہے جو نیوٹران اور گاما شعاعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ گاما شعاعیں ایکسرے ہوتی ہیں جو نشتقی عمل کی وجہ سے فوری طور پر خارج ہوتی ہیں اور وہ بھی جو بعد ازاں نیوٹرانوں کے ساتھ ٹکرانے سے بنتی ہیں۔ یہ شعاعیں میدانِ جنگ میں بہت زیادہ مہلک ثابت ہو سکتی ہیں کیونکہ ان کی وجہ سے پیادہ جوان اور ٹینکوں اور مسلح گاڑیوں کا عملہ ہلاک اور مفلوج ہو سکتا ہے۔

امریکی فوج کا خیال ہے کہ دشمن کی فوج کے ہراول دستے تباہ کرنے کیلئے 3000 سے 8000 ریڈز کی تابکاری درکار ہوتی ہے[35]۔ ریڈ Rad تابکاری کی جذب شدہ مقدار کی ایک اکائی ہے۔ امریکی فوج کی فیلڈ مینوئل بتاتی ہیں کہ تابکاری کی اتنی مقدار کا شکار ہونے والے افراد پانچ منٹ میں متلی ہونے شروع ہو جاتی ہے، ہچکی لگ جاتی ہے اور وہ شدید بخار میں مبتلا ہو کر نڈھال ہو جاتا ہے اور اس کے چند ہی منٹ میں وہ شخص مکمل مفلوج ہو جاتا ہے۔ البتہ 45 منٹ میں اسے کچھ افاقہ ہوتا ہے لیکن پانچ روز میں اس کی موت واقع ہو جاتی ہے[36]۔ اگر کوئی شخص اس سے زیادہ تابکاری کا شکار ہو جائے تو وہ شخص مکمل اور مستقل طور پر مفلوج ہو جائے گا اور 15 سے 48 گھنٹوں کے اندر اندر اس کی موت واقع ہو جائے گی۔ اگر کسی کو 800 ریڈز کی تابکاری کا سامنا ہو جائے تو اسے طویل عرصے تک بیقراری اور بے وارد شدید متلی ہونے شروع ہو جائے گی، شدید ہچکی لگ جائیں گے اور آدھے گھنٹے کے اندر بخار ہو جائے گا جس سے اس کی قوتِ مدافعت کم ہو جائے گی اور آخرکار 14 روز میں اس کی موت واقع ہو جائے گی۔ ان امریکی معلومات کو درست مان کر ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ 3000 ریڈز تک کی تابکاری ٹینکوں کے اندر موجود عملے کو بھی مفلوج کرنے کیلئے کافی ہوگی۔

سیموئیل گلاس سٹون اور فلپ جے ڈولان کی کتاب میں نیوکلیئر دھماکوں سے پیدا ہونے والی فوری تابکاری میں فاصلے کے ساتھ کمی کی شرح کا حساب پیش کیا گیا ہے[37]۔ یہ واضح ہے کہ کسی ٹینک پر گرنے والی تابکاری اس کے اندر سرایت کر کے اس کے عملے کو بھی ضرور متاثر کرتی

ہے۔ گیما شعاعوں کی ٹینک کے اندر سرایت کرنے کی شرح 20 فیصد اور نیوٹرونز کی شرح 30 فیصد ہوتی ہے۔ وہ بکتر بند گاڑیاں جن کی چادر ٹینک کی نسبت پتلی ہوتی ہے ان میں ان شعاعوں کے اندر تک گھسنے کی شرح دو سے تین گنا زیادہ ہو سکتی ہے[38]۔

مثال کے طور پر فرض کریں کہ زمین کی سطح سے 400 میٹر کی بلندی پر 15 کلوٹن طاقت کا ہتھیار چلایا جائے اور تابکاری کے سرایت کرنے کی شرح کو مدنظر رکھا جائے تو 1025 میٹر کے رینج فاصلے تک گیما شعاعوں اور نیوٹرونوں کی مشترکہ تابکاری کی مقدار 1500 ریڈز جبکہ 800 میٹر کے فاصلے تک تقریباً 5000 ریڈز ہوگی۔ آسانی کیلئے یہ فرض کیا جا سکتا ہے کہ گیما اور نیوٹرونوں کی 3000 ریڈز کی مشترکہ مہلک مقدار 920 میٹر کے فاصلے پر پیدا ہوتی ہے۔

اگر حملہ لگ بھگ 330 ٹینکوں کی ڈویژنوں سے کیا جائے جس میں سے ہر ڈویژن 10 کلومیٹر کے محاذ پر آگے بڑھ رہا ہو تو 1000 ٹینک 30 کلومیٹر کے محاذ پر ہوں گے۔ ان کی ترتیب کی گہرائی کا اندازہ ٹینکوں کے درمیان پائے جانے والے فاصلے سے لگایا جائے گا۔ جیسا کہ پہلے بھی بتایا گیا ہے کہ اگر امریکی حکمت عملی کو مدنظر رکھا جائے تو ٹینک قطاروں میں ایک دوسرے سے 50 میٹر کے فاصلے پر ہوں گے اور قطاریں ایک دوسرے سے 250 میٹر کے فاصلے پر ہوں گی۔ تاہم اگر ٹینکوں کا حملہ ممکنہ جوہری حملے کے پیش نظر تیار کیا گیا ہو تو اس میں ٹینکوں کا درمیانی فاصلہ زیادہ ہوگا۔ اگر تو ٹینکوں کی ترتیب اس طرح سے ہو کہ ان کا درمیانی اوسط فاصلہ 120 میٹر ہو تو 16 کلوٹن کے ایٹمی ہتھیار کی تابکاری 75 ٹینکوں کے عملے کو ہلاک یا مکمل طور پر مفلوج کر دے گی۔ لیکن اگر ٹینکوں کے درمیان کا فاصلہ 300 میٹر ہو تو صرف 35 ٹینکوں کے عملے کو نقصان پہنچے گا اور اگر ٹینکوں کا درمیانی فاصلہ اس سے بھی زیادہ ہو تو 1000 ٹینکوں کو تباہ کرنے یا ان کے عملے کو ہلاک اور مفلوج کرنے کیلئے 16 کلوٹن کے 80 ایٹمی ہتھیار درکار ہوں گے۔

10 5 ۔ نتیجہ حاصل بحث

ان صفحات میں جو تجزیہ پیش کیا گیا اس سے پتہ چلتا ہے کہ اگرچہ پاکستان کے پاس وافر ایٹمی ہتھیار موجود ہیں جن سے وہ حملہ آور بھارتی مسلح افواج کے ایک کافی بڑے حصے کو تباہ کر سکتا ہے۔ لیکن اس کوشش میں وہ بے زیادہ تر ایٹمی سکے سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ ایک محتاط اندازے

کے مطابق اس کوشش میں 70 سے 90 ایٹمی ہتھیار استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ لیکن اگر بھارتی مسلح افواج نے ایٹمی حملے کے دفاع کی تیاری کر رکھی ہوگی۔ تو وہ یقیناً تیزی سے ادھر ادھر پھیل جانے کی صلاحیت بھی رکھتی ہوگی۔ ایسی صورت میں پاکستان کے پاس اتنی مقدار میں ہتھیار موجود نہیں ہوں گے کہ وہ بھارتی فوج کو تباہ کر سکے۔ ممکن ہے کہ پاکستانی فوج کو اس مسئلے کا ادراک ہو شاید اسی لئے اس نے امریکہ سے 5250 ٹاؤ گائیڈڈ ہیوی اینٹی ٹینک میزائل خریدنے کا معاہدہ کر رکھا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 2009 تک ان میں سے 2000 میزائل پاکستان کو فراہم کیے جا چکے ہیں[39]۔

جنوبی ایشیا میں میدان جنگ میں جوہری ہتھیاروں کی محدود افادیت کے بارے میں جو نتیجہ اخذ کیا گیا ہے وہ یورپ میں امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان ہونے والے تجربے کی بازگشت محسوس ہوتا ہے۔ اپنے مخالف کی ایک بڑی مسلح فوج کے سدباب کے طریقے تلاش کرنے کی کوشش میں ان دونوں بڑے ملکوں نے ہزارہا حربی (یعنی میدان جنگ میں استعمال ہونے والے) (tactical) ایٹمی ہتھیار ذخیرہ کر لئے۔ مثال کے طور پر 1967 میں امریکہ کے اسلحہ خانے میں 720,000 حربی (tactical) ایٹمی ہتھیار تیار رکھے تھے[40]۔

ممکن ہے کہ بھارت کے کسی روایتی حملے کے جواب میں پاکستان ایک یا چند ایٹمی ہتھیار استعمال کرے جو بھارت کیلئے وارننگ ہوگی کہ وہ اس حملے کو روک دے تو اس کا جواب زیادہ شدت کے ساتھ بھی دیا جا سکتا ہے اور بھارتی شہروں پر ایٹمی ہتھیار چلائے جا سکتے ہیں۔ بھارتی پالیسی سازوں نے پاکستان کی جانب سے ایسے کسی حملے پر اپنے ردعمل کے بارے میں منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔ 2003ء میں بھارتی کابینہ نے اعلان کیا کہ بھارتی ایٹمی حکمت عملی کے ایک جزو کے طور پر جوہری ہتھیاروں کا استعمال صرف اسی وقت کیا جائے گا جب کوئی بھارت پر یا کسی بھی جگہ بھارتی فوج پر ایٹمی ہتھیار آزمائے گی[41]۔ اس بیان میں "کسی بھی جگہ" کے الفاظ سے یہی معنی اخذ کیے جا سکتے ہیں کہ اگر پاکستان کی جانب سے بھارت کی روایتی فوج کے خلاف ایٹمی ہتھیار استعمال ہوئے تو یہ عمل بھارت کو ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کا جواز فراہم کر دے گا اور ممکن ہے یہ استعمال میدان جنگ میں ہی کر دیا جائے۔

یہی منطق سرد جنگ کے زمانے میں سوویت یونین اور امریکہ کے درمیان بھی موجود تھی

جس کی وجہ سے طرفین نے میدان جنگ میں استعمال ہونے والے بے تعداد ایٹمی ہتھیار بالکل تیار حالت میں رکھے ہوئے تھے۔ اتنی بڑی تعداد میں ہتھیاروں کا اس طرح تیار رکھا جانا ظاہر کرتا ہے کہ امریکہ اور سوویت یونین دونوں نے طے کر رکھا تھا کہ بڑے پیمانے پر ایٹمی حملوں کے مقابلے میں میدان جنگ میں ہتھیاروں کے استعمال کا زیادہ امکان ہے۔ تاہم دونوں اس حقیقت سے پوری طرح آگاہ تھے کہ چھوٹے پیمانے کی ایٹمی جھڑپ کا حتمی نتیجہ بڑی ایٹمی جنگ کی صورت میں ہی نکلے گا جس سے دونوں طرف کافی تباہی پھیلے گی۔ جنوبی ایشیا میں بھی معاملہ اس سے مختلف نہیں ہوگا۔ جس سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ میدان جنگ میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے سلسلے میں تیاری کس قدر بے مقصد اور غیر اہم ہے۔

بڑے روایتی فوجی حملے کے ردعمل میں حربی (tactical) ایٹمی ہتھیار چلانے کی محدود افادیت کے پیش نظر آخرکار امریکہ اور سوویت یونین کئی معاہدے کرنے پر مجبور ہوئے۔ 1987ء میں انٹرمیڈیٹ رینج نیوکلیئر فورسز ٹریٹی (INF) کے ذریعے 500 سے 5500 کلومیٹر کے درمیان مار کرنے والے بیلسٹک اور کروز میزائلوں کے زمین سے چلانے پر پابندی عائد کر دی گئی اور یہ قرار دیا گیا کہ ان کے لانچر اور انہیں سہولت فراہم کرنے والا دیگر سامان تلف کر دیا جائے[42]۔ 1990ء میں یورپ میں روایتی افواج کا معاہدہ طے پایا جس کا مقصد یورپ میں پہلے کی نسبت کم لیکن روایتی افواج کا مستحکم اور محفوظ توازن قائم رکھنا اور اس طرح سے یورپی ممالک میں تفریق اور اختلاف کو ختم کرنا تھا۔ یہ کہ دشمن پر سرپرائز کے طور پر یورپ میں وسیع پیمانے پر جارحانہ قدم اٹھانے یا اچانک حملہ آور ہونے کی صلاحیت کو مکمل طور پر ختم کرنا تھا[43]۔ اس معاہدے پر عمل درآمد کیلئے ضروری تھا کہ فوجی سطح پر کوشش کی جائے، اسلحہ کے ذخیروں پر فوجی معلومات کے تبادلے کی زیادہ سے زیادہ حمایت کی جائے اور معائنے کا کوئی قابل عمل نظام وضع کیا جائے۔ 1991ء میں امریکہ اور سوویت یونین دونوں نے یکطرفہ لیکن مشترکہ صدارتی اقدامات کے ذریعے اپنے زمین سے چلائے جانے والے چھوٹے فاصلے کے حربی جوہری ہتھیار اور بحری جہازوں اور آبدوزوں پر نصب کیے گئے ایٹمی ہتھیار وہاں سے ہٹا لئے[44]۔ پاکستان اور بھارت کو بھی جنوبی ایشیا میں ایسے اقدامات نافذ کرنے کا سوچنا چاہئے۔

11

ایٹمی سیاست کی بازی گری

ایٹمی مواد کی پیداوار روکنے کا معاہدہ اور پاکستان

ضیا میاں، عبدالحمید نیّر

مئی 2009ء سے پاکستان مذاکرات کے ایک عمل کی راہ میں تقریباً تنہا رکاوٹ بنا ہوا ہے جس کا مقصد ایٹمی انشقاقی مواد (nuclear fissile material) کی پیداوار ختم کرنے کے معاہدے پر غور کرنا ہے۔ (انشقاقی مواد سے مراد پلوٹونیم اور ایسی یورینیم ہے جو بہت زیادہ افزودہ کی گئی ہو۔ پلوٹونیم اور یورینیم دونوں ایٹمی ہتھیاروں کے لئے استعمال ہونے والے بنیادی عناصر ہیں۔) یہ مذاکرات جنیوا میں 65 رکنی "تخفیف اسلحہ کی کانفرنس" میں ہوتے ہیں۔ وہاں کا مقصد یہ معاہدہ تیار کرنا ہے جس کے تحت ہتھیاروں میں استعمال ہونے والے انشقاقی مواد کی تیاری پر مکمل پابندی عائد ہو جائے۔ پاکستان کی وجہ سے یہ مذاکرات رُکے ہوئے ہیں، حالانکہ اس نے 2009ء میں کانفرنس کا پروگرام تسلیم کر لیا تھا جس میں انشقاقی مواد کی پیداوار مکمل طور پر روکنے کا معاہدہ بھی شامل ہے۔[1]

اس کانفرنس میں پاکستان کے سفیر ضمیر اکرم نے کہا ہے کہ ان کی حکومت آسانی سے تیار نہیں ہوگی: "ہم اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ مستقبل قریب میں ترکِ اسلحہ کے اس معاہدے پر مذاکرات کے آغاز کو قبول کر سکیں"۔[2]

پاکستان کی قومی سلامتی کے منتظمین جن مخمصات کا شکار ہیں ان میں سب سے اہم اور

بنیادی بھارت کے ساتھ تزویراتی (strategic) برابری کی طویل عرصے سے جاری تلاش ہے۔ ان منتظمین میں سب سے زیادہ طاقت ور فوجی ہیں جو جوہری ہتھیاروں کا کمپلیکس بھی چلاتے ہیں۔ ان کا موقف ہے کہ انشقاقی مواد کی پیداوار میں پاکستان بھارت سے کافی پیچھے رہ گیا ہے۔ اس لئے ان کا اصرار ہے کہ مذاکرات میں انشقاقی مواد کے اس فرق کو بھی زیرِ غور لایا جائے۔

اس کے علاوہ بھی کئی مسائل موجود ہیں جیسے امریکہ اور بھارت کے مابین جوہری معاہدے کے طویل المیعاد اثرات، دونوں ملکوں کے درمیان ابھرتے ہوئے تزویراتی تعلق کے بارے میں پاکستان کی تشویش، پاکستان میں فوجی منصوبہ سازوں کی یہ خواہش کہ افزودہ یورینیم سے تیار ہونے والے بڑے ایٹمی ہتھیاروں کی جگہ پلوٹونیم سے بنے چھوٹے لیکن زیادہ بہتر کارکردگی والے ہتھیار بنائے جائیں؛ اس کے علاوہ، پاکستان میں جوہری پروگرام کے منتظمین نے انشقاقی مادے کی پیداوار بڑھانے میں کئی برسوں سے سرمایہ کاری کر رکھی ہے لہٰذا وہ پیداوار بڑھانے میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایٹمی پروگرام کی اشرافیہ کی یہ بھی خواہش ہے کہ ملکی سطح پر معیشت اور سیاست میں اس کے عمل دخل میں اضافہ ہو جائے۔ اور آخری مسئلہ یہ کہ واشنگٹن اور اس کے حلیف ممالک پاکستان پر اس معاہدے کیلئے دباؤ ڈالنے سے ہچکچا رہے ہیں، کیونکہ افغانستان کے اندر اور پاکستان میں وفاق کے زیرِ انتظام علاقوں میں طالبان اور القاعدہ کے خلاف جاری جنگ میں پاکستان اہم کردار ادا کر رہا ہے اور امریکہ کو اس سلسلے میں پاکستان کی مدد اور تعاون کی اشد ضرورت ہے۔

11.1۔ مذاکرات میں پاکستان کے موقف کا ارتقاء

پاکستان نے انشقاقی مواد کی پیداوار ختم کرنے کے ممکنہ معاہدے کے حوالے سے دوہرا رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ ایک طرف اس نے دسمبر 1993ء میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کی ایک قرارداد کی حمایت کی تھی جس میں ایسے مذاکرات شروع کرنے پر زور دیا گیا تھا جن کے ذریعے ایٹمی ہتھیاروں یا دھماکوں کیلئے انشقاقی مواد کی پیداوار ختم کرنے کے عہد نامے کی "کثیر جہتی و بین الاقوامی اور موثر طور پر تصدیق شدہ" معاہدے تک پہنچا جا سکے۔[3] اس کے باوجود پاکستان ترکِ اسلحہ کی مجوزہ کانفرنس کے انعقاد میں رکاوٹ ڈال رہا ہے۔ (ایٹمی اسلحے کے مسئلے میں دنیا میں تین تحریکیں ہیں: اسلحے کے پھیلاؤ کو روکنے والی (arms control) یعنی محدود سطح، اسلحے کو کم

کرے گی (arms reduction) یعنی تخفیف اسلحہ اور اسلحے کو تلف کرنے والی (disarmament) یعنی ترک اسلحہ۔ پہلی کے تحت ایٹمی طاقتیں کوشش کرتی ہیں کہ ایٹمی صلاحیت مزید ممالک کے پاس نہ جانے پائے۔ دوسری کے تحت بڑی ایٹمی طاقتیں جیسے امریکہ اور روس اپنے عظیم ایٹمی ذخائر کو کم کرنے کی کوشش کرتی ہیں، اور تیسری کی تحریک دنیا کو ایٹمی ہتھیاروں سے بالکل پاک کرنا چاہتی ہیں) اس لیے وہ اس مجوزہ معاہدے کے زیر عمل کی بات کرتا ہے۔ پاکستان کا اصرار ہے کہ معاہدے پر بحث کے دائرہ اختیار (مینڈیٹ) میں انشقاقی مواد کے موجودہ ذخیروں میں پائے جانے والے فرق کے معاملے کو بھی شامل کیا جائے۔ ترک اسلحہ کانفرنس میں انشقاقی مواد کی پیداوار مکمل طور پر روکنے کے معاہدے پر بات چیت کیلئے مارچ 1995ء میں شینن مینڈیٹ میں جن معاملات پر اتفاق رائے ہوا تھا اس کا مقصد اس مسئلے کو احسن طور سے حل کرنا تھا۔ اس مینڈیٹ میں یہ واضح کیا گیا تھا کہ یہ کسی ریاست کو انشقاقی مواد کے موجودہ ذخیروں کے مسئلے کو مذاکرات کا حصہ بنانے سے منع نہیں کرتا۔

تاہم انشقاقی مواد کی پیداوار روکنے کے معاہدے پر غور کا عمل شروع نہ ہو سکا۔ مئی 1995ء میں جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے (این پی ٹی) کو غیر مشروط طور پر غیر معینہ مدت کیلئے توسیع دے دی گئی، جس سے یہ خدشے پیدا ہوئے کہ جوہری صلاحیت کی حامل ریاستیں اپنے جوہری اثاثے تلف کرنے کی ذمہ داری کبھی پوری نہیں کریں گی۔ اس سے اگلے برس پاکستان اور بھارت کی مخالفت کے باوجود جوہری تجربات پر جامع پابندی کے معاہدے (سی ٹی بی ٹی) کے ذریعے معاہدے کے معاملے کو کچھ آگے بڑھا دیا گیا۔ سی ٹی بی ٹی کو جنرل اسمبلی میں بھیجا گیا تاکہ منظوری کے بعد اس پر دستخطوں کا سلسلہ شروع کیا جا سکے۔ تاہم بھارت اور پاکستان دونوں نے اس پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

مئی 1998ء میں جب بھارت اور پاکستان دونوں نے ایٹمی تجربات کیے تو اس کے چند ہی ہفتوں بعد اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے متفقہ طور پر قرارداد 1172 منظور کی جس میں بھارت اور پاکستان سے کہا گیا کہ دونوں اپنے ایٹمی پروگراموں کو آگے بڑھانا فوری طور پر ترک کر دیں، خود کو مسلح کرنا چھوڑ دیں، جوہری ہتھیار نصب کرنے سے باز رہیں، جوہری ہتھیار لے جانے کی صلاحیت رکھنے والے بیلسٹک میزائلوں کی

تیاری ختم کر دیں، جوہری ہتھیاروں کیلئے انشقاقی مواد کی مزید تیاری بند کر دیں، اور ایسی پالیسی کی تصدیق کریں کہ ایسے آلات، مواد یا ٹیکنالوجی برآمد نہیں کریں گے، جو وسیع تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں یا ان کو پھینکنے والے میزائلوں کی تیاری میں استعمال ہوتی ہو۔ نیز اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے۔[4]

پاکستان اور بھارت دونوں نے اس قرارداد کو نظر انداز کر دیا لیکن امریکہ کے دباؤ پر پاکستان نے انشقاقی مواد کے معاملے پر بات چیت پر رضامندی ظاہر کر دی۔[5] پاکستان نے شینن مینڈیٹ کی بنیاد پر بات چیت کرنا قبول کر لیا لیکن ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا کہ وہ غیر مساوی ذخیروں کے معاملے پر اپنے تحفظات اٹھائے گا اور اس معاملے کا حل چاہے گا۔[6] ترک اسلحہ کی کانفرنس میں پاکستان کے سفیر منیر اکرم نے ان الفاظ میں تحفظات تفصیلی طور پر بیان کیے کہ "ہمارے خیال میں پاکستان اور بھارت کے درمیان انشقاقی مواد میں پایا جانے والا فرق ایٹمی بازداری (deterrence) کے استحکام کو برباد کر سکتا ہے۔"[7] بعد ازاں ایک اور بیان میں اصول سے وضاحت کی کہ پاکستان کا خیال ہے کہ بھارت اپنے انشقاقی مواد کے وسیع ذخیرے کو ایٹمی ہتھیار بنانے میں استعمال کرے گا، اس لیے پاکستان کے لئے ضروری ہے کہ وہ بھارت کے ایٹمی ہتھیاروں کے ساتھ ساتھ انشقاقی مواد کے ذخیرے کو بھی مدنظر رکھے۔ لہٰذا پاکستان غیر مساوی صورتحال کو منجمد کرنے پر تیار نہیں ہو سکتا۔[8] نئی پوزیشن واضح کرتے ہوئے پاکستانی سفیر نے انشقاقی مواد کی تیاری روکنے کی اصطلاح ایف ایم سی ٹی (Fissile material cutoff treaty) پر بھی اعتراض اٹھاتے ہوئے موقف پیش کیا کہ "میرا وفد اس بات کا قائل نہیں کہ اس معاہدے کو انشقاقی مواد کی تیاری روکنے کے معاہدے کا نام دیا جائے، جس کا مقصد محض مستقبل میں اس مواد کی تیاری روکنا ہے۔ ہم اس غیر واضح مخفف یعنی ایف ایم سی ٹی کو قبول نہیں کر سکتے جو ترک اسلحہ کانفرنس میں زیر بحث لایا جاتا ہے۔"[9] انہوں نے اس معاہدے کا نام انشقاقی مواد کا معاہدہ تجویز کیا جسے مختصراً ایف ایم ٹی کہا جا سکتا ہے۔ بہت سے دوسرے ممالک اور تجزیہ کاروں نے اسی نام کا استعمال شروع کر دیا۔

1998ء کے آخر میں انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر بات چیت کیلئے ترک اسلحہ کانفرنس کی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، جو کچھ پیش رفت نہ کر سکی اور اگلے برس 1999ء میں

سے دوبارہ قائم کیا جا سکا۔ اگلے دس سال تک تخفیف اسلحہ کانفرنس کسی قابل عمل پروگرام پر اتفاق رائے حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ بش انتظامیہ کے تحت امریکہ نے افغانستان اور عراق کی جنگ کو ترجیح بنا لیا۔ ساتھ ہی اپنے سیاسی نظریے اور مفاد کی پالیسی کے تحت کثیر القومی معاہدوں کی مخالفت کرتی رہی۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس میں اس نے مذاکرات کو صرف انشقاقی مواد کی بندش تک محدود رکھنے پر اصرار کیا اور وہ بھی بغیر تصدیق کے۔ اور طویل عرصے سے دیرینہ دیگر معاملات پر بات چیت کرنے کے مطالبات کو مسترد کر دیا جو تخفیف اسلحہ، خلا میں اسلحے کی دوڑ روکنے اور غیر جوہری ممالک کی سلامتی کو یقینی بنانے کے بارے میں تھے۔ ان دوسرے ممالک نے بھی جو نہیں چاہتے تھے کہ تخفیف اسلحہ کانفرنس کا ایجنڈا امریکہ کے قبضے میں چلا جائے، انشقاقی مواد کی پیداوار ختم کرنے پر مذاکرات کو دیگر موضوعات سے مشروط کر دیا۔

اس دوران تخفیف اسلحہ کانفرنس سے متعلق معاملات التوا کا شکار رہے اور بش انتظامیہ کی جوہری ہتھیاروں، تخفیف اسلحہ، جوہری ٹیکنالوجی کے عدم پھیلاؤ کے بارے میں پالیسیوں کی وجہ سے کئی غیر جوہری ممالک میں پائی جانے والی مایوسی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان نے انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے کا ایک زیادہ وسیع تصور تیار کیا۔ 2006ء میں تخفیف اسلحہ کانفرنس کیلئے پاکستان کے سفیر مسعود خان نے اس پر بات کرتے ہوئے کہا کہ انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے ساتھ ایک ایسا پروگرام بھی ہونا چاہئے جس پر عمل درآمد لازمی ہو اور جس کا مقصد مختلف ریاستوں کے پاس تیار شدہ انشقاقی مواد کے ذخیروں میں پائے جانے والے فرق کو دور کرنا ہو۔ اس انشقاقی مواد کی محفوظ مقدارت پر مشتمل سب سے پہلے ان ریاستوں کو کرنی چاہئے جن کے پاس عالمی یا علاقائی سطح پر اس کے بڑے بڑے ذخیرے موجود ہیں۔[10] اس کی وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ "انشقاقی مواد کے معاہدے کے تحت ایک ایسا شیڈول تیار کیا جانا چاہیے جس کے مطابق ان کے موجودہ ذخیروں کو، ان مقاصد کے لئے مختص کیا جائے اور ان ذخیروں کو حفاظتی تحویل میں رکھا جائے تاکہ غیر محفوظ ذخیرے برابری کی کم ترین سطح پر آ جائیں۔"[11]

مئی 2009ء میں دس برس بعد پہلی بار تخفیف اسلحہ کانفرنس نے پاکستان کی رضامندی سے ایک پروگرام وضع کیا جس کے تحت چار گروپ بنائے گئے۔ ان میں سے ایک گروپ کو یہ ہدف دیا

گیا کہ وہ شینن مینڈیٹ کی بنیاد پر انشقاقی مواد کی پیداوار پر پابندی کے معاہدے پر بات کرے۔ دیگر گروپوں کی ذمہ داریاں تھیں کہ وہ جوہری تخفیف اسلحہ، بیرونی خلا میں جوہری ہتھیاروں کی دوڑ روکنے اور غیر ایٹمی ریاستوں کو تحفظ فراہم کرنے کے معاملات پر بات چیت کا آغاز کریں۔ اس کے علاوہ تین خاص رابطہ کار مقرر کئے گئے جنہیں یہ کام سونپا گیا کہ وہ دیگر معاملات پر ریاستوں کا نقطہ نظر سامنے لائیں۔

تاہم مذاکرات کے لئے کسی پروگرام پر متفق ہو جانے کے باوجود انشقاقی مواد کی پیداوار ختم کرنے پر مذاکرات کا عمل شروع نہیں ہو سکا۔ پاکستان نے کارروائی کے معاملات پر پہلے اتفاق رائے حاصل کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ چاروں گروپوں کو پہلے کارروائی مکمل کرنے کا جو وقت دیا جائے اس میں توازن ہونا چاہیے تاکہ ہر معاملے پر پیش رفت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اور یہ کہ ورکنگ گروپوں کی صدارت کے چناؤ میں تمام علاقوں کی نمائندگی کو بھی یقینی بنایا جائے۔[12] مگر جب مذاکرات کو عملی شکل دینے میں تنازعہ پیدا ہوا جس میں چین، مصر اور ایران نے پاکستان کا ساتھ دیا تو پیش رفت رک گئی۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس میں یہ اتفاق نہ ہو سکا کہ 2009ء کا پروگرام 2010ء میں بھی جاری رکھا جائے گا یا نہیں۔

پاکستان نے 2010ء کے آغاز میں بھی تخفیف اسلحہ کانفرنس کا کام شروع کرنے کے راستے میں رکاوٹ ڈالے رکھی۔ اسی سال فروری میں پاکستانی سفیر ضمیر اکرم نے کہا کہ پاکستان نے اس امید پر 2009ء کے پروگرام پر آمادگی ظاہر کی تھی کہ جب اوباما انتظامیہ کام کا آغاز کرے گی تو اس کے تحفظات دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا خیال ہے کہ ایسا نہیں ہوگا۔[13] پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کے بارے میں فیصلے کرنے کے ذمہ دار ادارے نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے جنوری 2010ء کے ایک فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے ضمیر اکرم نے کہا کہ تخفیف اسلحہ کانفرنس میں انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر پاکستان کی پوزیشن کا انحصار دو باتوں پر ہے۔ اول اس کے قومی سلامتی کے مفادات، اور دوم جنوبی ایشیا میں تزویراتی (strategic) استحکام کے لوازمات۔[14]

اسی سال (2010ء) مارچ میں تخفیف اسلحہ کانفرنس نے کام کرنے کا ایک منصوبہ پیش کیا جو پاکستان نے مسترد کر دیا۔ کانفرنس سے وابستہ 21 ممالک کے گروپ کے کئی ارکان نے اس منصوبے

میں پاکستان کی حمایت کر دی اور ان کی جانب سے بھی زیادہ تر ان پروگرام کا تعاقب کیا جانے لگا۔ ان ممالک میں مصر، انڈونیشیا، ایران، شمالی کوریا، سری لنکا اور شام بھی شامل ہیں جنھوں نے عام طور پر جوہری ترک اسلحہ پر بات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔[15] چین نے بھی کانفرنس سے پروگرام کی توثیق نہیں کی۔ اس معاہدے کی مخالفت کرنے والی چھوٹی ریاستوں نے پاکستان کے انکار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خاموشی اختیار کر رکھی ہوگی۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے 1999ء میں امریکی صدر بل کلنٹن کو بتایا تھا کہ "ہم آپ کو دھوکے میں نہیں رکھنا چاہتے، لہٰذا واضح طور پر بتا رہے ہیں کہ ہم معاہدے پر دستخط نہیں کریں گے کیونکہ ہم خودکشی نہیں کر سکتے۔"[16] اپنی طرف سے پاکستان یہ دلیل پیش کرتے ہوئے تاخیری حربے استعمال کر رہا ہے کہ انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے کیلئے ابھی وقت سازگار نہیں ہے۔[17]

11.2 ۔ انشقاقی مواد کی مقدار میں پایا جانے والا بُعد

واضح ہے کہ پاکستان کی پوزیشن کا تعین اس کی بھارت کے ساتھ برابری کے بارے میں تشویش سے وابستہ ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 26 اکتوبر 1998ء کو اس وقت کے وزیر خارجہ سرتاج عزیز نے کہا تھا کہ "جوہری سائنس دانوں نے حکومت سے کہا ہے کہ اس موقع پر سی ٹی بی ٹی اور انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدوں پر دستخط کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ ہمارے پاس کافی افزودہ جوہری مواد موجود ہے جس سے ہم اس خطے میں طاقت کا توازن برقرار رکھ سکتے ہیں۔"[18] اس بیان سے تو یہی سمجھ میں آتا ہے کہ ایک وقت ایسا تھا جب پاکستان میں پالیسی سازوں کا خیال تھا کہ ان کے انشقاقی مواد کے ذخیرے اتنے وافر ہیں کہ جو مستقبل کی ضروریات پوری کر سکتے ہیں۔ اسی طرح 2008ء میں امریکہ میں پاکستان کے سفیر سابق آرمی چیف جہانگیر کرامت نے خاصا بھی اشارہ دیا تھا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ دوطرفہ توقف (bilateral moratorium) پر غور کر سکتا ہے اور یہ کہ "اگر مزید انشقاقی مواد کی تیاری یا ایٹمی تجربات میں دو طرفہ توقف کے سلسلے میں مدد فراہم کرے تو پاکستان اس پر خوشی محسوس کرے گا۔"[19]

ایک اندازے کے مطابق 2009ء تک پاکستان اپنے جوہری ہتھیاروں کیلئے دو ٹن (یعنی دو ہزار کلوگرام) افزودہ یورینیم تیار کر چکا تھا (اگر 25 کلوگرام فی ہتھیار کا تخمینہ لگایا جائے تو یہ

یورینیم 80 جوہری ہتھیار تیار کرنے کیلئے کافی ہوتا ہے)۔[20] خوشاب میں قائم ری ایکٹر میں پاکستان کے پاس ہتھیاروں میں استعمال کے قابل 100 کلوگرام پلوٹونیم بھی موجود ہے۔ اگر ایک ہتھیار میں پانچ کلوگرام پلوٹونیم لگتی ہو تو یہ مقدار 20 ہتھیاروں کیلئے کافی ہوگی۔[21] سب ملا کے پاکستان کے پاس انشقاقی مواد 100 سادہ ہتھیاروں کی تیاری کیلئے کافی ہو سکتا ہے۔ اگر پاکستان نے ہتھیاروں کے جدید ترین ڈیزائن استعمال کئے، جن میں یورینیم اور پلوٹونیم دونوں استعمال ہوتے ہیں تو وہ موجودہ یورینیم سے مزید ہتھیار بھی تیار کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان کے پاس 1200 کلوگرام ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم بھی موجود ہے جو اس کے دو سِول ری ایکٹروں سے حاصل کیا گیا ہے۔ تاہم یہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کی نگرانی میں ہے۔ پاکستان اپنی انشقاقی مواد کی پیداوار کی صلاحیت بڑھا رہا ہے، اور پلوٹونیم سے تیار کردہ ہتھیاروں پر انحصار بڑھا رہا ہے۔ خوشاب میں پلوٹونیم پیدا کرنے والے مزید ری ایکٹر زیر تعمیر ہیں۔[22] اگر ان زیر تعمیر ری ایکٹروں کا سائز پہلے جیسا ہی ہے تو پھر ان نئے ری ایکٹروں سے سالانہ 10 کلوگرام پلوٹونیم پیدا کی جا سکے گی۔ 2006ء کے آخر میں مواصلاتی سیارے کے ذریعے حاصل ہونے والی تصاویر سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان اسلام آباد کے نزدیک ایک نئے ری پروسیسنگ پلانٹ پر کام کر رہا ہے اور ویسا ہی ایک پلانٹ چشمہ کے مقام پر بھی قائم کیا جا رہا ہے۔ ان کے قیام کا مقصد غالباً خوشاب کے نئے ری ایکٹروں سے حاصل ہونے والے استعمال شدہ ایندھن سے پلوٹونیم حاصل کرنا ہے۔[23] پاکستان یورینیم کی پیداوار بڑھانے کی کوشش بھی کر رہا ہے تاکہ ان ری ایکٹروں کو ایندھن فراہم کیا جا سکے۔[24] ایک اندازے کے مطابق 2020ء تک پاکستان خوشاب کے ایٹمی ری ایکٹر سے تقریباً 450 کلوگرام پلوٹونیم پیدا کر چکا ہو گا۔ جو 90 ہتھیار بنانے کیلئے کافی ہوگا۔ اسی طرح پاکستان اتنے عرصے میں 250 کلوگرام افزودہ یورینیم بھی تیار کر چکا ہوگا جو 100 ہتھیاروں کی تیاری کیلئے کافی ہوگا۔[25]

بھارت اپنے جوہری ہتھیاروں کیلئے دو ایٹمی ری ایکٹرز میں پلوٹونیم تیار کر رہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق بھارت نے 2009ء تک 700 کلوگرام پلوٹونیم تیار کر لیا تھا۔ جو 140 ایٹمی ہتھیاروں کیلئے کافی ہوتا ہے۔ بھارت اب بھی 30 کلوگرام پلوٹونیم ہر سال تیار کر رہا ہے۔[26] بھارت افزودہ یورینیم بھی تیار کر رہا ہے۔ لیکن اس کا دعویٰ ہے کہ یہ ایٹمی ہتھیاروں

کیلئے نہیں بلکہ اس کے جوہری توانائی سے چلنے والے آبدوزوں کے بیڑے کیلئے ہے۔ ان اعداد وشمار کو مدنظر رکھیں تو کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے پاس ہتھیاروں میں استعمال ہونے والا کم وبیش ایک جتنا ہی مواد موجود ہے۔

ایٹمی مواد کے ذخیروں میں وہ واضح فرق جس پر پاکستان زور دیتا ہے اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب ہم بھارت کے ایٹمی بجلی گھروں میں تیار ہونے والی پلوٹونیم شامل کریں جو بین الاقوامی نگرانی سے مبرا ہیں۔ یہی پلوٹونیم کو ری ایکٹر گریڈ (reactor grade) کہا جاتا ہے۔ 2009ء تک بھارت ان سے تقریباً سات ہزار (7000 کلوگرام) ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم الگ کر چکا ہوگا۔[27] اگر یہ فرض کیا جائے کہ اس طرح کے ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم کے دس کلوگرام ایک ہتھیار بنانے کیلئے درکار ہوں گے تو سات میٹرک ٹن مواد سے 700 ہتھیار تیار ہو سکتے ہیں۔ موصول ہونے والی رپورٹوں کے مطابق بھارت نے 1998ء میں جو ایٹمی تجربات کئے تھے ان میں کم از کم ایک ایٹمی ہتھیار ایسا تھا جس میں ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم استعمال کیا گیا تھا۔[28]

بھارت کا دعویٰ ہے کہ اس کے پاس جمع ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم کا ذخیرہ فاسٹ بریڈر (fast breeder) ری ایکٹرز کو ایندھن فراہم کرنے کیلئے ہے۔ اس نوعیت کے پہلے ری ایکٹر کے، جو 500 میگاواٹ کا پروٹوٹائپ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کہلائے گا، 2011ء میں مکمل ہونے کی توقع کی جا رہی تھی۔[29] یہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر، ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم کو بطور ایندھن استعمال کرے گا لیکن اس سے وہ پلوٹونیم تیار ہوگا جس سے بم بنتے ہیں۔ اگر یہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر مناسب صلاحیت کے ساتھ کام کرے تو یہ سالانہ 90 سے 140 کلوگرام ویپن گریڈ پلوٹونیم تیار کر سکتا ہے، جو سالانہ 20 سے 30 ہتھیار بنانے کیلئے کافی ہوگا۔[30] ایک اندازے کے مطابق 2020ء تک اس ری ایکٹر سے بھارت 1000 سے 1500 کلوگرام ویپن گریڈ پلوٹونیم تیار کرے گا۔[31] بھارت پہلا ملک نہیں ہے جو فوجی مقاصد کیلئے بریڈر ری ایکٹر استعمال کرے گا۔ اس سے پہلے فرانس سپر فینکس بریڈر ری ایکٹر سے ہتھیاروں کیلئے پلوٹونیم تیار کرتا رہا ہے۔[32] تاہم دنیا کے کئی دیگر ممالک میں بریڈر ری ایکٹرز کا تجربہ بتاتا ہے کہ انہیں زیادہ صلاحیت کے ساتھ چلانا آسان نہیں ہے کیونکہ یہ اکثر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتا ہے اور اس کی مرمت میں کافی وقت لگ جاتا ہے۔[33]

ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم کے ذخائر کا معاملہ جنیوا میں اجاگر کرتے ہوئے تخفیف اسلحہ کانفرنس میں پاکستان کے سفیر نے فروری 2010ء میں اپنے خدشے کا اظہار کیا کہ انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے میں بموں کے لئے استعمال ہونے والے دوسرے مواد مثلاً ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم، یورینیم 233، نیپچونیم اور امریکیم شامل نہیں کئے جائیں گے۔[34]

پاکستان کو امریکہ بھارت جوہری معاہدے کے حوالے سے بھی خدشات ہیں۔ اس معاہدے پر سابق امریکی صدر جارج بش نے اکتوبر 2008ء میں دستخط کئے جس کے بعد یہ قانون کی شکل اختیار کر گیا۔ اس قانون کے تحت بھارت کو جوہری مواد، آلات اور ٹیکنالوجی کی فروخت پر 30 سال سے عائد پابندیاں اٹھا دی گئی ہیں۔ بھارت اور امریکہ نے جوہری مواد، آلات یا ٹیکنالوجی فراہم کرنے والے گروپ (این ایس جی) کو اس بات پر آمادہ کر لیا ہے کہ بھارت کو جوہری معاملات میں بین الاقوامی ضابطوں کی پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ یاد رہے کہ این ایس جی 40 ارکان پر مشتمل گروپ ہے۔ بھارت امریکہ جوہری معاہدے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے پاکستان کی نیشنل کمانڈ اتھارٹی نے اگست 2007ء میں قرار دیا تھا کہ معاہدہ تزویراتی توازن (strategic balance) کے حوالے سے تشویشناک ہے کیونکہ بھارت اپنے غیر محفوظ ایٹمی ری ایکٹروں سے وافر مقدار میں انشقاقی مواد اور ایٹمی ہتھیار بنانے میں کامیاب ہو جائے گا۔[35]

اس معاہدے کے بعد بھارت اب اپنے سول پروگرام کیلئے یورینیم درآمد کرنے کی حیثیت میں آ رہا ہے۔ اس طرح یورینیم کی دستیابی کے حوالے سے اسے جو مشکلات درپیش تھیں وہ ختم ہو گئی ہیں اور بھارت اس قابل ہو گیا ہے کہ وہ اپنے مقامی یورینیم کو ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام کیلئے استعمال کر سکے۔ ایک اندازے کے مطابق اس معاہدے کی وجہ سے بھارت اپنے بھاری پانی کے ان ری ایکٹروں سے جو عالمی نگہداشت سے باہر ہیں ہر سال 200 کلوگرام بم گریڈ پلوٹونیم تیار کر سکے گا، بشرطیکہ اس کے لئے جس قدر تیزی سے ری پروسیسنگ کی اور ایندھن تبدیل کرنے کی ضرورت ہے اس کے تکنیکی مسائل حل کر سکے۔[36] 200 کلوگرام کا مطلب ہے 40 ہتھیار۔

بھارت نے وعدہ کیا ہے کہ وہ 2014ء تک مقامی طور پر تیار کئے گئے آٹھ ایٹمی ری ایکٹرز کو پر امن مقاصد کے لئے استعمال کرے گا اور انہیں معائنے کیلئے مرحلہ وار کھول دے گا تاکہ وہ عالمی ایٹمی ایجنسی کی نگرانی میں آ جائیں۔ ایک اندازے کے مطابق ان ایٹمی ری ایکٹروں سے اس وقت تک چار ٹن سے زیادہ پلوٹونیم تیار کر لی جائے گی جو عالمی ایٹمی ایجنسی کی نگرانی سے باہر ہوگی۔[37] اس کے علاوہ بھارت آٹھ ایٹمی ری ایکٹرز عالمی ایٹمی ایجنسی کی نگرانی سے باہر رکھے گا۔ ان سب سے مشترکہ طور پر 1250 کلوگرام پلوٹونیم سالانہ تیار ہو سکے گی لیکن فی الحال بھارت یہ سارا پلوٹونیم الگ نہیں کر سکے گا۔[38] توقع ہے کہ یہ سارا پلوٹونیم بریڈر ری ایکٹرز کیلئے ایندھن کے طور پر رکھا جا رہا ہے۔ لیکن اس سے کافی بڑی تعداد میں اس دوران ایٹمی ہتھیار بھی تیار کئے جا سکتے ہیں۔ امریکہ کے ساتھ طے پانے والے معاہدے میں بھارت کو اس امر کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ ایٹمی بجلی گھروں کے استعمال شدہ ایندھن اور منجمد کئے گئے ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم کے ذخائر عالمی ایٹمی ایجنسی کی نگرانی سے باہر اکٹھا کرتا رہے۔ علاوہ ازیں بھارت کو یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ آئندہ بننے والے کسی ایٹمی ری ایکٹر کو صرف فوجی مقاصد کیلئے قرار دینے کا اعلان کرے۔

11.3 ۔ وسیع تر تناظر

اس وقت بھی جب ملک میں سول حکومت کام کر رہی ہوتی ہے پاکستان کے قومی سلامتی کے معاملات میں فوجی جرنیلوں کی بالادستی رہتی ہے۔ ان کا یہ سٹریٹجک پلانز ڈویژن ہے جس کے ذریعے وہ نہ صرف ایٹمی پالیسی وضع کرتے ہیں بلکہ جوہری ہتھیاروں کے ذخائر کو بھی چلاتے ہیں۔ تاہم اب بھی جرنیل مشکلات میں الجھا مستقبل دیکھ رہے ہیں۔ ان کی فوجی ذہنی روش، ان کے مخصوص مفادات اور ادارہ جاتی عادات انہیں مجبور کرتی ہیں کہ وہ بھارت کے ساتھ برابری بنائے رکھنے کیلئے جواز پر جواز تلاش کریں۔ یہی سوچ اور معاملات انہیں زیادہ سے زیادہ انشقاقی مواد اور جوہری اسلحہ بنانے کی ترغیب بھی دیتے ہیں۔

زیادہ انشقاقی مواد تیار کرنے کی حمایت میں پاکستان ایک جواز یہ پیش کرتا ہے کہ بھارت کے پاس ایٹمی مواد کا ذخیرہ ہے۔ پاکستانی سفیر ضمیر اکرم نے فروری 2010ء میں دلیل دی تھی کہ

بھارت 400 ایٹمی ہتھیار تیار کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جو سہ شاخی پلیٹ فارم (بری، فضائی اور بحری) استعمال کریں گے جس کی تیسری شاخ اب نظر آنا شروع ہو گئی ہے۔ 2009ء میں بھارت نے پہلی ایٹمی آبدوز سمندر میں اتاری۔[39] بھارت نے ایسی ہی قسم کی پانچ آبدوزوں کا بیڑا تیار کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے جن میں سے ہر ایک بارہ بیلسٹک میزائلوں سے لیس ہوگی۔[40] چنانچہ بعض سابق پاکستانی حکام کی جانب سے یہ تجاویز سامنے آئی ہیں کہ پاکستان کو بھی اپنی ایٹمی آبدوز تیار کرنی چاہیے۔ اور یہ کہ جب تک اس کا انتظام نہیں ہو جاتا اس وقت تک کسی دوست ملک مثلاً چین سے کرائے پر ایٹمی آبدوز حاصل کرنی چاہیے۔ اور یہ کہ اپنی ڈیزل سے چلنے والی آبدوزوں پر کروز میزائل نصب کرنے چاہئیں اور بھی انشقاقی مواد کی پیداوار کا سلسلہ بھی جاری رکھنا چاہیے۔[41]

انشقاقی مواد کا ذخیرہ تیار کرنے کے سلسلے میں ایک اور جواز یہ پیش کیا جاتا ہے کہ بھارت بیلسٹک میزائل حملے روکنے کیلئے دفاعی نظام بنانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ (حقیقت یہ ہے کہ امریکہ کے تجرباتی میزائل دفاعی نظاموں کے بارے میں اختلاف ہے)۔ 2004ء میں سٹریٹجک پلانز ڈویژن میں ہتھیاروں کے کنٹرول اور تخفیف کے ڈائریکٹر فوجی افسر نے کہا تھا کہ "بھارت کا میزائل ڈیفنس نظام اس خطے میں اسلحے کی دوڑ شروع کرنے کا باعث بن سکتا ہے" اور یہ کہ پاکستان زیادہ ہتھیار اور میزائل بنا سکتا ہے جس کیلئے زیادہ انشقاقی مواد کی ضرورت پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایک سے زیادہ ہتھیار لے جانے والے میزائل تیار کرنے کے بارے میں سوچ سکتا ہے اور یہ میزائل بچانے کے لئے جعلی ہدف بھی بنا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان ہتھیاروں کو چوکس اور حرکت پذیر بھی رکھ سکتا ہے۔[42] 2009ء میں بھارت نے حملہ آور میزائل کو راستے میں تباہ کرنے والے میزائل کا تیسرا تجربہ کیا۔[43]

زیادہ وسیع تناظر میں بات کی جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ بھارت کے فوجی اخراجات پہلے ہی زیادہ ہو چکے ہیں اور ان میں اتنی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے کہ پاکستان کیلئے اس کی برابری کرنا ممکن نہیں رہے گا۔ جنوری میں بھارت کے وزیر دفاع نے اعلان کیا تھا کہ اگلے برس بھارت نئے ہتھیار خریدنے پر 10 بلین ڈالر سے زیادہ خرچ کرے گا۔ جس کے لئے بھارت کے 2009-10 کے فوجی بجٹ میں 34 فیصد اضافہ کر کے اسے 35 بلین ڈالر تک پہنچا دیا جائے

گا۔[44] پاکستان کا فوجی بجٹ 15 فیصد سالانہ کے ساتھ 4 بلین ڈالر سے بھی زیادہ ہو گیا ہے۔ پاکستان کیلئے یہ نئے اور بڑے ہتھیار اور جنگی سامان خریدنا اس لئے ممکن ہو سکا کیونکہ نائن الیون کے بعد القاعدہ اور طالبان کے خلاف مہم میں وہ امریکہ کی مدد کرتا رہا ہے اور اس کے بدلے میں سے امریکی مالی امداد میسر آتی رہی ہے۔ لیکن امریکی صدر بارک اوباما کے افغانستان سے اپنی افواج واپس بلانے کے ارادے اور اعلان کے بعد صورت حال یکسر تبدیل ہو جائے گی کیونکہ امریکی افواج کی افغانستان سے واپسی کے بعد پاکستان کیلئے امریکی مدد پہلے جیسی نہیں رہے گی۔ یہ بھی واضح ہے کہ جو امداد ملے گی وہ زیادہ تر سول مقاصد کیلئے ہوگی، جس کا حساب کتاب بھی کیا جائے گا۔ پاکستانی جرنیلوں کو بخوبی علم ہے کہ اگرچہ ملک اپنی اقتصادی حدود سے تجاوز کر کے بھی روایتی ہتھیاروں کی دوڑ میں اس کا ملک بھارت کی برابری نہیں کر سکے گا۔ چنانچہ وہ چاہیں گے کہ بھارت کے روایتی ہتھیاروں کے جواب میں ان کے پاس زیادہ ایٹمی ہتھیار رہیں۔ اسی لئے وہ زور دیتے ہیں کہ انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر پیش رفت روایتی ہتھیاروں پر کنٹرول سے شروع ہونی چاہیے۔

پاکستانی فوجی قیادت کی اس تشویش میں بھارت اور امریکہ کے بڑھتے ہوئے سٹریٹجک تعلقات سے اور بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ امریکہ بھارت ایٹمی معاہدہ ایک وسیع تر معاہدے کا محض ایک حصہ ہے، جو جنوری 2004ء میں ان دونوں ملکوں کے مابین طے پایا تھا اور جس کا نام سٹریٹجک پارٹنرشپ میں پیش رفت رکھا گیا تھا۔ اس معاہدے کے تحت امریکہ نے بھارت کو سول ایٹمی، خلائی پروگرام، اعلیٰ ٹیکنالوجی کی تجارت، میزائل کے دفاعی نظام اور پُرامن جوہری سرگرمیوں کے لئے مدد فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ اوباما انتظامیہ بھی پچھلی بش انتظامیہ کی طرح اس تعلق کو قائم رکھنے کی پالیسی اختیار کئے ہوئے ہے۔ جس کا مقصد امریکی بالادستی قائم رکھنا اور چین کو محدود رکھنا ہے۔

11.4 ۔ ایک بھاری قیمت

پاکستان کے سابق اعلیٰ حکام کا کہنا ہے کہ انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے کے سلسلے میں مذاکرات پر آمادگی کے عوض پاکستان کے ساتھ بھی ایسا ہی ایک سول نیوکلیئر ٹیکنالوجی

کا معاہدہ کیا جانا چاہیے جیسا امریکہ نے بھارت کے ساتھ کیا ہے۔ نیز اس پر سے بھی نیوکلیئر سپلائرز گروپ کی جانب سے عائد کردہ بین الاقوامی پابندیاں ختم کر دی جانی چاہئیں۔[45] امریکہ میں پاکستان کے سفیر حسین حقانی نے فروری میں یہ دعویٰ کیا کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان ایٹمی پروگراموں پر تعاون کے سلسلے میں مذاکرات جاری ہیں۔ کیونکہ پاکستان چاہتا ہے کہ امریکہ اس کے ساتھ بھی سول نیوکلیئر ٹیکنالوجی کا ویسا ہی معاہدہ کرے جیسا اس نے بھارت کے ساتھ کیا ہے۔[46] 2006ء میں امریکہ اور بھارت کے مابین معاہدے کا اعلان ہونے کے بعد امریکی حکام یہ کہہ چکے تھے کہ بھارت کا معاملہ الگ نوعیت کا ہے اور امریکہ ان معاملات کو آگے پاکستان یا اسرائیل تک نہیں بڑھانا چاہتا۔[47] البتہ بعض امریکی تجزیہ کار پاکستان کے ساتھ ایسا معاہدہ کرنے پر زور دیتے رہے ہیں تاکہ اس سے القاعدہ اور طالبان کے خلاف مہم میں زیادہ تعاون حاصل کیا جا سکے۔ یہ معاہدہ کر کے پاکستان کو اس امر کا یقین دلایا جا سکے کہ امریکہ اس کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کا عزم رکھتا ہے۔[48] یہ واضح ہے کہ امریکہ کے سرکاری حکام پاکستان کے ساتھ ایسا کوئی معاہدہ کرنے سے گریزاں نظر آتے ہیں۔ فروری 2010ء میں جب اوباما انتظامیہ سے اس بارے میں براہ راست بات کی گئی تو سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے ترجمان فلپ کراؤلے نے جواب دیا کہ "میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا۔"[49] 24 مارچ 2010ء کو امریکی وزیر خارجہ ہلری کلنٹن نے پاکستانی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس کی جسے پاک امریکہ تزویراتی مکالمے (strategic dialogue) کا نام دیا گیا۔ اس پریس کانفرنس کے بعد جب ہلری کلنٹن سے سوال کیا گیا کہ "کیا امریکہ بھارت کی طرز پر پاکستان کے ساتھ کوئی معاہدہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟" تو انہوں نے جواب دیا کہ "وقت آنے پر امریکہ اس پر ضرور غور کرے گا۔ ہمارا ایجنڈا بہت وسیع ہے۔ جس میں بہت سے پیچیدہ معاملات کو بھی شامل کیا گیا ہے جیسا کہ کسی جوہری معاہدے والا معاملہ۔ ہم نے مذاکرات کا یہ جو سلسلہ شروع کیا ہے وہ ہمیں اس طرح کے تعلقات استوار کرنے میں مدد دے گا کہ ہم زیادہ پیچیدہ معاملات پر بھی بات چیت کر سکیں۔"[50]

یہ بات بڑی واضح ہے کہ اگر پاکستان کو جوہری ٹیکنالوجی اور جوہری مواد فروخت کرنے پر عائد پابندی ختم کر دی گئی تو اس سے ایٹمی عدم پھیلاؤ کی مہم کو کافی نقصان پہنچے گا۔ امریکہ بھارت

جوہری معاہدے کی وجہ سے یہ معاملہ پہلے ہی کافی کمزور پڑ چکا ہے۔ اسرائیل بھی نیوکلیئر سپلائرز گروپ کی طرف سے خود پر عائد پابندیاں ختم کرنے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ تاکہ وہ ایٹمی ری ایکٹرز اور ان میں استعمال ہونے والا ایندھن درآمد کر سکے۔ چنانچہ یہ خطرہ ہے کہ اس طرح جوہری عدم پھیلاؤ کا معاہدہ (این پی ٹی) ایک مذاق بن کر رہ جائے گا اور اپنی حیثیت کھو دے گا۔ این پی ٹی کے معاہدے سے باہر رہنے کا فیصلہ کرنے اور ایٹمی ہتھیار بنانے والی ریاستوں کو معاف کر دینا اس سوچ کا مذاق اڑانے کے مترادف ہے کہ این پی ٹی ترک اسلحہ کی طرف بڑھنے کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا کر سکتا ہے۔ علاوہ ازیں جب جوہری تجارت اور اس کی ٹیکنالوجی کے حصول میں این پی ٹی پر دستخط کرنے والے اور اس پر دستخط نہ کرنے والے ممالک کے درمیان فرق ختم ہو جائے گا تو اس معاہدے کا حصہ بننے والے ممالک قدرتی طور پر یہ سوال اٹھائیں گے کہ انہیں این پی ٹی پر دستخط کرنے کا کیا صلہ ملا؟

پاکستان کے ساتھ جوہری معاہدہ کئی لحاظ سے بھی مہنگا پڑے گا۔ اس سے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کو پہلے سے کہیں زیادہ طاقتور سیاسی، معاشی اور تکنیکی قوت بننے کا موقع مل جائے گا۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ اٹامک انرجی کمیشن یورینیم کی کان کنی سے لے کر جوہری ہتھیاروں کیلئے پلوٹونیم کی تیاری تک کی خدمات سرانجام دیتا ہے یعنی پلوٹونیم بنانے والے ری ایکٹر بنانا ان کو چلانا اور جوہری ہتھیاروں کے پروگرام کے تحت ری پروسیسنگ اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ یہی کمیشن تین ایٹمی بجلی گھر بھی چلاتا ہے۔ ان میں سے ایک 1980ء کی دہائی میں کینیڈا سے خریدا گیا 125 میگاواٹ کا پلانٹ ہے جبکہ دوسرے دو بجلی گھر 300 میگاواٹ کے ہیں جو 1990ء کی دہائی میں چین سے خریدے گئے تھے۔ پاکستان کے اقتصادی منصوبے کے مطابق اسے وسیع پیمانے پر ایٹمی بجلی حاصل کرنے کی ضرورت پڑے گی۔ 2020ء تک 2800 میگاواٹ جبکہ 2030ء تک 8800 میگاواٹ۔ [51] توانائی کی اس ضرورت کو پورا کرنے کیلئے زیادہ بڑے اور زیادہ قیمتی ری ایکٹرز کی ضرورت پڑے گی جن کی درآمد کمیشن کے ذریعے ہوگی اور سارے معاملات اس کی نگرانی میں چلیں گے۔ وسیع تر جوہری شعبہ پاکستان کو ہتھیاروں کے پروگرام کیلئے اصل اقتصادی وسائل، تکنیکی مدد، مواد اور افرادی قوت مہیا کرے گا۔ حالانکہ پاکستان دیگر ذرائع سے بجلی کی قلت پر کم لاگت اور زیادہ تیزی کے ساتھ

قابو پا سکتا ہے۔ یہ کام قدرتی گیس سے چلنے والے پاور پلانٹ لگا کر کیا جا سکتا ہے جو کم لاگت کے بھی ہوتے ہیں اور جن کی تعمیر میں وقت بھی کم لگتا ہے۔

پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کے کمپلیکس کے منتظم اور فوج کے سٹریٹیجک پلانز ڈویژن کو انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر مذاکرات شروع کرنے میں کچھ زیادہ دلچسپی نظر نہیں آتی۔ معاہدے کو تکمیل تک پہنچانے یا ایسے کسی حتمی معاہدے پر دستخط کرنے میں ان کی دلچسپی تو اور بھی کم ہے۔ جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ یہ کمپلیکس اس وقت بڑے پیمانے پر وسعت کے دور میں ہے۔ خوشاب کے مقام پر دو نئے ری ایکٹرز (نمبر 2 اور نمبر 3) تعمیر کیے جا چکے ہیں، اور تیسرے پر تیزی سے کام جاری ہے۔ [52, 53] ان سب میں خاصی بھاری سرمایہ کاری ہو چکی ہے۔ اگر انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر مذاکرات کا عمل شروع ہوا اور مناسب رفتار میں آگے بڑھتا رہا تو ایسی صورت میں خوشاب کے ان ری ایکٹروں سے پلوٹونیم کی پیداوار عارضی طور پر روکنے کے لئے عالمی برادری کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ جس کا مطلب ہوگا کہ صرف موجودہ جگہوں پر پیداوار بند کر دی جائے بلکہ نئی جگہوں کی تعمیر بھی روک دی جائے۔ اس طرح نئے ری ایکٹرز اور ری پروسیسنگ پلانٹس کی تعمیر پر لگایا گیا اب تک کا تمام سرمایہ ضائع جائے گا۔ واضح رہے کہ خوشاب ری ایکٹرز بجلی پیدا نہیں کرتا۔ اس سے منسلک ری پروسیسنگ پلانٹس کی اگر پاکستان کے پرامن جوہری توانائی کے پروگرام کے لئے کوئی اہمیت ہے بھی تو وہ بہت محدود ہے۔ دوسری بات یہ کہ پاکستان ترک اسلحہ کانفرنس میں انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر پیش رفت کو روکنے کی ہمت خود میں اس وجہ سے پاتا ہے کہ اسے اندازہ ہے کہ امریکہ یا دیگر ممالک کو اس معاہدے کی کوئی پرواہ ہے اور نہ جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں کی وجہ سے ان کی سیکیورٹی کی یقین دہانی رہی ہے۔ چنانچہ پاکستان کا خیال یہ ہے کہ ترک اسلحہ کانفرنس کے ممبر پاکستان پر دباؤ ڈالتے رہیں گے کہ وہ بات چیت کا آغاز ہونے دے، دوسرے جانب بھی اس سلسلے میں اسلام آباد کو یاددہانیاں کراتے رہیں گے لیکن یہ سب سفارتی معمولات کے طور پر ہوگا۔ کسی ایسی قومی ترجیح کے طور پر نہیں کہ جس میں پاکستان سے تقاضا ہو کہ وہ اپنی پالیسی پر نظرثانی کرے اور اپنی پوزیشن بدلے۔

اسلام آباد سے نظر یہ آتا ہے کہ القاعدہ، طالبان، افغانستان اور قبائلی علاقوں کے بارے

میں بات چیت کیلئے اعلیٰ سطح کے حکام اکثر پاکستان آتے رہتے ہیں۔ ان امریکی حکام میں چیئرمین جائنٹ چیفس آف سٹاف ایڈمرل مائیکل مولن، ہیڈ آف سنٹرل کمانڈ جنرل ڈیوڈ پیٹریاس اور افغانستان و پاکستان کیلئے امریکی صدر کے نمائندہ خصوصی رچرڈ ہالبروک شامل ہیں۔ یاد رہے کہ مائیکل مولن اب تک پاکستان کے چوبیس سے زیادہ دورے کر چکے ہیں۔ رچرڈ ہالبروک مختصر بیماری کے بعد وفات پا چکے ہیں اور ان کی جگہ گراس مین یہی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ یہ بات قابل غور ہے کہ 2010ء میں ہیلری کلنٹن کے دورۂ پاکستان کے دوران بھی جوہری ہتھیاروں کے معاملات کو منظر عام پر نہیں لایا گیا بلکہ مسئلہ کو پاکستان کے جوہری ہتھیاروں اور ایٹمی مواد کی حفاظت تک محدود رکھا گیا۔ حتیٰ کہ محسوس ہو جیسے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو بھی بھلایا جا چکا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ امریکہ کے نزدیک جنوبی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ سے زیادہ اہم طالبان کے خلاف جنگ ہے۔ بالکل ویسے ہی جیسے 1980ء کی دہائی میں امریکہ کے نزدیک پاکستان کو ایٹمی ہتھیار تیار کرنے سے روکنے کی نسبت سوویت یونین کے خلاف جنگ زیادہ اہمیت کی حامل تھی۔

9.11 ۔ حاصل بحث

جہاں تک انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر مذاکرات کا تعلق ہے، پاکستان کی سلامتی کے منتظمین خاص طور پر جو اس وقت حاضر سروس ہیں، اپنے بغیر معنوں کے مطابق اپنی پچھلی پالیسیوں کی روش کے مطابق بھارت کے ساتھ سٹریٹجک برابری قائم کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ مذاکرات میں رکاوٹ ڈال کر ایک طرف تو وہ خود انشقاقی مواد کے ڈھیر اکٹھے کر رہے ہیں، دوسری طرف وہ عالمی برادری کی توجہ پاکستان اور بھارت کے درمیان تیار شدہ انشقاقی مواد کے فرق، بھارت کی موجودہ فوجی تیاریوں، خاص طور پر میزائل کے دفاعی نظام کے حصول کیلئے بھارت کی کوششوں اور امریکہ بھارت جوہری معاہدے کے بارے میں اپنے تحفظات کی طرف دلاتے رہتے ہیں۔ مذاکرات میں رکاوٹ ڈالنے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس سے پاکستان کی جوہری اشرافیہ خود اپنے لئے بھی بھارت کی طرز پر جوہری معاہدے کے امکانات کا راستہ کھلا سمجھتی ہے۔ ایسے کسی معاہدے کی اگر اجازت دے دی گئی تو اس شرط کا

پاکستان کے توانائی کے شعبے اور وسیع تر معیشت میں اثر و رسوخ بڑھے گا' اور ہتھیاروں کے پروگرام کیلئے اضافی وسائل میسر آئیں گے۔

ترک اسلحہ کانفرنس میں پاکستان کے سفیر ضمیر اکرم نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان نے انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے کے بارے میں وسیع تر قومی مفادات میں اصولی موقف اختیار کیا ہے اور اعلان کیا کہ ''اگر ضرورت پڑی تو ہم ایک شاندار تنہائی کا شکار ہونے کیلئے بھی تیار ہیں۔''[154] تاحال تو پاکستان اس میں کامیاب ہے کیونکہ اس کے نتائج بہت زیادہ سخت نہیں رہے کیونکہ امریکہ اور اس کی سرپرستی میں عالمی برادری کی توجہ طالبان اور القاعدہ کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ تعلقات پر ہے کہ وہ بہتر رہیں۔ انشقاقی مواد کی تیاری پر پابندی کے معاہدے پر بات چیت کا آغاز کرنے کیلئے امریکہ اور دوسرے بڑے ممالک بشمول غیر جوہری ممالک کو اس معاملے کو ایجنڈے کا ترجیحی حصہ بنانا ہوگا۔ اس سلسلے میں پہلا قدم بہرحال امریکہ اور دیگر دلچسپی رکھنے والے ممالک کے رہنماؤں کو پاکستان سے بات کرنی ہوگی۔

اگرچہ پاکستان سب سے زیادہ اصرار کر رہا ہے کہ انشقاقی مواد کے معاہدے میں پہلے سے موجود ذخیروں کو بھی شامل کیا جائے، تاہم اس سلسلے میں وہ اکیلی آواز نہیں ہے۔ گروپ 21 کے ساتھ برازیل، نیوزی لینڈ اور جاپان جیسے ممالک نے بھی یہ مطالبہ کیا ہے تاکہ معاہدے سے وہ فائدے حاصل کئے جا سکیں، جو جوہری عدم پھیلاؤ کی روح کے مطابق بھی ہوں۔ ان ممالک اور معاہدے پر کام شروع کرنے کے خواہش مند دیگر ممالک کو چاہئے کہ وہ پاکستان کو اس امر کی یقین دہانی کرائیں کہ اس معاہدے میں انشقاقی مواد کے موجودہ ذخائر کا معاملہ مؤثر انداز میں شامل کئے جانے کے مقصد میں وہ پاکستان کا ساتھ دیں گے۔ 2010ء میں ہونے والی این پی ٹی جائزہ کانفرنس میں بھی اس بات کی یقین دہانی کرائی گئی۔ یہ کام ان ممالک نے کیا جو 2000ء میں ہونے والی جائزہ کانفرنس میں طے پانے والے معاملات سے اپنی وابستگی قائم رکھے ہوئے ہیں۔ یاد رہے کہ اس کانفرنس میں اس بات کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا کہ ''جتنا جلدی ممکن ہو جوہری حیثیت کی حامل تمام ریاستوں کی جانب سے یہ انتظامات کئے جائیں کہ وہ اپنے پاس موجود تمام انشقاقی مواد عالمی ایٹمی ایجنسی کی نگرانی میں یا کسی دیگر عالمی نوعیت کے تصدیقی نظام کے تحت رکھوا دیں تاکہ یہ تصدیق ہو سکے کہ یہ غیر فوجی مقاصد کیلئے ہے اور دوبارہ کبھی فوجی

استعمال میں نہیں آئے گا۔"[55] ایسے ذخیروں کا کیا کیا جائے؟ اس کا ایک حل معاہدے کے اس مسودے میں موجود ہے جو بین الاقوامی پینل برائے انشقاقی مواد نے تیار کیا ہے۔[56]

ضروری ہے کہ انشقاقی مواد پر پابندی کے معاہدے پر مذاکرات کا جلد آغاز کیا جائے اور اس معاملے کو غیر معینہ مدت تک زیر التوا نہ رکھا جائے۔ وہ ممالک جو ابھی تک انشقاقی مواد تیار کرنے میں مصروف ہیں، خاص طور پر پاکستان، ان کی خواہش ہے کہ اس معاملے کو طول دیا جائے اور معاہدے کی تکمیل میں زیادہ سے زیادہ تاخیر کی جائے تاکہ انہیں اپنے انشقاقی مواد کے ذخائر میں اضافے کا موقع مل جائے۔ وہ ممالک جو مواد پر پابندی کے معاہدے کے حق میں ہیں انہیں اس کا اظہار کرنا چاہیے اور اس بات پر زور دینا چاہیے کہ 2000ء کی این پی ٹی کانفرنس میں انشقاقی مواد پر پابندی کے معاہدے کے بارے میں جو کچھ کہا گیا تھا اس پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ یعنی معاہدے پر مذاکرات کا آغاز کیا جائے اور اس بحث کو پانچ برس کی مدت کے اندر مکمل ہو جائے۔ مذاکرات کا عمل شروع کرنے، اس کی رفتار برقرار رکھنے اور معاہدے کی منظوری کی منزل تک تیزی سے پہنچنے کے لئے لازم ہے کہ پاکستان سمیت انشقاقی مواد کے حامل دیگر ممالک اس مذاکرات کا حصہ بنیں۔ تاہم جوہری ہتھیاروں کی حامل ریاستوں کے لئے بھی لازم ہے کہ تخفیف اسلحہ کو ایجنڈے کا حصہ بنائیں۔ این پی ٹی کی جائزہ کانفرنس ان کے لئے اچھا موقع فراہم کرتی ہے۔



12

ایٹمی ہتھیاروں سے لیس جنوبی ایشیاء

مستقبل کے بارے میں چند قیاس آرائیاں

پرویز ہود بھائی، ضیاء میاں

ایٹمی طاقت کے حامل جنوبی ایشیاء کا مستقبل بہت پیچیدہ طور پر دو عوامل کے ساتھ منسلک ہے۔ ایک بھارت اور پاکستان کے درمیان کشمکش اور دوسرا عالمی ایٹمی نظام۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان پائے جانے والے اختلافات جنوبی ایشیاء کے پورے خطے اور پوری نسل انسانی کے لیے ایک بڑا اور فوری خطرہ ہیں۔ خدشہ ہے کہ یہ اختلافات مزید پچاس برس قائم رہیں گے۔ بھارت اور چین اگر امریکہ کے ہم رتبہ نہیں بنے تب بھی وہ تیز رفتار سے ترقی کرتے رہیں گے۔ ان کے درمیان مخاصمت بھی کسی طرح قائم رہے گی اور یہ صورتحال اس امر کو یقینی بنائے رکھے گی کہ آنے والی دہائیوں میں بھی پاکستان اس خطے کی عالمی سیاست کی بساط پر مرکزی حیثیت کے ساتھ موجود رہیگا۔

آنے والے وقتوں میں پاک بھارت تعلقات نازک صورتحال سے دوچار رہیں گے۔ دونوں ملکوں کا یہ تعلق تزویراتی (سٹرٹیجک) تعلقات کے ایک بڑے اور وسیع میدان کا حصہ بنتا جا رہا ہے جس میں امریکہ و چین بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستان میں انتہا پسند مذہب کی سیاست جو آنے والی دہائیوں کے دوران طاقت پکڑ سکتی ہے، بھارت و مغرب کے خلاف محاذ آرا ہے۔ زیر نظر مضمون میں خاص طور پر ایٹمی جنگ اور ایٹمی دہشت گردی کے خطرات کا جائزہ لیا جائے گا۔

ہم یہ بات بھی زیر غور لائیں گے کہ پاکستان اور بھارت کو جوہری ہتھیار ترک کرنے کی نئی عالمی کوششوں پر کیا ردعمل ظاہر کرنا چاہیے۔

1 12 ۔ جوہری حرکیات (Nuclear Dynamics)

پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ ان گہرے اختلافات کا مظہر ہے جس نے دونوں ملکوں میں ایک مستقل شکل اختیار کر رکھی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان کشمیر کے معاملے پر 1948ء اور 1965ء میں جنگیں لڑی گئیں اور پھر مشرقی پاکستان میں 1971ء میں جنگ لڑی گئی جس میں بھارت نے مداخلت کر کے پاکستان کو شکست فاش دی۔ ان جنگوں نے دونوں اطراف خاص طور پر پاکستان میں اس سوچ میں شدت پیدا کی کہ سرحد پار رہنے والے ان کے دشمن ہیں۔ اس کے تھوڑے عرصے بعد ہی 1974ء میں بھارت نے پہلا ایٹمی تجربہ کیا۔ اس طرح پاکستان کو اس دوڑ میں لگا دیا گیا کہ وہ بھی ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس دشمنی نے نہ صرف دونوں ملکوں کے درمیان معاشی، سیاسی اور ثقافتی تعلقات کو محدود کیا بلکہ اس سے جنوبی ایشیاء میں علاقائی اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کو جڑ پکڑنے کا مناسب موقع نہیں مل سکا۔

حالیہ برسوں میں ایٹمی ہتھیاروں کی نسبت سے پالیسیاں مزید سخت ہو گئی ہیں، اور لگتا ہے کہ جنوبی ایشیاء میں محاذ آرائی ابھی جاری رہے گی، کیونکہ تناؤ میں کمی یا دشمنی کے خاتمے کے آثار نظر نہیں آتے۔ جنوبی ایشیاء کے یہ دونوں ملک مسابقت کی ایک ایسی خطرناک دوڑ کا آغاز کر چکے ہیں، جس کا کوئی اختتام نظر نہیں آتا۔ دونوں اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام کو وسعت دینے اور ان کی استعداد بڑھانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

یہ واضح ہے کہ بھارت خطے کی بڑی جوہری طاقت بننے کے خواب دیکھ رہا ہے۔ جولائی 2009ء میں اس نے اپنی پہلی ایٹمی آبدوز سمندر میں اتاری اور اس کا پروگرام کئی مزید آبدوزیں بنانے کا ہے۔ وہ کئی طرح کے میزائل بھی تیار کر رہا ہے۔ ان میں 3500 کلومیٹر کی مار والی کے۔3 میزائل، زمین سے میزائل اور آبدوزوں سے چلائے جانے والے بیلسٹک میزائل شامل ہیں۔

پاکستان کے پاس تکنیکی اور معاشی دونوں طرح کے وسائل کی شدید قلت ہے۔ اس کے

باوجود وہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد بڑھانے اور بھارت کے ساتھ برابری قائم رکھنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ وہ پلوٹونیم کی پیداوار بڑھانے کے لیے نئے ری ایکٹر تعمیر کر رہا ہے اور اس سے متعلق ایندھن کی تیاری اور ری پروسیسنگ پروگرام کو وسعت دے رہا ہے۔ ان ساری تنصیبات کی زندگی 40 سال یا اس کے لگ بھگ ہو سکتی ہے۔

اندازہ ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں میں سے ہر ایک کے پاس ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد 100 کے لگ بھگ ہے۔ انہیں یہاں تک پہنچنے میں چوبیس برس کا عرصہ لگا۔ ممکن ہے کہ ہتھیاروں کی تعداد میں اگلی دو تین دہائیوں کے دوران حیرت انگیز اضافہ ہو جائے تقریباً اتنے جتنے اس وقت برطانیہ، چین اور فرانس کے پاس ہیں۔

وقت گزرنے کے ساتھ بہت سے دیگر ممالک کی طرح بھارت اور پاکستان کے لیے بھی ایٹمی ہتھیاروں اور ان کے ترسیلی نظام بنانا آسان سے آسان تر ہوتا جا رہا ہے، اور سستا بھی۔ جدید ٹیکنالوجی ساختہ حصوں modules پر مشتمل ہوتی ہے اور سائنسی اصولوں کا تفصیلی علم اب تجاتی ضروری نہیں رہا۔ اب ایٹمی ہتھیار بنانے کے لیے سائنس دانوں کی ضرورت کم ہے: انجینئر ہی کافی ہیں۔

کمپیوٹر سے چلائی جانے والی خودکار اور دوسری مشینوں کے ذریعے درست پیمائشوں کے مطابق پرزوں کی نقل بمطابق اصل تیاری اب آسان بن گئی ہے۔ سائنسی پیچیدگیوں کو ظاہر کرنے کے لیے "راکٹ سائنس" کی اصطلاح اب درست نہیں رہی۔ ان وجوہات کی بنا پر اور چین کی مدد سے پاکستان جوہری ہتھیاروں کا ذخیرہ تیار کرنے میں کامیاب ہو چکا ہے۔

ایٹمی ہتھیار روایتی ہتھیاروں کا متبادل ثابت نہیں ہوتے ہیں۔ جس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ بھارت اگلے پانچ برس کے دوران ہتھیاروں پر 55 بلین ڈالر خرچ کرنے والا ہے۔[1] بھارت کی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ چنانچہ کہا جا رہا ہے کہ جوں جوں معیشت مزید ترقی کرے گی اس کا فوجی بجٹ بھی اسی تیزی سے بڑھتا جائے گا۔ بھارت کا فوجی بجٹ پہلے ہی دنیا بھر میں آٹھواں بڑا بجٹ قرار دیا جاتا ہے

جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے، 2010-11ء کے لیے اس کے دفاعی اخراجات 6 بلین ڈالر کے لگ بھگ تھے۔ یہ اخراجات 2009ء کے اخراجات کی نسبت 30 فیصد زیادہ تھے اور کل

بجٹ کا 21 فیصد تھے۔[2] 2001ء سے اب تک پاکستان نے ہتھیاروں کیلئے 6 بلین ڈالر سے زائد کے معاہدے کیے ہیں۔ ان میں نئے ایف 16 طیاروں کی خرید کا معاہدہ بھی شامل ہے۔ پاکستان کا پرانا ساتھی اور اتحادی ملک چین بھی پاکستان کو طیارے اور دوسرے ہتھیار فراہم کر رہا ہے۔

بھارت اور پاکستان دونوں غریب ملکوں میں شمار ہوتے ہیں تاہم انہوں نے ایٹمی اور روایتی ہتھیاروں کی تیاری و خریداری کے لیے بھاری رقوم مختص کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہاں ایٹمی فوجی صنعت کے کمپلیکس میں اضافہ ہوگا۔ تاہم یہ واضح ہے کہ آنے والی دہائیوں کے دوران دونوں ملکوں میں فوجی مسابقت اور اس سے منسلک دیگر اخراجات میں اضافے کو روکنا زیادہ مشکل ہو جائے گا۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان اسلحہ کی دوڑ، دو طرفہ سے ظاہر ہونے والے بحران اور ایٹمی معاملات ایسے عوامل ہیں جن کی وجہ سے پورے جنوبی ایشیاء کے حالات غیر مستحکم رہنے کا خدشہ ہے۔ 25 برسوں سے یہاں جنوبی ایشیا کی تنظیم برائے علاقائی تعاون (سارک) کام کر رہی ہے لیکن پاکستان اور بھارت کے مابین جاری جھگڑوں نے ان امیدوں کو مایوسی میں تبدیل کر دیا ہے جو اس خطے کے عوام نے تنظیم سے وابستہ کر رکھی تھیں۔ سارک تنظیم کے منشور میں درج ہے کہ "رکن ممالک کے درمیان باہمی سمجھوتوں، اچھے ہمسایوں جیسے تعلقات اور باہمی تعاون پیدا کر کے جنوبی ایشیاء کے پورے خطے میں امن، آزادی، سماجی انصاف اور معاشی خوشحالی کے مقاصد پورے کیے جا سکتے ہیں۔" جب تک بھارت تنازعات کو ختم نہیں کرتا یہ ناممکن ہوگا کہ جنوبی ایشیا میں قوموں کی ایک ایسی متحد کمیونٹی تشکیل دی جا سکے جس میں اس خطے کے مشترکہ سیاسی، معاشی، سماجی اور ماحولیاتی بحرانوں سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت ہو۔

12 2 ۔ علاقائی اور عالمی حرکیات

ایٹمی صلاحیت کے حامل جنوبی ایشیاء کا مستقبل بڑی طاقتوں کی سیاست میں لپٹا ہوا ہے۔ چونکہ دہائیوں سے امریکہ چاہتا ہے کہ بھارت کو ایشیاء کے لیے اپنے تزویراتی اور معاشی منصوبوں کا حصہ بنا سکے، خاص طور پر چین کے مد مقابل کے طور پر ابتدائی برسوں میں ہی امریکہ نے یہ

میں قائم رہی کہ بھارت مغرب کا حامی ایک ایسا جمہوری اور سرمایہ دار ملک بن جائے جس میں کمیونسٹ چین کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت ہو۔ یاد رہے کہ چین میں بھارت کی آزادی کے دو سال بعد 1949ء میں انقلاب آیا تھا۔

چین کی معیشت نے حالیہ برسوں میں جس تیزی سے ترقی کی ہے اس سے وہ ایک ممکنہ عالمی طاقت کے طور پر امریکہ کا مدمقابل نظر آنے لگا ہے۔ چنانچہ اس کا سدباب کرنے کیلئے امریکہ نے بھارت کی خدمات حاصل کرنے کی کوشش شروع کر دی ہے۔ دوسری جانب بھارتی رہنماؤں نے بھی امریکہ کے ساتھ بڑھتے ہوئے تعلقات کو بھارت کو ایک بڑی طاقت بنانے کے لئے استعمال کرنے کی ٹھانی ہے۔ اس لئے بھارت امریکہ تعلقات کو جنوری 2004ء میں تزویراتی شراکت میں اگلے قدم (New Steps in Strategic Partnership) کے نام سے ہونے والے معاہدے کی صورت میں عملی شکل دی گئی۔ امریکہ کے ایک سینئر سرکاری افسر نے اس وقت اعلان کیا تھا کہ "اس معاہدے کا مقصد 21ویں صدی کی ایک بڑی عالمی طاقت بننے میں بھارت کی مدد کرنا ہے۔۔۔ ہم اس معاہدے کے مضمرات سے بخوبی واقف ہیں، بشمول فوجی مضمرات کے۔"(3)

بھارت کے چین کے ساتھ تعلقات کی نوعیت پاکستان کے ساتھ تعلقات سے یکسر مختلف ہے۔ یہ مخاصمانہ ہیں۔ سالہا سال سے تناؤ اور کشیدگی سے بھرپور پاک و ہند تعلقات کا خاصہ ہیں۔ حالیہ برسوں کے دوران بھارت اور چین کے مابین تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے۔ تاہم بھارتی حکمران طبقے کا ایک حصہ چین کو ہوا بنا کر پیش کرتا ہے تاکہ بھارت کے دفاعی اخراجات بڑھتے رہیں۔ بھارتی فوج کے سربراہ اور چیفس آف سٹاف کے چیئرمین جنرل دیپک کپور نے کہا تھا کہ "ہم اپنی فوج کو اس قابل بنانا چاہتے ہیں کہ اسے جنگ کے لیے تیزی سے حرکت میں لایا جا سکے اور یہ بیک وقت دو محاذوں یعنی پاکستان اور چین کے ساتھ لڑنے کی صلاحیت کی حامل ہو جائے۔"(4) بھارت یہ بھی چاہتا ہے کہ وہ خلیج فارس سے آبنائے ملاکا تک (جو بحر ہند کو بحرالکاہل کے ساتھ ملاتی ہے) اپنی فوجی طاقت کا مظاہرہ کرنے کے قابل ہو جائے۔ بھارت کی یہ بھی خواہش ہے کہ اس کے پاس بیلسٹک میزائل سے تحفظ کا نظام موجود ہو اور خلا سے استعمال ہو سکنے والی صلاحیتیں ہوں۔

بھارت کی ان خواہشات میں پاکستان کے لیے واضح خطرات ہو سکتے ہیں۔ جب بھارت امریکہ کی مدد سے اپنی فوجی طاقت میں اضافہ کرے گا تو لامحالہ پاکستان کو اپنی دفاعی ضروریات پوری کرنے کے لیے چین پر انحصار بڑھانا پڑے گا۔ معیشت کی یہ دوڑ آنے والی دہائیوں کے دوران بھی اعلیٰ سطح پر جاری رہے گی۔ گولڈمین سیکس (Glodman Sachs) نے برازیل، روس، بھارت اور چین کی مستقبل کی معیشتوں کے بارے میں کچھ اندازے قائم کیے ہیں جن میں دکھایا گیا ہے کہ 2050ء تک بھارت کا جی ڈی پی امریکہ کے جی ڈی پی کے برابر ہو جائے گا یعنی 37 ٹریلین ڈالر اور یہ چین کے ملکی جی ڈی پی کا نصف ہوگا۔ پاکستان کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ اس کی معیشت 2050ء میں 2010ء کی نسبت 14 گنا بڑھ جائے گی۔

اس علاقے کی جوہری حرکیات میں ایک اضافی پہلو ایران کی بڑھتی ہوئی ایٹمی صلاحیت ہے جو ہتھیاروں کے ایک مکمل پروگرام میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ بھارت اور پاکستان دونوں نے جوہری ہتھیار بنانے کا فیصلہ کرنے سے کئی سال پہلے سول ایٹمی صلاحیت حاصل کر لی تھی۔

3 12 - جوہری خطرات اور ان کے نتائج

آزادی کے بعد کے 50 برسوں کے دوران پاکستان اور بھارت کے درمیان جو بحران بار بار ابھرتے رہے، ان میں ایٹمی ہتھیاروں کے آنے سے کوئی کمی نہیں آئی ہے۔ 1998ء کے ایٹمی تجربات کے فوری بعد بڑے بحران پیدا ہوئے اور ایک جنگ بھی چھڑ گئی۔ بحران آئندہ بھی آتے رہیں گے اور ان کے ساتھ جنگ، اور جنگ کے ایٹمی جنگ میں تبدیل ہو جانے کا امکان ہوگا۔ ایک اور نیا خطرہ ایٹمی دہشت گردی کا پیدا ہو گیا ہے۔ پاکستانی رہنما واضح کر چکے ہیں کہ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں وہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال میں پہل کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ یہ دھمکی جنگ کو روکے رکھے گی۔ دراصل وہ خطرہ محسوس کرتے ہیں کہ روایتی جنگ ہوئی تو بھارت اپنی عام فوجی طاقت سے ان پر غالب آ سکتا ہے۔ اگرچہ بھارت نے ایٹمی ہتھیار پہلے استعمال نہ کرنے کے معاہدے کی پیشکش کر رکھی ہے پھر بھی اس کی مسلح فوج پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کو اس کے استعمال سے پہلے تباہ کرنے کی تیاریاں بھی کر چکی ہیں۔ علاوہ ازیں اگر ایک

یقین ہو جائے کہ دشمن کے ایٹمی میزائل نصب ہیں اور لانچ کیے جا سکتے ہیں تو بھارتی افواج ان کے خلاف ایٹمی حملہ کرنے کی بھی منصوبہ بندی کر چکی ہے۔ ایسی صورتحال کے مدِنظر رکھتے ہوئے پاکستان کوشش کرے گا کہ ایٹمی ہتھیار چلانے میں پہل نہ کرے، تاکہ ان ہتھیاروں کو بھارت کی جانب سے کولڈ سٹارٹ جیسے کسی بڑے روایتی حملے میں ضائع کرنے کے بجائے انہیں استعمال کر لے۔

ہیروشیما اور ناگاساکی کا تجربہ بتاتا ہے کہ صرف ایک چھوٹا ہتھیار بھی ایک جدید شہر کو تباہ و برباد کر سکتا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ان میں سے ہر شہر میں ایک لاکھ افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ تاہم ان شہروں سے تھوڑی دور رہنے والے ایٹمی دھماکوں سے براہِ راست متاثر نہیں ہوئے تھے اور اس قابل رہے کہ تباہی و بربادی کے شکار علاقوں سے آنے والوں کو پناہ دیں اور زخمی ہونے والوں کے علاج معالجے کا بندوبست کر سکیں۔ یہ ممکن ہے کہ بھارت اور پاکستان کی لڑائی جنگ ہو اور اس میں صرف ایک بم چلا دیا جائے۔ اگر دونوں طرف سے پانچ پانچ ایٹم بم بھی چلا دیے گئے اور شہروں کو نشانہ بنایا گیا تو خدشہ ہے کہ اس سے 30 لاکھ افراد ہلاک ہو جائیں گے اور زخمی ہونے والوں کی تعداد بھی اسی کے لگ بھگ ہوگی۔[5] ایسی تباہی کے اثرات ختم کرنا اور اس سے ہونے والے جانی و مالی نقصان کا ازالہ کرنا دونوں ملکوں کی استعداد سے باہر ہے۔ اس خطے کے دیگر ممالک کے پاس بھی مدد دینے کے لئے وسائل نہیں ہیں۔ وسیع بین الاقوامی برادری بھی بمشکل اس بحالی کی کوشش میں ہاتھ بٹا سکے گی۔

ایک پاک بھارت ایٹمی جنگ نہ صرف جنوبی ایشیاء کو ہلا کر رکھ دے گی بلکہ اس سے باقی دنیا کا ایک بڑا حصہ بھی متاثر ہوگا۔ ایک حالیہ تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ اگر دونوں ملک پچاس پچاس ایٹمی ہتھیار استعمال کریں تو ان کی وجہ سے تباہ ہونے والے شہروں سے اٹھنے والا دھواں پانچ دن میں پورے جنوبی ایشیاء کے خطے میں پھیل جائیگا، دس دن میں یہ پوری دنیا پر گردش کرنا شروع کر دے گا اور دو ماہ سے کم عرصے میں یہ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ یہ دھواں سورج کی روشنی کو کم کر کے ایک دہائی تک رہے گا جس سے زمین کی سطح سرد ہو جائے گی۔ اس طرح خشک سالی پیدا ہوگی۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ اس سے پوری دنیا کی زراعت تباہ و برباد ہو جائے گی۔[6] ان خدشات کا تقاضا ہے کہ جنوبی ایشیاء کے خطے کو ایک تباہ کن جنگ سے بچانے پر توجہ

دی جائے۔ علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر زیادہ سے زیادہ کوششیں کی جانی چاہئیں کہ بھارت اور پاکستان کو اسلحے کی دوڑ اور جنگ کے منصوبوں سے روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ انہیں ایک دوسرے کے ساتھ پُرامن طریقے سے رہنے کی ترغیب دی جائے اور انہیں کہا جائے کہ ایک دوسرے کے ساتھ تعاون بڑھائیں۔

پاکستان اور بھارت دونوں کو لاحق ایک اور بڑا خطرہ ایٹمی دہشت گردی کا ہے۔ پاکستان بھر میں 70 سے 100 ایٹمی ہتھیار پھیلے ہوئے ہیں۔ کئی جگہوں پر انشقاقی مواد پیدا کیا جاتا ہے یا اس کو ری پروسیس کیا جاتا ہے۔ اس صورتحال میں مذہبی انتہا پسندوں کی جانب سے خطرہ ہے جو ایٹمی تنصیبات کے اندر بھی ہو سکتے ہیں اور باہر بھی۔ یہ خطرہ سنگین اور حقیقی ہے، لیکن کتنا بڑا ہے اس بارے میں واضح طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ یہ بات کہی جاتی ہیں کہ القاعدہ کی قیادت پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام میں کام کرنے والے ایسے افراد سے رابطہ رکھتی رہی ہے جو اس کے ہمدرد ہیں۔ اسامہ بن لادن اور اس کے ساتھیوں نے خواب دیکھنا شروع کر دیا تھا کہ اگر کچھ مغربی شہروں کو ایٹمی نشانہ بنا دیا جائے تو اس سے امریکہ اس قدر مشتعل ہو جائے گا کہ اپنے ایٹمی ہتھیار استعمال میں لے آئے گا جس کے ردعمل میں ان کے (یعنی اسامہ کے) حامیوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو جائے گا اور یوں وہ مغربی دنیا اور مسلم دنیا کا ایک حتمی مقابلہ کرنے کی پوزیشن میں آ جائیں گے۔

صرف امریکہ کو ہی ایٹمی دہشت گردی سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے بلکہ بھارت اور پاکستان کو بھی اس خطرے سے سنجیدہ رہنے کی ضرورت ہے۔ لندن اور نیویارک القاعدہ کے جنگجوؤں کے ذہنی ہدف ہو سکتے ہیں۔ لیکن دہلی اور اسلام آباد تو ان کے لیے لندن اور نیویارک سے زیادہ آسان اہداف ہیں۔ اگر القاعدہ کوئی سازش کرنے میں کامیاب ہوگئی اور اس کے ردعمل میں بھارت نے پاکستان کے شہر پر کوئی ایٹمی حملہ کر دیا تو اس سے دہشت گردوں کا دونوں ملکوں کے درمیان شدید ٹکراؤ پیدا کرنے کا دیرینہ خواب پورا ہو جائے گا جس میں "کافر" اور "منافق" دونوں مر جائیں گے۔ بھارت اور مغرب کے ساتھ ساتھ جہادی پرست سنی شیعہ مسلمانوں کو بھی دشمن سمجھتے ہیں۔ اگر جہادی پرست انتہا پسندوں نے پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں پر قبضہ کر لیا تو اس کے نتیجے میں ایران مجبور ہو جائے گا کہ وہ ایٹمی ہتھیار بنانے کا کوئی حتمی فیصلہ کرے اور یوں ایک تباہ کن

ایٹمی جنگ شروع ہو جائے۔

پاکستان میں موجود اسلامی جنگجوؤں کی تعداد اور ان کے مآخذ پر غور کیا جائے تو یہ یقین ہونے لگتا ہے کہ یہ ملک میں پھیلا ہوا عمل ہے اور اگلے تقریباً 50 برسوں تک یہ پاکستان اور اس خطے کے مستقبل پر اثر انداز ہوتا رہے گا۔ 1980ء کی دہائی کے دوران جنرل ضیاء الحق کی فوجی حکومت، پاکستان کی مذہبی جماعتوں، سعودی عرب اور امریکہ نے نوجوان افغانوں اور پاکستانیوں پر مشتمل جہادیوں کی ایک مکمل نسل تیار کی۔ وہ مدرسے جو ان جنگجوؤں کو تربیت دیتے رہے تھے، ابھی تک کام کر رہے ہیں اور سینکڑوں ہزاروں بچوں اور بچیوں کے لئے ان کے علاوہ اور کوئی درس گاہیں نہیں ہیں۔ ان میں انہیں شدت پسندوں کے نکتہ نظر کے مطابق جو تعلیم اور تربیت مل رہی ہے وہ ان کے ذہنوں اور سوچ کو کئی دہائیوں تک متاثر کیے رکھے گی۔

12 4 ـ جوہری ہتھیاروں کی تخفیف کا جنوبی ایشیاء پر نفاذ

پاکستان عالمی برادری کیلئے ایٹمی اندیشوں کا مرکز رہا ہے۔ 11 ستمبر 2001ء والے امریکی شہروں پر حملوں کی وجہ سے القاعدہ کی جانب سے ایٹمی دہشت گردی کا خوف بڑھ گیا ہے۔ اکیسویں صدی اپنے ساتھ ایک اور تشویش بھی لے کر آئی ہے اور وہ ہے ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کا خوف ہے۔ 2003ء میں انکشاف ہوا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے ایٹمی ہتھیاروں کی ٹیکنالوجی اور ڈیزائن ایران، لیبیا، شمالی کوریا اور ممکنہ طور پر کچھ دیگر ممالک کو غیر قانونی طور پر بیچے تھے۔ ان نئی صورتحالوں نے طویل عرصے سے ملتوی ایٹمی ہتھیاروں کو تلف کرنے کے معاملے کی عجلت کو اجاگر کر دیا۔

ایٹمی دہشت گردی کا خوف بھی بڑی طاقتوں کو گھیرے ہوئے ہے۔ ستمبر 2009ء میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں متفقہ طور پر منظور کی گئی ایک قرارداد میں تسلیم کیا گیا تھا کہ "ہم سب تمام اقوام کے لیے ایک زیادہ محفوظ دنیا کے خواہش مند ہیں۔ ہم اس بات پر اتفاق رکھتے ہیں کہ ایسا ماحول پیدا کیا جائے کہ یہ دنیا ایٹمی ہتھیاروں سے پاک ہو جائے۔"[7] لیکن ایٹمی ہتھیاروں کا خاتمہ مستقبل قریب میں ممکن نہیں ہو سکے گا۔ 2009ء میں پراگ میں کی گئی تقریر میں جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے امریکی صدر اوباما نے کہا تھا

کہ "ہم دنیا کو ایٹمی ہتھیاروں سے مکمل طور پر پاک کرنے کا ہدف جلدی پورا نہیں کر سکتے۔ کم از کم یہ ہماری زندگیوں میں تو ممکن نہیں ہے۔" وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن نے اسے اور پیچھے دھکیل دیا کہ "شاید ہم ایٹمی ہتھیاروں سے پاک دنیا اپنی زندگی میں بلکہ شاید آنے والی نسلوں کی زندگی میں بھی حاصل نہ کر پائیں۔"[8] گلوبل زیرو نامی ایک بین الاقوامی مہم کے تحت بھی دنیا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ اس مہم کا اہتمام کرنے والوں کا خیال ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کا مکمل خاتمہ 2030ء تک کیا جا سکے گا۔

جنوبی ایشیاء کو ہتھیاروں سے پاک علاقہ (South Asia Nuclear Weapons Free Zone, SANWFZ) بنانے کی تجویز پاکستان اور بھارت پر ایک طرح سے دباؤ ڈالنے کیلئے ہو سکتی ہے تاکہ وہ اپنے ایٹمی عزائم سے باز رہیں اور جنوبی ایشیاء کو ایک مضبوط برادری بنائیں۔ ہو سکتا ہے کہ ابتداء میں اس قسم کے معاہدے میں صرف سری لنکا، بنگلہ دیش، نیپال، افغانستان، مالدیپ اور بھوٹان شامل ہوں۔ معاہدے سے ان ممالک کو موقع ملے گا کہ وہ پاکستان اور بھارت پر ہتھیار ختم کرنے پر آمادہ کرنے کے لئے سرکاری اور عوامی دباؤ ڈال سکیں۔ ان ممالک کو یہ امید بھی ہو سکتی ہے کہ وہ پاکستان اور بھارت میں ہتھیاروں کے خاتمے کی تحریک کو مضبوط بنائیں اور دونوں ممالک کی حکومتوں کو اس بات پر آمادہ کریں کہ سیاسی حالات بہتر کر کے وہ ایٹمی کھیل سے باہر نکل آئیں۔ لاطینی امریکہ، جنوبی بحرالکاہل اور جنوب مشرقی ایشیاء، افریقہ اور وسطی ایشیاء میں ایسے علاقے موجود ہیں جو ایٹمی ہتھیاروں سے مکمل طور پر پاک ہیں۔ ان علاقوں میں واقع ممالک نے یہ تہیہ کر رکھا تھا کہ ایٹمی ہتھیار حاصل نہیں کریں گے۔

12 5 ـ پیش بینی کی کوشش

2060ء میں جنوبی ایشیاء کیسا ہو گا، اس کے بارے میں صرف موٹے موٹے اندازے ہی لگائے جا سکتے ہیں۔ امکان یہی ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان اختلافات قائم رہیں گے۔ دونوں ملکوں کا حکمران طبقہ کئی وجوہ کی بنا پر مصر ہے کہ وہ ایٹمی اور روایتی ہتھیار رکھتا رہے گا چاہے اس کیلئے کتنی ہی معاشی سیاسی اور سماجی قیمت ادا کرنی پڑے۔ وہ ایٹمی جنگ کے خطرے میں زندگی گزارنے کو تیار ہے۔

اس خطے کی جغرافیائی سیاست بھی پیچیدہ اور غیر مستحکم رہے گی۔ چینی طاقت اور اثر و رسوخ کے سد باب اور اسے توازن پیدا کرنے کیلئے امریکہ اور بھارت ایک دوسرے کے ساتھ ہاتھ ملا سکتے ہیں۔ چین بھارت کے مقابلے کی خاطر پاکستان کیلئے اپنی حمایت میں اضافہ کر سکتا ہے۔ امریکہ پر دباؤ بڑھ سکتا ہے کہ وہ پاکستان کو زیادہ امداد فراہم کرے تاکہ وہ انتہا پسند قوتوں سے مغلوب نہ ہو جائے۔ اسلحے کی دوڑ شدید ہو سکتی ہے اور اگر بھارت اور چین کی ترقی کرتی ہوئی معیشتوں کو مد نظر رکھا جائے تو یہ پیش گوئی کی جا سکتی ہے کہ دونوں ممالک کی جانب سے اسلحے کی خریداری اور تیاری پر اور خاص طور پر اعلیٰ ٹیکنالوجی والے اسلحے پر بھاری اخراجات کئے جائیں گے۔ شاید امریکہ اور روس اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو ختم کرنے کے لئے بعد کی مذاکرات کریں، اور برطانیہ، فرانس اور چین بھی بعد ازاں ان کے ساتھ شامل ہو جائیں اور پھر بھارت اور پاکستان کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہیں بچے گا کہ وہ ان ممالک کا ساتھ دیں۔

بھارت اور چین کی معاشی مسابقت بھارت کیلئے سب سے اہم اور تشویشناک ہو سکتی ہے... یہ جانتے ہوئے کہ پاکستان بھارت کو کچو کے لگاتا رہے گا اور اس میں اسے چین کی حمایت حاصل رہے گی ممکن ہے بھارت پاکستان کو بعض معاملات جیسے کشمیر اور دریائے سندھ کے پانی پر کچھ قابل ذکر مراعات دے دے۔ اگر پاکستان اسلامی شدت پسندوں پر قابو پانے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو پاکستان اور بھارت کے مابین تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ اس سے جنوبی ایشیا میں علاقائی تعاون اور استحکام بڑھانے کیلئے نئے دروازے کھل جائیں گے۔

ممکن ہے پاکستان کی فوج اپنے مفادات کی وجہ سے بھارت کے خلاف کوششیں جاری رکھنے کے فیصلے پر قائم رہے، چاہے اس پر جو بھی اخراجات آئیں اور چاہے اس کے جو بھی نتائج برآمد ہوں۔ پاکستان اگر بھارت کے ساتھ اسی طرح مقابلے میں لگا رہا جس طرح کبھی امریکہ اور روس آپس میں مقابلہ کرتے تھے تو اس کو بھاری نقصان اٹھانا پڑے گا۔ اگر یہ دونوں ممالک ہر موقع پر ایک دوسرے سے اسی طرح سبقت لے جانے کی کوشش کریں گے تو جنوبی ایشیا کا یہ پورا خطہ مشکلات میں پھنسا رہے گا۔ اگر یہ مسابقت ہوتا گیا تو اس کا نتیجہ پاکستان کی معاشی سیاسی اور سماجی تباہی کی صورت میں نکلے گا اور وہ انتشار کا شکار ہو جائے گا۔ ایسے حالات میں یہ خدشہ موجود ہے کہ جہادی کوئی ایٹمی ہتھیار اڑا لے جائیں جس سے امریکہ اور بھارت تشویش زدہ ہو کر مداخلت کر

سکتے ہیں۔ اس پر چین کے اندر تشویش پیدا ہو گی اور یہ ساری صورتحال کسی بڑے تنازعے کا باعث بن سکتی ہے۔

اگر ایسا کوئی منظر نامہ تصور کیا جائے تو ہو سکتا ہے کہ کسی شکست کے اندیشے سے دوچار پاکستانی جرنیل ایٹمی جنگ کی دھمکی کا فیصلہ کریں۔

جیسا کہ پچاس سال پہلے کیوبا میزائل بحران سے متعلق ملک بحران کے دوران خوف، غلط اندازے، غلط فیصلے کمانڈ اور کنٹرول کی خامیاں، اور بد قسمتی سب مل کر ایٹمی جنگ کا باعث بن سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوا تو برصغیر کے شہر تابکاری کے کھنڈرات میں تبدیل ہو جائیں گے۔ کروڑوں لوگ مارے جائیں گے جبکہ دھوئیں کی ایک چادر پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی اور اس طرح عالمگیر تباہی پھیل جائے گی۔

13

امریکہ، عالمی غلبہ اور بین الاقوامی تخفیف اسلحہ

پرویز ہود بھائی، ضیا میاں

کہا جاتا ہے کہ ٹیکنالوجی ترقی کرتے کرتے انسانی معاشرت کے قابو سے باہر ہوتی جا رہی ہے۔ اگر اس کا ثبوت درکار ہو تو ہمیں ایٹمی ہتھیاروں کی مسلسل موجودگی سے آگے دیکھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں 25000 سے زیادہ ایٹمی ہتھیار موجود ہیں جبکہ امریکہ اور روس دونوں میں سے ہر ایک کے پاس 10 000 سے زیادہ ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ علاوہ ازیں دونوں ہی ملکوں کے پاس ایسے آلات اور مواد بھی موجود ہیں جو مزید ہزاروں بم بنانے میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ دیگر سات ایٹمی ملکوں میں سے ہر ایک کے پاس اگرچہ صرف چند سو ایٹمی ہتھیار ہیں۔ تاہم ان ممالک کے پاس بھی مزید ایٹمی ہتھیار بنانے کے لیے مواد موجود ہے۔

سب سے پہلے ایٹمی ہتھیار آج سے 65 برس پہلے استعمال کیے گئے تھے۔ اس وقت سے ہی ایٹمی خطرے کو ختم کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں چلائی گئی ایک تازہ ترین بین الاقوامی مہم کا نام گلوبل زیرو ہے۔ گلوبل زیرو کے اعلامیے پر اب تک 400 000 افراد دستخط کر چکے ہیں جس میں درج ہے کہ:[1]

اپنے بچوں، ان سے اگلی نسلوں اور پوری انسانی تہذیب کو ایٹمی خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیے ہمیں پوری دنیا میں موجود تمام ایٹمی ہتھیار لازماً تلف کر دینے چاہئیں۔ چنانچہ ہم ایسے

قانونی طور پر پابند اور قابل تصدیق معاہدے کے لیے کام کرنے کا عزم کرتے ہیں جس میں تمام ممالک شامل ہوں تاکہ ایک خاص مدت میں ایٹمی ہتھیاروں کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

گلوبل زیرو کو توقع ہے کہ وہ ایٹمی صلاحیت کی حامل ریاستوں کو اپنے ایٹمی ہتھیار ختم کرنے پر راضی کر سکے گی اور یہ کہ 2030 تک تمام ایٹمی ہتھیاروں کو تلف کیا جا سکے گا۔ دسمبر 2008 میں اس تحریک کے پہلے اجلاس میں پوری دنیا سے 100 سے زیادہ سیاسی، فوجی، تعلیمی، تجارتی اور سماجی راہنما شریک ہوئے۔ فروری 2010 میں اس کے دوسرے اجلاس میں پوری دنیا سے 200 سے زیادہ اہم اور بڑے راہنماؤں نے شرکت کی۔ امریکی صدر بارک اوباما، روسی صدر دمتری میدویدیو اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بان کی مون نے اجلاس کے نام اپنی حمایت کے پیغامات ارسال کیے۔ امریکی صدر بارک اوباما نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ گلوبل زیرو کو ان کی اور ان کی انتظامیہ کی جانب سے ہمیشہ تعاون ملتا رہے گا۔[2]

کیا کل عالم کو ایٹمی ہتھیاروں سے نجات دلائی جا سکے گی؟ اگر امریکی صدر کی حمایت کی یقین دہانی کو مدنظر رکھا جائے تو یہ کام بڑا آسان معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس معاملے میں بہت سے مسائل بھی درپیش ہیں۔ امریکہ کے پاس اس وقت دنیا بھر میں سب سے زیادہ طاقتور فوج ہے اور وہ مہلک ترین روایتی ہتھیاروں کی ایک نئی کھیپ تیار کرنے کی کوششوں میں بھی مصروف ہے۔ اگر وہ اپنی ان کوششوں میں کامیاب ہو گیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اسے دوسرے ملکوں کو ڈرانے دھمکانے کے لیے ایٹمی ہتھیاروں کی ضرورت نہیں رہے گی۔ جس کا واضح مطلب ہے کہ یہ بات امریکہ کے مفاد میں ہے کہ دوسرے ممالک کے پاس بھی ایٹمی ہتھیار نہ ہوں۔

ایسے ممالک کو جو امریکہ سے یا خود سے زیادہ طاقتور ہمسایہ ملکوں سے خوف میں مبتلا ہیں ان کو اس بات پر آمادہ کرنا مشکل ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کا خاتمہ ان کے اپنے مفاد میں ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں کی بے پناہ طاقت ان ممالک کو امریکہ جیسے زیادہ طاقتور مخالفین کے خلاف تزویراتی (سٹریٹیجک) برابری فراہم کرتی ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں کو تلف کرنے کے لیے ان تمام ممالک کے خدشات کو دور کرنے پر توجہ دینا پڑے گی۔ علاوہ ازیں امریکہ کو اپنی غالب فوجی برتری اور عالمی سطح پر اپنا غلبہ برقرار رکھنے کی کوششوں کو ترک کرنا ہوگا۔

13.1۔ امریکی بم

6 اگست 1945ء کو جاپان کے شہر ہیروشیما پر ایٹم بم گرائے جانے کے بعد امریکی صدر ٹرومین نے دعویٰ کیا کہ "یہ ہتھیار ہماری صلاحیت بڑھانے کے سلسلے میں ایک بنیادی کامیابی ہے جسے امریکہ کی سب سے بڑی کامیابی قرار دیا جا سکتا ہے۔" ان کا کہنا تھا کہ ہیروشیما پر پھینکا جانے والا ایٹم بم جنگوں کی تاریخ میں اب تک استعمال ہونے والے کسی بھی بڑے سے بڑے بم سے دو ہزار گنا زیادہ طاقت کا حامل تھا۔ ٹرومین نے اعلان کیا کہ "اس بم کا بنانا اس لیے ممکن ہو سکا کہ امریکہ نے اس علم کے متعدد شعبوں میں ماہر سائنس دانوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو کام پر لگایا۔ اس کے پاس اس منصوبے کے لیے ضروری اقتصادی اور صنعتی وسائل وافر مقدار میں موجود تھے۔ یہ ناممکن ہے کہ دنیا میں کہیں اور ایسی آمیزش بہم پہنچائی جا سکے۔" یعنی اتنے زیادہ سائنس دانوں اور وسائل کو اکٹھا کیا جا سکے۔ چنانچہ ایک "ناقابل شکست ہتھیار" سے لیس ہو کر امریکہ نے دنیا پر غلبے کی ٹھانی۔

اس موقف سے اختلاف کی آوازیں اٹھتی رہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران امریکہ کے ایٹم بم منصوبے کے سربراہ رابرٹ اوپن ہائمر نے نومبر 1946ء میں خبردار کیا تھا کہ واحد امید یہ ہے کہ امریکہ اپنی ایٹمی اجارہ داری ترک کر دے۔ بصورت دیگر کئی ممالک یہ ٹیکنالوجی حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور اس طرح ایٹم بموں کا خطرہ بڑھتا جائے گا۔ انہوں نے کہا تھا کہ

"میرے خیال میں ایٹم بم کی بجائے اور اس حقیقت کی بنا پر جو سب پر آشکار ہو جائے گی کہ ایٹم بم بنانا اتنا دشوار کام نہیں ہے، اگر لوگ انہیں حاصل کرنا چاہیں گے تو یہ دنیا میں ہر طرف پھیل جائیں گے کیونکہ یہ کسی طاقتور ملک کی معیشت پر اتنا بوجھ بھی نہیں ہوں گے اور یہ کہ وقت کے ساتھ ان کی طاقت بھی بڑھتی جائے گی۔"[3]

اس وقت اقوام متحدہ کا ادارہ نیا نیا قائم ہوا تھا۔ اس نے ایٹمی ترک اسلحہ کے ہدف کو اپنی اولین ترجیح بنا لیا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اس سلسلے میں پہلی قرارداد جنوری 1946ء میں منظور کی گئی۔ جس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ایسے منصوبے تیار کیے جانے چاہئیں جن کا مقصد ایٹمی اور وسیع تباہی پھیلانے والے دیگر بڑے ہتھیاروں کا خاتمہ ہو۔ ان کے

باوجود امریکہ نے پہلے اس نئے ہتھیار کو ترقی دینے کا عمل ترک نہیں کیا اور اوپن ہائمر کی پیش گوئی جلد ہی درست ثابت ہو گئی۔

ایٹمی ہتھیار دوسرے ملکوں تک پھیل گئے۔ کئی ممالک نے چپکے چپکے ایٹمی پروگراموں پر کام شروع کر دیے۔ سوویت یونین نے اپنے پہلے بم کا تجربہ 1949ء میں کیا۔ برطانیہ نے 1952ء اور فرانس نے 1960ء میں ایٹمی تجربے کیے۔ ایٹم بم کی وجہ سے ہائیڈروجن بم بنانا ممکن ہوا۔ یوں دفاعی ہتھیاروں کی تباہ کرنے کی طاقت تیزی سے بڑھی۔ 1954ء میں امریکہ نے ایک ایسے ہائیڈروجن بم کا تجربہ کیا جس کی طاقت ہیروشیما پر چلائے گئے بم سے ہزار گنا زیادہ تھی۔ بعد ازاں سوویت یونین نے ایسے بم کا دھماکہ کیا جو طاقت میں امریکی بم سے بھی زیادہ بڑا تھا۔

1964ء میں چین نے پہلا ایٹمی تجربہ کر کے ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ایٹمی ہتھیار وہ ممالک بھی بنا سکتے ہیں جن کے پاس سائنسی، صنعتی اور معاشی وسائل کی کمی ہے۔ اس کے بعد مزید کئی غریب ممالک نے ایٹمی ہتھیار بنائے جیسے بھارت، پاکستان اور شمالی کوریا۔ اس سے یہ تصور بھی گیا کہ ایٹمی ہتھیار بہت مہنگے ہوتے ہیں۔ کسی بھی ملک کے لیے پہلا ایٹمی ہتھیار تیار کرنا یقیناً کافی مشکل ہوتا ہے کیونکہ ایٹمی اداروں کے قیام پر جن کا کام ایٹمی (انشقاقی) مواد بنانا، ہتھیار ڈیزائن کرنا اور بنانا، ایٹمی ہتھیاروں کو ہدف تک لے جانے کے لیے میزائل جیسے ترسیلی نظام بنانا اور کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم قائم کرنا ہوتا ہے، خطیر وسائل خرچ ہوتے ہیں۔ تاہم صنعتی پیداوار کے شعبے کی طرح ایک بار کچھ ہتھیار تیار ہو جائیں تو ان کی پیداواری لاگت کم ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ نہ صرف غریب ملک ایٹمی ہتھیاروں کے اخراجات پورے کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں، بلکہ ان ممالک کے بہت سے لوگ اس کے لیے رقوم ادا کرنے پر بھی آمادہ ہو جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں پاکستان کی مثال پیش کی جا سکتی ہے کہ کس طرح یہاں کے عوام کے دلوں میں موجود قومی جذبے کو ابھار کر اس بات پر آمادہ کیا گیا کہ جب ملکی بقا، خودمختاری اور وقار داؤ پر لگے ہوں تو پیسے میں ہونے والے نقصان کے بارے میں اخلاقی اندیشوں کی وقتی حیثیت اور پیداواری لاگت کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہتی۔

تاہم ایٹمی معاملات میں قومیت پرستی کے جذبات ابھارنے کا عمل مکمل طور پر کامیابی سے

ہمکنار ہو سکا۔ پوری دنیا میں ترقی پسند سیاسی تحریکیں ایٹمی ہتھیاروں کے مکمل خاتمے کے لئے اپنی کوششیں تسلسل کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہیں وقتاً فوقتاً عوامی حمایت ملتی رہتی ہے کیونکہ لوگ ایٹمی جنگ سے ڈرتے ہیں اور انہیں ایسے ممالک سے خدشات بھی رہتے ہیں جو تباہ کن ہتھیاروں کے ذخیرے لگا رہے ہیں۔ ترک اسلحہ کی بین الاقوامی تحریک کے تاریخ دان لارنس وٹنر نے مغربی یورپ اور امریکہ میں نکلنے والی بم کے خلاف عظیم تحریکوں کو دستاویزی شکل دی ہے۔ مغربی یورپ اور امریکہ ایٹمی جنگ کے خطرے سے دوچار رہے ہیں اور وہاں جمہوریت سیاسی تنظیم سازی کی مکمل اجازت دیتی ہے۔

زیادہ تر ممالک نے ایٹمی اسلحہ مکمل طور پر ختم کرنے کے مقصد کی ہمیشہ حمایت کی ہے۔ انہوں نے نہ صرف خود ایٹمی ہتھیار نہیں بنائے بلکہ اُن ممالک کی مذمت بھی کرتے رہے ہیں جنہوں نے یہ ہتھیار استعمال کئے یا کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر 1961ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے قرار دیا کہ جو بھی ریاست ایٹم یا ہائیڈروجن بم استعمال کرے گی اسے اقوام متحدہ کے منشور کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا اور یہ سمجھا جائے گا کہ اس کا یہ عمل انسانیت کے قوانین کے متضاد ہے بلکہ یہ عمل نسل انسانی اور تہذیب انسانی کے خلاف جرم تصور ہوگا۔ اس کے بعد سے ہر سال اسی طرح کی قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور ہوتی رہی ہیں۔

داخلی اور بین الاقوامی سطح پر ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی کا تقاضے کے پیش نظر امریکہ اور دیگر ایٹمی ممالک کے رہنماؤں نے ایک ایسی دنیا کا تصور پیش کرنا شروع کر دیا جو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک ہو۔ سب سے مشہور امریکی صدر رونالڈ ریگن اور سوویت رہنما میخائل گوربا چوف کے درمیان اکتوبر 1986ء کی میٹنگ میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ایٹمی ہتھیاروں کو ختم کر دینے کی ضرورت ہے۔ تاہم یہ اتفاق رائے ہر بار عالمی طاقتوں کی سرد جنگ کی چٹانوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہوتا رہا۔

پھر 1990ء کی دہائی میں ایٹمی ترک اسلحہ اور ایک زیادہ پر امن دنیا کا خواب اُس وقت پورا ہوتا نظر آیا جب سوویت یونین کا خاتمہ ہو گیا اور سرد جنگ بھی ختم ہو گئی۔

13.2 ۔ سرد جنگ کا خاتمہ

سوویت یونین اور سرد جنگ کے خاتمے کے ساتھ ہی امریکہ کی خارجہ پالیسی کا بنیادی سہارا

ٹوٹ گیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ امریکہ اس نئی دنیا کا سامنا کس طرح کرے گا؟

سرد جنگ کے خوف میں مبتلا ڈالنے والے نظریے کے حامی امریکیوں کا موقف یہ تھا کہ امن اور ترک اسلحہ مناسب نہیں ہے۔ ان کا خیال تھا کہ امریکہ کو جلد ہی کچھ نئے خطرات کا سامنا ہوگا۔ چارلس کراوٹ ہیمر نے 1990ء میں لکھا

"ہم جانتے ہیں کہ سوویت یونین کے خاتمے سے پیدا ہونے والے خلا کو کچھ دیگر قوتیں پُر کریں گی۔ جن میں جنونی قومیت پرستی اور حال ہی میں بیدار ہونے والی اسلامی بنیاد پرستی بھی شامل ہیں۔ جن میں سے ضروری نہیں کہ کوئی بھی امریکی مفادات اور امریکی قدروں کو خاطر میں لائے۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ اعلیٰ ٹیکنالوجی سے بھری دنیا میں درجنوں حکومتیں ایٹمی کیمیائی اور حیاتیاتی جیسے وسیع تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں اور ایسے ترسیلی نظام حاصل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں جن کی مدد سے یہ دنیا کی کسی بھی جگہ پر پھینکے جا سکیں۔"[420]

امریکی حکومت میں بھی اس وقت ایسے ہی جذبات پائے جاتے تھے۔ امریکی انتظامیہ نے 1992ء میں ڈیفنس پلاننگ گائیڈنس کے نام سے ایک مسودہ تیار کیا تھا۔ جو دفاع کے سیکرٹری ڈک چینی کے لیے پال وولفووٹز نے تیار کیا تھا جو اُس وقت انڈر سیکرٹری آف ڈیفنس برائے پالیسی تھے۔ یہ مسودہ کسی طرح پریس کے ہاتھ لگ گیا اور اس کی تفصیلات عوام کے سامنے آ گئیں۔ اس میں لکھا گیا تھا

"ہمارا پہلا مقصد یہ ہے کہ کسی نئے مد مقابل کو ابھرنے سے روکا جائے۔ یہ ایک واضح سوچ ہے جو نئی علاقائی دفاعی حکمت عملی کی بنیاد قرار دی جا سکتی ہے۔ اس کا تقاضا یہ ہے کہ ہمیں کسی ایسے خطے پر کسی دشمن قوت کو غلبہ پانے سے روکنے کی کوشش کرنی چاہئے جس کے وسائل اسے عالمی طاقت بنا دیں۔۔۔ ہمیں ایسی حکمت عملیاں جاری رکھنی چاہئیں جن سے طاقتور دشمنوں کو عالمی حتیٰ کہ کسی بڑے علاقائی کردار کی ادائیگی سے بھی روکا جائے۔"

دوسرے لفظوں میں اس مسودے کا مطلب یہ تھا کہ اس وقت کی جغرافیائی اور سیاسی ترتیب کو برقرار اور مستحکم رکھا جائے اور یہ کہ امریکہ کو دنیا بھر کے مختلف علاقوں میں اپنی برتری برقرار رکھنی چاہیے۔ وائٹ ہاؤس، پینٹاگون اور کانگریس کا نقطہ نظر یہ ہے کہ سرد جنگ کو جیتنے میں امریکی فوجی

طاقت کا بنیادی کردار تھا، جس میں مرکزی دباؤ، جارحانہ فوجی برتری کا ہتھیار ہے، نیوکلیئر اور جرثومی ہتھیار بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں امریکہ کے فوجی اڈوں کا عالمی نیٹ ورک ہے اور دنیا بھر میں 40 سے زیادہ ملکوں میں فوجی اڈے قائم کرنے کے معاہدے بھی ہیں۔ اگر امریکہ دنیا کی واحد عالمی طاقت ہونے کا اپنا امتیاز برقرار رکھنا چاہتا ہے تو اسے اپنی یہ طاقت قائم رکھنا ہوگی اور اس کا استعمال بھی کرنا ہوگا۔

تاہم امریکی حکمراں حلقوں میں موجود جنگ کے حامی ان خطرات کی واضح نشاندہی کر سکے جس سے ان کی اس سوچ کو کوئی جواز مل سکتا۔ 1997ء میں امریکی شہر واشنگٹن میں ایک نئے قدامت پسند تھنک ٹینک "پراجیکٹ فار دی نیو امریکن سنچری" (Project for the New American Century PNAC) کی بنیاد رکھی گئی جس کے حامیوں میں ڈک چینی، ڈونالڈ رمسفیلڈ، پال وولفووٹز جیسے لوگ شامل تھے۔ اس ادارے کا اصرار تھا کہ امریکہ کو بطور واحد عالمی طاقت جن خطرات کا سامنا ہے، ان سے تحفظ کے لیے یکطرفہ فوجی مداخلت کرنی چاہیے۔ "فارن افیئرز" نامی ایک رسالے میں 2000ء میں کنڈولیزا رائس کا ایک مضمون شائع ہوا۔ کنڈولیزا رائس اس وقت جونیئر بش انتظامیہ میں وزیر خارجہ کے عہدے پر فائز ہونے والی تھیں۔ انھوں نے اپنے مضمون میں بے چینی اور مایوسی ظاہر کرتے ہوئے لکھا تھا کہ "سوویت یونین کی عدم موجودگی میں امریکہ کے لیے اپنے "قومی مفاد" کی واضح نشاندہی کرنا دشوار ہے، یہ بڑا مشکل ہوتا جا رہا ہے"۔(5) انھوں نے وضاحت کرتے ہوئے لکھا کہ "مستقبل میں ری پبلکن انتظامیہ کی حکمت عملی اس بات پر مرکوز ہوگی کہ ایک ایسی فوج تیار رکھی جائے جو امریکی طاقت کو برقرار رکھے، سرکش ریاستوں سے نمٹے اور چین جیسے ملکوں کو ایک حد میں رکھنے کا انتظام کرے۔"

بش جونیئر، ڈک چینی، کنڈولیزا رائس، رمسفیلڈ اور وولفووٹز پر مبنی ٹیم کے لیے حالات اس وقت سازگار ہو گئے جب ستمبر 2001ء میں القاعدہ نے نیویارک کے ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور پینٹاگون پر حملے کیے۔ جس کے بعد امریکہ نے پہلے افغانستان اور پھر عراق میں جنگ شروع کر دی۔ اس جنگ نے امریکہ کی فوجی طاقت کی حدود کو آشکار کر دیا۔ اعلیٰ ٹیکنالوجی والے ہتھیاروں پر مبنی "ہیبت و رعب" shock and awe نامی جنگ اب فراموش کی جا چکی ہے۔ تاہم اس جنگ کے نہ بھلائے جا سکنے والے تصورات بغداد پر کروز میزائلوں کی بارش نہیں بلکہ ابو غریب جیل میں قیدیوں کے ساتھ کیا جانے والا تشدد اور گوانتانامو میں کیا جانے والا ظلم عام ہے۔ افغانستان میں اگر

یاد رکھنے کی کوئی بات ہے تو وہ وحشیانہ قتل اور حامد کرزئی کی سربراہی میں ایک بدعنوان، نااہل اور کٹھ پتلی حکومت کا قیام ہے۔

آج عراق اور افغانستان میں ناکامی نے اس امریکی جذبے کو ماند کر دیا ہے جو وہ دنیا کے معاملات کو چلانے اور نئی شکل دینے کے لیے رکھتا تھا۔ 2008ء میں بارک اوباما کو صرف اسی وجہ سے امریکہ کا صدر منتخب کیا گیا کہ اس نے عراق جنگ کی مخالفت کی تھی۔ بش جونیئر نے جن جنگوں کا آغاز کیا تھا ان میں بے تحاشا خون بہا اور خزانے کا بے دریغ استعمال کیا گیا۔ یہ جنگیں ابھی ختم نہیں ہوئی ہیں۔ لیکن ان جنگوں نے امریکی معیشت اور عالمی برادری میں امریکہ کی حیثیت اور پوزیشن کا بھاری خراج وصول کیا ہے۔ براؤن یونیورسٹی میں محققین کی جانب سے 2011ء میں کیے گئے ایک تجزیے سے معلوم ہوا کہ ان جنگوں پر اب تک 2.3 سے 2.8 ٹریلین (2300 سے 2800 ارب) ڈالر خرچ ہو چکے ہیں۔(6) ایک اندازے کے مطابق اس جنگ کے لیے حاصل کیے گئے قرضوں پر واجب الادا سود 2020ء تک اس بوجھ میں مزید ایک ٹریلین ڈالر کا اضافہ کرے گا۔ ان فوجی اخراجات کی وجہ سے امریکی معیشت گزشتہ 80 برسوں میں بدترین کساد بازاری کا شکار ہو چکی ہے۔

اسی امریکی معاشی بحران کی وجہ سے اگست 2011ء میں اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے امریکہ کی کریڈٹ ریٹنگ ٹرپل اے سے کم کر کے ڈبل اے پلس کر دی تھی۔ اس تاریخی تبدیلی سے ظاہر ہوتا ہے کہ دنیا کے سب سے زیادہ طاقتور ملک کی معاشی حالت بہت پتلی ہو چکی ہے۔ امریکہ کی مصنوعات کی تیاری کی صلاحیت کا گراف بھی تیزی سے نیچے گر رہا ہے۔ گرچہ امریکہ اب بھی اعلیٰ ٹیکنالوجی کی پیداوار کے حوالے سے سرفہرست ہے۔ لیکن اس شعبے میں اس کی پہلے والی حیثیت برقرار نہیں رہی ہے۔ بلکہ اس میں کمی آ گئی ہے۔ پچھلی دہائیوں کے دوران اعلیٰ ٹیکنالوجی والی اشیا کی تیاری اور تجارت فائدے میں چلتی رہی۔ لیکن اب یہ سالانہ 81 بلین ڈالر کے خسارے میں تبدیل ہو چکی ہے۔ چین، یورپ اور بھارت، ایسے ممالک ہیں جو کم قیمت کی اشیا تیار کرتے تھے اب یہ ممالک تجارت میں امریکہ کے مقابل کھڑے ہیں اور اس صورتحال کی وجہ سے اعلیٰ ٹیکنالوجی والی اشیا پیدا کرنے والی آسامیاں بیرون ملک منتقل ہو رہی ہیں۔

امریکہ کی معاشی طاقت میں کمی کے اثرات فوجی طاقت پر بھی مرتب ہوں گے اور اس

حیثیت اور طاقت کو برقرار رکھنا مہنگا ہوتا جائے گا۔ یہ سوال البتہ باقی رہے گا کہ آیا امریکہ اپنی فوجی طاقت کم کر کے خاموشی کے ساتھ پیچھے ہٹ جائے گا یا اس کے لیڈر طاقت کے بتدریج زوال کی پرواہ نہ کرتے ہوئے عالمی نظام میں تبدیلی روکنے کے لئے عدم استحکام اور بحران پیدا کرنے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

کچھ امریکی رہنماؤں کا خیال ہے کہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی حالات میں اگر دنیا سے ایٹمی ہتھیار ختم کر دیے جائیں تو اس طرح امریکہ کو اپنی برتری برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس منطق کی صحیح ترین مثال 2007ء میں امریکی اخبار 'وال سٹریٹ جرنل' میں شائع ہونے والا ایک مضمون ہے جو رچرڈ نکسن کے زمانے کے سیکرٹری آف سٹیٹ ہنری کسنجر، سابق سیکرٹری آف سٹیٹ جارج شلز، سابق سیکرٹری دفاع ولیم پیری اور امریکی سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی کے سابق چیئرمین سام نن نے مشترکہ طور پر تحریر کیا تھا۔ یاد رہے کہ ان چاروں کو "چار سوار" (Four Horsemen) کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اپنے مضمون میں انہوں نے لکھا:

"شمالی کوریا کے حالیہ ایٹمی تجربات اور ایران کا یورینیم افزودہ کرنے کا پروگرام روکنے سے انکار (خاص طور پر وہ جو ہتھیاروں میں استعمال ہو سکے) اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ دنیا اب نئے خطرناک ایٹمی دور کی طرف لڑھک رہی ہے۔ سب سے خطرناک بات یہ ہے کہ غیر ریاستی دہشت گردوں کے ایٹمی ہتھیار قابو کر لینے کا امکان بڑھتا جا رہا ہے۔ آج جب دہشت گردوں نے عالمی نظام کے خلاف جنگ شروع کر رکھی ہے، ایٹمی ہتھیار وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔۔۔ چنانچہ یہ طے ہے کہ اگر بنیادی نوعیت کے اقدامات عمل میں نہ لائے گئے تو جلد ہی امریکہ کو ایک ایسے دور میں دھکیل دیا جائے گا جو سرد جنگ کے زمانے کی نسبت زیادہ غیر یقینی، نفسیاتی لحاظ سے پریشان کن اور معاشی لحاظ سے زیادہ مہنگا ثابت ہو گا۔"

یہ الٹے قدموں واپسی کی حیرت انگیز مثال ہے۔ خاص طور پر ہنری کسنجر کی شہرت حقیقت پسندی اور سرد جنگ کے سپاہی کی ہے جس کے ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں خیالات بہت جنگجویانہ تھے۔ جس نے ویت نام پر ایٹم بم گرانے کا مشورہ دیا تھا۔ گرچہ امریکہ میں اس کی حیثیت ایک سینئر سیاست دان کی ہے لیکن کئی ممالک میں وہ انسانیت کے خلاف جرائم، امریکی پشت پناہی میں حکومتوں کے تختے الٹنے، بغاوتیں مرتب کرنے اور کرائے کے قاتلوں کو استعمال

کرنے کے جرائم میں مطلوب بھی ہے۔ وہ فرانس، چلی اور ارجنٹائن کے تفتیش کاروں کی طرف سے بھیجے گئے سمن کو بھی نظر انداز کرتا رہا ہے جو امریکہ اور دوسرے ممالک کے بہت سے شہریوں کو غائب کیے جانے کے واقعات میں اس کے کردار پر اس سے جواب طلبی کے خواہاں ہیں۔

"ایٹمی ہتھیاروں سے پاک دنیا کے تصور" کی وکالت کرتے ہوئے کسنجر، شلز، پیری اور نن نے اس بات پر بھی زور دیا کہ امریکہ کے ایٹمی ہتھیاروں کے کمپلیکس کیلئے نئی بڑی سرمایہ کاری کی جانی چاہیے تاکہ سائنس، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کی تجربہ گاہوں کے لیے پروگراموں کے بجٹ میں گزشتہ پانچ برسوں کے دوران کی گئی کمی کے منفی اثرات کو ختم کیا جا سکے جن میں قوم کے لئے ایٹمی ہتھیار تیار ہوتے ہیں۔[7] بجائے اس کے کہ امریکی ایٹمی ہتھیاروں کے پرانا ہو جانے کو عالمی سطح پر ایٹمی ہتھیاروں کے مکمل خاتمے کی جانب تیز تر قدم بڑھانے کے لئے استعمال کیا جاتا، چار سوار چاہتے ہیں کہ امریکہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو جدید تر بنائے۔

اس وقت سے اب تک امریکہ اپنے ایٹمی ہتھیاروں کے کمپلیکس اور ہتھیاروں کو جدید بنانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ اوباما انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ اگلی دو دہائیوں کے دوران اپنے نیوکلیئر کمپلیکس پر 175 بلین ڈالر خرچ کرے گا جبکہ مزید 100 بلین ڈالر ایٹمی ہتھیاروں کے ترسیلی نظاموں کو جدید بنانے پر خرچ کیے جائیں گے۔ یاد رہے کہ ترسیلی نظاموں میں بمبار طیارے، بین البراعظمی میزائل اور آبدوزیں شامل ہیں۔

اس میں کوئی تعجب نہیں کہ روس نے بھی اپنے ایٹمی ہتھیار مزید پچاس برسوں کے لیے برقرار رکھنے کی کوششوں کا آغاز کر دیا ہے۔ برطانیہ بھی اپنی آبدوزوں کی جگہ لانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ چین بھی آبدوزوں سے چھوڑے جانے والے میزائلوں اور ٹھوس ایندھن سے چلنے والے سڑکوں پر متحرک جدید میزائلوں پر انحصار بڑھا رہا ہے۔ فرانس ایک نیا بین البراعظمی میزائل اور ایک نیا ایٹمی ہتھیار بنانے میں مصروف ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسرائیل اپنی آبدوزوں پر ایٹمی اسلحے سے مسلح کروز میزائل نصب کرنے کے پروگرام پر عمل پیرا ہے۔ بھارت، شمالی کوریا اور پاکستان بھی اپنی ایٹمی طاقت بڑھا رہے ہیں۔ چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ جب دیگر ممالک یہ دیکھیں گے کہ ایٹمی ہتھیار مزید کئی دہائیوں تک ان کے اردگرد موجود رہ سکتے ہیں تو وہ بھی فیصلہ کر سکتے ہیں کہ انہیں خود بھی اپنے ہتھیار بنانے چاہئیں۔

13.3 اگلی جنگ کی تیاریاں

کئی لحاظ سے بارک اوباما نے بھی ایٹمی اور روایتی ہتھیاروں کے بارے میں وہی پالیسیاں جاری رکھی ہوئی ہیں جو ان کے پیش رو بش کے دور میں شروع کی گئی تھیں۔ اوباما کے بارے میں خیال کیا جاتا تھا کہ وہ امریکی سیاست میں نئے دور کے آغاز کا راستہ ہموار کریں گے۔ تاہم جولائی 2007ء میں انہوں نے اپنے ایک مضمون میں جو کچھ لکھا وہ بالکل وہی پالیسی تھی جس کا اظہار ان سے پہلے امریکی صدر بش کیا کرتے تھے۔ اپنے مضمون میں اوباما نے لکھا:

"دنیا میں امریکی قیادت کی تجدید کے لیے ہمیں فوری طور پر اپنی فوج اور طاقت بحال کرنے کے لیے کام کرنا ہوگا۔ اس برتری کو برقرار رکھنے کے لیے دیگر معاملات سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ فوج کو زیادہ طاقتور بنایا جائے۔۔۔ ہمارے لیے اپنے ملک اور اپنے مفادات کو درپیش کسی بھی روایتی خطرے سے تیزی سے نمٹنے کی صلاحیت کو برقرار رکھنا ناگزیر ہے۔۔۔ جب ضرورت پیش آئی تو میں یکطرفہ طور پر طاقت کے استعمال میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کروں گا۔۔۔ ہمیں حق دفاع کے علاوہ بھی فوجی طاقت کے استعمال کو مدنظر رکھنا چاہیے تاکہ مشترکہ سلامتی یقینی بنائی جا سکے جو عالمی استحکام کے لیے ضروری ہے۔"(8)

اسی نقطہ نظر کو پالیسی میں بھی آگے بڑھایا گیا ہے۔ 2011ء کے موسم بہار میں اوباما نے تجویز پیش کی کہ اگلی دہائی کے دوران امریکی فوج کے اخراجات میں اضافے کو محدود کیا جائے۔ تاہم اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ غیر فوجی اخراجات خاص طور پر غریبوں کو فراہم کی جانے والی امداد وغیرہ میں کمی لائی جائے گی۔ ظاہر ہے اس کا یہی نتیجہ نکلے گا کہ آنے والے برسوں میں بجٹ میں فوجی اخراجات کا حصہ کم ہونے کی بجائے بڑھ جائے گا۔

ایسی ہی رپورٹیں ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں بھی سامنے آ رہی ہیں۔ 2002ء میں بش انتظامیہ نے نیوکلیئر پوسچر ریویو (Nuclear Posture Review یعنی ایٹمی انداز کا جائزہ) جاری کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ امریکہ کو ایٹمی حملے کے جو خطرات لاحق ہیں وہ دو طرح کے ہیں: ایٹمی ممالک سے، 'سرکش ریاستوں' سے اور وسیع تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں سے مسلح دہشت گردوں سے ہیں۔ اس کی دلیل تھی کہ ان خطرات سے نمٹنے کے لئے امریکہ کو ایٹمی ہتھیاروں اور موجودہ

روایتی ہتھیاروں کی بھی ضرورت ہے، اور ایسے نئے روایتی ہتھیار بنانے کی بھی ضرورت ہے جو 30 منٹ سے بھی کم وقت میں دنیا بھر میں کہیں بھی اپنے ہدف کو نشانہ بنا سکیں۔ اس صلاحیت کو "پرومپٹ گلوبل سٹرائیک" (فوری عالمگیر حملہ) کا نام دیا گیا تھا۔

2009ء میں اوباما نے پراگ میں دی گئی تقریر میں تقریباً وہی زبان استعمال کی جو جارج بش کیا کرتے تھے اور وہی خیالات کا اظہار کیا جو ہنری کسنجر، جارج شلز، ولیم پیری اور سام نن کے ہیں۔ ایٹمی خطرے کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا:

"تاریخ کا یہ انوکھا موڑ ہے کہ عالمی ایٹمی جنگ کا خطرہ تو کم ہو چکا ہے لیکن ایٹمی حملے کا خطرہ پہلے کی نسبت بڑھ گیا ہے۔ اب زیادہ ممالک یہ ہتھیار حاصل کر رہے ہیں۔ ایٹمی تجربات بھی جاری ہیں۔ ایٹمی راز اور ایٹمی مواد کی بلیک مارکیٹ پروان چڑھ رہی ہے۔ ایٹم بم بنانے کی ٹیکنالوجی پھیل چکی ہے اور دہشت گرد اسے خریدنے، بنانے یا چوری کرنے کے درپے ہیں۔"

اوباما کے 2010ء کے نیوکلیئر پوسچر ریویو میں بش کا "پرومپٹ گلوبل سٹرائیک" یعنی فوری عالمگیر حملے کا پروگرام شامل رہا۔ رابرٹ گیٹس صدر بش اور صدر اوباما دونوں کے دور میں سیکرٹری دفاع رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ "فوری عالمگیر حملے" پر صدر بش کے دور میں کوئی کام نہیں ہوا تھا لیکن اوباما انتظامیہ نے اس کو اپنی پالیسی کا حصہ بنا لیا ہے۔

امریکہ "فوری عالمگیر حملے" کو تخفیف اسلحہ کے پروگرام میں مددگار کے طور پر پیش کرتا ہے اور اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ درست نشانے والے روایتی ہتھیار اب ان اہداف کو کامیابی کے ساتھ نشانہ بنا سکتے ہیں جن کے لئے پہلے ایٹمی ہتھیار ضروری سمجھے جاتے تھے۔ اور فائدہ یہ ہے کہ ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کی صورت میں دینے والی بھاری سیاسی قیمتیں سے بھی بچا جا سکتا ہے۔

ایٹمی ہتھیاروں کے متبادل کے طور پر کامل درستی والے روایتی ہتھیار زیادہ موثر بھی ہیں اور زیادہ قابل استعمال بھی۔ لیکن ان کے ساتھ بھی نقصانات وابستہ ہیں۔ وہ ممالک جن کی فوجی صلاحیت امریکہ کی روایتی فوجی طاقت سے کہیں کم ہے، وہ امریکہ کے فوری حملے والے پروگرام کو اپنے لیے ایک بڑا خطرہ محسوس کرتے ہیں حتیٰ کہ روس اور چین بھی امریکہ کے اس فوری حملے کے پروگرام "پرومپٹ گلوبل سٹرائیک" اور میزائل ڈیفنس نظام کو ایک بڑا خطرہ سمجھتے ہیں کیونکہ ان کا خیال ہے کہ اگر امریکہ یہ صلاحیت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا تو ان کے اور امریکہ کے

درمیان تزویراتی توازن خراب ہو جائے گا۔

13.4۔ روسی دفاعی تجزیہ کار ریوجین میاسنیکوف کا کہنا ہے کہ:

"روسی فوجی ماہرین مستقبل میں تزویراتی توازن کی سلامتی کو درپیش متعدد خطرات دیکھ رہے ہیں جیسے میزائل ڈیفنس کا نظام، درست نشانہ والے روایتی ہتھیار، آبدوزوں کو نشانہ بنانے والا اسلحہ وغیرہ… ان ماہرین کا تشویش میں مبتلا ہونا ہے کیونکہ امریکہ پہلے ہی جنگی کردار روایتی ہتھیاروں کو منتقل کر رہا ہے جو قبل ازیں صرف ایٹمی ہتھیاروں کے لیے مختص تھے، بجائے اس کے کہ وہ ان جنگی عزائم کو ترک کرے۔ امریکہ کی جانب سے روایتی جنگی دفاعی صلاحیتیں حاصل کرنے کے پروگرام میں بھاری سرمایہ کاری بھی ماسکو کے لئے باعثِ تشویش ہیں۔"(9)

چین بھی امریکہ کے جدید روایتی ہتھیاروں کے منصوبوں کے بارے میں فکر اور تشویش میں مبتلا ہے۔ چین کی بے چینی کا اندازہ لو راسحان کے اس تجزیے سے لگایا جا سکتا ہے

"چین کے تمام علمی، فوجی اور سیاسی ماہرین کا خیال ہے کہ امریکہ کے روایتی ہتھیاروں کے ذریعے فوری عالمگیر حملے کا پروگرام، میزائل ڈیفنس کا نظام اور مصنوعی سیاروں کے خلاف ہتھیار ایک بڑا چیلنج پیش کرتے ہیں۔۔۔ وہ اس طرح سے ایٹمی ہتھیاروں سے پاک کر دیے سے روایتی جنگوں کے دروازے پھر کھل سکتے ہیں۔"(10)

اس دوران چین بھی اپنے روایتی ہتھیاروں کو جدید بنانے کی کوششوں میں مصروف ہو چکا ہے۔ اس نے حال ہی میں ایک جدید ترین بحری جہاز شکن بیلسٹک میزائل تیار کیا ہے اور طیارہ بردار بحری جہازوں کی تیاری کا کام شروع کر دیا ہے۔ چین نے مستقبل کا فائٹر جیٹ کا نمونہ بھی تیار کر لیا ہے۔ مگر ان سارے اقدامات کا نتیجہ صرف یہی نکلے گا کہ روایتی ہتھیاروں کے حصول کی ایک نئی دوڑ شروع ہو جائے گی، جو پورے نظام کو مزید غیر مستحکم بنانے کا باعث بنے گی۔

13.5۔ ایٹمی مساوات؟

امریکی منصوبہ ساز دعویٰ کرتے ہیں کہ فوری عالمگیر حملے کے پروگرام کا مقصد روس یا چین کو نشانہ بنانا نہیں بلکہ نئے پیدا ہونے والے علاقائی خطرات سے نمٹنے کے لیے ہے۔ اس کا اشارہ تیسری دنیا کے ممالک میں ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی طرف ہے۔

امریکہ طویل عرصے سے فکر مند ہے کہ اگر دیگر ممالک نے بھی ایٹمی ہتھیار حاصل کر لیے تو دنیا کے بیشتر کلیدی علاقوں میں مداخلت کے لیے اسے حاصل برتری اور طاقت ختم ہو جائے گی۔ 1945ء سے 2000ء کے درمیان 55 برسوں کے دوران امریکہ نے 28 بڑی اور لاتعداد چھوٹی جنگیں لڑی ہیں۔ کوریا، گوئٹے مالا، کانگو، لاؤس، ویت نام، کمبوڈیا، ایل سلواڈور، نکاراگوا، بوسنیا، عراق، افغانستان اور پاکستان ان ممالک میں سے چند ایک ہیں جہاں امریکہ نے یکطرفہ بمباری کی۔ امریکہ خود کو زیادہ مجبور اور پابند محسوس کرتا اگر اسے یہ خوف ہوتا کہ اس کی مسلح افواج کے خلاف ان ممالک میں جہاں سے کارروائیاں ہوتی ہیں ایٹمی ہتھیار استعمال ہو سکتے ہیں۔ 2003ء میں بش انتظامیہ کے ایک افسر نے اس امریکی سوچ کو مختصراً ان الفاظ میں بیان کیا

"اگر آپ کوئی چھوٹا سا اور غریب ملک ہیں جس کا امریکی فوجی طاقت کے ساتھ روایتی مقابلہ ممکن نہیں ہے تو اس صورت میں آپ ایٹمی ہتھیار سے صحیح معنوں میں مساوات قائم کر سکتے ہیں"(11)

ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے امریکہ نے 1970ء میں ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے (این پی ٹی) کا مسودہ تیار کیا اور عالمی برادری سے اس پر دستخط کرنے کے لیے کہا۔ تاہم اس معاہدے کی کامیابی محدود رہی کیونکہ 1970ء کے بعد چار ممالک نے ایٹمی ہتھیار حاصل کر لیے، جن میں بھارت، پاکستان، شمالی کوریا اور جنوبی افریقہ شامل ہیں گو کہ موخر الذکر ملک نے بعد ازاں اپنی اس صلاحیت کو ختم کر دیا۔ کئی دیگر ممالک جیسے عراق، لیبیا اور غالباً شام نے بھی ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کی کوشش کی جب کہ ایران کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے کہ وہ کوشش کر رہا ہے۔ این پی ٹی کی اس ناکامی کی بنا پر ہی امریکہ کے چند پالیسی ساز ایٹمی ہتھیاروں کے خاتمے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کا خاتمہ دراصل وہ قیمت ہے جو پوری دنیا میں مداخلت کے لیے درکار صلاحیت کو برقرار رکھنے کے لئے ادا کرنا ضروری ہوگی۔

تاہم ایٹمی ہتھیار رکھنے والی بعض ریاستوں کے لیے اس میں کشش یہ ہے کہ یہ دشمن کی برتر فوجی صلاحیت کے ساتھ توازن قائم کرنے میں بڑے مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ شمالی کوریا کی حکومت کا خیال ہے کہ اس کے ایٹمی ہتھیاروں نے اسے امریکی حملے سے بچا رکھا ہے اور اسی وجہ سے وہ امریکہ کے ساتھ معاملات طے کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ 2003ء میں امریکہ کے

عراق پر حملے کے بعد شمالی کوریا نے یہ قرار دیا تھا کہ تخفیفِ اسلحہ جنگ کو روک نہیں سکتی بلکہ جنگ کا باعث بن سکتا ہے۔ صرف ایک بڑی (یعنی ایٹمی) فوجی طاقت ہی امریکہ کو جارحیت سے روک سکتی ہے۔(12) اس کے ساتھ ہی شمالی کوریا نے اس بات پر اتفاق کر لیا کہ اگر امریکہ اس کے ساتھ اپنے سفارتی تعلقات بحال کرے، امن کا معاہدہ کرے اور قبضہ کی دھمکی نہ دے تو وہ ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام سے دستبردار ہو جائے گا۔

اس حوالے سے پاکستان کی مثال بھی پیش کی جا سکتی ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اس کے ایٹمی ہتھیار بھارت کی ایٹمی افواج کے حق میں نہیں بلکہ برتر روایتی افواج کے ساتھ بھی توازن قائم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس سے تاثر تو یہ ملتا ہے کہ پاکستان اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو مکمل طور پر دفاعی قرار دیتا ہے، لیکن درحقیقت پاکستان نے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو ایک ڈھال کے طور پر استعمال کیا ہے جس کی آڑ میں وہ بھارت کے خلاف جارحیت کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ 1999ء میں کارگل میں پاکستانی فوجیوں کی لائن آف کنٹرول کے پار خفیہ دخل اندازی نے پاکستان اور بھارت کے درمیان ایک محدود جنگ کروا دی جس میں ہزاروں افراد مارے گئے۔ ایٹمی جنگ کے خوف سے بھارت نے جنگ کو بین الاقوامی سرحدوں تک نہیں پھیلایا۔ یہ ایک ایسی جنگ تھی جو نہیں ہوتی اگر ایٹمی ہتھیار نہ ہوتے۔

تاہم اس مختصر سی جنگ نے ایٹمی ہتھیاروں کے محدود ہونے کو آشکار کر دیا۔ جنگ شروع کرنے کے بعد پاکستان کو پیچھے ہٹ جانا پڑا کیونکہ جنگ جاری رکھنے کی بھاری قیمت چکانا پڑ سکتی تھی۔ عالمی موقف بھی بڑی حد تک پاکستان کے خلاف تھا، جبکہ ایک بڑی جنگ لڑنے کیلئے پاکستان کے پاس معاشی اور فوجی وسائل نہیں تھے۔ اس معاملے میں پاکستان کو بھی وہی تلخ سچائی کا سامنا کرنا پڑا جیسا 1960ء اور 1970ء کی دہائیوں کے دوران امریکہ کو ویت نام میں کرنا پڑا تھا اور سوویت یونین کو 1980ء کی دہائی کے دوران افغانستان میں۔ اور وہ تلخ سچائی یہ تھی کہ ایٹمی ہتھیار شکست سے نہیں بچا سکتے۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ایٹمی ہتھیار کسی حکومت کو گرنے سے بچانے میں مدد دے سکتے ہیں۔ سابق امریکی نائب صدر ڈک چینی کا کہنا ہے کہ لیبیا کے کرنل قذافی کا زوال اس کی ایک مثال ہے۔ ایک ٹی وی پروگرام میں اپنے دور کو یاد کرتے ہوئے اور امریکہ کے عراق پر حملے کا

جواز پیش کرتے ہوئے ڈک چینی نے کہا کہ عراق پر امریکی حملے اور صدام حسین کی شکست نے کرنل قذافی کو اتنا خوفزدہ کر دیا تھا کہ اس نے ایٹمی ہتھیاروں کی جستجو ترک کر دی۔ ڈک چینی نے دعویٰ کیا کہ "اگر قذافی کے پاس اب بھی ایٹمی ہتھیار ہوتے تو آپ کا کیا خیال ہے کہ گزشتہ ہفتے وہ اس طرح فرار ہوتا؟ میرا نہیں خیال کہ ایسا ہوتا۔"(13)

تاہم تاریخ ایک الگ کہانی بیان کرتی ہے۔ لیبیا نے 1990ء کی دہائی کے دوران مغرب کے ساتھ اپنے تعلقات معمول پر لانے کی کوشش کی۔ امریکی حکام کے مطابق 2002ء میں اس نے امریکہ پر واضح کر دیا تھا کہ وہ اختلافات ختم کرنا چاہتا ہے۔(14) مارچ 2003ء کے شروع میں، امریکہ کی جانب سے عراق پر حملے کے اعلان سے کافی پہلے، لیبیا نے مغرب کے ساتھ اپنے ایٹمی پروگرام کو ختم کرنے کے بارے میں پوشیدہ بات چیت کا آغاز کر دیا تھا۔ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اگر کرنل قذافی ایٹمی ہتھیار بنانے میں کامیاب ہو بھی جاتے تو بعد میں لیبیا میں ہونے والی خانہ جنگی میں وہ اس کا استعمال کیسے کر سکتے تھے؟ کیا لیبیا کی حکومت اپنے ہی شہریوں پر ایٹم بم گرا دیتی؟ اگر ایسا ہوتا تو کیا اس طرح قذافی کی حکومت کا بھی خاتمہ نہ ہو جاتا؟

13 6 ـ ایٹمی دہشت گردی

ایٹمی خطرات کا ایک نیا رخ وہ خدشات ہیں کہ انتہا پسند ایٹمی ہتھیار حاصل کر لیں۔ یہ غالباً ایٹمی ہتھیاروں کو مکمل تلف کرنے کے حق میں سب سے اہم ترین دلیل ہے۔ یعنی ان ہتھیاروں کے انتہاپسندوں کے ہاتھوں میں جانے سے بہتر ہے کہ ان کو ختم کر دیا جائے۔

امریکہ اس سلسلے میں سب سے زیادہ فکر اور تشویش میں مبتلا ہے۔ نیویارک ٹائمز کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نائن الیون سے پہلے امریکہ نے القاعدہ کا یہ پیغام پکڑا تھا کہ اسامہ بن لادن امریکہ کے خلاف ہیروشیما کی طرز کے حملوں کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔(15) بعد میں ایک ٹیپ ریکارڈ کیا گیا پیغام امریکہ کے افغانستان پر حملے سے کچھ پہلے جاری کیا گیا جس میں اسامہ بن لادن نے جاپان پر کیے گئے ایٹمی حملوں کی یاد دلاتے ہوئے کہا کہ

"دنیا کے آخری کونے پر بسنے والے بھی جاپان کے سینکڑوں ہزاروں لوگ مارے گئے تو اس وقت اسے جنگی جرم تصور نہیں کیا گیا تھا بلکہ اس کا جواز پیش کیا گیا تھا۔ اب جب کہ عراق کے

لاکھوں بچوں کو ہلاک کیا گیا تو امریکہ پر حملے کا درست جواز بنتا ہے۔"(16)

صرف اسلام پسند گروپ ہی سے دہشت گردی کا خطرہ نہیں ہیں۔ ناروے میں چند روز پہلے بریونگ بریویک کے ہاتھوں ہونے والا قتل عام ثابت کرتا ہے کہ گونا گوں نظریات سے دہشت گردی جنم لے سکتی ہے اور یہ صرف مذہبی نہیں ہے جیسے دہشت گردوں کے امر سے خوفزدہ ہونا چاہیے۔ کٹر مذہبی انتہا پسند اپنے ہی ہم مذہبوں کو جب اغوا/قتل کرتے ہیں۔ پاکستان میں کئی کی مثالیں دی جا سکتی ہیں جہاں مسجدوں اور مزاروں پر حملے عام ہیں۔

انتہا پسندوں کے ہاتھوں ایٹمی حملے کی تکنیکی صورتیں بہت سی ہیں۔ امکان صرف اسی بات تک محدود نہیں ہے کہ کسی ایٹمی ملک کے اسلحہ خانے سے "سوٹ کیس بم" چرا لیا جائے۔ ایٹم بم بنانا مین ہٹن پروجیکٹ کے زمانے کی نسبت اب کہیں زیادہ آسان ہو چکا ہے۔ بس ایک بڑا چیلنج انشقاقی مواد یعنی بلند افزودہ یورینیم یا پلوٹونیم تک رسائی حاصل کرنا ہے۔

ایسا انشقاقی مواد یقیناً ایٹمی ہتھیاروں کی حامل ریاستوں میں ہی پایا جا سکتا ہے تاہم ایسا مواد ان ملکوں میں بھی موجود ہو سکتا ہے جو ایٹم بم نہیں رکھتے کیونکہ افزودہ یورینیم کئی طرح کے ایٹمی ریسرچ ری ایکٹروں میں بھی استعمال ہوتا ہے اور چند ممالک ایٹمی بجلی گھروں کے لیے بھی پلوٹونیم پیدا کرتے ہیں۔

اس ایٹمی دہشت گردی کے خطرے کو کم یا ختم اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ انشقاقی مواد کی پیداوار روک دی جائے۔ ایسے مواد کے جو ذخائر موجود ہیں ان کی نگرانی کا معاملہ سخت کر دیا جائے، ایٹمی ہتھیاروں کو ختم یا کم کرنے کے پروگرام پر عمل درآمد کر دیا جائے اور انشقاقی مواد کے ذخائر کو ضائع کر دیا جائے۔ جس کے بعد اس خطرے کا سدباب ہو جائے گا۔(17) ایٹمی ہتھیاروں کا خاتمہ یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ایٹمی توانائی ختم کر دی جائے۔ اس تباہ کن ہتھیاروں سے مکمل نجات کا اس کے سوا اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔

13.7۔ حاصل بحث

ایٹمی ہتھیاروں کے خاتمے کا ہدف پورا کرنے کے بارے میں پوری دنیا میں بڑا جوش و خروش پایا جاتا ہے اور یہ بجا بھی ہے لیکن اگر ایٹمی طاقت کی حامل تو ریاستوں کو اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو ضائع

کرنا ہے اور دیگر کو ہتھیار بنانے سے روکے رکھنا ہے تو ضروری ہے کہ اس کے لیے ایسی ٹھوس وجوہ سامنے لائی جائیں جو عالمی اصولوں اور تنگ وقتی مفادات والوں کی ضروریات پوری کریں۔

ایٹمی ہتھیاروں کے خاتمے کے لیے پہلا اصول یہ ہونا چاہیے کہ دنیا پر قائم کئی ملکوں اور قوموں کی سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔ ایٹمی ہتھیاروں کو ترک کرنے کی بجائے یہ نہیں ہو سکتی کہ کوئی ایک ملک سے زیادہ ملک اپنی روایتی فوجی طاقت میں اضافہ کر کے باقی ممالک پر غالب آ جائیں۔ خاص طور پر امریکہ کو یہ امید نہیں رکھنی چاہیے کہ ایک طرف تو وہ اپنی روایتی فوجی طاقت کو "فوری عالمگیر حملے" (پرومپٹ گلوبل سٹرائیک) کے منصوبے کے مطابق بڑھائے اور دنیا بھر میں کہیں بھی فوری حملہ کرنے کے قابل ہو جائے اور ساتھ ہی دوسری ایٹمی طاقتوں سے جن کے پاس ایسی صلاحیتیں نہیں ہیں یہ توقع کرے کہ وہ اپنے ایٹمی ہتھیار تلف کر دیں گے۔

بالآخر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ دیگر قوموں کو ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے سے صرف اسی صورت میں روکا جا سکتا ہے جب ان کو دیگر ممالک کے برابر حیثیت ملے گی۔ ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے کی کوششوں میں تمام ممالک کے ساتھ یکساں سلوک ہونا چاہیے۔ کسی کی خصوصی حیثیت ہونے کی کوشش نہ ہو۔ ایٹمی دہشت گردی کو روکنے کا واحد یقینی راستہ یہی ہو سکتا ہے کہ اقوام عالم اپنے ایٹمی ہتھیار تلف کر دیں اور ایٹمی بجلی کے پروگرام بھی بند کر دیں۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے ان تمام اقدامات کے باوجود ایٹمی ہتھیاروں کا مکمل خاتمہ ممکن نہیں ہے کیونکہ ان کی ایجاد واپس نہیں ہو سکتی۔ تاہم ایک ایسی دنیا میں، جس میں تمام ممالک اس بات پر متفق ہو جائیں کہ وہ ایٹمی ہتھیار بنانے، انہیں باقی رکھنے پر اپنے وسائل نہیں لگائیں گے، وہاں ایٹمی ہتھیار بنانے کا نظری علم تو موجود رہے گا لیکن انہیں بنانے کی صلاحیتیں انحطاط پذیر ہو جائیں گی۔ جیسا کہ عمرانیات کے ماہر ڈونلڈ میک کنزی نے لکھا ہے

"یہ ٹیکنالوجی نابود ہو جاتی ہے جو خود کو ظہور دینے والے انسانی دانشوروں اور مادی نیٹ ورکس سے باہر ہو جائے۔ ہم موٹر کار کی ایجاد کا عمل لوٹا نہیں سکتے کیونکہ ایسا ممکن نہیں ہے لیکن ہم ایک دنیا کا تصور ضرور کر سکتے ہیں جہاں کار فیکٹریاں موجود نہ ہوں، جہاں لوگوں نے کبھی موٹر کار نہ چلائی ہو اور معاشرہ پیٹرول اور ٹریفک جیسی چیزوں سے بالکل مطمئن ہو جب وقت وہاں رہ گئے ہوں۔ لائبریریوں میں تو موبائل کی تصویریں تب بھی موجود ہوں گی اور موٹر مکینکس پر تحریریں بھی موجود ہوں گی لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایک احساس بھی کہ یہ وہ دنیا ہے جہاں سے موٹر کار کی ایجاد واپس ہو گئی ہے۔"(18)

14

ایٹمی توانائی اور بھارت میں بجلی کا مسئلہ*

سوورت ر جو

کافی عرصے سے بھارت کی رائے عامہ میں یہ اصرار کیا جاتا رہا ہے کہ ایٹمی توانائی طاقت کی حیثیت کا اور جمہوریت کا نشان ہے۔ مراد یہ کہ ریاست کو طاقتور اور جدید بنانے کے لئے ایٹمی توانائی کا حصول ضروری ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ 20 جنوری 1957ء کو بھارت میں جب پہلے ایٹمی ری ایکٹر کا افتتاح کیا گیا تو اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جواہر لال نہرو نے صاف صاف کہا تھا کہ ایٹمی انقلاب بھی صنعتی انقلاب ہی کی مانند ہے۔ اگر بھارت ایٹمی توانائی کو فروغ نہیں دے گا تو یہ ایک بار پھر موقع ضائع کر دے گا۔ آپ کو اس کے ساتھ آگے بڑھنا ہو گا ورنہ پھر یہ ہو گا کہ آپ مغلوب ہو جائیں گے، دوسرے آگے بڑھ جائیں گے اور اگر آپ پیچھے رہ گئے تو آگے نکل جانے والوں کے احکامات کے سامنے گھٹنے ٹیکے رہیں گے۔[1]

بھارت اور امریکہ کے مابین ایٹمی معاہدے پر ہونے والی بحث میں درج بالا دعووں یا اقوال کا بار بار مختلف انداز میں اعادہ کیا گیا۔ مثال کے طور پر 2006ء میں جب امریکی صدر جارج بش نے بھارت کا دورہ کیا تو ٹائمز آف انڈیا نے ان کا ایک انٹرویو نمایاں طور پر شائع کیا[2] جس میں اخبار کے پہلے صفحے کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ صرف ایک سوال کو دیا گیا کہ

ٹائمز آف انڈیا: کیا آپ بھارت کو ایک ذمہ دار جوہری طاقت والا ملک سمجھتے ہیں؟

جواب: جی ہاں

یہ سوال و جواب اخبار کے پہلے صفحے پر دوسری سرخیوں سے کم از کم چار گنا موٹے الفاظ میں دیئے گئے تھے۔[3]

اس جواب سے ٹائمز آف انڈیا اور بھارتی افسر شاہی کے حلقوں میں خوشی و اطمینان کی لہر دوڑ گئی۔ تاہم کانگریسی قیادت نے دنیا کی سب سے بڑی طاقت کی جانب سے اس بیان کو وسیع سیاسی حمایت کیلئے ناکافی سمجھا۔ چنانچہ اس نے دعویٰ کیا کہ ایٹمی معاہدے سے نہ صرف جوہری عصبیت کا خاتمہ ہو جائے گا بلکہ یہ ترقی کیلئے بھی ناگزیر ہے۔ جہاں جہاں کوئی پاور پلانٹ کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے سونیا گاندھی نے وضاحت کرتے ہوئے کہا تھا کہ ترقی کیلئے بجلی کی ضرورت ہے جبکہ بجلی کیلئے ایٹمی معاہدہ ناگزیر ہے۔ لہٰذا اس معاہدے کی مخالفت کرنے والے دراصل ترقی کے دشمن ہیں۔[4]

اسی قسم کے دلائل لوک سبھا میں ایٹمی معاہدے کے بارے میں ہونے والی بحث کے دوران بھی دیئے جاتے رہے۔ 28 نومبر 2007ء کو ایک بڑی بحث میں کانگریس کی پہلی مقرر، جیوتی مادتیہ سندھیا نے کہا کہ ترقی اور بجلی ساتھ ساتھ چلتے ہیں اس لئے سویلین نیوکلیئر آپشن ناگزیر ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 2020ء تک بھارت تیس ہزار سے چالیس ہزار میگاواٹ ایٹمی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کا حامل ہو جائے گا۔ سندھیا کے بیے اگرچہ یہ بات اہم تھی کہ اس معاہدے کی وجہ سے بھارت کے قد میں اضافہ ہوا ہے۔[5] پرناب مکھرجی نے 21 جولائی 2008ء کو حکومت کی طرف سے بحث کا آغاز کرتے ہوئے وضاحت کی کہ ہر چیز کے لیے بجلی کی ضرورت ہے اور اس شدید خطرے کی طرف اشارہ کیا کہ اگر ہم ایٹمی توانائی سے پیدا کرنا نہیں سوچتے تو 2050ء تک بھارت میں بجلی کی قلت 412000 میگاواٹ ہو جائے گی۔ تاہم ایٹمی توانائی سے یہ قلت کم ہو کر 7000 میگاواٹ رہ جائے گی اور اس طرح بجلی کے بحران کو حل کیا جا سکے گا۔[6]

مذکورہ اعداد و شمار ایٹمی توانائی کے شعبے سے حاصل کئے گئے ہیں لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ کیا یہ اعداد و شمار حقائق پر مبنی ہیں بھی؟ یہ سوال کانگریس کی سیاسی فتح کے بعد بھی اہم رہا ہے۔ سب سے پہلے تو امریکی انتظامیہ کی تبدیلی نے امریکہ اور بھارت کے درمیان ایٹمی معاہدے کے حوالے سے بات چیت کے عمل کو سست کر دیا۔ ایٹمی معاہدے پر بات چیت کے آغاز کو ایک سال ہو چکا

تفصیلی ہے تو کوئی حتمی شکل سامنے نہیں آ سکی۔ وزیراعظم من موہن سنگھ نے نومبر 2009ء میں امریکہ کا دورہ کیا جس کا مقصد بھارت کو دیے گئے امریکی ری ایکٹرز کے استعمال شدہ ایندھن کی ری پروسیسنگ کے بارے میں اختلافات کو دور کرنا اور معاملات کو طے کرنا تھا۔[7] اس کے علاوہ بھارتی حکومت نے پہلے سے مزید سات ملکوں کے ساتھ نیوکلیئر معاہدوں پر دستخط کر رکھے ہیں۔ اور امریکہ، فرانس اور روس کی کمپنیوں کو ایٹمی پلانٹ کے لیے جگہ بھی فراہم کر دی ہے۔[8]

اس تناظر میں ضروری ہے کہ ان توقعات پر تنقیدی نظر ڈالی جائے جو بھارتی حکومت نے ایٹمی توانائی سے وابستہ کر رکھی ہیں۔ یہاں کچھ سوالات بہت اہم ہیں مثلاً بھارت میں ایٹمی توانائی کی تاریخ کیا ہے؟ آیا یہ ممکن ہے کہ مستقبل قریب میں یہ ٹیکنالوجی بھارت کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے سلسلے میں کوئی اہم کردار ادا کر سکے؟ بھارت کے سول اور فوجی پروگرام کے درمیان کیا تعلق ہے اور بھارت امریکہ جوہری ڈیل کے بھارت کے ایٹمی اسلحہ تیار کرنے پر کیا اثر ہوگا؟ اگر بھارت میں ایٹمی توانائی بڑے پیمانے پر فروغ پاتی ہے تو کیا اس طرح بھارت لازمی طور پر سامراجی طاقتوں کا دست نگر بن کر نہیں رہ جائے گا؟ ان سوالات و موضوعات پر ہم یہاں بات کریں گے۔

14.1 ۔ ایٹمی توانائی کا نقشہ:

ہم ایٹمی توانائی کے بارے میں بھارتی حکومت کے بیانات سے آغاز کرتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ بھارت کے ایٹمی توانائی کے شعبے نے اگلی چند دہائیوں کے دوران ایٹمی توانائی کی پیداوار میں اضافے کے بارے میں کافی بلند بانگ دعوے ظاہر کیے ہیں اور اس بات پر اصرار کیا ہے کہ بھارت کو لازماً ایٹمی توانائی کے وسائل کی طرف بڑھنا چاہیے۔

2004ء میں ایٹمی توانائی کے شعبے (ڈی اے ای) کے ایک مطالعے میں اندازہ لگایا گیا تھا کہ بھارت کو 2050ء تک سالانہ 8 ٹریلین کلوواٹ آور بجلی کی ضرورت ہوگی،[9, 10] جبکہ 2002-2003ء میں بجلی کی پیداوار 0.6 ٹریلین کلوواٹ آور (kWh) تھی۔ یعنی منصوبہ یہ ہے کہ اس پیداوار کو 13 گنا بڑھایا جائے۔ اندازہ ہے کہ اس وقت تک بھارت کی آبادی 1.5 بلین (ڈیڑھ ارب) ہو جائے گی۔ اس طرح بجلی کا فی کس استعمال نو گنا بڑھ جانے کا مطلب یہ

614 کلوواٹ آور سے بڑھ کر 5305 کلوواٹ آور ہو جائے گی۔

اس مطالعے میں بتایا گیا ہے کہ جوہری توانائی کے بغیر اس طلب کو پورا کرنا بہت زیادہ مشکل ہو جائے گا اور یہ دعویٰ کیا گیا کہ 2050ء تک بجلی کی کل طلب کا 25 فیصد ایٹمی توانائی سے حاصل کیا جائے گا۔ جس کا مطلب 275 گیگا واٹ کی پیداواری صلاحیت کے ساتھ 2 ٹریلین کلوواٹ آور سالانہ بجلی پیدا کرنا ہے۔ تاہم یہ ابتدائی رپورٹ 2004ء میں امریکی صدر بش اور بھارتی وزیر اعظم من موہن سنگھ کے مابین جوہری معاہدے پر دستخطوں سے پہلے شائع کی گئی۔ جب اس معاہدے پر عام بحث جاری تھی، تو ان اعداد و شمار کو مزید بڑھا دیا گیا، وہ جن کا آج کل ذکر کیا جاتا ہے۔

انیل کاکوڈکر نومبر 2009ء تک ڈی اے ای کے سربراہ رہے۔ 4 جولائی 2008ء کو بھارتی اکیڈمی آف سائنسز میں کی گئی اپنی ایک تقریر میں اور جون 2009ء میں ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف فنڈامینٹل ریسرچ میں بات چیت کرتے ہوئے وہ بجلی کی پیداوار کے حوالے سے بڑھا چڑھا کر بیان کیے گئے اپنے ان اندازوں پر قائم رہے لیکن نصب کی گئی کل نیوکلیئر صلاحیت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے ان اندازوں اور اہداف کو 250 فیصد تک بڑھا چڑھا دیا۔[11]

کاکوڈکر نے دعویٰ کیا کہ اگر جوہری معاہدہ مکمل ہو گیا اور بھارت کو مخصوص تعداد میں لائٹ واٹر ری ایکٹرز اور ان کا ایندھن درآمد کرنے کی اجازت دے دی گئی تب ان ری ایکٹرز سے حاصل ہونے والے استعمال شدہ ایندھن کی ری سائیکلنگ بجلی کی پیداوار کو 650 گیگا واٹ تک بڑھا دے گی۔ یہ وہ اعداد و شمار ہیں جو جناب مکھر جی نے اس کے تقریباً دو ہفتے بعد پارلیمنٹ میں ہونے والی بحث کے دوران پیش کیے۔ چنانچہ کاکوڈکر نے پیش گوئی کی کہ 2050ء تک بھارت کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کا 50 فیصد جوہری توانائی پر مشتمل ہوگا۔ یاد رہے کہ بجلی کی یہ مقدار نیوکلیئر پاور کی موجودہ صلاحیت 4.12 گیگا واٹ سے 150 گنا زیادہ ہے۔ آج کل جوہری توانائی بھارت کی بجلی پیدا کرنے کی کل صلاحیت کا 2.64 فیصد ہے۔[12]

بھارتی حکومت میں اعلیٰ سطح پر بھی متعدد بار ایسے ہی اعداد و شمار پیش کیے جاتے رہے۔ بھارتی وزیر اعظم نے حال ہی میں پیش گوئی کی ہے کہ 2050ء تک ایٹمی طاقت سے 470 گیگا واٹ بجلی پیدا کی جا سکے گی۔[13] یہ اعداد انہوں نے کہاں سے حاصل کیے یہ بالکل واضح

تھیں ہے۔ لیکن شاید اس کا تعلق لائٹ واٹر ری ایکٹرز کی اس درآمد سے ہے جس کا ذکر کوڈ کر نے اپنی گفتگو میں کیا تھا۔

14.2 ۔ جوہری منصوبوں کی مختصر تاریخ

ماضی میں بھی بھارتی ایٹمی توانائی کا شعبہ بڑی بڑی پیش گوئیاں کر چکا ہے۔ ڈی اے ای کے پہلے سیکرٹری ہومی بھابھا نے 1962ء میں اعلان کیا تھا کہ 1987ء تک نصب شدہ صلاحیت 18 تا 20 گیگا واٹ ہو جائے گی[14] جبکہ حقیقت یہ ہے کہ 1987ء میں یہ صلاحیت محض 1.06 گیگا واٹ تھی جو بھابھا کی جانب سے کی گئی پیش گوئی کا محض 5 فیصد ہے۔[15]

وکرم سارا بھائی نے، جو بھابھا کے بعد ڈی اے ای کے سیکرٹری جنرل بنے، 1970ء میں یہ تسلیم کیا تھا کہ مقرر کیے گئے اہداف کے مقابلے میں پروگرام کافی پیچھے رہ گیا ہے۔[16] اس سے کچھ عرصہ پہلے سارا بھائی نے یہ نتیجہ اخذ کیا تھا کہ ڈی اے ای کو بڑے ری ایکٹرز تعمیر کرنے کی ضرورت ہے جن میں سے ہر ایک کی صلاحیت 500 میگا واٹ ہو تاکہ سرمایے کی لاگت واپس وصول ہو سکے۔ چنانچہ انہوں نے اعلان کیا کہ "ہمارے سامنے یہ ہدف ہے کہ 1972-73ء کے بعد ہم ہر سال 500 میگا واٹ صلاحیت کا ایک ایٹمی پاور سٹیشن لگائیں گے۔"[17] جبکہ حقیقت یہ ہے کہ بھارت کا پہلا 500 میگا واٹ کا ایٹمی ری ایکٹر جسے تارا پور 4 کا نام دیا گیا، 2005ء میں، یعنی مقرر کیے گئے ہدف کے تقریباً 35 برس بعد لگ پایا۔ اس ناکامی کی وضاحت بعض اوقات یہ کہہ کر دی گئی کہ 1974ء میں پوکھران دھماکوں کے بعد سول نیوکلیئر ری ایکٹر کے معاملے میں بیرونی تعاون کم ہو گیا تھا۔ تاہم 1984ء میں ڈی اے ای نے ایک نیوکلیئر پاور پروفائل کے ذریعے اعلان کیا کہ یہ 2000ء تک 10000 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت حاصل کر لی جائے گی۔ 1989ء میں ڈی اے ای کی مقرر کردہ ایک کمیٹی نے اس معاملے پر غور کیا اور ہدف کو قابل عمل قرار دیا۔ بلکہ اس کمیٹی نے مقررہ ہدف میں کچھ اضافہ بھی کر دیا۔ ان مقرر کیے گئے اہداف کا کئی بار سرکاری سطح پر اعلان کیا گیا۔ مثال کے طور پر اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین نے لکھا کہ "اس وقت ملک میں بجلی کی کل پیداواری صلاحیت کا 3 فیصد نیوکلیئر انرجی پر مشتمل ہے تاہم اس استعداد کو بڑھانے کے لیے کام کیا جا رہا ہے تاکہ 2000ء تک اس کو

بھارت کی کل پیداواری صلاحیت کے 10 فیصد تک بڑھایا جا سکے اور یہ کام 10000 میگا واٹ کے نیوکلیئر پاور پروگرام کو روبہ عمل لا کر کیا جائے گا۔"[18]

تقریباً پندرہ برس بعد بھارت کے کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل نے پیش رفت کا جائزہ لیا اور یہ نتیجہ نکالا کہ ۔۔۔ بجلی کی پیداوار میں حقیقی اضافہ مارچ 1998ء تک صفر تھا حالانکہ اس عرصے میں اس کام پر 5291.48 کروڑ روپے خرچ کر دیے گئے[19] اور یہ کہ 2009ء میں بھی نیوکلیئر توانائی بھارت کی بجلی پیدا کرنے کی کل صلاحیت کا صرف 3 فیصد بنتی تھی۔

ڈی اے ای اس ہدف کو بھی پورا کرنے میں ناکام رہا جو مختصر مدت کے لیے مقرر کیے گئے تھے۔ مثال کے طور پر 2003ء میں کاکوڈکر نے پیش گوئی کی تھی کہ "آج سے چار سال بعد ڈی اے ای 6800 میگا واٹ ایٹمی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت حاصل کر لے گا"[20] جبکہ اس کے چھ سال بعد یہ صلاحیت محض 4120 میگا واٹ تھی۔[21]

14.3 ۔ تین مراحل پر مبنی نیوکلیئر پروگرام

یہ واضح ہے کہ ڈی اے ای ماضی میں کیے گئے اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہا۔ اس ساری کارکردگی کو مد نظر رکھا جائے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا مستقبل کے حوالے سے جو اعداد و شمار بڑھا چڑھا کر پیش کیے گئے ان کا حقیقت سے کچھ تعلق بھی ہے؟ اس حوالے سے سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ڈی اے ای کے پیش کردہ اعداد و شمار انتہائی خوش خیالی پر مبنی تھے، لیکن بین الاقوامی سطح پر توقعات سے مطابقت بھی نہیں رکھتے تھے۔ مثال کے طور پر 2003ء میں کی گئی میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی ایک تحقیق کے مطابق 2050ء تک دنیا بھر میں جوہری توانائی سے پیدا کی جانے والی بجلی کی مقدار 1000 گیگا واٹ تک بڑھ جائے گی۔[22] جبکہ ڈی اے ای کا یہ دعویٰ ہے کہ اس وقت تک بھارت اکیلا ہی 650 گیگا واٹ جوہری بجلی پیدا کرنے کے قابل ہو جائے گا جو عالمی پیداوار کے حوالے سے پیش کیے گئے ہدف یعنی 1000 گیگا واٹ کا 65 فیصد بنتا ہے۔

بھارت کے توانائی کے شعبے کے اہداف کی بنیاد تین مرحلوں پر مشتمل جوہری پروگرام کو بنایا گیا تھا۔ یہ پروگرام سب سے پہلے بھابھا نے 1954ء میں تجویز کیا تھا۔ تین مراحل پر مبنی اس

پروگرام کا صرف پہلا مرحلہ روایتی ایٹمی بجلی گھروں پر مبنی تھا جس میں ایندھن کے طور پر یورینیم استعمال ہوتا ہے۔ دوسرا اور تیسرا مرحلہ فاسٹ بریڈر (fast breeder) ری ایکٹرز اور تھوریم (thorium) ری ایکٹرز پر مشتمل ہے۔ ان تین مراحل میں سے صرف پہلے مرحلے پر عمل درآمد ہوسکا۔ مگر وہ بھی مکمل طور پر کامیابی کے ساتھ نہیں ہوسکا اور اس میں 50 سال کی تاخیر بھی ہوئی۔

دوسرے اور تیسرے مرحلے میں ایسی ٹیکنالوجی استعمال ہوتی ہے جو دنیا میں کہیں بھی وسیع پیمانے پر کمرشل بنیادوں پر استعمال نہیں ہوتی ہے۔ فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز کو بہت سے ممالک میں آزمایا گیا اور پھر ترک کر دیا گیا۔ جن تھوریم ری ایکٹرز کا بھارت میں تصور کیا جا رہا ہے وہ تو دنیا میں کہیں بھی کمرشل طور پر نہیں استعمال ہوئے۔

اور مستقبل کی توانائی کے جو اندازے لگائے گئے ہیں ان میں پہلے مرحلے کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان اندازوں کے مطابق مستقبل کی 90 فیصد بجلی ری ایکٹر پروگرام کے دوسرے اور تیسرے مرحلے سے حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ ایٹمی توانائی کے شعبے کے پلان کی بنیاد زیادہ تر اس ٹیکنالوجی پر ہے جس کا ابھی تو وجود ہی نہیں ہے یا پھر جس سے مایوس ہو کر دنیا روایتی ری ایکٹر ٹیکنالوجی کی جانب رجوع کر چکی ہے۔

چنانچہ اس سے ایک یہ مسئلہ ابھر کے آتا ہے۔ تین مراحل پر مبنی ری ایکٹر پروگرام کے پیچھے قومی خود انحصاری پر ایمان کارفرما تھا۔ بھارت کے یورینیم کے وسائل معیار کے اعتبار سے ناقص اور مقدار میں بہت محدود ہیں، جبکہ ری ایکٹرز میں یورینیم کے استعمال سے مفر نہیں۔ چنانچہ بھارت کے لیے یہ ممکن نہیں کہ وہ ایٹمی پروگرام مکمل اپنے وسائل پر جاری رکھ سکے۔ پروگرام کا دوسرا مرحلہ اس طرح سے مرتب کیا گیا ہے کہ اس کم تر معیار کے ایندھن سے زیادہ سے زیادہ ممکنہ توانائی پیدا کی جائے (یعنی یورینیم کے جلے ہوئے ایندھن سے نکالے ہوئے پلوٹونیم کو ایندھن کے طور پر استعمال کیا جائے) اور جبکہ تیسرے مرحلے میں تھوریم پر انحصار کیا جائے جو بھارت میں وسیع پیمانے پر موجود اور دستیاب ہے۔

یورینیم چونکہ دنیا بھر میں وافر دستیاب ہے اسی لئے دیگر نوعیت کی ری ایکٹر ٹیکنالوجیوں پر کبھی بھی زیادہ توجہ نہیں دی گئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقبل قریب میں ان ٹیکنالوجیوں کے سامنے آنے کا بھی کوئی امکان نہیں۔ ایم آئی ٹی کی تحقیق کے مطابق ہم دیکھ رہے اگلے پچاس برسوں کے لیے

روایتی یورینیم ری ایکٹرز ہی بہترین انتخاب ہوں گے۔

چونکہ بھارت اپنے پروگرام کا دوسرا اور تیسرا مرحلہ مکمل کرنے میں ناکام رہا ہے لہذا یہ بات آسانی سے کہی جا سکتی ہے کہ اس کا تین مراحل پر مشتمل پروگرام ناکام ہو گیا ہے۔ مزید اہم بات یہ ہے کہ یہ تین مراحل والا پروگرام جن بنیادوں کے سبب اہم تھا وہ اہم نہیں رہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس خود انحصاری پر زور دیا جاتا تھا اس کی شدت میں پچھلی دو دہائیوں کے دوران کمی آئی ہے۔ دراصل نیوکلیئر ڈیل کا ایک نتیجہ یہ بھی نکلے گا کہ اس سے بھارت کو یورینیم کی بین الاقوامی تجارت میں حصے دار بنا دیا جائے گا اور اسے یورینیم درآمد کرنے کی اجازت مل جائے گی۔ چونکہ اس طرح سے حاصل ہونے والی توانائی فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز یا تھوریم ری ایکٹرز سے حاصل ہونے والی ممکنہ توانائی کی نسبت سستی پڑنے کا امکان ہے، چنانچہ یہ ہوسکتا ہے کہ بھارت یہ تین مراحل پر مبنی پروگرام خاموشی سے ترک کر دے...تاہم یہ بات ذہن میں رکھنے کی ہے کہ بریڈر پروگرام ایٹمی ہتھیاروں کے لئے اہم ہے۔ چنانچہ ممکن ہے کہ تیاری کے مراحل سے گزرنے والے سو میگا واٹ بریڈر ری ایکٹر کی تکمیل کے بعد مزید دو ری ایکٹر بھی لگائے جائیں۔ لیکن ان کا تعلق توانائی کے منصوبوں سے نہیں ہوگا۔ یہ باتیں اپنی جگہ اہم ہیں۔ پھر بھی یہاں بھارت کے ان تین مراحل پر مبنی پروگرام کا تذکرہ غیر ضروری نہ ہوگا۔

تین مرحلوں پر مبنی پروگرام اس بنیاد پر بنایا گیا تھا کہ بھارت کے یورینیم وسائل ناقص ہیں۔ جیسے کہ کاکوڈکر نے اس بارے میں کہا تھا کہ "بھارت میں جو بڑی توانائی کیلئے بمشکل ہی کچھ یورینیم دستیاب ہوگا"۔[23] دوسری جانب بھارت کے پاس تھوریم کے جو ذخائر ہیں وہ دنیا میں سب سے بڑے ہیں۔ تین مرحلوں پر مبنی منصوبے کی حقیقت کو پیش نظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔

اس پروگرام کے پیچھے کیا سوچ کارفرما ہے اس کا ایک بہترین تجزیہ وینکٹ رامن کی لکھی گئی کتاب Bhabha and His Magnificent Obsession میں دیکھا جا سکتا ہے۔[24] ایک اور تجزیہ بھابھا اٹامک ریسرچ سینٹر (BARC) کی ویب سائٹ پر ملتا ہے۔ ہم یہاں اس کا خلاصہ پیش کر رہے ہیں۔ اس ری ایکٹر پروگرام کا پہلا حصہ بھاری پانی سے چلنے والے ری ایکٹرز (Pressurized Heavy Water Reactors PHWRs) ہیں۔ قدرتی طور پر پائی جانے والی یورینیم میں اشتراک یہ 7 فیصد یورینیم 235 جبکہ باقی مقدار یورینیم 238 کی ہوتی ہے (یہ دو عام

ملتے جلتے ہیں یعنی ان کی کیمیائی شناخت ایک جیسی ہے لیکن اس کی طبیعیاتی خاصیتیں مختلف ہیں)۔ انشقاقی عمل میں جو یورینیم ایندھن کے طور پر استعمال ہوتی ہے وہ یورینیم 235 ہے۔ اکثر یہی ہوتا ہے کہ قدرتی طور پر پائی جانے والی اس یورینیم سے یورینیم 238 الگ کی جاتی ہے (مثلاً سینٹری فیوجز centrifuges کا استعمال کر کے) تاکہ یورینیم 235 کی کثافت بڑھائی جا سکے۔ دباؤ والے بھاری پانی سے چلنے والے ری ایکٹرز (PHWRs) کا فائدہ یہ ہے کہ ان میں قدرتی یورینیم استعمال ہو سکتی ہے یعنی وہ جس میں سے یورینیم 238 کو الگ نہ کیا گیا ہو۔ اس طرح کچھ بچت ہو جاتی ہے لیکن اس طریقے میں مسئلہ یہ ہے کہ اس میں بھاری پانی استعمال ہوتا ہے جو کافی مہنگا ہوتا ہے۔ بھابھا نے ایسے ری ایکٹرز کا انتخاب اس لئے کیا کیونکہ دوران عمل یورینیم 238 پلوٹونیم 239 میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

اگلے مرحلے میں پلوٹونیم 239 پہلے مرحلے سے حاصل ہونے والی یورینیم 238 کے ساتھ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر (FBR) میں ڈالا جاتا ہے۔ اس ری ایکٹر میں پلوٹونیم 239 ایندھن کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور یورینیم 238 پلوٹونیم 239 میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس طرح یہ ری ایکٹر اپنا ایندھن خود تیار کرتا ہے۔ تکنیکی اعتبار سے دیکھا جائے تو FBR یورینیم 238 استعمال کر کے قدرتی طور پر پائی جانے والی یورینیم سے زیادہ سے زیادہ توانائی حاصل کر لیتا ہے۔

تیسرے مرحلے میں ایک اور طرح کی بریڈنگ ہوتی ہے۔ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کا اندرونی حصہ تھوریم 232 میں لپیٹا جا سکتا ہے۔ جو کہ تعامل کے بعد یورینیم 233 میں تبدیل ہو جاتا ہے جو یورینیم کا ایک اور ہم جا ہے۔ یورینیم 233 انشقاقی ہے اور اس کو تیسرے مرحلے کے عمل میں شامل کیا جاتا ہے۔ اس تیسرے مرحلے میں یورینیم 233 بنیادی انشقاقی مواد کے طور پر کام کرتا ہے اور اس پر مشتمل ری ایکٹر کے مرکزی حصے کو تھوریم 232 کی چادر میں لپیٹا جاتا ہے اس طرح تھوریم سے مزید یورینیم 233 حاصل ہوتی ہے۔ بھابھا کا خیال تھا کہ تین مراحل پر مبنی اس عمل کے ذریعے بھارت میں موجود تھوریم کے وسیع ذخائر کو استعمال میں لایا جا سکے گا۔ تجربہ بتاتا ہے کہ بھابھا کا پیش کردہ یہ خیال قابل عمل نہیں ثابت ہوا۔ کیونکہ ان تجاویز کو پیش ہوئے پچپن برس گزر چکے ہیں لیکن معاملہ ابھی تک پہلے ہی مرحلے پر اٹکا ہوا ہے۔

14.4 ۔ پہلا مرحلہ

پہلے مرحلے کا مقصد تین مراحل پر مبنی اس عمل کا آغاز کرنا ہے اور یہ بھابھا کے بڑے منصوبے کا محض ایک چھوٹا سا حصہ ہے۔ ایٹمی توانائی کے شعبے کا اندازہ ہے کہ بھارت میں جتنا یورینیم موجود ہے اس سے 10 گیگا واٹ بجلی پیدا کی جا سکتی ہے۔ کاکودکر نے 2050ء کے حوالے سے جو حتمی پیش گوئی کر رکھی ہے توانائی کی یہ مقدار اس کا صرف دو فیصد بنتی ہے۔ ایٹمی توانائی کے شعبے کا منصوبہ یہ ہے کہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے مقامی صلاحیت ناکافی ہو تو درآمد کئے گئے ری ایکٹرز اور ایندھن کے ذریعے اسے پورا کیا جائے۔ ڈی اے ای کا اصرار ہے کہ 2050ء تک درآمد شدہ ری ایکٹرز تمام تر ایٹمی صلاحیت کا صرف ایک چھوٹا سا حصہ ہوں گے۔

ان ساری باتوں کے باوجود جوہری پروگرام کا پہلا مرحلہ ہی وہ واحد مرحلہ ہے جس پر کمرشل بنیادوں پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے ہم پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں اور اس پر آگے مزید بات ہوگی۔ صورتحال یہ ہے کہ بھارت میں ایٹمی بجلی پیدا کرنے کے معاملے پر کوئی گفتگو نیوکلیئر پروگرام کے پہلے مرحلے تک ہی محدود ہے۔ چونکہ دوسرے اور تیسرے مرحلے کے برعکس اس پہلے مرحلے میں عام طور پر روایتی ٹیکنالوجی کا استعمال ہوتا ہے اس لئے اس کے بارے میں بحث عالمی سطح پر جاری جوہری توانائی کے بارے میں ہونے والی عام بحث کے ساتھ منسلک ہے۔

اس طرح ذیل میں ہم سوالات کو زیر غور لائیں گے اور ان کا جواب تلاش کرنے کی کوشش کریں گے

1 جوہری توانائی کے تصور کو دنیا بھر میں دوبارہ پذیرائی کیوں حاصل ہو رہی ہے؟

2 جوہری طاقت کی معاشیات کیا ہیں؟

3 جوہری تنصیبات کے تحفظ اور اس کے ماحولیاتی اثرات کے بارے میں کیا سوچا گیا ہے؟

4 ان عوامل کا بھارت پر کیسے اطلاق ہوتا ہے؟

14.5 ۔ جوہری صنعت کا احیاء

جوہری صنعت مہنگی ہونے کی وجہ سے اور اس سے متعلق تحفظ کے خدشات نے اسے کئی دہائیوں تک جمود میں رکھا۔ مگر اب اس کی بحالی کے "آثار نظر" آنے لگے ہیں۔ خاص طور پر مغرب میں۔ (25. چین جیسے چند ترقی پذیر ملکوں نے بھی جوہری صنعت کو پھیلانے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ مغرب

میں اس امید کی جزوی وجہ عالمی سطح پر موسمیاتی تبدیلی اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج سے متعلق بڑھتی ہوئی تشویش ہے۔[28] اس کی ایک ثانوی وجہ وہ دیانتی ہے جس کا عام طور پر ذکر نہیں کیا جاتا۔ اکانومسٹ کے 6 ستمبر 2007ء کے شمارے میں شامل ایک مضمون میں لکھا گیا ہے 'کہ مغربی حکومتیں تشویش میں مبتلا ہیں کہ تیل اور گیس کے ذخائر حریف حکومتوں کے ہاتھوں میں ہیں ۔۔۔ جبکہ جوہری صنعت کا خام مال آسٹریلیا اور کینیڈا جیسے دوستانہ ملکوں میں ہے۔'[27]

حالانکہ گزشتہ برسوں کے دوران ان معاملات پر وسیع پیمانے پر بحالی آرا ہوئی اور اسی لحاظ سے پالیسی میں تبدیلی ہوتی بھی نظر آئی۔ تاہم بڑھا چڑھا کر پیش کی جانے والی جوہری نشاۃ ثانیہ تکنیکی دقت کے مسائل میں گھر گئی۔ فرانسیسی کمپنی اریوا (Areva) جس کا ارادہ جیتاپور مہاراشٹر میں ایک ری ایکٹر تعمیر کرنے کا ہے، وہ فن لینڈ میں بھی ایک جدید ترین (جنریشن تھری) ری ایکٹر بنا رہی ہے۔ تاہم اب اس پلانٹ کی تعمیر تاخیر کا شکار ہو گئی ہے۔ خیال ہے کہ اب یہ تین سال تاخیر سے تعمیر ہوگا اور اس کا بجٹ بھی 60 فیصد بڑھ چکا ہے۔

اریوا اور ویسٹنگ ہاؤس دونوں ہی میں نئے پلانٹ تعمیر کر رہی ہیں لیکن اب یہ کمپنیاں مختلف کے مسائل کا شکار ہیں۔ یہی ادارہ ویسٹنگ ہاؤس وہ کمپنی ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ بھارت میں بھی ایک پلانٹ تعمیر کرے گی۔ برطانیہ کے ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو (HSE) کی حال ہی میں جاری کردہ ایک رپورٹ کے مطابق مجوزہ پلانٹ جنہیں دونوں کمپنیاں تعمیر کر رہی ہیں۔ اس رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ایچ ایس ای ان دونوں کمپنیوں کے پیش کردہ ڈیزائنوں سے مطمئن نہیں ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ "ہم نے ڈیزائن کے متعلق معاملات پر کئی سوالات اٹھائے ہیں۔ اگر ان پر اطمینان بخش پیش رفت نہ کی گئی تو ہم ڈیزائن قبول کرنے کی تصدیق جاری نہیں کریں گے۔"[29] (اس حوالے سے کچھ معلومات دی گارڈین کے 27 نومبر 2009ء کے شمارے میں شامل کی گئی ہیں)[30]

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے جوہری توانائی کو بہترین قرار دینے کے حوالے سے جو دلیل پیش کی جاتی ہے اس کو بھی بڑی شد و مد سے چیلنج کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر ایمری لوونز اور عمران شاہ توانائی کے متبادل ذرائع کے حق میں بات کرتے ہیں جن میں ہوا اور پانی سے توانائی پیدا کرنے کے چھوٹے منصوبے بھی شامل ہیں۔[31] ان سب کے باوجود لگتا یہی ہے کہ اگر

کوئی شدید جوہری حادثہ ہو یا متبادل ٹیکنالوجی میں غیر معمولی پیش رفت ہوئی تو جوہری صنعت اگلی چند دہائیوں کے دوران کئی نئے ایٹمی ری ایکٹر تعمیر کرے گی۔

چنانچہ ایٹمی توانائی کے بارے میں دو سوالات کو اٹھانا اہم ہوگا۔ اول یہ کہ کیا جوہری توانائی محفوظ اور بکفایت ہے؟ اور دوسرے یہ کہ ایٹمی توانائی کے بارے میں ہونے والی بین الاقوامی بحث کا ہندوستان پر کتنا اطلاق ہونا چاہئے؟ آپ دیکھ چکے ہیں کہ نئے معاہدوں کے تحت بھارت کی ذمہ داریاں کم از کم اگلی چند دہائیوں کیلئے ترقی یافتہ ممالک سے مختلف ہو سکتی ہیں۔ بھارت کے یورینیم کے وسائل محدود ہیں جبکہ اگر اس نے وسیع پیمانے پر جوہری پروگرام شروع کیا تو اسے ایندھن کیلئے بین الاقوامی استعماری طاقتوں کا دست نگر بننا پڑے گا۔ اور یہ بات بھارت کے مفاد میں ہرگز نہیں ہوگی۔

14.6 ۔ بھارت میں جوہری پروگرام کی معاشیات

بھارت کسی قدر غیر معیاری ایٹمی ری ایکٹرز استعمال کرتا ہے۔ ان کا ایک فائدہ یہ ہے کہ یہ قدرتی طور پر پائے جانے والی یورینیم کے ذریعے کام کرتے ہیں اور انہیں یورینیم افزودہ کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اگرچہ اس طرح اخراجات میں تو کچھ کمی آتی ہے لیکن ایسے ری ایکٹرز میں بھاری پانی استعمال ہوتا ہے جو کافی مہنگا ہوتا ہے۔ ڈی اے ای نے مستقبل میں بھاری پانی کے ایسے مزید ری ایکٹر تعمیر کرنے کی منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔

بھارت میں جوہری طاقت کی معیشت دو عوامل کی وجہ سے پیچیدہ شکل اختیار کر چکی ہے۔ پہلا یہ کہ اس سرکاری محکمے کی لاگت کا درست تخمینہ لگانا مشکل ہے جو جوہری توانائی کے مختلف پہلوؤں پر خرچ ہوتی ہے، بشمول بھاری پانی کی پیداوار کے۔[32]

دوسرا یہ کہ ڈی اے ای ایک کلوزڈ سائیکل (closed cycle) استعمال کرتی ہے جس میں استعمال شدہ ایندھن کو پھر سے قابل استعمال بنایا جاتا ہے۔ یہ عمل کافی مہنگا ہے لیکن اس کے اخراجات کو پیدا کی گئی توانائی پر اٹھنے والے اخراجات کے تخمینوں میں شمار نہیں کیا جاتا۔ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ دوبارہ سے قابل استعمال بنایا گیا یہ ایندھن بالآخر جوہری پروگرام کے دوسرے مرحلے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لیکن چونکہ دوسرا مرحلہ تا حال شروع ہی نہیں کیا گیا اس

لئے یہ بالکل بے معنی ہے۔ بعض اوقات یہ دلیل دی جاتی ہے کہ قیمت کے حوالے سے ایٹمی توانائی کا موازنہ کوئلے کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔(33),(34)

بھاری پانی کی پیداوار کیلئے جو سبسڈی دی جاتی ہے، اگر اسے مدنظر رکھا جائے تو پتہ چل سکتا ہے کہ جوہری توانائی کی پیداوار کی لاگت کا کوئلے کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں کیا جا سکتا چاہے ڈسکاؤنٹ کی شرح (discount rate) کو تین فیصد پر بھی رکھا جائے۔ ری پروسیسنگ پر آنے والی لاگت مکمل طور پر نظر انداز کر دیئے جانے پر بھی یہی نتیجہ قائم رہے گا۔(35),(36) اور یہ بین الاقوامی تجزیے کے عین مطابق ہے جس کا ذکر پیچھے کیا جا چکا ہے۔

14.7 ۔ عالمی جوہری معاشیات

اوپر جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس کے حوالے سے میساچوسٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی 2003ء کی ایک تحقیق میں یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ پابندیوں سے آزاد منڈیوں میں اب جوہری توانائی کی پیداوار پر آنے والی لاگت اور کوئلے یا گیس سے پیدا کی گئی توانائی پر آنے والی لاگت میں کوئی مقابلہ نہیں ہے۔ یونیورسٹی آف شکاگو میں کی گئی ایک زیادہ وسیع تحقیق سے بھی یہی نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ فرانس کے علاوہ بیشتر ممالک میں جوہری توانائی میں ابتدائی سرمایہ کاری کی بھاری لاگت، سستے کوئلے یا قدرتی گیس والی ٹیکنالوجیوں کے مقابلے میں مہنگی پڑتی ہے۔(37) اس تحقیق سے یہ بھی پتہ چلا کہ حالات بہت زیادہ سازگار ہوں تب بھی امریکہ میں پہلا نیا جوہری پلانٹ نصب کرنے پر جو لاگت آئے گی وہ کوئلے یا گیس کے مہنگے ترین پلانٹ کی نسبت کہیں زیادہ ہوگی۔

بقول اکانومسٹ کے، "1970ء کی دہائی سے صورتحال اس قدر بدل چکی ہے کہ جہاں یہ سوچا جاتا تھا کہ ایٹمی بجلی اتنی سستی ہوگی کہ اس کی قیمت لگانا بے معنی ہو جائے گا، اب ایٹمی بجلی اتنی مہنگی ثابت ہوتی ہے کہ اس کو لگانے کے بارے میں سوچنا بھی مشکل ہے۔"(34) یہی وجہ ہے کہ امریکہ میں گزشتہ تین دہائیوں کے دوران کسی نئے ایٹمی پلانٹ کی تعمیر کی کوئی درخواست نہیں دی گئی ہے۔

ٹھیک اور سوال یہ ہے کہ اگر کاربن کے اخراج کی کوئی قیمت مقرر کر دی جائے تو کیا اس

حوالے سے کی جانے والی جمع تفریق میں کوئی فرق پڑے گا؟ اکانومسٹ کا کہنا ہے کہ یورپ کی ایمیشنز ٹریڈنگ سکیم (Emissions trading scheme) کے تحت کاربن کی قیمت اس وقت 14 یورو فی ٹن ہے جو 50 یورو سے کافی کم ہے جس کے بارے میں توانائی کی صنعت کے کرتا دھرتا افراد کا خیال ہے کہ اگر قیمت اتنی ہو جائے تو اس سے ایٹمی بجلی گھر دیگر بجلی گھروں کے مقابلے میں سستے پڑنے لگیں گے۔(38)

چنانچہ عالمی سطح پر اس بارے میں اتفاق رائے ہے کہ ایٹمی بجلی کوئلے کی نسبت زیادہ مہنگی ہے، گو کہ ایٹمی بجلی شمسی توانائی جیسے کئی دیگر متبادلات سے پھر بھی سستی ہی رہے گی۔ اگرچہ اس بات نے جوہری صنعت کو مندی سے دوچار کر دیا ہے، پھر بھی اس نے ایٹمی بجلی گھروں کی تعمیر کا سلسلہ نہیں رکا اور بھارت بھی اسی راہ پر گامزن ہے۔ بجائے اس کے کہ زیادہ لاگت آنے کی وجہ سے ایٹمی توانائی سے ہاتھ کھینچ لئے جائیں، اس شعبہ کے تحت مزید مالی امداد اور سبسڈیز دی جاتی رہی ہیں۔

14.8 ۔ تحفظ اور ماحول

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ موسمی تبدیلیوں کے بارے میں بڑھتے ہوئے خدشات نے جوہری صنعت کی تجدید نو میں مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ ایٹمی توانائی کی ایک خاصیت یہ ضرور ہے کہ اس سے گرین ہاؤس گیسیں پیدا نہیں ہوتیں۔ اس خاصیت اور کچھ دیگر وجوہ کی بنا پر گرین پیس (Green Peace) مہم کے بانی ارکان پیٹرک مور جیسے ماہرین ماحولیات ایٹمی توانائی کے حامی بن گئے ہیں۔ البتہ گرین پیس اور ماحولیات کے حوالے سے کام کرنے والے دیگر گروپوں نے ابھی تک جوہری توانائی کو مستند قرار نہیں بخشی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ وہ فضلہ ہے جو جوہری توانائی کی پیداوار کے عمل کے دوران پیدا ہوتا ہے۔

ایٹمی ری ایکٹر ایسا تابکار فضلہ پیدا کرتے ہیں جو طویل عرصے تک خطرے کا باعث بنا رہتا ہے۔ مثال کے طور پر پلوٹونیم 239 (جو جوہری ری ایکٹرز میں پیدا ہوتی ہے) کی زندگی اتنی طویل ہوتی ہے کہ ہر 24000 برسوں میں اس کی تابکاری آدھی ہو پاتی ہے۔

بدقسمتی سے اس فضلے کو ضائع یا مکمل طور پر ختم کرنے کا کوئی طریقہ کار موجود نہیں۔ البتہ اس

حوالے سے جوہری مواد کی منصوبہ بندی کرنے والوں کے مابین وسیع اتفاق موجود ہے کہ اسے کسی ایک جگہ پر ذخیرہ کر دیا جائے جہاں سے اس کے پھیلنے کا خطرہ نہ ہو۔ ایسا ایک ذخیرہ امریکہ میں موجود ہے جسے ویسٹ آئسولیشن پائلٹ پلانٹ (Waste Isolation Pilot Plant) کا نام دیا گیا ہے لیکن اس میں صرف فوجی مواد رکھا جاتا ہے۔ امریکہ نے منصوبہ بندی کر رکھی ہے کہ وہ اپنا سول تابکار مواد یکا ماؤنٹین (Yucca Mountain) کے ذخیرے میں رکھے گا لیکن مسئلہ یہ ہے کہ یہ ذخیرہ ابھی تعمیر نہیں ہوا ہے۔ اس پروگرام کے بارے میں کچھ معلومات نیوکلیئر انجینئرنگ بیورو تک میں پائی جاتی ہیں۔(40)

بھارت میں استعمال شدہ ایندھن کو ری پروسیس کر کے دوبارہ استعمال میں لایا جاتا ہے لیکن ری پروسیسنگ مزید خطرناک تابکار مواد پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔ اس کا حجم فی الوقت کم ہے۔ 2001 میں یہ اندازہ لگایا گیا کہ بھارت میں 5000 مکعب میٹر اعلیٰ سطح کا فضلہ اکٹھا ہو چکا ہے جو اولمپک سائز کے دو سوئمنگ پولوں کے برابر ہے۔(41) تاہم اندازہ ہے کہ اس کی مقدار تیزی سے بڑھے گی۔ 2004ء میں جوہری توانائی کے شعبے نے اندازہ لگایا کہ 2011ء تک اس فضلے کی مقدار 700 مکعب میٹر سالانہ تک پہنچ جائے گی جو ظاہر ہے اب تک پہنچ چکی ہوگی۔ اگرچہ اس نے اسی نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ آخرکار اس فضلے کو کسی جگہ ٹھکانے لگا دے گا تاہم یہ بات تسلیم کرنے پر بھی مجبور ہو رہا ہے کہ دنیا میں کہیں بھی ایسے فضلے کو ٹھکانے لگانے کے منصوبے کے قابل عمل ہونے اور اس کے محفوظ ہونے کو عملی طور پر ثابت کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔(42)

جوہری توانائی کے حوالے سے ایک اور تشویش جس کا اظہار کیا جاتا ہے وہ کسی بجلی گھر کا تباہ ہونا ہے۔ 1986ء میں چرنوبل کا سانحہ پیش آیا تھا۔ اس وقت یہ علاقہ سوویت یونین کا حصہ تھا اور وہاں قائم بجلی گھر میں ہونے والے حادثے کی وجہ سے تابکار مواد کی ایک بڑی مقدار ہوا میں شامل ہو کر سوویت یونین کی سرحد کے پار دور دور تک پھیل گئی تھی کہ سویڈن تک بھی اس کے اثرات محسوس کئے گئے۔ 2008ء میں عالمی ادارہ برائے صحت نے اندازہ لگایا کہ اس حادثے سے زندگی بھر کے لئے متاثر ہونے والے تقریباً 6 لاکھ افراد میں تابکار شعاعوں سے کینسر کے باعث اضافی اموات ہوں گی۔ علاوہ ازیں تابکار مواد سے متاثرہ دیگر علاقوں میں موجود پچاس لاکھ افراد میں سے 5000 اضافی اموات ہوں گی۔(43) تاہم جیسا

کر گریں پیس نے توجہ دلائی ہے، اس وجہ سے کہ حادثے میں اس قسم کے اعداد و شمار اور اندازے حقیقی انسانی تکالیف کی عکاسی نہیں کر سکتے۔(44)

چرنوبل میں حادثہ اس لئے پیش آیا کہ ری ایکٹر کا ڈیزائن مناسب نہ تھا اور اسے چلانے والوں سے غلطیاں سرزد ہوئیں۔ علاوہ ازیں ری ایکٹر کسی بڑے ڈھانچے کے اندر بند نہ تھا۔ پھر یہ بھی ہوا کہ حادثے کے وقت ری ایکٹر کو ٹھنڈا کرنے والا پانی کم ہو جانے سے اس کا عمل اور تیز ہو گیا جس سے مزید حرارت بڑھنے لگی اور ٹھنڈا کرنے والا پانی اور تیزی سے کم ہونے لگا۔(45) اس کا نتیجہ ایک بڑے سانحے اور تباہی کی صورت میں سامنے آیا۔ نئے ری ایکٹر بظاہر بہتر انداز میں ڈیزائن کئے گئے ہیں۔ اس بات کی امید کی جا سکتی ہے کہ جوہری صنعت نے انجینئرنگ کے کچھ نئے سبق سیکھے ہوں گے۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ جوہری بجلی سے خطرات وابستہ ہوتے ہیں۔ البتہ جوہری توانائی کی بحث میں اس کے حامیوں کی جانب سے اٹھائے گئے ایک نکتے کو نظرانداز نہیں کر سکتے، عام طور پر جوہری توانائی کا کوئلے کے ساتھ تقابل کیا جاتا ہے، جیسا کہ ہم نے بھی اوپر کیا ہے۔ تاہم یہ بھی واضح رہے کہ کوئلہ بھی کم خطرناک نہیں۔

اور اس کی وجہ بالکل واضح ہے کہ ہر سال ہزاروں مزدور کوئلے کی کانوں میں اپنی زندگیاں کھو دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں چین کی مثال دی جا سکتی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق چین میں 2006ء میں 4746 اور 2007ء میں 3786 ہلاکتیں ہوئیں۔(46)،(47)

بھارت میں سینکڑوں لوگ کوئلے کی کان کنی کی وجہ سے ہلاک ہوتے ہیں۔ یہاں کوئلے کی کان کنی کے بارے میں اعداد و شمار بڑے مبہم اور غیر واضح ہیں۔ بھارتی وزارت برائے کان کنی کا کہنا ہے کہ بھارت میں کوئلے کی کان کنی بہت محفوظ ہے اور یہاں ہلاکتوں کی شرح امریکہ سے کم اور تقریباً جنوبی افریقہ کے برابر ہے۔(48)

یہ اعداد و شمار ناقابل یقین سہی لیکن اگر وزارت کان کنی کے پیش کردہ اعداد و شمار(49) ہی لے لئے جائیں تو بھی 2006ء میں بھارت میں کوئلے کی کان کنی کے دوران 128 ہلاکتیں ہوئیں جبکہ زخمیوں کی تعداد 886 تھی۔ اسی طرح 2007ء میں 69 افراد کوئلے کی کان کنی کرتے ہوئے اپنی جان سے گئے جبکہ شدید زخمیوں کی تعداد 904 تھی۔(50)

یہ سب کچھ جزوی طور پر اس عدم مساوات کا نتیجہ ہے جو آج کے معاشروں میں موجود ہے۔ کسی جوہری ری ایکٹر کا پگھل جانا تباہ کن ہو سکتا ہے اور ہر کسی کو متاثر کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایٹمی تنصیبات کے تحفظ پر بڑی توجہ دی جاتی ہے۔ اس کے برعکس دنیا بھر میں ہر سال کوئلے کی کانوں میں کام کرنے والے سینکڑوں مزدور ہلاک ہو جاتے ہیں۔ چونکہ یہ لوگ حد سے زیادہ غریب اور بے یار و مددگار ہوتے ہیں اس لئے وہ بڑے پیمانے پر احتجاج نہیں کر سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ اس معاملے پر کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی۔

14.9 ۔ بھارت سے مخصوص عوامل

دو عوامل یا عناصر ایسے ہیں جو بھارت میں ایٹمی بجلی کے بارے میں بحث کا تعین کرتے ہیں۔ پہلے کا تعلق ملک میں موجود یورینیم کے ناقص وسائل سے ہے۔ جیسا کہ پیچھے بیان کیا جا چکا ہے کہ بھارت میں موجود یورینیم کے ذخائر نہ صرف بہت کم ہیں بلکہ معیار میں بھی ناقص ہیں۔ پلاننگ کمیشن کی متعین کردہ انرجی پالیسی کے ماہرین کی کمیٹی نے جو رپورٹ تیار کی ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ بھارت میں یورینیم بہت کم ہے۔ جو یورینیم موجود ہے اس سے صرف 10000 میگاواٹ بھاری پانی سے چلنے والے ری ایکٹروں کو ایندھن فراہم کیا جا سکتا ہے۔ پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ بھارت جس خام دھات سے یورینیم اخذ کرتا ہے وہ بھی کمتر معیار کی ہے (اس میں یورینیم کی مقدار 0.1 فیصد سے بھی کم ہے) جبکہ بعض دیگر ممالک میں پائے جانے والے وسائل میں ایسی خام دھاتیں موجود ہیں جن میں 12-14 فیصد تک یورینیم موجود ہوتا ہے۔ یہ صورتحال بھارت میں جوہری ایندھن کو بین الاقوامی منڈی کی نسبت 2 سے 3 گنا مہنگا بنا دیتی ہے۔(51)

چنانچہ یہ بالکل واضح ہے کہ ایک بڑا ایٹمی پروگرام درآمد شدہ ایندھن کی بنیاد پر ہی چلایا جا سکے گا۔ اور یہ بھی واضح ہے کہ اس سے جوہری بجلی زیادہ مہنگی ہو جائے گی۔ اور اس سے بھی زیادہ سنجیدہ بات یہ ہے کہ بھارت ان ری ایکٹرز کو چلانے کیلئے ایندھن کے لحاظ سے ان سرمایہ دار ممالک کا دست نگر بن کر رہ جائے گا۔ 1974ء کے جوہری تجربات کے بعد امریکہ نے تارا پور پلانٹ کو ایندھن کی فراہمی بند کر دی تھی۔ حال ہی میں نیوکلیئر سپلائرز گروپ کی جانب سے بھارت

کو خصوصی استثناء ملا ہے جس میں اسے جوہری تجارت میں شامل ہونے کی اجازت دی گئی ہے اور یہ عنایت اس لئے کی گئی ہے کہ آج کل بھارت امریکہ کا ساتھی بنا ہوا ہے۔ اگر ایک بڑا جوہری پروگرام شروع کیا جائے گا تو بھارت کو درآمد شدہ ایندھن پر انحصار کرنا پڑے گا جس سے آنے والی حکومتوں کے لئے امریکہ سے تعلق کو مختلف شکل دینا مشکل ہو جائے گا۔

بھارت میں دوسرا اہم مسئلہ یہ ہے کہ اس کے پاس کوئی مضبوط انضباطی (ریگولیٹری) طریقہ کار موجود نہیں ہے۔ جس کی وجہ نہرو اور بھابھا کے دور کی پالیسیاں ہیں۔ 1948ء میں بھابھا نے نہرو کو لکھا تھا کہ ایٹمی توانائی کی ترقی کی ذمہ داری ایک بہت چھوٹی اور اعلیٰ اختیارات کی حامل تنظیم کو دینا چاہئے۔ مثال کے طور پر یہ تین افراد پر مشتمل کمیٹی ہو جس کے پاس اعلیٰ اختیارات ہوں اور جو بغیر کسی درمیانی رکاوٹ کے براہ راست وزیر اعظم کو جواب دہ ہو۔ بھابھا نے لکھا کہ اس تنظیم کو اٹامک انرجی کمیشن کا نام دیا جا سکتا ہے۔(52)

بھابھا کا یہ بیان اس کی غیر جمہوری سوچ کا مظہر تھا۔ بہت سے دیگر معاملات کی طرح اس معاملے میں بھی اس نے خود کو ہر قسم کی نگرانی اور احتساب سے بچا رکھنے کیلئے نہرو کے ساتھ اپنی قربت داری کو استعمال کیا۔ حالانکہ نگرانی اور احتساب کے ایسے نظام حکومت کے دیگر شعبوں میں پائے جاتے ہیں۔ اٹامک انرجی کمیشن 1954ء میں قائم کیا گیا اور اس کے قیام کے 55 برس بعد بھی اس چھوٹی سی تنظیم پر افسر شاہی کی اجارہ داری چھائی ہوئی ہے جو ملک میں ایٹمی توانائی کے تمام پہلوؤں کی نگرانی کرتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کئی دہائیوں تک جوہری توانائی کی افسر شاہی نے کسی آزاد انضباطی ادارے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی۔ ڈی اے ای ہی ایٹمی بجلی گھر لگانے اور ان کو چلانے کا ذمہ دار بنا رہا۔ مگر جب 1973ء میں امریکی ریاست پنسلوینیا کے تھری مائل آئی لینڈ میں ایک خطرناک جوہری حادثہ پیش آیا تو ڈی اے ای کو ایک الگ اٹامک انرجی ریگولیٹری بورڈ (AERB) قائم کرنے کے معاملے پر توجہ دینا پڑی۔(53) تاہم ایٹمی توانائی کے تحفظ کیلئے 1983ء میں قائم کیا گیا AERB براہ راست اٹامک انرجی کمیشن کو رپورٹ کرتا تھا جس کا سربراہ ڈی اے ای کا سربراہ ہی ہوتا تھا۔ اس صورتحال نے اٹامک انرجی ریگولیٹری بورڈ کی آزادی اور خود مختار حیثیت کو مشکوک بنا دیا۔

1995 میں اٹامک انرجی ریگولیٹری بورڈ نے گوپال کرشنن کی سربراہی میں بھارت میں جوہری تنصیبات میں 130 سیفٹی ایشوز کی نشاندہی کی جن میں سے 95 ترجیحی بنیادوں پر توجہ کی متقاضی قرار دی گئی تھیں۔ تاہم ان میں سے کسی پر بھی شاید ہی توجہ دی گئی ہوگی۔

اٹامک انرجی ریگولیٹری بورڈ چھوڑنے کے بعد گوپال کرشنن نے ملک کے ڈی اے ای کی ایٹمی تنصیبات میں سیفٹی کی صورتحال بین الاقوامی معیارات سے کم ہے نیز ان اسباب سے اس تشویشناک صورتحال کی جو بنیادی وجوہات بیان کیں ان میں حقیقی طور پر آزاد جوہری ریگولیٹری نظام کی عدم موجودگی، ڈی اے ای کا حد سے زیادہ مرکزیت والا نظام اور اختیارات کا استعمال نیز حقائق چھپانے کیلئے سرکاری معلومات کے تحفظ کے ایکٹ کا وسیع پیمانے پر استعمال شامل ہیں۔(54)

اس کے رد عمل میں نیوکلیئر پاور کارپوریشن نے گوپال کرشنن کے بیان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے بیان جاری کیا کہ "ایٹمی تنصیبات کی حفاظت اور سلامتی کی صورتحال خطرناک نہیں ہے اور یہ کہ گوپال کرشنن خیالی باتیں کر رہے ہیں... اور یہ کہ ہم اٹامک انرجی ریگولیٹری بورڈ کو اپنا مخالف نہیں سمجھتے بلکہ ہم سب ایک ہی سائنسی یونٹ کا حصہ ہیں۔ جسے قوم کے رہنماؤں سے یہ ضمانت ملی ہے کہ وہ قوم کو محفوظ طریقے سے اور معاشی لحاظ سے سستی جوہری توانائی کے بے شمار فائدے پہنچانے کیلئے کام کرے۔"(55)

یہ ساری باتیں قابل تعریف تو ہے مگر کیا یہ تجربات اس خطرناک ٹیکنالوجی کو محفوظ طریقے سے چلانے کے راستے میں آڑے تو نہیں آئے گی... درحقیقت جیسا کہ گوپال کرشنن نے قرار دیا کہ یہ نیوکلیئر سیفٹی کے بین الاقوامی کنونشن کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ واضح رہے کہ اس کنونشن میں کہا گیا ہے کہ معاہدہ کرنے والی کوئی بھی پارٹی (بشمول بھارت) ریگولیٹری باڈی اور کسی بھی دوسری باڈی، جس کا تعلق جوہری توانائی کے معاملات سے ہو، کو ایک دوسرے سے موثر طور پر الگ الگ رکھنے کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرے گی۔(56)

جوہری حادثات کے امکانات نسبتاً کم ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہ ممکن ہے کہ حفاظتی تدابیر سے انحراف کے باوجود آپریٹر بچ نکلنے میں کامیاب ہو جائیں، جیسا کہ ڈی اے ای میں ہوتا رہا ہے۔ تاہم ان انتہائی کم امکانات کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت اس لئے ہے کہ اب حادثہ جب بھی ہوتا ہے اس کے نتائج نہایت مہلک ثابت ہوتے ہیں۔ موجودہ حفاظتی انتظام واضح طور پر ٹوٹ چکا ہے اور

اس صورتحال نے ایٹمی توانائی کے پروگرام کو وسعت دینے کے عمل کو اور زیادہ پریشان کن بنا دیا ہے۔

14 10 ۔ دوسرا اور تیسرا مرحلہ

ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ نیوکلیئر پاور پروگرام کا پہلا مرحلہ تین مراحل میں سے سب سے زیادہ چھوٹا ہے۔ ڈی اے ای کی پیش کردہ تجاویز کے مطابق زیادہ تر توانائی دوسرے اور تیسرے مرحلے سے آتی ہے۔ جو بالترتیب فاسٹ بریڈر ری ایکٹر اور تھوریم ری ایکٹرز پر مشتمل ہیں۔ بدقسمتی سے 55 برس پہلے بھابھا کی پیش کردہ ابتدائی تجویز یعنی ان دونوں مرحلوں کیلئے ٹیکنالوجی ابتدائی سطح پر ہی رہی۔ روس کے ایک تیس سالہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کے سوا ان دونوں ٹیکنالوجیوں میں سے کوئی بھی دنیا بھر میں کہیں بھی تجارتی استعمال میں نہیں۔(57)

دوسرے مرحلے کی ٹیکنالوجی تیسرے مرحلے کی ٹیکنالوجی کی نسبت زیادہ ترقی یافتہ ہے۔ بہت سے ممالک نے نمونے کے طور پر فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز تیار کئے لیکن جلد ہی انہیں ترک کر دیا گیا۔ اس کے باوجود بھارت کالپکم کے مقام پر پہلا فاسٹ بریڈر ری ایکٹر تیار کر رہا ہے۔ اب تک کسی نے بھی دیا تھوریم ری ایکٹر تیار کرنے کی کوشش نہیں کی جس کا ذکر تیسرے مرحلے کیلئے کیا گیا ہے۔ تھوریم ایندھن کو کمرشل بنیادوں پر استعمال کرنے کے منصوبے پر عمل درآمد کیلئے کافی زیادہ تحقیق کی ضرورت پڑے گی اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ٹیکنالوجی میں کسی بڑی پیش رفت کے بغیر تھوریم ری ایکٹرز کا استعمال روایتی یورینیم ری ایکٹرز کی نسبت زیادہ مہنگا پڑے گا۔ یورینیم دنیا بھر میں وافر دستیاب ہے (اگرچہ یہ بھارت میں اتنا وافر موجود نہیں ہے) لہٰذا اس کی کسی بھی ملک کو بہت زیادہ تلاش نہیں ہے۔ بھارت تنہا وہ ملک ہے جو تھوریم ری ایکٹر پروگرام پر کام کرنے کی کوششیں کر رہا ہے۔

ڈی اے ای ان سارے معاملات کو اس طرح بیان کرتا ہے کہ پہلے مرحلے میں عالمی سطح پر بہترین کارکردگی شامل ہے۔ دوسرے مرحلے میں عالمی سطح پر جدید ترین ٹیکنالوجی کا عمل دخل ہے جبکہ تیسرا مرحلہ عالمی سطح پر بے مثال اور یکتا ہے۔

آئیے اب دوسرے مرحلے کا قریبی جائزہ لیں۔ بھارت کئی برسوں سے فاسٹ بریڈر ری

ری ایکٹرز کا منصوبہ تیار کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ 1970ء سے 1980ء تک کی دہائی کے اہداف میں شامل تھا کہ اس عرصے میں 500 میگاواٹ کا ایک فاسٹ بریڈر ٹیسٹ ری ایکٹر تعمیر کیا جائے گا۔ مگر اب کہا جا رہا ہے کہ 2010ء میں یہ کام کرنا شروع کرے گا۔ یعنی 30 سال کی تاخیر سے۔ 2013ء میں بھی وہ کام شروع نہیں کر پایا تھا۔

سچی بات تو یہ ہے کہ اس شیڈول پر پورا اترنا بھی مشکل ہے۔ (اور اب تو اسے گزرے بھی دو سال ہو چکے ہیں) اتنی تاخیر ہونے کی وجہ سے اس کا بجٹ بھی ابتدائی تخمینوں سے زیادہ ہو چکا ہے۔ مارچ 2009ء میں متعلقہ بھارتی پارلیمانی کمیٹی نے وزارت سے بجٹ اور تاخیر کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے بتایا تھا کہ یہ منصوبہ ستمبر 2010ء میں مکمل کیا جائے گا اور اس پر کل بجٹ خرچ ہوگا جس کا پہلے سے تخمینہ لگایا جا چکا ہے یعنی 3492 کروڑ روپے۔[58] لیکن پھر چند ماہ کے بعد بھاوینی نام کی سرکاری تنظیم کو جسے اس پروجیکٹ کی نگرانی کا کام سونپا گیا تھا، اپنی 2008ء کی سالانہ رپورٹ میں یہ کہنا پڑا کہ "منصوبے کی نظرثانی شدہ لاگت کا اندازہ 5677 کروڑ ہے"[59] یعنی اصل بجٹ سے تقریباً 60 فیصد زیادہ۔ علاوہ ازیں اسی سالانہ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ 31 مئی 2008ء کو اس منصوبے کا 35 فیصد کام مکمل ہوا تھا اور اس کے مقابلے میں 31 مئی 2009ء تک 45 فیصد پیش رفت ہو پائی تھی۔ جولائی 2012ء میں کہا گیا کہ اب یہ 2013ء میں مکمل ہو پائے گا۔

یہاں دنیا کے دوسرے حصوں میں فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز کی تاریخ پر ایک نظر ڈال لینا مفید رہے گا۔ کئی ممالک نے فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کے منصوبے تعمیر کیے ہیں۔ آئی پی ایف ایم کے فاسٹ ری ایکٹرز ڈیٹا بیس سے اس ری ایکٹر کی تاریخ جاننے میں مدد ملتی ہے۔[60] 1980ء کی دہائی میں فرانس، جرمنی، برطانیہ، امریکہ، سوویت یونین اور جاپان نے کمرشل سائز کے فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز کے منصوبے تعمیر کرنے کے کام کا آغاز کر دیا۔ ان میں سے ہر ملک کا پروگرام ناکامی سے دوچار ہو چکا ہے۔ فرانس کا ری ایکٹر عوام کے احتجاج کے بعد 1998ء میں بند کر دیا گیا۔ جرمنی کا ری ایکٹر مکمل تو ہو گیا لیکن اس کی تعمیر پر بے تحاشا اخراجات آنے کے باوجود اس کو کبھی چلایا نہ جا سکا۔ جاپان کے ری ایکٹر کو 1995ء میں ایک سنگین نوعیت کا حادثہ پیش آیا اور اس وقت سے یہ بند پڑا ہے۔ امریکی پروگرام بھی ترک کر دیا گیا اور اس وقت 30 سال پرانا روسی

ری ایکٹر واحد فاسٹ بریڈر ری ایکٹر ہے جو اس وقت موجود ہے۔ آئی پی ایف ایم کی رپورٹ میں کہا گیا کہ "یہ تسلیم کیا جانا چاہیے کہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز کی کوئی معاشی ضرورت نہیں تھی۔" کاناپکم کے مقام پر فاسٹ بریڈر ری ایکٹر سے یہ توقع نہیں ہے کہ وہ توانائی کا سستا ذریعہ ثابت ہو گا حتیٰ کہ اگر پروجیکٹ اپنی اصلی لاگت پر ہی مکمل ہو جائے تب بھی نہیں۔[61] نظرثانی لاگت نے مزید ابتری پیدا کر دی ہے۔

پی ایف بی آر (پروٹوٹائپ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر) کی حفاظت سے متعلق بہت سے پیچیدہ مسائل ہیں۔ کمار اور رمنا کا خیال ہے کہ ڈی اے ای نے پی ایف بی آر کو کمزور دیواروں کے ساتھ ڈیزائن کیا ہے تاکہ اخراجات بچائے جا سکیں۔[62] ان کے تخمینوں کے مطابق کسی شدید حادثے کی صورت میں ان کی دیواروں میں دراڑیں پڑ سکتی ہیں جن میں سے تابکار مواد کا خروج اطراف میں پھیل سکتا ہے۔ ان مصنفین نے اس ری ایکٹر میں ایک اور بڑی خرابی کی نشاندہی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ پی ایف بی آر کے ساتھ ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ اس کا void coefficient مثبت ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے کہ چرنوبل کے ری ایکٹر کا تھا یعنی کسی حادثے کی صورت میں اس کو کنٹرول کرنے والے عوامل غیر مؤثر ہو سکتے ہیں، جس سے اس کے اندر انشقاقی عمل تیز ہو جانے کا خطرہ بھی موجود ہے۔ جیسے ہم بیان کر چکے ہیں کہ چرنوبل کا حادثہ اسی خصوصیت کی وجہ سے پیش آیا تھا۔ ڈی اے ای نے ان کے بارے میں دعویٰ کیا ہے کہ اس ری ایکٹر کے مرکزی حصے میں انشقاقی عمل تیز ہونے کا کوئی خطرہ نہیں ہے[63] اور کہا ہے کہ یہ سارے اندیشے فرضی ہیں اور صرف نظریاتی معاملات میں ہی ایسا کوئی سانحہ رونما ہو سکتا ہے۔ چنانچہ کسی بھی معاملے کا تجزیہ کرتے ہوئے نہایت احتیاط سے کام لیا جانا چاہیے۔ ڈی اے ای نے اصرار کیا ہے کہ "void coefficient کا مثبت ہونا قابل قبول حدود کے اندر ہے۔"

ڈی اے ای کے پروگرام کے مطابق توانائی کی زیادہ تر مقدار بریڈر پروگرام کے دوسرے مرحلے سے حاصل کی جانی ہے۔ اب تک یہ بات واضح ہو چکی ہو گی کہ اس ہدف کو بہت زیادہ سنجیدگی سے لینے کی ضرورت نہیں۔ رمنا اور چیتر کا کہنا ہے کہ ڈی اے ای کی پیش گوئیاں ایک دوسرے کی نفی کرتی رہی ہیں۔[64] مختصراً بیان کیا جائے تو یوں ہے کہ ڈی اے ای کا فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز کے فروغ کے بارے میں تخیل طویل مدتی عزم کے تصور پر قائم ہے۔ جیسے کہ یہ واضح

کیا جاتا ہے کہ یہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز اپنا ایندھن خود تیار کرتے ہیں۔ ان سے کچھ عرصے کے بعد یہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز ایسا پلوٹونیم تیار کرنا شروع کر دیتے ہیں جو کسی دوسرے ری ایکٹرز میں ایندھن کے طور پر استعمال ہو سکے۔ اس طرح کچھ عرصے (ڈبلنگ ٹائم) میں ایندھن دوگنا ہو سکتا ہے۔

تاہم اس میں اہم بات یہ ہے کہ ڈبلنگ ٹائم کے عمل میں کافی تاخیر ہو جاتی ہے۔ پہلے ری ایکٹر کے لیے پلوٹونیم کا بندوبست کافی پیشگی کر لیا جانا چاہیے۔ دوسرے یہ کہ ری ایکٹر میں خاصے عرصے تک ایندھن جلانے کے بعد ہی اس کے مرکزی حصے میں پلوٹونیم بنتی ہے۔ اور پھر اس پلوٹونیم کو حاصل کرنے کے لئے استعمال شدہ ایندھن کو ری پروسیس کرنا ہوتا ہے۔ ڈی اے ای نے اس تاخیر کو نظر انداز کر دیا ہے اور رمنا اور چتر کے مقالے میں جو تجزیہ پیش کیا گیا ہے وہ یہی ظاہر کرتا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی نے ایٹمی توانائی میں اضافے کا جو پروگرام یا منصوبہ بنایا ہے، اگر وہ درست ثابت ہو گیا تو اس سے یہاں پلوٹونیم کا ایک خاصا انبار پیدا ہو جائے گا۔ رمنا اور چتر کا موقف ہے کہ ڈی اے ای کی تنصیبی گنجائش کا 40 فیصد سے زیادہ حاصل نہیں ہو سکتا اور دوسرے ہم نے جن معاملات کا جائزہ لیا ہے اگر ان کو مدنظر رکھا جائے تو یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ 40 فیصد ہدف پورا کرنا بھی امکان کی حد سے باہر ہو جائیگا۔

فاسٹ بریڈر ری ایکٹر پروگرام کا تھوریم کے پروگرام سے بھی اہم تعلق ہے۔ یہ کیا تعلق ہے؟ آئیے اس کا جائزہ لیتے ہیں

تھوریم کو براہ راست ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کی ٹیکنالوجی بھی کم ترقی یافتہ ہے۔ زمین کی تہوں میں تھوریم یورینیم کی نسبت کہیں زیادہ مقدار میں موجود ہے۔ پھر بھی تھوریم فیول سائیکل کے ترقی نہ کرنے کی وجہ بڑی سیدھی اور سادہ ہے۔ یورینیم کے ساتھ قابل انشقاق یورینیم 235 قدرتی طور پر پائی جاتی ہے۔ چنانچہ ایندھن کے طور پر قابل استعمال بنانے کے لیے قدرتی طور پر پائی جانے والی اس خام دھات کو صاف کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ تھوریم کے ساتھ معاملہ اس سے مختلف ہے۔ قدرتی طور پر پائی جانے والی تھوریم دھات جوہری ایندھن کے طور پر استعمال نہیں کی جا سکتی جب تھوریم پر کوئی جوہری عامل ہوتا ہے تو یورینیم 233 پیدا ہوتی ہے جو قابل انشقاق ہے۔ چنانچہ تھوریم کی خام دھات سے ایندھن تیار کرنے کے لیے صرف کیمیائی عوامل کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ جوہری ری ایکشن کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ اس عمل میں بہت سی

مشکلات اور پیچیدگیاں ہیں۔ جس کی دو وجوہ ہیں۔ پہلی یہ کہ جو جوہری ری ایکشن یورینیم 233 پیدا کرتا ہے اسی سے یورینیم کا ایک اور ہم جا (آئسوٹوپ) یورینیم 232 بھی پیدا ہوتا ہے جو غیر مستحکم ہوتا ہے، اور جب ٹوٹتا ہے تو بڑی مقدار میں گاما شعاعیں خارج ہوتی ہیں۔ چنانچہ ایندھن کو بنانے اور اس کی ری پروسیسنگ کا کام دور دستی میکانیکی طریقوں سے کرنا پڑتا ہے۔ دوسرے یہ کہ تھوریم فیول سائیکل میں ویسا ہی بریڈر ری ایکٹر استعمال ہوتا ہے جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ ان مشکلات سے حاصل کئے گئے ایندھن کو ری ایکٹرز میں ڈالنے کے بعد استعمال شدہ ایندھن میں سے قابل انشقاق یورینیم 233 حاصل کرنے کے لئے اسے پھر لازمی طور پر ری پروسیس کرنا ہوتا ہے۔ مشکل یہ ہے کہ گاما شعاعوں سے پیدا ہونے والے مسائل کے علاوہ تھوریم آکسائیڈ تیزابوں میں آسانی سے حل نہیں ہوتی اور کیمیائی تعامل نہیں کرتی۔

ان حقائق کو مد نظر رکھا جائے تو یہ بات حیران کن نہیں ہے کہ دنیا میں کوئی بھی دوسرا ملک تھوریم کو استعمال کرنے کے کسی پروگرام پر عمل پیرا نہیں ہے۔ جو بات حیران کن ہے وہ یہ کہ بھارت بڑے تسلسل کے ساتھ اپنے اس پروگرام پر عمل پیرا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی جوہری ایسوسی ایشن (World Nuclear Association) نے قرار دیا ہے کہ "کئی برسوں سے صرف بھارت ہی ہے جو تھوریم کو بطور ری ایکٹر ایندھن استعمال کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے"(66) ڈی اے ای دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے ان معاملات میں کچھ پیش رفت کی ہے، اور یہ کہ اب وہ بھاری پانی کا ایک ترقی یافتہ ری ایکٹر بنانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے تاکہ تھوریم سائیکل کے حوالے سے کچھ تجربہ حاصل کیا جا سکے۔(66) یہ سارے دعوے اپنی جگہ لیکن اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اس بارے میں درپیش تمام مشکلات پر قابو پانے کیلئے ایک بڑی اور ہنگامی تحقیق کی ضرورت ہے۔ یاد رہے کہ یورینیم کی ایندھن سازی کا کام ایٹم بم کے مین ہٹن پراجیکٹ (Manhattan Project) کی تکمیل کے بعد ہی شروع کیا جا سکا تھا۔

یہ پتہ نہیں کہ اس تحقیق کے اختتام پر تھوریم کی بنیاد پر پیدا کی گئی بجلی معاشی لحاظ سے بجلی پیدا کرنے کے دوسرے ذرائع کا مقابلہ کر سکے گی یا نہیں۔ چنانچہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کتنا زیادہ سرمایہ خرچ کر کے مقامی سطح پر تھوریم فیول سائیکل قائم کرنے کا فیصلہ جائز بھی ہوگا کہ نہیں؟۔ بدقسمتی سے بھارت میں ان معاملات میں شفافیت کی کمی اور جمہوری بحث مباحثے کی

دو بہت کے ہونے سے نئی بحث پیدا ہو، مشکل نظر آتا ہے کہ یہ سوال کسی سطح پر پوچھا جا سکے گا یا اس پر کھلی بحث کا اہتمام ہو سکے گا۔

14.11 ۔ اسلحہ سازی کا عمل

ایٹمی توانائی کے سویلین پہلو کو نیوکلیئر بموں کے فوجی پہلو سے الگ کرنا بہت مشکل ہوگا۔ بھابھا اور نہرو دونوں اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے۔ بھابھا نے تو خود اس بات کا ان الفاظ میں اعتراف کیا تھا کہ "ایٹمی توانائی کی صنعت کے فروغ پانے سے بہت سے ممالک کے ہاتھوں میں انشقاقی مواد کی بھاری مقدار اکٹھی ہو جائے گی جس سے جوہری بم بنانا بہت آسان ہو جائے گا۔"[67] نہرو نے جنوری میں اٹامک انرجی اسٹیبلشمنٹ کے افتتاح کے موقع پر اپنی سوچ کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ "میں حکومت کی جانب سے اور مستقبل میں بھارت میں قائم ہونے والی حکومتوں کی جانب سے یقین دہانی کرتے ہوئے یہ کہوں گا کہ ہم اس جوہری توانائی کو بُرے مقاصد کیلئے استعمال نہیں کریں گے۔" نہرو نے یہ تصدیق بھی کی تھی کہ جوہری توانائی کے فوجی اور سویلین پہلوؤں کو الگ نہیں کیا جا سکتا۔ کئی سال پیشتر آئین ساز اسمبلی میں انھوں نے اعتراف کیا تھا کہ "میں نہیں جانتا کہ آپ ان دونوں (یعنی ایٹمی توانائی کے پُرامن اور فوجی استعمال) میں کس طرح فرق کر سکتے ہیں۔"[68]

ان تمام باتوں کے باوجود برسرِ اقتدار آنے والی بھارتی حکومتوں نے چار دہائیوں سے علانیہ اس فرق کو قائم رکھنے کی کوشش کی ہے۔ 1974ء میں پوکھران میں پہلے ایٹمی تجربے کے وقت بھارتی حکومت نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ وہ محض سویلین استعمال کیلئے جوہری دھماکوں کے تجربات کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان دھماکوں کو "پُرامن جوہری دھماکوں" کا نام دیا گیا تھا اور پھر 1985ء میں بھارتی وزیر اعظم راجیو گاندھی نے دو ٹوک الفاظ میں کہا تھا کہ "میں پوری قطعیت کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے پاس ایٹمی ہتھیار موجود نہیں ہیں۔"[69] 1998ء میں پوکھران دھماکوں کے ساتھ یہ دعوے بھی ختم ہو گئے۔ اس وقت پر موجود بیانات جن سے وضاحت ہوتی تھی کہ جوہری ہتھیار ریکارڈ کے لئے نہیں ہیں بلکہ پوکھران کے دھماکوں کی اہمیت یہ ہے کہ اب کسی بھارتی کو اپنا پاسپورٹ دکھانے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، بلکہ اب پوری دنیا جانتی ہے

کہ بھارت کہاں واقع ہے۔[70]

1974ء کے پُرامن جوہری دھماکے اور بعد ازاں 1998ء کے ایٹمی تجربات دونوں کے لیے زیادہ تر تحقیقات بھابھا اٹامک ریسرچ سینٹر (بی اے آر سی) میں کی گئیں۔ حقیقت وہی ہے جو اٹامک انرجی کمیشن کے سابق چیئرمین پی کے آئینگر نے بیان کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ "ادارے میں کام کرنے والے بہت سے سائنس دان اور انجینئرز معمول کے مطابق جو کام کرتے ہیں، ایٹمی دھماکہ کرنا اس سے ایک معمولی سا انحراف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ سارا منصوبہ ہی ایک راز رہا۔"[71]

ان دھماکوں کے پیچھے تحقیقی مسائل کے علاوہ ایک اور مسئلہ انشقاقی مواد کی تیاری کا بھی ہے۔ بھارت کے ایٹمی دھماکوں میں پلوٹونیم استعمال کیا گیا۔ بموں میں جو پلوٹونیم استعمال ہوتا ہے اسے ہتھیاروں کے معیار کا (ویپن گریڈ یا بم گریڈ) پلوٹونیم کہا جاتا ہے۔ جس میں 93 فیصد سے زیادہ پلوٹونیم 239 پایا جاتا ہے۔

جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے پلوٹونیم 239 تب پیدا ہوتا ہے جب ری ایکٹروں میں اس وقت پیدا ہوتا ہے جب یورینیم 238 کا ایٹم ایک نیوٹران جذب کرتا ہے۔ تاہم جب کوئی ری ایکٹر بجلی پیدا کرنے کے لیے مخصوص ہو تو پھر یورینیم کے ایندھن کی سلاخوں کو لمبے عرصے تک ری ایکٹر کے اندر رکھا جاتا ہے تاکہ ان میں موجود زیادہ سے زیادہ یورینیم استعمال میں لائی جا سکے۔ اس عرصے میں دیگر جوہری تعامل بھی وقوع پذیر ہوتے ہیں اور ری ایکٹر میں موجود استعمال شدہ ایندھن کا نتیجہ پلوٹونیم کے دیگر ہم جاؤں کی صورت میں ہوتا ہے جن میں پلوٹونیم 240 بھی شامل ہوتا ہے۔ ایسے شدید تابکار ہم جا کی موجودگی کی وجہ سے اس قسم کے ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم سے بم بنانا مشکل ہو جاتا ہے۔[72]

البتہ ریسرچ ری ایکٹرز اس طرح کام کرتے ہیں کہ ان میں سے ایندھن کی سلاخوں کو تھوڑا سا جلنے پر نکال دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے اس سے حاصل شدہ پلوٹونیم بم گریڈ ہوتا ہے۔ 1974ء کے پوکھران دھماکوں کے لیے پلوٹونیم سائرس (CIRUS) نامی ریسرچ ری ایکٹر سے ہی حاصل کیا گیا تھا۔ سائرس کی تاریخ بھی کافی دلچسپ ہے۔ سائرس "کینیڈین انڈین ری ایکٹر یو ایس" کا مخفف ہے اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس ری ایکٹر کا ڈیزائن کینیڈین

ہے۔ اس میں بھارت نے پلوٹونیم امریکہ کو استعمال کیا جاتا ہے جبکہ اس کا ایندھن بھارتی ہے۔ سی رس ری ایکٹر کے بارے میں مذاکرات کرنے والے کینیڈین ماہرین نے بھارت پر یہ پابندی عائد نہیں کی تھی کہ اس کا ایندھن کس استعمال میں لایا جائے گا۔ دراصل بھارت کا یہ وعدہ کہ ایندھن پرامن مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے گا اس کے معاہدے کے ساتھ ایک خفیہ ضمیمہ میں منسلک تھا۔ علاوہ ازیں ابتدائی سوچ یہ تھی کہ اس ری ایکٹر کا ایندھن کینیڈا سے آنے کا لیکن بھارت نے عمل کرتے ہوئے اس کے لیے ایندھن کی ساخت مقامی طور پر تیار کر لیں۔ اس بنا پر بھارت نے اصرار کیا کہ وہ جلے ہوئے ایندھن کو جیسے چاہے استعمال کرے۔ چونکہ سی رس ری ایکٹر میں استعمال ہونے والا ایندھن بہرحال بھارتی ہی تھا۔

سائرس سے پلوٹونیم کے اس استعمال کو ایٹمی پھیلاؤ کے تناظر میں دیکھا اور زیر بحث لایا جاتا رہا ہے اور کہا گیا کہ پرامن جوہری ٹیکنالوجی کو ایٹمی تجربات کے لیے استعمال کیا گیا۔ اتنی اہم ایسے تجزیہ نگاروں نے واقعات کی یوں تصویر کشی کی ہے کہ ناسمجھ کینیڈین کو چالاک بھارت نے دھوکہ دیا۔ اس سوچ کے پیچھے یہ تصور کار فرما ہے کہ مغربی ممالک ہمیشہ نیک نیتی سے کام کرتے ہیں۔

ایسے تجزیات کو سنجیدگی کے ساتھ نہیں لیا جانا چاہیے۔ کینیڈا کی ٹیکنالوجی یہ جانتے بوجھتے منتقل کی گئی کہ یہ ہتھیاروں میں استعمال ہونے والا انشقاقی مواد پیدا کرنے میں بھارت کی مدد کرے گی۔ بلکہ یہاں ایک اہم سوال پوچھا جانا چاہیے کہ کن وجوہات کی بنا پر سامراجی قوتوں نے بھارت کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ خود کو جوہری ہتھیاروں سے مسلح کرے؟

حقیقت یہ ہے کہ اس کے چند ہی برسوں بعد امریکیوں نے بھارت کو تقریباً براہ راست ایک اہم مواد اہم کر دیا۔ پرکووچ (صفحہ 90 تا 93) کہتا ہے کہ 1964ء میں امریکی ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ نے ایک خفیہ تحقیق کی جس میں اس امکان کا جائزہ لیا گیا کہ امریکی ایٹمی ہتھیار کس طرح ایشیا کے دوست ممالک کی افواج کو فراہم کیے جائیں تاکہ وہ ان کو چین کے خلاف استعمال کر سکیں۔ اسی زمانے میں امریکہ کا اٹامک انرجی کمیشن بھی خاموشی سے کسی ایسے موقع کی تلاش میں تھا کہ وہ پرامن مقاصد کے لیے ایٹمی دھماکے کرنے میں بھارت کی مدد کر سکے۔ یہ دونوں کوششیں ناکامی سے دوچار ہو گئیں۔ چنانچہ یہ عام خیال غلط ہے کہ امریکی حکمران طبقے

کو بھارت کے ایٹمی ہتھیاروں کے ساتھ کوئی مسئلہ ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ امریکہ کی افسر شاہی کے اندر اس معاملے پر متضاد رویے موجود ہیں اور آج بھی یہی صورتحال ہے۔ اس بارے میں آگے چل کر بات ہو گی۔ 1985ء میں سائرس کے ساتھ ایک اور ری ایکٹر تیار کیا گیا جس کا نام دھروا رکھا گیا۔ دھروا سائرس سے مختلف ہے لیکن یہ کافی بڑا ہے اور اس میں بھی ہتھیاروں میں استعمال کے قابل پلوٹونیم بنانے کی صلاحیت ہے۔ جیسا کہ وغیرہ کی طرف سے کی گئی ایک تحقیق میں یہ تخمینہ لگایا گیا کہ بھارت نے سائرس اور دھروا سے 500 کلوگرام گریڈ پلوٹونیم تیار کر لیا ہے۔ جو کہ 100 سے زیادہ ایٹم بم بنانے کے لئے کافی ہے۔[73]

جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ بجلی کی پیداوار کے لیے استعمال ہونے والے ری ایکٹرز میں تیار ہونے والے پلوٹونیم (ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم) سے ایٹمی ہتھیار نہیں بنائے جاتے، تاہم یہ ناممکن بھی نہیں ہے۔ ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم سے بھی بم تیار کیے جا سکتے ہیں اور ایسے کچھ شواہد سامنے آئے ہیں کہ 1998ء میں کیے گئے بھارتی ایٹمی دھماکوں میں جو بم چلائے گئے ان میں ری ایکٹر گریڈ پلوٹونیم استعمال کیا گیا۔ اگر یہ بات درست ہے تو بھارت کے پاس موجود انشقاقی مواد کی مقدار اوپر بیان کی گئی مقدار سے کافی زیادہ ہے۔ کیونکہ ری ایکٹرز میں استعمال شدہ ایندھن کے تو ڈھیروں کے ڈھیر دستیاب ہیں۔ فاسٹ بریڈر پروگرام جو تین مراحل پر مبنی جوہری پروگرام کا دوسرا حصہ ہے، اس معاملے میں کافی اہمیت کا حامل ہے۔ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹر ایک مرکزی ایندھن (Fuel Core) اور اس کے اطراف میں پھیلی یورینیم کی ایک چادر کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ اس چادر میں بم گریڈ پلوٹونیم بنتا ہے۔ کلپکم میں زیر تعمیر[74] کا اندازہ ہے کہ کالپکم کے مقام پر زیر تعمیر پی ایف بی آر کی بدولت بھارت اس قابل ہو سکے گا کہ وہ ہر سال 140 کلوگرام پلوٹونیم پیدا کر سکے جس سے بھارتی حکومت ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد میں کافی اضافہ کرنے کے قابل ہو جائے گی۔ اس تناظر میں یہ کہنا درست ہے کہ امریکہ اور بھارت کے مابین جن معاملات پر اختلافات پائے جاتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ آیا پی ایف بی آر پروگرام آئی اے ای اے کی نگرانی میں آئے گا یا اس سے بالاتر ہو گا۔[75] جب یہ سوال اٹھایا گیا کہ آیا ان بریڈرز کو آئی اے ای

اس کی نگرانی کے تحت رکھا جائے گا تو کیا کوئی کرے جو جواب دیا "مگر کبھی بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ کی سے کہا ہے تزویراتی (strategic) ضرورت کو رکھ چھوڑنا ہے۔" جس سے اصرار کیا کہ سے قبول کرنے سے بہتر ہے کہ معاہدہ ہی ختم ہو جائے۔[76]

آخر میں جو معاہدہ طے پایا اس میں بریڈر ری ایکٹرز کو آئی اے ای اے کی نگرانی سے آزاد رکھا گیا۔ اور ایک بار پھر اس معاملے کو جہاں بھارت کی بات چیت اور مذاکرات کی مہارت سے تعبیر کیا گیا وہاں سے امریکیوں کی معصومیت اور سادگی پر محمول کیا گیا۔ امریکہ کے حکمران طبقے میں اس معاہدے کی مختلف شقوں پر وسیع عدم اتفاق پیدا ہو گیا تھا۔ ہارورڈ کینیڈی اسکول سے تعلق رکھنے والے سینئیر نے دعویٰ کیا کہ امریکہ فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز پروگرام پر زیادہ پابندیاں عائد کر سکتا تھا لیکن بش نے بات چیت کا عمل روک دیا۔[77] چنانچہ یہ ایک سیاسی فیصلہ تھا۔ اور سائنس کے معاملے کی طرح سامراجی حکمرانوں کے ایک حصے نے فیصلہ کیا کہ بھارت کو ایٹمی ہتھیاروں سے مسلح ہونے کی اجازت دینا امریکی مفادات کے مطابق ہے۔ دونوں صورتوں میں یہ بات کھل کر کی گئی کہ یہ کام قصداً بھارت کو چین کے مقابلے میں ایک ایٹمی طاقت بنانے کی غرض سے کیا گیا ہے۔

بلند افزودہ (highly enriched) یورینیم فوجی مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہے جبکہ بھارت میں یورینیم افزودہ کرنے کی صلاحیت کم اور ناقص ہے۔ بھارت کے پاس گیس سینٹری فیوج افزودگی کے دو مراکز ہیں۔ ان میں سے ایک بی اے آر سی میں ہے اور دوسرا راتے ہالی میں جو میسور کے قریب واقع ہے۔ صیامیوں وغیرہ کے مطابق ممکن ہے کہ بھارت سے 45 سے 30 فیصد افزودہ یورینیم کی 400 سے 700 کلوگرام مقدار تیار کر لی ہو۔ ایک اور تحقیق کے مطابق بھارت کے پاس یقینی طور پر 94 کلوگرام 90 فیصد افزودہ یورینیم موجود ہے۔[78] افزودہ یورینیم بلاشک و شبہ بھارت کی ایٹمی آبدوز کے پروجیکٹ میں استعمال ہوئی لیکن یہ یورینیم بم بنانے کے لیے بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

مختصر یہ کہ ایٹمی ہتھیار بھارت کے ایٹمی توانائی پروگرام کا ہمیشہ ایک اہم حصہ رہے ہیں۔ کچھ معاملات جیسے فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کی تعمیر کا مقصد توانائی پیدا کرنا نہیں بلکہ در پردہ ہتھیار بنانے کی فیکٹری کے طور پر استعمال کرنا ہے۔ زیادہ وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو کہا جا

سکتا ہے کہ ممکن ہے کہ بجلی پیدا کرنے میں ناکامی کے باوجود ایٹمی توانائی کے پروگرام کی حکومت نے اس لئے سرپرستی کی ہو کہ اس سے بھارت کے ایٹم بموں کا پروگرام فروغ پاتا ہے۔ اس حوالے سے ایک غیر تصدیق شدہ واقعہ غیر متعلق نہ ہوگا۔ سردار بھائی ورما کی ٹیکنالوجی کے دور میں مدراس کی ایک مشیر شوک پارتھا سارتھی بھی ہوا کرتے تھے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے ایٹمی توانائی سے بجلی پیدا کرنے میں ناکامی کا معاملہ کئی بار اعلیٰ حکام تک پہنچایا اور مستقبل میں اس کی توسیع پر بھی اعتراضات کیے۔ ان کا کہنا ہے کہ بعد ازاں پی این ہاکسر نے مداخلت کر کے اس معاملے کو بے اثر کر دیا اور بتایا کہ جوہری پروگرام کے ایٹمی بجلی پیدا کرنے سے بڑھ کر بھی کچھ ایسے مقاصد ہیں جن پر کسی بھی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔[79]

12 14 - حاصل بحث اور جوہری توانائی کی سیاست

سطور بالا میں ہم نے جو تجزیہ پیش کیا ہے اس سے ایک دلچسپ سوال اٹھتا ہے کہ آخر حکومت وقت کے لیے امریکہ سے جوہری معاہدہ اتنا اہم کیوں تھا کہ وہ اس کو طے کرنے کے لیے اپنی بقاء کو داؤ پر لگانے کو تیار تھی۔ یہ معاملہ بظاہر مضمون کے احاطے سے کچھ باہر ہے لیکن یہ اہم ہونے کے ساتھ ساتھ دلچسپ بھی ہے۔ اس سوال کو اور مصادر میں بھی اٹھایا گیا ہے۔[80]

ہم اس بات پر زور دیتے ہیں کہ اس بحث کو اس کے مناسب تناظر میں دیکھا جائے۔ 2008ء کے وسط میں جب حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ وہ جوہری معاہدے کے سلسلے میں پیش رفت کرے گی تو اس سے ایک سیاسی بحران پیدا ہو گیا۔ کیونکہ بائیں بازو کی جماعتیں یو پی اے حکومت کی حمایت سے دستبردار ہو گئی تھیں۔ گو کہ کانگریس اس بحران سے صحیح و سلامت نکل آئی بلکہ وہ پہلے سے زیادہ اکثریت کے ساتھ اقتدار میں آئی لیکن یہ سب کچھ اس وقت تک واضح نہ تھا۔ حکومت گر بھی سکتی تھی۔ علاوہ ازیں حالات انتخابات کے لیے سازگار نہ تھے۔ دیگر معاملات کے علاوہ افراط زر گزشتہ 13 برسوں کے دوران انتہائی سطح تک پہنچ چکی تھی۔[81] بلاشبہ ایسے حالات میں حکومت کو غیر مستحکم کرنا کانگریس کے لیے خودکشی کے مترادف تھا۔ وہ کون سی طاقتور قوتیں تھیں جنہوں نے حکومت کو اس طرح کا بڑا قدم اٹھانے پر مجبور کیا؟

حکومت کا موقف تھا کہ ایٹمی معاہدہ توانائی کی صورتحال کو اطمینان بخش بنانے کے لیے

ضرورت ہے۔ تاہم اوپر ہم نے جو تجزیہ کیا ہے اس سے کافی واضح ہو گیا ہے کہ ایٹمی توانائی بھارت کی ضروریات کے لحاظ سے قدرے غیر اہم ہے اور ممکنہ طور پر یہ صورتحال ایسی ہی رہے گی۔ ایٹمی معاہدہ ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام کے لئے بھی کوئی ناگزیر نہیں تھا۔ گو کہ بین الاقوامی سطح پر یورینیم کی دستیابی کے باعث بھارت کے مقامی وسائل ہتھیاروں میں استعمال کے لئے بالکل آزاد ہو جائیں گے لیکن بموں کے لئے انشقاقی مواد کا بیشتر مقامی طور پر تیار کیے گئے فاسٹ بریڈر ری ایکٹرز میں ہو سکے گا۔

ایک موقف یہ پیش کیا جاتا ہے کہ حکومت اپنے ہی پروپیگنڈہ کی رو میں بہہ گئی ہے۔ تاہم اوپر جو اعداد و شمار دیے گئے ہیں وہ تمام ایسے ہیں کہ ایسا ہونا ممکن نظر نہیں آتا۔ علاوہ ازیں اگر ڈیپارٹمنٹ آف اٹامک انرجی کے پیش کردہ اعداد و شمار کے مطابق چلیں تو بھی ایٹمی بجلی بھارت کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے میں کوئی قابل قدر کردار ادا نہیں کر سکتی۔ چنانچہ اس موقف سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ گویا حکومت اس قدر صاحب نظر تھی کہ وہ مستقبل کی کئی دہائیوں بعد بھارت کی توانائی کی سکیورٹی جیسے چھوٹے سے فائدے کیلئے اپنی حکومت کی قربانی دینے کو بھی تیار ہو گئی۔ بظاہر یہ موقف قطعاً درست نہیں لگتا۔

ایک اور متبادل یہ پیش کیا جاتا ہے کہ ایٹمی معاہدے کو بھارتی ایٹمی توانائی سے وابستہ افسر شاہی نے آگے بڑھایا تھا جسے اپنے ایٹمی بجلی کے پروگرام کیلئے شدت کے ساتھ کسی بیرونی مدد کی ضرورت تھی۔(82) بہت سے عوامل میں سے ایک یہ بھی ہو سکتا ہے۔ تاہم یہ ناممکن نظر آتا ہے کہ اس طرح کا بڑا سیاسی فیصلہ کمیشن کے دباؤ پر لے لیا گیا ہو۔ اس سوال کا اس سے زیادہ قابل قبول یا قابل اعتبار جواب تو ایشلے ٹیلس کا ہے جو بش انتظامیہ میں ایک اہم مشیر تھا۔(83) اس نے اندازہ لگایا کہ معاہدہ غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کا کہنا تھا "یہ سب چیزوں سے ممتاز اور خاص مقام کا حامل ہے اور اس کی وجہ بڑی سادہ سی ہے۔ بنیادی طور پر یہ صدر اور وزیر اعظم کی کوششوں کا نتیجہ ثابت ہونے والا ہے کہ انہوں نے ہمارے تعاون کی فضا قائم کرنے کیلئے کام کیا۔ میرے خیال میں یہی حتمی وجہ ہے کہ یہ کوشش کیوں ناکام نہیں ہو سکتی تھی کیوں کہ اسے ناکام نہیں ہونا چاہیے تھا" یہ اس لئے تھا کہ دونوں ہی رہنماؤں نے یہ ظاہر کرنے کیلئے کہ وہ واقعی کچھ اہم کام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اپنا کافی کچھ داؤ پر لگا رکھا تھا۔ کچھ ایسا جس کا تعلق تھوڑی سی ساکھ سے تھا کسی معاملے

سے وابستہ رہنے سے تھا اور تعلقات کے مستقبل کیلئے اعتماد کے پیمانے کے ساتھ تھا۔' یہ ایک سوال ہے کہ امریکہ کے ساتھ کوئی تعلق قائم کرنے کے سیاق و سباق میں 'معتبریت' اور 'وعدے کی پاسداری' جیسی اصطلاحات کے کیا معنی ہو سکتے ہیں؟ اس سوال کا جواب بہت واضح ہے اور یہی امریکہ کی خارجہ پالیسی کا سنگ بنیاد ہے۔

معتبر حکومتیں وہ ہوتی ہیں جو مقامی سیاسی مجبوریوں کو اس بات کی اجازت نہیں دیتیں کہ وہ انہیں امریکی مفادات سے جڑے رہنے سے روکنے کی کوشش کریں۔ یہ بات حد سے زیادہ اہم ہے۔ امریکہ کا حکمران طبقہ تیسری دنیا کے باشندوں کے مسائل کے حل کو اچھا نہیں سمجھتا۔ ایک 'قابل اعتماد اتحادی' وہ ملک ہے جو اپنے مقامی سیاسی معاملات احسن طور سے انجام دے اور بین الاقوامی وعدوں کا پاس رکھے جیسا کہ نوم چومسکی نے نشاندہی کی ہے 'معتبریت' کے حوالے سے رویوں کا پول اس وقت کھلا جب عراق کی جنگ کے لئے تعاون کی ضرورت پیش آئی حتی کہ فرانس اور جرمنی جیسے اتحادیوں کو بھی پرانے یورپ کا حصہ بنا دیا گیا کیونکہ ان کے داخلی معاملات انہیں عراق کی جنگ میں حصہ لینے سے روک رہے تھے۔ چومسکی نے اس بات کو نوٹ کیا کہ نئے اور پرانے یورپ کی حکومتوں کے درمیان امتیاز کے لئے ایک سادہ سا معیار بنایا گیا تھا۔ کہ جب کوئی حکومت اپنے عوام والا موقف اختیار کرے اور واشنگٹن کا حکم تسلیم کرنے سے انکار کر دیتی تھی تو اسے پرانے یورپ کا حصہ قرار دے دیا جاتا تھا"(84)

امریکہ اور بھارت دونوں جانب بااثر شخصیات اس معاملے کے حق میں تھیں۔ امریکہ میں بھارتی سفیر رونین سین نے اس معاملے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے کی ناکامی سے بھارت کی ساکھ بالکل ختم ہو جائے گی۔(85) انہوں نے واضح کیا کہ صرف یہی نہیں کہ ہمارے پاس جمہوریت ہے بلکہ حکومتوں کی بار بار تبدیلیوں کے باوجود ایک وجہ جو بھارت کو دوسروں سے ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ ہم اپنے وعدے نبھاتے ہیں۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ ریاست کی سطح پر یہ بات ہمیشہ درست ثابت نہیں ہوتی اور ایک بار یہ بھی ہوا کہ کسی الیکشن کے بعد ایک ریاستی حکومت نے انرون (Enron) کا معاہدہ تبدیل کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات اور عوام کی خواہشات کو امریکی ملٹی نیشنل کمپنیوں سے کیے گئے کسی وعدے کو پورا کرنے کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننا چاہئے، چاہے وہ کتنا ہی پریشان کن اور غیر منصفانہ کیوں نہ ہو۔ کلنٹن انتظامیہ

کے ایک ٹی وی اسٹیشن کارٹر نے امریکی سینیٹ کو یہ وضاحت پیش کی کہ بھارت کی جمہوریت ہی وہ سفارت کار جوہری سیکیورٹی، معاشی ترقی اور ورلڈ آرڈر کے بارے میں اپنی روایتی سوچ کے ساتھ صدیوں کے ساتھ جڑے رہنے کے لئے مشہور ہیں۔[86] انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ "بھارت ایک جمہوریت ہے" کا مطلب یہ لیا جاتا ہے کہ دہلی کی کوئی بھی حکومت امریکی حمایت میں بڑے اقدامات نہیں کر سکتی۔

بھارت کا حکمران طبقہ بھی اس حقیقت سے خوش نہیں۔ جب بائیں بازو کی جماعتوں نے نیوکلیئر معاہدے میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی تو یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ چدمبرم نے کہا تھا کہ جمہوریت کثرت فیصلہ سازی کے عمل کو سست کر رہی ہے اور اس طرز عمل کو تبدیل ہونا چاہئے۔[87] من موہن سنگھ اس صورتحال پر اس قدر پریشان تھے کہ انہوں نے غیر جماعتی نظام کے قابل عمل ہونے کے بارے میں ہی سوالات اٹھانے شروع کر دیئے تھے۔ جمہوریت کے بارے میں ہونے والی ایک کانفرنس میں بات کرتے ہوئے انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا ایک پارٹی والی حکومت کو کچھ فوائد بھی حاصل ہیں اور پھر سوال اٹھایا کہ کیا ایک اتحادی حکومت میں مقاصد کا اتفاق رائے برقرار رکھنے کی صلاحیت ہوتی ہے جس کی ضرورت قوموں کو اکثر پڑتی رہتی ہے۔[88] جو چیز تقریباً حتمی ہے وہ یہ ہے کہ ایک طویل تعطل کے بعد کانگریس نے بائیں بازو کی جماعتوں کے ساتھ اس معاملے میں مقابلہ کرنے کی ٹھانی اور یہ کام من موہن سنگھ کے جاپان میں جی ایٹ کانفرنس میں شرکت سے ایک ہفتہ پہلے کیا گیا جیسا کہ ماسٹر آف اینڈریو نے وضاحت کی "وزیراعظم کانگریس کی قیادت کے سامنے مسلسل یہ رونا روتے رہے کہ وہ عالمی برادری کے سامنے اپنی عزت حاصل کرنے میں ناکام ہو جائیں گے۔"[89] چنانچہ یہ واضح ہو جاتا ہے کہ من موہن سنگھ نیوکلیئر معاہدے پر اتفاق رائے حاصل نہ ہونے پر پریشانی کا شکار تھے تو اس کی وجہ بجلی کی پیداوار بڑھانے کی بے چینی ہرگز نہ تھی بلکہ اس کا سبب سامراج کے اتحادی کے طور پر اپنی معتبریت قائم رکھنا تھا۔ یہی تمام تر بے صبریاں جیسے بھارتی پارلیمانی نظام کی بنیاد اس بات پر ہے کہ یہاں حکومتیں اپنی بقا کو دیگر تمام معاملات پر ترجیح دیتی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ کانگریس کی روایت سے روگردانی کرنے اور امریکہ سے کئے گئے وعدے پورے کرنے کیلئے اپنی ہی پارٹی کی حکومت کی بقا کو خطرے میں ڈال دینے کیلئے تیار ہو گئی تھی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سامراجی نظام کے ساتھ

اس کے تعلقات کتنے گہرے ہیں۔

13.14 ۔ اختتامیہ

یہ مضمون دسمبر 2009ء میں لکھا گیا تھا پھر بھی دو سال بعد بھی جوہری توانائی بھارت میں ایک اہم سوال ہے۔ اگرچہ فوکوشیما کے سانحے نے بہت سے ممالک کو اپنے جوہری پروگرام کی تجدید کے بارے میں سوچنے پر مجبور کر دیا ہے لیکن بھارتی حکومت نے پھر بھی ایٹمی پروگرام کو توسیع دینے کے منصوبوں پر کام جاری رکھا ہوا ہے۔ اور 26 اپریل 2011ء کو چرنوبل سانحے کی 25 ویں برسی کے موقع پر بھی بھارتی حکومت نے ایک اعلیٰ سطحی پریس کانفرنس میں اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ اپنے ایٹمی پروگرام کی توسیع کے منصوبے پر کاربند رہے گی اور یہ کہ متنازع جیتاپور ایٹمی پلانٹ بھی مکمل کیا جائے گا۔ گزشتہ دو برس کے واقعات نے اس تجزیے کو درست ثابت کر دیا ہے کہ حکومت جوہری معاہدے پر جو زور دے رہی ہے اس کا توانائی کی پیداوار بڑھانے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد مغرب کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مضبوط کرنا ہے۔ مثال کے طور پر من موہن سنگھ حکومت نے پارلیمنٹ کا 2010ء کا پورا مون سون سیشن ایک جوہری ذمہ داری کا قانون (Nuclear Liability Law) منظور کرانے میں گزار دیا۔ یہ قانون ان بھارتی باشندوں کا تحفظ واپس لے لیتا تھا جو کسی حادثے کی صورت میں بین الاقوامی کمپنیوں سے ازالہ طلب کرتے تھے۔ اس بل پر اختلافات ایک اور بحران کا باعث بن گئے لیکن 2008ء کی طرح اس بار بھی بھاری سیاسی سرمایہ خرچ کر کے یہ بل منظور کر لیا گیا۔ اور یہ کام امریکی صدر اوباما کے دورہ بھارت سے پہلے مکمل کر لیا گیا۔

غیر منصفانہ قوانین منظور کرانے کے ساتھ ساتھ بھارتی حکومت نے کثیر الاقوامی کمپنیوں کے مفادات کو اطمینان بخش بنانے کیلئے اپنے شہریوں پر لاٹھی چارج کرنے اور انہیں گرفتار کرنے میں بھی کسی قسم کے پس و پیش سے کام نہیں لیا۔ ایک فرانسیسی کمپنی آریوا جیتاپور کے مقام پر بہت سے ای پی آر ری ایکٹر لگانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ حکومت نے وہاں احتجاج کرنے والے متاثرین کو سختی سے دبا دیا۔ یہ حقیقت ہے کہ ای پی آر ایک غیر ٹیسٹ شدہ ڈیزائن ہے اور یہ کہ فرانس کے شہر فلے من ویل (Flamanvill) اور فن لینڈ کے شہر اولکی لوٹو (Olkiluoto) میں زیر تعمیر

15

ایٹمی توانائی اور پاکستان میں بجلی کا مسئلہ

پرویز ہود بھائی

پاکستان میں عوام کو روزانہ بجلی کی طویل بندش کا سامنا ہے۔ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے صنعتیں بند ہو رہی ہیں، مارکیٹوں کو شام کے بعد جلدی بند کرنا پڑتا ہے اور دور دراز کے دیہی علاقوں میں لوگوں کو وحشت کی حد تک مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس صورت حال کے نتیجے میں عوامی احتجاجوں اور ہنگاموں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ چھوٹے بجلی گھروں کو نذر آتش کیا جا رہا ہے اور چھوٹے بڑے شہروں میں لوگ احتجاج کیلئے سڑکوں پر نکل رہے ہیں۔ بجلی بنانے والی کمپنی کے ملازمین پر حملے کیے جا رہے ہیں اور ان میں سے بعض بپھرے ہجوم کے غیظ و غضب کا شکار ہو کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ بظاہر یہ بات بڑی عجیب اور ناقابل فہم نظر آتی ہے کہ بجلی کی بدترین لوڈ شیڈنگ کا سامنا ایک ایسا ملک کیوں کر رہا ہے جو جوہری ہتھیار اور میزائل بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ جس کا ایک اٹامک انرجی کمیشن بھی ہے، جس میں 30 سے 40 ہزار افراد کام کر رہے ہیں۔ یہاں ہم بتاتے چلیں کہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن 1958 میں قائم کیا گیا تھا جس نے 1970 کی دہائی کے دوران قوم سے وعدہ کیا تھا کہ وہ بجلی کی تقریباً تمام تر ملکی ضروریات ایٹمی توانائی سے پوری کر دے گا لیکن اس وعدے کے چالیس سال بعد بھی ملک میں مختلف ذرائع سے جتنی بھی بجلی پیدا ہو رہی ہے اس میں ایٹمی توانائی کا حصہ محض دو فیصد ہے۔

2008 میں 98 بلین یونٹ (یونٹ برابر ہے ایک کلوواٹ آور) بجلی پیدا کی گئی جس میں

سے 37.6 فیصد گیس سے اور 29 فیصد تیل سے تھی۔ اس وقت تک پاکستان میں بجلی پیدا کرنے کی کل استعداد تقریباً 20 گیگاواٹ (یعنی 20 ہزار میگاواٹ) ہے۔

جدول نمبر 1 (1)

	بجلی پیدا کرنے کی نصب شدہ استعداد (گیگاواٹ)	دستیاب استعداد (گیگاواٹ)
کل	21.89	18.3 تا 16.3
تیل	14.43	2.22
کوئلہ	0.166	0.045
پانی	6.63	6.63 تا 3.58
جوہری	0.462	0.390

پاکستانی حکام ایٹمی توانائی کی کمی کی تمام تر ذمہ داری ان مغربی ممالک پر عائد کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کو ایٹمی ٹیکنالوجی کی فراہمی پر پابندی لگا رکھی ہے۔ کیونکہ پاکستان نے ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے (این پی ٹی) پر دستخط نہیں کیے اور نہ ہی ایسا کرنے کا کوئی ارادہ رکھتا ہے۔ این پی ٹی کسی بھی نوعیت کی ایٹمی ٹیکنالوجی کسی ایسے ملک کو منتقل کرنے سے سختی سے منع کرتا ہے جس نے اس معاہدے پر دستخط نہ کیے ہوں۔ اس میں بجلی بنانے کی ٹیکنالوجی بھی شامل ہے۔ مغربی ممالک کو یہ خدشہ ہے کہ اگر یہ ٹیکنالوجی پاکستان کو فراہم کر دی گئی تو کسی دوسرے ملک کے ہاتھ لگ جائے گی یا پھر یہ کہ اس طرح پاکستان ایٹم بم بنانے کی صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔ سو مذکورہ ممالک پاکستان کو جوہری مواد اور آلات فراہم کرنے سے گریزاں ہیں۔ پاکستان جب بھی اس حوالے سے کوئی تقاضا کرتا ہے تو ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی وہ بات یاد دلائی جاتی ہے جس میں انہوں نے ایٹمی ٹیکنالوجی دوسرے ممالک کو منتقل کرنے کا اعتراف کیا تھا۔ مئی 2008ء میں جب صدر آصف علی زرداری فرانس کے دورے سے واپس لوٹے تو انہوں نے یہ اعلان کیا کہ فرانس اور پاکستان کے درمیان ایٹمی معاہدہ ہونے والا ہے۔ لیکن عملی طور پر ان

معاہدے میں کوئی پیش رفت نہ ہوئی[2]۔ بعد میں پتہ چلا کہ امریکہ پاکستان کے ساتھ امریکہ بھارت سول نیوکلیئر ڈیل کی طرح کا کوئی معاہدہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا اور یہ کہ دراصل اس نے صرف حفاظتی اور جانچ پڑتال کے مقاصد کے لئے ٹیکنالوجی فروخت کرنے کی پیش کش کی تھی۔

پاکستان کیلئے مقامی سطح پر یعنی اپنے طور پر بجلی پیدا کرنے والا ایٹمی ری ایکٹر تیار کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ حالانکہ 50 سال کی جوہری تاریخ میں ایٹمی تنصیبات کی تعمیر کے لئے بڑے بڑے فنڈ استعمال کئے گئے جن کا کوئی حساب کتاب نہیں۔ اس کے باوجود اب تک پاکستان اپنے ایٹمی بجلی گھر تعمیر کرنے کی صلاحیت حاصل نہیں کر سکا ہے۔ شاید اس لئے کہ تکنیکی اعتبار سے ایٹمی بجلی گھر تیار کرنا ایٹم بم بنانے سے کہیں زیادہ پیچیدہ معاملہ ہے۔

گو کہ سیاسی صورتحال میں کوئی خاص تبدیلی رونما نہیں ہوئی تھی تاہم 2010 میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے اپنے اس عندیے کو دہرایا ہے کہ وہ اپنے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائے گا اور یہ کہ 2030 تک وہ 8,800 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کا ہدف پورا کرے گا[3]۔ کمیشن کے مطابق نصب یا تعمیر شدہ جوہری صلاحیت میں ہر پانچ سال کے بعد بڑے بڑے منصوبوں کے تحت اضافہ کیا جائے گا۔ اس طرح 2010 سے 2015 تک بجلی کی پیداوار میں 0.9 گیگا واٹ کا اضافہ کیا جائے گا جو اگلے پانچ برسوں میں 1.5 گیگا واٹ ہو جائے گا۔ اس سے اگلے پانچ برسوں یعنی 2020 سے 2025 تک 2.0 گیگا واٹ اور 2025 سے 2030 تک یہ اضافہ 4 گیگا واٹ کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی۔[4]

آئیے اب زمینی حقائق کی روشنی میں اس منصوبہ بندی کے نتائج کا جائزہ لیتے ہیں۔

پاکستان کی بجلی کے گرڈ میں ایٹمی بجلی کی مقدار 700 میگا واٹ ہے۔ پاکستان نے کینیڈا کی مدد سے پہلا ری ایکٹر 1872 میں کراچی میں لگایا۔ اس کے لئے کینیڈا نے 125 میگا واٹ کا ایک چھوٹا CANDU (کینیڈا یورینیم ڈیوٹیریم) قسم کا ری ایکٹر KANUPP فراہم کیا تھا۔ لیکن جب 1974 میں بھارت نے ایٹمی تجربہ کیا تو کینیڈا نے ری ایکٹر کے ایندھن اور پرزوں کی فراہمی معطل کر دی، جس کی وجہ یہ تھی کہ پاکستان نے ایٹمی اسلحے کے عدم پھیلاؤ کے معاہدے این پی ٹی پر دستخط کرنے سے انکار کیا ہوا تھا۔ کافی تگ و دو اور ایک بڑا سرمایہ خرچ کرنے کے بعد پاکستان اٹامک انرجی کمیشن KANUPP کو ایک بار پھر چلانے کے قابل ہو سکا۔ اب کچھ عرصے سے یہ ری

ایکٹر کام کر رہا ہے۔ تاہم اب اپنی عمر کے اختتام کو پہنچنے کی وجہ سے صرف 80 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کے قابل ہو گیا ہے۔ اگلا ری ایکٹر 30 سال کی طویل مدت کے بعد 2005 میں لگایا گیا۔ چین کا فراہم کردہ یہ ہلکے پانی کا ری ایکٹر چشمہ ون کہلاتا ہے۔ اسی طرح کے ایک اور ری ایکٹر چشمہ نمبر دو نے 2011 کے وسط میں کام شروع کر دیا ہے۔ یہ دونوں نئے ری ایکٹر چھوٹے ہیں اور ان کے ڈیزائن کے مطابق ان کی زیادہ سے زیادہ صلاحیت 330 میگا واٹ کی ہے۔ پاکستان میں بجلی پیدا کرنے کی کل صلاحیت میں ان تینوں ایٹمی ری ایکٹرز کا حصہ صرف 2.5 فیصد بنتا ہے۔ تاہم ان سے جو بجلی پیدا ہوتی ہے وہ تمام تر بننے والی بجلی کا 1.6 سے 1.8 فیصد ہے۔ اگلا ایٹمی ری ایکٹر کب نصب ہوگا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر پاکستان نیا ری ایکٹر خریدنے کے لئے کسی ملک کے ساتھ معاہدہ کرنے میں کامیاب ہو بھی جاتا ہے تو اس کی پیداوار کو گرڈ کے ساتھ منسلک کرنے میں چھ سے آٹھ سال کا عرصہ درکار ہوگا۔ چنانچہ ایٹمی توانائی سے بجلی پیدا کرنے سے متعلق جو دعوے کئے گئے ہیں ان میں اور زمینی حقائق میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

15.1 ۔ پاک چین ایٹمی تعاون

سیاسی حقائق کو مد نظر رکھا جائے تو پاکستان کو ایٹمی پلانٹ فراہم کرنے والا واحد ملک چین ہے۔ پاکستان نے کندیاں کے قریب دریائے سندھ کے بائیں کنارے پر چشمہ نیوکلیئر کمپلیکس قائم کیا ہے۔ پہلے ایٹمی بجلی گھر کا ڈیزائن شنگھائی نیوکلیئر انجینئرنگ ریسرچ اینڈ ڈیزائن انسٹی ٹیوٹ (SNERDI) نے تیار کیا تھا۔ جو چائنا نیوکلیئر پاور پلانٹ کی طرز پر تیار ہوا تھا۔ چشمہ ایک اور چشمہ دو کے بعد فروری 2010ء میں چین نے مزید دو ایٹمی بجلی گھر تعمیر کرنے کیلئے پاکستان کی درخواست قبول کر لی۔ ان میں سے ہر ایک 330 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کا حامل ہو گا۔ (اس وقت جو جدید ترین ایٹمی بجلی گھر دنیا میں کام کر رہے ہیں وہ اس سے تین گنا زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں) چین نے اس کی لاگت کا خرچ خود برداشت کرنے کی پیشکش بھی کی۔ واضح رہے کہ ان بجلی گھروں پر کل اخراجات کا تخمینہ 1.9 ارب ڈالر لگایا گیا ہے۔ پاکستان کو ان کی تعمیر کا متحمل بنانے کے لئے چین نے اس کی 80 فیصد لاگت کو 20 سالہ قرضے کی شکل میں ادا کرنے کی پیشکش بھی کی ہے[5]۔ تاہم مالی مشکلات کے باعث پلاننگ کمیشن نے مطالبہ کیا کہ چشمہ نمبر 3، 4

سمیت مزید دو ایٹمی منصوبوں کی چینی وابستگی کے بعد کوئی رقم باقی نہیں بچی ہے۔ ادھر پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کا کہنا ہے کہ اس صورتحال کی وجہ سے چینی کمپنی اور بیجنگ کے مابین طے پانے والا معاہدہ خطرے میں پڑ گیا ہے۔[6]

اگر یہ فنڈز دستیاب ہو بھی جائیں تو بھی اور کئی بڑی رکاوٹیں حائل ہیں۔ 2004ء میں چین نے 46 ممالک پر مشتمل نیوکلیئر سپلائرز گروپ (NSG) میں شمولیت اختیار کی تھی۔ اس گروپ کے اصول و ضوابط یہ ہیں کہ اس کا کوئی رکن ملک کسی ایسے ملک کو ایٹمی ٹیکنالوجی فراہم نہیں کر سکتا جس نے این پی ٹی پر دستخط نہ کر رکھے ہوں۔ چین نے تاحال اس گروپ پر اپنا یہ ارادہ ظاہر نہیں کیا ہے کہ وہ دو نئے ایٹمی ری ایکٹر پاکستان کو فراہم کرنا چاہتا ہے۔ قبل ازیں چین نے چشمہ دوم ری ایکٹر پاکستان کو فراہم کرنے کے حوالے سے بھی اس گروپ کو یہ جواز پیش کیا تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان اس ری ایکٹر کے بارے میں معاہدہ چین کے اس گروپ میں شامل ہونے سے پہلے طے پا چکا تھا جس شق کے تحت چین نے یہ وضاحت پیش کی اسے "گرینڈ فادرنگ کلاز" کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ واضح نہیں ہے کہ نیوکلیئر سپلائرز گروپ پاکستان کو مزید دو ایٹمی ری ایکٹرز فراہم کرنے کے حوالے سے اس شق کو قبول کرے گا یا نہیں۔ یہ معاملہ 2010ء میں نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ میں ہونے والے این ایس جی اجلاس میں زیر غور لایا جانا تھا لیکن چین نے اسے پیش ہی نہیں کیا۔

اس حوالے سے امریکہ کی پوزیشن یہ ہے کہ وہ تاحال چین کی یہاں مخالفت سے باز رہا ہے۔ دراصل بات یہ ہے کہ اس کے پاس چپ رہنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے کیونکہ اس نے 2008ء میں اس گروپ سے بھارت کو خصوصی استثنیٰ دلانے کے لیے این ایس جی میں دھونس اور زبردستی سے کام لیا تھا۔ امریکہ کو خطرہ ہے کہ وہ اگر چین کو ان ری ایکٹروں کی فروخت سے روکنے کے لیے کوئی سنجیدہ کوشش کرے گا تو اس سے پاکستان مشتعل ہو جائے گا جس کا کہ امریکہ متحمل نہیں ہو سکتا کیونکہ افغانستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اسے پاکستان پر کافی انحصار کرنا پڑ رہا ہے۔ امریکہ کی جانب سے ان ممالک کے ساتھ عالمی سطح پر جوہری تجارت ایک کھلی بات ہے جنہوں نے این پی ٹی پر دستخط نہیں کئے ہیں کیونکہ اس کے نزدیک اپنے جغرافیائی اور سیاسی و معاشی مفادات کے آگے ان پابندیوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے... یہی وہ مفادات ہیں جن کے حصول کی

کوششوں میں امریکی انتظامیہ ہر دم مصروف رہتی ہے۔

پاکستان کو ری ایکٹرز فروخت کرنے میں چین کے مفادات بالکل واضح ہیں۔ پاکستان کو دو چھوٹی پاور کے ری ایکٹرز فروخت کرنے کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا کہ چین ایٹمی بجلی گھر بنانے والا اور برآمد کرنے والا ملک بننا چاہتا ہے اور اس پیش رفت کو ایک بڑے منصوبے کے حوالے سے پہلا قدم قرار دیا جا سکتا ہے۔ چین مغربی کمپنیوں سے ایٹمی بجلی گھروں کے اہم حصوں کی ٹیکنالوجی کے لائسنس حاصل کرنے کے سلسلے میں بات چیت جاری رکھے ہوئے ہے جن سے وہ اس قابل ہو جائے گا کہ 1000 میگاواٹ تا 1400 میگاواٹ کے ری ایکٹر بنا سکے۔ فی الحال پاکستان چین کے ری ایکٹروں کا واحد خریدار ہے۔ اگرچہ چین ایٹمی بجلی کا بڑا عزم پروگرام رکھتا ہے اور اسی طرز کے ری ایکٹرز بھی بنا رہا ہے، اس کے باوجود اس کا شمار ایٹمی ٹیکنالوجی برآمد کرنے والے بڑے ممالک کی فہرست میں نہیں ہوتا کیونکہ اسے ری ایکٹر کے بہت سے حصے درآمد کرنا پڑتے ہیں جیسے ری ایکٹر کی بھٹی (pressure vessel) وہ ویسٹنگ ہاؤس جیسی کمپنیوں سے حاصل کرتا ہے۔ بہرصورت پاکستان کے توانائی کے بحران کے لئے یہ چینی ری ایکٹرز محدود اثر کے حامل ہوں گے۔ ان سے پاکستان کے بجلی بنانے کی صلاحیت میں بھی کوئی اضافہ ہوگا کیونکہ وہ بجلی گھر عالمی اٹامک انرجی ایجنسی کی مکمل نگرانی میں ہوں گے۔ اگر منصوبے کے مطابق چین کے ساتھ معاہدے ہو بھی جائیں تو ان نئے بجلی گھروں سے بجلی حاصل کرنے کے لئے 6 سے 8 سال تک لگ جائیں گے۔ وہاں کی بجلی پیدا کرنے کی محدود صلاحیت کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ ملک میں بجلی کی شدید قلت ختم کرنے میں کچھ زیادہ مفید ثابت نہیں ہوں گے۔

چین کے بجلی گھر PWR (Pressurized Water Reactor) ہیں۔ آئیے یہاں ہم ان ری ایکٹروں کے جوہری ایندھن کا مختصر جائزہ لیتے ہیں۔ ایک گیگاواٹ کے PWR ری ایکٹر میں 200 سے 300 ایندھن کی نالیاں ہوتی ہیں جن میں افزودہ یورینیم ڈائی آکسائیڈ (UO_2) بھری ہوتی ہے۔ ان کا وزن 80 سے 100 ٹن تک ہوتا ہے۔ یہ تین بڑی مقدار ہے جو سال میں چند ری ایکٹروں کے لئے یورینیم افزودہ کرنے والے پلانٹ مہیا نہیں کر سکتے۔ چنانچہ 2007ء میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے اعلان کیا کہ وہ یورینیم افزودہ کرنے کا ایک اور پلانٹ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جسے آئی اے ای اے کی نگرانی میں رکھا جائے گا اور اس ملک کے سویلین نیوکلیئر پروگرام کے

سے استعمال میں لایا جائے گا۔[17] پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے [illegible] میں یہ اعلان بھی کیا کہ اس پر دو ارب ڈالر لاگت آئے گی۔ بڑے پیمانے پر یورینیم افزودہ کرنے کا یہ مجوزہ منصوبہ پنجاب کے ضلع میانوالی کے شہر کندیاں کے مقام پر تعمیر کیا جائے گا اور اسے پاکستان نیوکلیئر پاور فیول کمپلیکس کا حصہ تصور کیا جائے گا۔ مجوزہ پاکستان نیوکلیئر پاور فیول کمپلیکس ایٹمی ایندھن بنانے کے کارخانے ہیکسا فلورائیڈ گیس (UF6) پیدا کرنے کے ایک پلانٹ، ایک زرکونیم ٹیوبنگ پلانٹ، ایک فیول ٹیسٹنگ لیبارٹری اور یورینیم افزودہ کرنے کے ایک پلانٹ (جس میں جدید سینٹری فیوج استعمال ہوں گے) پر مشتمل ہوگا۔ یہ کمپلیکس کہوٹہ کی خان ریسرچ لیبارٹری سے کافی بڑا ہوگا جہاں پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کے پروگرام میں استعمال کے لیے یورینیم تیار کی جاتی ہے۔ خان ریسرچ لیبارٹری میں تو ہتھیاروں کے قابل یورینیم کی تیاری کا کام جاری رہے گا تاہم یورینیم کو افزودہ کرنے کے اس نئے پلانٹ میں یورینیم کو صرف تین فیصد کی سطح تک افزودہ کیا جاسکے گا کیونکہ چشمہ اول و دوم کے لیے اسی درجے کے یورینیم کی ضرورت ہے۔

نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ان منصوبوں سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا۔ اس کی وجہ سیدھی سادی ہے کہ فیول کمپلیکس تعمیر کرنے کے لیے درکار سرمایہ ہی موجود نہیں ہے۔ علاوہ ازیں منافع کی خواہش میں چین اس بات میں بھی دلچسپی رکھتا ہے کہ پاکستان افزودہ یورینیم ڈائی آکسائیڈ (UO2) خود تیار کرنے کی بجائے اس سے خریدے۔ چونکہ پاکستان یہ ایندھن کسی دوسرے ملک سے خریدنے کی پوزیشن میں نہیں ہے اس لیے یہ بالکل واضح ہے کہ اسے چین سے اس ایندھن کی خریداری کے سلسلے میں کوئی رعایت نہیں ملے گی۔

معاہدے کے تحت اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے قواعد کے مطابق پاکستان پابند ہے کہ استعمال شدہ ایندھن چین کو واپس کرے۔ لیکن اب تک اس سلسلے میں کیا پیش رفت ہوئی، اس بارے میں کچھ معلوم نہیں کیونکہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے اس معاملے میں معلومات افشا نہیں کی ہیں۔ چنانچہ یہ فرض کیا جاسکتا ہے کہ استعمال شدہ ایندھن ری ایکٹر کی عمارت کے اندر یا اس کے قریب ہی کہیں ذخیرہ کیا گیا ہوگا۔ یاد رہے کہ فوکوشیما میں ہونے والی تباہی میں ایسے ذخیرے تباہ کن ثابت ہوئے تھے۔ اب صرف یہ امید ہی کی جاسکتی ہے کہ اس سے سبق حاصل کیا گیا ہوگا۔ گو کہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کی جانب سے اس بارے میں مناسب اقدامات کا

تاحال اعلان نہیں کیا گیا۔

15.2 ۔ اخراجات اور صلاحیت کار

کیا جوہری توانائی اپنی قیمت پوری کرتی ہے؟ یعنی اس کو پیدا کرنے پر جتنے خرچ جات آتے ہیں اتنا اس سے فائدہ ہوتا ہے؟ اور یہ کہ آیا جوہری طاقت سے پیدا کی گئی بجلی پاکستان کی توانائی کی ضروریات پوری کرسکتی ہے یا نہیں۔ دیسی توانائی کا حصول کتنا محفوظ ہے اس سوال کا جواب بعد میں تلاش کیا جائے گا۔ فی الحال ہم جوہری توانائی کے معاشی پہلوؤں پر غور کریں گے اور اس سوال کا جواب تلاش کریں گے کہ آیا یورینیم سے حاصل کی گئی بجلی تیل یا گیس سے پیدا کی گئی بجلی سے سستی ہوتی ہے یا نہیں۔

اس کے لئے پاکستان کے معاملات کا جائزہ لینے کی بجائے ہم پہلے اس سلسلے میں عالمی صورتحال کا جائزہ لیتے ہیں۔ امریکہ کے پاس دنیا کی سب سے بڑی ایٹمی صنعت ہے۔ پوری دنیا میں ایٹمی توانائی سے جتنی بھی بجلی پیدا کی جاتی ہے اس کا 30 فیصد امریکہ پیدا کرتا ہے۔ تاہم اسے بجلی پیدا کرنے کے دیگر ذرائع جیسے تیل، گیس، کوئلہ اور پانی کا مقابلہ کرنے میں شدید دشواریوں کا سامنا ہے اور اس کی بنیادی وجہ شدید حفاظتی لوازمات پر اٹھنے والے اخراجات ہیں۔ ایم آئی ٹی کی جانب سے 2009ء میں کی گئی ایک تحقیق میں 2010ء میں بجلی کی پیداواری لاگت کا اندازہ لگایا گیا۔ اس تحقیق کے مطابق 2010ء میں کوئلے اور گیس سے بجلی کی پیداواری لاگت بالترتیب 6.2 اور 6.5 سینٹ فی کلوواٹ آور تھی جبکہ اس کے مقابلے میں جوہری ذرائع سے حاصل ہونے والی بجلی 8.4 سینٹ فی کلوواٹ آور پڑتی تھی۔ بجلی کی قیمتوں کا یہ اندازہ معیاری معاشی دلائل اور بجلی کی پیداوار میں استعمال ہونے والے لوازمات کی قیمتوں کو مدنظر رکھ کر لگایا گیا تھا۔[8]

امریکہ میں گزشتہ 20 برسوں کے دوران کسی نئے ایٹمی پلانٹ کی تعمیر کی اجازت نہیں دی گئی۔ اس کے برعکس فرانس اپنی بجلی کی کل پیداوار کا 75 فیصد ایٹمی بجلی گھروں سے حاصل کرتا ہے، حتیٰ کہ فوکوشیما کے سانحے کا بھی اس پر بہت زیادہ اثر نہیں پڑا۔ یہ طے ہے کہ جب قدرتی ایندھن (fossil fuel) کے ذخائر ختم یا کم ہوجائیں گے تو توانائی کی قیمت کی شرح ایٹمی توانائی کے حق میں ہو جائے گی یعنی اس کی اہمیت میں اضافہ ہوجائے گا۔ تاہم تاحال اس کے آثار نظر نہیں آتے

1980 کی دہائی کے آغاز میں ورلڈ بینک نے ایٹمی بجلی گھروں کو "بہت بڑا سفید ہاتھی" قرار دیا تھا۔[9] ورلڈ بینک کی ماحولیات کے تجزیوں پر بھی حوالہ جاتی کتاب میں بتایا گیا ہے کہ ایٹمی بجلی گھر غیر کفایتی ایٹمی بجلی حاصل کرنے کا ذریعہ ہیں کیونکہ موجودہ حالات میں اور ان کی قیمتیں بڑھنے کی وجہ سے یہ ممکن نہیں کہ ایٹمی بجلی گھر سستے متبادل ثابت ہوں۔ اس بات کے شواہد بھی موجود ہیں کہ منصوبہ ساز عام طور پر اس پر اٹھنے والے اخراجات کا جو اندازہ یا تخمینہ لگاتے ہیں وہ اصل سے کافی کم ہوتا ہے اور وہ اکثر جوہری فضلے کو ٹھکانے لگانے، ری ایکٹرز کو بند کرنے اور دیگر ماحولیاتی درستگی پر اٹھنے والے اخراجات کا درست تخمینہ نہیں لگا پاتے۔[10] امریکی نیوکلیئر ریگولیٹری کمیشن کے مطابق کسی ری ایکٹر کو مکمل طور پر بند کرنے پر ڈالر 300 سے 400 ملین ڈالر کے اخراجات اٹھتے ہیں۔[11] یہ ری ایکٹرز کی اصل قیمت کا خاصا بڑا حصہ ہے۔

اگر فرانس یا جنوبی کوریا جیسے ممالک کو ایٹمی توانائی منافع بخش لگتی ہے تو اس وجہ سے کہ ان کے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے۔ اسی طرح وہ ممالک جن کے پاس انجینئرنگ کی صلاحیت کی کمی ہے اور وہ اپنا ذاتی ری ایکٹر خود تعمیر کرنے کے قابل نہیں، وہ ایٹمی ٹیکنالوجی کو درآمد کرنے اور اس کو چلائے رکھنے کے لیے زیادہ رقوم ادا کرنے کے لیے بھی تیار رہتے ہیں۔

پاکستان میں ایٹمی بجلی کی قیمتوں کے بارے میں قابل اعتماد اعداد و شمار موجود نہیں ہیں۔ تاہم پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ 8.5 سینٹ فی کلوواٹ آور کے لگ بھگ ہے یعنی تقریباً اتنی ہی جتنی امریکہ میں ہے۔[12] کمیشن نے جو قیمت بتائی ہے ممکن ہے کہ وہ ری ایکٹر کی قیمت اور ایندھن کے اخراجات کو سامنے رکھ کر نکالی گئی ہو۔ تاہم یہ اندازہ لگانا ایک دشوار کام ہے کہ پاکستان میں ایک کلوواٹ آور ایٹمی بجلی پیدا کرنے پر دراصل کتنی رقم صرف ہوتی ہے۔ متعلقہ حکام نے اس بارے میں کبھی تفصیلات افشا نہیں کیں۔ گزشتہ پانچ دہائیوں کے دوران سینکڑوں تحقیق پر مشتمل وسیع و عریض ساز و سامان (انفراسٹرکچر) کی تعمیر پر، ایندھن تیار کرنے کے کارخانے قائم کرنے پر، سائنسدانوں اور انجینئروں کی مقامی اور دوسرے ممالک میں تربیت پر، تنخواہوں اور دیگر مراعات کے علاوہ سکیورٹی انتظامات وغیرہ پر کتنی رقوم خرچ کی گئیں، منتقل شدہ اشیاء جیسے کمپیوٹر، الیکٹرانکس اور الیکٹریکل مشینری، کیمیکل پلانٹ، کیمیکلز اور ورکشاپ مشینری کے لیے استعمال ہونے والے فنڈز کے بارے میں بھی اعداد و شمار دستیاب نہیں۔ پاک

میں ری ایکٹروں کی رقوم سے متعلق کچھ بھی افشا نہیں کیا گیا ہے۔

پاکستان کے پاس ایٹمی بجلی گھر موجود ہیں۔ ان کی کارکردگی بہت زیادہ اچھی نہیں رہی ہے تاہم ان کی کارکردگی تجربہ بڑھنے کے ساتھ ساتھ بہتر ہو رہی ہے۔ چشمہ ٹو ری ایکٹر کے بارے میں کوئی رائے دینا قبل از وقت ہوگا البتہ KANUPP اور چشمہ ون کے بارے میں اعداد و شمار دستیاب ہیں کیونکہ عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی کی نگرانی کے تحت کام کرنے والے تمام ایٹمی بجلی گھروں کے لئے "پرفارمنگ ریکارڈز" شائع کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس حوالے سے دو خصوصی اور اہم اشاریوں (پیرامیٹرز) میں پہلا توانائی کی دستیابی کا جزو ہے جو ممکنہ توانائی مہیا کرنے کے بعد کارآمد توانائی کی مقدار کو کل پیدا کی گئی توانائی کی مقدار پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ دوسرا صلاحیت کا جزو ہے Capacity Factor جو ممکنہ توانائی مہیا کرنے کے بعد پیدا ہونے والی توانائی کی مقدار کو توانائی کی اس مقدار کے ساتھ تقسیم کرنے سے حاصل ہوتا ہے جو اس صورت میں حاصل ہوتی ہے جب سارا پلانٹ اپنی پوری صلاحیت پر کام کر رہا ہوتا ہے۔ ان کی صحیح تعریف آئی اے ای اے (عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی) کرتی ہے اور اس کا اندراج پاور ری ایکٹر انفارمیشن سسٹم (PRIS) میں سالانہ بنیاد پر مستقل بنیادوں پر کیا جاتا ہے۔ یہ کام آئی اے ای اے کے ممبر کسی ملک میں کام کرنے والے ہر ایٹمی بجلی گھر کے لیے کیا جاتا ہے۔[13]

تھنک ٹینک سینٹر (CISAC, Stanford) نے 2007ء میں اسی کی رپورٹوں پر مبنی ایک رپورٹ تیار کی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ KANUPP کے اعداد و شمار کے تجزیے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک درمیانے درجے کا پلانٹ ہے جس میں ری ایکٹر کی پوری زندگی کے لیے توانائی کی دستیابی کا معیار 28 فیصد سے کم ہے۔ 1980ء کی دہائی سے اب تک یہ پلانٹ متفرق صلاحیت پر کام کرتا رہا ہے جس میں کبھی کم تو کبھی زیادہ۔ تاہم اس کی کارکردگی 48 فیصد سے کبھی نہیں بڑھی اور مختلف اوقات میں مرمت اور تجدید کی مہموں کی وجہ سے اس کی کارکردگی کم رہی ہے۔ یہ کارکردگی اس لحاظ سے اور بھی کم ہے کہ CANDU قسم کے ری ایکٹر میں ایندھن تبدیل کرنے کے لئے اسے بند نہیں کرنا پڑتا لہذا توقع کی جاتی ہے کہ صلاحیت اور دستیابی کے حوالے سے اس کی کارکردگی زیادہ ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ KANUPP کی کارکردگی ری ہیٹڈ اور دیگر جگہوں پر نصب قدیم ترین CANDU ری ایکٹرز سے بھی کم ہے۔ سوائے بھارت میں کام کرنے والے ری ایکٹر

ضرورت ہوتا ہے۔ CANDU کافی پرانے ماڈل کے ری ایکٹر ہیں جو مرمت کے بعد آج بھی دنیا میں کئی جگہ بجلی گھروں کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ KAHUPP اس کا پرانا ماڈل ہے۔ جس کے ساتھ کے کافی دیگر CANDU ری ایکٹر پہلے ہی بند کیے جا چکے ہیں۔

دوسری جانب چشمہ کے اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ اس کی توانائی کی دستیابی کی شرح بلند ہے یعنی 60 فیصد یا اس سے زیادہ اور وقت گزرنے کے ساتھ اس کی کارکردگی اور دستیابی میں بہتری آئی ہے۔ البتہ CHASNUPP-1 کی کارکردگی چشمہ۔ ون پلانٹ سے پیچھے رہ گئی ہے۔ حالانکہ CHASNUPP-1 چشمہ۔ ون کے نمونے پر بنایا گیا ہے۔ پتہ چلتا ہے کہ CHASNUPP-1 کی کارکردگی اس کے مقابلے میں 10 سے 20 فیصد کم رہی ہے۔ پی آر ایس میں سے دنیا بھر میں چشمہ ون کے ڈیٹا کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ جہاں چشمہ ون کا پہلے پانچ آپریٹنگ ادوار میں توانائی کی دستیابی کا تناسب بڑھتا ہوا تقریباً 80 فیصد کے قریب ہے وہاں CHASNUPP-1 کا یہی فیکٹر صرف 62 فیصد ہے (یاد رہے کہ جب کوئی مشین نصب کی جاتی ہے یا کوئی پلانٹ لگایا جاتا ہے تو اس کی عمر یا کام کرنے کی میعاد کا اندازہ لگایا جاتا ہے کہ یہ کتنے سال کام کرے گا۔ اس لحاظ سے اس کی کارکردگی کا اندازہ قائم کیا جاتا ہے۔)

خالصتاً معاشی لحاظ سے دیکھا جائے تو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ایٹمی بجلی گھر پاکستان کے لیے کوئی اچھی سرمایہ کاری ثابت ہوئے ہیں۔ اگر ریگولیٹرز ایٹمی بجلی گھروں کو لوگوں کے لیے قابل قبول بنانا چاہتے ہیں تو ایک واضح معاشی تجزیہ جس میں قابل بھروسہ اعداد و شمار پیش کیے گئے ہوں، ناگزیر ہے۔

15.3 ۔ تحفظ کے معاملات/مسائل

ایٹمی ری ایکٹر کا کسی شہر کے قریب واقع ہونا حد سے زیادہ خطرناک ہے۔ یوں سمجھئے کہ یہ معاملہ ری ایکٹر بموں کو شہر کے اندر ذخیرہ کرنے سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ اگرچہ ایٹمی ری ایکٹر سے یہ خطرہ نہیں ہوتا کہ وہ کسی ایٹم بم کی طرح پھٹ پڑیں گے، لیکن 200 میگاواٹ جیسے قدرے چھوٹے ری ایکٹرز میں بھی ایک سال کام کرنے کے بعد تابکار سیزیم، سٹرونشیم اور آیوڈین کی اتنی زیادہ مقدار جمع ہو چکی ہوتی ہے جو اب تک کیے گئے ایٹمی تجربوں سے خارج ہونے سے پیدا

ہونے والے ایسے ہی تابکار مادوں سے زیادہ ہوتی ہے۔ اگر اس مواد کا ری ایکٹر میں سے اخراج شروع ہو جائے تو یہ پورے ماحول کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔

ایٹمی ری ایکٹرز ڈیزائن کرنے والے ان تباہ کن اثرات سے پوری طرح آگاہ ہوتے ہیں اسی لیے وہ ان میں ضرورت سے زیادہ حفاظتی اقدامات شامل کرتے ہیں جن کی عموماً ضرورت نہیں ہوتی۔ لیکن جو کسی پرزے یا حصے کے ناکارہ ہونے کی صورت میں کارآمد ثابت ہو سکتے ہیں، جیسے وہ حصے جو ری ایکٹر کے بے حد گرم حصوں کو ٹھنڈا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ اس کے باوجود روس، امریکہ، برطانیہ اور کینیڈا جیسے ترقی یافتہ ممالک میں بھی ری ایکٹرز کے خطرناک حادثات رونما ہوئے ہیں۔ کوشا (ہیروشیما اور ناگاساکی پر ہونے والی ایٹمی بمباری سے بچ جانے والے لوگوں) کے ملک میں بھی ری ایکٹر دوسرے ممالک کے مقابلے میں شدید تر جانچ پڑتال سے گزرتے ہیں لیکن اس کے باوجود یہ جانچ پڑتال فوکوشیما کے معاملے میں کافی ثابت نہیں ہوئی۔

پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کے لیے کہ جہاں تابکاری کے اخراج کے خطرات اور ری ایکٹرز کی حفاظت جیسے معاملات تاحال عوامی بحث کا حصہ نہیں بن سکے ہیں ساری صورتحال کا کیا مطلب ہوگا؟ 2001ء میں حکومت نے پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی قائم کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ یہ اتھارٹی ری ایکٹرز کے لیے جگہ تلاش کرنے، ان کے ڈیزائن بنانے، ان کی تیاری، انہیں چلانے میں اعلیٰ معیاری طریقوں کو یقینی بنائے، تابکاری سے تحفظ، ایٹمی فضلے کو ٹھکانے لگانے کا مناسب انتظام کرے، اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاری، اور نقل و حمل کی ذمہ دار ہوگی۔ یہ اتھارٹی 200 سے زیادہ پیشہ ور اور تربیت یافتہ افراد پر مشتمل ہے۔ اس میں تکنیکی شعبوں نظامی انتظام اور انضباطی کارروائیوں پر مشتمل شعبے شامل ہیں۔ اگرچہ پی این آر اے کے فرائض جامع ہیں، تاہم یہ بات قابل غور ہے کہ اس کے تمام اہلکار پاکستان اٹامک انرجی کمیشن سے حاصل کیے جاتے ہیں۔ اس طرح ایک معائنہ کرنے والے ادارے کے طور پر یہ آزاد نہیں ہے بلکہ ایک طرح سے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کی ہی توسیع ہے۔ قومی سلامتی کے حوالے سے اصلاحی طریقہ کار صرف متعلقہ حکام ہی کنٹرول کرتے ہیں۔ وہ افراد جن کا تعلق پی اے ای سی یا پی این آر اے سے نہیں ہے انہیں کسی بھی قسم کی ایٹمی تنصیبات چاہے وہ فوجی نوعیت کی ہوں یا سویلین طرز

کی، کے قریب تابکاری کی سطح جانچنے کی اجازت نہیں ہے۔ یہ ایک مثال ہے کہ جنوبی ایشیا میں جوہری حکام نے کس طرح معاملات کو خفیہ رکھنے کے لیے ایک پردہ تان رکھا ہے۔ مثال کے طور پر بھارت اور پاکستان میں یورینیم اور تھوریم کی کان کنی کے تابکاری اثرات سے متاثر ہونے والی غریب اور بے بس دیہی آبادی کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ عدالت میں اس حوالے سے درج اپنے مقدمات واپس لے لیں۔[14]

ان حالات میں جب کہ پاکستان کے عوام اور ادارے دہشت گردی کی زد میں ہیں، جنگجوؤں کی جانب سے کسی جوہری پلانٹ کو نقصان پہنچانے کے امکان کو سہل سے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ استعمال شدہ ایندھن کے ذخیرے اگرچہ نسبتاً محفوظ ہوتے ہیں تاہم ان کی چوری یا ان پر حملے کا خطرہ بہر حال موجود ہے۔ ماضی کے واقعات گواہ ہیں کہ پاکستان تباہی و آفات کا مقابلہ کرنے اور ان سے نمٹنے کی مناسب صلاحیت نہیں رکھتا چاہے یہ تباہی قدرتی آفت کے طور پر نازل ہو یا انسان کی اپنی پیدا کردہ ہو۔ اس کے مظاہر ہم سیلاب اور زلزلے کے بعد دیکھنے میں آ چکے ہیں۔

فوکوشیما میں ہونے والی ایٹمی تباہی سے سبق نہ سیکھنا بے وقوفی ہوگی۔ آپ کو یاد ہوگا کہ 11 مارچ 2011ء کے زلزلے اور سونامی نے جاپان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ ان قدرتی آفات کے کچھ عرصے بعد تک جاپان کسی بڑے ایٹمی سانحے کے دہانے پر رہا۔ اگرچہ ایٹمی ری ایکٹر چلانے والے بہادر آپریٹروں نے صورتحال کو کنٹرول کرنے کی بھرپور کوشش کی حتیٰ کہ کچھ نے تو تابکاری کی ہلاکت خیز مقدار جذب کر کے اپنی زندگیاں تک داؤ پر لگا دیں۔ اس کے باوجود وہ اس صورتحال پر قابو نہ پا سکے۔ چار ہائیڈروجن دھماکوں سے چھ ایٹمی ری ایکٹروں والی فوکوشیما نیوکلیئر سینٹر میں ان میں سے ری ایکٹروں کو مکمل طور پر ملبے کا ڈھیر بنا دیا۔ تابکار مواد کے اخراج کی سطح پانچ کی ہنگامی صورتحال تک پہنچ گئی جو بعد میں 7 تک بھی پہنچی۔ چنانچہ 20 کلومیٹر کے دائرے میں مکمل انخلا کا کام شروع کر دیا گیا۔

ساتھ ہی ساتھ جرأت مندانہ کوششوں کے نتیجے میں آخرکار استعمال شدہ ایندھن والی سلاخوں کو پگھلنے سے بچا لیا گیا۔ اس طرح ایک بڑی تباہی کا رخ بھی موڑ دیا گیا۔ لیکن ری ایکٹر میں لگنے والی آگ کئی ہفتوں تک جلتی رہی۔ ایک موقع پر ٹیپکو کے عملے میں یہ منصوبہ بھی بنایا گیا

کہ ری ایکٹر پر ہزاروں ٹن کنکریٹ ڈال دیا جائے یعنی ان ری ایکٹروں کو مستقل طور پر ایٹمی مقبروں میں تبدیل کر دیا جائے لیکن اس کے باوجود یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا اور نہ ہی تابکاری مادوں سے سست رفتار موت کا خوف اور خطرہ کم ہوتا کیونکہ یہ مادے ہائیڈروجن دھماکوں کی وجہ سے دور دور تک پھیل رہے تھے حتیٰ کہ کینیڈا اور یورپ تک بھی پہنچ رہے تھے۔

جاپان نے اپنے کل رقبے کا ایک بڑا حصہ تابکاری آلودگی کے ہاتھوں ضائع کر دیا۔ جولائی میں ایک تجزیے سے یہ معلوم ہوا کہ سپر مارکیٹ میں فروخت کے لیے رکھے گئے گوشت، سبزیوں اور سمندر سے پکڑی گئی مچھلیوں تک میں تابکار سیزیم کی اتنی بڑی مقدار موجود ہے جو محفوظ سطح سے کہیں زیادہ ہے۔[15] فوکوشیما ری ایکٹر کے پگھلنے سے خارج ہونے والی تابکار سیزیم کی مقدار ہیروشیما پر پھینکے جانے والے ایٹم بم کے پھٹنے کے باعث خارج ہونے والی مقدار سے 168 گنا زیادہ تھی۔ نیوکلیئر اینڈ انڈسٹریل سیفٹی ایجنسی (NISA) کا کہنا ہے کہ فوکوشیما کے ری ایکٹر سے خارج ہونے والی تابکاری 1986ء میں چرنوبل کے مقام پر خارج ہونے والی تابکاری کا چھٹا حصہ تھی اور یہ کہ فوکوشیما پلانٹ نمبر 1 سے 1500 ٹیرا بیکوریل (تابکاری ناپنے کی ایک اکائی) سیزیم 137 خارج ہوئی تھی جو کئی دہائیوں تک قائم رہ سکتی ہے اور کینسر کا باعث بن سکتی ہے۔ موازنے کے طور پر یہ دیکھیے کہ ہیروشیما پر گرائے جانے والے امریکی ایٹم بم سے خارج ہونے والے تابکار مواد سے 89 ٹیرا بیکوریل سیزیم 137 خارج ہوئی تھی۔

اگست میں ڈائچی پلانٹ کے 40 کلومیٹر شمال میں واقع ایک شہر سوما کی کھلی فضا میں اگنے والی گھاسوں میں سیزیم کی مقدار معیار سے نو گنا زیادہ پائی گئی۔ کھیتوں، شہری سڑکوں، گلیوں اور عمارتوں کے اندر سے لی گئی پیمائشوں سے یہ ثابت ہو گیا کہ وہاں کی فضا سیزیم 137 اور سٹرونشیم 90 سے آلودہ ہو چکی ہے۔ 21ویں صدی کی باقی ساری مدت میں اس بڑے علاقے میں رہنے والے لوگ دراصل تابکار مواد سے آلودہ گھروں میں رہیں گے، آلودہ پانی پئیں گے اور آلودہ ہی خوراک استعمال کریں گے۔

15.4 ۔ مثبت پہلو

جاپان میں تباہی کے اثرات کو ختم کرنے کے سلسلے میں بہترین انتظامات کیے گئے

جاپانیوں نے اس سانحے پر حیرت انگیز طرز عمل کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع کے بعد کوئی لوٹ مار نہیں ہوئی۔ سڑکوں پر افراتفری نہیں پھیلی اور نہ ہی حکومت کے خلاف کسی قسم کے مظاہرے کیے گئے۔ لوگوں نے ایک دوسرے کی بھرپور مدد کی۔ لوگوں کی مدد کو آنے والی تنظیمیں جیسے کسی رضاکارانہ بچاؤ کے کام میں مصروف رہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ حادثے کا شکار ہونے والوں کو مصیبت سے نکالنے کے لیے آنے والوں نے تابکاری سے بچاؤ کے سلسلے میں دیانتداری سے کام کیا۔ پلانٹ کو چلانے والے آپریٹروں نے حد سے زیادہ تابکاری والے ماحول میں کام کیا اور اس طرح اپنی زندگیوں کو داؤ پر لگائے رکھا جبکہ انجینیئروں نے ری ایکٹر کے ہنگامی حالات سے نپٹنے میں بے پناہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔

15.5 ۔ منفی پہلو

زلزلے کی تباہ کاریوں سے بچنے کیلئے کئے گئے انتظامات اور سونامی سے تحفظ کے لیے کیے گئے اقدامات بری طرح ناکام ہوئے۔ ری ایکٹر کا ڈیزائن کچھ اس نوعیت کا تھا کہ 20 فٹ بلند سونامی لہروں سے تحفظ حاصل تھا لیکن ایمرجنسی کولنگ پمپس کو بجلی فراہم کرنے والے اسٹیشن پانی کی 30 فٹ اونچی دیوار کا مقابلہ کرنے کے بعد بہہ گئے۔ ری ایکٹر کی جگہ پر استعمال شدہ ایندھن کی بھاری سلاخیں ذخیرہ کرنا ایک مہلک غلطی ثابت ہوئے۔ ان کے باوجود اس کا خطرہ مول لینے کی ایک وجہ موجود تھی۔ جاپان کی توانائی کی بھوکی معیشت اپنی ضرورت کی بجلی کا 30 فیصد حصہ 55 ایٹمی ری ایکٹروں سے حاصل کرتی تھی۔

پاکستان کے پاس اپنے سب سے بڑے شہر کو خطرے میں ڈالنے کا جاپان کی نسبت اور بھی کم جواز ہے۔ کراچی نیوکلیئر پاور پلانٹ (KANUPP) ساحل سمندر کے کنارے واقع ہے اور بہت تھوڑی بجلی پیدا کرتا ہے۔ کینیڈا کا فراہم کردہ یہ ری ایکٹر دسمبر 1972ء سے کام کر رہا ہے لیکن پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق یہ 70.4 فیصد وقت بجلی کی پیداوار کے لیے دستیاب نہیں رہا۔ اگر اسے اس کی پوری صلاحیت کے مطابق چلایا جاتا (120 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کے لیے) تب بھی یہ کراچی کی بجلی کی کل ضرورت کا محض 6 تا 7 فیصد ہی فراہم کر سکتا تھا جو کہ صرف گلبہار اور لیاری جیسے علاقوں کے لیے ہی کافی ہو سکتی تھی۔

اس طرح KANUPP کا فائدہ تو کچھ زیادہ نہیں، لیکن اس نے کراچی کی گنجان آبادی کو ایک مستقل خطرے سے دوچار کر رکھا ہے۔ کوئی تخریب کاری، دہشت گردوں کا کوئی حملہ، ری ایکٹر کے کسی حصے کی ناکامی، زلزلہ یا سونامی جیسی کوئی آفت وسیع پیمانے پر تابکاری کے اخراج کا باعث بن سکتی ہے۔ 1986ء کے چرنوبل سانحے کی طرح متعلقہ حکام کا فطرتی ردعمل یہی ہو سکتا ہے کہ وہ ان حقائق کو چھپائیں لیکن چونکہ ہوا زیادہ تر سمندر کی جانب سے شہر کی طرف چلتی ہے اس لئے وہاں سے آبادی کا انخلاء ضروری ہوگا۔ کسی حادثے کی صورت میں امیر اور خوش قسمت لوگ ایسا کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے جبکہ غریب رہ جائیں گے۔ فوکوشیما میں سونامی آنے کے بعد ساری آبادی کا بہت منظم انداز میں انخلاء مکمل کر لیا گیا تھا۔ اس کے برعکس کراچی میں کوئی سانحہ پیش آ گیا تو لاکھوں کی آبادی بے ہنگم طریقے سے باہر نکلنے کی کوشش کرے گی جس سے مسائل کم ہونے کے بجائے بڑھ جائیں گے۔ ڈاکو اور لٹیرے اس صورتحال سے فائدہ اٹھائیں گے اور ہر وہ چیز سمیٹ لے جائیں گے جو ان کے ہاتھ لگے گی، سڑکیں بند ہو جائیں گی اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی معطل ہو جائے گی۔

جاپان کا جوہری سانحہ آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہونا چاہیے۔ اس ترقی یافتہ ملک کے پاس انجینئرنگ کے حوالے سے اعلیٰ ترین علم اور تجربہ موجود ہے اور سب سے اہم یہ کہ جاپان میں ایک سیفٹی کلچر بھی ہے۔ لیکن پاکستان اس سے محروم ہے۔ کار چلانے کا معاملہ ہو یا نیوکلیئر پلانٹ چلانے کا، پاکستانیوں کی عادت ہے کہ وہ لاپرواہی برتتے ہیں اور شارٹ کٹ تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ لوگ حفاظتی یا احتیاطی تدبیر کی قطعی پروا نہیں کرتے۔ اگر نیوکلیئر پلانٹ کو چلانے والے حفاظتی طریقوں کو نظر انداز کریں یا ان کو چھپانے کی کوشش کریں تو عام لوگوں کے پاس کوئی طریقہ نہیں ہے کہ وہ ان کے بارے میں جان سکیں۔ یہ واضح ہے کہ قومی سلامتی کے نام پر جوہری معاملات کو پردے میں رکھا جاتا ہے، جسے بدمعاملگیوں کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

جاپان کے اس سانحے کے دوران پاکستانی حکام کا بے فکری والا طرز عمل خاص طور پر تشویش میں مبتلا کرنے والا تھا۔ حتیٰ کہ اس وقت بھی جب پورے نیوکلیئر کمپلیکس میں دھماکے ہو رہے تھے اور تباہی پھیل رہی تھی، ماہرین یہی کہہ رہے تھے کہ فوکوشیما جیسا کوئی حادثہ پاکستان میں

نہیں ہو سکتا۔ اس دعوے پر کچھ بھی خرچ نہیں ہوا تھا کیونکہ پاکستان میں حکام اور ارباب بست و کشاد نے غلط بیانات کی کبھی قیمت نہیں چکائی۔ اگر خدانخواستہ پاکستان میں کوئی ایٹمی حادثہ ہو تو پی اے ای سی، پی ایس آر سے اور "عظیم سائنسدان" جو ایسے دعوے کی خوش کن یقین دہانیاں کرتے رہتے ہیں سب نظر نہیں آئیں گے اور یہ بھی ثابت ہو جائے گا کہ ایسے کسی ممکنہ حادثے کے حوالے سے ان کی تیاریاں بھی مکمل نہ تھیں۔

15.6 ۔ لوڈشیڈنگ کیوں؟

پاکستانی منصوبہ سازوں سے یہ سوال پوچھیے کہ 2030ء تک پاکستان کی توانائی کی ضروریات کتنی ہوں گی تو اس کے جواب میں کہا جائے گا کہ 160 گیگاواٹ۔ تاہم اسے کیسے پورا کیا جا سکے گا؟ یہ کام تخیلات پر چھوڑ دیجیے۔ جی ڈی پی میں اضافے کی بنیاد پر اندازوں کو بنایا جاتا ہے جو اکثر پورے نہیں ہوتے۔ اسی وجہ سے پلاننگ کمیشن آف پاکستان جو پانچ سالہ منصوبے بناتا ہے، انہیں کبھی سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔

یہ صرف پاکستانی ہی نہیں جو غیر حقیقی اندازوں اور خوش فہمیوں کو پیش کرتے ہیں۔ بھارت کا ریکارڈ بھی غیر معمولی نہیں ہے۔ 1962ء میں اس نے اعلان کیا کہ نصب کیے گئے ری ایکٹرز سے 1987ء تک اس کی مجموعی صلاحیت 18 تا 20 گیگاواٹ ہو جائے گی لیکن اس سال کے آخر تک یہ محض 1.48 گیگاواٹ ہو گی۔ ہومی بھابھا کے جانشین وکرم سارا بھائی نے اعلان کیا تھا کہ ہمارے سامنے یہ ہدف ہے کہ 1972-73ء کے بعد ہر سال تقریباً 500 میگاواٹ صلاحیت والا ایک ایٹمی پاور سٹیشن فراہم کیا جائے گا۔[16] لیکن ایسا نہیں ہوا۔ بھارت کا پہلا 500 میگاواٹ کا ری ایکٹر تارا پور 4 (Tarapur-4) اس ہدف کے تقریباً 35 برس بعد 2005ء میں قائم کیا جا سکا۔ بھارتی حکام نے یہ پیش گوئی بھی کی کہ 2050ء تک بھارت میں جتنی بھی بجلی پیدا کی جا رہی ہوگی، اس کا 50 فیصد سے زائد جوہری توانائی سے حاصل کیا جا رہا ہوگا۔ یہ بات قابل غور ہے کہ 2050ء میں جس مقدار میں بجلی پیدا کرنے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے وہ جوہری پاور کی موجودہ صلاحیت یعنی 4.12 گیگاواٹ سے 15 گنا زیادہ ہے۔ جوہری طاقت سے جو بجلی اس وقت پیدا کی جا رہی ہے وہ ملک کی بجلی پیدا کرنے کی کل صلاحیت کا 2.64 فیصد ہے۔[17]

بھارت میں اخراجات کا بڑھ جانا اور منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر عام ہے۔ 1994ء میں کائیگا جنریٹنگ سٹیشن میں دو ایٹمی ری ایکٹروں کی تعمیر کے دوران ایک حادثہ پیش آ گیا جس کی وجہ سے ان کی لاگت شروع میں قائم کیے گئے اندازے سے چار گنا بڑھ گئی۔

پاکستان کے توانائی کے بحران کی وجہ یہ نہیں کہ نصب کیے گئے پلانٹس کی صلاحیت کم ہے بلکہ اس کی وجہ بدانتظامی ہے۔ 20 گیگاواٹ صلاحیت اصولی طور پر بجلی کی اوسطاً 17 گیگاواٹ طلب پوری کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے لیکن اوسطاً صرف 14.3 گیگاواٹ بجلی پیدا کی جاتی ہے۔ موجودہ صلاحیت کا تقریباً 30 فیصد استعمال ہی نہیں ہوتا ہے۔ الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ یہ حکومت کی نااہلی اور بدانتظامی کا نتیجہ ہے۔

ان میں ایک مسئلہ قرض کا دائرہ (سرکلر ڈیٹ) کا بھی ہے جس کا مطلب ہے کہ متعدد حکومتی اداروں کی جانب سے بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ بجلی پیدا کرنے والے ادارے ایندھن کا تیل درآمد کرنے کی پوزیشن میں نہیں رہتے۔ اس طرح درآمد کیے گئے مہنگے پلانٹ بے کار پڑے رہتے ہیں۔

وکی لیکس کیبلز کے مطابق توانائی کے بارے میں ہونے والی منصوبہ بندی نے پاکستان میں امریکی سفیر این پیٹرسن کو فکرمند کر دیا تھا۔ جون 2008ء میں انہوں نے واشنگٹن کو جو رپورٹ ارسال کی اس میں واضح طور پر لکھا کہ پاکستان میں توانائی کے حوالے سے پالیسی ساز اداروں کی ایک دوسرے سے متضاد پالیسیاں، ملک میں بجلی کا بحران حل ہونے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔

پیٹرسن نے اس بارے میں ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ "حکومت پاکستان کے پالیسی سازوں کے گنجلک اور پیچیدہ معاملات کی وجہ سے صورتحال بہت ابتر ہوئی ہے۔ یہ لوگ پاکستان کی توانائی پالیسی میں ربط پیدا نہیں کر سکے کیونکہ اس پر عملدرآمد کرنے کے ذمہ دار حکام ایک دوسرے کے متضاد کاموں میں مصروف ہیں۔ یہ ایک دوسرے کے کام میں رخنہ بھی ڈالتے ہیں۔ ربط و ضبط کی اور حکام کے واضح لائحہ عمل کی عدم موجودگی کی وجہ سے ان کی کوششوں کی راہ میں رکاوٹیں حائل ہیں جس کے نتیجے میں پاکستان میں توانائی کے جاری بحران کو حل کیا جا سکتا ہے۔"

وہ لکھتی ہیں کہ "بلاشبہ یہ سارا معاملہ چکرا دینے والا ہے۔ پانی و بجلی کی وزارت نے اپریل 19

ماتحت ایجنسیوں کے، وزارت پٹرولیم و قدرتی وسائل کی بھی 18 ماتحت ایجنسیاں ہیں، دیگر چار وزارتوں اور دیگر سات ایجنسیوں کے سب کی سب توانائی پالیسی بنانے اور بجلی کا شعبہ چلانے میں ملوث ہیں۔ پاکستان کے توانائی کے شعبے میں ہونے والی بدانتظامیوں پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ "حکومت میں بجلی کا شعبہ چلانے کی سب سے بڑی اور اہم ایجنسی پانی اور بجلی کی وزارت ہے۔ تاہم وزارت پٹرولیم اور قدرتی وسائل ایندھن کی سپلائی کنٹرول کرتی ہے، وزارت خزانہ اس کے مالی امور چلاتی ہے، پلاننگ کمیشن اس میں سرمایہ کاری کے معاملات کا انتظام کرتا ہے اور نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی ان کمپنیوں کے معاملات کی دیکھ بھال کرتی ہے جو توانائی کے شعبہ میں کام کر رہی ہیں۔"

بجلی کے حوالے سے یہ بدانتظامی طویل لوڈشیڈنگ کا باعث بن رہی ہے اور ملک کے ہر علاقے کو متاثر کر رہی ہے۔ اس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے صنعتی پیداوار بھی شدید طور پر متاثر ہوتی ہے۔ اکثر پورا شعبہ ہی مفلوج ہو کر رہ جاتا ہے۔ سڑکوں پر ہنگامہ آرائی اور احتجاج شروع ہو جاتا ہے۔ اس کے باوجود جیسا کہ پیٹرک سے ریمارکس دیتے ہیں "حقیقت یہ ہے کہ 2000ء کے بعد پاکستان نے قومی گرڈ میں ایک میگاواٹ بجلی کا بھی اضافہ نہیں کیا ہے حالانکہ اس عرصے میں نہ صرف آبادی میں اضافہ ہو چکا ہے بلکہ معیشت کا حجم بھی پہلے کی نسبت بڑھ چکا ہے۔ لیکن ان سارے معاملات کے باوجود اصل مسئلہ بجلی کی پیداوار کا نہیں۔ بلکہ بجلی کی تقسیم اور صارفین کے معاملے لوڈشیڈنگ کی اصل وجہ ہیں۔ اور یہ مسئلہ دن بدن گمبھیر ہوتا جا رہا ہے۔"

بجلی کی تقسیم اور صارفین کے حوالے سے پہلا مسئلہ یہ ہے کہ بجلی کی تقسیم کے نہایت نامناسب انتظام کی وجہ سے 10 فیصد بجلی اس وقت ضائع ہو جاتی ہے جب یہ بجلی تاروں میں سفر کرتی ہے، ٹرانسفارمروں میں سے گزرتی ہے اور جب اسے بجلی کے غلط جوڑوں میں سے گزرنا پڑتا ہے۔ بجلی کا گرڈ اس مسئلے کو اور بھی گمبھیر بنا دیتا ہے کیونکہ یہ بجلی کو صارفین تک موثر طریقے سے تقسیم نہیں کر پاتا۔

دوسرا مسئلہ بجلی چوری کا ہے۔ امیر اور غریب دونوں اس کے یکساں مرتکب ہیں۔ پھر یہ بھی ہے کہ تھوڑی سی رشوت دیں تو بجلی کی ترسیل کی ذمہ دار کمپنیوں کے ملازمین خود آپ کے بجلی کے میٹروں کو درست کر دیں گے یا ان کی ریڈنگ تبدیل کر دیں گے یا پھر ایسے کنڈوں کے ذریعے

آپ کو بجلی فراہم کریں گے جن پر کسی کی نظر نہیں پڑتی۔ اس طرح بجلی پیدا کرنے والوں اور ان کو تقسیم کرنے والوں دونوں کو آمدن سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔ اس مسئلے کا حل "اسمارٹ میٹر" ہو سکتے ہیں جن میں چھیڑ چھاڑ نہیں کی جا سکتی اور دور بیٹھے جن کا جائزہ لیا جا سکتا ہو۔ بجلی کی چوری روک کر چشمہ کے چار ری ایکٹروں سے پیدا ہونے والی بجلی کی مقدار سے زیادہ بجلی بچائی جا سکتی ہے۔

اور آخری بات یہ ہے کہ پاکستان کی فیکٹریوں، دفاتر اور گھروں میں ایسی مشینری اور ایسے آلات استعمال کیے جاتے ہیں جو حد سے زیادہ بجلی ضائع کرتے ہیں۔ بجلی کی بچت اور اس کے ٹھیک استعمال کے کسی پروگرام پر سنجیدگی کے ساتھ عملدرآمد کر کے بجلی کی اتنی بچت کی جا سکتی ہے کہ ہمیں بہت سے اضافی بجلی گھر بنانے کی ضرورت ہی باقی نہیں رہے گی۔

حاصل بحث یہ رہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی اس امر کی ضرورت پر زور دے رہی ہے کہ غیر فوسل ایندھن یعنی توانائی کے متبادلات کی تلاش تیز کی جائے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ایٹمی بجلی کو قابل قبول بنانے کا معاملہ مشکل ہوتا جا رہا ہے کیونکہ یہ تو مستقل رہے گا اور سب سے محفوظ امریکہ اور یورپ کے زیادہ تر حصوں میں اس کو مسائل کا سامنا ہے۔ چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ جب تک اس سلسلے میں کوئی بڑی دریافت نہیں ہوتی جیسے جوہری انشقاق (fission) کے بجائے جوہری ادغام (fusion) کی بنیاد پر کام کرنے والے ری ایکٹر بنیاد نہیں ہوتے اس وقت تک عالمی سطح پر اس کے فروغ پانے کا امکان تاریک نظر آتا ہے۔

ایٹمی ٹیکنالوجی پاکستان کی توانائی کی ضروریات میں کوئی بڑا حصہ تو نہیں ڈال سکی ہے البتہ مختلف وجوہ کی بنا پر یہ خطرناک ضرور ہے۔ جیسے دہشت گردی، تخریب کاری، جنگ، حادثات، بدانتظامی اور قدرتی آفات۔ ایٹمی شعبے کو ٹھکانے لگانے کے بارے میں عوام کی آگہی اور معلومات نہایت محدود ہیں۔ یہ واضح ریگولیٹری طریقہ ہائے کار کو صرف اور صرف حفاظتی حکام یا ادارے ہی کنٹرول کرتے ہیں جبکہ کسی سانحے کی صورت میں حالات کو سنبھالنے کی صلاحیت نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ قابل تصدیق پیشگی اقدامات کے سلسلے میں عوامی بحث بہت کم ہے یا سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک خطرناک ٹیکنالوجی زیادہ خطرناک بن چکی ہے۔ چنانچہ یہی وقت ہے کہ پاکستان میں ایٹمی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافے کی کوششوں کو روک دیا جائے۔

ہر دلعزیز عوامی سوچ کے برعکس پاکستان کے پاور پلانٹ پاکستان کی بم بنانے کی صلاحیت میں بھی کوئی اضافہ نہیں کر رہے ہیں۔ ان کے لیے انشقاقی مواد (fissile material) سینٹری فیوجز (centrifuges) اور خوشاب میں قائم ہونے والے ری ایکٹرز میں تیار کیا جاتا ہے۔

تو سوال یہ ہے کہ اگر ایٹمی بجلی مسئلے کا حل نہیں ہے تو پھر حل کیا ہے؟ اس کا کوئی سیدھا سادہ جواب نہیں ہے جب تک کہ کچھ دہائیوں کے بعد جوہری ادغام کے عمل کے ذریعے بجلی پیدا کرنے کی ٹیکنالوجی پاکستان میں دستیاب نہیں ہو جاتی، دوسرے کئی ملکوں کی طرح پاکستان کو بھی بجلی کی پیداوار کے لیے تیل، گیس، پانی، کوئلے، سورج کی روشنی، ہوا کی طاقت اور دیگر قابل تجدید ذرائع پر انحصار کرنا پڑے گا۔ ہوا سے چلنے والی چکیاں اور سورج سے بجلی بنانے والے پلانٹ لگائے جانے چاہئیں لیکن یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ یہ آنے والے سالوں میں بجلی کی کل پیداوار میں محض چند فیصد کا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ چنانچہ نتیجہ یہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ مزید بجلی پیدا کرنے اور اپنی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے پاکستان کو تھر میں موجود کوئلے کے ذخائر پر انحصار کرنا پڑے گا۔

لیکن یہ سارا کام کوئلے کی کثافت دور کرنے کی ٹیکنالوجی استعمال کر کے کیا جانا چاہیے تاکہ ماحولیات پر پڑنے والے برے اثرات کو کم سے کم رکھا جا سکے یا پھر پاکستان گیس سے چلنے والے بجلی کے پلانٹ لگا سکتا ہے اور انہیں ایران سے درآمد کی گئی قدرتی گیس کا استعمال کر کے چلا سکتا ہے۔ اس کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ امریکہ ہے جو ایران کی تیل اور گیس کی صنعت پر پابندیاں لگوانے کا عزم اور ارادہ کیے ہوئے ہے۔ بہرکیف امریکہ کو اپنے طور پر یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ اہم کیا ہے؟ ایران کے ساتھ مخاصمت یا جوہری تجارت پر کنٹرول کا بین الاقوامی نظام؟

کوئی دوسرا ملک کیا چاہتا ہے اس سے قطع نظر پاکستان کو توانائی کے بارے میں اپنے مفادات کو اولیت دینی چاہیے لیکن مہنگے اور غیر محفوظ راستے اختیار کر کے اسے خود کو خطرے میں بھی نہیں ڈالنا چاہیے۔

حوالہ جات

باب 1

1 Adapted from *The Risks and Consequences of Nuclear War in South Asia* Matthew McKinzie, Zia Mian, A. H. Nayyar and M.V. Ramana, in *Out of The Nuclear Shadow* Smitu Kothari and Zia Mian (eds.), ZedBooks, Rainbow Press & Lokayan, 2001

باب 2

1 Original article: Nuclear Weapons In South Asia. Risks And Their Reduction. R. Rajaraman, a discussion paper for Pugwash Workshop on South Asian Security Geneva, Switzerland, 1-3 November 2000

A detailed and expert study of the dangers of accidental nuclear launches in the U.S.-U.S.S.R.(Russian) context is given by Bruce G. Blair in "The Logic of Accidental Nuclear War" Brookings Institution, Washington D.C. 1993

2 See for instance Harold A. Feiveson and Bruce G. Blair, "How to Lengthen the Nuclear Fuse", IEEE Spectrum, March 2000, pp 40-4

3 Zia Mian and A.H. Nayyar, "No Time to Think" Himal Magazine, Kathmandu, July 1998

4 Harold A. Feiveson and Bruce G. Blair "How to Lengthen the Nuclear Fuse" op.cit, (2000)

5 U.S. Department of Defense in coordination with Department of Energy Narrative Summaries of Accidents Involving U.S. Nuclear Weapons 1950-1980 (Interim), 1981

6 Joya Tenzel and Clever Gray U.S. Nuclear Weapons Accidents, available on the internet at http://www.cdi.org/Issues/NukeAccidents/accidents.htm

7 Sidney Drell and Bob Peurifoy, Technical Issues of a Nuclear Test Ban, Annual Reviews of Nuclear and particle Science, vol 44, 1994, pp. 285-327 (based on U.S. DOD Narrative History)

8 Shaun Gregory. The Hidden Cost of Deterrence: Nuclear Weapons Accidents (London Brassey's, 1990) pp 186-190

9 British Broadcasting Corporation. "Toxic cloud moves along Russian Far Eastern coast after missile fuel leak." June 6, 2000

10 Prakash Bhandari, (Times News Network), Times of India, January 4th, 2003.

11 See, for example Gurmeet Mama, "Improved Prithvi Missile Launched," International Defense Review, August 1992, p. 794 However it has also been suggested that Ghauri may use RP-1 (Kerosene) as fuel. S. Chandrashekar, "The Origins and Antecedents of the Ghauri Missile - An Assessment," Current Science, Vol. 76, No. 3, February 10, 1999 pp. 286-294

12 Some Prithvi subsystems are reportedly now using solid fuels. From the point of view of safety against fire accidents, this is a welcome move.

13 US Arms Control and Disarmament Agency, Fiscal Year 1979 Arms Control Impact Statements, p. 9

14 Thomas B. Cochran and Christopher E. Paine Hydronuclear Testing and The

Comprehensive Test Ban Memorandum to Participants JASON 1994 Summer Study." Natural Resources Defense Council, Washington D.C. 1994, p.35

15 Robert S. Norris and William Arkin, Soviet Nuclear Testing, August 29, 1949-October 24, 1990, The Bulletin of the Atomic Scientists, May/June 1998

16 M. V. Ramana, Bombing Bombay. Effects of Nuclear Weapons and a Case Study of a Hypothetical Explosion (Cambridge International Physicians for the Prevention of Nuclear War, 1999), p.3

17 This class of accidents and its health hazards were discussed in the pioneering work of Steve Fetter and Frank von Hippel, in "The Hazard from Plutonium Dispersal by Nuclear-warhead Accidents," Science and Global Security, Vol. 2, pp. 21-41, 1990).

18 A more recent analysis, with particular reference to South Asia was done by Zia Mian, M.V. Ramana and R. Rajaraman, in Risks and Consequences of Nuclear Weapon Accidents in South Asia, Center for Energy and Environment (Princeton University) report PU/CEES 329 (September 2000). An extract from this work has been published in Current Science vol 81, no 4, 2001, p 235-244

19 Health Risks of Radon and Other Internally Deposited Alpha-Emitters: BEIR IV (Washington, D.C. National Academy Press 1988) p. 27 The International Committee on Radiological Protection (ICRP) also asserts that there are no adequate grounds for assuming a real threshold" and uses a simple proportional relationship at low doses. See the 1990 Recommendations of the International Committee on Radiological Protection. ICRP Publication 60, (New York: Pergamon Press, 1991) pp. 8

20 See Zia Mian, Ramana and Rajaraman, op cit

See for instance Harold A. Feiveson and Bruce G. Blair (2000), op cit and B.G.Blair, H.A. Feiveson and F.von Hippel The Washington Post November 23, 1997

22 A detailed description of PAL devices is given in Bruce G. Blair, "The Logic of Accidental Nuclear War" Brookings Institution Washington D.C. 1993)

23 Manoj Joshi in the Times of India, Delhi Edition 4th November 2001

باب 3

1 Original article: Nuclear Civil Defense in South Asia. Is it Feasible? R. Rajaraman, Z. Mian and A.H. Nayyar, Economic and Political Weekly, Mumbai, November 20, 2004

The Effects of Nuclear War, Office of Technology Assessment, Congress of the US. Washington, DC 1979, p 36

2 A.K Das "N-Attack: Ducking For Cover is Better than Being a Sitting Duck" The Times of India, November 25 1999

3 K.R Sreenivas, 'Government Discusses Civil Defence Steps' The Times of India, June 6, 2002

4 'Special Courses for Officials on Cards' Pakistan Newswire, July 13, 2002; 'Teachers to Get Civil Defence Training' Business Recorder, December 25 1998

5 We do not examine here nuclear attacks on targets far from population centers; in such cases the civilian casualties would be comparatively smaller. Nor do we look at measures for the protection of small groups of self-selected political and military leaders in case of nuclear attack

6 The Effects of Nuclear War Office of Technology Assessment Congress of the US, Washington, DC 1979 P.T.Egorov A.Shlyakov and N. Alabin, Civil Defence Moscow

1970) edited and translated into English by Kailer, Kearny and C. Chester, Oak Ridge National Laboratories, U.S. ORNL-TR-2793, 1973; Barbara Levi, Frank von Hippel, William Daugherty and David Thickens, "Consequences of 'Limited' Attacks on the USA", Princeton University/CEES Report no 21, 1987; Sidney Drell and Frank von Hippel, 'Limited Nuclear War', Scientific American, November 1976

7 Robin Clarke, ed, London under Attack, The Report of the Greater London Area War Risk Study Commission (GLAWARS), Blackwell, London, 1986, p48

8 India's Nuclear Forces, 2002, Bulletin of the Atomic Scientists, http://www.thebulletin.org/issues/nukenotes/nukenote.html

9 Samuel Glasstone and Philip Dolan, The Effects of Nuclear Weapons, 3rd edition, US Department of Defense and Energy Research and Development Administration, Washington, DC, 1977; Hiroshima and Nagasaki: The Physical, Medical, and Social Effects of the Atomic Bombings, The Committee for the Compilation of Materials on Damage Caused by the Atomic Bombs in Hiroshima and Nagasaki, Basic Books, New York, 1981

10 M V Ramana, Bombing Bombay: Effects of Nuclear Weapons and a Case Study of a Hypothetical Explosion, International Physicians for the Prevention of Nuclear War, Cambridge, 1999

This phenomena has been consistently omitted in many nuclear weapons damage effects studies. Lynn Eden, Whole World on Fire: Organizations, Knowledge and Nuclear Weapons Devastation, Cornell University Press, Ithaca, 2004

12 Detailed analysis of how much pressure is produced for weapons of a given yield (damage) as a function of distance from the centre are given in the classic text Effects of Nuclear Weapons, pp 1-15

